ملفوظات
حضرت مرزا غلام احمد قادیانی
مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

جلد ۶

ملفوظات

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی
مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

جلد ۶

دیباچہ

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بابرکت تصانیف اس سے قبل رُوحانی خزائن کے نام سے ایک سیٹ کی صورت میں طبع ہو چکی ہیں لیکن ایک عرصہ سے نایاب ہونے کی وجہ سے اس بات کی شدت سے ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ اس رُوحانی مائدہ کو دوبارہ شائع کر کے تشنہ روحوں کی سیرابی کا سامان کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ کا بیحد احسان ہے کہ اسکی دی ہوئی توفیق سے خلافت رابعہ کے بابرکت دور میں اب ان کتب کو دوبارہ سیٹ کی صورت میں شائع کیا جارہا ہے۔ یہ کتب اکثر چونکہ اُردو زبان میں ہیں اور اُردو دان طبقہ کی اکثریت پاکستان میں ہے اس لئے مناسب تو یہ تھا کہ ان کتب کی اشاعت بھی پاکستان میں ہوتی۔ لیکن ناگزیر مشکلات کی وجہ سے مجبوراً بیرون پاکستان سے ہی ان کی اشاعت کا فیصلہ کرنا پڑا۔

اس ایڈیشن کے سلسلہ میں چند امور قابل ذکر ہیں۔

ا۔ قرآنی آیات کے حوالے موجودہ طرز پر (نام سورۃ : نمبر آیت) نیچے حاشیہ میں دیئے گئے ہیں۔

ب۔ سابقہ ایڈیشن سے محض کتابت کی غلطیوں کی تصحیح کی گئی ہے۔

ج۔ ہاتھ سے لکھی ہوئی انگریزی عبارات کو صاف TYPE میں پیش کیا گیا ہے۔

خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ سعید روحوں کو ان رُوحانی خزائن کے ذریعہ راہِ ہدایت نصیب فرمائے اور ہماری حقیر کوششوں کو قبولیت بخشے۔ آمین

خاکسار

الناشر

۲۰ نومبر ۱۹۸۴ء

مبارک احمد ساقی ایڈیشنل ناظر اشاعت

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ملفوظاتِ طیبہ کی یہ چھٹی جلد ہے جو یکم جون ۱۹۰۳ء سے لیکر آخر اپریل ۱۹۰۴ء کے ملفوظات طیبہ پر مشتمل ہے۔ جلد پنجم اور اس جلد کی ترتیب و تدوین میری اصولی ہدایات کے مطابق مکرم مولانا محمد اسمٰعیل صاحب دیالگڑھی کی مساعی کی رہین منت ہے۔ جزاہ اللہ خیراً

اس روحانی مائدہ کے لیے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے مامور و مرسل حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ ہمارے لئے تیار کیا ہم جتنا بھی اس کا شکریہ ادا کریں وہ کم ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے جو انبیاء آئے اُن کی تعلیم میں بگاڑ اور اُن کی قوموں کے جلدی گمراہ ہونے کی وجہ یہ تھی کہ اُن کے زمانہ میں پریس وغیرہ نہ تھا کہ اُن کی تعلیمیں چھپ کر مخالف و موافق کے پاس پہنچ کر یقینی طور پر محفوظ ہو جاتیں۔ ابدی حفاظت کا وعدہ صرف قرآن مجید کے لئے تھا اور اس کی برکت سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متبعین کے ذریعہ ایک حد تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اعمال اور آپ کے اقوال اور آپ کی سیرت بھی محفوظ ہو گئے۔ آپ کے بعد یہ فخر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بخشا گیا کہ آپ کے زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے پریس کے ذریعہ آپ کی تحریرات اور آپ کے ملفوظات کو ہمیشہ کے لئے محفوظ کر دیا۔ جنہیں اب دنیا کی کوئی طاقت نابود نہیں کر سکتی پس یہ نہ صرف ہم پر بلکہ تمام دنیا پر اللہ تعالیٰ کا ایک خاص احسان ہے اور ہمیں چاہیئے کہ ہم فعلاً اس احسان عظیم کی قدر کریں اور جہاں تک ممکن ہو آپ کی تحریرات اور ملفوظاتِ طیبہ کی دنیا میں اشاعت کریں۔

"ملفوظات" کی اس جلد میں نہایت اہم مسائل کا تذکرہ پایا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے مقدس مسیحؑ نے اپنی جماعت کو مختلف پیرایوں میں وہ باتیں ذہن نشین کرانے کی کوشش فرمائی ہے جن پر اُن کی کامیابی کا مدار ہے۔ حضرت اقدس علیہ السلام سلسلہ کے عقائد اور اعمال صالحہ میں تعلق کا اس رنگ میں اظہار فرماتے ہیں:۔

"عقائد کی مثال ایک باغ کی ہے۔ جس کے بہت عمدہ پھل پھول ہوں۔ اور اعمال صالحہ وہ مصفّا پانی ہے جس کے ذریعہ اس باغ کا قیام اور نشوونما ہے۔" (صفحہ ۲۶۵)

اور قرآن مجید و حدیث کا مرتبہ جس کے متعلق اہل قرآن اور اہل حدیث میں سخت اختلاف پایا جاتا ہے یہ بیان فرماتے ہیں کہ ہمارا مذہب یہ ہے۔

"سب سے مقدم قرآن ہے اس کے بعد سنّت اس کے بعد حدیث۔"

"ضعیف سے ضعیف حدیث بھی بشرطیکہ وہ قرآن کے معارض نہ ہو اس پر عمل کرنا چاہیئے اور جو حدیث باوجود تاویلات کے بھی قرآن شریف سے مطابقت نہ کھائے تو پھر قرآن کو مقدم رکھ کر اُسے ترک کر دیا جائے۔" (ص ۱۲۸)

دُعا کی طرف بار بار توجہ دلاتے ہیں اور فرماتے ہیں "حصول فضل کا اقرب طریق دُعا ہے اور دُعائے کامل کے یہ لوازمات ہیں سے ہے کہ اُس میں رقّت ہو۔ اضطراب اور گدازش ہو اور دُعا پر استقلال اور دوام ہو۔ اگر دُعا میں خشوع و خضوع نہ ہو تو اُس کے حصول کے لئے بھی دُعا کی جائے اور جب دُعا میں رقّت پیدا ہو جائے تو وہی قبولیت کا وقت ہوتا ہے۔" ص ۹۳-۹۲

تدبیر اور تقدیر کا حل یوں بیان فرماتے ہیں:-

"ہماری شریعت میں طلب اسباب حرام نہیں البتہ اُن پر بھروسہ اور توکل ضرور حرام ہے۔" ص ۲۱۷

"رعایت اسباب انبیاء کی قدیم سنت ہے۔" ص ۴۳۳

نماز کی اہمیت دلکش انداز میں ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:-

"نماز خواہ مخواہ کا ٹیکس نہیں ہے بلکہ عبودیت کو ربوبیت سے ایک ابدی تعلق اور کشش ہے اور اس رشتہ کو قائم رکھنے کیلئے خدا تعالیٰ نے نماز بنائی ہے اور اسمیں ایک لذت رکھدی ہے جس سے یہ تعلق قائم رہتا ہے۔" ص ۳۷۱

پھر اپنے دوستوں سے خطاب کرتے ہوئے درازیٔ عمر کا یہ نسخہ بتاتے ہیں:-

"انسان اگر چاہتا ہے کہ اپنی عمر بڑھائے اور لمبی عمر پائے تو اس کو چاہیئے کہ جہاں تک ہو سکے خالص دین کے واسطے اپنی عمر کو وقف کرے۔" ص ۳۲۹

الغرض روحانی غذا کے طالبوں کے لئے ان ملفوظات میں انواع و اقسام کی غذا موجود ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان ملفوظاتِ طیبہ کو بہتوں کی ہدایت اور روحانی ترقیات کا موجب بنائے۔ آمین

اب ہم ذیل میں اس جلد کا انڈکس بصورت خلاصہ مضامین درج کرتے ہیں جو مولوی عبد اللطیف صاحب بہاولپوری نے میری ہدایت کے ماتحت تیار کیا ہے۔ جزاہ اللہ خیراً

خاکسار
جلال الدین شمس

ربوہ ۸ ر نومبر ۱۹۶۳ء

انڈیکس مضامین

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

انڈکس "ملفوظات" حضرت مسیح موعود علیہ السلام

(مرتبہ مولوی عبداللطیف صاحب بہاولپوری)

الف

اللہ تعالیٰ

آدم

آریہ

آگ

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے آگ میں ڈالے جانے کے استفسار پر حضرت اقدسؑ کا ارشاد کہ "ہم دعویٰ کرتے ہیں کہ اگر دنیا کی کوئی قوم ہمیں آگ میں ڈالے یا کسی اور خطرناک عذاب میں مبتلا کرنا چاہے تو خدا تعالیٰ اپنے وعدہ کے موافق ضرور ہمیں محفوظ رکھے گا۔ اس لئے خدا تعالیٰ نے اول ہی سے الہام کر دیا ہوا ہے کہ آگ سے ہمیں مت ڈراؤ آگ ہماری غلام بلکہ غلاموں کی غلام ہے۔" ص ۲۰۹-۲۱۰

آیات قرآنیہ

۱ - ادعونی استجب لکم ص ۳ - ۶۲ - ۶۵
ص ۱۵۶ - ۲۲۷ - ۲۳۴ - ۳۳۹ - ۳۸۴ - ۳۸۷

۲ - فلا تزکوا انفسکم - ص ۴

۳ - من قتل نفسًا بغیر نفسٍ او فساد فی الارض الخ ص ۱۱

۴ - ولا تلقوا ایدیکم الی التہلکۃ - ص ۱۲

۵ - قد افلح من زکّٰہا - ص ۱۵

۶ - ان صلوٰتی ونسکی ومحیای ومماتی للّٰہ رب العٰلمین - ص ۱۶

۷ - احسب الناس ان یترکوا ان یقولوا اٰمنا وھم لایفتنون ص ۱۷، ۹۹، ۲۵۳

۸ - ابراھیم الذی وفّٰی ص ۱۸ و ۱۷۷، ۲۳۴ و ص ۳۰۳، ۳۳۲، ۴۳۵ -

۹ - ان الشرک لظلم عظیم ص ۱۸

۱۰ - ان اللّٰہ لا یغفر ان یشرک بہ ص ۲

۱۱ - اذا النفوس زوّجت ص ۲۳

۱۲ - اذا العشار عطّلت ص ۲۴

۱۳ - قل اعوذ بربّ الفلق ص ۲

۱۴ - الحمد للّٰہ رب العٰلمین - الرحمٰن الرحیم - ص ۲۵

۱۵ ایاک نعبد وایاک نستعین - ص ۶۱، ۲۱۹ و ص ۲۶۸ و ۳۳۸

۱۶ - اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم ص ۸۰ و ۱۳۱

۱۷ - غیر المغضوب علیھم ولا الضالین ص ۱۲۲، ۱۶۵

۱۸ - ان اللّٰہ لا یضیع اجر المحسنین ص ۲۶

۱۹ - ومن یعمل مثقال ذرّۃ خیرا یرہ - ومن یعمل مثقال ذرّۃ شرا یرہ ص ۲۶

۲۰ - یاایھا الذین اٰمنوا لم تقولون مالا تفعلون کبر مقتًا عند اللّٰہ ان تقولوا مالا تفعلون - ص ۲۸ و ۱۳۶، ۳۶۹

۲۱ - یانار کونی بردًا وسلامًا علٰی ابراھیم ص ۲۸

۲۲ اقیموا الصلوٰۃ ص ۲

۲۳ - واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ ص ۲۹

۲۴ - انی جاعل فی الارض خلیفۃ ص ۲

۲۵ - والجانّ خلقنٰہ من قبل من نار السموم ص ۲۹

۲۶ - لن تنالوا البرّ حتّٰی تنفقوا مما تحبّون ص ۴۰-۴۲۲

۲۷ - وعد اللّٰہ الذین اٰمنوا منکم وعملوا الصّٰلحٰت لیستخلفنّھم فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم - ص ۴۳ و ۱۵۶، ۲۹۹

۲۸ - من یتوکل علی اللّٰہ فھو حسبہ ص ۴۵-۶۳

ابتلاء

الہامات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

(عربی الہامات)

(اردو، فارسی، انگریزی زبان میں)

امتِ مرحومہ

امر

امراء

انتقام

انگریز

ایمان

ایوب ؑ

ب

بادشاہ

بجلی

بدعات

بدی - بداخلاقی

برکات

بروز

بعث

بیاضیہ

بیعت

پ

پردہ

پیدائش

پیشگوئیاں

ت

تبرکات

١- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ایک موقعہ پر سر منڈوایا تو سر کے بال صحابہؓ میں بانٹ دیئے۔ ص ۳۷

٢- خالد بن ولید کی پگڑی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک بندھے ہوتے۔ جب آپ جنگوں میں جاتے تو ان کو آگے کی طرف لٹکا لیتے۔ ص ۳۷

٣- ایک دفعہ ایک عورت نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پسینہ جمع کیا۔ ص ۳۷

٤- بعض اوقات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جبہ شریف دھو کر مریضوں کو پلاتے تھے۔ ص ۳۷

٥- حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو الہام ہوا۔ کہ "بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔" ص ۳۷

تبلیغ

تبلیغ کی اہمیت:- اگرچہ (ہم نے) اپنے فرض کا ایک حصہ بذریعہ تحریروں کے پورا کر دیا ہے۔ مگر تاہم ایک بڑا ضروری حصہ باقی ہے کہ عوام الناس کے کانوں تک ایک دفعہ خدا تعالیٰ کے پیغام کو پہنچا دیا جاوے۔ اس لئے بڑے بڑے شہروں میں جا کر بذریعہ تقریر لوگوں پر اتمام حجت کی جاوے۔ ص ۳۱۳

تجلیاتِ الٰہیہ

١- اس وقت اللہ تعالیٰ کے اسم ستّار کی تجلی ہے۔ قیامت کے دن پردہ دری کی تجلی ہوگی۔ آج جو بڑے بڑے متقی نظر آتے ہیں قیامت کے دن وہ بڑے فاسق نظر آئیں گے۔ ص ۴۲۵

٢- بعض زمانہ میں اللہ تعالیٰ کے اسم ضالّ کی تجلی ہوتی ہے اور بعض میں اسم ہادی کی۔ اسم ضالّ کی تجلی کا زمانہ گذر چکا اور اب اسم ہادی کی تجلی کا وقت آیا ہے۔ ص ۸۴

٣- ہماری خواہش ہے کہ الٰہی تجلیات ظاہر ہوں۔ جیسا کہ موسیٰؑ نے ادنی کہا تھا۔ ص ۴۳۴

تخت

رؤیا میں دیکھا کہ حضورؑ ایک بڑے تخت پر بیٹھے ہوئے ہیں جو ہندوؤں کے درمیان بچھایا ہوا ہے۔ ص ۱۵۸

تدبیر

١- گناہ و غفلت سے پرہیز اور تزکیہ نفس کیلئے تدبیر اور دعا دونوں کی ضرورت ہے۔ ص ۲۱۸ و ۲۳۸ و ص ۲۶۸ و ۳۳۴

٢- تدابیر انسان کو ظاہری گناہ سے بچاتی ہیں لیکن ایک کشش جو قلب میں باقی رہ جاتی ہے اور دل ان مکروہات کی طرف ڈانواں ڈول ہوتا رہتا ہے۔ ان سے نجات پانے کے لیے دعا کام آتی ہے جس سے خدا تعالیٰ قلب پر ایک سکینت نازل فرماتا ہے۔ ص ۳۳۶

٣- تدبیر کی تعریف:- خدا تعالیٰ کے احکام کے موافق ہر ایک سبب اور ذریعہ کی تلاش کا نام تدبیر ہے۔ ص ۳۳۴

٤- جو لوگ تدابیر کے سلسلہ کو بالکل باطل ٹھہراتے ہیں ان میں ایک زہریلا مادہ ہوتا ہے۔ ص ۳۸۹

٥- تدبیر اور توکل دونوں ساتھ رہیں۔ ایک طر

تدابیر کی رعایت ہو - دوسری طرف توکل بھی
پورا ہو - ص ۳۸۹

تذکرۃ الشہادتین

جماعت کو چاہیئے کہ اس کتاب کو بار بار پڑھیں
اور دعا کریں کہ ایسا ہی ایمان حاصل ہو - ص ۲۲۳-۲۵۵

ترجمۃ القرآن

۱- میرا ارادہ ہے کہ ایک ترجمہ قرآن شریف ہمارے
سلسلہ کی طرف سے نکلے - ص ۱۶۵

۲ - صرف قرآن کا ترجمہ مفید نہیں جب تک اس کے
ساتھ تفسیر نہ ہو - ص ۱۶۵

تزکیہ نفس

۱ - تزکیہ نفس خود بخود نہیں ہو سکتا - اور اس کا علاج
بلا انبیاء علیہم السلام نہیں ہو سکتا - ص ۱۳۹

۲ - یہ ایک قسم کی موت ہے جو انسان کو اپنے نفس پر
وارد کرنی پڑتی ہے ص ۱۳۹

۳- صادقین کی معیت کی توفیق ملنے پر صیقل تعشق الٰہی
سے زنگار آئینہ دل محو ہو کر تزکیہ نفس اور
تطہیر قلب نصیب ہوتا ہے - ص ۱۸۴

۴ - کوئی شخص پاک نہیں ہو سکتا جب تک خدا
اسے پاک نہ کرے - ص ۳۶۹

۵ - تزکیہ نفس کی ترکیب ص ۳۶۸

۶ - جو لوگ تطہیر و تنویر قلوب کی منزلیں طے کر
لیتے ہیں - اللہ تعالیٰ ان کو اپنی خاص نعمتوں سے
متمتع فرماتا ہے :-

(الف) محبت و ذوق الٰہی ان کی غذا ہو جاتی ہے -

(ب) مکالمہ الٰہی - وحی - الہام و کشوف وغیرہ
انعامات الٰہیہ سے مشرف کئے جاتے ہیں -

(ج) درگاہ رب العزۃ سے طمانیت و سکینت
ان پر اترتی ہے -

(د) حزن و مایوسی ان کے نزدیک تک نہیں پھٹکتی -

(ہ) ہر وقت جذبۂ محبت و ولولۂ عشق الٰہی میں
سرشار رہتے ہیں - ص ۱۸۷

تصویر

دینی ضرورت کیلئے تصویر کھچوانا جائز ہے ص ۱۳۵

تعدد ازواج

۱- کثرت ازدواج کے متعلق حضور اقدس علیہ السلام
کی خواہش :- "میرا تو یہی جی چاہتا ہے کہ میری
جماعت کے لوگ کثرت ازدواج کریں - اور
کثرت اولاد سے جماعت کو بڑھاویں - مگر شرط
یہ ہے کہ پہلی بیویوں کے ساتھ دوسری بیوی
کی نسبت زیادہ اچھا سلوک کریں تاکہ اُسے
تکلیف نہ ہو - ص ۱۴۰

۲ - دوسری بیوی کو علیحدہ مکان میں رکھا جاوے - جو کچھ
زوجہ اول کو دیں وہی دوسری کو بھی دیں - اُسے
زوجہ اول کا دست نگر کر کے نہ رکھا جاوے - ص ۲۰

۳ - ہم اپنی جماعت کو کثرت ازدواج کی نصیحت
بدنظری اور بدکاری سے بچنے کیلئے کی ہے - ص ۲۳۲

تعلیم

۱- اچھی تعلیم اثر اندازی کے لئے پاکیزگی کو چاہتی
ہے - ص ۲۰۰

تعویذ

تفسیر

۱۴ - تقویٰ کا مرحلہ بڑا مشکل ہے۔ اسے وہی طے کر سکتا ہے جو بالکل خدا تعالیٰ کی مرضی پر چلے۔ ص ۲۲۷

۱۵ - جب تک تقویٰ نہ ہو گا اولیاء الرحمٰن میں ہرگز داخل نہ ہو گا۔ ص ۲۲۷

۱۶ - قرآن شریف کی عروسی اس وقت پردہ اٹھاتی ہے جب اندرونی غبار دور ہو جاتا ہے ص ۲۲۷

۱۷ - کوئی پاک نہیں بن سکتا جب تک خدا نہ بناوے۔ جب خدا تعالیٰ کے دروازہ پر تذلل اور عجز سے انسان کی روح گریگی تب وہ متقی بنے گا۔ اور خدا تعالیٰ اس کی دعا قبول کرے گا۔ ص ۲۲۸

۱۸ - تقویٰ کے لئے ایک ایسے انسان کے پیدا ہونے کی ضرورت ہے جو صاحب کشش ہو اور بذریعہ دعا کے وہ نفسوں کو پاک کرے۔ ص ۴۲۱

تکبر

۱ - جس کے اخلاق اچھے نہیں اس میں تکبر کی ایک جڑ ہے۔ ص ۳۶۷

۲ - تکبر کئی قسم کا ہوتا ہے اس کے مختلف چشمے ہیں ص ۴۰۱

۳ - اخلاق رذیلہ ایک قسم کے جن ہیں جو نکلتے رہتے ہیں۔ مگر سب سے آخری جن تکبر کا ہوتا ہے جو مجاہدہ اور دعاؤں سے نکلتا ہے ص ۴۰۲

۴ - تکبر کی ذرا سی بات سے ستر برس کے عمل ضائع ہو جاتے ہیں۔ ص ۵۷

تمباکو

تمباکو کو ہم مکروہ جانتے ہیں۔ اگر یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں ہوتا تو آپؐ اسے منع فرماتے۔ ص ۵۱

تناسخ

تناسخ کی اصل جس سے لوگ ٹھوکر کھا کر عقیدہ تناسخ کے قائل ہو گئے۔ ص ۳۱۵

توبہ

۱ - توبہ ایک موت ہے۔ ص ۱۳۳

۲ - یہ نفس کی قربانی ہے۔ قرآن شریف کا منشا ہے کہ نفس کی قربانی پیش کی جاوے۔ ص ۱۵۷-۱۵۸

۳ - توبہ کے ساتھ ہی انسان کے اندر پاکیزگی کا بیج بویا جاتا ہے جو اس کو نیکیوں کا وارث بنا دیتا ہے ص ۱۴۳

۴ - توبہ وہ بریت ہے جو فرد قرارداد جرم کے بعد حاصل ہوتی ہے۔ ص ۱۴۴

۵ - مومن جب توبہ کر کے نفس کو پاک و صاف کرتا ہے تو خدا تعالیٰ اسے ہر طرح سے محفوظ رکھتا ہے ص ۸

۶ - سچی توبہ کرنے والا معصوم کے رنگ میں ہوتا ہے۔ ص ۳۷۵

توجہ

۱ - توجہ میں ایک قوتِ تدبیہ اور تاثیر ہوتی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار میں سے ایک حصہ توجہ کا بھی ہے اس سے قسی القلب لوگ کھچے چلے آتے تھے۔ ص ۹

۲ - توجہ اور دعا سے لوگ مستفید ہوتے ہیں۔ انسان کے اندر جو زہریلا مواد ہوتا ہے اس کے ازالہ کیلئے

جمع کئے گئے۔ ص ۳۸

۲۔ ہر ایک کمزور بھائی کو بھی چندہ میں شامل کرو ص ۴۱

۳۔ وہ آدمی جو تھوڑا تھوڑا چندہ دے مگر باقاعدہ۔ اُس سے بہتر ہے جو زیادہ دے مگر گاہے گاہے ص ۴۱-۴۲

۴۔ ہماری جماعت کا ہر ایک شخص چندہ دینے کا عہد کرے۔ اگر کوئی معاہدہ نہیں کرتا تو اُسے خارج کرنا چاہیئے۔ وہ منافق ہے۔ ص ۴۱-۴۲

ح

حدیث

۱۔ ضعیف سے ضعیف حدیث پر بھی عمل کرنا چاہیئے۔ بشرطیکہ وہ قرآن کے معارض نہ ہو۔ ص ۱۲۵ و ۱۵۶

۲۔ اگر کوئی حدیث باوجود تاویلات کے بھی قرآن شریف سے مطابق نہ کھاوے تو اسے ترک کر دیا جاوے ص ۱۲۸

۳۔ صحابہ کرامؓ احادیث کو قرآن شریف سے کم درجہ پر مانتے تھے۔ ص ۲۹۷

۴۔ قرآن کو چھوڑ کر احادیث پر انحصار کرنے کی مثال ایسی ہے جیسے انسان کے سر کو کاٹ دیا جاوے اور صرف بال ہاتھ میں رکھ لئے جاویں۔ ص ۱۵۵-۱۵۶

(ارشاداتِ نبویہؐ)

۱۔ من حسن الاسلام ترک مالایعنیہ ص ۲۹

۲۔ اھل الجنۃ بھا ص ۳۲

۳۔ انھم قوم لایشقی جلیسھم ص ۲۲۹

۴۔ من کان للہ کان اللہ لہ ص ۳۷۳

۵۔ لیسوا منی ولست منھم ص ۲۱۸

۶۔ بخاری کی ایک حدیث میں ہے کہ خدا تعالیٰ ہمیشہ سے خالق ہے۔ ص ۲۹-۳۰

۷۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ اگر کوئی میرے پیچھے ایک مرتبہ نماز پڑھ لیوے تو وہ بخشا جاتا ہے۔ ص ۶۶

۸۔ جب انسان دنیا میں ایمان سلامت لے جانے کے لئے روتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کے اوپر دوزخ کی آگ حرام کر دیتا ہے۔ ص ۶۶

۹۔ (حدیث) آنے والا مسیح دوسروں کے پیچھے نماز پڑھے گا۔ ص ۱۵۹

۱۰۔ (حدیث) مسیح موعود کے زمانہ میں عیسائیوں کے ساتھ کوئی شخص مقابلہ نہ کر سکیگا مگر مسیح موعود دُعاؤں سے مقابلہ کریگا۔ ص ۱۰۹

۱۱۔ احادیث میں جو متعدی امراض کے ایک دوسرے سے لگ جانے کی نفی ہے اس کے یہی معنے ہیں کہ سوائے اذنِ الٰہی کے کچھ نہیں ہوتا۔ ص ۲۲۳

حسنِ ظن

حسنِ ظن اگرچہ عمدہ شئے ہے مگر افراط تک پہنچانا غلطی ہے۔ ص ۲۲۴

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ

۱۔ امام حسینؓ کے اصل مقام اور درجہ کا جتنا مجھ کو علم ہے۔ دوسرے کو نہیں۔ دوسرے لوگ خواہ اُن کو سجدہ کریں مگر وہ اُن کے مقام و مرتبہ سے محض ناواقف ہیں۔ ص ۲۸۲

حقوق العباد

حنین

حوّا

خ

خالدؓ

خداشناسی

خدائی مُہر

خدمت کا آخری موقعہ

خضر

خَلق

خُلق۔ اخلاق

خواب

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی خوابیں

خوارق

۱۵ - حضرت عیسیٰؑ کے لئے جو قضاء بد مقدر تھی۔ وہ قبل از وقت آپ کو دکھائی گئی تھی - آپ نے دعا کی اور دعا قبول ہوئی - اللہ تعالیٰ نے اس مقدر قضاء کو غشی کے ساتھ بدل دیا اور آپ صلیب پر سے زندہ اتر آئے۔ ص ۹۴-۹۵

۱۶ - دعا اصل میں ایک موت ہے پس چاہیئے کہ انسان سوز و گداز میں اپنی حالت موت تک پہنچا دے تب دعا قبولیت کے درجہ تک پہنچتی ہے ص ۲۲۷ و ص ۲۰۶

۱۷ - جب انسان خدا تعالیٰ کی طرف صدق و وفا سے قدم نہیں اٹھاتا - اس کی دعا کھلے طور پر قبول نہیں ہوتی - اور کوئی نہ کوئی حصّہ تاریکی کا اُسے لگا ہی رہتا ہے - ص ۲۲۹-۲۳۰

۱۸ - بعض لوگ جو آداب دعا سے ناواقف ہوتے ہیں۔ دعا کے اثر اور نتیجہ کے لئے بہت جلدی کرتے ہیں۔ اور آخر تھک کر رہ جاتے ہیں - اس لئے دعا کے فیوض اور ثمرات سے بے بہرہ رہتے ہیں - ص ۲۶۹-۲۷۰

۱۹ - تدابیر انسان کو ظاہری گناہ سے بچاتی ہیں - لیکن ایک کشش قلب میں باقی رہ جاتی ہے اور دل اُن مکروہات کی طرف ڈانواں ڈول ہوتا رہتا ہے - اُن سے نجات پانے کے لئے دعا کام آتی ہے - اس سے خدا تعالیٰ قلب پر ایک سکینت نازل کرتا ہے - ص ۳۲۶

۲۰ - خدا کی شناخت کے لئے سب سے بڑھ کر دعا اھدنا الصراط المستقیم ہے۔ ص ۳۶۸-۳۸۶

۲۱ - جب تک اتنی دعا نہ کرے کہ مر جاوے تب تک سچا تقویٰ حاصل نہیں ہوتا - ص ۳۶۹

۲۲ - ایک دن اور رات جس کی دعا سے خالی ہوا وہ شیطان سے قریب ہوا - ص ۳۷۰

۲۳ - نماز ایک دعا ہے جس کو نماز میں دعا نصیب نہیں اس کی نماز ہی نہیں - ص ۳۷۰

۲۴ - مسنون ادعیہ اور اذکار کے بعد اپنی زبان میں بھی دعا کیا کرو - ص ۱۴۶

۲۵ - اصل دعائیں اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے واسطے کرنی چاہئیں - باقی دعائیں طفیلی ہیں وہ خود بخود قبول ہو جائیں گی - ص ۳۸۵

۲۶ - جسقدر محنت اور دعا دنیوی امور کیلئے ہوتی ہے خدا تعالیٰ کے لئے اس قدر بالکل نہیں ہوتی - ص ۲۲۷

۲۷ - دعا ہر مشکل کو آسان کر دیتی ہے - ص ۴۰۲

۲۸ - انبیاء جب وعظ اور تبلیغ سے تھک جاتے ہیں تو پھر دعا کی طرف توجہ کرتے ہیں تاکہ توجہ باطنی سے فتنہ کو پاش پاش کیا جاوے - ص ۳۲۳

۲۹ - دعا میں بعض اوقات انشراح صدر نہ ہونے کی حکمت - ص ۴۲۲

۳۰ - دعا کے ذریعہ مغفرت ہے - دعا نہ کرنے سے اوّل دل پہ زنگ چڑھتا ہے - پھر قساوت پیدا ہوتی ہے - پھر خدا سے اجنبیت - پھر عداوت - آخر نتیجہ سلب ایمان ہوتا ہے - ص ۴۲۳

۳۱ - وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں - ص ۱۳۵

۳۱ - رب کل شئی خادمک رب فاحفظنی وانصرنی وارحمنی کی دُعا اسمِ اعظم ہے۔ ص ۱۳۵

۳۲ - انبیاء علیہم السلام کا یہی طرز رہا ہے کہ جب دلائل اور حجج کام نہیں دیتے تو ان کا آخری حربہ دُعا ہوتی ہے۔ ص ۳۲۳

۳۳ - ہماری آخری فتح دُعا سے ہوگی۔ ص ۳۲۳

۳۴ - قرآن مجید میں اشارہ ہے کہ آخری زمانہ میں شیطان کی ذرّیت بہت جمع ہو جائیگی مگر مسیح موعود کی دُعائیں اس کو ہلاک کر دیں گی۔ ص ۳۲۴

۳۵ - کسرِ صلیب جانکاہ دعاؤں پر موقوف ہے۔ ص ۳۲۶

۳۶ - جیسے پہلے مسیح کی دُعا سُنی گئی ہماری بھی سُنی جاوے گی۔ مگر ہماری دُعا اور مسیح کی دُعا میں فرق ہے۔ اس کی دُعا اپنی موت سے بچنے کے لئے تھی اور ہماری دُعا دنیا کو موت سے بچانے کے لئے ہے۔ ص ۳۲۷ - ۳۲۸

۳۷ - حدیثوں میں آیا ہے کہ جب کسی کو دجّال کے مقابلہ کی طاقت نہ رہے گی اور ہر جگہ اس کا تسلّط ہوگا۔ تو آخر کار مسیح دُعا کرے گا اور اس دُعا سے وہ ہلاک ہوگا۔ ص ۳۲۸

۳۸ - نجات کے متعلق آریوں کی دُعا قابلِ ترمیم ہے۔ ص ۸۲

دُکھ

دُکھ کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جس میں تسلّی دی جاتی اور صبر کی توفیق ملتی ہے۔ فرشتے سکینت کے ساتھ اُترتے ہیں۔ اس قسم کے دُکھ نبیوں اور راستبازوں کو بھی ملتے ہیں۔ اور وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے بطور ابتلاء آتے ہیں اس کا انجام راحت ہوتا ہے۔ دوسری قسم دُکھ کی وہ ہے جس میں صبر و ثبات کھو یا جاتا ہے۔ یہ شامتِ اعمال کا نتیجہ ہوتا ہے۔ اس قسم کے دُکھوں سے بچنے کا یہ علاج ہے کہ بندہ خدا تعالیٰ سے ڈرتا رہے۔ ص ۳۹۳

دل

۱ - برکات اور فیوض الٰہی کے حصول کے لئے دل کی صفائی کی بہت بڑی ضرورت ہے۔ جب یہ حالت ہو تب الٰہی نظر کے ساتھ تجلیات آتی ہیں۔ ص ۳۷۶ - ۳۷۷

۲ - صوفیوں نے لکھا ہے کہ اگر چالیس دن گذر جاویں اور خدا کی راہ میں رونا نہ آوے تو دل سخت ہو جاتا ہے۔ اس کا کفارہ یہی ہے کہ انسان رو دے۔ ص ۲۱ و ص ۱۷۵

۳ - کسی کی دل شکنی کرنا گناہ ہے۔ ص ۵۴

دلائل

اگرچہ فیصلہ دُعاؤں سے ہی ہونے والا ہے مگر دلائل کا سلسلہ بھی برابر جاری رکھنا چاہیئے۔ اور قلم کو روکنا نہ چاہیئے۔ جہاں تک بیان اور لسان سے کام لے سکو لئے جاؤ۔ ص ۳۲۸

دلائل الخیرات

دلائل الخیرات اور دیگر وظائف صوفیاء کی نسبت حضور اقدس کا ارشاد۔ "ایسے وظائف میں جو وقت صرف کرنا ہے وہی قرآن شریف کے تدبّر میں لگاؤ۔ بلا مدد وحی کے ایک بالائی منصوبہ جو کتاب اللہ کے ساتھ ملاتا ہے وہ اس شخص کی ایک رائے ہے

زندگی

س

سبب ج اسباب

سچائی

سخت دلی

سرسید

سلسلہ احمدیہ

سلطان - سلطنت

سواد اعظم

ش

شراب

شرک

شریعت

طلاق

۱۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کی وجہ سے طلاق دینے پر حضورؑ کی سخت ناراضگی۔ فرمایا کہ "مجھے اسقدر غصہ ہے کہ میں اسے برداشت نہیں کرسکتا۔ اور ہماری جماعت میں ہو کر پھر یہ ظالمانہ طریق اختیار کرنا سخت عیب کی بات ہے۔ صـ۱۰

۲۔ شرطی طلاق شرط کے پائے جانے پر واقع ہو جاتی ہے۔ صـ۲

ع

عبادت۔ عبودیت

۱۔ خدا کی عبادت کے لئے اس کی صفات کا علم ہونا ضروری ہے۔ صـ۱۰

۲۔ عبودیت کا سِرّ یہی ہے کہ انسان اپنے آپ کو خدا کی پناہ کے نیچے لے آوے۔ صـ۲۱

۳۔ خدا کا شکر کرنا اور اس کی تعریف کرنا بھی عبادت ہے۔ صـ۵۳

۴۔ اللہ تعالیٰ نے ساری عبادتیں ایسی رکھی ہیں جو بہت عمدہ زندگی تک پہنچاتی ہیں صـ۶۲

۵۔ مومن کی غرض ہر آسائش ہر قول و فعل۔ حرکت و سکون سے دراصل عبادت ہوتی ہے اور اسے ان کاموں کا ثواب اُسے ویسا ہی ملتا ہے جیسے نماز کا ثواب۔ صـ۳۵۲

۶۔ عبودیت کا ربوبیت سے ایک بہت گہرا تعلق ہے۔ جب وہ نہیں تب تک انسان بہائم میں سے ہے۔ اس رشتہ کو قائم رکھنے کے لئے

خدا تعالیٰ نے نماز بنائی ہے۔ اور اس میں ایک لذّت رکھ دی ہے۔ اگر نماز میں لذّت نہ ہو تو وہ رشتہ ٹوٹ جاتا ہے۔ صـ۳۷۱

عبدالحق

محمد عبدالحق نامی ایک نومسلم یوروپین جو حضور اقدسؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضورؑ کی اس سے گفتگو۔ صـ۱۵۹

عبدالرحمٰن

صاحبزادہ عبداللطیف صاحب شہیدؓ کے شاگرد مولوی عبدالرحمٰن صاحب کو بھی امیر کابل نے قتل کرا دیا تھا۔ صـ۲۵۶

عبدالقادر

۱۔ سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ قائل ہیں کہ جو شخص ایک خاص تعلق اور پیوند خدا تعالیٰ سے کرتا ہے اُس سے ضرور مکالمۂ الٰہیہ ہوتا ہے۔ صـ۳۳۳

۲۔ آپ فرماتے ہیں کہ جب انسان نفسِ امّارہ کے پنجہ سے رہائی پا کر موت قبول کرلیتا ہے تو سب عبادتیں ساقط ہو جاتی ہیں۔ صـ۹۷

۳۔ آپ کے اس قول کا مطلب یہ ہے کہ عبادت کے اثقال اس سے دُور ہو جاتے ہیں اور عبادت ایک شیریں اور لذیذ غذا کی طرح ہو جاتی ہے صـ۹۸

۴۔ نیز آپ کا یہ قول کہ "جب انسان عارف ہو جاتا ہے۔ تو اُس کی نماز کا ثواب مارا جاتا ہے۔" اس کے بھی یہی معنی ہیں کہ چونکہ اب اُسے لذّت شروع ہو گئی ہے اور جو اجر اس کا عنداللہ تھا وہ اب اُسے

عبدالکریمؓ

عبداللطیفؓ

عُجب

عذاب

عرش

عرفان

عقائد

غیر احمدیوں کے عقائد

علم

عمر انسانی

عمل صالح

عورت

۱۔ عورتوں کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا وعظ۔ ص ۲۴ و ص ۵۳ و ۶۰ و ۶۶

۲۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں سب کام کر لیا کرتی تھیں۔ ساتھ ہی عبادت بھی کرتی تھیں۔ ص ۵۳

۳۔ عورتوں کے لئے ایک ٹکڑا عبادت کا خاوندوں کا حق ادا کرنا ہے۔ ص ۵۳

۴۔ عورتوں پر جمعہ فرض نہیں۔ ص ۱۲۹

عیسیٰؑ

۱۔ حضرت عیسیٰؑ اور امام حسینؓ کے اصل مقام اور درجہ کا جتنا مجھ کو علم ہے دوسرے کو نہیں ہے۔ عیسائی حضرت عیسیٰؑ کی اصل اتباع اور حقیقی مقام سے بے خبر ہیں۔ ص ۲۸۲

۲۔ حضرت عیسیٰؑ اور اس کی ماں کو مس شیطان سے پاک کہنے میں حکمت۔ ص ۲۱۹

۳۔ حضرت عیسیٰؑ کے پانچ بھائی اور دو بہنیں تھیں۔ ص ۱۴۷

۴۔ انجیل کی رُو سے عیسیٰ بن مریم اچھے اخلاق کا آدمی ثابت نہیں ہوتا۔ ص ۲۷۲

عیسائیت

۱۔ عیسائیت نے اسلام کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔ تیس لاکھ کے قریب آدمی ان کے ذریعہ مرتد ہو چکے ہیں۔ حقیقی خدا کو چھوڑ کر مصنوعی خدا کی پرستش کی گئی۔ آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دی گئیں آپؐ کی شان میں ہر قسم کی گستاخیاں اور ہرزہ گوئیاں روا رکھی گئیں۔ ص ۲۹۴

۲۔ آپؐ کی پاک شان میں وہ فحش گالیاں دی جاتی ہیں جو ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر میں سے کسی کو بھی نہیں دی گئیں۔ ص ۳۴۷

۳۔ بے باک اور شوخ عیسائی قرآن شریف کی یہاں تک بے ادبی کرتے ہیں کہ اس کے ساتھ استنجے کرتے ہیں۔ ص ۲۹۴

۴۔ سب سے بڑا فتنہ اس زمانہ میں نصاریٰ کا فتنہ ہے جنہوں نے اسلام کے استیصال کے واسطے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ ص ۲۹۷

۵۔ ان کی کتابوں۔ رسالوں۔ اخباروں اور اشتہاروں کو جو اسلام کے خلاف ہیں اگر جمع کیا جائے تو ایک پہاڑ بن جاتا ہے۔ ص ۲۹۷

۶۔ اسلام کے خلاف جو کتابیں لکھی گئی ہیں پچاس برس پہلے ان کو تلاش کریں تو شاید ایک بھی نہ ملے۔ ص ۳۴۷

۷۔ اس وقت ہر ایک مومن کا کام یہ چاہیئے کہ جب تک دم میں دم ہے اس باطل مذہب کا مقابلہ کرتا رہے۔ ص ۳۳۱

۸۔ عیسائی مذہب کے ساتھ ہمارا مقابلہ ہے اور میرا تو یہ مقصد ہے کہ میں دنیا کو اس عقیدہ (مُردہ پرستی) سے رہائی دوں۔ ص ۳۴۷

۹۔ عیسائی لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیاں پوری ہوتی دیکھ کر کہتے ہیں کہ وہ بہت دانا آدمی تھا

غ

غرباء

۱۔ غرباء کو بدقسمت خیال نہیں کرنا چاہیئے۔ خدا کے فضل کا بہت بڑا حصہ اُن کو ملتا ہے۔ ص ۵۲

۲۔ خدا تعالیٰ کی سنّت ہے کہ اوّل گروہ غرباء کو اپنے لئے منتخب کرتا ہے اور پھر انہیں کو کامیابی اور عروج حاصل ہوا کرتا ہے۔ ص ۲۲۲

۳۔ جب تک کمزوری اور غریبی ہوتی ہے تب تک تقویٰ بھی انسان کے اندر ہوتا ہے۔ ص ۲۶۳

۴۔ ہم بھی خدا تعالیٰ کا شکر کرتے ہیں کہ ہماری جماعت کی تعداد غرباء میں ترقی کر رہی ہے۔ ص ۲۶۳

غضب

غضب اور جنون میں فرق۔ ص ۱۰۴

غوث

غوث۔ قطب۔ ابدال اور اولیاء وغیرہ مراتب لوگوں کو اس لئے ملے کہ خدا تعالیٰ کی مرضی کو مقدم رکھتے چلے آئے۔ ص ۲۳۴

ف

فاتحہ خوانی

فاتحہ خوانی کیلئے صف بچھا کر بیٹھنا بدعت ہے۔ ص ۲۹۱

فحش۔ فحشاء

۱۔ مومنوں کو اشاعتِ فحش سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ ایسی شہرت دینے والوں کیلئے بشرطیکہ وہ اُسے ثابت نہ کر سکیں ۸۰ دُرّے سزا رکھی ہے۔ ص ۱۲۳

۲۔ شہرت دینے والا مدعی مقدمہ ہوتا ہے اُسے اپنے علاوہ چار گواہ رؤیت کے لانے ضروری ہیں۔ اُسے خود گواہوں میں شمار کرنا غلطی ہے۔ ص ۱۲۳

فسق۔ فاسق

۱۔ فسق کی بنیاد ریت پر ہوتی ہے۔ فاسق زمانہ مزاج ہوتے ہیں۔ اس لئے وہ جلد تباہ ہو جاتے ہیں۔ ص ۸۴

۲۔ فاسق اور متقی میں یہی فرق ہوا کرتا ہے کہ متقی کو جب غلطی کا پتہ لگ جاوے تو وہ اُسے ترک کر دیتا ہے۔ اور فاسق نہیں کرتا۔ ص ۳۴۹

فطرت

فطرت کے معنے پھاڑنے کے ہیں۔ فطرت سے یہ مراد ہے کہ انسان خاص طور پر پھاڑا گیا ہے۔ جب آسمان سے قوت آتی ہے۔ تو نیک قوتیں پھٹنا شروع کر دیتی ہیں۔ ص ۳۲۶

فقراء

۱۔ یہ گروہ عمداً اغراضِ نفسانی کو ملحوظ خاطر رکھ کر ریاکاری کے کاموں کو ایک مزوّرانہ طلسمات کے رنگ میں ظاہر کر رہا ہے۔ ص ۱۹۳

۲۔ موجودہ زمانہ کے فقراء گدی نشین دینی ضرورتوں سے غافل ہیں۔ ص ۶۸

فیج اعوج

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امّت کے دو گروہوں کا ذکر کیا ہے۔ ایک اپنا اور ایک مسیح موعود کا۔ درمیانی زمانہ کو فیج اعوج کہا ہے۔ ص ۳۰۹

فیض

حصولِ فیض میں کامیاب ہونے کے دو ذرائع ہیں۔

(۱) مامور کی صحبت میں رہ کر اس کے کلام کو سُننا اور اثنائے تقریر یا تحریر اگر کوئی شبہ ہو تو اُسے ظاہر کرکے اُس کا تدارک کرانا۔ (۲) دشمن کے حملوں کو شیر دل ہو کر ان کا مقابلہ کرنا۔ ص ۱۶۲

ق

قادیان

۱۔ اس مقام کو خدا تعالیٰ نے امن والا بنایا ہے۔ اور متواتر کشوف والہامات سے ظاہر ہوا ہے کہ جو اس کے اندر داخل ہوتا ہے وہ امن میں ہوتا ہے ص ۲۲

۲۔ قادیان میں آمد و رفت کثرت سے چاہیئے۔ ص ۱۴۸

۳۔ یہاں کا رہنا ایک قسم کا آستانۂ ایزدی پر رہنا ہے۔ اس حوض کوثر سے وہ آبِ حیات ملتا ہے جس کے پینے سے حیاتِ جاودانی نصیب ہوتی ہے۔ ص ۱۸۵

۴۔ جو شخص اس جگہ آباد نہیں ہوتا یا کم از کم ایسی تمنا دل میں نہیں رکھتا اس کی حالت کی نسبت مجھے بڑا اندیشہ ہے کہ مبادا وہ پاک کرنے والے تعلقات میں ناقص نہ رہے۔ ص ۱۸۶

۵۔ قادیان میں بود و باش کرنا "اصحاب الصفہ" کا مصداق بننا ہے۔ ص ۱۸۶

قبر۔ قبر پرستی

۱۔ قبرِ مسیح اور عیسائیوں کا اقرار۔ ص ۲۹

۲۔ کس قدر بے وقوفی اور بے دینی ہے کہ آج مسلمان قبروں پر جا کر اُن سے مرادیں مانگتے اور اُن کی پوجا کرتے ہیں۔ اگر قبروں سے کچھ مل سکتا تو اس کے لئے سب سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قبروں سے مانگتے۔ ص ۲۷۳

قبض

قبض کا علاج دُعا ہے۔ ص ۴۲۱

قتلِ انبیاء

۱۔ قرآن سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ نبی قتل نہیں ہو سکتا۔ آیت افان مات او قتل سے قتلِ انبیاء کا جواز معلوم ہوتا ہے۔ ہاں اس کے قتل میں ناکامی اور نامرادی نہیں ہوتی۔ ص ۱۱۷

۲۔ راستباز کی یہی نشانی ہے کہ خدا نے جس مطلب کے لئے اُسے پیدا کیا ہے۔ جب تک وہ پورا نہ ہولے یا کم از کم اُس کے پورا ہونے کی ایسی بنیاد نہ ڈال دے کہ اُسے تنزل نہ ہو تب تک وہ نہ مرے۔ ص ۱۱۷

۳۔ توریت میں جس قتل کا ذکر ہے اُس سے نامرادی اور ناکامی کی موت مراد ہے۔ ص ۱۱۸

۴۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو زہر دی گئی تھی اگر مان لیا جائے کہ آپ کی موت میں اُس زہر کا بھی دخل تھا تو بھی قابلِ اعتراض نہ تھا کیونکہ آپ نے کامیاب ہو کر وفات پائی۔ ص ۱۱۸

۵۔ کوئی نبی اپنے غلام یا مرید سے قتل نہیں ہوا ص ۱۳۷

قرآن

۱۔ سب سے مقدم قرآن ہے۔ اس کے بعد سنت۔ اس کے بعد حدیث۔ ص ۱۲۸

ل

لباس

لذت

لعنت

لیلۃ القدر

م

مامور

متقی

مجاہدہ

مجلس

محبت

محمد صلی اللہ علیہ وسلم

۲ - آپ کی زندگی میں سارا مکہ مسلمان ہو گیا۔ بعض بُتوں کے پجاریوں نے ہی اُن کو توڑا - یہ حیرت انگیز کامیابی یہ عظیم الشان انقلاب کسی نبی کی زندگی میں نظر نہیں آتا۔ ص ۲۷۴

۳ - لذت و سرور کی موت صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہی ہوئی۔ ص ۴۷

۴ - آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور مسیحؑ کا مقابلہ ص ۴۸

۵ - آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے خلق عظیم کا نمونہ ایک عیسائی نے جو حضور کا مہمان ہوا اور بستر پر پاخانہ کر دیا حضورؐ نے خود اُسے اپنے ہاتھ سے صاف کیا۔ ص ۵۵

۶ - حضور صلی اللہ علیہ وسلم لڑکوں پر بڑی شفقت فرمایا کرتے جس سے وہ حضورؐ کو اپنا باپ سمجھتے ص ۵۶

۷ - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بارہ لڑکیاں ہوئیں مگر آپؐ نے کبھی نہ کہا کہ لڑکا کیوں نہ ہوا۔ ص ۵۷

۸ - آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اخلاق - صبر اور نرمی گرمی اور ہر ایک طرح سے اصلاح کے کام کو پورا کیا۔ ص ۶۹

۹ - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان چاروں صفات کے مظہر کامل تھے جو سورۂ فاتحہ کے شروع میں ام الصفات مذکور ہیں۔ ص ۷۱

۱۰ - حضور نے ان چاروں سے کام لے کر تبلیغ کی ص ۶۹

۱۱ - آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی قوتِ قدسیہ کی تاثیر سے صحابہ کرامؓ نے اپنے خون سے دین پر مُہریں لگا دیں۔ ص ۷۶

۱۲ - آپؐ کی قوتِ قدسی کی تاثیر کا مقابلہ کسی نبی کی قوتِ قدسی نہیں کر سکتی۔ ص ۲۷۵

۱۳ - آپؐ کی قوتِ قوسی کے کمالات کا یہ بھی ایک نمونہ ہے کہ وہ کمالات ہر زمانہ میں اور ہر وقت تازہ بتازہ نظر آتے ہیں - اور کبھی وہ قصہ یا کہانی کا رنگ اختیار نہیں کرتے۔ ص ۲۷۶

۱۴ آپؐ جمیع اخلاق کے متمم تھے۔ ص ۳۴۳

۱۵ - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار میں سے ایک حصہ توجہ کا بھی ہے - جو لوگ قسی القلب تھے وہ توجہ کے ذریعہ کھچے چلے آتے تھے۔ ص ۶

(نواب) محمد علی خانؓ

حضرت نواب محمد علی خان صاحب کے صاحبزادہ صاحب کی تقریب رسم آمین پر حضرت اقدسؑ کا دُعا فرمانا۔ ص ۲۲۳

(سلطان) محمود

سلطان محمود کو ایک بزرگ کا یہ کہنا کہ جو کوئی مجھ کو ایک دفعہ دیکھ لے اُس پر دوزخ کی آگ حرام ہو جاتی ہے ص ۶۶

مخالفین

۱ - جو لوگ ہماری مخالفت کرتے ہیں اُن کے ہاتھ میں بجز اقوال اور کچھ نہیں۔ ص ۳۶۵

۲ - ان مخالفین کی مخالفتیں ہماری مزرعہ کامیابی کے لئے کھاد کا کام دے رہی ہیں۔ ص ۱۹۱

۳ - اِن معاندین کے ہونے سے ہمارا برسوں کا کام دنوں میں ہو رہا ہے۔ ص ۳۱۹

اُمّتو منکم میں ہے پھر باہر سے آنے والا کیسے موعود ہو سکتا ہے۔ ص ۴۴

۶۔ اگر کسی بات میں شر ہو تو یہ عادت اللہ نہیں کہ وہ مجھے اطلاع نہ دے۔ ص ۱۱۹

۷۔ حضور کے متعلق یہ اعتراض کہ آپ کا دعویٰ عالم الغیب ہونے کا ہے اور اس کا جواب ص ۱۲

۸۔ ہماری بعثت کی علت غائی یہ ہے کہ بھولے بھٹکوں کو صراط مستقیم پر چلا کر وصال الٰہی کا شیریں جام پلایا جاوے اور عرفان الٰہی کے نقطہ انتہائی تک ان کو پہنچایا جاوے۔ ص ۱۸۹

۹۔ ہماری معیت اور رفاقت کی پاک تاثیرات کے ثمرات حسنہ بالکل صاف ہیں۔ ہم نے اس مائدہ الٰہی کو ہر کس و ناکس کے آگے رکھنے میں کوئی دقیقہ باقی نہیں چھوڑا۔ ص ۱۹۰

۱۰۔ کچھ زمانہ پہلے بڑے بڑے علماء لکھ گئے تھے۔ کہ مہدی موعود کا زمانہ بالکل قریب ہے بلکہ بعض نے اس کی تائید میں اپنے اپنے مکاشفات بھی لکھے تھے۔ جب اس نعمت کا وقت آیا تو تمام یہودی سیرتوں نے اس کے قبول کرنے سے اعراض کر دیا۔ ص ۱۹۰

اگر مخالفین مجھے آگ میں بھی ڈالیں تو خدا مجھے محفوظ رکھے گا۔ ص ۲۹ ۔ ص ۲۱

۱۱۔ مسیح موعود کی آمد کے وقت کی علامات ص ۲۹۹

ا۔ اولیاء اللہ نے مسیح موعود کے آنے کی خبر دی ہے۔ ص ۳۰۰

ب۔ گلاب شاہ مجذوب نے آپ کا نام لے کر پیشگوئی کی کہ وہ قادیان میں ہے۔ ص ۳۰۰

ج۔ بعض نے آپ کی تاریخ پیدائش چراغ دین بتائی یعنی ۱۲۶۸۔ ص ۳۰۱

۱۲۔ میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں خدا سے وحی پاتا ہوں اور منہاج نبوت کے تینوں معیار میرے ساتھ ہیں۔ ص ۳۰۴

۱۳۔ اس اعتراض کا جواب کہ مسیح موعود اپنی تعریف کرتے ہیں۔ ص ۳۰۶

۱۴۔ حضرت مسیح موعودؑ کی موعود بیماری ضعف دماغ کی حکمت۔ ص ۳۳۲

۱۵۔ ابرار و اخیار امت کا درجہ اور ان کے مقام قرب کا جتنا علم مجھے ہے کسی دوسرے کو نہیں ہو سکتا کیونکہ ہم سب ایک ہی گروہ سے ہیں۔ ص ۲۸۲

۱۶۔ جس کام کے لئے اللہ تعالیٰ نے (مجھے) مقرر کیا ہے اس کے حسب حال جوش اور سوزش بھی میرے سینہ میں پیدا کر دی ہے۔ میں سچ کہتا ہوں کہ میرے لئے اگر کوئی غم ہے تو یہی ہے کہ نوع انسان کو اس ظلم صریح سے بچاؤں کہ وہ ایک عاجز انسان کو خدا بنانے میں مبتلا ہو رہی ہے۔ اور اس سچے اور حقیقی خدا کے سامنے ان کو پہنچاؤں جو قادر اور مقتدر خدا ہے۔ ص ۴۴۸

۱۷۔ مجھے بشارت دی گئی ہے کہ یہ عظیم الشان بوجھ جو میرے دل پر ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو ہلکا کرے گا اور ایک حیّ و قیوم خدا کی پرستش ہونے لگے گی۔ میں

دیکھتا ہوں کہ اب وہ وقت قریب آرہا ہے اور اس کی خوشبودار ہوائیں آرہی ہیں ۔ مجھے معلوم ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میری ان دعاؤں کو جو میں ایک عرصہ دراز سے کر رہا ہوں قبول کر لیا ہے ۔ صہ ۲۴۹

۱۸۔ مسیح موعودؑ کے زمانہ میں درازیٔ عمر کا راز صہ ۷۶

۱۹۔ حضرت مسیح موعودؑ کی ساری توجہ کسر صلیب کی طرف لگی ہوئی تھی ۔ صہ ۱۰۲

۲۰۔ حدیث میں آیا ہے کہ مسیح موعودؑ کے زمانہ میں عیسائیوں کے ساتھ کوئی مقابلہ نہ کر سکے گا۔ مگر ہاں مسیح موعودؑ دعاؤں سے مقابلہ کریگا صہ ۱۰۹

۲۱۔ حدیث میں آیا ہے کہ آنے والا مسیح مدرس کے پیچھے نماز پڑھے گا۔ صہ ۱۵۹

۲۲۔ حضور کو ایک دفعہ نماز کے اندر یہ خواہش پیدا ہوئی کہ انگور ملیں۔ اللہ تعالیٰ نے فوراً ہی اس خواہش کو پورا کر دیا۔ صہ ۱۱۴

۲۳۔ میرا یہ ارادہ ہے کہ ایک ترجمہ قرآن شریف کا ہمارے سلسلہ کی طرف سے نکلے۔ صہ ۱۶۵

۲۴۔ اب خدا کا ارادہ ہے کہ صحیح معنی قرآن کے ظاہر کرے ۔خدا نے مجھے اسی لئے مامور کیا ہے۔ اور میں اس کے الہام اور وحی سے قرآن شریف کو سمجھتا ہوں۔ صہ ۱۶۷

۲۵ ہماری ہمیشہ سے یہ آرزو ہے کہ یورپین لوگوں میں سے کوئی ایسا نکلے جو اس سلسلہ کے لئے زندگی وقف کرے ۔ صہ ۱۶۸

۲۶۔ بدقسمتی سے مسلمانوں میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ خوارق اور اعجاز اب نہیں بلکہ پیچھے رہ گئے ہیں۔ خدا تعالیٰ نے اس وقت مجھے بھیجا ہے تاکہ میں دکھاؤں کہ اسلام کے برکات خوارق ہر زمانہ میں تازہ بتازہ نظر آتے ہیں۔ صہ ۲۷۶

۲۷۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ موسٰے سے افضل ہیں۔ اسی طرح آنے والا مہدی مسیح مسیح موسوی سے افضل ہے۔ صہ ۲۸۳

۲۸۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کشف میں ایک مقرب فرشتہ دیکھا جس نے حضور کو ایک توت کی چھڑی ماری اور پھر کرسی پر بیٹھ کر رونے لگا۔ صہ ۴۲۸ ، صہ ۴۲۹

۲۹۔ ہم ہزار ہا روپے دینے کو تیار ہیں کہ کوئی جماعت یہاں آکر رہے اور وہ شرافت سے اپنے شکوک و شبہات پیش کریں۔ اور قرآن اور احادیث صحیحہ سے ہماری باتیں سنیں صہ ۱۲۴

مصیبت

۱۔ اولیاء و انبیاء پر مصیبتیں کیوں آتی ہیں صہ ۱۹۴

۲۔ مصائب کی دو قسمیں ہیں۔

(ا)۔ ایک وہ جن میں تسلی دی جاتی اور فرشتے سکینت کے ساتھ اترتے ہیں۔ اور صبر کی توفیق ملتی ہے۔ اور بطور ابتلاء خدا تعالیٰ کی طرف سے آتے ہیں۔

(ب)۔ دوسرے وہ جو شامت اعمال کا نتیجہ ہوتے ہیں

اور ان میں صبر و ثبات کھویا جاتا ہے۔ ان سے بچنے کا طریق و علاج یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے۔ ص ۲۹۳

معاملات

ایسے معاملات بیع و شرا و جائز ہیں جو تراضی فریقین سے ہوں۔ ان میں مقدمات نہ ہوں۔ فساد نہ ہو۔ قانوناً جرم نہ ہوں۔ عرف میں بھی وہ جائز ہوں۔ ص ۳

معجزات

۱۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے ایک یہ بات بھی تھی کہ لوگ رؤیا دیکھتے ص ۳

۲۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ۳۰۰۰ معجزات تھے۔ ص ۲۱۵

۳۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے آگ میں ڈالے جانے پر اعتراض کرنے کی اصل جڑ۔ معجزات اور خوارق پر نکتہ چینی کرنا ہے۔ ص ۲۰۹

۴۔ معجزات کے متعلق موجودہ مسلمانوں کا یہ اعتقاد ہے کہ وہ اب نہیں بلکہ پیچھے رہ گئے ہیں ص ۲۷۶

۵۔ خدا تعالیٰ نے ہمیں مبعوث کیا ہے کہ قرآن کریم میں جس قدر معجزات اور خوارق انبیاء کے مذکور ہوئے ہیں۔ ان کو خود دکھا کر قرآن کی حقانیت کا ثبوت دیں۔ ص ۲۰۹ و ۲۱۴

۶۔ ہم دعویٰ کرتے ہیں کہ اگر دنیا کی کوئی قوم ہمیں آگ میں ڈالے یا کسی اور خطرناک عذاب اور مصیبت میں مبتلا کرنا چاہے تو خدا تعالیٰ اپنے وعدہ کے موافق ضرور ہمیں محفوظ رکھے گا ص ۲۰۹

۷۔ سیالکوٹ میں ایک معجزانہ نشان کا ظہور۔ جس مکان میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام چند آدمیوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ بجلی گری اور سارا مکان دھوئیں سے بھر گیا۔ مگر باوجود اس کے الٰہی تصرف سے سب کے سب محفوظ رہے۔ ص ۲۰۹

معرفت

۱۔ معرفت انسان کو گناہ سے روکتی ہے۔ ص ۲۶۸

۲۔ عمل اور تقوٰی کی کمزوری کی اصل جڑ معرفت کی کمزوری ہے۔ ص ۷۵

۳۔ خدا تعالیٰ نے اپنے وجود کی شناخت کے ذریعے خود بتلائے ہیں۔ اس امر کے لئے اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم جیسی اور کوئی دعا نہیں ہے۔ ص ۲۶۸

۴۔ معرفت اور سلوک میں انسان اس وقت کامل ہوتا ہے۔ جب کسی نوع کا غیر اس کے دل میں نہ رہے۔ یہ فرقہ انبیاء علیہم السلام کا ہوتا ہے۔ ص ۴۲۶

مغفرت

۱۔ مغفری تھک جاتا ہے۔ اس کے بیان میں قوت جاذبہ نہیں ہوتی۔ افترا جیسی کچی شئے کوئی نہیں ہوتی۔ ص ۱۱۶

۲۔ مفتری کی زندگی حباب کی طرح ہوتی ہے ص ۱۷۵

مقدمہ

مکالمہ الٰہیہ

مکر اللہ

ملامتی فرقہ

منافق

موت

ماموروں اور برگزیدوں کے سامنے ایسی جرأت کر بیٹھتا ہے جو اسے قبول حق سے محروم کر دیتی ہے۔ ص۲۴۳

موسیٰ علیہ السلام

۱۔ حضرت موسیٰ کا خضرؑ پر قتل نفس کے متعلق اعتراض کرنا کیوں درست نہ تھا۔ ص۱۰

۲۔ موسیٰ اور خضرؑ کے قصہ کے ضمن میں اللہ تعالیٰ نے اسرار الٰہی کے دریافت کرنے میں ایک عظیم الشان ادب سکھایا ہے۔ ص۱۳-۱۴

۳۔ حضرت موسیٰ کا ڈرنا کس امر میں تھا۔ ص۱۱۸

مولوی

موجودہ زمانہ کے مولویوں اور خشک ملانوں اور فقراء کے گروہ میں ریاکاری و ذاتی اغراض کی زہر ہوتی ہے۔ جو آخر کار ان کو ہلاک کر ڈالتی ہے۔ ص۱۹۲

مومن

۱۔ مومن کی تعریف یہ ہے کہ خیرات و صدقہ وغیرہ فرائض بجالاوے۔ اور ہر ایک کار خیر کے کرنے میں اس کی ذاتی محبت ہو۔ اور کسی تصنع۔ نمائش اور ریا کا اس میں دخل نہ ہو۔ ص۱۷، ص۱۸

۲۔ مومن اور غیر مومن میں ہمیشہ فرقان ہوتا ہے ص۳۱

۳۔ مومن اور دنیادار کی موت میں فرق۔ ص۶۲

۴۔ مومن کی اصل مراد دین کے لئے ہوا کرتی ہیں۔ ص۶۵

۵۔ مومن کے لئے بڑی بشارت یا ایتھا النفس المطمئنۃ ارجعی الیٰ ربک راضیۃ مرضیۃ ہے۔ ص۶۴

۶۔ مومن کے خلاف مرضی نزع (جان کنی) نہیں ہوا کرتی۔ ص۶۵

۷۔ میرے نزدیک مومن وہی ہے کہ اگر اس نے خدا تعالیٰ کی راہ میں جان نہ دی ہو۔ تو وہ روحانی طور پر ضرور جان دے کر شہید ہو چکا ہو۔ ص۱۱۹

۸۔ بہت سے لوگ مومن اور راستباز سمجھے جاتے ہیں۔ مگر آسمان پر ان کا نام کافر ہوتا ہے۔ حقیقی مومن اور راستباز وہی ہے جس کا نام آسمان پر مومن ہے۔ ص۲۰، ص۲۱

۹۔ ایمان لانے والے تین قسم کے آدمی ہوتے ہیں
ایکؔ وہ جو چہرہ دیکھ کر ایمان لاتے ہیں۔
دوسرےؔ وہ جو نشان دیکھ کر مانتے ہیں۔
تیسرےؔ ارذل گروہ ہوتا ہے کہ جب ہر طرح سے غلبہ حاصل ہو جاتا ہے اور کوئی وجہ ایمان کی باقی نہیں رہتی تو اس وقت ایمان لاتے ہیں۔ ص۲۱۷ و ص۲۱۸

مہر

۱۔ مہر عورت کا حق ہے اسے دینا چاہیئے
۲۔ عورتیں جو اپنا مہر خاوند کو بخش دیتی ہیں یہ صرف رواج ہے۔
۳۔ مہر میں خاوند کی حیثیت کو مد نظر رکھنا چاہیئے۔ ص۲۹۱

مہدی

مہدی کی نسبت احادیث میں بہت تعارض ہے۔ لیکن ہمارا دعویٰ اس مہدی کا ہے جس کی نسبت کوئی شک نہیں۔ ص۲۲۳

مہر علی شاہ

پیر گولڑوی مہر علی شاہ نے فیضی متوفی کی کتاب سے سرقہ کیا تھا۔ ص۲۶۱

مہمان

مہمانوں کے اکرام و آرام کی بابت منتظمان باورچی خانہ کو حضور کے ارشادات ص۱۱۹ ص۲۲۶۔

ن۔ نبوت۔ نبی

۱۔ دوسری تمام نبوتیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ ہی معلوم ہوتی ہیں۔ ص۴۵

۲۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نئی شریعت اور نئی کتاب نہ آئے گی۔ ص۲۳۶

۳۔ جو الفاظ میری کتابوں میں نبی یا رسول کے میری نسبت پائے جاتے ہیں ان سے یہ منشا نہیں کہ کوئی نئی شریعت یا نئے احکام سکھائے جائیں۔ بلکہ منشا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب کسی ضرورت حقہ کے وقت کسی کو مامور کرتا ہے تو ان معنوں سے کہ مکالمات الہیہ کا شرف اور غیب کی خبریں اللہ تعالیٰ اس کو دیتا ہے اس پر نبی کا لفظ بولا جاتا ہے اور وہ مامور نبی کا خطاب پاتا ہے یہ جو کچھ اسے ملتا ہے وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی اور کامل اتباع سے ملتا ہے ص۲۳۶

۴۔ دنیا سے کوئی نبی ناکامیاب نہیں گذرا۔ ص۲۲۲

۵۔ انبیاء باوجود غریب یتیم اور بے کس اور بلا اسباب ہونے کے آگے سے آگے قدم بڑھاتے ہیں یہ سب سے پہلا ثبوت خدا تعالیٰ کی خدائی کا ہے۔ ص۸

۶۔ وحی الٰہی کے پہنچانے میں وہ کسی کی پرواہ نہیں کرتے اور اس کا چھپانا اسی طرح کفر سمجھتے ہیں جس طرح وحی الٰہی سے اطلاع پانے کے بغیر کسی امر کی اشاعت کفر سمجھتے ہیں۔ ص۸۶

۷۔ انبیاء کی قوت ایمانی ایسی ہوتی ہے کہ خدا کی راہ میں جان دے دینا اپنی سعادت جانتے ہیں۔ ص۱۱۸

۸۔ نبی قتل ہو سکتا ہے۔ ص۱۱۷، ص۱۱۸

۹۔ کوئی نبی اپنے کسی غلام یا مرید سے قتل نہیں ہوا۔ ص۱۲۰

۱۰۔ نبی یا رسول کو علم غیب نہیں ہوتا۔ ص۳۲

۱۱۔ انبیاء کی شناخت کے چار بڑے معیار ہوتے ہیں اول نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ اس کی مؤید ہیں یا نہیں۔ دوم اس کی تائید میں سماوی نشانات صادر ہوتے ہیں یا نہیں۔ سوم نصوص عقلیہ اس کے ساتھ ہیں یا نہیں۔ چہارم وقت اور زمانہ بھی ایسے مدعی کی ضرورت بتاتا ہے یا نہیں ص۲۹۷

۱۲۔ انبیاء رتلامیذ الرحمن ہوتے ہیں ان کا مرشد نہیں ہوتا ص۱۱۱

۱۳۔ انبیاء اور رسل کے افعال عام قانون جرائم وذنوب سے الگ ہوتے ہیں۔ ان کو ذنوب کے ضمن میں ذکر کرنا سلب ایمان کا موجب ہو جاتا ہے۔ ص۲۲۹

۱۴۔ انبیاء کے استغفار کی حقیقت۔ ص۲۲۹، ص۲۳۰

نجات

۱۔ بعض لوگوں کا یہ کہنا کہ سب مذہب نجات یافتہ ہیں۔ یہ بات اس حد تک تو ٹھیک ہے جب کہ خدا تعالیٰ کی

نزول مسیح

نشان

اقتراحی نشان

معجزانہ نشان

نفس

نیوگ

و

وب

وبا

وحی

وظائف

وفات مسیح

وقف زندگی

میں سے کوئی ایسا نکلے جو اس سلسلہ کے لئے زندگی وقف کرے۔ ص ۱۶۸

ولی اللہ

انسان کس حالت میں خدا کا ولی کہلاتا ہے۔ ص ۲۴۶

۵

ہدایت

۱۔ ہدایت کے تین طریق۔ ص ۳۱۲

۲۔ اصلاح و ہدایت کا آخری علاج سختی بھی ہے۔ ص ۸

ہمدردی

۱۔ اپنی ہمدردی کو صرف مسلمانوں تک ہی محدود نہ رکھو بلکہ ہر ایک کے ساتھ کرو۔ ص ۳۱۱

۲۔ متکبر دوسرے کا ہمدرد نہیں ہو سکتا۔ ص ۲۲

ہمسایہ

ہمسایہ کی ہمدردی کرنی چاہیئے۔ ہمسایوں کے حقوق کو شناخت کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ ص ۱۰

ی

یہود

۱۔ مسیح کی متشابہ پیشگوئیوں میں سے ایک یہ پیشگوئی تھی کردہ یہودیوں کو غیر سلطنت کی ماتحتی سے چھڑا دے گا۔ ص ۲۰۲

۲۔ یہود کو جو ابتلاء متشابہ پیشگوئیوں کی وجہ سے مسیح کے وقت پیش آیا تھا وہی ابتلاء ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں بھی اکثر یہودیوں کو پیش آیا۔ ص ۲۰۳، ص ۲۹۵

۳۔ اس امت میں بروزی طور پر یہودیوں والی کرتوت کے پورا ہونے کی پیشگوئی قرآن مجید میں۔ ص ۱۲۳

۴۔ کچھ زمانہ پہلے بڑے بڑے علماء لکھ گئے تھے کہ مہدی موعود کا زمانہ بالکل قریب ہے۔ مگر جب اس نعمت کا وقت آیا تو تمام یہودی سیرتوں نے اس کے قبول کرنے سے اعراض کر دیا۔ ص ۱۹۰

ملفوظات

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

جلد ۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

وَعَلٰی عَبۡدِہِ الۡمَسِیۡحِ الۡمَوۡعُوۡدِ

ملفوظات

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

یکم۔۲۔۳؍جون ۱۹۰۳ء

ان تاریخوں میں کوئی اور بات قابل نوٹ نہیں ہوئی۔ ایک بار مقدمات کے ذکر پر فرمایا کہ

مقدمہ ہمیشہ سیدھا کرنا چاہیئے۔ جب معلوم ہو کہ از روئے قانون بھی صاف طور پر ہمارا حق ثابت ہے اور از روئے شریعت بھی تو ابتدا کرنی چاہیئے۔ ورنہ پیچ در پیچ بات ہو تو کبھی مقدمہ کی طرف نہ جانا چاہیئے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۱ صفحہ ۱۶۲ مورخہ ۱۲؍جون ۱۹۰۳ء)

۴؍جون ۱۹۰۳ء (مجلس قبل از عشاء)

خواب

فرمایا۔ دو یا تین بجے رات کو میں نے ایک خواب دیکھا کہ ایک جگہ پر مع چند

ایک دوستوں کے گیا ہوں۔ وہ دوست وہی ہیں جو رات دن پاس رہتے ہیں۔ ایک ان میں مخالف بھی معلوم ہوتا ہے۔ اس کا سیاہ رنگ، لمبا قد، اور کپڑے چرکین ہیں۔ آگے جاتے ہوئے تین قبریں نظر آئی ہیں۔ ایک قبر کو دیکھ کر میں نے خیال کیا کہ والد صاحب کی قبر ہے اور دوسری قبریں سامنے نظر آئیں۔ میں ان کی طرف چلا۔ اس قبر سے کچھ فاصلہ پر گیا۔ تو کیا دیکھتا ہوں کہ صاحب قبر (جسے میں نے والد صاحب کی قبر سمجھا تھا) زندہ ہو کر قبر پر بیٹھا ہوا ہے۔ غور سے دیکھنے پر معلوم ہوا کہ اور شکل ہے والد صاحب کی شکل نہیں۔ مگر خوب گورا رنگ، پتلا بدن، فربہ چہرہ ہے میں نے سمجھا کہ اس قبر میں یہی تھا۔ اتنے میں اُس نے آگے ہاتھ بڑھایا کہ مصافحہ کرے۔ میں نے مصافحہ کیا! اور نام پوچھا تو اس نے کہا نظام الدین۔ پھر ہم وہاں سے چلے آئے۔ آتے ہوئے میں نے اُسے پیغام دیا کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور والد صاحب کو السلام علیکم کہہ چھوڑنا۔ راستہ میں مَیں نے اس مخالف سے پُوچھا کہ آج جو ہم نے یہ عظیم الشان معجزہ دیکھا۔ کیا اب بھی نہ مانو گے؟ تو اس نے جواب دیا کہ اب تو حد ہو گئی۔ اب بھی نہ مانوں تو کب مانوں۔ مُردہ زندہ ہو گیا ہے۔ اس کے بعد الہام ہوا۔

سَلِیْمٌ حَامِدٌ مُسْتَبْشِرًا

کچھ حصہ الہام کا یاد نہیں رہا۔

والد کا زندہ ہونا یا کسی اَور مُردہ کا زندہ ہونا کسی مُردہ امر کا زندہ ہونا ہے۔ میں نے اس سے یہ بھی سمجھا کہ ہمارا کام آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا جلال ظاہر ہونے کا موجب اور والدین کے رفع درجات کا بھی موجب ہے۔

شرطی طلاق

فرمایا کہ

اگر شرط ہو کہ فلاں بات ہو تو طلاق ہے اور وہ بات ہو جائے تو پھر واقعی طلاق ہو

جاتی ہے۔ جیسے کوئی شخص کہے کہ اگر فلاں پھل کھاؤں تو طلاق ہے اور پھر وہ پھل کھالے تو طلاق ہو جاتی ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۱ مورخہ ۱۲ جون ۱۹۰۳ء)

۵ جون ۱۹۰۳ء

مجلس قبل از عشاء

ایک رکعت میں قرآن ختم کرنا

ذکر ہوا کہ ایک رکعت میں بعض لوگ قرآن کو ختم کرنا کمالات میں تصور کرتے ہیں اور ایسے حافظوں اور قاریوں کو اس امر کا بڑا فخر ہوتا ہے۔ حضرت اقدس نے فرمایا کہ

یہ گناہ ہے اور ان لوگوں کی لاف زنی ہے۔ جیسے دنیا کے پیشہ والے اپنے پیشہ پر فخر کرتے ہیں ویسے ہی یہ بھی کرتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طریق کو اختیار نہ کیا حالانکہ اگر آپ چاہتے تو کر سکتے تھے مگر آپ نے چھوٹی چھوٹی سورتوں پر اکتفا کی۔

انعامات کی اُمّ

پھر فرمایا کہ

ہر ایک شیئے کی ایک اُمّ ہوتی ہے۔ میں نے سوچا کہ اللہ تعالیٰ کے جو انعامات ہیں اُن کی اُمّ کیا ہے، خدا تعالیٰ نے میرے دل میں ڈالا کہ اُن کی اُمّ اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ[1] ہے۔ کوئی انسان بدی سے بچ نہیں سکتا جب تک خدا تعالےٰ کا فضل نہ ہو۔ پس اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ[2] فرما کر یہ جتلا دیا کہ عاصم وہی ہے اسی کی طرف تم رجوع کرو۔

[1] المومن: ۶۱

توبہ و استغفار

گناہ جو انسان سے صادر ہوتا ہے اگر انسان یقین سے توبہ کرے[1] تو خدا بخش دیتا ہے پیغمبر خدا جو ستر بار استغفار کرتے تھے۔ حالانکہ ایک دفعہ کے استغفار سے گذشتہ گناہ معاف ہو سکتے تھے۔ پس اس سے ثابت ہے کہ استغفار کے یہ معنے ہیں کہ خدا تعالیٰ آئندہ ہر ایک غفلت اور گناہ[2] کو دبائے رکھے اس کا صدور بالکل نہ ہو فلا تزکوا انفسکم[1] سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ معصوم اور محفوظ ہونا تمہارا کام نہیں ہے خدا کا ہے۔ ہر ایک نُور اور طاقت آسمان سے ہی آتی ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۲ صفحہ ۱۶۹ مورخہ ۱۹ر جون ۱۹۰۳ء)

۶ر جون ۱۹۰۳ء

طبابت کا پیشہ

ڈاکٹری کے امتحان کا ذکر تھا اس پر فرمایا کہ

پاس کے خیال میں مستغرق ہو کر اپنی صحت کو خراب کر لینا ایک مکروہ خیال ہے۔ اوّل زمانہ کے لوگ علم اس لئے حاصل کرتے تھے کہ توکل اور رضائے الٰہی حاصل ہو۔ اور طبابت تو ایسا فن ہے کہ اس میں پاس کی ضرورت ہی کیا ہے؟ جب ایک طبیب شہرت پا جاتا ہے تو خواہ فیل ہو مگر لوگ اس کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

تحصیل دین کے بعد طبابت کا پیشہ بہت عمدہ ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۲ صفحہ ۱۶۹ مورخہ ۱۹ر جون ۱۹۰۳ء)

---

[1] حاشیہ۔ الحکم سے۔ "گناہ سچی توبہ سے دُور ہو جاتا ہے۔ سچی توبہ عصمت و حفاظت کا ایک جامہ پہناتی ہے۔" (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۴ مورخہ ۲۴ر جون ۱۹۰۳ء)

[2] حاشیہ۔ الحکم "تا ہر ایک غفلت و کسل سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔" (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۴)

[1] النجم: ۳۳

۷؍جون ۱۹۰۳ء
مجلس قبل از عشاء

ایمان کے ذرائع رؤیا دلائل، اخلاق، توجہ وغیرہ

ایک شخص نے حضرت اقدس کی بیعت کی نسبت کچھ بشارات خدا تعالیٰ سے پائی تھیں وہ حضرت اقدس کی خدمت میں تحریر کر کے روانہ کی تھیں۔ حضرت اقدس نے ان کو سُنکر فرمایا کہ

جو لوگ فطری امور کی استعداد نہیں رکھتے اللہ تعالیٰ اُن کو بذریعہ رؤیا کے سمجھا دیتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے بھی یہ بات تھی کہ لوگ رؤیا دیکھتے۔ اور بعض وہ تھے جو کہ آپ کے جُود و سخا کو دیکھ کر ایمان لائے اور پھر آپ نے سب کو ایک ہی راہ سے گذرانا۔ یہ ایک مشکل کام ہے کہ ہر ایک کی رعایت بھی مدنظر رہے اور پھر ایک ہی راہ سے سب کو گذارا جاوے۔[۱]

آپ پر ایمان لانے کے مختلف طریق تھے۔ بعض اخلاق دیکھ کر ایمان لائے تھے[۲] غرضکہ

---

[۱] البدر سے۔ الحکم میں یہ مضمون یوں بیان ہوا ہے:۔
"انبیاء کے ماننے کے مختلف طریق ہیں بعض ایسے اشخاص ہیں جو رؤیائے صادقہ کے ذریعہ ایمان لاتے ہیں اور بعض دلائل عقلی و نقلی کے ذریعہ۔ اور بعض پیغمبروں اور ماموروں کے اخلاق فاضلہ دیکھ کر۔ الغرض ایمان لانے کے مختلف طریق ہیں مگر سب کو ایک ہی تنگ راہ سے گذارنا بہت ہی مشکل ہے۔ بلکہ ہر ایک فرد بشر کے الگ الگ مذاق کی رعایت رکھنا ضروری ہے۔" (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۴ مورخہ ۲۴؍جون ۱۹۰۳ء)

[۲] الحکم سے:۔ "بعض آپ کا جود و سخا دیکھ کر ہی ایمان لائے اور بعض اَور اَور محامد و محاسن مشاہدہ کر کے۔ چونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اپنے وجود پاک میں تمام انبیاء علیہم السلام کے محامد کے جامع تھے جس کے سبب سے آپ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کہلائے

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

آدم سے لے کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تک جس قدر طریق جمع ہو سکتے تھے وہ سب آپ میں جمع تھے۔ یہ بھی ایک مجموعہ جمع کرنے کے قابل ہے کہ اسلام میں داخل ہونے کے طریق کیا کیا تھے۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے آثار میں سے ایک توجہ کا بھی حصہ ہے کہ جو لوگ قسی القلب تھے وہ بھی کھچے چلے آتے تھے۔ ایک دفعہ ایک بادشاہ ثمامہ کو باندھا گیا آپ اس کے حالات ہر روز دریافت کرتے۔ چنانچہ چند روز کے بعد حکم دیا کہ اُسے چھوڑ دیا جاوے۔ پھر اس کے منہ سے یہ الفاظ نکلے کہ پہلے دنیا کے تمام ناموں سے تیرا نام مجھے بہت بُرا معلوم ہوتا تھا۔ اور آج وہی نام سب سے پیارا ہے اور اس شہر سے مجھے بہت نفرت ہوتی تھی لیکن اب شہر کو محبت اور پیار کی جگہ دیکھتا ہوں۔ تو یہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی توجہ ہی تھی جس سے باطنی چرک دمیل دُور ہوتی تھی۔ اس کو بنظرِ استخفاف نہ دیکھنا چاہیئے۔ توجہ میں بھی ایک قوت قدسیہ اور تاثیر ہوتی ہے۔

صحابہؓ کا اخلاص

صحابہ کرامؓ کے حالات کو دیکھ کر تعجب ہوتا ہے کہ انہوں نے نہ گرمی دیکھی نہ سردی

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ:۔ اس لئے آپ پر ایمان لانے والے بھی ہر ایک مختلف طور و طریق کو دیکھ کر آپ کے پیچھے ہو لئے۔" (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۴ مؤرخہ ۲۴ جون ۱۹۰۳ء)

لہ الحکم میں یہ عبارت یوں لکھی ہے:۔

"اس نے کہا کہ پہلے آپ کا نام مبارک مجھے تمام ناموں سے زیادہ مذموم معلوم ہوتا تھا مگر اب تمام ناموں سے زیادہ محمود و پیارا معلوم ہوتا ہے اور اس شہر کو جس میں آپ رہتے ہیں میں حقارت کی نگاہ سے دیکھا کرتا تھا مگر اب یہی محبوب ترین نظر آتا ہے۔ یہ کیا بات تھی جس نے اس شخص کو گرویدہ بنا لیا؟ یہ حضور علیہ السلام کی توجہ کا اثر تھا۔"

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۴ مورخہ ۲۴ جون ۱۹۰۳ء)

اپنی زندگی کو تباہ کر دیا۔ نہ عزت کی پروا کی نہ جان کی۔ بکری کی طرح ذبح ہوتے رہے۔ اس طرح کی نظیر پیش کرنی آسان نہیں ہے۔ اس جماعت کے اخلاص کا اس سے زیادہ کیا ثبوت ہے کہ جان دے کر اخلاص ثابت کیا۔ ان کے نفس بالکل دنیا سے خالی ہو گئے تھے۔ جیسے کوئی ڈیوڑھی پر کھڑا سفر کے لئے تیار ہوتا ہے ویسے ہی وہ لوگ دنیا کو چھوڑ کر آخرت کے واسطے تیار رہتے۔[1]

لوگوں کے کاموں میں بہت حصہ دنیا کا ہوتا ہے اور اس فکر میں ہوتے ہیں کہ یہ کرو وہ کرو اور وقت مؤجل آپہنچتا ہے۔ خدا ایسا نہیں کہ کسی کو ضائع کرے۔[2] یہ اعتراض کہ ہمارے املاک تباہ ہو جاویں گے غلط ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ابوبکرؓ وغیرہ کے املاک ہی کیا تھے؟ ایک ایک دو دو سو یا کچھ زیادہ روپیہ کسی کے پاس ہوگا مگر اس[3] کا اجر اُن کو یہ ملا کہ

---

[1] صحابہؓ کے اخلاص کا ذکر الحکم میں ان الفاظ میں ہے:۔ "صحابہ کرامؓ کے حالات کو دیکھ کر اور سُنکر تعجب آتا ہے کہ انہوں نے نہ گرمی دیکھی نہ سردی نہ عزت اور نہ آبرو۔ سب دنیوی فخر وناز رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خاطر خاک میں ملا دیا۔ ہر ایک ذلت آپ کی نافرمانبرداری میں اور ہر ایک عزت آپ کی اطاعت میں ہی دیکھی۔ بھیڑ و بکری کی طرح آپ کے لئے اللہ تعالےٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ذبح ہو گئے۔ کوئی قوم کوئی مذہب دنیا میں ہے جو سچی قربانی کی مثال صحابہؓ سے بڑھ کر دکھا سکے؟ جان دے کر سچا اخلاص دکھانا اسی کو کہتے ہیں۔ اُن کے نفس بالکل کدورت دنیا سے پاک ہو چکے تھے۔ جیسے کوئی گھر سے نکل کر ڈیوڑھی پر کھڑا ہو کر سفر کے لئے تیار ہوتا ہے ویسے ہی وہ دنیا کو چھوڑ کر آخرت کے واسطے تیار رہتے۔" (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۴ مورخہ ۲۴ر جون ۱۹۰۳ء)

[2] (الحکم سے)۔ "جو لوگ اللہ کے لئے کچھ کھوتے ہیں وہ اس سے کہیں زیادہ پا لیتے ہیں۔" (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۵)

[3] حاشیہ (الحکم سے)۔ "مگر چونکہ انہوں نے پورے اخلاص سے اپنے اتنے کچھ اندوختہ کو راہ مولا

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

خدا تعالیٰ نے بادشاہ کر دیا اور قیصر و کسریٰ کے وارث ہو گئے مگر خدا تعالیٰ کی غیرت یہ نہیں چاہتی کہ کچھ حصہ خدا کا ہو اور کچھ شیطان کا اور توحید کی حقیقت بھی یہی ہے کہ غیر از خدا کا کچھ بھی حصہ نہ ہو۔ توحید کا اختیار کرنا تو ایک مرنا ہے لیکن اصل میں یہ مرنا ہی زندہ ہونا ہے۔

مومن جب توبہ کرتا ہے اور نفس کو پاک صاف کرتا ہے تو خوف ہوتا ہے کہ میں تو جہنم میں جا رہا ہوں کیونکہ تکالیف کا سامنا ہوتا ہے مگر خدا تعالیٰ اُسے ہر طرح سے محفوظ رکھتا ہے۔ یہ موت مختلف طریق سے مومنوں پر وارد ہوتی ہے کسی کو لڑائی سے کسی کو کسی طرح سے۔[له] جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جنگ نہ کی تو آپ کو لڑکے کی قربانی کرنی پڑی۔

یہ بات قابل افسوس ہے کہ خدا پر امید رکھے اور ایک اور بھی حصہ دار ہو۔ قرآن میں بھی لکھا ہے کہ حصہ سے خدا راضی نہیں ہوتا بلکہ فرماتا ہے کہ حصہ داری سے جو حصہ انہوں نے خدا کا کیا ہوتا ہے وہ بھی خدا انہی کا کر دیتا ہے۔ کیونکہ غیرت احدیت حصہ داری کو پسند نہیں کرتی۔ یہی وجہ ہے کہ انبیاء باوجود غریب، یتیم اور بیکس اور بلا اسباب ہونے کے اور پھر بموجب قانون دنیا کے بے ہنر ہونے کے آگے سے آگے قدم بڑھاتے ہیں اور یہ سب سے پہلا ثبوت خدا تعالیٰ کی خدائی کا ہے۔[له] اسی لئے اُن کے مخالف حیران ہو جاتے

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ:۔ میں قربان کیا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کے اجر میں قیصر و کسریٰ کے خزائن کا مالک کر دیا۔ سب کچھ کامل ایمان اور سچے اخلاص سے ملتا ہے۔" (الحکم جلد ۱۱ نمبر ۳ صفحہ)

له الحکم میں یہ عبارت یوں ہے:۔ "اللہ تعالیٰ ہر ایک مومن پر طرح طرح کے ابتلا اور آزمائش لاتا ہے۔ کسی کو جنگ میں آزمانے سے، کسی کو روپیہ پیسہ سے، کسی کو بیٹے کے قربان کرنے سے جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔" (الحکم بحوالہ ایضاً)

له الحکم سے:۔ "انبیا کی زندگی کے واقعات صاف بتلا رہے ہیں کہ آپ کیسے آگے سے آگے قدم بڑھاتے رہے حالانکہ اُن کے دشمن ہر آن اُن کی ذلت و رسوائی سے ناکامیابی کے دل سے خواہاں اور امید کرنے والے تھے۔ مگر غیرت الٰہی نے اُن کو باوجود ایسی تمام روکاوٹوں

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

ہیں۔ کبھی کچھ کہتے ہیں کبھی کچھ۔ جو شخص بڑا جاہل اور ان کے تقدس سے بےخبر ہوتا ہے۔ وہ بھی کم از کم اُن کی دانائی کا قائل ہوتا ہے جیسے عیسائی لوگ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیاں پُوری ہوتی دیکھ کر کہتے ہیں کہ وہ بہت دانا آدمی تھا۔

طاعون کا علاج

طاعون کے علاج کی نسبت فرمایا کہ

بجز اس کے کہ توبہ ہو اور سب تجاویز جو اس کے علاج کے لئے سوچی جاویں خدا کے ساتھ مقابلہ ہے۔ کوئی تجویز ہو ناکافی ہے جب تک خدا سے صُلح نہ ہو۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۲ صفحہ ۱۷۰ مورخہ ۱۹ر جُون ۱۹۰۳ء)

۱۱ر جون ۱۹۰۳ء

مجلس قبل از عشاء

صاحبِ شریعت اور صاحبِ عرفان

فرمایا کہ

درحقیقت خدا تعالیٰ نے تنگی کسی بات میں نہیں رکھی۔ جوئندہ یابندہ ہوتا ہے۔[1]

فرمایا کہ

دو شخص برابر نہیں ہو سکتے۔ ایک وہ جو حقیقت پر پہنچتا ہے اور ایک وہ جو معرفت

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ:۔ کے ہر ہر موقعہ پر ہر ہر میدان میں فتح و نصرت عطا کی۔ الغرض فتح و کشود کاری کی کلید توکل و توحید ہے۔" (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۵)

[1] الحکم میں یُوں ہے۔ "اللہ تعالیٰ کسی کی سعی کو ضائع نہیں کرتا۔ جوئندہ یابندہ" (الحکم حوالہ ایضاً)

تک[1]۔ جیسے رؤیت اور سماع برابر نہیں ہو سکتے ویسے ہی یہ بھی برابر نہیں ہے۔ جو عارف ہے اور نمونہ قدرت دیکھ چکا ہے اور ایک دوسرا جس کے پاس کوئی نظیر نہیں کہ جسے پیش کر سکے، صرف ظنی امور پاس ہیں وہ کیسے برابر ہوں۔

ایک ہندو کا ذکر ہوا کہ وہ کہتا ہے کہ سب مذہب نجات یافتہ ہیں۔ اور آپ مسیح بھی سچے ہیں۔ وہ اپنے خیال کی تائید میں یہ شعر پیش کرتا ہے۔

؎ ذات پات نہ پُوچھے کو
جو ہر کو بھجے سو ہر کا ہو

فرمایا:-

یہ بات تو ٹھیک ہے کہ جو خدا تعالیٰ کی عبادت اور اطاعت کرے وہی اس کا ہو سکتا ہے۔ مگر اس بات کا تو پتہ ہونا چاہیئے کہ آیا خدا کو پُوج رہا ہے یا شیطان کو؟ کیا وہ کسی اور کا پجاری ہو کر خدا کا ہو سکتا ہے؟ اس لئے اوّل خدا کی صفات کا علم ہونا ضروری ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۲ صفحہ ۱۷۰ مورخہ ۱۹ جون ۱۹۰۳ء)

---

۱۲ جون ۱۹۰۳ء

مجلس قبل از عشاء

موسیٰ کا خضر پر قتلِ نفس پر اعتراض کرنا کیوں درست نہ تھا؟

سوال۔ ایک صاحب نے سوال کیا کہ توریت میں حکم تھا کہ کوئی نفس بلا کسی نفس کے بدلہ قتل نہ کیا جائے تو پھر خضر علیہ السلام نے کیوں اس جان کو قتل کیا اور موسیٰ علیہ السلام نے

---

[1] الحکم میں یہ عبارت یوں ہے:۔ "صاحب شریعت اور صاحب عرفان دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔"
(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۵)

جو اس پر سوال کیا تو اُسے کیوں خلاف ادب جانا گیا؟ موسیٰ علیہ السلام نے تورات کی رُو سے سوال کیا تھا۔[1]

جواب۔ فرمایا:۔

من قتل نفساً بغیر نفسٍ* کے ساتھ آگے او فساد فی الارض* بھی لکھا ہے۔ فساد کا لفظ وسیع ہے۔ جو شئی کسی زمانہ میں فساد کا موجب ہو سکتی ہے وہ آئندہ زمانہ میں قتل نفس کا موجب بھی ہو سکتی ہے۔ حشرات الارض کو ہم دیکھتے ہیں کہ سینکڑوں ہزاروں روز مارے جاتے ہیں اس لئے کہ وہ کسی کی ایذا کا موجب نہ ہوں۔ چنانچہ لکھا ہے کہ قتل الموذی قبل الایذاء۔ تو ہر ایک موذی شئے کا قتل اس کے ایذا دینے سے قبل جائز ہوتا ہے۔ حالانکہ اس مُوذی نے ابھی کوئی قتل وغیرہ کیا نہیں ہوتا۔[2] شریعت اور الہامی اور کشفی امور الگ الگ ہیں۔ اس لئے اُن کو شریعت کے ظاہری الفاظ کے تابع نہ کرنا چاہیئے۔ وحی الٰہی کا معاملہ ہی اور ہوتا ہے اس کی ایک دو نظیریں نہیں بلکہ ہزارہا نظائر ہیں۔ بعض وقت ایک ملہم کو الہام کی رُو سے ایسے احکام بتلائے جاتے ہیں کہ شریعت کی رُو سے اُن کی بجا آوری درست نہیں ہوتی۔ مگر جسے بتلائے جاتے ہیں اُسے اُن کا بجا لانا فرض ہوتا ہے اور عدم بجا آوری میں اُسے موت نظر آتی ہے اور سخت گناہ ہوتا ہے حالانکہ شریعت اُسے گناہ قرار ہی نہیں دیتی۔ یہ تمام باتیں من لدنا علماً کے ماتحت ہوتی ہیں۔ ایک جاہل تو اُن کو شریعت کے مخالف قرار دے گا اور اعتراض کرے گا مگر وہ اس کی بیوقوفی ہوگی۔ وہ بھی اصل میں ایک شریعت ہی ہے۔[3] جب

---

[1] حاشیہ الحکم میں ہے:۔ ”حالانکہ موسیٰ علیہ السلام بلحاظ شریعت منزلہ حق پر تھے۔“ (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۵)

[2] الحکم میں ہے:۔ ”قانون قدرت ہمیں اس قانون کے رواج کا نشان دیتا ہے۔ قرآن کریم اور دیگر کسی شریعت آسمانی نے بھی یہی جائز رکھا اور عقل انسانی بھی اس قتل حفظ ماتقدم کے لئے سبق دیتی ہے۔“ (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۵)

[3] حاشیہ۔ الحکم میں ہے:۔ ”دراصل اہل باطن کے لئے وہ بھی ایک شریعت ہوتی ہے۔ جس کی

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

* المائدۃ: ۳۳

سے دنیا چلی آئی ہے یہ دونو باتیں ساتھ ساتھ چلی آتی ہیں یعنی ایک تو ظاہر شریعت[1] جو کہ دنیا کے امور کے واسطے ہوتی ہے اور ایک وہ امور جو کہ از روئے کشف و الہام کے ایک مامور پر نازل ہوتے ہیں۔ اور اُسے حکم ہوتا ہے کہ یہ کرو بظاہر گو وہ شریعت کے مخالف ہو مگر اصل میں بالکل مخالف نہیں ہوتا۔ مثلاً دیکھ لو کہ از روئے شریعت تو دیدہ دانستہ اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالنا منع ہے۔ ولاتلقوا بایدیکم الی التھلکۃ[2]۔ مگر ایک شخص کو حکم کہ تو دریا میں جا

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ۔ بجا آوری ان پر فرض ہوتی ہے۔" (الحکم جلد، نمبر ۲۳ صفحہ ۱۵)

[1] الحکم سے۔ "شریعت ظاہری وہ ہے کہ جس میں امور دنیا کا پورا پورا انصرام اہتمام کیا گیا ہے تا کہ اس کے انتظام میں بلحاظ ظاہر کے کوئی بات خلاف طریق ظاہر نہ ہو۔ شریعت باطنی وہ ہے کہ بعض امور ظاہری جو بادی النظر میں کامل طور پر ظہور پذیر نہیں ہو سکتے الہام و کشوف سے ظاہر اور رواج دیئے جاتے ہیں۔ شریعت ظاہری کی طرح اہل کشف پر احکام نازل ہوتے ہیں جو بعض امور کے حقائق پر مشتمل ہوتے ہیں اور جب ملہم اُن کی بجا آوری میں بدل و جان کوشش نہ کرے ممکن نہیں کہ اندرونی اصلاح کما حقہ تحقیقاً ہو سکے اور یہ امور جو اہل کشف پر نازل ہوتے ہیں۔ شریعت کے درا صل مخالف نہیں ہوتے بلکہ بعض حقائق کی تکمیل ہوتی ہے مثلاً کہا جاتا ہے کہ ولاتلقوا بایدیکم الی التھلکۃ[2] جان بوجھ کر اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔ مگر ایک شخص کو حکم ہوتا ہے کہ تو اپنے بچے کو دریا میں ڈال دے جیسے حضرت موسیٰؑ کی ماں کو حکم ہوا۔ یا دریا چیر کر نکل جا جیسے خود موسیٰ علیہ السلام کو یا مثلاً حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کہ اپنے بیٹے کو ذبح کر اور آپ کرنے لگ گئے۔ یہ امور شریعت سے وراء الوریٰ ہوتے ہیں جن کو اہلِ حق ہی سمجھتے ہیں اور وہی اُن کو بجا لاتے ہیں۔"

(الحکم جلد ، نمبر ۲۳ صفحہ ۱۵ مورخہ ۲۴ر جون ۱۹۰۳ء)

[2] البقرۃ: ۱۹۶

اور چیر کر نکل جا۔ تو کیا وہ اس کی نافرمانی کرے گا؟ بھلا بتاؤ تو سہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا عمل کہ بیٹے کو ذبح کرنے لگ گئے کونسا شریعت کے مطابق تھا؟ کہ یہ کہیں شریعت میں لکھا ہے کہ خواب آوے تو سچ مچ بیٹے کو اٹھا کر ذبح کرنے لگ جاوے؟ مگر وہ ایسا عمل تھا کہ ان کے قلب نے اسے قبول کر کے تعمیل کی۔ پھر دیکھو۔ موسیٰ کی ماں تو نبی بھی نہ تھی مگر اُس نے خواب کی رُو سے مُوسیٰ کو دریا میں ڈال دیا۔ شریعت کب اجازت دیتی ہے کہ اس طرح ایک بچّہ کو پانی میں پھینک دیا جاوے۔ بعض امور شریعت سے وراء الوریٰ ہوتے ہیں اور وہ اہل حق سمجھتے ہیں جو کہ خاص نسبت خدا تعالےٰ سے رکھتے ہیں اور وہی ان کو بجا لاتے ہیں۔ ورنہ اس طرح تو خدا تعالےٰ پر اعتراض ہوتا ہے کہ وہ لغو امور کا حکم کرتا ہے حالانکہ خدا تعالےٰ کی ذات اس سے پاک ہے۔ اس کا بستر وہی جانتے ہیں جو خدا تعالیٰ سے خاص تعلق رکھتے ہیں۔ ایسے امور میں جلد بازی سے کام نہ لینا چاہیئے۔ خدا تعالیٰ نے یہ قصے اس لئے درج کئے ہیں کہ انسان ادب سیکھے۔ ایک مرید کا ادب اپنے مرشد کے ساتھ یہ بھی ہے کہ اس پر اعتراض نہ کیا جاوے اور اس کے افعال اعمال میں اعتراض کرنے میں مستعجل نہ ہو۔ جو علم خدا نے اُسے (مرشد کو) دیا ہوتا ہے اس کی اسے خبر ہی نہیں ہوتی۔ ورنہ اس طرح کی مخالفت کرنے سے کہیں سلب ایمان کی نوبت نہ آ جاوے۔

شریعت کا ایک رنگ ظاہر پر ہے اور ایک محبت الٰہیہ پر ہے کہ جن سے خدا تعالیٰ کے خاص تعلق ہوتے ہیں ان پر کشف ہوتے ہیں۔ ایسے امور اُن سے صادر ہوتے ہیں کہ لوگوں کو اعتراض کا موقع ملتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام پر اعتراض کیا کہ جبشن کیوں کی؟ آخر اس حرکت سے خدا کا غضب ان پر شروع ہوا۔ اور جذام کے آثار نمودار ہوئے۔ دُوسرے گناہوں میں تو عذاب دیر سے آتا ہے مگر ان میں فوراً شروع ہو جاتا ہے۔

سائل نے عرض کیا کہ موسےٰ علیہ السلام نے پھر کیوں جرأت کی حالانکہ وہ نبی تھے؟

فرمایا کہ

اسی لئے تو یہ قصہ لکھا ہے کہ وہ نبی تھا اور تم تو امتی ہو۔ تم کو اور بھی ڈر کر قدم رکھنا چاہیئے۔ یہ اس طرح کے امور ہوتے ہیں کہ ظاہری شریعت کو منسوخ کر دیتے ہیں۔[۱] مولانا رُوم نے ایسی ہی ایک حکایت لکھی ہے کہ ایک طبیب نے ایک کنیز کو ایسے طریق سے ہلاک کر دیا کہ پتہ نہ لگا۔ مسہل وغیرہ ایسی ادویہ دیتا رہا کہ وہ کمزور ہو ہو کر مَر گئی۔ تو پھر اس پر لکھا ہے کہ اس پر قتل کا جُرم نہ ہوگا[۲] کیونکہ وہ تو مامور تھا۔ اس نے اپنے نفس سے اُسے قتل نہیں کیا بلکہ امر سے کیا۔

اسی طرح ملک الموت جو خدا جانے کس قدر جانیں روز ہلاک کرتا ہے کیا اس پر مقدمہ ہو سکتا ہے؟ وہ تو مامور ہے۔ اسی طرح ابدال بھی ملائکہ کے رنگ میں ہوتے ہیں۔ خدا ان سے کئی خدمات لیتا ہے پیمانۂ شریعت سے ہر ایک امر کو ناپنا غلطی ہوتی ہے[۳]

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۲ صفحہ ۱۷۰-۱۷۱ مورخہ ۱۹ جون ۱۹۰۳ء)

---

[۱] الحکم میں یہ عبارت یوں ہے:۔ " اس سوال کا جواب کہ موسیٰ علیہ السلام نے کیوں جرأت کی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک عظیم الشان ادب اسرار الٰہی کے دریافت کرنے میں ایک عظیم الشان نبی کے ذریعہ سکھایا کہ جب وہ نبی صاحبِ شریعت باوجود عالی مرتبہ ہونے کے اسرار الٰہی میں ادب کی طرف راہبر کئے گئے تو تم امتی ہو کر بہت ڈر کر قدم رکھو۔ یہ ایسے امور ہیں کہ ظاہری شریعت کو تو منسوخ کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں مگر دراصل وہ شریعت کے اسرار ہوتے ہیں جن کی کُنہہ دراز کو معلوم کرنا انسان کا کام نہیں جبتک کہ وہ علام الغیوب اپنے فضل وکرم سے خود مطلع نہ کرے۔" (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۵-۱۶)

[۲] حاشیہ۔ الحکم سے۔ " واجب القتل نہ ٹھہرا اور نہ قصاص لازم آیا اس لئے کہ وہ مامور تھا"

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۶)

[۳] حاشیہ۔ الحکم میں ہے۔ "پیمانہ شریعت ظاہری سے ہر ایک امر کو ناپنا غلطی ہے۔" (حوالہ مذکورہ بالا)

۱۴ ؍جون ۱۹۰۳ء

دربارِ شام

بعض افرادِ جماعت اور صحابہؓ

فرمایا :-

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ کو اگر دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ بڑے سیدھے سادے تھے۔ جیسے کہ ایک برتن قلعی کرا کر صاف اور ستھرا ہو جاتا ہے ایسے ہی ان لوگوں کے دل تھے جو کلامِ الٰہی کے انوار سے روشن اور کدورتِ نفسانی کے زنگ سے بالکل صاف تھے گویا قد افلح من زکّٰھا٭ کے سچے مصداق تھے۔[1]

مجھے خوب معلوم ہے کہ ابھی تک ہماری جماعت میں سے کثرت سے ایسے لوگ بھی ہیں جو خیال کرتے ہیں کہ اگر ہماری دنیا کو کسی طرح سے کوئی جنبش آئی تو ہم کدھر جائیں گے مگر تعجب تو یہ ہے کہ ایک طرف تو ہمارے ہاتھ پر اقرار کرتے ہیں کہ ہم دنیا پر دین کو مقدم سمجھیں گے اور دوسری طرف دنیا و مافیہا میں ایسے پھنسے ہوئے ہیں کہ دنیا کی خاطر ہر ایک دینی نقصان برداشت کرنا گوارا کرتے ہیں۔ ذرا سا کوئی کنبہ میں بیمار ہو جاوے یا بیل بکری ہی مر جاوے تو جھٹ بول اُٹھتے ہیں کہ ہیں یہ کیا ہوا؟ ہم تو مرزا صاحب کے مُرید تھے۔

---

[1] البدر سے :- " جب ایک برتن کو مانجھ کر صاف کر دیا جاتا ہے پھر اس پر قلعی ہوتی ہے اور پھر نفیس اور مصفّا کھانا اس میں ڈالا جاتا ہے۔ یہی حالت ان کی تھی ۔ اگر انسان اسی طرح صاف ہو اور اپنے آپ کو قلعی دار برتن کی طرح منوّر کرے تو خدا تعالیٰ کے انعامات کا کھانا اس میں ڈال دیا جاوے۔ لیکن اب کس قدر انسان ہیں جو ایسے ہیں اور قد افلح من زکّٰھا٭ کے مصداق ہیں "

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۷۷ مورخہ ۲۶ جون ۱۹۰۳ء)

٭ الشمس : ۱۰

ہمارے ساتھ کیوں یہ حادثہ ہوا ؟[1] حالانکہ یہ خیال ان کا خام ہے۔ وہ اس سچے رشتہ سے جو اللہ تعالیٰ سے باندھنا چاہیئے ناواقف ہیں۔ برکات الٰہی انسان پر اس وقت نازل ہوتے ہیں جب خدا تعالیٰ سے مضبوط رشتہ باندھا جاوے۔ جیسے رشتہ داروں کو آپس میں رشتہ کا پاس ہوتا ہے ویسے ہی اللہ تعالیٰ کو اپنے بندہ کے رشتہ کا جو اس پاک ذات کے ساتھ ہے سخت پاس ہوتا ہے۔ وہ مولا کریم اس کے لئے غیرت کھاتا ہے اور اگر کوئی دُکھ یا مصیبت اس کو پہنچتی ہے تو وہ بندہ اپنے لئے راحت جانتا ہے۔[2]

الغرض کوئی دکھ اس رشتہ کو توڑتا نہیں اور نہ کوئی سُکھ اس کو دوبالا کرتا ہے۔ ایک سچا تعلق و حقیقی عشق عبد و معبود میں قائم ہو جاتا ہے اگر ہماری جماعت میں چالیس آدمی بھی ایسے مضبوط رشتہ کے جو رنج و راحت، عُسر و یُسر میں خدا تعالیٰ کی رضا کو مقدم کریں، ہوں تو ہم جان لیں کہ ہم جس مطلب کے لئے آئے تھے وہ پورا ہو چکا اور جو کچھ کرنا تھا وہ کر لیا۔ کیسی سوچنے کی بات ہے کہ صحابہ کرامؓ کے تعلقات بھی تو آخر دنیا سے تھے ہی۔ جائدادیں تھیں، مال تھا، زر تھا۔ مگر اُن کی زندگی پر کس قدر انقلاب آیا کہ سب کے سب ایک ہی دفعہ دستبردار ہو گئے اور فیصلہ کر لیا کہ اِنَّ صلوٰتی و نسکی و محیای و مماتی للہ ربّ العالمین۔[3] ہمارا سب کچھ اللہ ہی کے لئے ہے۔ اگر اس قسم کے لوگ ہم میں ہو جاویں تو کونسی آسمانی برکت اس سے بزرگ تر ہے؟

---

[1] البدر میں ہے۔ "اگر کوئی طاعون سے مر جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ وہ تو مرید تھا وہ کیوں مرا؟ اب دیکھ لو کہ اس زمانہ میں اور اس زمانہ میں کس قدر فرق ہے۔"
(البدر جلد ۲ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۷۷ مورخہ ۲۶ جون ۱۹۰۳ء)

[2] البدر میں ہے۔ "اس میں شک نہیں کہ دنیا ایسا ہی مقام ہے کہ انسان کو اُس میں دکھ اور مصیبت پیش آتی ہے۔ مگر اُن کا تعلق خدا تعالیٰ سے ایسا ہوتا ہے کہ اس دکھ اور مصیبت میں ایک راحت نظر آتی ہے۔" (البدر بحوالہ مذکور)

[3] الانعام : ۱۶۳

بیعت کرنا صرف زبانی اقرار ہی نہیں بلکہ یہ تو اپنے آپ کو فروخت کر دینا ہے خواہ ذلت ہو نقصان ہو۔ کچھ ہی کیوں نہ ہو کسی کی پروا نہ کی جاوے۔ مگر دیکھو اب کس قدر ایسے لوگ ہیں جو اپنے اقرار کو پورا کرتے ہیں بلکہ خدا تعالےٰ کو آزمانا چاہتے ہیں۔ بس یہی سمجھ رکھا ہے کہ اب ہمیں مطلقاً کسی قسم کی تکلیف نہیں ہونی چاہیئے اور ایک پُر امن زندگی بسر ہو حالانکہ انبیاء اور قطبوں پر مصائب آئے اور وہ ثابت قدم رہے مگر یہ ہیں کہ ہر ایک تکلیف سے محفوظ رہنا چاہتے ہیں۔ بیعت کیا ہوئی گویا خدا تعالےٰ کو رشوت دینی ہوئی۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے اَحسب النّاس ان یترکوا ان یقولوا اٰمنّا وھم لا یفتنون۔* یعنی کیا یہ لوگ گمان کرتے ہیں کہ یہ فقط کلمہ پڑھ لینے پر ہی چھوڑ دیئے جاویں گے اور ان کو ابتلاؤں میں نہیں ڈالا جاوے گا۔ پھر یہ لوگ بلاؤں سے کیسے بچ سکتے ہیں۔ ہر ایک شخص کو جو ہمارے ہاتھ پر بیعت کرتا ہے جان لینا چاہیئے کہ جب تک آخرت کے سرمائے کا فکر نہ کیا جاوے کچھ نہ بنے گا اور یہ ٹھیکہ کرنا کہ ملک الموت میرے پاس نہ پھٹکے، میرے کنبے کا نقصان نہ ہو، میرے مال کا بال بیکا نہ ہو، ٹھیک نہیں ہے۔ خود شرط وفا دکھلاوے اور ثابت قدمی و صدق سے مستقل رہے۔ اللہ تعالےٰ مخفی راہوں سے اس کی رعایت کرے گا۔ اور ہر ایک قدم پر ان کا مددگار بن جاوے گا۔

انسان کو صرف پنجگانہ نماز اور روزوں وغیرہ احکام کی ظاہری بجا آوری پر ہی ناز نہیں کرنا چاہیئے کہ نماز پڑھنی تھی پڑھ لی، روزے رکھنے تھے رکھ لئے، زکوٰۃ دینی تھی دے دی۔ وغیرہ۔ نوافل ہمیشہ نیک اعمال کے متمم و مکمل ہوتے ہیں اور یہی ترقیات کا موجب ہوتا ہے۔ مومن کی تعریف یہ ہے کہ خیرات و صدقہ وغیرہ جو خدا نے اس پر فرض ٹھہرایا ہے بجالاوے[1]

---

[1] البدر میں یُوں لکھا ہے:۔ "مومن کی تعریف یہ ہے کہ خیرات و صدقہ وغیرہ جو کہ خدا نے اس پر فرض تو نہیں کئے مگر وہ اپنی ذاتی محبت سے ان کو بجا لاتا ہے اس وقت اس کا ایک خاص تعلق خدا سے ہوتا ہے۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۲۴ صفحہ ۱۸۸)

* العنکبوت: ۳

اور ہر ایک کارِ خیر کے کرنے میں اس کو ذاتی محبت ہو اور کسی تصنع و نمائش دنیا کو اس میں دخل نہ ہو۔ یہ حالت مومن کی اس کے سچے اخلاص اور تعلق کو ظاہر کرتی ہے اور ایک سچا اور مضبوط رشتہ اس کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ پیدا کر دیتی ہے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ اُس کی زبان ہو جاتا ہے جس سے وہ بولتا ہے اور اس کے کان ہو جاتا ہے جس سے وہ سنتا ہے اور اس کے ہاتھ ہو جاتا ہے جس سے وہ کام کرتا ہے۔ الغرض ہر ایک فعل اُس کا اور ہر ایک حرکت سکون اس کا اللہ ہی کا ہوتا ہے۔ اس وقت جو اس سے دشمنی کرتا ہے اور پھر فرماتا ہے کہ میں کسی بات میں اس قدر تردد نہیں کرتا جس قدر کہ اس کی موت میں۔

قرآن شریف میں لکھا ہے کہ مومن اور غیر مومن میں ہمیشہ فرق رکھ دیا جاتا ہے[1]۔ غلام کو چاہیئے کہ ہر وقت رضاء الٰہی کو ماننے اور ہر ایک رضا کے سامنے سر تسلیم خم کرنے میں دریغ نہ کرے۔ کون ہے جو عبودیت سے انکار کر کے خدا کو اپنا محکوم بنانا چاہتا ہے؟

تعلقاتِ الٰہی ہمیشہ پاک بندوں سے ہوا کرتے ہیں جیسا کہ فرمایا ہے۔ ابراھیم الذی وفّٰی[2] لوگوں پر ہو احسان کرے ہرگز نہ جتلاوے۔ جو ابراہیم کے صفات رکھتا ہے ابراہیم بن سکتا ہے۔ ہر ایک گناہ بخشنے کے قابل ہے مگر اللہ تعالیٰ کے سوا اور کو معبود و کارساز جاننا ایک ناقابلِ عفو گناہ ہے۔ ان الشرک لظلم عظیم[3]۔ لایغفر ان یشرک بہ[4]۔ یہاں شرک سے یہی مراد نہیں کہ پتھروں وغیرہ کی پرستش کی جاوے بلکہ یہ ایک شرک ہے کہ اسباب کی پرستش کی جاوے اور معبوداتِ دنیا پر زور ※

[1] البدر میں ہے:- "قرآن شریف میں بھی لکھا ہے کہ مومن اور غیر مومن میں ہمیشہ فرقان ہوتا ہے مگر ایک کمبخت جلد باز خدا کے فرقان کو پسند نہیں کرتا بلکہ نفس کے فرقان کو پسند کرتا ہے۔ غلام کا کام یہ ہے کہ وہ ہر وقت عبودیت کے لئے تیار رہے اور کسی مصیبت کی پرواہ نہ کرے مگر ایک پاجی سرکش عبودیت سے تو انکار کرتا ہے اور خدا کو اپنا محکوم بنانا چاہتا ہے۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۷۸)

※ الحکم میں ایسا ہی درج ہے مگر دراصل یہ لفظ مجوبات معلوم ہوتا ہے چنانچہ البدر میں بھی محجوبات ہی لکھا ہے (مصحح)

[2] النجم: ۳۸ [3] لقمان: ۱۴ [4] النساء: ۴۹

دیا جاوے اسی کا نام شرک ہے۔

اور معاصی کی مثال تو حقّہ کی سی ہے کہ اس کے چھوڑ دینے سے کوئی دقت و مشکل کی بات نظر نہیں آتی مگر شرک کی مثال افیم کی ہے کہ وہ عادت ہو جاتی ہے جس کا چھوڑنا محال ہے۔ بعض کا یہ خیال بھی ہوگا کہ انقطاع الی اللہ کر کے تباہ ہو جاویں ؟ مگر یہ سراسر شیطانی وسوسہ ہے۔ اللہ کی راہ میں برباد ہونا آباد ہونا ہے۔ اس کی راہ میں مارا جانا زندہ ہونا ہے۔ کیا دنیا میں ایسی کم مثالیں اور نظیریں ہیں کہ جو لوگ اس کی راہ میں قتل کئے گئے۔ ہلاک کئے گئے ان کے زندہ جاوید ہونے کا ثبوت ذرہ ذرہ زمین میں ملتا ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ہی دیکھ لو کہ سب سے زیادہ اللہ کی راہ میں برباد کیا اور سب سے زیادہ دیا گیا چنانچہ تاریخ اسلام میں پہلا خلیفہ حضرت ابوبکر ہی ہوا۔[1]

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۴ صفحہ ۱۰، ۱۱ مورخہ ۳۰ جون ۱۹۰۳ء)

---

۱۵ جون ۱۹۰۳ء

مجلس قبل از عشاء

چھوٹی باتوں پر طلاق اور اس پر اظہار ناراضگی

بارہا دیکھا گیا ہے اور تجربہ کیا گیا ہے کہ جب کوئی شخص خفیف عذرات پر عورت سے قطع تعلق کرنا چاہتا ہے تو یہ امر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ملال کا موجب ہوتا ہے۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص سفر میں تھا۔ اس نے اپنی بیوی کو لکھا کہ اگر وہ بدیدن خط اس کی طرف روانہ نہ ہوگی تو اُسے طلاق دے دی جاوے گی۔

---

[1] البدر کے الفاظ یہ ہیں :۔ " بہت کا یہ بھی خیال ہوگا کہ کیا ہم انقطاع الی اللہ کر کے اپنے آپ کو تباہ کر لیویں ؟ مگر یہ ان کو دھوکا ہے کوئی تباہ نہیں ہوگا۔ حضرت ابوبکرؓ کو دیکھو لو۔ اُس نے سب کچھ چھوڑا پھر وہی سب سے اوّل تخت پر بیٹھا۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۷۸)

سُنا گیا ہے کہ اس پر حضرت اقدس علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ

"جو شخص اس قدر جلدی قطع تعلق کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے تو ہم کیسے امید کر سکتے ہیں کہ ہمارے ساتھ اس کا پکا تعلق ہے۔"

ایسا ہی ایک واقعہ اب چند دنوں سے پیش تھا کہ ایک صاحب نے اوّل بڑی چاہ سے ایک شریف لڑکی کے ساتھ نکاح ثانی کیا مگر بعد ازاں بہت خفیف عذر پر دس ماہ کے اندر ہی انہوں نے چاہا کہ اس سے قطع تعلق کر لیا جاوے۔ اس پر حضرت اقدس علیہ السلام کو بہت سخت ملال ہوا اور فرمایا کہ

مجھے اس قدر غصہ ہے کہ میں اسے برداشت نہیں کر سکتا اور ہماری جماعت میں ہو کر پھر یہ ظالمانہ طریق اختیار کرنا سخت عیب کی بات ہے۔

چنانچہ دوسرے دن پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ فیصلہ صادر فرمایا کہ

وہ صاحب اپنی نئی یعنی دوسری بیوی کو علیحدہ مکان میں رکھیں جو کچھ زوجہ اول کو دیویں وہی اسے دیویں۔ ایک شب اُدھر رہیں تو ایک شب اِدھر رہیں اور دوسری عورت کوئی لونڈی غلام نہیں ہے بلکہ بیوی ہے اُسے زوجہ اوّل کا دستِ نگر کر کے نہ رکھا جاوے۔

ایسا ہی ایک واقعہ اس سے پیشتر کئی سال ہوئے گذر چکا ہے کہ ایک صاحب نے حصولِ اولاد کی نیت سے نکاح ثانی کیا اور بعد نکاح رقابت کے خیال سے زوجہ اول کو جو صدمہ ہوا۔ اور نیز خانگی تنازعات نے ترقی پکڑی تو اُنہوں نے گھبرا کر زوجہ ثانی کو طلاق دے دی۔ اس پر حضرت اقدس نے ناراضگی ظاہر فرمائی۔ چنانچہ اس خاوند نے پھر اس زوجہ کی طرف رجوع کیا اور وہ بیچاری بفضل خدا اس دن سے اب تک اپنے گھر میں آباد ہے۔

گرمی کا موسم اور اشتیاق زیارت اور کلام کے سُننے میں احباب کے مل مل کر بیٹھنے پر حضرت اقدس نے فرمایا کہ

خدا تعالےٰ مکان کو وسیع کر دیوے تو یہ شکایت رفع ہو۔ ہر ایک شخص تقاضائے محبت سے آگے آتا ہے اور جگہ ہوتی نہیں۔

عبودیت کا سر اور استغفار

چند ایک احباب نے بیعت کی۔ اس پر حضرت اقدس نے اُن کو نصیحت فرمائی کہ

خدا تعالےٰ کا منشا ہے کہ انسان توبہ نصوح کرے اور دعا کرے کہ اس سے گناہ سرزد نہ ہو۔ نہ آخرت میں رسوا ہو نہ دنیا میں۔

جب تک انسان سمجھ کر بات نہ کرے اور تذلّل اس میں نہ ہو تو خدا تک وہ بات نہیں پہنچتی صوفیوں نے لکھا ہے کہ اگر چالیس دن گذر جاویں اور خدا کی راہ میں رونا نہ آوے تو دل سخت ہو جاتا ہے۔ تو سختی قلب کا کفارہ یہی ہے کہ انسان روو ے۔ اس کے لئے محرکات ہوتے ہیں انسان نظر ڈال کر دیکھے کہ اس نے کیا بنایا ہے اور اس کی عمر کا کیا حال ہے۔ دیگر گذشتگان پر نظر ڈالے پھر انسان کا دل لرزاں و ترساں ہوتا ہے۔

جو شخص دعویٰ سے کہتا ہے کہ میں گناہ سے بچتا ہوں وہ جھوٹا ہے۔ جہاں شیرینی ہوتی ہے وہاں چیونٹیاں ضرور آتی ہیں۔ اسی طرح نفس کے تقاضے تو ساتھ لگے ہی ہیں ان سے نجات کیا ہو سکتی ہے؟ خدا تعالیٰ کے فضل اور رحمت کا ہاتھ نہ ہو تو انسان گناہ سے نہیں بچ سکتا نہ کوئی نبی نہ ولی اور نہ اُن کے لئے یہ فخر کا مقام ہے کہ ہم سے گناہ سرزد نہیں ہوتا بلکہ وہ ہمیشہ خدا تعالےٰ کا فضل مانگتے تھے اور نبیوں کے استغفار کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کے فضل کا ہاتھ اُن پر رہے ورنہ اگر انسان اپنے نفس پر چھوڑا جاوے تو وہ ہرگز معصوم اور محفوظ نہیں ہو سکتا اللّٰھم باعد بینی وبین خطایای اور دوسری دعائیں بھی استغفار کے اسی مطلب کو بتلاتی ہیں۔ عبودیت کا سِرّ یہی ہے کہ انسان خدا کی پناہ کے نیچے اپنے آپ کو لے آوے جو خدا کی پناہ نہیں چاہتا وہ مغرور اور متکبر ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۳ صفحہ ۱۷۸ مورخہ ۲۶ جون ۱۹۰۳ء)

۱۸ جون ۱۹۰۳ء

بوقت ظہر

ہمارے مخدوم مولانا عبدالکریم صاحب جو کہ عرصہ قریباً پانچ سال سے حضرت اقدس علیہ السلام کے مبارک قدموں میں جاگزیں ہیں۔ ان کو ایک شادی کی تقریب میں شمولیت کے لئے ساتھ لے جانے کے واسطے ایک دو احباب سیالکوٹ سے تشریف لائے تھے مگر خدا تعالیٰ نے جو عشق و محبت مولوی صاحب کو حضرت اقدس کے ساتھ عطا کیا ہے وہ ایک پل کے واسطے بھی ان مبارک قدموں سے جدائی کی اجازت نہیں دیتا بلکہ اس کا اثر یہ ہے کہ جب کوئی احمدی بھائی قادیان آکر پھر رخصت طلب کرتے ہیں۔ تو مولوی صاحب کی اُن کو یہی نصیحت ہوتی ہے کہ اس مقام کو اتنی جلدی نہ چھوڑو۔ دیکھو تمہارے اوقات دنیوی کاروبار میں کس قدر گذرتے ہیں۔ اگر اس کا ایک عشر عشیر بھی تم دین کے واسطے یہاں گذارو تو تم کو پتہ لگے اور آنکھ کھُلے کہ یہاں کیا ہے جو ہمیں ایک پل کے واسطے علیحدہ نہیں ہونے دیتا۔ غرضکہ مولوی صاحب موصوف نے سیالکوٹ جانے سے انکار کیا اور وہی بات اس وقت حضرت اقدس کے سامنے پیش ہوئی۔ حضرت اقدس علیہ السلام نے فرمایا کہ

مرکزی مقام کی تقدیس

اس مقام کو خدا تعالیٰ نے امن والا بنایا ہے اور متواتر کشوف و الہامات سے ظاہر ہوا ہے کہ جو اس کے اندر داخل ہوتا ہے وہ امن میں ہوتا ہے تو اب ان ایام میں جبکہ ہر طرف ہلاکت کی ہوا چل رہی ہے اور گو کہ طاعون کا زور اب کم ہے مگر سیالکوٹ ابھی تک مطلق اس سے خالی نہیں ہے اس لئے اس جگہ کو چھوڑ کر وہاں جانا خلافِ مصلحت ہے۔

آخرکار یہ تجویز قرار پائی کہ جن صاحب کی شادی ہے وہ اور لڑکی کی طرف سے اس کا ولی ایک شخص وکیل ہوکر یہاں قادیان میں آجاویں اور یہاں نکاح ہو۔ حضرت صاحب کی دُعا بھی ہوگی اور خود مولوی صاحب کیا بلکہ حضرت اقدس علیہ السلام بھی اس تقریب نکاح میں شامل ہوجاویں گے۔

جس لڑکے کے رشتہ کی یہ تقریب تھی اس کا رشتہ اول ایک ایسی جگہ ہوا تھا جو کہ حضرت اقدس کی بیعت میں نہیں تھے اور جب یہ رشتہ قائم ہوا تھا تو اس وقت لڑکا بھی شامل بیعت نہ تھا۔ جب لڑکے نے بیعت کی تو لڑکی والوں نے اس لئے لڑکی دینے سے انکار کر دیا کہ لڑکا مرزائی ہے۔ اس ذکر پر حضرت اقدس نے فرمایا کہ

اول اول یہ لوگ ایک دوسرے کو کافر کہتے تھے۔ سُنّی وہابیوں کی اور وہابی سُنّی کی تکفیر کرتا تھا۔ مگر اب اس وقت سب نے موافقت کر لی ہے اور سارا کُفر اکٹھا کر کے گویا ہم پر ڈال دیا ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۳ صفحہ ۹ مورخہ ۲۶ جون ۱۹۰۳ء)

---

۱۹ جون ۱۹۰۳ء

ریل کی پیشگوئی قرآن شریف میں

جمعہ کی نماز سے پیشتر تھوڑی دیر حضرت اقدس علیہ السلام نے مجلس فرمائی۔ ریل وغیرہ کی ایجاد سے جو فوائد بنی نوع انسان کو پہنچے ہیں اُن کا ذکر ہوتا رہا۔ اس پر حضرت اقدس علیہ السلام نے فرمایا کہ

انسانی صنعتوں کا انحصار خدا تعالیٰ کے فضل پر ہے۔ ریل کے واسطے قرآن شریف میں دو اشارے ہیں۔

اوّل۔ اذا النّفوس زوّجت [1]

[1] التکویر: ۸

دوم - اذا العشار عُطِّلَتْ [1]

عشار حمل دار اونٹنی کو کہتے ہیں۔ حمل کا ذکر اس لئے کیا تاکہ معلوم ہو جاوے کہ قیامت کا ذکر نہیں ہے۔ صرف قرینہ کے واسطے یہ لفظ لکھا ہے ورنہ ضرورت نہ تھی۔ اگر پیشگوئیوں کا صدق اس دنیا میں نہ کھلے تو پھر اس کا فائدہ کیا ہو سکتا ہے اور ایمان کو کیا ترقی ہو؟ بیوقوف لوگ ہر ایک پیشگوئی کو صرف قیامت پر لگاتے ہیں اور جب پوچھو تو کہتے ہیں کہ اس دنیا کی نسبت کوئی پیشگوئی قرآن شریف میں نہیں ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۴ صفحہ ۱۸۵ مورخہ ۳ جولائی ۱۹۰۳ء)

---

۲۵ جون ۱۹۰۳ء

عورتوں کیلئے وعظ

رات کو بعد از نماز عشاء چند مستورات نے بیعت کی۔ حضرت اقدس نے ان کو ایک جامع وعظ فرمایا۔ جس کا جس قدر حصہ قلمبند ہوا وہ ہدیۂ ناظرین ہے۔

"اس سے مطلب یہ ہے کہ قدم قدم پر خدا تعالیٰ کی پرورش ضرور ہوتی ہے۔ دیکھو بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو کس طرح خدا تعالیٰ اس کے ناک، کان وغیرہ غرض اس کے سب اعضاء بناتا ہے اور اس کے دو ملازم مقرر کرتا ہے کہ وہ اس کی خدمت کریں۔ والدین بھی جو مہربانی کرتے ہیں اور پرورش کرتے ہیں وہ سب پرورشیں بھی خدا تعالیٰ کی پرورشیں ہوتی ہیں۔

بعض لوگ اس قسم کے ہوتے ہیں کہ وہ خدا تعالیٰ کے سوا اوروں پر بھروسہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں اگر فلاں نہ ہوتا تو میں ہلاک ہو جاتا۔ میرے ساتھ فلاں نے احسان کیا۔ وہ نہیں جانتا کہ یہ سب کچھ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ قل اعوذ برب الفلق [2] میں اس خدا کی پناہ مانگتا ہوں جس کی تمام پرورشیں ہیں۔ ربّ یعنی پرورش کنندہ وہی ہے اس کے سوا کسی کا رحم اور کسی کی پرورش نہیں ہوتی حتیٰ کہ جو ماں باپ بچے پر رحمت کرتے ہیں۔

[1] التکویر: ۵ [2] الفلق: ۲

دراصل وہ بھی اسی خدا کی پرورشیں ہیں اور بادشاہ جو رعایا سے انصاف کرتا ہے اور اُس کی پرورش کرتا ہے۔ وہ سب بھی اصل میں خدا تعالےٰ کی مہربانی ہے۔

ان تمام باتوں سے اللہ تعالےٰ یہ سکھلاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے برابر کوئی نہیں۔ سب کی پرورشیں اسی کی پرورشیں ہوتی ہیں۔ بعض لوگ بادشاہوں پر بھروسہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ فلاں نہ ہوتا تو میں تباہ ہو جاتا اور میرا فلاں کام بادشاہ نے کر دیا وغیرہ وغیرہ۔ یاد رکھو ایسا کہنے والے کافر ہوتے ہیں۔ انسان کو چاہیئے کہ کافر نہ بنے مومن بنے۔ اور مومن نہیں ہوتا جب تک کہ دل سے ایمان نہ رکھے کہ سب پرورشیں اور رحمتیں اللہ تعالےٰ کی طرف سے ہیں۔ انسان کو اس کا دوست ذرہ بھی فائدہ نہیں دے سکتا جب تک کہ خدا تعالےٰ کا رحم نہ ہو۔ اسی طرح بچے اور تمام رشتہ داروں کا حال ہے۔ اللہ تعالےٰ کا رحم ہونا ضروری ہے۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ دراصل میں ہی تمہاری پرورش کرتا ہوں۔ جب تک خدا تعالےٰ کی پرورش نہ ہو تو کوئی پرورش نہیں کر سکتا۔ دیکھو جب خدا تعالےٰ کسی کو بیمار ڈال دیتا ہے تو بعض دفعہ طبیب کتنا ہی زور لگاتے ہیں مگر وہ ہلاک ہو جاتا ہے۔ طاعون کے مرض کی طرف غور کرو۔ سب ڈاکٹر زور لگا چکے۔ مگر یہ مرض دفع نہ ہوا۔ اصل یہ ہے کہ سب بھلائیاں اسی کی طرف سے ہیں اور وہی ہے کہ جو تمام بدیوں کو دُور کرتا ہے۔

پھر فرماتا ہے الحمد للہ رب العالمین[1]۔ سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔ اور تمام پرورشیں تمام جہان پر اسی کی ہیں۔

الرحمٰن وہی ہے جس کی رحمتیں بے بدلہ ہیں مثلاً انسان کا کیا عذر تھا اگر اللہ تعالےٰ اُسے کُتا بنا دیتا تو کیا یہ کہہ سکتا تھا کہ اے اللہ تعالےٰ میرا فلاں عمل نیک تھا اس کا بدلہ تو نے نہیں دیا۔

الرحیم۔ اس کے یہ معنے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نیک عمل کے بدلہ نیک نتیجہ دیتا ہے جیسا کہ نماز پڑھنے والا۔ روزہ رکھنے والا۔ صدقہ دینے والا دُنیا میں بھی رحم پاوے گا اور

[1] الفاتحہ : ۲

آخرت میں بھی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے انّ اللّٰہ لایضیع اجر المحسنین۔[1] اور دوسری جگہ فرماتا ہے من یعمل مثقال ذرۃ خیرًا یرہٗ، ومن یعمل مثقال ذرۃ شرًا یرہٗ۔[2] یعنی اللہ تعالیٰ کسی کے اجر کو ضائع نہیں کرتا جو کوئی ذرہ سی بھی بھلائی کرتا ہے وہ اس کا بدلہ پالیتا ہے۔

ایک یہودی نے کسی شخص کو کہا کہ میں تجھے جادو سکھلا دوں گا۔ شرط یہ ہے کہ تو کوئی بھلائی نہ کرے۔ جب دنوں کی تعداد پوری ہو گئی اور جادو نہ سیکھ سکا تو یہودی نے کہا کہ تو نے ان دنوں میں ضرور کوئی بھلائی کی ہے جس کی وجہ سے تو نے جادو نہیں سیکھا۔ اُس نے کہا کہ میں نے کوئی اچھا کام نہیں کیا سوائے اس کے کہ راستہ میں سے کانٹا اُٹھایا۔ اُس نے کہا بس یہی تو ہے جس کی وجہ سے تو جادو نہ سیکھ سکا۔ تب وہ بولا۔ خدا تعالیٰ کی بڑی مہربانیاں ہیں کہ اس نے ذرہ سی نیکی کے بدلہ بڑے بھاری گناہ سے بچا لیا۔

ہمیں اس خدا تعالیٰ کی ہی پرستش کرنی چاہیئے جو کہ ذرہ سے کام کا بھی اجر دیتا ہے خدا وہ ہے کہ انسان اگر کسی کو پانی کا گھونٹ بھی دیتا ہے تو وہ اس کا بدلہ دیتا ہے۔ دیکھو ایک عورت جنگل میں جا رہی تھی رستہ میں اس نے ایک پیاسے کُتّے کو دیکھا۔ اس نے اپنے بالوں سے رسہ بنا کر کنوئیں سے پانی کھینچ کر اس کُتّے کو پلایا جس پر رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے عمل کو قبول کر لیا ہے وہ اس کے تمام گناہ بخش دے گا۔ اگرچہ وہ تمام عمر فاسقہ رہی ہے۔

ایک اور قصہ بیان کیا جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ تین آدمی پہاڑ پر پھنس گئے تھے۔ وہ اس طرح کہ انہوں نے پہاڑ کی غار میں ٹھکانا لیا تھا جبکہ ایک پتھر سامنے سے آگرا اور راستہ بند کر لیا۔ تب ان تینوں نے کہا کہ اب تو نیک کام ہی بچائیں گے۔ چنانچہ ایک نے کہا کہ ایک دفعہ میں نے مزدور لگائے تھے۔ مزدوری کے وقت اُن میں سے ایک کہیں چلا گیا۔ میں نے بہت ڈھونڈا۔ آخر نہ ملا تو میں نے اس کی مزدوری سے ایک بکری خریدی اور اس طرح چند

[1] التوبہ: ۱۲۰ [2] الزلزال: ۸،۹

سال تک ایک بڑا گلہ ہو گیا۔ پھر وہ آیا اس نے کہا کہ میں نے ایک دفعہ آپ کی مزدوری کی تھی۔ اگر آپ دیں تو عین مہربانی ہوگی۔ میں نے اس کا تمام مال اس کے سپرد کر دیا۔ اے اللہ اگر تجھے میرا یہ نیک عمل پسند ہے تو میری مشکل آسان کر۔ اتنے میں تھوڑا پتھر اُونچا ہو گیا۔

پھر دوسرے نے اپنا قصہ بیان کیا[۱] اور پھر بولا کہ اے اللہ اگر میری یہ نیکی تجھے پسند ہے تو میری مشکل آسان کر۔ پتھر ذرا اور اُونچا ہو گیا۔

پھر تیسرے نے کہا کہ میری ماں بوڑھی تھی۔ ایک رات کو اس نے پانی طلب کیا۔ میں جب پانی لایا تو وہ سو چکی تھی۔ میں نے اس کو نہ اُٹھایا کہ کہیں اس کو تکلیف نہ ہو اور وہ پانی لئے تمام رات کھڑا رہا۔ صبح اُٹھی تو اُسے دے دیا۔ اے اللہ اگر تجھے میری یہ نیکی پسند ہے تو مشکل کو دُور کر۔ پھر اس قدر پتھر اونچا ہو گیا کہ وہ سب نکل گئے۔ اس طرح پر اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کو نیکی کا بدلہ دیا۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۴ صفحہ ۱۸۵۔۱۸۶ مورخہ ۳ جولائی ۱۹۰۳ء)

---

۲۶ جون ۱۹۰۳ء

دربار شام

ایمان کے ساتھ عمل ضروری ہے

فرمایا[۲]:-

۱۔ اس جگہ البدر کے ڈائری نویس نے نوٹ دیا ہے کہ "میں اسے نوٹ نہ کر سکا اور نہ یاد رکھ سکا۔ عبارت سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحیح الفاظ قلمبند نہیں کئے جا سکے مثلاً "پتھر اُونچا ہو گیا" کے الفاظ درست نہیں "پتھر سرک گیا" ہونا چاہیئے۔ حضور نے حدیث کا یہ مشہور واقعہ بیان فرمایا جسے ڈائری نویس صاحب اچھی طرح قلمبند نہیں کر سکے (مرتب)

۲۔ "البدر" میں لکھا ہے کہ "چند ایک احباب نے بیعت کی۔ اس پر حضرت اقدس علیہ السلام نے یہ تقریر فرمائی۔"

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۴ صفحہ ۱۸۶)

اسلام کا دعوٰے کرنا اور میرے ہاتھ پر بیعت توبہ کرنا کوئی آسان کام نہیں۔ کیونکہ جب تک ایمان کے ساتھ عمل نہ ہو کچھ نہیں۔ منہ سے دعویٰ کرنا اور عمل سے اس کا ثبوت نہ دینا خدا تعالیٰ کے غضب کو بھڑکاتا ہے اور اس آیت کا مصداق ہو جاتا ہے۔ یا یھا الذین اٰمنوا لم تقولون ما لا تفعلون ، کَبُرَ مقتاً عند الله ان تقولوا ما لا تفعلون[1] یعنی اے ایمان والو۔ تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو تم نہیں کرتے ہو۔ یہ امر کہ تم وہ باتیں کہو جن پر تم عمل نہیں کرتے خدا تعالیٰ کے نزدیک بڑے غضب کا موجب ہے۔

پس وہ انسان جس کو اسلام کا دعویٰ ہے یا جو میرے ہاتھ پر توبہ کرتا ہے۔ اگر وہ اپنے آپ کو اس دعویٰ کے موافق نہیں بناتا اور اس کے اندر کھوٹ رہتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے بڑے غضب کے نیچے آجاتا ہے اس سے بچنا لازم ہے۔

شرعی اور کونی اوامر

فرمایا*

اوامر کی دو قسمیں ہوتی ہیں :۔

ایک امر شرعی ہوتا ہے جس کے برخلاف انسان کر سکتا ہے۔ دوسرے اوامر کونی ہوتے ہیں جس کا خلاف ہو ہی نہیں سکتا جیسا کہ فرمایا یا نار کونی برداً وسلاماً علیٰ ابراھیم[2] اس میں کوئی خلاف نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ آگ اس حکم کے خلاف ہرگز نہ کر سکتی تھی۔⊠

انسان کو جو حکم اللہ تعالیٰ نے شریعت کے رنگ میں دیئے ہیں جیسے اقیموا الصلوٰۃ[3]

---

* البدر میں ہے کہ " ایک سوال پر فرمایا " (البدر جلد ۲ نمبر ۲۴ صفحہ ۱۸۶)

⊠ البدر میں اس کے آگے مزید یوں لکھا ہے :۔ " اس میں اللہ تعالیٰ انسان کو عبرت دیتا ہے کہ دیکھو جب آگ تک اس کی فرماں بردار ہے تو انسان کو کہاں تک فرماں بردار ہونا چاہیئے۔" (البدر حوالہ مذکورہ)

[1] الصف : ۳، ۴ [2] الانبیاء : ۷۰ [3] البقرۃ : ۴۴

نماز کو قائم رکھو۔ یا فرمایا واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ[1]۔ ان پر جب ایک عرصہ تک قائم رہتا ہے تو یہ احکام بھی شرعی رنگ سے نکل کر کوئی رنگ اختیار کر لیتے ہیں اور پھر وہ ان احکام کی خلاف ورزی کر ہی نہیں سکتا۔*

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۵ صفحہ ۱۵ مورخہ ۱۰ جولائی ۱۹۰۳ء)

---

۲۸ جون ۱۹۰۳ء

مجلس قبل از عشاء

کیا آدمؑ کے وقت دوسرے انسان موجود تھے

ایک صاحب نے سوال کیا کہ آدم علیہ السلام جو خلیفہ بن کر آئے تو اس وقت کونسی قوم موجود تھی جس کے وہ خلیفہ تھے؟ اور اگر کوئی قوم موجود تھی تو حوّا ان کی زوجہ کی نئی پیدائش کی ضرورت نہ تھی۔ اسی موجودہ قوم میں سے وہ نکاح کر سکتے تھے۔ اس پر حضرت اقدس علیہ السلام نے فرمایا۔

حدیث شریف میں ہے کہ بہت سے پیچ در پیچ جو امور غیر مفید ہوں ان کو انسان ترک کر دے۔☒ انی جاعلٌ فی الارض خلیفۃ[2] سے استنباط ایسا ہو سکتا ہے کہ پہلے سے اس وقت کوئی قوم موجود ہو۔ دوسری جگہ اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے والجان خلقنٰہ من قبل من نار السموم[3]۔ ایک قوم جان بھی آدم سے پہلے موجود تھی۔ بخاری کی ایک حدیث

---

* البدر میں ہے۔ جب انسان دیر تک ان حکموں پر کاربند رہتا ہے تو اس پر بھی وہ زمانہ آجاتا ہے کہ کہا جاتا ہے یا نار کونی بردًا[4] یعنی تو جو مصیبتوں میں جل رہا تھا تو اب ٹھنڈا ہو جا اور اس آگ کی طرح فرماں بردار ہو جا۔ (البدر جلد ۲ نمبر ۲۴ صفحہ ۱۸۶)

☒ الحکم میں ہے۔ "حدیث شریف میں آیا ہے ومن حسن الاسلام ترک مالا یعنیہ۔ پیچ در پیچ غیر مفید امور کو ترک کر دینا بھی اسلام کی خوبی ہے۔" (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۵ صفحہ ۱۵ مورخہ ۱۰ جولائی ۱۹۰۳ء)

[1] البقرۃ: ۴۶ [2] البقرۃ: ۳۱ [3] الحجر: ۲۸ [4] الانبیاء: ۷۰

میں ہے کہ خدا تعالےٰ ہمیشہ سے خالق ہے اور یہی حق ہے کیونکہ اگر خدا تعالیٰ کو ہمیشہ سے خالق نہ مانیں تو اس کی ذات پر (نعوذ باللہ) حرف آتا ہے اور ماننا پڑے گا کہ آدمؑ سے پیشتر خدا تعالےٰ معطل تھا۔ لیکن چونکہ قرآن شریف خدا تعالےٰ کی صفات کو قدیمی بیان کرتا ہے اسی لئے اس حدیث کا مضمون راست ہے۔ قرآن کریم میں جو کوئی ترکیب ہے وہ ان صفات کے استمرار پر دلالت کرتی ہیں[1] لیکن اگر آدمؑ سے ابتدا خلق ہوتی اور اس سے پیشتر نہ ہوتی تو پھر یہ نحوی ترکیب قرآن میں نہ ہوتی۔[2]

باقی رہی لڑکیوں کی بات کہ ان کے موجود ہوتے حوّا کی پیدائش کی کیا ضرورت تھی؟ تو اس طرح سمجھنا چاہیئے کہ ممکن ہے کہ جس مقام پر آدم علیہ السلام کی پیدائش ہوئی ہو۔ وہاں کے لوگ کسی عذاب الٰہی سے ایسے تباہ ہو گئے ہوں کہ آدمی[3] نہ بچا ہو۔ دنیا میں یہ سلسلہ جاری ہے کہ کوئی مقام بالکل تباہ ہو جاتا ہے۔ کوئی غیر آباد آباد ہو جاتا ہے۔ کوئی برباد شدہ از سر نو آباد ہو جاتا ہے۔ چنانچہ دیکھ لو کہ ابھی تک یورپ والے ٹکریں مار رہے ہیں کہ شاید قطب شمالی میں کوئی آبادی ہو اور تلاش کر کر کے معلوم کر رہے ہیں کہ کون سے قطعاتِ زمین اوّل آباد تھے اور پھر تباہ ہو گئے۔ پس ایسی صورت میں ان مشکلات میں پڑنے کی کیا ضرورت ہے؟ ایمان لانا چاہیئے کہ خدا تعالیٰ رب۔ رحمٰن۔ رحیم۔ مالک یوم الدین ہے اور ہمیشہ سے ہی ہے۔ جاندار ایک تو تکوّن سے پیدا ہوتے ہیں اور ایک تکوین سے۔ ممکن ہے کہ آدم کی پیدائش کے وقت اَور مخلوقات ہو اور اس کی جنس سے نہ ہو یا اگر ہو بھی تو اس میں کیا ہرج ہے کہ قدرت نمائی کے لئے خدا تعالیٰ نے حوّا کو بھی اُن

---

[1] نقل مطابق اصل۔ الحکم میں یہ الفاظ ہیں:۔ "اور قرآن شریف میں جو ترکیب ہے وہ اللہ تعالےٰ کی صفات کے استمرار پر دلالت کرتی ہے" (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۵ صفحہ ۱۵ مورخہ ۱۰ جولائی ۱۹۰۳ء)

[2] حاشیہ الحکم ہے:۔ "پس آدم علیہ السلام سے پہلے مخلوق ضرور تھی" (حوالہ مذکورہ بالا)

[3] حاشیہ الحکم میں ہے:۔ "کوئی آدمی نہ بچا ہو۔" (حوالہ مذکورہ بالا)

کی پسلی سے پیدا کر دیا۔

جب انسان بیعت کرتا ہے تو سب امر و نہی اُسے ماننے چاہئیں اور خدا تعالیٰ کی قدرتوں پر ایمان چاہیئے۔ خدا تعالیٰ ہر طرح پر قادر ہے۔ ممکن ہے کہ ایک قوم موجود ہو۔ اور اس کے ہوتے ہوئے وہ اَور قوم پیدا کر دیوے یا ایک قوم کو ہلاک کر کے اَور پیدا کر دے۔ موسیٰ کے قصہ میں بھی ایک جگہ ایسا واقعہ بیان ہوا ہے۔ آدمؑ کے وقت بھی خدا سابقہ قوموں کو ہلاک کر چکا تھا۔ پھر جب آدمؑ کو پیدا کیا تو اَور قوم بھی پیدا کر دی۔

خلیفہ کے لئے ضروری نہیں ہے کہ ایک قوم ضرور پہلے سے موجود ہو۔ ایسا ہو سکتا ہے کہ ایک اَور قوم کو پیدا کر کے پہلی قوم کا خلیفہ اُسے قرار دیا جاوے اور آدم اس کے مورث اعلیٰ ہوں کیونکہ خدا تعالیٰ کی ذات ازلی ابدی ہے اس پر تغیر نہیں آتا۔ مگر انسان ازلی ابدی نہیں ہے اس پر تغیر آتا ہے۔ میرے الہام میں بھی مجھے آدم کہا گیا ہے۔

جب روحانیت پر موت آجاتی ہے یعنی اصل انسانیت فوت ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ بطور آدم کے ایک اَور کو پیدا کرتا ہے اور اس طرح سے ہمیشہ سے آدم پیدا ہوتے رہتے ہیں اگر قدیم سے یہ سلسلہ ایسا نہ ہو تو پھر ماننا پڑے گا کہ ۵ یا ۶ ہزار برس سے خدا ہے قدیم سے نہیں ہے یا یہ کہ اوّل وہ معطل تھا۔

یہ خدا تعالیٰ کی عادت ہے کہ بعض قرون کو ہلاک کرتا ہے۔ دیکھو نوحؑ کے وقت ایک زمانہ کو ہلاک کر دیا۔ اس لئے ممکن ہے ممکن کیا بلکہ یقین ہے کہ نوحؑ کی طرح اس وقت سابقہ قوموں کو ہلاک کر دیا اور پھر ایک نئی پیدائش کی۔ اگر یہ ہلاکت کا سلسلہ نہ ہو تو پھر زمین پر اس قدر آبادی ہو کہ رہنا محال ہو جاوے۔ یہ قبریں ہی ہیں جنہوں نے یہ پردہ پوشی کی ہے۔[1]

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۴ صفحہ ۱۸۶ - ۱۸۷ مورخہ ۳ جولائی ۱۹۰۳ء)

[1] الحکم میں ہے ۔ "پردہ پوشی کی ہوئی ہے۔" (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۵ صفحہ ۱۵)

۳۰ جون ۱۹۰۳ء

مجلس قبل از عشاء

چند ایک نو وارد احباب نے بیعت کی۔ ان میں سے چند ایک نے عرض کی کہ حضرت جی۔ ہم قرآن پڑھے ہوئے نہیں ہیں۔ فرمایا کہ

موٹے موٹے گناہوں کو تو جانتے ہو اُن سے بچو۔ چوری نہ کرو۔ زنا نہ کرو۔ ظلم نہ کرو۔ کسی کا مال یا زمین نہ دباؤ۔ جھوٹ مت بولو۔ شرک مت کرو۔

حدیث شریف سے ثابت ہے کہ اھل الجنّۃ بلہٌ۔ کہ جنت میں جانے والے سادے ہوتے ہیں۔ جو بہت پڑھے ہوئے ہیں اور عمل نہیں کرتے ان کی سخت مذمت کی گئی ہے اور اُن پر خدا تعالیٰ نے لعنت بھی کی تھی۔ غریب لوگ پانصد برس پیشتر بہشت میں داخل ہونگے غریبی خوش قسمتی ہے۔ خدا تعالےٰ کو پہچانو کہ جس کی طرف تم نے جانا ہے اور شرک سے پرہیز کرو۔ اسباب پر بھروسہ کرنے سے بچو کہ یہ بھی ایک شرک ہے۔ جو آدمی چالاکی سے گناہ کرتا ہے اور باز نہیں آتا تو آخر خدا کا قہر ایک دن اُسے ہلاک کرتا ہے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے معنے یہی ہیں کہ خدا کے سوا اور کسی کی پُوجا نہیں ہے اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے رسُول ہیں۔

اپنی عورتوں کو نصیحتیں کرو۔ رشوتیں نہ لو نہ دو۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ غرور ان سب باتوں سے بچو۔ خدا تعالیٰ کے غریب اور عاجز بندے بن جاؤ۔

ایک نے سوال کیا کہ اگر کوئی دشمن نقصان دیوے تو پھر بدلہ لیویں کہ نہ؟

صبر کے فوائد اور انتقام کے نقائص

فرمایا کہ

صبر کرو کہ یہ وقت صبر کا ہے۔ جو صبر کرتا ہے خدا تعالیٰ اُسے بڑھاتا ہے۔ انتقام کی مثال شراب کی طرح ہے کہ جب تھوڑی پینے لگتا ہے تو بڑھتی جاتی ہے حتی کہ پھر

وہ اُسے چھوڑ نہیں سکتا اور حد سے بڑھتا ہے۔ اس طرح انتقام لیتے لیتے انسان ظلم کی حد تک پہنچ جاتا ہے۔

ایسی مجلس سے اُٹھ جانا چاہیئے جہاں بُرا کہا جاتا ہو

سوال ہوا کہ اگر آپ کو کوئی بُرا کہے تو ہم کیسے صبر کر سکتے ہیں؟ فرمایا کہ

جوش کے وقت اپنے آپ کو سنبھالنا چاہیئے۔ دُکھ تو ہوتا ہے مگر انسان ثواب پاتا ہے۔ اگر کوئی ہمیں بُرا کہتا ہو تو وہاں سے اُٹھ گئے یا الگ ہو گئے۔ نہ سُنا کہ جس سے جوش آوے اور فساد ہووے۔

مسجد کے متعلق سوال

سوال ہوا کہ مسجد میں نماز نہیں پڑھنے دیتے اور اس مسجد میں ہمارا حصہ ہے۔

فرمایا کہ

سفید زمین پر ایک حد کر لی وہی مسجد ہو جاتی ہے مگر فساد اچھا نہیں۔ اگر تم دشمن سے بدلہ نہ لو اور اُسے خدا کے حوالہ کر دو تو وہ خود نپٹ لیوے گا۔ دیکھو ایک بچہ کے دشمن کا مقابلہ ماں باپ کیا کرتے ہیں۔ اسی طرح جو خدا تعالیٰ کے دروازہ پر گرتا ہے تو خدا خود اس کی رعایت کرتا ہے اور اسے ضرر دینے والے کو تباہ کر دیتا ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۴ صفحہ ۱۸۷ مورخہ ۳ جولائی ۱۹۰۳ء)

یکم جولائی ۱۹۰۳ء

(دربار شام)

مسئلہ

ایک لڑکی کے دو بھائی تھے اور ایک والدہ۔ ایک بھائی اور والدہ ایک لڑکے کے ساتھ اس

لڑکی کے نکاح کے لئے راضی تھے۔ مگر ایک بھائی مخالف تھا۔ وہ اور جگہ رشتہ پسند کرتا تھا اور لڑکی بھی بالغ تھی۔ اس کی نسبت مسئلہ دریافت کیا گیا کہ اس کا نکاح کہاں کیا جاوے۔ حضرت اقدس علیہ السلام نے دریافت کیا کہ وہ لڑکی کس بھائی کی رائے سے اتفاق کرتی ہے؟ جواب دیا گیا کہ اپنے اس بھائی کے ساتھ جس کے ساتھ والدہ بھی متفق ہے۔ فرمایا کہ

پھر وہاں ہی اس کا رشتہ ہو جہاں لڑکی اور اس کا بھائی دونو متفق ہیں۔

آنحضرتؐ کا ابولہب کے لڑکوں سے رشتہ کرنا

پھر نکاحوں پر ذکر چل پڑا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی لڑکیوں کے رشتے ابولہب[1] سے کر دیئے تھے حالانکہ وہ مشرک تھا مگر اس وقت تک نکاح کے متعلق وحی کا نزول نہ ہوا تھا۔ چونکہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر توحید غالب تھی اس لئے دخل نہ دیتے تھے اور قومیت کے لحاظ سے بعض امور کو سرانجام دیتے اس لئے ابولہب کو لڑکی دے دی تھی

رسول کو علم غیب نہیں ہوتا

رسول عالم الغیب ہوتا ہے کہ نہیں؟ اس پر فرمایا کہ

اگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو علم غیب ہوتا تو آپ زینب کا نکاح زید سے نہ کرتے کیونکہ بعد کو جدائی نہ ہوتی اور اسی طرح ابولہب سے بھی رشتہ نہ کرتے۔

موہبت الٰہی

میں ایک مرد ہوں کہ خدا تعالےٰ میرے ساتھ گفتگو کرتا ہے اور اپنے خاص خزانہ سے مجھے تعلیم دیتا ہے اور اپنے ادب سے میری تادیب فرماتا ہے۔ وہ اپنی

[1] ابولہب کے گھر مراد ہے۔ (مرتب)

مجھ پر وحی بھیجتا ہے۔ میں اس کی وحی کی پیروی کرتا ہوں۔ ایسی صورت میں مجھے کونسی ایسی ضرورت ہے کہ میں اس کی راہ کو ترک کر کے دوسری متفرق راہیں اختیار کروں؟ جو کچھ آج تک میں نے کہا ہے اسی کے امر سے کہا ہے اپنی طرف سے کچھ بھی نہیں ملایا۔ اور نہ اپنے خدا پر میں نے افترا باندھا ہے۔ مفتری کا انجام ہلاکت ہے۔ پس اس کاروبار پر تعجب کرنے کا کونسا مقام ہے۔ اس قادر مطلق خدا کے کاروبار پر تعجب نہ کرو کیونکہ اس نے تو زمین و آسمان کو پیدا کیا۔ وہ جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے اور کسی کو مجال نہیں کہ اس سے پوچھے کہ یہ کیا کیا؟

میرے پاس خدا تعالےٰ کی بہت سی شہادتیں ہیں۔ اس نے میرے لئے بہت سے نشان دکھلائے ہیں اور اس کی وحی کردہ غیبی خبروں میں جو اس نے مجھے دیں ایسے ایسے راز ہیں کہ انسان کی عقل کو اُن تک رسائی نہیں ہے۔ پس اس لئے چاہیئے کہ طاعون کے بارے میں ہمارے ساتھ جھگڑا نہ کریں۔ اور اس شخص کی طرح نہ ہو دیں جس کے دل کو خدا نے غافل کر دیا اور اس نے اپنے اسباب کو اپنا خدا قرار دے لیا۔

اسباب پرستی کا ردّ

کیا ان کو اس بات کی خبر نہیں ہے کہ ہر ایک سبب کا انتہا آخر کار ہمارے خدا تک ہی ہے اور تھوڑی دور تک چل کر اسباب کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے اور صرف امر خالص کا مرتبہ رہ جاتا ہے کہ جسے کسی طرح ہم سبب کی طرف منسوب نہیں کر سکتے اور صرف خدا تعالےٰ کی ذات ہی باقی رہ جاتی ہے اور اسباب کا سلسلہ بالکل منقطع ہو جاتا ہے اسباب کا سلسلہ تو صرف چند قدموں تک ساتھ دیتا ہے۔ اس کے بعد خدا تعالےٰ کی غیر مدرک اور غیر مرئی خالص قدرت ہوتی ہے۔ یہ ایک ایسا پوشیدہ خزانہ ہے کہ جس کی حد اور انتہا ہی نہیں ہے اور ایسا دریا ہے کہ جس کا کوئی کنارہ نہیں ہے اور ایک ایسا دشت ہے کہ جو طے ہونے میں نہیں آتا۔ یہ کہنا کہ قدرت خالص اللہ تعالےٰ کی بے کار ہو جاتی ہے

اور صرف اسباب رہ جاتے ہیں بڑی بے انصافی ہے۔ کیا تم کو اس بات کا علم نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ نے آدمؑ اور عیسیٰؑ کو کیسے پیدا کیا تھا؟ اور موسیٰؑ کے لئے کس طرح دریا کو شگاف کیا کہ جس سے موسیٰ علیہ السلام تو دریا سے سلامت گذر گئے اور فرعون غرق ہوگیا؟ اب تم ہی جواب دو کہ وہ کونسی کشتی تھی جس پر بیٹھ کر موسےٰؑ دریا سے گذرے۔

خدا تعالیٰ نے اس قصہ کو قرآن کریم میں بے فائدہ نہیں ذکر کیا ہے بلکہ اس میں بڑے بڑے معارف اور حقائق ہیں تاکہ تم کو اس بات کا علم ہو کہ اس پاک ذات اللہ تعالیٰ کی قدرت اسباب میں مقید نہیں ہے اور تمہارے ایمان ترقی کریں۔ آنکھیں کھلیں اور شکوک و شبہات رفع ہوں اور تم کو یہ شناخت حاصل ہو کہ تمہارا خدا ایسا قادر خدا ہے کہ اس پر کسی قسم کا کوئی دروازہ مسدود نہیں ہے۔ اس کی قدرتوں کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ جو شخص اس کی وسعت قدرت سے منکر ہو کر اسباب کے احاطہ میں اسے مقید کرتا ہے تو سمجھو کہ صدق کے مقام سے وہ گر پڑا۔ پس اگر کوئی شخص حکم خداوندی سے اسباب کو ترک کرتا ہے تو تم اُسے بُرا مت کہو اور خدا تعالیٰ کے قانون کو ایک تنگ و تاریک دائرہ میں محدود مت کرو۔

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۵ صفحہ ۱ مورخہ ۱۰ ر جولائی ۱۹۰۳ء)

نیز (البدر جلد ۲ نمبر ۲۵ صفحہ ۱۹۳۔۱۹۴ مورخہ ۱۰ ر جولائی ۱۹۰۳ء)

---

۴ ر جولائی ۱۹۰۳ء
مجلس قبل از عشاء

تعویذ

ایک شخص نے استفسار کیا کہ تعویذ کا بازو وغیرہ پر باندھنا اور دم وغیرہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس پر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام جناب مولٰنا حکیم نورالدین صاحب کی

طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ

اصادیث میں کہیں اس کا ثبوت ملتا ہے کہ نہیں ؟

حکیم صاحب نے عرض کی کہ لکھا ہے کہ خالد بن ولید جب جنگوں میں جاتے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک جو کہ آپ کی پگڑی میں بندھے ہوتے آگے کی طرف لٹکا لیتے۔ پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے صرف[1] ایک دفعہ صبح کے وقت سارا سر منڈوایا تھا تو آپ نے نصف سر کے بال ایک خاص شخص کو دے دیئے اور نصف سر کے بال باقی اصحاب میں بانٹ دیئے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے جُبّہ مبارک کو دھو دھو کر مریضوں کو بھی پلاتے تھے[2] اور مریض اس سے شفایاب ہوتے تھے۔ ایک عورت نے ایک دفعہ آپ کا پسینہ بھی جمع کیا۔ یہ تمام اذکار سُنکر حضرت اقدس نے فرمایا کہ

پھر اس سے نتیجہ یہ نکلا کہ بہرحال اس میں کچھ بات ضرور ہے جو خالی از فائدہ نہیں ہے اور تعویذ وغیرہ کی اصل بھی اس سے نکلتی ہے۔ بال لٹکائے تو کیا اور تعویذ باندھا تو کیا۔ میرے الہام میں جو ہے کہ بادشاہ تیرے کپڑوں میں سے برکت ڈھونڈیں گے۔ آخر کچھ تو ہو تبھی تو برکت ڈھونڈیں گے مگر ان تمام باتوں میں تقاضائے محبت کا بھی دخل ہے۔

---

[1] معلوم ہوتا ہے کہ یہ لفظ "صرف" نہیں بلکہ "جب" ہے جو طباعت کی غلطی سے "صرف" چھپ گیا ہے۔ چنانچہ الحکم میں "جب" ہی لکھا ہے۔ الحکم میں ہے :-

"جب ایک دفعہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے سر منڈوایا تو آدھے سر کے کٹے ہوئے بال ایک شخص کو دیدیئے اور آدھے دوسرے حصہ کے باقی اصحاب کو بانٹ دیئے"

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۶ صفحہ ۱۰ مورخہ ۱۷ جولائی ۱۹۰۳ء)

[2] الحکم میں ہے :- "آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بعض اوقات جُبّہ شریف دھو کر مریضوں کو بھی پلاتے تھے۔" (حوالہ مذکور)

عظیم الشان انسانوں کے صغائر پر نظر کرنے کا ذکر ہوا۔ فرمایا کہ

صدق و وفا میں جو عظیم الشان انسان ہوتے ہیں۔ ان کے صغائر کا ذکر کرنے سے سلب ایمان ہو جاتا ہے۔ خدا تو ان صغائر کو عفو کر دیتا ہے اور اُن کے کارناموں کی عظمت اس قدر ہوتی ہے کہ اس کے مقابلہ میں صغائر کا ذکر کرتے ہی شرم آتی ہے اسی لئے وہ رفتہ رفتہ ایسے معدوم ہو جاتے ہیں کہ پھر ان کا نام و نشان ہی نہیں رہتا۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۶ صفحہ ۲۰۱ مورخہ ۷ر جولائی ۱۹۰۳ء)

۵ر جولائی ۱۹۰۳ء

مجلس قبل از عشاء

تبلیغ اور چندے کا انتظام

فرمایا کہ

کتابوں کو شائع کرنا چاہیئے تاکہ تبلیغ ہو۔ دیکھا جاتا ہے کہ دہلی کے پرے بہت کم لوگوں کو ہمارے دعاوی کی خبر ہے۔ اس کا انتظام یوں ہونا چاہیئے کہ ایک لمبا سفر کیا جاوے اور اس میں یہ تمام کتب جو کہ بہت سا ذخیرہ پڑا ہوا ہے تقسیم کی جاویں تاکہ تبلیغ ہو۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہت سے سامان دیئے ہیں ان سے فائدہ نہ اُٹھانا اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار ہوتا ہے ہمارے لئے ریل بنائی گئی ہے جس سے مہینوں کا سفر دنوں میں ہوتا ہے۔

اور قوم کو چاہیئے کہ ہر طرح سے اس سلسلہ کی خدمت بجا لاوے۔ مالی طرح پر بھی خدمت کی بجا آوری میں کوتاہی نہیں چاہیئے۔ دیکھو دنیا میں کوئی سلسلہ بغیر چندہ کے نہیں چلتا۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم، حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ سب رسولوں کے وقت چندے جمع کئے گئے۔ پس ہماری جماعت کے لوگوں کو بھی اس امر کا خیال ضروری ہے۔ اگر یہ لوگ التزام سے ایک ایک پیسہ بھی سال بھر میں دیویں تو بہت کچھ ہو سکتا ہے۔ ہاں اگر کوئی ایک پیسہ بھی

نہیں دیتا تو اُسے جماعت میں رہنے کی کیا ضرورت ہے۔[1]

اس وقت اس سلسلہ کو بہت سی امداد کی ضرورت ہے۔ انسان اگر بازار جاتا ہے۔ تو بچے کی کھیلنے والی چیزوں پر ہی کئی کئی پیسے خرچ کر دیتا ہے تو پھر یہاں اگر ایک ایک پیسہ دے دیوے تو کیا حرج ہے؟ خوراک کے لئے خرچ ہوتا ہے، لباس کے لئے خرچ ہوتا ہے

[1] الحکم ہے۔

۵ر جولائی ۱۹۰۳ء

دربار شام

احمدی کون ہے؟

(اپنے الفاظ میں)

حضور علیہ السلام معمول کے موافق شہ نشین پر جلوس فرما ہوئے اور ذیل کی تقریر فرمائی۔

مجھے معلوم ہوتا ہے کہ ہماری جماعت میں چندہ دینے والے بہت تھوڑے ہیں۔ آئے دن صدہا آدمی بیعت کر کے چلے جاتے ہیں لیکن دریافت کرنے پر بہت ہی کم تعداد ایسے اشخاص کی ہے جو متواتر ماہ بماہ چندہ دیتے ہیں۔ جو شخص اپنی حیثیت و توفیق کے موافق اس سلسلہ کی چند پیسوں سے امداد نہیں کرتا اس سے اَور کیا توقع ہو سکتی ہے اور اس سلسلہ کو اس کے وجود سے کیا فائدہ؟ ایک معمولی انسان بھی خواہ کتنی ہی شکستہ حالت کا کیوں نہ ہو جب بازار جاتا ہے تو اپنی قدر کے موافق اپنے لئے اور اپنے بچوں کے لئے کچھ نہ کچھ لاتا ہے تو پھر کیا یہ سلسلہ جو اپنی عظیم الشان اغراض کے لئے اللہ تعالیٰ نے قائم کیا ہے اس لائق بھی نہیں کہ وہ اس کے لئے چند پیسے بھی قربان کر سکے؟ دنیا میں آجکل کونسا سلسلہ ہوا ہے یا ہے جو خواہ دُنیوی حیثیت سے ہے یا دینی کہ بغیر مال چل سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے دُنیا میں ہر ایک کام اس لئے کہ عالم اسباب ہے اسباب سے ہی چلایا ہے۔ پھر کس قدر بخیل و ممسک وہ شخص ہے کہ جو ایسے عالی مقصد کی کامیابی

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اور ضرورتوں پر خرچ ہوتا ہے تو کیا دین کے لئے ہی مال خرچ کرنا گراں گذرتا ہے؟ دیکھا گیا ہے کہ ان چند دنوں میں صدہا آدمیوں نے بیعت کی ہے مگر افسوس ہے کہ کسی نے ان کو کہا بھی نہیں کہ یہاں چندوں کی ضرورت ہے۔ خدمت کرنی بہت مفید ہوتی ہے۔ جس قدر کوئی خدمت کرتا ہے اسی قدر وہ راسخ الایمان ہو جاتا ہے اور جو کبھی خدمت نہیں کرتے۔ ہمیں تو اُن کے

کے لئے ادنیٰ چیز مثل چند پیسے خرچ نہیں کر سکتا۔ ایک وہ زمانہ تھا کہ الٰہی دین پر لوگ اپنی جانوں کو بھیڑ بکری کی طرح نثار کرتے تھے مالوں کا تو کیا ذکر۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک سے زیادہ دفعہ اپنا کُل گھر بار نثار کیا حتیٰ کہ سوئی تک کو بھی اپنے گھر میں نہ رکھا اور ایسا ہی حضرت عمرؓ نے اپنی بساط و انشراح کے موافق اور عثمانؓ نے اپنی طاقت و حیثیت کے موافق، علیٰ ہذا القیاس علیٰ قدر مراتب تمام صحابہ اپنی جانوں اور مالوں سمیت اس دین الٰہی پر قربان کرنے کے لئے تیار ہو گئے۔ ایک وہ ہیں کہ بیعت تو کر جاتے ہیں اور اقرار بھی کر جاتے ہیں کہ ہم دنیا پر دین کو مقدم کریں گے مگر مدد و امداد کے موقعہ پر اپنی جیبوں کو دبا کر پکڑ رکھتے ہیں۔ بھلا ایسی محبت دنیا سے کوئی دینی مقصد پا سکتا ہے؟ اور کیا ایسے لوگوں کا وجود کچھ بھی نفع رساں ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ ہرگز نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لن تنالوا البر حتٰی تنفقوا مما تحبون[1] جب تک تم اپنی عزیز ترین اشیاء اللہ جلّ شانہٗ کی راہ میں خرچ نہ کرو۔ تب تک تم نیکی کو نہیں پا سکتے۔

اس وقت ہماری جماعت قریباً تین لاکھ ہے اگر ایک ایک پیسہ ہی اس سلسلہ کی امداد مثل لنگر و مدرسہ وغیرہ کی امداد میں دیں تو لاکھوں پیسے ہو سکتے ہیں۔ قطرہ قطرہ بہم شود دریا ایک ایک بوند پانی سے دریا بن جاتا ہے تو کیا ایک ایک پیسہ سے ہزارہا روپیہ نہیں بن سکتا اور کیا سلسلہ کی ضروریات پوری نہیں ہو سکتیں؟

اگر ایک شخص چار روٹیاں کھاتا ہے۔ آدھی بھی اگر روٹی بچا لے تو بھی اس عہدہ سے عہدہ برآ ہو سکتا ہے۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

[1] اٰل عمران : ۹۳

کے ایمان کا خطرہ ہی رہتا ہے۔

چاہیئے کہ ہماری جماعت کا ہر ایک متنفس عہد کرے کہ میں اتنا چندہ دیا کروں گا۔ کیونکہ جو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے عہد کرتا ہے اللہ تعالےٰ اس کے رزق میں برکت دیتا ہے۔ اس دفعہ تبلیغ کے لئے جو بڑا بھاری سفر کیا جاوے تو اس میں ایک رجسٹر بھی ہمراہ رکھا جاوے جہاں کوئی بیعت کرنا چاہے اس کا نام اور چندہ کا عہد درج رجسٹر کیا جاوے اور ہر ایک آدمی کو چاہیئے کہ وہ عہد کرے کہ مدرسہ میں اس قدر چندہ دیوے گا اور لنگر خانہ میں اس قدر۔

بہت لوگ ایسے ہیں کہ جن کو اس بات کا علم نہیں ہے کہ چندہ بھی جمع ہوتا ہے۔ ایسے لوگوں کو سمجھانا چاہیئے کہ اگر تم سچا تعلق رکھتے ہو تو خدا تعالیٰ سے پکا عہد کر لو کہ اس قدر چندہ ضرور دیا کروں گا اور ناواقف لوگوں کو یہ بھی سمجھایا جاوے کہ وہ پوری تابعداری کریں۔ اگر وہ اتنا

البتہ یہ بات بھی قرین قیاس ہے کہ اکثر لوگوں کو اب تک کہا بھی نہیں جاتا کہ ہمارے سلسلہ کے لئے کسی چندہ کی ضرورت ہے۔ بہت سے لوگ رو رو کر بیعت کر کے جاتے ہیں۔ اگر ان کو کہا جاوے تو ضرور وہ چندہ دیویں مگر ترغیب دینا ضروری ہے۔ پس میں تم میں سے ہر ایک کو جو حاضر یا غائب ہے تاکید کرتا ہوں کہ اپنے بھائیوں کو چندہ سے باخبر کرو۔ ہر ایک کمزور بھائی کو بھی چندہ میں شامل کرو۔ یہ موقعہ ہاتھ آنے کا نہیں۔ کیسا یہ زمانہ برکت کا ہے کہ کسی سے جانیں مانگی نہیں جاتیں اور یہ زمانہ جانوں کے دینے کا نہیں بلکہ فقط مالوں کے بقدر استطاعت خرچ کرنے کا ہے اس لئے ہر ایک شخص تھوڑا تھوڑا ہو یا تونگر اور مدرسہ اور دیگر ضروری مدوں میں دے سکتا ہے دے۔ وہ آدمی جو تھوڑا تھوڑا چندہ دے۔ مگر باقاعدہ اس سے بہتر ہے جو زیادہ دے مگر گاہے گاہے دے۔

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۵ صفحہ ۸ مورخہ ۱۰ جولائی ۱۹۰۳ء)

عہد بھی نہیں کر سکتے تو پھر جماعت میں شامل ہونے کا کیا فائدہ؟ نہایت درجہ کا بخیل اگر ایک کوڑی بھی روزانہ اپنے مال میں سے چندے کے لئے الگ کرے تو وہ بھی بہت کچھ دے سکتا ہے۔ ایک ایک قطرہ سے دریا بن جاتا ہے۔ اگر کوئی چار روٹی کھاتا ہے تو اسے چاہیئے کہ ایک روٹی کی مقدار اس میں سے اس سلسلہ کے لئے بھی الگ کر رکھے اور نفس کو عادت ڈالے کہ ایسے کاموں کے لئے اسی طرح سے نکالا کرے۔

چندے کی ابتدا اس سلسلہ سے ہی نہیں ہے بلکہ مالی ضرورتوں کے وقت نبیوں کے زمانہ میں بھی چندے جمع کئے گئے تھے۔ ایک وہ زمانہ تھا کہ ذرا چندے کا اشارہ ہوا تو تمام گھر کا مال لا کر سامنے رکھ دیا۔ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حسب مقدور کچھ دینا چاہیئے اور آپ کی منشا رکھتی کہ دیکھا جاوے کہ کون کس قدر لاتا ہے۔ ابوبکرؓ نے سارا مال لا کر سامنے رکھ دیا۔ اور حضرت عمرؓ نے نصف مال۔ آپ نے فرمایا کہ یہی فرق تمہارے مدارج میں ہے اور ایک آج کا زمانہ ہے کہ کوئی جانتا ہی نہیں کہ مدد دینی بھی ضروری ہے۔ حالانکہ اپنی گذران عمدہ رکھتے ہیں ان کے برخلاف ہندوؤں وغیرہ کو دیکھو کہ کئی کئی لاکھ چندہ جمع کر کے کارخانہ چلاتے ہیں اور بڑی بڑی مذہبی عمارات بناتے اور دیگر موقعوں پر صرف کرتے ہیں حالانکہ یہاں تو بہت ہلکے چندے ہیں۔ پس اگر کوئی معاہدہ نہیں کرتا تو اسے خارج کرنا چاہیئے وہ منافق ہے اور اس کا دل سیاہ ہے۔ ہم یہ ہرگز نہیں کہتے کہ ماہواری روپئے ہی ضرور دو ہم تو یہ کہتے ہیں کہ معاہدہ کر کے دو جس میں کبھی فرق نہ آوے۔ صحابہ کرامؓ کو پہلے ہی سکھایا گیا تھا۔ لن تنالوا البر حتّٰی تنفقوا مما تحبون[1]۔ اس میں چندہ دینے اور مال صرف کرنے کی تاکید اور اشارہ ہے۔

یہ معاہدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ معاہدہ ہوتا ہے اس کو نباہنا چاہیئے۔ اس کے برخلاف کرنے میں خیانت ہوا کرتی ہے۔ کوئی کسی ادنےٰ درجہ کے نواب کی خیانت کر کے اس کے سامنے نہیں ہو سکتا تو احکم الحاکمین کی خیانت کر کے کس طرح اسے اپنا چہرہ دکھلا سکتا ہے۔ ایک

[1] آل عمران: ۹۳

آدمی سے کچھ نہیں ہوتا۔ جمہوری امداد میں برکت ہوا کرتی ہے۔ بڑی بڑی سلطنتیں بھی آخر چندوں پر ہی چلتی ہیں۔ فرق صرف یہ ہے کہ دنیاوی سلطنتیں زور سے ٹیکس وغیرہ لگا کر وصول کرتے ہیں۔ اور یہاں ہم رضا اور ارادہ پر چھوڑتے ہیں چندہ دینے سے ایمان میں ترقی ہوتی ہے اور یہ محبت اور اخلاص کا کام ہے۔

پس ضرور ہے کہ ہزار در ہزار آدمی جو بیعت کرتے ہیں ان کو کہا جاوے کہ اپنے نفس پر کچھ مقرر کریں اور اس میں پھر غفلت نہ ہو۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۶ صفحہ ۲۰۱ - ۲۰۲ مورخہ ۱۷ر جولائی ۱۹۰۳ء)

۷ر جولائی ۱۹۰۳ء

مجلس قبل از عشاء

طاعون اور جماعت احمدیہ

طاعون کے ذکر پر فرمایا کہ

اس بات کو سوچنا چاہیئے کہ خدا تعالیٰ کا وعدہ پورا ہونے والا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں قتل کے عذاب کا وعدہ دیا گیا تھا حالانکہ صحابہؓ بھی قتل ہوئے تھے لیکن وہی قتل کفار کے لئے عذاب کا حکم رکھتا تھا اور مسلمانوں کے لئے شہادت کا۔ عذاب کا معیار یہی ہے کہ انسان دیکھے کہ کونسا فریق زیادہ تباہ ہو رہا ہے آیا موافق یا مخالف۔ پس جو زیادہ تباہ ہوتا ہو ان کے لئے عذاب ہے۔ اسی طریق سے آج کل مقابلہ کرنا چاہیئے کہ اللہ تعالےٰ نے طاعون کو عذاب کے طور پر بھیجا ہے۔ اس میں دیکھنے والی بات یہ ہے کہ آیا ہماری جماعت کے لوگ زیادہ مرتے ہیں یا مخالف؟ پھر خود ہی معلوم ہو جاوے گا کہ اس عذاب نے کن کو نیست و نابود کر دیا۔

اگر ہماری جماعت کے بھی بعض فوت ہو جاتے ہیں تو اس میں حرج نہیں ہے کیونکہ صحابہؓ

بھی جنگوں میں قتل ہوتے ہی تھے ہاں البتہ ایسے جن سے شماتت اعداء ہو سکے بچائے جاویں گے جب بدر اور اُحد کی لڑائیاں ہوتی تھیں تو کوئی سمجھتا تھا کہ امر خارق کیا ہے؟ کبھی ان کو فتح ہوتی کبھی صحابہؓ کو۔ تاہم بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کو خدا تعالیٰ اعجازی طور پر مرنے سے بچالیتا ہے۔ دیکھو ابو بکرؓ و عمرؓ کو لڑائیوں میں بچالیا۔ اس کا نام اعجاز ہوتا ہے ورنہ موت تو ہر ایک کے لئے ہے۔

موعُود اور غیر موعُود

فرمایا کہ

موعود وہ ہے جس کا ذکر منکم میں ہے جیسے کہ فرماتا ہے وعد اللہ الذین اٰمنوا منکم وعملوا الصلحٰت...[1] الخ ورنہ اس طرح خواہ صدہا مسیح آدیں اور کسی اُمت کے ہوں وہ موعود نہ ہونگے کیونکہ وہ مِنکُمْ سے باہر ہوں گے۔ حالانکہ خدا تعالیٰ کا وعدہ مِنکُمْ کا ہے پھر باہر سے آنے والا کیسے موعود ہو سکتا ہے؟

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۶ صفحہ ۲۰۲ مورخہ ۱۷ جولائی ۱۹۰۳ء)

۸ جولائی ۱۹۰۳ء

دربار شام

مرزا امام الدین جو اپنے آپ کو ہدایت کنندہ قوم لال بیگیاں مشہور کرتا اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سخت ترین دشمنوں میں سے تھا، ۸ جولائی کو فوت ہو گیا۔ چنانچہ اس کے جنازہ پر رسمی طور پر ہمارے معزز و مکرم دوست سید محمد علی شاہ صاحب بھی چلے گئے اور جنازہ پڑھ لینے کے پیچھے آپ کو اپنے اس عمل پر تاسف ہوا۔ اور آپ نے ذیل کا توبہ نامہ شائع کیا جو ہم ناظرین الحکم کی دلچسپی کے لئے درج کرتے ہیں۔ کہ

[1] النور: ۵۶

"میں بذریعہ توبہ نامہ ہذا اس امر کو شائع کرتا ہوں کہ میں نے سخت غلطی کی ہے اور وہ یہ کہ میں نے غلطی سے مرزا امام الدین کا جو ۶ جولائی کو فوت ہوا ہے اور جس نے اپنی کتابوں میں ارتداد کیا ہے جنازہ پڑھا۔ پس میں بذریعہ اشتہار ہذا یہ توبہ نامہ شائع کرتا ہوں اور ظاہر کرتا ہوں کہ میں امام الدین اور ان لوگوں سے بیزار ہوں جو اس کے جنازہ میں شامل ہوئے اور بالآخر میں دعائے جنازہ واپس لیتا ہوں اور خدا تعالیٰ سے اپنے اس گناہ کی مغفرت چاہتا ہوں۔

خاکسار محمد علی شاہ . . . .

اس پر (حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے) فرمایا کہ

کوئی شخص کسی بات پر ناز نہ کرے۔ فطرت انسان سے الگ نہیں ہوا کرتی جس فطرت پر انسان اوّل قدم مارتا ہے پھر وہ اس سے الگ نہیں ہوتا یہ بڑے خوف کا مقام ہے۔ حُسن خاتمہ کے لئے ہر ایک کو دعا کرنی چاہیئے۔

عمر کا اعتبار نہیں۔ ہر شئے پر اپنے دین کو مقدم رکھو زمانہ ایسا آگیا ہے کہ پہلے تو خیالی طور پر اندازہ عمر کا لگایا جاتا تھا مگر اب تو یہ بھی مشکل ہے۔ دانشمند کو چاہیئے کہ ضرور موت کا انتظام کرے۔ میں اتنی دیر سے اپنی برادری سے الگ ہوں۔ میرا کسی نے کیا بگاڑ دیا۔ خدا تعالیٰ کے مقابل پر کسی کو معبود نہیں بنانا چاہیئے۔ ٭

ایک غیر مومن کی بیمار پُرسی اور ماتم پُرسی تو حُسن اخلاق کا نتیجہ ہے لیکن اس کیواسطے

٭ البدر کے الفاظ یہ ہیں:۔

"ایک دانشمند کے لئے ضرور ہے کہ موت کا انتظام کرے۔ خدا تو موجود ہے۔ اس کیلئے بھی کچھ فکر چاہیئے۔ ہم اس قدر عرصہ سے اپنی برادری سے الگ ہیں بھلا کسی نے کیا بگاڑ لیا ہے اور کسی کا برادری بگاڑ لے گی۔ مَن یتوکل علی اللہ فھو حسبہٗ[1]۔ خدا کے مقابلہ پر کسی کو معبود نہ بنانا چاہیئے۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۲۶ صفحہ ۲۰۲)

[1] الطلاق : ۴

کسی شعائر اسلام کو بجا لانا گناہ ہے۔ مومن کا حق* کافر کو دینا نہیں چاہیئے اور نہ منافقانہ ڈھنگ اختیار کرنا چاہیئے۔

خدا تعالیٰ کی ذات گو مخفی ہے مگر اس کے انوار ظاہر ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے۔ کہ وہ مخفی نہیں۔

سب نبیوں سے زیادہ کامیاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تھے

کامیابی اور خوشی کی موت تمام نبیوں سے بڑھ کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ہے۔ موسیٰؑ بھی کامیاب ہوئے لیکن موت نے اُن کو بھی سفر میں ہی آگھیرا۔ دل میں تمنا ہوگی کہ اس سرزمین میں پہنچوں مگر وہ پُوری نہ ہوئی۔ مسیحؑ کی موت پر خیال کیا جاوے تو اس میں غائت درجہ کی ناکامی ہے۔ کُل بارہ حواری تھے کسی کو بہشت کی کُنجیاں ملنے کا وعدہ تھا وہ نہ ملیں۔ ایک نے تیس روپے نقد لے کر گرفتار کروا دیا۔ دُوسرے نے لعنت⊠ بھیجی۔ اگر یہ مان⊕ بھی لیں کہ حضرت عیسٰیؑ آسمان پر ہی چڑھ گئے تو بھی روتے ہی گئے ہوں گے خوشی اور کامیابی کی موت تو نصیب نہ ہوئی۔ لیکن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا دنیا میں آنا اور پھر وہاں سے رخصت ہونا قطعی دلیل آپ کی نبوت پر ہے۔ آئے آپ اُس وقت جبکہ زمانہ ظھر الفساد فی البرّ والبحر[1] کا مصداق تھا۔ اور ضرورت ایک نبی کی تھی۔ ضرورت پر آنا بھی ایک دلیل ہے اور آپ اس وقت دنیا سے رخصت ہوئے جب اذا جاء نصر اللّٰہ[2] کا آوازہ دیا گیا۔ اس میں اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے کہ آپ کس قدر عظیم الشان کامیابی کے ساتھ دُنیا سے رخصت ہوئے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ تُو نے اپنی آنکھ سے دیکھ لیا کہ فوج در فوج لوگ داخل ہو رہے ہیں۔ فسبّح بحمد ربّک[3]

* البدر میں ہے " مومن کا حق غیر مومن کو نہ دینا چاہیئے "۔ (البدر جلد ۲ نمبر ۲۶ صفحہ ۲۰۲)

⊠ البدر میں ہے۔ " ایک نے اُستاد پر لعنت کی "۔ (بحوالہ مذکور صفحہ ۲۰۲)

⊕ البدر میں ہے۔ " بفرض محال اگر مان لیا جاوے "۔ (بحوالہ مذکور)

[1] الروم: ۴۲ [2] النصر: ۲ [3] النصر: ۴

یعنی وہ رب جس نے اس قدر کامیابی دکھلائی اس کی تسبیح وتحمید کر اور اور انبیاء پر جو انعامات پوشیدہ رہے وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر کھول دیئے گئے اور رحمت کے تمام امور اجلی کر دیئے اور کوئی بھی مخفی نہ رکھا۔ اس حمد کا ثبوت اس آخری وقت پر آ کر دیا۔ احمد٭ کے معنے ہیں حمد کرنے والا۔

دنیا میں کوئی آدمی بھی ایسا نہیں آیا جو اتنی بڑی کامیابی اپنے ساتھ رکھتا ہو۔ لذت و سرور کی موت اگر ہوئی ہے تو فقط آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ہی ہوئی ہے۔ اور دوسرے کسی نبی کو بھی میسر نہیں ہوئی۔ یہ خدا تعالےٰ کا فضل ہے اس لئے آپ کی عصمت کا یہ ایک بڑا ثبوت ملتا ہے۔ جیسے طبیب اُسے کہتے ہیں جو علاج کر کے مریض کو اچھا کر کے دکھلا دیوے ویسے ہی لا الٰہ الا اللہ سے ہر ایک رُوحانی مرض کا علاج کر کے آپ نے دکھلایا۔ اور اسی لئے دوسری تمام نبوتیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ ہی معلوم ہوتی ہیں۔

ایک جگہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے الیوم یئس الذین کفروا[1]۔ آج کافر نا امید ہو گئے گویا آپ کو کامیابی کے اس اعلیٰ نقطہ تک پہنچا دیا کہ کافر نامراد ہو گئے۔ کیا انجیل میں اس کے مقابل کوئی آیت ہے۔ ہرگز نہیں۔ مسیح علیہ السلام کو تو فقط ایک یہودیوں کی اصلاح سپرد تھی

٭ البدر میں ہے:۔

"اسی حمد کا ثبوت اب اس آخری وقت میں آ کر دیا ہے کہ ایک احمد آیا۔ احمد کے معنے ہیں حمد کرنے والا۔ کوئی بھی ایسا آدمی نہیں ہے جو ثابت کرے کہ اس قدر کامیابی کسی اور کو ہوئی ہو۔ خوشی، مرادمندی اور لذت کی موت اگر حاصل ہوئی ہے تو صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوئی ہے اور کسی نبی کو ہرگز نہیں ہوئی یہ خدا کا فضل ہے۔ اس سے پتہ لگتا ہے کہ نفس ایسا پاک تھا کہ خدا کا اس قدر فضل ہوا۔ اور آپ کی عصمت کا یہ ایک بڑا ثبوت ہے۔"

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۶ صفحہ ۲۰۳ مورخہ ۱۷ جولائی ۱۹۰۳ء)

[1] المائدۃ : ۴

اور یہ کوئی مشکل کام نہ تھا مگر قسمت[1] کی بات ہے کہ کوئی بات بھی پوری نہ ہوئی۔ اوّل اُس کو بادشاہت کا وعدہ دیا تو پھر کہہ دیا کہ وہ آسمانی بادشاہت ہے۔ ایلیا کی بات پیش کی تو وہ ایسی کہ خود یحییٰ نے ایلیا ہونے سے انکار کیا۔

آنحضرتؐ اور مسیحؑ کا مقابلہ

پھر دیکھئے کہ مسیحؑ کی گرفتاری کے لئے آدمی آگئے۔ دو گھنٹہ کے اندر ہی اندر آپ کو گرفتار کر لیا اور گرفتار کرنے والوں کا کچھ بھی بگاڑ نہ سکے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی گرفتاری کے لئے کسریٰ کے سپاہی آئے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کے سامنے اسلام پیش کیا اور پھر دوسرے دن صبح کو آپ اُن کو جواب دیتے ہیں کہ آج تمہارا خداوند مارا گیا اور میرے خدا نے اس کے لئے[2] شیرویہ کو اس پر مسلط کر دیا۔

اب دونوں نبیوں کا مقابلہ کر لو۔ جیسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی دعا سے کسریٰ ہلاک ہوگیا۔ اس طرح لازم تھا کہ مسیح کی گرفتاری کے وقت کم از کم موٹے موٹے چھ سات آدمی مارے جاتے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابتدا سے خدا کا ارادہ تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا رُعب جمایا جاوے گا۔

ایک آدمی کے دو خدمت گار ہوں کہ ایک تو رات دن خدمت کرتا ہے اور تنخواہ بھی لیتا ہے مگر گالی گلوچ بھی کھاتا ہے اور اَور مکروہات بھی دیکھتا ہے۔ ایک اَور ہے کہ ایسا کام تو نہیں کرتا لیکن قرب اس کا بہت ہے۔ ہر وقت آقا رحمت کی نگاہ سے دیکھتا ہے تو اس سے اُس کے اور آقا کے اندرونی تعلقات کا پتہ لگتا ہے کہ کس قدر بڑھے ہوئے ہیں

---

[1] البدر میں یہ فقرہ یوں لکھا ہے۔ "مگر قسمت کی بات ہے کہ مسیحؑ کی کوئی بات بھی پوری نہ ہوئی۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۲۶ صفحہ ۲۰۳)

[2] البدر میں ہے۔ "تمہارا خداوند آج رات کو مارا گیا اور میرے خدا نے اسی کے بیٹے شیرویہ کو اس پر مسلط کر دیا۔" (حوالہ مذکور)

یہی حال مسیحؑ کا ہے کہ ان کی زندگی کیسی تلخی سے گذری ہے۔ گالی وغیرہ آپ کھاتے رہے اور نصرت و فتح آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے شامل حال ہونا صداقت کی بڑی بھاری دلیل ہے۔[1]

مسیحؑ کی قوم یہود تو آپ کے بھائی ہی تھے۔ مسیحؑ بھی تورات کو مانتے تھے مگر پھر بھی ذرا سی بات پر اس قدر مخالفت ہوئی کہ انہوں نے سولی پر چڑھایا اور ادھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا جہان دشمن اور پھر کامیابی پر کامیابی ملی حتیٰ کہ آپ کے خلفاء کو بھی کامیابی ہوئی۔

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۶ صفحہ ۱۰-۱۱ مورخہ ۱۷ر جولائی ۱۹۰۳ء)

۹ر جولائی ۱۹۰۳ء

دربار شام

قبر مسیحؑ اور عیسائیوں کا اقرار

بعض عیسائی اخباروں نے مسیحؑ کی قبر واقعہ کشمیر کے متعلق ظاہر کیا ہے کہ یہ قبر مسیحؑ کی نہیں بلکہ ان کے کسی حواری کی ہے۔ اس تذکرہ پر آپ نے فرمایا کہ

اب تو ان لوگوں نے خود اقرار کر لیا ہے کہ اس قبر کے ساتھ مسیحؑ کا تعلق ضرور ہے وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ اُن کے کسی حواری کی ہے اور ہم کہتے ہیں کہ مسیحؑ کی ہے۔ اب اس قبر کے متعلق یہ تاریخی صحیح شہادت ہے کہ وہ شخص جو اس میں مدفون ہے وہ شہزادہ نبی تھا اور قریباً انیس سو برس سے مدفون ہے۔ عیسائی کہتے ہیں کہ یہ شخص مسیحؑ کا حواری تھا اب ان پر یہی سوال ہوتا ہے اور اُن کا فرض ہے کہ وہ ثابت کریں کہ مسیحؑ کا کوئی حواری شہزادہ نبی کے نام سے بھی مشہور تھا

---

[1] البدر میں ہے۔ " یہی حال مسیحؑ کا ہے کہ اُن کی زندگی کیسی تلخی سے گذری ہے۔ گالی وغیرہ آپ کھاتے رہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شامل حال کس طرح تائیدات الٰہیہ رہیں۔ دنیا ہو یا آخرت، خدا تعالیٰ کے فضل کا شامل حال ہونا صداقت کی بڑی دلیل ہے۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۲۶ صفحہ ۲۰۲)

اور وہ اس طرف آیا تھا اور یہ یقیناً ثابت نہیں ہو سکتا۔ پس اس صورت میں بجز اس بات کے ماننے کے کہ یہ مسیح علیہ السلام کی ہی قبر ہے اور کوئی چارہ نہیں۔

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۶ صفحہ ۹ مورخہ ۱۷ر جولائی ۱۹۰۳ء)

۱۰ر جولائی ۱۹۰۳ء

مجلس قبل از عشاء

نشانات کی ضرورت

نشانات کی ضرورت پر فرمایا کہ

اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت ہے ورنہ دیکھا جاتا ہے کہ اس وقت کیا ہو رہا ہے۔ نماز روزہ وغیرہ سب لحاظ داری ہے حقیقی نیکی کو لوگ جانتے نہیں کہ کیا شئے ہے۔ خدا کے خوف سے کسی شئے کو ترک کرنا یا لینا بالکل جاتا رہا ہے۔ غرضکہ اس وقت بڑی بحث آپڑی ہے۔ اگر خدا تعالیٰ مدد نہ کرے اور نشانات نہ دکھلائے تو پھر دہریّہ کو فتح حاصل ہوتی ہے اور اس وقت صرف اس کی ہستی کا ثبوت ہی کافی نہیں ہے بلکہ اس کی غیرت کے ثبوت کی بھی ضرورت ہے بعض لوگ تو گاڈ کہہ رہے ہیں بعض اس کے لئے ایک بیٹا تجویز کر رہے ہیں۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وقت بھی ایسی ضرورت آپڑی تھی۔ اس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جنگ کے وقت کہا کہ اگر تُو اس جماعت کو ہلاک کر دے گا تو پھر تیری پرستش کرنے والا دنیا میں کوئی نہ رہے گا۔ یہی حال اس وقت ہے۔ پس اگر مہدی اور مسیح کا یہ زمانہ نہیں تو اور کس وقت کا انتظار ہے۔ آنے والے نے تو صدی کے سر پر آنا تھا۔ اب بیس سال سے بھی زیادہ گذر گئے۔ زمانہ کی موجودہ حالت سے پتہ لگتا ہے کہ اب آخری فیصلہ خدا تعالیٰ کا ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۶ صفحہ ۲۰۳-۲۰۴ مورخہ ۱۷ر جولائی ۱۹۰۳ء)

۱۱؍جولائی ۱۹۰۳ء

دربار شام

عیب مے جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو

تمباکو کے مضرات پر ایک مختصر مضمون پڑھا گیا۔ جس میں کُل امراض کو تمباکو کا نتیجہ قرار دیا گیا تھا اور تمباکو کی مذمت میں بہت مبالغہ کیا گیا تھا۔ اس کو سُنکر حضرت حجۃ اللہ نے فرمایا کہ

اللہ تعالیٰ کے کلام اور مخلوق کے کلام میں کس قدر فرق ہوتا ہے[۵۲] شراب کے مضار اگر بیان کئے ہیں تو اس کا نفع بھی بتا دیا ہے۔ اور پھر اس کو روکنے کے لئے یہ فیصلہ کر دیا کہ اس کا ضرر نفع سے بڑھ کر ہے۔ دراصل کوئی چیز ایسی نہیں ہے جس میں کوئی نہ کوئی نفع نہ ہو۔ مگر مخلوق کے کلام کی یہی حالت ہوتی ہے۔ اب دیکھ لو۔ اس نے اس کے مضرات ہی مضرات بتائے ہیں۔ کسی ایک نفع کا بھی ذکر نہیں کیا۔[۵۳]

تمباکو اور شریعت

تمباکو کے بارے میں اگرچہ شریعت نے کچھ نہیں بتایا لیکن ہم اس کو مکروہ جانتے ہیں اور ہم یقین کرتے ہیں کہ اگر یہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وقت میں ہوتا تو آپ نہ اپنے لئے اور نہ اپنے صحابہ کے لئے کبھی اس کو تجویز کرتے بلکہ منع کرتے۔

---

۵۱ البدر میں ہے:۔

"تمباکو کے مضرات کے متعلق ایک انگریزی ٹریکٹ مجلس میں پڑھا جا رہا تھا۔"

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۷ صفحہ ۲۰۹ مورخہ ۲۴ جولائی ۱۹۰۳ء)

۵۲ البدر سے:۔ "اللہ تعالیٰ اگر کسی شئے کے نقصانات بیان کرتا ہے تو ساتھ ہی منافع بھی بیان کرتا ہے۔" (حوالہ مذکور)

۵۳ البدر میں ہے:۔ "لیکن مخلوق کی کلام کو دیکھو کہ نقصانات کے بیان کرنے میں کس قدر مبالغہ کیا ہے اور تمباکو کے نفع کا نام تک بھی نہیں لیا۔" (حوالہ مذکور)

غریبوں کا حصہ دین میں

فرمایا کہ

غرباء نے دین کا بہت بڑا حصہ لیا ہے۔ بہت ساری باتیں ایسی ہوتی ہیں جن سے اُمراء محروم رہ جاتے ہیں وہ پہلے تو فسق و فجور اور ظلم میں مبتلا ہوتے ہیں اور اس کے مقابلہ میں صلاحیت تقویٰ اور نیاز مندی غرباء کے حصہ میں ہوتی ہے۔ پس غرباء کے گروہ کو بدقسمت خیال نہیں کرنا چاہیئے بلکہ سعادت اور خدا تعالیٰ کے فضل کا بہت بڑا حصہ اس کو ملتا ہے۔[1]

یاد رکھو حقوق کی دو قسمیں ہیں ایک حق اللہ دوسرے حق العباد

حق اللہ میں بھی امراء کو دقت پیش آتی ہے۔[2] اور تکبر اور خود پسندی ان کو محروم کر دیتی ہے مثلاً نماز کے وقت ایک غریب کے پاس کھڑا ہونا بُرا معلوم ہوتا ہے۔[3] اُن کو اپنے پاس بٹھا نہیں سکتے اور اس طرح پر وہ حق اللہ سے محروم رہ جاتے ہیں کیونکہ مساجد تو دراصل بیت المساکین ہوتی ہیں۔ اور وہ ان میں جانا اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں اور اسی طرح وہ حق العباد میں خاص خاص خدمتوں میں حصہ نہیں لے سکتے۔ غریب آدمی تو ہر ایک قسم کی خدمت کے لئے تیار رہتا ہے۔ وہ پاؤں دبا سکتا ہے۔ پانی لا سکتا ہے۔ کپڑے دھو سکتا ہے یہاں تک کہ اگر اُس کو نجاست پھینکنے کا موقعہ ملے تو اس میں بھی اُسے دریغ نہیں ہوتا۔ لیکن امراء ایسے کاموں میں ننگ و عار سمجھتے ہیں اور اس طرح پر اس سے بھی محروم رہتے ہیں۔ غرض امارت بھی بہت سی نیکیوں کے حاصل کرنے سے روک دیتی ہے

---

[1] البدر میں ہے۔ "خدا تعالیٰ کے ان پر بڑے فضل اور اکرام ہیں۔"
(البدر جلد ۲ نمبر ۲۷ صفحہ ۲۰۹)

[2] البدر میں ہے۔
"حق اللہ میں بھی امراء لوگ سستی اختیار کرتے ہیں" (حوالہ مذکور)

[3] حاشیہ۔ البدر میں ہے "عار معلوم ہوتا ہے" (حوالہ مذکور)

یہی وجہ ہے جو حدیث میں آیا ہے کہ مساکین پانچ سو برس اول جنت میں جائیں گے۔

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۶ صفحہ ۱۲ مورخہ ۱۷ جولائی ۱۹۰۳ء)

۱۲ جولائی ۱۹۰۳ء

بعد نماز عصر

عورتوں کو وعظ

جو کہ حضرت اقدس علیہ السلام نے ۱۲ جولائی ۱۹۰۳ء کو اندرون خانہ بوقت بین العصر والمغرب فرمایا تھا اور دروازہ سے باہر دیوار کی اوٹ میں کھڑے ہو کر قلمبند کیا گیا۔ چونکہ اکثر بچگان بھی عورتوں کے ہمراہ تھے جو اکثر شور کر کے سلسلہ تسامع کا توڑ دیتے تھے اس لئے جہاں تک بشریت کی استعداد نے موقعہ دیا۔ اس کو بلفظہ نوٹ کیا گیا ہے (نوٹ از ایڈیٹر)

اگرچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بیویوں سے بڑھ کر کوئی نہیں ہو سکتا مگر تاہم آپ کی بیویاں سب کام کر لیا کرتی تھیں جھاڑو بھی دے لیا کرتی تھیں اور ساتھ اس کے عبادت بھی کرتی تھیں چنانچہ ایک بیوی نے اپنی حفاظت کے واسطے ایک رسہ لٹکا رکھا تھا کہ عبادت میں اونگھ نہ آئے۔ عورتوں کے لئے ایک ٹکڑا عبادت کا خاوندوں کا حق ادا کرنا ہے اور ایک ٹکڑا عبادت کا خدا کا شکر بجا لانا ہے۔ خدا کا شکر کرنا اور خدا کی تعریف کرنی یہ بھی عبادت ہے دوسرا ٹکڑا عبادت کا نماز کو ادا کرنا ہے۔

کوئی شخص نواب تھا صبح کو نماز کے لئے نہیں اٹھتا تھا۔ ایک مولوی نے اسے وعظ سنایا اس پر نواب نے اپنے خادم کو کہا کہ مجھ کو صبح کو اٹھا دینا۔ خادم نے دو تین مرتبہ اس کو جگایا جب ایک مرتبہ جگایا تو اس نے دوسری طرف کروٹ بدل لی۔ جب دوبارہ اس طرف ہو کر جگایا پھر اور طرف ہو گیا۔ جب تیسری مرتبہ جگایا تو اس نے اٹھ کر اس کو خوب مارا اور کہا کم بخت جب ایک مرتبہ نہیں اٹھا تو تجھے معلوم نہ تھا کہ ابھی نہ اٹھوں گا پھر کیوں جگایا؟ اور اتنا مارا کہ وہ بیچارہ بیہوش

ہو گیا۔ آپ ہی تو مولوی سے وعظ سن کر اس کو کہا تھا کہ مجھ کو اٹھا دینا۔ پھر جب اس نے جگایا تو اس بیچارے کی شامت آئی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جس کے پاس بہت سا حصہ جاگیر کا ہوتا ہے وہ ایسے غافل ہو جاتے ہیں کہ حق اللہ کا اُن کو خیال نہیں آتا۔ امراء میں بہت سا حصہ تکبر کا ہوتا ہے جس کی وجہ سے عبادت نہیں کر سکتے اور نہ دوسرا حصہ خلقت کی خدمت کا اُن سے ادا ہوتا ہے۔ خلقت کی خدمت کا یہ حال ہے کہ اگر کوئی غریب آدمی سلام کرتا ہے تو بھی بُرا مناتے ہیں۔ ایسا ہی عورتوں کا حال ہے کوئی چھوٹی عورت آوے تو چاہیئے کہ بڑی کو سلام کرے۔ یہ دو ٹکڑے شریعت کے ہیں حق اللہ اور حق العباد۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھو کہ کس قدر خدمات میں عمر کو گذارا۔ اور حضرت علیؓ کی حالت کو دیکھو کہ اتنے پیوند لگائے کہ جگہ نہ رہی۔ حضرت ابوبکرؓ نے ایک بڑھیا کو ہمیشہ حلوہ کھلانا وطیرہ کر رکھا تھا۔ غور کرو کہ یہ کس قدر التزام تھا۔ جب آپ فوت ہو گئے تو اس بڑھیا نے کہا کہ آج ابوبکرؓ فوت ہو گیا۔ اس کے پڑوسیوں نے کہا کہ کیا تجھ کو الہام ہوا یا وحی ہوئی؟ تو اس نے کہا نہیں آج حلوا لے کر نہیں آیا اس واسطے معلوم ہوا کہ فوت ہو گیا یعنی زندگی میں ممکن نہ تھا کہ کسی حالت میں بھی حلوا نہ پہنچے۔ دیکھو کس قدر خدمت تھی۔ ایسا ہی سب کو چاہیئے کہ خدمت خلق کرے

ایک بادشاہ اپنا گذارہ قرآن شریف لکھ کر کیا کرتا تھا۔

اگر کسی کو کسی سے کراہت ہووے اگرچہ کپڑے سے ہو یا کسی اور چیز سے ہو تو چاہیئے کہ وہ اس سے الگ ہو جاوے مگر روبرو ذکر نہ کرے کہ یہ دلشکنی ہے اور دل کا شکستہ کرنا گناہ ہے۔ اگر کھانا کھانے کو کسی کے ساتھ جی نہیں کرتا تو کسی اور بہانہ سے الگ ہو جاوے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا[1] مگر اظہار نہ کرے۔ یہ اچھا نہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ کو تلاش کرنا ہے تو مسکینوں کے دل کے پاس تلاش کرو۔ اسی لئے پیغمبروں نے مسکینی کا جامہ ہی پہن لیا تھا۔ اسی طرح چاہیئے کہ بڑی قوم کے لوگ چھوٹی قوم کو ہنسی نہ کریں اور نہ کوئی یہ کہے کہ میرا خاندان بڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم میرے

[1] النور: ۶۲

پاس جو آؤ گے تو یہ سوال نہ کروں گا کہ تمہاری قوم کیا ہے۔ بلکہ سوال یہ ہوگا کہ تمہارا عمل کیا ہے۔ اسی طرح پیغمبر خدا نے فرمایا ہے اپنی بیٹی سے کہ اے فاطمہؓ خدا تعالےٰ ذات کو نہیں پوچھے گا۔ اگر تم کوئی بُرا کام کروگی تو خدا تعالےٰ تم سے اس واسطے درگذر نہ کرے گا کہ تم رسول کی بیٹی ہو۔ پس چاہیئے کہ تم ہر وقت اپنا کام دیکھ کر کیا کرو۔ اگر کوئی چوڑھا اچھا کام کرے گا۔ تو وہ بخشا جاوے گا اور اگر سید ہو کر کوئی بُرا کام کرے گا تو وہ دوزخ میں ڈالا جاویگا حضرت ابراہیمؑ نے اپنے باپ کے واسطے دعا کی وہ منظور نہ ہوئی۔ حدیث میں آیا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام قیامت کو کہیں گے کہ اے اللہ تعالےٰ میں اپنے باپ کو اس حالت میں دیکھ نہیں سکتا۔ مگر اس کو پھر بھی رسہ ڈال کر دوزخ کی طرف گھسیٹ کر ذلت کے ساتھ لے جاویں گے (یہ عمل نہ ہونے کی وجہ سے ہے کہ پیغمبر کی سفارش بھی کارگر نہ ہوگی)۔ کیونکہ اس نے تکبر کیا تھا۔ پیغمبروں نے غریبی کو اختیار کیا۔ جو شخص غریبی کو اختیار کرے گا وہ سب سے اچھا رہے گا۔ ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے غریبی کو اختیار کیا۔ کوئی شخص عیسائی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ حضرت نے اس کی بہت سی تواضع وخاطرداری کی۔ وہ بہت بھوکا تھا۔ حضرت نے اس کو خوب کھلایا کہ اس کا پیٹ بہت بھر گیا۔ رات کو اپنی رضائی عنایت فرمائی۔ جب وہ سو گیا تو اس کو بہت زور سے دست آیا کہ وہ روک نہ سکا اور رضائی میں ہی کر دیا۔ جب صبح ہوئی تو اُس نے سوچا کہ میری حالت کو دیکھ کر کراہت کریں گے شرم کے مارے وہ نکل کر چلا گیا۔ جب لوگوں نے دیکھا تو حضرت سے عرض کی کہ جو نصرانی عیسائی تھا وہ رضائی کو خراب کر گیا ہے۔ اس میں دست کیا ہوا ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ وہ مجھے دو تا کہ میں صاف کردوں۔ لوگوں نے عرض کیا کہ حضرت آپ کیوں تکلیف اُٹھاتے ہیں۔ ہم جو حاضر ہیں ہم صاف کر دیں گے۔ حضرت نے فرمایا کہ وہ میرا مہمان تھا اس لئے میرا ہی کام ہے اور اُٹھ کر پانی منگوا کر خود ہی صاف کرنے لگے۔ وہ عیسائی جبکہ ایک کوس نکل گیا تو اس کو یاد آیا کہ اس کے پاس جو سونے کی صلیب تھی وہ چارپائی پر بھول آیا ہوں۔ اس لئے وہ واپس

آیا تو دیکھا کہ حضرت اس کے پاخانہ کو رضائی میں سے خود صاف کر رہے ہیں۔ اس کو ندامت آئی اور کہا کہ اگر میرے پاس یہ ہوتی تو میں کبھی اس کو نہ دھوتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ ایسا شخص کہ جس میں اتنی بے نفسی ہے وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ پھر وہ مسلمان ہو گیا۔

کہتے ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جب لڑکوں کی طرف راستہ میں دیکھا کرتے تھے تو اتنی شفقت کیا کرتے تھے کہ وہ لڑکے سمجھا کرتے کہ یہ ہمارا باپ ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے کہ جو عورتیں کسی اور قسم کی ہوں ان کو دوسری عورتیں حقارت کی نظر سے نہ دیکھیں اور نہ مرد ایسا کریں کیونکہ یہ دل دکھانے والی بات ہے۔ ورنہ اللہ تعالیٰ اس سے مواخذہ کرے گا۔ یہ بہت بری خصلت ہے۔ یہ ٹھٹھا کرنا اللہ تعالیٰ کو بہت برا معلوم ہوتا ہے لیکن اگر کوئی ایسی بات ہو جس سے دل نہ دکھے وہ بات جائز رکھی ہے جہاں تک ہو سکے ان باتوں سے پرہیز کرے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ عمل والے کو میں کس طرح جزا دوں گا۔ فَاَمَّا مَنْ طَغٰی ۔ وَ اٰثَرَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ۔ فَاِنَّ الْجَحِیْمَ هِیَ الْمَاْوٰی[1] جو شخص میرے حکموں کو نہیں مانے گا۔ میں اس کو بہت بری طرح سے جہنم میں ڈالوں گا اور ایسا ہو گا کہ آخر جہنم تمہاری جگہ ہو گی۔ وَ اَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَ نَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰی ۔ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِیَ الْمَاْوٰی[2] اور جو شخص میری عدالت کے تخت کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرے گا اور خیال رکھے گا تو خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اس کا ٹھکانا جنت میں کروں گا۔ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ عبس و تولّٰی ۔ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰی ۔ وَمَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّهٗ یَزَّكّٰۤی اَوْ یَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰی[3]۔ اس سورۃ کے نازل ہونے کی وجہ یہ تھی کہ حضرت کے پاس چند قریش کے بڑے بڑے آدمی بیٹھے تھے۔ آپ ان کو نصیحت کر رہے تھے کہ ایک اندھا آ گیا۔ اس نے کہا کہ مجھ کو دین کے مسائل بتلا دو۔ حضرت نے فرمایا کہ صبر کرو۔ اس پر خدا تعالیٰ نے بہت غصہ کیا۔ آخر آپ اس کے گھر گئے اور اسے بلا کر لائے اور چادر بچھا دی اور کہا کہ تو بیٹھ۔ اس اندھے نے کہا کہ میں آپ کی چادر پر کیسے

[1] النّٰزعٰت: ۳۸ تا ۴۰ [2] النّٰزعٰت: ۴۱-۴۲ [3] عَبَسَ: ۲ تا ۵

بیٹھوں ؟ آپ نے وہ چادر کیوں بچھائی تھی ؟ اس واسطے کہ خدا تعالیٰ کو راضی کریں۔ تکبر اور شرارت بُری بات ہے۔ ایک ذراسی بات سے ستر برس کے عمل ضائع ہو جاتے ہیں لکھا ہے کہ ایک شخص عابد تھا وہ پہاڑ پر رہا کرتا تھا اور مدت سے وہاں بارش نہ ہوئی تھی۔ ایک روز بارش ہوئی تو پتھروں پر اور روڑیوں پر بھی ہوئی تو اُس کے دل میں اعتراض پیدا ہوا کہ ضرورت تو بارش کی کھیتوں اور باغات کے واسطے ہے یہ کیا بات ہے کہ پتھروں پر ہوئی۔ یہی بارش کھیتوں پر ہوتی تو کیا اچھا ہوتا۔ اس پر خدا تعالیٰ نے اس کا سارا ولی پنا چھین لیا۔ آخر وہ بہت سا غمگین ہوا۔ اور کسی اور بزرگ سے استمداد کی تو آخر اس کو پیغام آیا کہ تو نے اعتراض کیوں کیا تھا۔ تیری اس خطا پر عتاب ہوا ہے۔ اس نے کسی سے کہا کہ ایسا کر کہ میری ٹانگ میں رسہ ڈال کر پتھروں پر گھسیٹتا پھر۔ اس نے کہا کہ ایسا کیوں کروں ؟ اس عابد نے کہا کہ جس طرح میں کہتا ہوں اسی طرح کرو۔ آخر اس نے ایسا ہی کیا یہاں تک کہ اس کی دونو ٹانگیں پتھروں پر گھسیٹنے سے چھل گئیں۔ تب خدا نے فرمایا کہ بس کر اب معاف کر دیا۔ اب دیکھو کہ لوگ کتنے اعتراض کرتے ہیں۔ ذرا زیادہ بارش ہو جاوے تو کہتے ہیں کہ ہم کو ڈبونے لگ گیا ہے اور ذرا توقف بارش میں ہو تو کہتے ہیں کہ اب ہم کو مارنے لگا ہے۔ یہ اعتراض کیسے بُرے ہوتے ہیں۔ دیکھو تقوے کیسے گُم ہو گیا ہے اگر ایک دو آنے رستے میں مِل جاویں تو جلدی سے اُٹھا لیتا ہے اور پھر اس کو کسی سے نہیں کہتا۔ حالانکہ تقوے کا کام یہ تھا کہ اس کو سب کو سُناتا اور جس کے ہوتے اس کے حوالہ کرتا۔ پھر کہتے ہیں کہ بارش نہیں ہوتی بارش کیسے ہو ؟ اللہ تعالیٰ بہت سے گناہ تو معاف ہی کر دیتا ہے۔ اگر زیادہ بارش ہو تو دہائی دیتے ہیں۔ اگر دھوپ زیادہ ہو تو بھی دہائی دیتے ہیں۔ ان سب حالتوں میں انسان تقوے سے خالی ہوتا ہے۔ پس چاہیئے کہ صبر کرے اگر صبر نہ کرے تو پھر کافر ہو کر تو روٹی کھانی حرام ہے۔ انسان کو چاہیئے کہ کبھی خدا تعالیٰ پر اعتراض نہ کرے۔

دیکھو ہمارے پیغمبر خدا کے ہاں ۱۲ لڑکیاں ہوئیں۔ آپ نے کبھی نہیں کہا کہ لڑکا کیوں

نہ ہوا۔ اور جب کوئی غم ہوتا تو انا للہ ہی کہتے رہے۔ اب اگر کسی کا لڑکا مرجاوے تو برس برس تک روتے ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ کشائش دیوے تو تعریف کرتے ہیں مگر ذرا سختی آجاوے تو فوراً پھر جاتے ہیں۔ ایک شخص کی یہاں بیوی فوت ہوگئی وہ فوراً دہریہ ہوگیا انسان کو چاہیئے کہ علاقہ خدا تعالیٰ کے ساتھ ایسا رکھے کہ کبھی سختی آوے تو توڑنا نہ پڑے گویا کبھی نہیں آئی حضرت ایوبؑ کتنے صابر تھے کہ خدا تعالیٰ نے شیطان سے کہا کہ دیکھ میرا بندہ کتنا صابر ہے۔ اس نے کہا کہ کیوں نہ ہو بکریاں بہت ہیں آرام سے کھاتا پیتا ہے۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ میں نے تجھ کو اس کی بکریوں پر مسلط کیا۔ اس نے سب کو فنا کر دیا اور حضرت ایوبؑ کے خادم نے خبر پہنچائی کہ تمہاری بکریاں سب مرگئیں۔ آپ نے فرمایا کہ تو یوں کیوں کہتا ہے کہ میری بکریاں مرگئیں وہ تو خدا تعالیٰ کی تھیں اس نے اپنی امانت واپس لے لی۔ پھر شیطان سے خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ دیکھ میرا بندہ ایوبؑ کیسا صابر ہے۔ اس نے کہا کہ ہاں اس کو یہ خیال ہے۔ کہ اونٹ بہت سے ہیں بکریاں فنا ہوگئیں تو کیا ہوگیا ان سے سب طرح کے کام چل سکتے ہیں خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ میں نے تجھ کو اونٹوں پر بھی مسلط کیا۔ پھر سب اونٹ فنا ہوگئے۔ اور اسی طرح خادم نے خبر دی تو حضرت ایوبؑ نے وہی کہا کہ میرے نہیں تھے یہ تو خدا تعالیٰ نے دیئے تھے اس نے واپس لے لئے۔ پھر کیا افسوس ہے۔ پھر شیطان سے خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ دیکھا میرا بندہ کیسا صابر ہے۔ اس نے کہا کہ اس کے دل میں تقویت ہے کہ گائیاں بہتیری ہیں ان سے سب کچھ حاصل ہوسکتا ہے۔ آخر ان پر بھی اسی طرح شیطان کو مسلط کیا گیا وہ بھی فنا ہوگئیں اور حضرت ایوبؑ نے صبر کیا۔ پھر خدا تعالیٰ نے فرمایا تو شیطان نے جواب دیا کہ اس کے پاس فرزند بہتیرے ہیں دل میں جانتا ہے کہ کیا ہوا یہ جیتے ہیں تو پھر بہت سامال اکٹھا ہوجاوے گا۔ خدا تعالیٰ نے اس کے فرزندوں کو بھی وفات دے دی۔ پھر شیطان نے کہا کہ خدایا اس کی تندرستی بہت ہے اس کو اس کی بدولت سب کچھ مل سکتا ہے۔ آخر یہ ہوا کہ نہایت بیمار ہوگئے اور تندرستی بھی جاتی رہی مگر صبر کیا اور پھر خدا تعالیٰ نے شیطان

سے کہا کہ میرا بندہ کیسا صابر ہے۔ شیطان چُپ سا ہو گیا۔ مگر ان کی بیوی جو ہمیشہ کھانا پکایا کرتی تھی شیطان اُس کو راستے میں ملا اور ایک بڑھی کی شکل میں اس سے کہا کہ تیرا خاوند ایسا ہے ایسا ہے تو اس کی کیوں خدمت کرتی ہے۔ اُس نے یہ بات حضرت ایوبؑ سے کہی۔ انہوں نے کہا کہ وہ تو شیطان تھا تُو نے اس کی بات کیوں میرے پاس کہی میں اچھا ہو کر تجھ کو سَو بید ماروں گا۔ پھر خدا تعالےٰ کی رحمت ہوئی تو ایوب علیہ السلام کے پاس فرشتہ آیا اور اپنے پاؤں مار کر ایک چشمہ نکالا اس میں نہانے کے واسطے کہا۔ حضرت ایوبؑ اس میں نہا کر اچھے ہو گئے اور پھر بیوی کی طرف متوجہ ہوئے تو چونکہ آپ نے قسم کھائی تھی اللہ تعالےٰ نے سمجھایا کہ بیوی تمہاری بے قصور ہے صرف ایک جھاڑو بجائے سَو بید کے اس کے بدن سے چھُو دو تاکہ قسم جھوٹی نہ ہووے۔

اب دیکھو کہ کتنا صابر ہونا ان کا ثابت ہوا۔ ان کا قصہ خدا تعالےٰ نے قرآن شریف میں باوجودیکہ صدہا سال گذر گئے تھے نقل کیا ہے اور پھر اللہ تعالےٰ فرماتا ہے ولنبلونکم بشیئٍ من الخوف والجوع ونقص من الاموال والانفس والثمرات[1] .... الخ کبھی ہم تم کو نہایت فقر و فاقہ سے آزمائیں گے اور کبھی تمہارے بچے مر جاویں گے۔ تو جو لوگ مومن ہیں وہ کہتے ہیں کہ یہ خدا تعالےٰ کا ہی مال تھا ہم بھی تو اسی کے ہیں۔ پس خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ انہی لوگوں نے جو صبر کرتے ہیں میرے مطلب کو سمجھا ہے۔ ان پر میری بڑی رحمتیں ہیں جن کا کوئی حد و حساب نہیں۔ تو دیکھو کہ یہ باتیں ہیں ان پر عمل کرنا چاہیئے غریب آدمی کے ساتھ تکبر کے ساتھ پیش نہیں آنا چاہیئے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۷ صفحہ ۲۱۰-۲۱۱ مورخہ ۲۴ جولائی ۱۹۰۳ء)

نیز

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۶ صفحہ ۱۵-۱۶ مورخہ ۱۷ جولائی ۱۹۰۳ء)

---

[1] البقرۃ: ۱۵۶

مجلس قبل از عشاء

ارتداد عن الاسلام کا ذکر

عبد الغفور نامی ایک شخص کے آریہ مذہب اختیار کرنے پر فرمایا کہ

اس طرح کے ارتداد سے اسلام کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچتا۔ یکجائی نظر سے دیکھنا چاہیئے کہ آیا اسلام ترقی کر رہا ہے یا تنزل۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وقت جو بعض لوگ مرتد ہو جاتے تھے تو کیا اُن سے اسلام کو نقصان پہنچتا تھا؟ ہرگز نہیں بلکہ میرا خیال ہے کہ یہ پہلو انجامکار اسلام کو ہی مفید پڑتا ہے اور اس طرح سے اہلِ اسلام کے ساتھ اختلاط کی ایک راہ کھلتی ہے اور جب خدا تعالےٰ نے ایک جماعت کی جماعت اسلام میں داخل کرنی ہوتی ہے تو ایسا ہوا کرتا ہے کہ اہلِ اسلام میں سے کچھ ادھر چلے جاویں۔ خدا تعالیٰ کے کام بڑے دقیق اور اسرار سے بھرے ہوئے ہوتے ہیں جو ہر ایک کی سمجھ میں نہیں آیا کرتے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۷ صفحہ ۲۰۹ مورخہ ۲۴ جولائی ۱۹۰۳ء)

---

۱۳ جولائی ۱۹۰۳ء

بعد نماز عصر

حضرت اقدس کا عورتوں کو وعظ

وَمَن يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَل لَّهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ[1]

یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے گا اس کو اللہ تعالیٰ ایسے طور سے رزق پہنچائے گا کہ جس طور سے معلوم بھی نہ ہوگا۔ رزق کا خاص طور سے اس واسطے ذکر کیا کہ بہت سے لوگ حرام مال جمع کرتے ہیں۔ اگر وہ خدا تعالیٰ کے حکموں پر عمل کریں اور تقویٰ سے کام لیویں تو خدا

[1] الطلاق: ۳، ۴

تعالیٰ خود اُن کو رزق پہنچاوے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وھو یتولی الصالحین۔[1]
جس طرح پر ماں بچے کی متولی ہوتی ہے اسی طرح پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں صالحین کا متکفل
ہوتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ اس کے دشمنوں کو ذلیل کرتا ہے اور اس کے مال میں طرح طرح کی
برکتیں ڈال دیتا ہے۔ انسان بعض گناہ عمداً بھی کرتا ہے اور بعض گناہ اس سے ویسے بھی
سرزد ہوتے ہیں۔ جتنے انسان کے عضو ہیں ہر ایک عضو اپنے اپنے گناہ کرتا ہے۔ انسان کا
اختیار نہیں کہ بچے۔ اللہ تعالیٰ اگر اپنے فضل سے بچاوے تو بچ سکتا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ
کے گناہ سے بچنے کے لئے یہ آیت ہے ایاك نعبد و ایاك نستعین۔[2] جو لوگ اپنے
رب کے آگے انکسار سے دعا کرتے رہتے ہیں کہ شاید کوئی عاجزی منظور ہو جاوے تو
اُن کا اللہ تعالیٰ خود مددگار ہو جاتا ہے۔ کوئی شخص عابد بہت دعا کرتا تھا کہ یا اللہ تعالیٰ
مجھ کو گناہوں سے آزادی دے اس نے بہت دعا کرنے کے بعد سوچا کہ سب سے زیادہ
عاجزی کیونکر ہو۔ معلوم ہوا کہ کتے سے زیادہ عاجز کوئی نہیں تو اس نے اس کی آواز سے
رونا شروع کیا کسی اور شخص نے سمجھا کہ مسجد میں کتا آگیا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ کوئی میرا برتن
پلید کر دیوے تو اس نے آکر دیکھا تو عابد ہی تھا کتا کہیں نہ دیکھا۔ آخر اس نے پوچھا کہ
یہاں کتا رو رہا تھا۔ اس نے کہا کہ میں ہی کتا ہوں۔ پھر پوچھا کہ تم ایسے کیوں رو رہے
تھے؟ کہا کہ خدا تعالیٰ کو عاجزی پسند ہے اس واسطے میں نے سوچا کہ اس طرح میری
عاجزی منظور ہو جاوے گی۔

حضرت ابراہیمؑ نے اپنے لڑکے کے واسطے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو
جاوے۔ اسی طرح انسان کو چاہیئے کہ دعا کرے۔ بہت سے شخص ایسے ہوتے ہیں کہ
کسی گناہ سے نہیں بچتے۔ لیکن اگر اُن کو کوئی شخص بے ایمان یا کچھ اور کہہ دیوے۔ تو
بڑے جوش میں آتے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ ہم تو کوئی گناہ نہیں کرتے۔ پھر ہم کو یہ کیوں
کہتا ہے۔ اس طرح انسان کو معلوم نہیں کہ کیا کیا گناہ اس سے سرزد ہوتے ہیں۔ پس اُس

[1] الاعراف: ۱۹۷ [2] الفاتحہ: ۵

کو کیا خبر ہے کہ کیا کچھ لکھا ہوا ہے۔ پس انسان کو چاہیئے کہ اپنے عیبوں کو شمار کرے اور دعا کرے پھر اللہ تعالیٰ بچاوے تو بچ سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ مجھ سے دُعا کرو میں مانوں گا۔ ادعونی استجب لکم[1]

دعا اور صحبت صالحین

دو چیزیں ہیں ایک تو دُعا کرنی چاہیئے۔ دوسرا طریق یہ ہے کونوا مع الصادقین[2] راست بازوں کی صحبت میں رہ کرکے تم کو پتہ لگ جاوے کہ تمہارا خدا قادر ہے۔ بینا ہے۔ سُننے والا ہے۔ دعائیں قبول کرتا ہے اور اپنی رحمت سے بندوں کو صدہا نعمتیں دیتا ہے۔ جو لوگ ہر روز نئے گناہ کرتے ہیں وہ گناہ کو حلوے کی طرح شیریں خیال کرتے ہیں۔ ان کو خبر نہیں کہ یہ زہر ہے کیونکہ کوئی شخص سنکھیا جان کر نہیں کھا سکتا۔ کوئی شخص بجلی کے نیچے نہیں کھڑا ہوتا اور کوئی شخص سانپ کے سوراخ میں ہاتھ نہیں ڈالتا۔ اور کوئی شخص کھانا شکی نہیں کھا سکتا اگرچہ اس کو کوئی دو چار پلے بھی دے۔ پھر باوجود اس بات کے جو یہ گناہ کرتا ہے کیا اس کو خبر نہیں۔ پھر کیوں کرتا ہے؟ اس کی وجہ یہی ہے کہ اس کا دل مضر یقین نہیں کرتا۔ اس واسطے ضرور ہے کہ آدمی پہلے یقین حاصل کرے۔ جب تک یقین نہیں غور نہیں کرے گا اور کچھ نہ پائے گا۔ بہت سے لوگ ایسے بھی ہیں۔ جنہوں نے پیغمبروں کا زمانہ بھی دیکھ کر اُن کو ایمان نہ آیا۔ اس کی وجہ یہی تھی کہ انہوں نے غور نہیں کی۔ دیکھو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا[3] ہم عذاب نہیں کیا کرتے جب تک کوئی رسول نہ بھیج دیں۔ اور وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا[4]۔ پہلے امراء کو اللہ تعالیٰ مہلت دیتا ہے۔ وہ ایسے افعال کرتے ہیں کہ آخر اُن کی پاداش میں ہلاک ہو جاتے ہیں۔ غرضکہ ان باتوں کو یاد رکھو اور اولاد کی تربیت کرو۔ زنا نہ کرو۔ کسی شخص کا خون نہ کرو۔ اللہ تعالیٰ نے ساری عبادتیں ایسی رکھی ہیں جو بہت عمدہ زندگی تک پہنچاتی ہیں۔ عہد کرو اور عہد کو پورا کرو۔ اگر تکبر کرو گی تو تم کو خدا ذلیل کرے گا۔ یہ

[1] المومن: ۶۱ [2] التوبہ: ۱۱۹ [3] بنی اسرائیل: ۱۶ [4] بنی اسرائیل: ۱۷

ساری باتیں بُری ہیں۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۸ صفحہ ۲۱۷-۲۱۸ مورخہ ۳۱ر جولائی ۱۹۰۳ء)

شام کے وقت بوجہ دوران سر حضرت اقدس (علیہ السلام) نے نماز مغرب کے نوفل بیٹھ کر ادا کئے۔ بعد ازاں آندھی اور بارش کے آثار نمودار ہوگئے اور تجویز ہوئی کہ نماز عشاء جمع کرلی جاوے۔ چونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طبیعت ناساز تھی اس لئے تشریف لے گئے مگر تاہم باجماعت نماز کا اس قدر آپ کو خیال تھا کہ تاکید فرمائی کہ تکبیر زور سے کہی جاوے کہ میں اندر سُن لوں اور باجماعت نماز ادا ہو جاوے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۷ صفحہ ۲۱۰ مورخہ ۲۴ر جولائی ۱۹۰۳ء)

۱۴ر جولائی ۱۹۰۳ء

خدا تعالیٰ سچا دوست ہے

فرمایا کہ

دعویٰ مومن اور مسلم ہونے کا آسان ہے مگر جو سچے طور پر خدا تعالیٰ کا ساتھ دیوے تو خدا تعالیٰ اس کا ساتھ دیتا ہے۔ ہر ایک دل کو اس قسم کی سچائی کی توفیق نہیں ملا کرتی یہ صرف کسی کسی کا دل ہوتا ہے۔ دیکھا جاتا ہے کہ دوست بھی کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ بعض تنگ مزاج کہ وفا نہیں کرتے اور بعض ایسے ہوتے ہیں کہ حق دوستی کو وفاداری کے ساتھ پورا ادا کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ وفادار دوست ہے اسی لئے تو وہ فرماتا ہے ومن یتوکل علی اللہ[1] کہ جو خدا کی طرف پورے طور پر آ گیا اور اعدار وغیرہ کسی کی پروا نہ کی فھو حسبہٗ۔ تو پھر خدا تعالیٰ اس کے ساتھ پوری وفا کرتا ہے۔

پیشگوئی عنقریب ایسا ہوگا کہ شریر لوگ جو رعب داب رکھتے ہیں وہ کم ہوتے جاویں گے۔

[1] الطلاق: ۴

گذشتہ چند ایام میں سخت گرمی تھی اور آج بفضل خدا بارش ہو جانے کی وجہ سے ٹھنڈ ہو گئی تھی۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی۔ بارش کے ہو جانے سے درخت دھوئے دھائے نظر آ رہے تھے۔ آسمان، بادل اور ہر ایک در و دیوار نے بارش کی وجہ سے ایک خاص رنگ و روپ حاصل کیا تھا۔ اس پر خدا تعالیٰ کے برگزیدہ اور مجسم شکر انسان نے فرمایا کہ

خدا کے تصرّفات بھی کیسے ہیں۔ ابھی کل کیا تھا اور آج کیا ہے۔

ایک مومن اور دنیادار کی موت میں فرق

جس کا دل مردہ ہو وہ خوشی کا مدار صرف دنیا کو رکھتا ہے مگر مومن کو خدا تعالیٰ سے بڑھ کر اور کوئی شے پیاری نہیں ہوتی۔ جس نے یہ نہیں پہچانا کہ ایمان کیا ہے اور خدا کیا ہے۔ وہ دنیا سے کبھی آگے نکلتے ہی نہیں ہیں۔ جب تک دنیا ان کے ساتھ ہے۔ تب تک تو سب سے خوشی سے بولتے ہیں۔ بیوی سے بھی خندہ پیشانی سے پیش آتے ہیں۔ مگر جس دن دنیا گئی تو سب سے ناراض ہیں۔ مُنہ سُوجا ہوا ہے۔ ہر ایک سے لڑائی ہے گلہ ہے شکوہ ہے۔ حتیٰ کہ خدا تعالیٰ سے بھی ناراض ہیں تو پھر خدا تعالیٰ ان سے کیسے راضی رہے۔ وہ بھی پھر ناراض ہو جاتا ہے۔

مگر بڑی بشارت مومن کو ہے یاایتھا النفس المطمئنة ارجعی الیٰ ربك راضية مرضية۔[1] اے نفس جو کہ خدا تعالیٰ سے آرام یافتہ ہے تو اپنے رب کی طرف راضی خوشی واپس آ۔ اس خوشی میں ایک کافر ہرگز شریک نہیں ہے۔ راضية کے معنے یہ ہیں کہ وہ اپنی مرادات کوئی نہیں رکھتا کیونکہ اگر وہ دنیا سے خلاف مرادات جاوے تو پھر راضی تو نہ گیا۔ اسی لئے اس کی تمام مراد خدا ہی خدا ہوتا ہے۔ ان کے مصداق صرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہی ہیں کہ آپ کو یہ بشارت ملی۔ اذا جاء نصر اللّٰہ والفتح[2] اور الیوم

---

[1] الفجر: ۲۸ [2] النصر: ۲

اکملت لکم دینکم۔[1] بلکہ مومن کی خلاف مرضی تو اس کی نزع (جان کنی) بھی نہیں ہوا کرتی۔ ایک شخص کا قصہ لکھا ہے کہ وہ دعا کیا کرتا تھا کہ میں طوس میں مروں۔ لیکن ایک دفعہ وہ ایک اور مقام پر تھا کہ سخت بیمار ہوا اور کوئی امید زیست کی نہ رہی تو اس نے وصیت کی کہ اگر میں یہاں مر جاؤں تو مجھے یہودیوں کے قبرستان میں دفن کرنا۔ اسی وقت سے وہ رُو بصحت ہونا شروع ہو گیا حتیٰ کہ بالکل تندرست ہو گیا۔ لوگوں نے اس کی وصیت کی وجہ پوچھی تو کہا کہ مومن کی علامت ایک یہ بھی ہے کہ اس کی دعا قبول ہو۔ ادعونی استجب لکم[2] خدا تعالےٰ کا وعدہ ہے۔ میری دعا تھی کہ طوس میں مروں۔ جب دیکھا کہ موت تو یہاں آتی ہے تو اپنے مومن ہونے پر مجھے شک ہوا اس لئے میں نے یہ وصیت کی کہ اہلِ اسلام کو دھوکا نہ دوں غرضکہ راضیۃ مرضیۃ صرف مومنوں کے لئے ہے۔ دنیا میں بڑے بڑے مالداروں کی موت سخت نامرادی سے ہوتی ہے دنیا دار کی موت کے وقت ایک خواہش پیدا ہوتی ہے اور اسی وقت اُسے نزع ہوتی ہے۔ یہ اس لئے ہوتا ہے کہ خدا تعالےٰ کا ارادہ ہوتا ہے کہ اس وقت بھی اُسے عذاب دیوے اور اس کی حسرت کے اسباب پیدا ہو جاتے ہیں تاکہ انبیاء کی موت جو کہ راضیۃ مرضیۃ کی مصداق ہوتی ہے۔ اس میں اور دنیا دار کی موت میں ایک بیّن فرق ہو۔ دنیا دار کتنی ہی کوشش کرے مگر اس کی موت کے وقت حسرت کے اسباب ضرور پیش ہو جاتے ہیں۔ غرضکہ راضیۃ مرضیۃ کی موت مقبولین کی دولت ہے۔ اس وقت ہر ایک قسم کی حسرت دُور ہو کر اُن کی جان نکلتی ہے۔ راضی کا لفظ بہت عمدہ ہے اور ایک مومن کی مرادیں اصل میں دین کے لئے ہوا کرتی ہیں۔ خدا تعالےٰ کی کامیابی اور اس کے دین کی کامیابی اس کا اصل مدعا ہوا کرتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات بہت ہی اعلےٰ ہے کہ جن کو اس قسم کی موت نصیب ہوئی۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۸ صفحہ ۲۱۸ مورخہ ۳۱ر جولائی ۱۹۰۳ء)

---

[1] المائدۃ: ۴ [2] المومن: ۶۱

۱۶ر جولائی سنہ ۱۹۰۴ء

بعد نماز عصر

عورتوں کو وعظ

سلطان محمود سے ایک بزرگ نے کہا کہ جو کوئی مجھ کو ایک دفعہ دیکھ لیوے اس پر دوزخ کی آگ حرام ہو جاتی ہے۔ محمود نے کہا کہ یہ کلام تمہارا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر ہے۔ اُن کو کفار ابولہب، ابوجہل وغیرہ نے دیکھا تھا۔ اُن پر دوزخ کی آگ کیوں حرام نہ ہوئی۔ اس بزرگ نے کہا کہ اے بادشاہ کیا آپ کو علم نہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

ینظرون الیک وھم لایبصرون[1]۔ اگر دیکھا اور جھوٹا کاذب سمجھا تو کہاں دیکھا؟

حضرت ابوبکرؓ نے، فاطمہؓ⊗ نے، حضرت عمرؓ نے اور دیگر اصحابؓ نے آپ کو دیکھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انہوں نے آپ کو قبول کر لیا۔ دیکھنے والا اگر محبت اور اعتقاد کی نظر سے دیکھتا ہے تو ضرور اثر ہو جاتا ہے اور جو عداوت اور دشمنی کی نظر سے دیکھتا ہے تو اسے ایمان حاصل نہیں ہوا کرتا۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اگر کوئی میرے پیچھے نماز ایک مرتبہ پڑھ لیوے تو وہ بخشا جاتا ہے۔ اس کا حاصل مطلب یہ ہے کہ جو لوگ کونوا مع الصادقین کے مصداق ہو کر نماز کو آپ کے پیچھے ادا کرتے ہیں تو وہ بخشے جاتے ہیں۔

اصل میں لوگ نماز میں دنیا کے رونے روتے رہتے ہیں۔ اور جو اصل مقصود نماز کا قرب الی اللہ اور ایمان کا سلامت لے جانا ہے اس کی فکر ہی نہیں حالانکہ ایمان سلامت لے جانا بہت بڑا معاملہ ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب انسان اس واسطے روتا ہے کہ مجھ کو باایمان اللہ تعالےٰ دنیا سے لیجاوے تو خدا تعالےٰ اس کے اُوپر دوزخ کی آگ حرام کرتا ہے اور بہشت اُن کو ملیگا جو اللہ تعالیٰ کے حضور میں حصول ایمان کیلئے روتے

⊗ ممکن ہے خدیجہؓ فرمایا ہو۔ (مرتب)

[1] الاعراف: ۱۹۹

ہیں۔ مگر یہ لوگ جب روتے ہیں تو دنیا کے لئے روتے ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ ان کو بھلا دیگا

اور جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فاذکرونی اذکرکم[1] تم مجھ کو یاد رکھو میں تم کو یاد رکھونگا۔ یعنی آرام اور خوشحالی کے وقت تم مجھ کو یاد رکھو اور میرا قرب حاصل کرو تاکہ مصیبت میں میں تم کو یاد رکھوں یہ ضرور یاد رکھنا چاہیئے کہ مصیبت کا شریک کوئی نہیں ہو سکتا۔ اگر انسان اپنے ایمان کو صاف کرکے اور دروازہ بند کرکے رووے بشرطیکہ پہلے ایمان صاف ہو تو وہ ہرگز بے نصیب اور نامراد نہ ہوگا۔ حضرت داودؑ فرماتے ہیں کہ میں بڈھا ہوگیا مگر میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ جو شخص صالح ہو اور با ایمان ہو پھر اس کو دشواری پیش ہو اور اس کی اولاد بے رزق ہو۔

پھر دوسری جگہ فرماتا ہے و اذ قال موسٰی لفتٰـہُ لا ابرح حتّٰی[2] الخ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک دفعہ حضرت موسٰیؑ وعظ فرما رہے تھے کسی نے پوچھا کہ آپ سے کوئی اور بھی علم میں زیادہ ہے تو انہوں نے کہا کہ مجھے معلوم نہیں۔ اللہ تعالیٰ کو یہ بات اُن کی پسند نہ آئی (یعنی یُوں کہتے کہ خدا کے بندے بہت سے ہیں جو ایک سے ایک علم میں زیادہ ہیں) اور حکم ہوا کہ تم فلاں طرف چلے جاؤ جہاں تمہاری مچھلی زندہ ہو جاوے گی وہاں تم کو ایک علم والا شخص ملے گا۔ پس جب وہ ادھر گئے تو ایک جگہ مچھلی بھُول گئے۔ جب دوبارہ تلاش کرنے آئے تو معلوم ہوا کہ مچھلی وہاں نہیں ہے۔ وہاں ٹھہر گئے تو ایک ہمارے بندہ سے ملاقات ہوئی۔ اس کو موسٰیؑ نے کہا کہ مجھے اجازت ہے کہ آپ کے ساتھ رہ کر علم اور معرفت سیکھوں؟ اس بزرگ نے کہا کہ اجازت دیتا ہوں مگر آپ بدگمانی سے بچ نہیں سکینگے کیونکہ جس بات کی حقیقت معلوم نہیں ہوتی اور سمجھ نہیں دی جاتی تو اس پر صبر کرنا مشکل ہوتا ہے۔ کیونکہ جب دیکھا جاتا ہے کہ ایک شخص ایک موقعہ پر بے محل کام کرتا ہے تو اکثر بدظنی ہو جاتی ہے۔ پس موسٰیؑ نے کہا کہ میں کوئی بدظنی نہ کروں گا اور آپ کا ساتھ دُوں گا۔ اس نے کہا کہ اگر تو میرے ساتھ چلیگا تو مجھ سے کسی بات کا سوال نہ کرنا۔ پس جب چلے تو ایک کشتی پر جا کر سوار ہوئے (یہاں پر حضرت اقدس علیہ السلام نے حضرت موسٰیؑ کا وہ تمام قصہ

[1] البقرہ: ۱۵۳ [2] الکھف: ۶۱

ذکر کیا جو کہ سورہ کہف میں مذکور ہے۔ پھر اس دیوار کے خزانہ کی نسبت فرمایا کہ) اُس کو اس واسطے درست کر دیا کہ وہ دو یتیم بچّوں کے کام آوے۔ اس واسطے یہ کام کیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان بچّوں نے کوئی نیک کام نہ کیا تھا مگر اُن کے باپ کے نیک بخت اور صالح ہونے کے باعث خدا تعالیٰ نے ان بچّوں کی خبر گیری کی۔

دیکھو کہاں یہ بات کہ اللہ تعالیٰ نے اس شخص کے واسطے اس کی اولاد کا اس قدر خیال رکھا اور کہاں یہ کہ انسان غرق ہوتا چلا جاتا ہے اور تباہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ پروا نہیں کرتا۔ اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ خدا تعالیٰ سے ہر حال میں تعلق رکھتے ہیں۔ تو خدا تعالیٰ ان کو ضائع ہونے سے بچا لیتا ہے۔ دیکھو ایک انسان کے دن برگشتہ ہیں۔ کام اس کے خراب ہیں مگر خدا تعالیٰ رحم نہیں کرتا۔ تو اس سے معلوم ہوا کہ وہ قابلِ رحم ہی نہیں ہے ورنہ اللہ تعالیٰ کو انسان پر بڑا رحم ہے۔ ہزاروں گناہ بخشتا ہے۔ جب انسان بہت تعلق خدا تعالیٰ کے ساتھ پیدا کرتا ہے اور سب طرح سے اسی کا ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اعمل ما شئت فانی غفرت لك یعنی جو تیری مرضی ہو کئے جا میں نے تجھے سب کچھ بخش دیا۔ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کی طرف جھانک کر دیکھا اور فرمایا اعملوا ما شئتم[1] یعنی جو چاہو سو کئے جاؤ۔ پس یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ تو بڑا مہربان اور رحیم ہے اور بہت رحم سے معاملہ کرتا ہے۔

فرمایا کہ

وہ خدا جو کہ عرصہ سے مخفی چلا آتا تھا اب نقاب اُٹھا کر چہرہ دکھا رہا ہے۔ کیا آج تک کسی نے ایسا بولتا خدا دیکھا تھا جیسے کہ اب رات دن بول رہا ہے۔

موجودہ زمانہ کے گدی نشین جو کہ دینی ضرورتوں سے غافل ہیں۔ ان کے ذکر پر

فرمایا کہ

اگر پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم یونہی ایک فقیر کی طرح گدی پر بیٹھے رہتے۔ تو سرِ دست

[1] حٰم السجدۃ : ۴۱

کامیابی جو کہ آپ نے دنیا میں دیکھ لی۔ کیسے نظر آتی۔ طاعون[٭] کا ظاہر ہونا بھی خدا تعالیٰ کی رحمت ہے
مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ[1]۔ اس وقت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر صادق آتا ہے کہ جب آپ ہر ایک قسم کے خُلق سے ہدایت کو پیش کرتے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ آپؐ نے اخلاق۔ صبر۔ نرمی اور نیز مار، ہر ایک طرح سے اصلاح کے کام کو پورا کیا اور لوگوں کو خدا تعالےٰ کی طرف توجہ دلائی۔ مال دینے میں نرمی برتنے میں عقلی دلائل اور معجزات کے پیش کرنے میں آپ نے کوئی فرق نہیں رکھا۔ اصلاح کا ایک طریق مار بھی ہوتا ہے کہ جیسے ماں ایک وقت بچہ کو مار سے ڈراتی ہے وہ بھی آپ نے برت لیا تو مار بھی ایک خدا تعالیٰ کی رحمت ہے کہ جو آدمی اور کسی طریق سے نہیں سمجھتے خدا تعالےٰ اُن کو اس طریق سے سمجھاتا ہے کہ وہ نجات پاویں۔

خدا تعالیٰ نے چار صفات جو مقرر کی ہیں جو کہ سورہ فاتحہ کے شروع میں ہیں۔ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان چاروں سے کام لے کر تبلیغ کی ہے مثلاً پہلے ربّ العٰلمین یعنی عام ربُوبیت ہے تو آیت مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ[1] اس کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ پھر ایک جلوہ رحمانیت کا بھی ہے کہ آپ کے فیضان کا بدل نہیں ہے۔ ایسی ہی دوسری صفات +

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۸ و ۲۹ صفحہ ۲۱۸، ۲۲۵۔ ۲۲۶ مورخہ ۳۱ جولائی و ۷ اگست ۱۹۰۳ء)

٭ یہاں سے لے کر اخیر تک جو مضمون البدر میں ۱۶ جولائی کی ڈائری میں درج ہے۔ یہی مضمون الفاظ کے ردّ و بدل کے ساتھ الحکم میں ۲۱ جولائی کی ڈائری میں درج ہے۔ غالباً دو ڈائری نویس صاحبان میں سے کسی ایک سے سہواً ایسا ہو گیا ہے یعنی یا تو ۱۶ جولائی کی ڈائری غلطی سے ۲۱ جولائی کی ڈائری میں درج کر دی گئی ہے اور یا ۲۱ جولائی کی ڈائری سہواً ۱۶ جولائی کی ڈائری میں درج ہو گئی ہے۔ واللہ اعلم (مرتب)

[1] الانبیاء: ۱۰۸

بزمِ احمد علیہ الصلوٰۃ والسلام

۲۱؍جولائی ۱۹۰۳ء

استفسار اور اس کا جواب

بٹوں کا کم وبیش ہونا

ایک شخص نے سوال کیا کہ ریلی برادرس وغیرہ کارخانوں میں سرکاری سیر ۸۰ روپے کا دیتے ہیں اور لیتے ۸۱ روپے کا ہیں۔ کیا یہ جائز ہے؟ فرمایا

جن معاملات میں بیع وشریٰ میں مقدمات نہ ہوں، فساد نہ ہوں، تراضی فریقین ہو اور سرکار نے بھی جرم نہ رکھا ہو۔ عُرف میں جائز ہو۔ وہ جائز ہے۔

ہدایت کی آخری راہ

مامور جب دنیا میں اصلاح اور اشاعت ہدائت کے لئے آتے ہیں تو وہ ہر طرح سے سمجھاتے ہیں۔ آخری علاج اور راہ سختی بھی ہے۔ دنیا میں بھی یہی طریق جاری ہے کہ ابتداءً واولاً نرمی کے ساتھ سمجھایا جاتا ہے۔ پھر اس کی خوبیاں اور مفاد بتا کر شوق دلایا جاتا ہے۔ آخر جب کسی طرح نہیں مانتے تو سختی ہوتی ہے۔ جیسے ماں ایک وقت بچہ کو مار سے ڈراتی ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جس قدر طریق عقل تبلیغ اور ہدایت کی تجویز کرسکتی ہے، اختیار کئے۔ یعنی اول ہر قسم کی نرمی سے، رفق، صبر اور اخلاق سے، عقلی دلائل اور معجزات سے کام لیا اور آخر الامر جب ان لوگوں کی شرارتیں اور سختیاں حد سے گذر گئیں تو اللہ تعالیٰ نے پھر اسی رنگ میں ان پر حجت پوری کی اور سختی سے کام لیا۔ یہی حال اب ہو رہا ہے۔ خدا تعالیٰ نے دلائل سے سمجھایا۔ نشانات دکھائے اور آخر اب طاعون کے ذریعہ متوجہ کر رہا ہے اور ایک جماعت کو اس طرف لا رہا ہے

اللہ تعالےٰ کی صفات اربعہ کا کامل مظہر

فرمایا۔

سورۃ فاتحہ میں جو اللہ تعالےٰ کی صفات اربعہ بیان ہوئی ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ان چاروں صفات کے مظہر کامل تھے۔ مثلاً پہلی صفت رب العالمین ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بھی مظہر ہوئے جبکہ خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وما ارسلنٰک اِلّا رحمۃً للعٰلمین[1]۔ جیسے رب العالمین عام ربُوبیت کو چاہتا تھا۔ اسی طرح آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے فیوض وبرکات اور آپ کی ہدایت و تبلیغ کل دُنیا اور کُل عالموں کے لئے قرار پائی۔

پھر دوسری صفت رحمٰن کی ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اس صفت کے بھی کامل مظہر ٹھہرے کیونکہ آپ کے فیوض وبرکات کا کوئی بدل اور اجر نہیں۔ مآ اسئلکم علیہ من اجرٍ[2] پھر آپ رحیمیت کے مظہر ہیں۔ آپؐ نے اور آپؐ کے صحابہؓ نے جو محنتیں اسلام کے لئے کیں اور ان خدمات میں جو تکالیف اُٹھائیں وہ ضائع نہیں ہوئیں بلکہ ان کا اجر دیا گیا اور خود رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن شریف میں رحیم کا لفظ بولا ہی گیا ہے۔

پھر آپ مالکیت یوم الدین کے مظہر بھی ہیں۔ اس کی کامل تجلی فتح مکّہ کے دن ہوئی ایسا کامل ظہور اللہ تعالےٰ کی ان صفات اربعہ کا جواُمّ الصفات ہیں اور کسی نبی میں نہیں ہوا۔

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۹ صفحہ ۱۹، ۲۰ مورخہ ۱۰ راگست ۱۹۰۳ء)

۲۳ر جولائی ۱۹۰۳ء

خواب

فرمایا کہ

[1] الانبیاء: ۱۰۸ [2] الفرقان: ۵۸

رات کو میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے ہاتھ میں ایک انب ہے جسے میں نے تھوڑا سا چوسا تو معلوم ہوا کہ وہ تین پھل ہیں جب کسی نے پوچھا کہ کیا پھل ہیں تو کہا کہ ایک آم ہے ایک طوبا* اور ایک اور پھل ہے۔

ارتداد کی وجہ

اسلام سے ارتداد کی وجہ پر ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ

جب ایک قوم کا غلبہ اور اقبال ہوتا ہے تو خود غرض آدمی اغراض کے واسطے اس کے ساتھ ہو جاتا ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۹ صفحہ ۲۲۶ مورخہ ۷ اگست ۱۹۰۳ء)

۲۴ جولائی ۱۹۰۳ء

دربارِ شام

استفسار اور اس کا جواب

ایک بھائی نے عرض کی کہ حضور بکرا وغیرہ جانور جو غیر اللہ تھا اور قبروں پر چڑھائے جاتے ہیں۔ پھر وہ فروخت ہو کر ذبح ہوتے ہیں کیا ان کا گوشت کھانا جائز ہے یا نہیں؟ فرمایا۔

شریعت کی بناء نرمی پر ہے۔ سختی پر نہیں ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ[1] سے یہ مراد ہے کہ جو ان مندروں اور تھانوں پر ذبح کیا جاوے یا غیر اللہ کے نام پر ذبح کیا جاوے اس کا کھانا تو جائز نہیں ہے لیکن جو جانور بیع و شریٰ میں آجاتے ہیں اس کی حلت ہی سمجھی جاتی ہے زیادہ تفتیش کی کیا ضرورت ہوتی ہے ☒ دیکھو حلوائی وغیرہ بعض اوقات ایسی

* الحکم میں "طوبیٰ" لکھا ہے۔ (الحکم جلد ۷ نمبر ۲۹ صفحہ ۲۰ مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۰۳ء)

☒ حاشیہ۔ البدر میں مزید لکھا ہے۔ "کیونکہ اب جگن ناتھ وغیرہ مقامات پر (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

[1] البقرۃ : ۱۷۴

حرکات کرتے ہیں کہ اُن کا ذکر بھی کراہت اور نفرت پیدا کرتا ہے لیکن اُن کی بنی ہوئی چیزیں آخر کھاتے ہی ہیں۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ شیرینیاں تیار کرتے ہیں اور میلی کچیلی دھوتی میں بھی ہاتھ مارتے جاتے ہیں۔ اور جب کھانڈ تیار کرتے ہیں تو اس کو پاؤں سے ملتے ہیں۔ چوڑھے چمار گُڑ وغیرہ بناتے ہیں اور بعض اوقات جُوٹھے رس وغیرہ ڈال دیتے ہیں اور خدا جانے کیا کیا کرتے ہیں۔ ان سب کو استعمال کیا جاتا ہے۔ اس طرح پر اگر تشدد ہو تو سب حرام ہو جاویں اسلام نے مالا یطاق تکلیف نہیں رکھی ہے بلکہ شریعت کی بنا نرمی پر ہے۔

اس کے بعد سائل مذکور نے پھر اسی سوال کی اور باریک جزئیات پر سوال شروع کئے فرمایا۔

اللہ تعالیٰ نے لاتسئلوا عن اشیاء[1] بھی فرمایا ہے۔ بہت کھودنا اچھا نہیں۔

اَلطَّیِّبَاتُ لِلطَّیِّبِیْنَ

[☒] اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ متقی کو ایسی مشکلات میں نہیں ڈالتا۔ الخبیثٰت للخبیثین والطیبٰت للطیبین[2]۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ متقیوں کو اللہ تعالیٰ خود پاک چیزیں بہم پہنچاتا ہے اور خبیث چیزیں خبیث لوگوں کے لئے ہیں۔ اگر انسان تقویٰ اختیار کرے اور باطنی طہارت اور پاکیزگی حاصل کرے جو اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں پاکیزگی ہے۔ تو وہ ایسے ابتلاؤں سے بچا لیا جاوے گا۔ ایک بزرگ کی کسی بادشاہ نے دعوت کی اور بکری کا گوشت بھی پکایا اور خنزیر کا بھی۔ اور جب کھانا رکھا گیا تو عمداً سؤر کا گوشت اس بزرگ کے

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ۔ لاکھوں حیوان چڑھتے ہیں اور روز مرہ فروخت ہو کر ذبح ہوتے ہوں گے اگر اُن کا کھانا حرام ہو تو پھر تو تکلیف مالا یطاق ہے۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۲۹ صفحہ ۲۲۶ مورخہ ۷؍ اگست ۱۹۰۳ء)

☒ البدر میں ہے۔ "اور متقی کو تو کسی قسم کی تکلیف پیش نہیں آتی اور اُسے حلال رزق پہنچانے کی ذمہ داری خود خدا نے لی ہے اور اس نے یہ وعدہ بھی فرمایا ہے کہ اَلْخَبِیْثٰتُ لِلْخَبِیْثِیْنَ وَالطَّیِّبٰتُ لِلطَّیِّبِیْنَ۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۲۹ صفحہ ۲۲۶ مورخہ ۷؍ اگست ۱۹۰۳ء)

[1] المائدۃ: ۱۰۲ [2] النور: ۲۷

سامنے رکھ دیا اور بکری کا اپنے اور اپنے دوستوں کے آگے۔ جب کھانا رکھا گیا اور کہا کہ شروع کرو۔ تو اللہ تعالیٰ نے اس بزرگ پر بذریعہ کشف اصل حال کھول دیا۔ انہوں نے کہا ٹھہرو تقسیم ٹھیک نہیں اور یہ کہہ کر اپنے آگے کی رکابیاں ان کے آگے اور ان کے آگے کی اپنے آگے رکھتے جاتے تھے اور یہ آیت پڑھتے جاتے تھے کہ الخبیثٰت للخبیثین۔[آیۃ]

غرض جب انسان شرعی امور کو ادا کرتا ہے اور تقویٰ اختیار کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرتا ہے۔ اور بُری اور مکروہ باتوں سے اس کو بچالیتا ہے۔ الّا ما رحم ربّی[1] کے یہی معنے ہیں۔

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۹ صفحہ ۲۰ مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۰۳ء)

---

۲۵ جولائی ۱۹۰۳ء

دربار شام

الہام

فرمایا۔

کل مجھے الہام ہوا تھا الفتنۃ والصدقات

فرمایا کہ

اب الہام بھی اسے کیا کہیں۔ ایسی صاف اور واضح وحی ہوتی ہے کہ کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش بالکل نہیں رہتی۔ شاذ و نادر ہی کوئی ایسی وحی ہو تو ہو ورنہ ہر وحی میں پیشگوئی ضرور ہوتی ہے۔

معرفت کی ضرورت

تقویت ایمان کی بڑی ضرورت ہے۔ بغیر ایمان کے اعمال مثل مُردہ کے ہوتے

[1] یوسف: ۵۴

ہیں۔ ایمان ہو تو انسان کو وہ معرفت حاصل ہوتی ہے۔ جس سے وہ آسمان کی طرف صعود ہوتا ہے اور اگر یہ نہ ہو تو نہ برکات حاصل ہوتے ہیں نہ خوشی حاصل ہوتی ہے۔ خدا تعالےٰ کو دیکھنے کے بعد جب کوئی عمل کیا جاوے تو جو اس عمل کی شان ہوگی تو کیا ویسی کسی دوسرے کی ہو سکتی ہے؛ ہرگز نہیں۔ جس قدر امراض عمل کی کمزوری اور تقویٰ کی کمزوری کے دیکھے جاتے ہیں اُن سب کی اصل جڑ معرفت کی کمزوری[1] ہے۔ ایک کیڑے کی بھی معرفت ہوتی ہے تو انسان اس سے ڈرتا ہے۔ پھر اگر خدا کی معرفت ہو تو اس سے کیوں نہ ڈرے؟ غرضکہ معرفت کی بڑی ضرورت ہے۔

میں دیکھتا ہوں کہ اگرچہ ہماری جماعت تو بڑھ رہی ہے لیکن ابھی پوست ہی بڑھتا

---

[1] الحکم میں ہے:۔ "ایمان کے ساتھ عمل کی ضرورت ہے ورنہ ایمان بدون عمل مُردہ ہے اور جب تک عمل نہ ہو وہ ثمرات اور نتائج پیدا نہیں ہوتے جو اعمال کے ساتھ وابستہ ہیں مگر اعمال کی قوت اور توفیق معرفت اور یقین سے پیدا ہوتی ہے۔ جس قدر یہ قوت بڑھتی ہے اسی قدر اعمال صالحہ کی توفیق ملتی ہے اور وہ برکات حاصل ہوتی ہیں جن سے انسان آسمان کی طرف اُٹھایا جاتا ہے۔ اگر یہ بات نہ ہو تو یقین کے ثمرات پیدا نہیں ہوتے۔ جس قدر انسان شک و شبہ میں اور غفلت میں ہے۔ اسی قدر اس کا ایمان کمزور ہے اور اس ایمان کے موافق اس کے اعمال کمزور۔ جس قدر امراض عمل کی کمزوری اور تقویٰ کی کمزوری سے پیدا ہوتے ہیں۔ اس کی اصل جڑ معرفت کی کمی اور کمزوری ہے۔ ورنہ معرفت تو ایک ایسی لذیذ شئے ہے کہ یہ جس قدر بڑھتی ہے اسی قدر عمل کی طاقت ملتی ہے۔ ایک کیڑے کی معرفت بھی ہو تو انسان اُس سے ڈرتا ہے۔ اُسے علم ہو کہ چیونٹی کے کاٹنے سے درد ہوتا ہے تو اس سے بھی ڈرتا ہے اور اس کے ضرر سے بچتا ہے اگر اللہ تعالےٰ کی معرفت ہو تو کیا وجہ ہو سکتی ہے کہ اس سے نہ ڈرے۔ اصل یہی معرفت ہے جس کے بغیر کوئی خوشی اور برکت حاصل نہیں ہو سکتی۔"

(الحکم جلد ۷ نمبر ۲۹ صفحہ ۲۰ مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۰۳ء)

ہے۔ اگر مغز بڑھے تو بات ہے۔

بار بار خیال آتا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی کیا ہی قوت قدسیہ ہے کہ آپ پر ایمان لا کر صحابہ کرامؓ نے یک دفعہ ہی دنیا کا فیصلہ کر دیا۔ جان سے بڑھ کر کیا شئے ہوتی ہے اپنے خون سے دین پر مہریں لگا دیں۔ اب لوگ بیعت کرتے ہیں تو دیکھا جاتا ہے کہ ساتھ ہی مخفی اغراض دنیا کے بھی لاتے ہیں کہ فلاں کام دنیا کا ہو جاوے۔ یہ ہو جاوے۔ یہ سچ ہے کہ جو مومن ہو جاتا ہے تو خدا تعالےٰ ہر ایک مشکل اس کی آسان کر دیتا ہے۔ مگر سب سے اول معرفت ضروری ہے پھر خدا تعالےٰ خود اس کی ہر ایک ضرورت کا کفیل ہوگا۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۹ صفحہ ۲۲۶ مورخہ ۷ راگست ۱۹۰۳ء)

---

۲۶ رجولائی ۱۹۰۳ء

بزمِ احمد علیہ الصلوٰۃ والسلام

مسیح موعود کے زمانہ میں درازیٔ عمر کا راز

احادیث میں جو آیا ہے کہ مسیح موعود کے زمانہ میں عمریں لمبی ہو جائیں گی۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ موت کا دروازہ بالکل بند ہو جائے گا اور کوئی شخص نہیں مرے گا۔ بلکہ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ مالی، جانی نصرت میں اس کے مخلص احباب ہوں گے۔ اور خدمتِ دین میں لگے ہوئے ہوں گے۔ اُن کی عمریں دراز کر دی جائیں گی۔ اس واسطے کہ وہ لوگ نفع رساں وجود ہوں گے اور اللہ تعالےٰ کا وعدہ ہے وَاَمَّا مَا یَنْفَعُ النَّاسَ فَیَمْکُثُ فِی الْاَرْضِ[1]۔ یہ امر قانون قدرت کے موافق ہے کہ عمریں دراز کر دی جائیں گی۔ اس زمانہ کو جو دراز کیا ہے یہ بھی اس کی رحمت ہے اور اس میں کوئی خاص مصلحت ہے۔

(اس پر حضرت حکیم الامت نے عرض کیا کہ مسلمانوں میں سب سے پہلا مجدد عمر بن عبد العزیز

[1] الرعد: ۱۸

کو تسلیم کیا ہے وہ کل دو برس تک زندہ رہے ہیں)

ازاں بعد حضرت حجۃ اللہ نے پھر اپنے سلسلہ کلام میں فرمایا کہ

محض خدا تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس نے آج تک ہم کو محفوظ رکھا ہے اور جماعت کو ترقی دے رہا ہے اور اس کے ازدیادِ ایمان اور معرفت کے لئے حجج و براہین ظاہر کر رہا ہے یہانتک کہ کوئی پہلو تاریکی میں نہیں رہنے دیا۔

ہمارے سلسلہ کے لئے منہاج نبوت ایک زبردست آئینہ ہے۔ جاہل اس پر اپنی کم سمجھی سے اعتراض کرے تو منہاج نبوت اس کے منہ پر طمانچہ مارتا ہے۔ جو بات ہونہار ہوتی ہے اس کے نشانات اور آثار خود بخود نظر آنے لگتے ہیں۔ جو کام اللہ تعالیٰ نے ہمارے سپرد کیا ہے۔ اس کی تکمیل کی ہوائیں چل رہی ہیں اور دو طرح سے وہ ہو رہا ہے ایک تو یہ کہ اللہ تعالیٰ ہم کو توفیق دے رہا ہے کہ ہماری طرف سے دن رات کوشش جاری ہے اور اشاعت اور تبلیغ کی راہیں کھلتی جاتی ہیں۔ تائیدات الٰہیہ شامل حال ہوتی جاتی ہیں۔ دوسری طرف ※ خود ہمارے مخالفوں کی کوششیں ناکام ہو رہی ہیں۔ اور ان میں ہی ایسے لوگ پیدا ہو رہے ہیں جو اپنے مذہب کو چھوڑتے جاتے ہیں اور اس کی برائیاں بیان کر رہے ہیں۔ گویا وہ اپنے مذہب و ملت کی عمارت کو یخربون بیوتہم بایدیہم[1] کا مصداق ہو کر خود ہی مسمار کر رہے ہیں۔

فرمایا۔

اللہ تعالیٰ جب تک اپنا چہرہ نہ دکھلا لے۔ ہرگز نہیں چھوڑے گا کیونکہ یقین کی

※ البدر میں ہے۔ "دوسرے یہ کہ ان کی کوششوں کا وبال اُلٹ کر انہی پر پڑتا ہے اور وہ یخربون بیوتہم بایدیہم[1] کا خود مصداق ہو رہے ہیں۔"

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۹ صفحہ ۲۲۷ مورخہ ۷ راگست ۱۹۰۳ء)

[1] الحشر: ۳

ترقی کا سچا ذریعہ یہی ہے۔

لہا سبعة ابواب[1]

فرمایا:۔

چند روز سے جو مستورات میں وعظ کا سلسلہ جاری ہے۔ایک روز یہ ذکر آگیا۔ کہ دوزخ کے سات دروازے ہیں اور بہشت کے آٹھ۔اس کا کیا بھید ہے۔ تو یک دفعہ ہی میرے دل میں ڈالا گیا کہ اصول جرائم بھی سات ہی ہیں اور نیکیوں کے اصول بھی سات بہشت کا جو آٹھواں دروازہ ہے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و رحمت کا دروازہ ہے۔

دوزخ کے سات دروازوں کے جو اصول جرائم سات ہیں ان میں سے ایک **بدظنی** ہے۔بدظنی کے ذریعہ بھی انسان ہلاک ہوتا ہے اور تمام باطل پرست بدظنی سے گمراہ ہوئے ہیں۔

دوسرا اصول **تکبر** ہے۔تکبر کرنے والا اہل حق سے الگ رہتا ہے اور اسے سعادتمندوں کی طرح اقرار کی توفیق نہیں ملتی۔

تیسرا اصول **جہالت** ہے یہ بھی ہلاک کرتی ہے۔

چوتھا اصول **اتباع ہویٰ** ہے۔

پانچواں اصول **کورانہ تقلید** ہے۔

غرض اسی* طرح پر جرائم کے سات اصول ہیں اور یہ سب کے سب قرآن شریف سے مستنبط ہوتے ہیں۔خدا تعالیٰ نے ان دروازوں کا علم مجھے دیا ہے۔جو گناہ کوئی بتائے وہ ان کے نیچے آجاتا ہے۔کورانہ تقلید اور اتباع ہویٰ کے ذیل میں بہت سے گناہ آتے ہیں۔

اسی طرح ایک دن میں نے بیان کیا کہ دوزخیوں کے لئے بیان کیا گیا ہے۔ کہ

* معلوم ہوتا ہے کہ باقی دو اصول ڈائری نویس صاحب قلمبند نہیں کر سکے۔ (مرتب)

[1] الحجر: ۴۵

اُن کو زقّوم کھانے کو ملے گا اور بہشتیوں کو اس کے بالمقابل دودھ اور شہد کی نہریں اور قسم قسم کے پھل بیان کئے گئے ہیں۔ اس کا کیا بھید ہے؟

اصل بات یہ ہے کہ یہ دونوں باتیں بالمقابل بیان ہوئی ہیں۔ بہشت کی نعمتوں کا ذکر ایک جگہ کر کے یہ بھی فرمایا ہے۔ كُلَّمَا رُزِقُوا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا قَالُوا هٰذَا الَّذِي رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَأُتُوا بِهِ مُتَشَابِهًا[1]۔ تو اس میں رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ سے یہ مراد نہیں کہ دنیا کے آم۔ خربوزے اور دوسرے پھل اور دنیا کا دودھ اور شہد اُن کو یاد آجائیگا نہیں بلکہ اصل یہ ہے کہ مومن جو اخلاص اور محبت کے ساتھ خدا تعالےٰ کی عبادت کرتے ہیں اور اس ذوق شوق سے جو لذّت اُن کو محسوس ہوتی ہے تو بہشت کی نعمتوں اور لذتوں کے حاصل ہونے پر وہ لذت اُن کو یاد آجائے گی کہ اس قسم کی لذت بخش نعمتیں ہمارے رب سے پہلے بھی ملتی رہی ہیں۔ چونکہ بہشتی زندگی اسی عالم سے شروع ہوتی ہے اس لئے ان نعمتوں کا ملنا بھی یہیں سے شروع ہو جاتا ہے۔ ورنہ بہشت کی نعمتوں کے بارہ میں تو آیا ہے کہ نہ اُن کو کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سُنا۔ تو ان دُنیوی پھلوں سے اُن کا رشتہ کیا ہوا؟

ایمان اور اعمال کی مثال قرآن شریف میں درختوں سے دی گئی ہے۔ ایمان کو درخت بتایا ہے اور اعمال اس کی آبپاشی کے لئے بطور نہروں کے ہیں۔ جب تک اعمال سے ایمان کے پودہ کی آبپاشی نہ ہو اس وقت تک وہ شیریں پھل حاصل نہیں ہوتے۔ بہشتی زندگی والا انسان خدا تعالےٰ کی یاد سے ہر وقت لذت پاتا ہے اور جو بدبخت دوزخی زندگی والا ہے تو وہ ہر وقت اس دنیا میں زقّوم ہی کھا رہا ہے اس کی زندگی تلخ ہوتی ہے۔ مَعِيْشَةً ضَنْكًا[2] بھی اسی کا نام ہے جو قیامت کے دن زقوم کی صورت ✻

✻ البدر میں ہے "مختلف حیل سے کما کر تلخ زندگی بسر کرتا ہے۔ وہی کمائی اسے قیامت کے دن زقوم کی شکل میں متمثل ہو کر ملیگی۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۲۹ صفحہ ۲۲۷)

[1] البقرة : ۲۶ [2] طٰهٰ : ۱۲۵

پر متمثل ہو جائے گی۔ غرض دونو صورتوں میں باہم رشتے قائم ہیں۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۱۰ مورخہ ۱۷؍اگست ۱۹۰۳ء)

۲۹؍جولائی ۱۹۰۳ء
بوقت نماز ظہر

برادرم ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب پروفیسر میڈیکل کالج لاہور نے آج لاہور کو جانا تھا۔ انہوں نے لاہور کے آریہ سماج کے اس اشتہار کا ذکر کیا جو انہوں نے مسئلہ نجات پر مباحثہ کے لئے شائع کیا ہے۔ اس پر حضرت حجۃ اللہ نے مختصراً نجات کے متعلق یہ تقریر بیان فرمائی۔ اس کا ماحصل یہ ہے۔ ایڈیٹر

مسئلہ نجات

فرمایا۔

نجات کے متعلق جو عقیدہ قرآن شریف سے مستنبط ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ نجات نہ تو صوم سے ہے نہ صلوٰۃ سے نہ زکوٰۃ سے اور صدقات سے بلکہ محض اللہ تعالیٰ کے فضل پر منحصر ہے جس کو دعا حاصل کرتی ہے۔ اسی لئے اھدنا الصراط المستقیم[1] کی دعا سب سے اول تعلیم فرمائی ہے کیونکہ جب یہ دعا قبول ہو جاتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے جس سے اعمال صالحہ کی توفیق ملتی ہے کیونکہ جب انسان کی دعا جو سچے دل اور خلوص نیت سے ہو قبول ہوتی ہے تو پھر نیکی اور اس کے شرائط ساتھ خود ہی مرتب ہو جاتے ہیں۔

اگر نجات کو محض اعمال پر منحصر کیا جاوے اور اللہ تعالیٰ کے فضل اور دعا کو محض بے حقیقت سمجھا جاوے جیسا کہ آریہ سماج کا عقیدہ ہے تو یہ ایک باریک شرک ہے۔ کیونکہ اس کا مفہوم دوسرے لفظوں میں یہ ہوگا کہ انسان خود بخود نجات پا سکتا ہے اور اعمال

[1] الفاتحہ : ۶

اس کے سوا اپنے اختیار میں ہیں جن کو وہ خود بخود بجا لاتا ہے تو اس صورت میں نجات کی کلید انسان کے اپنے ہاتھ میں ہوئی اور خدا تعالیٰ سے نجات کا کچھ تعلق اور واسطہ نہ رہا گویا وہ خود کوئی چیز نہ ہوا۔ اور اس کا عدم وجود برابر ٹھہرا (معاذ اللہ) مگر نہیں۔ ہمارا یہ مذہب نہیں ہے۔ ہمارا یہی عقیدہ ہے کہ نجات اس کے فضل سے ملتی ہے اور اسی کا فضل ہے جو اعمال صالحہ کی توفیق دی جاتی ہے اور خدا تعالیٰ کا فضل دعا سے حاصل ہوتا ہے۔ لیکن وہ دعا جو اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے وہ بھی انسان کے اپنے اختیار میں نہیں ہوتی۔ انسان کا ذاتی اختیار نہیں کہ وہ دعا کے تمام لوازمات اور شرائط محویت۔ توکّل۔ تبتّل۔ سوز و گداز وغیرہ کو خود بخود مہیا کر لے جب اس قسم کی دُعا کی توفیق کسی کو ملتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے فضل کی جاذب ہو کر ان تمام شرائط اور لوازم کو حاصل کرتی ہے جو اعمال صالحہ کی رُوح ہیں ہمارا نجات کے متعلق یہی مذہب ہے۔

چونکہ نجات کوئی مصنوعی اور بناوٹی بات نہیں کہ صرف زبان سے کہہ دینا اس کیلئے کافی ہو کہ نجات ہو گئی اس لئے اسلام نے نجات کا یہ معیار رکھا ہے کہ اس کے آثار اور علامات اسی دنیا میں شروع ہو جائیں اور بہشتی زندگی حاصل ہو۔* لیکن یہ صرف اسلام ہی کو حاصل ہے۔ باقی دوسرے مذاہب نے جو کچھ نجات کے متعلق بیان کیا ہے وہ یہی نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی صفات کا مبطل ہے بلکہ فطرت انسانی کے خلاف اور عقلی طور پر بھی ایک بیہودہ امر ثابت ہوتا ہے وہ نجات ایسی ہے کہ جس کا کوئی اثر اور نمونہ اس دنیا میں ظاہر نہیں ہوتا۔ اس کی مثال اس پھوڑے کی سی ہے جو باہر سے چمکتا ہے اور اس کے اندر پیپ ہے۔ نجات یافتہ انسان کی حالت ایسی ہونی چاہیئے کہ اس کی تبدیلی نمایاں طور پر نظر آوے اور دوسرے تسلیم کر لیں کہ واقعی اس نے نجات پالی ہے اور خدا نے

* البدر میں ہے:۔ "نجات کا اثر یہ ہے کہ اسی دنیا میں اس شخص کو بہشتی زندگی نصیب ہو۔ من کان فی ھٰذہ اعمٰی فھو فی الاٰخرۃ اعمٰی[1]"

(البدر جلد ۲ نمبر ۲۹ صفحہ ۲۲۷ مورخہ ۷ اگست ۱۹۰۳ء)

[1] بنی اسرائیل: ۷۳

اس کو قبول کر لیا ہے لیکن کیا کوئی عیسائی جو خون مسیحؑ کو نجات کا اکیلا ذریعہ سمجھتا ہے کہہ سکتا ہے کہ اس نے نجات پالی ہے اور نجات کے آثار و علامات اس میں پائے جاتے ہیں۔ مسیحؑ کے صلیب ملنے تک تو شائد ان کی حالت کسی قدر اچھی ہو مگر بعد تو ہر دوسرا دن پہلے سے بدتر ہوتا گیا یہانتک کہ اب تو فسق و فجور کے سیلاب کا بند ٹوٹ گیا کیا یہ نجات کے آثار ہیں؟

آریوں کو بھی فضل سے کوئی تعلق نہیں وہ تو دستِ خود و دہانِ خود کے مصداق ہیں۔ اور اُن کے پرمیشر نے ابھی کچھ بھی نہیں کیا۔ کسی کو نجات کامل مل ہی نہیں سکتی۔ اور وہ تمام نجاست کے کیڑے علاوہ ان کیڑوں مکوڑوں کے جو موجود ہیں سب انسان ہیں جن کو نجات حاصل نہیں ہوئی تو بتاؤ کہ وہ اور کسی کو کیا نجات دے گا۔ جب اس قدر کثیر اور بے شمار تعداد ابھی باقی ہے۔

آریوں کی دعا بھی ترمیم کے قابل ہے کیونکہ ان کی مکتی سے مراد جاودانی مکتی نہیں ہوتی بلکہ ایک محدود وقت تک انسان جُونوں سے نجات پاتا ہے اور چونکہ روحیں محدود ہیں اور نئی رُوح پرمیشر پیدا نہیں کر سکتا مجبوراً اُن نجات یافتہ کو نکال دیتا ہے۔ پس جب ان کے پرمیشر نے جاودانی مکتی ہی نہیں دینی تو دعا بھی ترمیم کر کے یُوں مانگنی چاہیئے کہ اے پرمیشر تو جو دائمی مکتی دینے کے قابل نہیں ہے تو ایک خاص وقت تک مجھے نجات دے اور پھر دھکا دے کر اسی دارالمحن دنیا میں بھیجدے اور فطرت بھی بدل ڈال کہ اس میں جاودانی نجات کا تقاضا ہی نہ رہے۔

مجھے تعجب ہے کہ یہ لوگ اتنا بھی نہیں سمجھتے کہ انسانی فطرت کا تقاضا جاودانی نجات کا ہے نہ عارضی کا۔ اور عارضی نجات والا جس کو یقین ہو کہ پھر انہیں تلخیوں میں بھیجا جاویگا۔ کب خوشی حاصل کر سکتا ہے۔ ایسے پرمیشر پر انسان کیا بھروسہ اور امید رکھ سکتا ہے۔

بقول شخصے سہ

باخویشتن چہ کردی کہ بما کنی نظیری
حقا کہ واجب آید ز تو احتراز کردن

الحکم جلد ۷، نمبر ۳۰ صفحہ ۱۰-۱۱ مورخہ ۱۷؍اگست ۱۹۰۳ء

۳۰؍جولائی ۱۹۰۳ء

صداقت کا معیار اعداء پر غلبہ ہے

فرمایا:۔

جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے تو کس کو معلوم تھا کہ آپ کے ہاتھ سے اسلام سمندر کی طرح دنیا میں پھیل جاوے گا اور جب آپ نے دعویٰ کیا تو وہی تین چار آدمی آپ کے ہمراہ تھے جو کہ مسلمان ہوئے تھے اور ابوجہل وغیرہ آپ کو کیسے ذلیل اور حقیر خیال کرتے تھے لیکن اب اگر وہ زندہ ہوں تو اُن کو پتہ لگے کہ جسے وہ حقیر اور ذلیل خیال کرتے تھے خدا نے اس کی کیا عزت کی ہے۔

اعداء کی ذلّت اور اپنی کامیابی پر فرمایا کہ

اس کے متعلق حال میں پیشگوئی جو ہوئی ہے اگرچہ وہ ایک رنگ میں پوری ہو گئی ہے تاہم اسے پُوری ہوئی کہنا ہماری غلطی ہے۔ خدا جانے خدا کا کیا منشا ہے۔ اصل حد ایسی پیشگوئیوں کی وجاعل الّذین اتبعوك فوق الّذین کفروا الٰی یوم القیامة[1] ہے جو کہ بہت اسباب کو چاہتا ہے۔

دنیا میں حق پسند بہت تھوڑے ہیں اور اقبال پسند بہت زیادہ۔ اس لئے اللہ تعالےٰ بہت سے صاحب اقبال کو اپنے برگزیدوں کے ساتھ کر دیا کرتا ہے تاکہ عوام الناس اُن کے ذریعہ سے ہدایت پاویں۔ کیونکہ عوام الناس میں حق پسندی اور عمیق عقل کم ہوتی ہے۔ اسی لئے وہ بڑے بڑے آدمیوں کو دیکھ کر اُن کے ذریعہ داخل ہوتے اور

[1] آل عمران: ۵۶

ہدایت پاتے ہیں۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۳ مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۰۳ء)

نیز (الحکم جلد ۷ نمبر ۳۱ صفحہ ۱ مورخہ ۲۴ اگست ۱۹۰۳ء)

---

۳۱ جولائی ۱۹۰۳ء

اسم ضال اور ہادی کی تجلی

بعض زمانہ میں اللہ تعالیٰ کے اسم ضال کی تجلی ہوتی ہے اور بعض زمانہ میں اسم ہادی کی تجلی۔ نیک اور خدا ترس لوگ جس اسم کی تجلی ہوتی ہے اس کے نیچے آتے ہیں اور اپنے رنگ میں اس سے استفادہ کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ صوفی ابن الوقت ہوتا ہے۔ اسم ضال کی تجلی کا زمانہ گذر چکا اور اب اسم ہادی کی تجلی کا وقت آیا ہے۔ اسی واسطے خود بخود طبیعتوں میں اس کفر اور شرک سے ایک بیزاری پیدا ہو رہی ہے۔ جو عیسائی مذہب نے پھیلایا تھا۔ ہر طرف سے خبریں آرہی ہیں کہ دنیا میں ایک شور مچ گیا ہے اور وہ وقت آ گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی توحید دنیا میں پھیلے اور وہ شناخت کیا جاوے۔ اس کی طرف اشارہ کر کے براہین احمدیہ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کُنْتُ کَنْزًا مَّخْفِیًّا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ۔ اور پھر ایک جگہ فرمایا ہے

اردتُ ان استخلفَ فخلقتُ اٰدمَ

جن لوگوں کو کچھ بھی تعلق نہیں ہے وہ بھی مانتے ہیں کہ یہ زمانہ انقلابات کا زمانہ ہے ہر قسم کے انقلابات ہو رہے ہیں اور یہ سب انقلاب ایک آنے والے زمانہ کی خبر دیتے ہیں جس میں اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلال کامل طور پر ظاہر ہوگا۔

اللہ تعالیٰ جب کسی قوم کو تباہ کرنا چاہتا ہے تو اس قوم میں فسق و فجور پیدا ہو جاتا ہے۔ فاسق چونکہ زنانہ مزاج ہوتے ہیں اور فسق کی بنیاد ریت پر ہوتی ہے اس لئے وہ جلد

تباہ ہوتے ہیں۔ ذرا سا مقابلہ ہو اور سختی پڑے تو برداشت کی طاقت نہیں رکھتے۔

براہین میں نزول مسیح کا عقیدہ درج کرنے پر سوال

ایک شخص نے سوال کیا* کہ براہین احمدیہ میں مسیح کے دوبارہ آنے کا اقرار درج ہے۔ خدا تعالیٰ نے پہلے ہی کیوں ظاہر نہ کر دیا؟ فرمایا

جب اللہ تعالیٰ نے ہم کو بتایا ہم نے ظاہر کر دیا اور یہی ہماری سچائی کی دلیل ہے۔ اگر منصوبہ بازی ہوتی تو ایسا کیوں لکھتے؟ مگر ساتھ ہی یہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ اس براہین میں میرا نام عیسیٰ بھی رکھا گیا ہے اس کی بنیاد براہین سے پڑی ہوئی ہے اور علاوہ بریں سنت اللہ اسی طرح پر ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے چالیس سال سے پہلے کیوں نبوت کا دعویٰ نہ کر دیا؟ اسی طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام مامور ہونے سے پہلے یوسف نجار کے ساتھ بڑھئی کا کام ہی کرتے رہے۔ غرض جبتک حکم نہیں ہوتا اعلان نہیں کرتے۔ دیکھو جب تک شراب کی حرمت کا حکم نہیں ہوا تھا اس کی حرمت بیان نہیں کی گئی[⊠]۔ اسی طرح ہوا کرتا ہے جب خدا تعالیٰ نے ہم پر کھول دیا ہم نے دعویٰ کر دیا۔ بغیر اس کی اطلاع اور اذن کے کس طرح ہو سکتا تھا؟

پس یاد رکھو کہ ہر ایک نبی کو جب تک وحی نہ ہو وہ کچھ نہیں کہہ سکتا کیونکہ ہر ایک چیز کی اصل حقیقت تو وحی الٰہی سے ہی کھلتی ہے۔ یہی وجہ تھی جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ارشاد ہوا ماکنت تدری ما الکتاب ولا الایمان[1] یعنی تو نہیں جانتا تھا کہ کتاب کیا ہوتی ہے اور ایمان کیا چیز ہے لیکن جب اللہ تعالےٰ کی وحی آپ پر ہوئی تو پھر ذٰبذالِك

---

* یہ سوال اور اس کا جواب "البدر" نے یکم اگست کی ڈائری میں درج کیا ہے۔ (مرتب)

⊠ البدر میں ہے۔ "ابتداء میں بعض صحابہ کرامؓ نے شراب پی ہوئی ہوتی تھی اور نماز پڑھ لیتے تھے لیکن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کسی کو منع نہیں کیا جب تک کہ آیت کریمہ لَا تَقربوا الصلوٰۃ وانتم سکٰریٰ[2] نہ نازل ہوئی" (البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۴ مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۰۳ء)

---

[1] الشوریٰ: ۵۳ [2] النساء: ۴۴

اُمرتُ و انا اول المسلمین[1] آپ کو کہنا پڑا۔ اسی طرح آپ کے زمانہ وحی سے پیشتر مکہ میں بُت پرستی اور شرک، فسق و فجور ہوتا تھا لیکن کیا کوئی بتا سکتا ہے کہ وحی الٰہی کے آنے سے پہلے بھی آپ نے بتوں کے خلاف وعظ کیا اور تبلیغ کی تھی لیکن جب فاصدع بما تؤمر[2] کا حکم ہوا تو پھر ایک سیکنڈ کی بھی دیر نہیں کی اور ہزاروں مشکلات اور مصائب کی بھی پروا نہیں کی۔ بات یہی ہے کہ جب کسی امر کے متعلق وحی الٰہی آجاتی ہے تو پھر مامور اس کے پہنچانے میں کسی کی پروا نہیں کرتے اور اس کا چھپانا اسی طرح شرک سمجھتے ہیں جس طرح وحی الٰہی سے اطلاع پانے کے بغیر کسی امر کی اشاعت شرک سمجھتے ہیں۔ اگر وہ اس بات کو جس کی اطلاع وحی الٰہی کے ذریعہ سے نہیں ملی بیان کرتا ہے تو گویا وہ یہ سمجھتا ہے کہ اُسے وہ سُوجھتا ہے جو خدا تعالیٰ کو بھی نہیں سوجھتا اور اس گستاخی سے وہ مشرک ہو جاتا ہے اگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم وہ تمام باتیں جو قرآن شریف میں درج ہیں قرآن شریف کے نزول سے پہلے ہی بیان کر دیتے تو پھر قرآن شریف کی کیا ضرورت رہ جاتی۔ غرض جو کچھ ہم پر خدا تعالیٰ نے کھولا اور جب کھولا ہم نے بیان کر دیا۔*

(الحکم جلد ۷ نمبر ۳۱ صفحہ ۱-۲ مورخہ ۲۴؍اگست ۱۹۰۳ء)

---

* البدر میں ہے۔

"غرضکہ رسُول وہی کام کرتا ہے جس کا حکم دیا جاتا ہے جیسے خدا تعالیٰ فرماتا ہے فاصدع بما تؤمر۔ جس کا حکم نہ دیا جائے اس کے برخلاف کچھ کہنا یا کرنا گستاخی ہے (پس یہی وجہ تھی کہ مسیح کے آسمان پر زندہ ہونے کا جو عقیدہ عام اہلِ اسلام میں رائج تھا اُسے کتاب میں لکھ دیا گیا اور جب وحی الٰہی نے اُسے غلط ثابت کیا وہ غلطی ظاہر کر دی گئی"

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۴ مورخہ ۱۷؍اگست ۱۹۰۳ء)

[1] الانعام: ۱۶۴ [2] الحجر: ۹۵

یکم اگست ۱۹۰۲ء

گناہوں پر مواخذہ اور شرک کیوں نہیں بخشا جاتا

ایک دوست کے تحریری سوال پر کہ اللہ تعالیٰ شرک کو کیوں معاف نہیں کرتا اور گناہ پر مواخذہ کی کیا وجہ ہے؟ فرمایا

گناہوں کے مواخذہ کے متعلق یہ دیکھنا چاہیئے کہ کیا سنت اللہ میں یہ داخل ہے یا نہیں؟ وہ ہمیشہ سے مواخذہ کرتا آیا ہے۔[1] گناہ خواہ از قسم صغائر ہوں یا کبائر اس کا مواخذہ ضرور ہوتا ہے۔ اور انسان خود اپنی فطرت میں غور کرے کہ کیا وہ اپنے ماتحتوں اور متعلقین سے کوئی مواخذہ کرتا ہے یا نہیں جب اُن سے گناہ سرزد ہوتے ہیں اور وہ کوئی خطا کرتے ہیں۔ یہ فطرتی نقش اس بات پر ایک حجت اور گواہ ہے اور یہ بات کہ شرک کو نہیں بخشتا اگر ایک ایک گناہ پر یہ سوال ہو تو بہت بڑی وسعت دے کر اس سوال کو یوں کہنا پڑیگا۔ کہ وہ ہر قسم کے گناہ کیوں معاف نہیں کر دیتا۔ سزا دیتا ہی کیوں ہے؟ یہ غلطی ہے پہلی امتوں پر گناہوں کی وجہ سے عذاب آئے اور اب بھی اللہ تعالیٰ اسی طرح گناہوں کا مواخذہ کرتا ہے۔

ہاں ہمارا یہ مذہب ہرگز نہیں ہے کہ گناہ گاروں کو ایسی سزا ابدی ملے گی کہ اس سے پھر کبھی نجات ہی نہ ہوگی بلکہ ہمارا یہ مذہب ہے کہ آخر اللہ تعالیٰ کا فضل اور رحم گنہگاروں

---

[1] البدر میں ہے:۔ " فرمایا۔ اگر شرک کو اللہ تعالیٰ بخش دے تو پھر زانی اور ہر ایک فاسق فاجر کو بھی بخش دینا چاہیئے اور پھر اس میں یہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ آیا اللہ تعالیٰ گناہوں کا بدلہ دیتا ہے کہ نہیں اور گناہوں کے بارے میں پہلی امتوں سے اللہ تعالیٰ نے کیا سلوک کیا تو اس کے جواب میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ اکثر امتوں کو گناہ کے ارتکاب کی وجہ سے عذاب دئے گئے تو پھر شرک جیسے گناہ کی سزا کیوں نہ دی جائے۔"

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۳ مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۰۳ء)

کو بچا لے گا اور اسی لئے قرآن شریف میں جہاں عذاب کا ذکر کیا ہے وہاں فعالٌ لما یرید فرمایا ہے۔[1]

گناہ دو قسم کے ہوتے ہیں ایک بندوں کے اور ایک خدا کے۔ جیسے چوری ہے یہ عبد کا گناہ ہے اور اللہ تعالٰی کی چوری شرک ہے کیونکہ اللہ تعالٰی کی صفات کو چرا کر دوسرے کو دے دیتا ہے چونکہ یہ ایک بڑی زبردست حق کی چوری ہے اس لئے اس کی سزا بھی بہت ہی بڑی ملتی ہے۔

جو لوگ اس قسم کے سوال کرتے ہیں وہ اللہ تعالٰی کو اپنے قانون اور مرضی کے ماتحت رکھنا چاہتے ہیں کہ جس گناہ کو یہ چاہیں اسے بخش دے اور جس کو نہ چاہیں اسے نہ بخشے اس طرح پر کیسے ہو سکتا ہے؟ یہاں دنیا میں اس کا نمونہ دنیا میں نہیں تو آخرت میں کیسے؟ کوئی وائسرائے کو لکھ دے کہ فلاں مجرم کو سزا نہ دی جائے اور تعزیرات ہند کو موقوف کر دیا جائے تو کیا ایسی درخواست منظور ہو سکتی ہے؟ کبھی نہیں۔ اس طرح پر تو اباحت کی بنیاد رکھی جاتی ہے کہ جو چاہو سو کرو۔⊗

نجات کیلئے ایمان بالرسل کیوں ضروری ہے؟

پھر اسی خط میں ایک دوسرا سوال یہ بھی تھا کہ کیوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ماننے کے بغیر نجات نہیں ہو سکتی؟ اس پر فرمایا کہ

رسُول وہ ہوتا ہے جس پر اللہ تعالٰی کے انعامات اور احسانات ہوتے ہیں۔ پس

⊗ البدر میں ہے۔ "پھر جس حال میں یہاں قانون میں ان کی دخل اندازی نہیں ہو سکتی تو خدا تعالٰی کے قانون میں وہ کیوں تغیر و تبدل چاہتے ہیں؟"

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۲ مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۰۳ء)

[1] ھود: ۱۰۸

جو شخص اس کا انکار کرتا ہے وہ بہت خطرناک جرم کا مرتکب ہوتا ہے کیونکہ وہ شریعت کے سارے سلسلہ کو باطل کرنا چاہتا ہے اور حلّت و حرمت کی قید اُٹھا کر اباحت کا مسئلہ پھیلانا چاہتا ہے اور پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا انکار کیسے نجات کا مانع نہ ہو؟ وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جو لاانتہا برکات اور فیوض لے کر آیا ہے اس کا انکار ہو اور پھر نجات کی امید۔ اس کا انکار کرنا ساری بدکاریوں اور بدمعاشیوں کو جائز سمجھنا ہے کیونکہ وہ ان کو حرام ٹھہراتا ہے۔ [1]

(الحکم جلد ۷، نمبر ۳۱ صفحہ ۲ مورخہ ۲۴ اگست ۱۹۰۳ء)

---

۲ اگست ۱۹۰۳ء

دربار شام

درازی عمر کا اصل گُر

ہمارے مکرم مخدوم ڈاکٹر سید عبدالستار شاہ صاحب نے اپنی رخصت کے ختم ہونے پر عرض کی کہ میں صبح جاؤں گا۔ فرمایا کہ

---

[1] البدر میں ہے:۔ "رسول وہ ہوتا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کے احسانات و انعامات ہزارہا ہوتے ہیں تو جو شخص اس کا انکار کرتا ہے وہ بڑا گناہ کرتا ہے اور اصل میں جو شخص کہ رسول کا انکار کرتا ہے دوسرے لفظوں میں وہ یہ کہتا ہے کہ ہر ایک حرام حلال ہے۔ شراب بھی جائز ہے زنا بھی جائز ہے جھوٹ بھی جائز ہے گویا سب صغائر کبائر جائز ہیں کیونکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان سب سے منع کرتے ہیں اور وہ جب اُن کا انکار کرتا ہے تو اُن کی تعلیم کا بھی انکار کرتا ہے۔ یہ کب ہو سکتا ہے۔ کہ ایک شخص ایک حکم کو تسلیم کرے لیکن جو وہ حکم لایا اس سے انکار کرے تو پھر وہ حکم کیسے حکم رہ سکتا ہے۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۲)

خط و کتابت کا سلسلہ قائم رکھنا چاہیئے۔

ڈاکٹر صاحب نے عرض کی کہ حضور میرا ارادہ بھی ہے کہ اگر زندگی باقی رہی تو انشاءاللہ بقیہ حصہ ملازمت پورا کرنے کے بعد مستقل طور پر یہاں ہی رہوں گا۔ فرمایا

یہ سچی بات ہے کہ اگر انسان توبتہ النصوح کرکے اللہ تعالیٰ کے لئے اپنی زندگی وقف کردے اور لوگوں کو نفع پہنچاوے تو عمر بڑھتی ہے۔ اعلاء کلمۃ الاسلام کرتا رہے اور اس بات کی آرزو رکھے کہ اللہ تعالیٰ کی توحید پھیلے۔ اس کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ انسان مولوی ہو یا بہت بڑے علم کی ضرورت ہے بلکہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا رہے۔ یہ ایک اصل ہے جو انسان کو نافع الناس بناتی ہے اور نافع الناس ہونا درازی عمر کا اصل گُر ہے۔ ٭

اپنا الہام

فرمایا:۔

⊠ تیس سال کے قریب گذرے کہ میں ایک بار سخت بیمار ہوا اور اس وقت مجھے الہام ہوا اما ما ینفع الناس فیمکث فی الارض۔[۱] اس وقت مجھے کیا معلوم تھا کہ مجھ سے خلق خدا کو کیا کیا فوائد پہنچنے والے ہیں لیکن اب ظاہر ہوا کہ ان فوائد اور منافع سے

٭ البدر میں ہے۔ ”زندگی کے لمبا کرنے کا ایک ہی گُر ہے اور وہ یہ ہے جیسے کہ قرآن شریف میں لکھا ہے و اَمّا ما ینفع الناس فیمکث فی الارض۔[۱] جو شئے انسان کو زیادہ فائدہ رساں ہوتی ہے وہ زمین میں بہت دیر قائم رہتی ہے۔“
(البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۴ مورخہ ۱۴؍ اگست ۱۹۰۳ء)

⊠ البدر میں ہے:۔ ”قریب ۳۰ سال کا عرصہ گذرا ہے کہ ایک دفعہ مجھے سخت بخار چڑھا یہاں تک کہ میں نے سمجھا کہ اب آخری دم ہے اور جب میرا خیال قریب قریب یقین کے ہوگیا تو تفہیم ہوئی اما ما ینفع الناس فیمکث فی الارض[۱] (حوالہ مذکور)

[۱] الرعد: ۱۸

کیا مراد تھی۔

غرض جو کوئی اپنی زندگی بڑھانا چاہتا ہے اسے چاہیئے کہ نیک کاموں کی تبلیغ کرے اور مخلوق کو فائدہ پہنچاوے۔

جب اللہ تعالےٰ کسی دل کو ایسا پاتا ہے کہ اس نے مخلوق کی نفع رسانی کا ارادہ کر لیا ہے تو وہ اسے توفیق دیتا اور اس کی عمر دراز کرتا ہے۔ جس قدر انسان اللہ تعالےٰ کی طرف رجوع کرتا ہے اور اس کی مخلوق کے ساتھ شفقت کے ساتھ پیش آتا ہے اُسی قدر اس کی عمر دراز ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ہوتا اور اس کی زندگی کی قدر کرتا ہے۔ لیکن جس قدر وہ خدا تعالیٰ سے لاپروا اور لااُبالی ہوتا ہے۔ اللہ تعالےٰ بھی اس کی پروا نہیں کرتا۔

انسان اگر اللہ تعالیٰ کے لئے اپنی زندگی وقف نہ کرے اور اس کی مخلوق کے لئے نفع رساں نہ ہو تو یہ ایک بیکار اور نکمی ہستی ہو جاتی ہے بھیڑ۔ بکری بھی پھر اس سے اچھی ہے جو انسان کے کام تو آتی ہے لیکن یہ جب اشرف المخلوقات ہو کر اپنی نوع انسان کے کام نہیں آتا تو پھر بدترین مخلوق ہو جاتا ہے۔ اسی کی طرف اشارہ کر کے اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم۔ ثم رددنٰہ اسفل سافلین۔[1] ٭ میں گرایا جاتا ہے۔ پس یہ سچی بات ہے کہ اگر انسان میں یہ نہیں ہے کہ وہ خدا تعالےٰ کے اوامر کی اطاعت کرے اور مخلوق کو نفع پہنچاوے تو وہ جانوروں

٭ یہاں عبارت چھوٹی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ البدر میں ہے۔

"قرآن شریف میں خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم ثم رددنٰہ اسفل سافلین۔ یہ بھی اس کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ مخلوق کو فائدہ رسانی کے بعد اور خدا تعالےٰ کی فرمانبرداری کرنے سے انسان پر یہ کلمہ خلقنا الانسان فی احسن تقویم صادق آتا ہے اور اگر وہ یہ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

[1] التین: ۵،۶

سے بھی گیا گذرا ہے اور بد ترین مخلوق ہے۔

کامیابی کی موت بھی درازیٔ عمر ہے

اس جگہ ایک اور سوال پیدا ہوتا ہے کہ بعض لوگ جو نیک اور برگزیدہ ہوتے ہیں چھوٹی عمر میں بھی اس جہان سے رخصت ہوتے ہیں اور اس صورت میں گویا یہ قاعدہ اور اصل ٹوٹ جاتا ہے مگر یہ ایک غلطی اور دھوکا ہے۔ دراصل ایسا نہیں ہوتا یہ قاعدہ کبھی نہیں ٹوٹتا مگر ایک اور صورت پر درازیٔ عمر کا مفہوم پیدا ہو جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ زندگی کا اصل منشا اور درازیٔ عمر کی غائت تو کامیابی اور بامراد ہونا ہے۔ پس جب کوئی شخص اپنے مقاصد میں کامیاب اور بامراد ہو جاوے اور اس کو کوئی حسرت اور آرزو باقی نہ رہے اور مرتے وقت نہایت اطمینان کے ساتھ اس دنیا سے رخصت ہو تو وہ گویا پوری عمر حاصل کر کے مرا ہے اور درازیٔ عمر کے مقصد کو اس نے پا لیا ہے۔ اُس کو چھوٹی عمر میں مرنے والا کہنا سخت غلطی اور نادانی ہے۔

صحابہ میں بعض ایسے تھے جنہوں نے بیس بائیس برس کی عمر پائی مگر چونکہ ان کو مرتے

[حاشیہ] نہیں کرتا ہے تو اسفل سافلین ہی میں رد کیا جاتا ہے۔ اگر انسان میں یہ باتیں نہیں ہیں کہ وہ خدا کے اوامر کی اطاعت کرے اور مخلوق کو فائدہ پہنچاوے تو پھر کتے، بھیڑ، بکری وغیرہ جانوروں میں اور اس میں کیا فرق ہے۔"

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۴ مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۰۳ء)

لہ البدر سے۔ "اگر انسان خدا تعالیٰ کی فرمانبرداری میں مر جائے تو جانے کہ اس نے بڑی عمر حاصل کر لی ہے کیونکہ بڑی عمر کا اصل مدعا جو یہ تھا کہ مخلوق کو فائدہ پہنچا کر اور خدا تعالیٰ کے اوامر کی اطاعت کر کے اپنے مولا کو راضی کرے وہ اس نے حاصل کر لیا اور مرتے وقت اس کے دل میں کوئی حسرت نہیں رہی۔"

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۴)

وقت کوئی حسرت اور نامرادی باقی نہ رہی بلکہ کامیاب ہو کر اُٹھے تھے اس لئے انہوں نے زندگی کا اصل منشا حاصل کر لیا تھا۔

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّات

اگر انسان نیکی نہ کر سکے تو کم از کم نیکی کی نیت تو رکھے کیونکہ ثمرات عموماً نیتوں کے موافق ملتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دنیوی حکام بھی اپنے قوانین میں نیت پر بہت بڑا مدار رکھتے ہیں اور نیت کو دیکھتے ہیں۔ اسی طرح پر دینی امور میں بھی نیت پر ثمرات مرتب ہوتے ہیں پس اگر انسان نیکی کرنے کا مصمم ارادہ رکھے اور نیکی نہ کر سکے تب بھی اس کا اجر مل جاویگا اور جو شخص نیکی کی نیت کرتا ہے تو اللہ تعالٰے اس کو توفیق بھی دے دیتا ہے اور توفیق کا ملنا یہ بھی اللہ تعالٰی کے فضل پر منحصر ہے دیکھا گیا ہے اور تجربہ سے دیکھا گیا ہے کہ انسان سعی سے کچھ نہیں کر سکتا۔ نہ وہ صلحاء، سعداء و شہداء میں داخل ہو سکتا ہے اور نہ اور برکات اور فیوض کو پا سکتا ہے۔ غرض ؎

نہ بزور نہ بزاری نہ بزر مے آید

بلکہ خدا تعالٰی کے فضل سے یہ گوہر مقصود ملتا ہے اور حصولِ فضل کا اقرب طریق دعا ہے اور دعا کامل کے لوازمات یہ ہیں کہ اس میں رقّت ہو۔ اضطراب اور گدازش ہو۔ جو دُعا عاجزی، اضطراب اور شکستہ دلی سے بھری ہوئی ہو وہ خدا تعالٰی کے فضل کو کھینچ لاتی ہے اور قبول ہو کر اصل مقصد تک پہنچاتی ہے۔ مگر مشکل یہ ہے کہ یہ بھی خدا تعالٰی کے فضل کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی اور پھر اس کا علاج یہی ہے کہ دعا کرتا رہے، خواہ کیسی ہی بے دلی اور بے ذوقی ہو لیکن یہ سیر نہ ہو۔ تکلف اور تصنع سے کرتا ہی رہے اصلی اور حقیقی دُعا کے واسطے بھی دعا ہی کی ضرورت ہے۔

بہت سے لوگ دعا کرتے ہیں اور ان کا دل سیر ہو جاتا ہے وہ کہہ اُٹھتے ہیں کہ کچھ نہیں بنتا۔ مگر ہماری نصیحت یہ ہے کہ اس خاک بیزی ہی میں برکت ہے کیونکہ آخر

گوہر مقصود اسی سے نکل آتا ہے اور ایک دن آجاتا ہے کہ جب اس کا دل زبان کے ساتھ متفق ہو جاتا ہے[ا] اور پھر خود ہی وہ عاجزی اور رقت جو دعا کے لوازمات ہیں پیدا ہو جاتے ہیں۔ جو رات کو اُٹھتا ہے خواہ کتنی ہی عدم حضوری اور بے صبری ہو لیکن اگر وہ اس حالت میں بھی دعا کرتا ہے کہ الٰہی دل تیرے ہی قبضہ اور تصرف میں ہے تو اس کو صاف کر دے اور عین قبض کی حالت میں اللہ تعالیٰ سے بسط چاہے تو اس قبض سے بسط نکل آئے گی اور رقت پیدا ہو جائے گی۔ یہی وہ وقت ہوتا ہے جو قبولیت کی گھڑی کہلاتا ہے۔ وہ دیکھے گا کہ اس وقت رُوح آستانۂ الُوہیت پر پانی کی طرح بہتی ہے اور گویا ایک قطرہ ہے جو اُوپر سے نیچے کی طرف گرتا ہے۔

دعا اور مسیحؑ

میں نے خیال کیا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کا واقعہ بھی عجیب ہے۔ اور وہ حالت دعا کا ایک صحیح نقشہ ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کی بد قضاء و قدر مقدر تھی اور وہ قبل از وقت اُن کو دکھائی گئی تھی اور انہوں نے بھی یہی سمجھا تھا کہ اس سے رہائی محال ہے اور پہلے نبیوں نے بھی ایسا ہی سمجھا تھا اور آثار بھی ایسے ہی نظر آتے تھے۔ اس واسطے انہوں نے بڑی بیکلی اور اضطراب کے ساتھ دعا کی۔ انجیل میں اس کا نقشہ خوب کھینچ کر دکھایا ہے۔ پس ایسی حالت میں اللہ تعالیٰ نے ان کی قضاء

[ا] البدر سے :۔ "اور اگر دعا کو دل نہ چاہے اور پورا خشوع خضوع دعا میں حاصل نہ ہو تو اس کے حصول کے واسطے بھی دعا کرے اور اس بات سے ابتلا میں نہ پڑے کہ میری دعا تو صرف زبان پر ہی ہوتی ہے دل سے نہیں نکلتی۔ دعا کے جو لفظ ہوتے ہیں ان کو زبان سے ہی کہتا رہے۔ آخر استقلال اور صبر سے ایک دن دیکھ لے گا کہ زبان کے ساتھ اس کا دل بھی شامل ہو گیا ہے اور عاجزی وغیرہ لوازمات دعا میں پیدا ہو جائیں گے۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۴ مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۰۳ء)

وقدر کو جو موت کے رنگ میں مقدر تھی غشی کے ساتھ بدل دیا اور اُن کی دعا سُنی گئی چنانچہ انجیل کے مطالعہ سے بھی معلوم ہوتا ہے جہاں لکھا ہے فَسُمِعَ لِتَقْوٰہُ۔ کہ اس کی دعا اس کے تقویٰ کے باعث سُنی گئی اور خدا نے تقدیر ٹال دی اور موت غشی سے بدل گئی۔

اصل بات یہ ہے کہ اگر عیسائیوں کے کہنے کے موافق مان لیا جاوے کہ مسیحؑ صلیب پر مرگیا تو اس موت کو لعنتی ماننا پڑے گا جس کا کوئی جواب عیسائیوں کے پاس نہیں بلکہ عیسائیوں پر ایک اور مصیبت بھی آتی ہے اور وہ یہ ہے کہ پھر ان کو ماننا پڑیگا کہ مسیحؑ کی یہ دُعا بھی جو اُس نے باغ میں ساری رات رو رو کر کی تھی قبول نہیں ہوئی اور ان میں اور چوروں میں جو اُن کے ساتھ صلیب پر لٹکائے گئے تھے کیا فرق ہوا ؟ انہوں نے بھی تو صلیب پر مرنے سے بچنے کے لئے دُعا کی تھی اور انہوں نے بھی کی نہ اُن کی قبول ہوئی اور نہ ان کی۔ مگر ہمارا یہ مذہب نہیں ہے۔ جیسے ہمارے نزدیک مسیحؑ کی موت لعنتی موت نہ تھی جیسا کہ عیسائیوں کا عقیدہ ہے ویسے ہی یہ بھی ہمارا اعتقاد ہے کہ ان کی دعا قبول ہوئی اور وہ صلیب پر سے زندہ اُتر آئے۔

نکتہ

اصل بات یہ ہے کہ یہ ایک باریک سِرّ ہوتا ہے جس کو ہر ایک شخص نہیں سمجھ سکتا۔ انبیاء علیہم السلام پر اس قسم کے ابتلا اور قضاء و قدر آیا کرتے ہیں جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر بھی آیا اور دوسرے نبیوں پر بھی کسی نہ کسی رنگ میں آتے ہیں اور یہ ایک تجلّی ہوتی ہے جس کو دوسرے لوگ موت سمجھتے ہیں مگر یہ موت دراصل ایک زندگی کا دروازہ ہوتی ہے۔

باب الموت

صوفی کہتے ہیں کہ ہر ایک شخص کو جو خدا تعالیٰ سے ملنا چاہے ضروری ہے کہ وہ

باب الموت سے گذرے۔ مثنوی میں اس مقام کے بیان کرنے میں ایک قصہ نقل کیا ہے
(یہاں حضرت نے وہ قصہ بیان کیا)[ا]

پس یہ سچی بات ہے کہ نفس امارہ کی تاروں میں جو یہ جکڑا ہوا ہے اس سے رہائی
بغیر موت کے ممکن ہی نہیں۔

[ا] البدر میں یہ قصہ بھی لکھا ہے:۔
"کہ ایک شخص کے پاس ایک طوطا تھا جب وہ شخص سفر کو چلا تو اس نے طوطا سے پوچھا کہ تو بھی کچھ کہہ۔ طوطے نے کہا کہ اگر تو فلاں مقام پر گذرے تو ایک بڑا درخت ملے گا اس پر بہت سے طوطے ہوں گے ان کو میرا یہ پیغام پہنچا دینا کہ تم بڑے خوش نصیب ہو کہ کھلی ہوا میں آزادانہ زندگی بسر کرتے ہو اور ایک میں بے نصیب ہوں کہ قید میں ہوں۔ وہ شخص جب اس درخت کے پاس پہنچا تو اس نے طوطوں کو وہ پیغام پہنچایا۔ ان میں سے ایک طوطا درخت سے گرا اور پھڑک پھڑک کر جان دے دی۔ اس کو یہ واقعہ دیکھ کر کمال افسوس ہوا کہ اس کے ذریعہ سے ایک جان ہلاک ہوئی۔ مگر سوائے صبر کے کیا چارہ تھا۔ جب سفر سے وہ واپس آیا تو اس نے اپنے طوطا کو سارا واقعہ سنایا اور اظہار غم کیا۔ یہ سنتے ہی وہ طوطا بھی جو پنجرہ میں تھا پھڑکا اور پھڑک پھڑک کر جان دیدی یہ واقعہ دیکھ کر اس شخص کو اور بھی افسوس ہوا کہ اس کے ہاتھ سے دو خون ہوئے۔ آخر اس نے طوطا کو پنجرے نکال کر باہر پھینک دیا تو وہ طوطا جو پنجرہ سے مُردہ سمجھ کر پھینک دیا تھا اُڑ کر دیوار پر جا بیٹھا اور کہنے لگا کہ دراصل نہ وہ طوطا مرا تھا اور نہ میں۔ میں نے تو اس سے راہ پوچھی تھی کہ اس قید سے آزادی کیسے حاصل ہو؟ سو اس نے مجھے بتایا کہ آزادی تو مر کر حاصل ہوتی ہے پس میں نے بھی موت اختیار کی تو آزاد ہو گیا۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۵ مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۰۳ء)

وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ کے معنے

اسی موت کی طرف اشارہ کر کے قرآن شریف میں فرمایا ہے واعبد ربك حتّٰی یاتیك الیقین[1]۔ اس جگہ یقین سے مراد موت بھی ہے۔ یعنی انسان کی اپنی ہوا و ہوس بھی پوری فنا طاری ہو کر اللہ تعالیٰ کی اطاعت رہ جاوے اور وہ یہاں تک ترقی کرے کہ کوئی جنبش اور حرکت اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی نہ ہو۔ ※

سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب یہ موت انسان پر وارد ہو جاتی ہے تو سب عبادتیں ساقط ہو جاتی ہیں ⊠۔ اور پھر خود ہی سوال کرتے ہیں کہ کیا انسان اباحتی

※ البدر میں ہے:۔ "غرضکہ انسان کے لئے بھی ایک پنجرہ ہے جسے نفس امارہ کہتے ہیں اس پنجرہ سے بھی وہ نہیں نکل سکتا جب تک کہ موت کو قبول نہ کرے۔"

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۵ مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۰۳ء)

⊠ البدر سے:۔ "اس پر ایک اعتراض یہ ہوتا ہے کہ کیا ایسی موت کے آنے کے بعد انسان عبادت نہ کرے اور بیشک بدیوں میں مبتلا رہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ موت کے بعد یعنی جبکہ انسان نفس امارہ سے جنگ کر کے اس پر غالب آجاتا ہے اور فتح پا لیتا ہے تو پھر عبادت اور نیک اعمال کا بجا لانا اس کے لئے ایک طبعی امر ہوتا ہے جیسے انسان بلا تکلف میٹھی میٹھی مزہ دار چیزیں کھاتا رہتا ہے اور اُسے لذت آتی رہتی ہے۔ ایسے ہی بلا تکلف نیک اعمال اس سے سرزد ہوتے رہتے ہیں۔ اور اس کی تمام لذت اور خوشی خدا تعالیٰ کی عبادت میں ہوتی ہے اور جب تک وہ نفس سے جنگ کرتا رہتا ہے تبھی تک اُسے ثواب بھی ملتا ہے لیکن جب اس نے موت حاصل کر لی اور نفس پر فتح پا لی تو پھر تو جنت میں داخل ہو گیا اب ثواب کا ہے کا؟ یہی وہ جنت ہے جو انسان کو دنیا میں حاصل ہوتی ہے (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

[1] الحجر: ۱۰۰

ہو جاتا ہے اور سب کچھ اس کے لئے جائز ہو جاتا ہے؟

اِعْمَلْ مَاشِئْتَ

پھر آپ ہی جواب دیا ہے کہ یہ بات نہیں کہ وہ اباحتی ہو جاتا ہے بلکہ بات اصل یہ ہے کہ عبادت کے اثقال اُس سے دُور ہو جاتے ہیں اور پھر تکلّف اور تصنّع سے کوئی عبادت وہ نہیں کرتا بلکہ عبادت ایک شیریں اور لذیذ غذا کی طرح ہو جاتی ہے اور خدا تعالےٰ کی نافرمانی اور مخالفت اس سے ہو سکتی ہی نہیں اور خدا تعالےٰ کا ذکر اس کے لئے لذت بخش اور آرام دہ ہوتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں کہا جاتا ہے اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ۔[1] اس کے یہ معنے نہیں ہوتے کہ نواہی کی اجازت ہو جاتی ہے۔ نہیں بلکہ وہ خود ہی نہیں کر سکتا۔ اس کی ایسی ہی مثال ہے کہ کوئی خصّی ہو اور اس کو کہا جاوے کہ تو جو مرضی ہے کر۔ تو وہ کیا کر سکتا ہے؟ اس سے فسق و فجور مراد لینا کمال درجہ کی بیحیائی اور حماقت ہے۔ یہ تو اعلیٰ درجہ کا مقام ہے جہاں کشف حقائق ہوتا ہے۔ صوفی کہتے ہیں اسی کے کمال پر الہام ہوتا ہے اس کی رضا اللہ تعالےٰ کی رضا ہو جاتی ہے اس وقت اُسے یہ حکم ملتا ہے۔

پس اثقال عبادت اس سے دور ہو کر عبادت اس کے لئے غذا شیریں کا کام دیتی

اور قرآن شریف میں دو جنتوں کا بیان ہے جیسے کہ لکھا ہے ولمن خاف مقام ربہ جنتٰن[2] یعنی جو کوئی اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اس کے لئے دو جنّتیں ہیں ایک دنیا میں اور ایک آخرت میں۔ دنیا والی جنّت وہ ہے جو کہ اس درجہ کے بعد انسان کو حاصل ہو جاتی ہے اور اس مقام پر پہنچکر انسان کی اپنی کوئی مشیت نہیں رہتی بلکہ خدا تعالےٰ کی مشیت اس کی اپنی مشیت ہوتی ہے اور جیسے ایک انسان کو خصّی کر کے چھوڑ دیا جاتا ہے تو زنا کاری وغیرہ حرکات کا مرتکب ہی نہیں ہو سکتا ویسے ہی یہ شخص خصّی کر دیا جاتا ہے اور اس سے کوئی بدی نہیں ہو سکتی۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۵ مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۰۳ء)

[1] حٰمٓ السجدۃ: ۴۱ [2] الرحمٰن: ۴۷

ہے اور یہی وجہ ہے کہ ھٰذا الّذی رُزقنا من قبل[1] فرمایا گیا ہے۔

گناہ سے نجات کیسے ہو؟

فرمایا:۔

گناہ سے نجات محض خدا تعالیٰ کے فضل اور تصرف سے ملتی ہے۔ جب وہ تصرف کرتا ہے اور دل میں وعظ پیدا ہو جاتا ہے تو پھر ایک نئی قوت انسان کو ملتی ہے جو اس کے دل کو گناہ سے نفرت دلاتی ہے اور نیکیوں کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔

ایمان کیلئے ابتلا ضروری شئے ہے!

ایک شخص نے اپنی تکالیف اور ابتلاؤں کا ذکر کیا فرمایا

جب اللہ تعالیٰ کسی آسمانی سلسلہ کو قائم کرتا ہے تو ابتلا اس کی جزو ہوتے ہیں جو اس سلسلہ میں داخل ہوتا ہے ضروری ہوتا ہے کہ اس پر کوئی نہ کوئی ابتلا آوے تا کہ اللہ تعالیٰ سچے اور مستقل مزاجوں میں امتیاز کر دے اور صبر کرنے والوں کے مدارج میں ترقی ہو۔ ابتلا کا آنا بہت ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اَحسب الناس ان یترکوا ان یقولوا اٰمنا وھم لایفتنون[2]۔ کیا لوگ گمان کر بیٹھے ہیں کہ وہ صرف اتنا کہنے پر ہی چھوڑ دیئے جاویں کہ ہم ایمان لائے اور ان پر کوئی ابتلا نہ آوے ایسا کبھی نہیں ہوتا۔ خدا تعالیٰ کو منظور ہوتا ہے کہ وہ غداروں اور سچوں کو الگ کر دے۔ پس ایمان کے بعد ضروری ہے کہ انسان دکھ اٹھاوے بغیر اس کے ایمان کا کچھ مزا ہی نہیں ملتا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ کو کیا کیا مشکلات پیش آئیں اور انہوں نے کیا کیا دکھ اٹھائے۔ آخر ان کے صبر پر اللہ تعالیٰ نے اُن کو بڑے بڑے مدارج اور مراتب عالیہ عطا کئے۔ انسان جلد بازی کرتا ہے اور ابتلا آتا ہے تو اس کو دیکھ کر گھبرا جاتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے

[1] البقرہ: ۲۶ [2] العنکبوت: ۳

کہ نہ دنیا ہی رہتی ہے[1] اور نہ دین ہی رہتا ہے مگر جو صبر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اُن کے ساتھ ہوتا ہے اور ان پر انعام و اکرام کرتا ہے۔ اس لئے کسی ابتلا پر گھبرانا نہیں چاہیئے ابتلا مومن کو اللہ تعالیٰ کے اور بھی قریب کر دیتا ہے اور اس کی وفاداری کو مستحکم بناتا ہے لیکن کچے اور غدار کو الگ کر دیتا ہے۔

ایک شخص نے ذکر کیا کہ میرا ایک ساتھی تھا مگر اُسے جماعت میں داخل ہونے کے بعد کچھ تکالیف پہنچیں تو وہ الگ ہوگیا۔ فرمایا

تم شکر کرو کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو اس ابتلا سے بچا لیا۔ ایک وہ زمانہ تھا کہ تلواروں سے ڈرایا جاتا تھا اور وہ لوگ اس کے مقابلہ پر کیا کرتے تھے۔ خدا تعالیٰ سے دعائیں مانگتے اور کہتے ربنا افرغ علینا صبرًا و ثبّت اقدامنا وانصرنا علی القوم الکٰفرین[2]۔ مگر آج کل تو خدا تعالیٰ کا فضل ہے کہ تلوار سے نہیں ڈرایا جاتا۔ اصل یہ ہے کہ جن کو اللہ تعالیٰ اس سلسلہ میں رہنے کے لائق نہیں پاتا اُن کو الگ کر دیتا ہے وہ ایمان کے بعد مرتد اس لئے ہوتے ہیں کہ قیامت کو جب وہ اپنے رفیق کو جنت میں دیکھیں تو اُن کی حسرت اور بھی بڑھے۔ اس وقت وہ کہیں گے کاش ہم اپنے رفیق کے ساتھ ہوتے اپنی ہی کمزوری ہے جو ذرا ذرا سی بات پر یہ لوگ گھبرا جاتے ہیں ورنہ اگر اللہ تعالیٰ کو اپنا رازق سمجھ لیں اور اس پر ایمان رکھیں تو ایک جُرأت اور دلیری پیدا ہو جاتی ہے پس ساری باتوں کا خلاصہ یہی ہے کہ صبر اور استقلال سے کام لینا چاہیئے اور خدا تعالیٰ سے ثبات قدم کی دعا مانگتے رہو۔

[1] البدر میں یہ عبارت یُوں ہے۔ " انسان چونکہ جلد باز ہوتا ہے اس لئے ابتلا سے وُہ گھبرا جاتا ہے مگر وہ نہیں جانتا کہ صبر کے کیا کیا ثمرات ہیں جو اُسے ملنے والے ہیں اس لئے صبر کرنا بہت ضروری ہے۔"

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۳۵ مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۰۳ء)

[2] البقرۃ: ۲۵۱

کسی کا مرتد ہو جانا کچھ میرے سلسلہ کے ساتھ خاص نہیں بلکہ منہاج نبوت کے ساتھ یہ بات لازمی ہے نبیوں کے سلسلے میں یہ نظیریں ملتی ہیں۔ ہم کو کوئی افسوس نہیں۔ البتہ ایسے لوگوں پر رحم آتا ہے کیونکہ اُن کو دوچند عذاب ہوگا اس لئے کہ وہ ایمان لا کر مرتد ہوئے اور پھر بہشت کے پاس پہنچ کر واپس ہوئے یہ حسرت کا عذاب ہوگا۔

مشکلات سے مت ڈرو۔ خدا تعالےٰ کی راہ میں ہر دُکھ اور مصیبت اور بعزتی اُٹھانے کے لئے تیار رہو تا خدا تعالیٰ تمہارے مصائب کو دُور کرے اور تمہاری آبرو کا خود محافظ ہو۔

مومن وہی ہوتا ہے جو خدا تعالیٰ کے ساتھ وفادار ہوتا ہے۔ جب ایمان لے آیا پھر کسی کی دھمکی کی کیا پرواہ ہے۔ تم نے دین کو دنیا پر مقدم کیا ہے اور یہ اقرار کر چکے ہو۔ جب انسان خدا تعالیٰ کے لئے وطن، احباب اور ساری آسائشوں کو چھوڑتا ہے۔ وہ اس کے لئے سب کچھ مہیا کرتا ہے۔ اب چاہیئے کہ صادقوں کی طرح ثابت قدم رہے کیونکہ خدا تعالےٰ صادق کا ساتھ دیتا ہے اور اس کو بڑے بڑے درجے عطا کرتا ہے۔ خدا تعالےٰ اس وقت صادقوں کی جماعت تیار کر رہا ہے۔ جو صادق نہیں وہ آج نہیں کل چلا جائے گا اور اس سلسلہ سے الگ ہو کر رہے گا مگر صادق کو خدا تعالےٰ ضائع نہیں کرے گا۔[۱]

(الحکم جلد ۷ نمبر ۳۱ صفحہ ۲ تا ۴ مورخہ ۲۴؍اگست ۱۹۰۳ء)

---

[۱] البدر میں مزید یہ بھی لکھا ہے:۔

"مخالفوں کے پیچھے نماز نہ پڑھو کیونکہ وہ جان بوجھ کر دشمنی کرتے ہیں اور حق کے خلاف کرتے ہیں۔ جماعت کے امام کو تو مومن ہونا چاہیئے اور یہ اُلٹے مکفر ہیں۔ پس یہ کیسے مستحق ہیں کہ امام بنیں۔ اگر یہ جائز ہوتا کہ مسلمانوں کی نماز کا امام کافر و منافق ہو تو پھر صحابہ کرام نے کیوں مخالفوں کے پیچھے نماز نہ پڑھی؟ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

۲۳ اگست ۱۹۰۳ء

دربار شام

میری توجہ کسر صلیب کیطرف ہے

امریکہ سے جناب مفتی محمد صادق صاحب کے ذریعہ ایک ڈاکٹر کی بیوی نے اپنے کسی عارضہ کے لئے دعا کی درخواست کی تھی۔ آپ نے فرمایا کہ

اس کو جواب میں لکھا جاوے کہ اس میں شک نہیں کہ دعاؤں کی قبولیت پر ہمارا ایمان ہے اور اللہ تعالیٰ نے اُن کے قبول کرنے کا وعدہ بھی فرمایا ہے مگر دعاؤں کے اثر اور قبولیت کو توجہ کے ساتھ بہت بڑا تعلق ہے اور پھر حقوق کے لحاظ سے دعا کے لئے جوش پیدا ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ کا حق سب پر غالب ہے۔ اس وقت دنیا میں شرک پھیلا ہوا ہے اور ایک عاجز انسان کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک کیا جاتا ہے۔ اس لئے فطرتی طور پر ہماری توجہ اس طرف غالب ہو رہی ہے کہ دنیا کو اس شرک سے نجات ملے اور اللہ تعالیٰ کی عظمت قائم ہو اس کے سوا دوسری طرف ہم توجہ کر ہی نہیں سکتے۔ اور یہ بات ہمارے مقاصد اور کام سے دُور ہے کہ اس کو چھوڑ کر دوسری طرف توجہ کریں بلکہ اس میں ایک قسم کی معصیت کا خطرہ ہوتا ہے۔

ہاں یہ میرا ایمان ہے کہ بیماروں یا مصیبت زدوں کے لئے توجہ کی جاوے تو اس کا اثر ضرور ہوتا ہے بلکہ ایک وقت یہ امر بطور نشان کے بھی مخالفوں کے سامنے پیش کیا گیا اور کوئی مقابلہ میں نہ آیا۔ اس وقت میری ساری توجہ اسی ایک امر کی طرف ہو رہی ہے کہ یہ مخلوق پرستی دُور ہو اور صلیب ٹوٹ جاوے۔ اس لئے ہر کام کی طرف اس وقت میں توجہ نہیں کر سکتا۔ خدا تعالیٰ نے مجھے اسی طرف متوجہ کر دیا ہے کہ یہ شرک جو پھیلا ہوا ہے اور

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ۔ جس حال میں یہ لوگ ہمیں نہیں مانتے تو پھر ہمارے مکفر مکذب ہی ہیں۔ خواہ کہیں خواہ نہ کہیں۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۳۰ صفحہ ۲۲۸ مورخہ ۱۴؍ اگست ۱۹۰۳ء)

حضرت عیسیٰؑ کو خدا بنایا گیا ہے اس کو نیست و نابود کر دیا جاوے۔ یہ جوش سمندر کی طرح میرے دل میں ہے اسی لئے ڈوئی کو لکھا ہے کہ وہ مقابلہ کے لئے نکلے۔ پس تم صبر کرو جب تک کہ ایک دعا کا فیصلہ ہو جاوے۔ اس کے بعد ایسے امور کی طرف بھی اللہ تعالیٰ چاہے تو توجہ ہو سکتی ہے لیکن دعا کرانے والے کے لئے یہ بھی ضرور ہے کہ وہ اپنی اصلاح کرے اور اللہ تعالیٰ سے صلح کرے۔ اپنے گناہوں سے توبہ کرے۔ پس جہانتک ممکن ہو تم اپنے آپ کو درست کرو اور یہ یقیناً سمجھ لو کہ انسان کا پرستار کبھی فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔

مسیحؑ کی زندگی کے حالات پڑھو تو صاف معلوم ہو گا کہ وہ خدا نہیں ہے۔ اس کو اپنی زندگی میں کس قدر کوفتیں اور کلفتیں اٹھانی پڑیں اور دعا کی عدم قبولیت کا کیسا بُرا نمونہ اس کی زندگی میں دکھایا گیا ہے۔ خصوصاً باغ والی دعا جو ایسے اضطراب کی دعا ہے وہ بھی قبول نہ ہوئی اور وہ پیالہ ٹل نہ سکا۔ پس ایسی حالت میں مقدم یہ ہے کہ تم اپنی حالت کو درست کرو اور انسان کی پرستش چھوڑ کر حقیقی خدا کی پرستش کرو۔

(الحکم جلد ۷ نمبر ۳۷ صفحہ ۲ مورخہ ۱۰ اکتوبر ۱۹۰۳ء)

بلا تاریخ

آسمانی نزول سے کیا مراد ہے

مسیح کے آسمانی نزول سے یہ مراد ہے کہ اس کے ساتھ آسمانی اسباب ہوں گے اور اس کا تعلق سماوی علوم سے ہو گا اور ایسا ہی فرشتوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھنے سے مراد ہے۔ یہ ایک اعلیٰ درجہ کا لطیفہ تھا جس کو کم فہم لوگوں نے ایک چھوٹی اور موٹی سی بات بنا لیا ہے جو صحیح نہیں۔

فرمایا۔

دشمن کی دشمنی بھی ایک وقعت رکھتی ہے۔ ہزاروں شہدے فقیر پھرتے ہیں مگر کوئی

ان کو نہیں پوچھتا اور نہ ان کا مقابلہ کرتا ہے مگر ہمارے مقابلہ میں ہر قسم کے حیلے کئے جاتے ہیں اور ہر ایک پہلو سے کوشش کی جاتی ہے کہ ہم کو نقصان پہنچایا جاوے اور وہ اس مقابلہ کے لئے ہزاروں روپیہ بھی خرچ کر چکے ہیں۔ ان کی مخالفت بھی ان نشانات کا جو ظاہر ہو رہے ہیں ایک روک بن جاتی ہے۔

(الحکم جلد ۷ نمبر ۳۷ صفحہ ۲ مورخہ ۱۰ اکتوبر ۱۹۰۳ء)

---

۱۷ اگست ۱۹۰۳ء

(دربار شام)

جنون کے اسباب

فرمایا کہ

دو قوتیں انسان کو منجر بہ جنون کر دیتی ہیں۔ ایک بدظنی اور ایک غضب جبکہ افراط تک پہنچ جاویں۔ ایک شخص کا حال سُنا کہ وہ نماز پڑھا کرتا تھا کہ اول ابتدا جنون کی اس طرح سے شروع ہوئی کہ اُسے نماز کی نیت کرنے میں شبہ پیدا ہونے لگا اور جب پیچھے اس امام کے کہا کرے تو امام کی طرف اُنگلی اُٹھا دیا کرے۔ پھر اس کی تسلی اس سے نہ ہوتی تو امام کے جسم کو ہاتھ لگا کر کہا کرے کہ "پیچھے اِس امام کے" پھر اور ترقی ہوئی تو ایک دن امام کو دھکا دے کر کہا کہ "پیچھے اس امام کے۔"

پس لازم ہے کہ انسان بدظنی اور غضب سے بہت بچے سوائے راستبازوں کے باقی جس قدر لوگ دنیا میں ہوتے ہیں ہر ایک کچھ نہ کچھ حصہ جنون کا ضرور رکھتا ہے۔ جس قدر قویٰ اُن کے ہوتے ہیں ان میں ضرور افراط تفریط ہوتی ہے اور اسی سے جنون ہوتا ہے۔

غضب اور جنون میں فرق یہ ہے کہ اگر سرسری دورہ ہو تو اُسے غضب کہتے ہیں اور اگر وہ مستقل استحکام پکڑ جاوے تو اس کا نام جنون ہے۔

جنت میں چاندی کا ذکر کیوں ہے

چاندی کا ذکر ہوا۔ فرمایا کہ

چاندی کے بیچ میں ایک جوہر محبت ہے اس لئے یہ زیادہ مرغوب ہوتی ہے۔ اکثر لوگ اعتراض کیا کرتے ہیں کہ جنت کی نعماء میں چاندی کے برتنوں کا ذکر ہے حالانکہ اس سے بیش قیمت سونا ہے۔ وہ لوگ اس راز کو جو کہ خدا تعالیٰ نے چاندی میں رکھا ہے نہیں سمجھے۔ جنت میں چونکہ غل اور کینہ اور بغض وغیرہ نہیں ہوگا اور آپس میں محبت ہوگی اور چونکہ چاندی میں جوہر محبت ہے اس لئے اس نسبت باطنی سے جنت میں اس کو پسند کیا گیا ہے۔ اس میں جوہر محبت ہونے کا ثبوت یہ ہے کہ اگر طرفین میں لڑائی ہو تو چاندی دیدینے سے صلح ہو جاتی ہے اور کدورت دور ہو جاتی ہے۔ کسی کی نظر عنایت حاصل کرنی ہو تو چاندی پیش کی جاتی ہے۔ علوم یا تو قیاس سے معلوم ہوتے ہیں اور یا تجربہ سے۔ چاندی کے اس اثر کا پتہ تجربہ سے لگتا ہے۔ خواب میں اگر[1] ایک کسی مسلمان کو چاندی دے تو اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ اُسے اسلام سے محبت ہے اور وہ مسلمان ہو جاوے گا۔

کثرت شراب خوری کا نتیجہ

اکثر دفعہ جب تک ایک شئے کی کثرت نہ ہو تو اس کے خواص کا پتہ نہیں لگتا۔ شراب کی کثرت جو اس وقت یورپ وغیرہ میں ہے اگر یہ نہ ہوتی تو اس کے بدنتائج کیسے ظاہر ہوتے جس سے اس وقت دنیا پناہ پکڑنا چاہتی ہے اور اس کی کثرت سے اسلام اور پیغمبر اسلام کی خوبی کھلتی ہے جنہوں نے ایسی شئے کو منع اور حرام فرمایا۔

اگر مسیح کی مقصود بالذات زمین ہی تھی کہ آخر عمر میں اُنہوں نے زمین پر ہی آنا تھا تو پھر اتنا عرصہ آسمان پر رہنے سے کیا فائدہ؟ یہی وقت زمین پر بسر کرتے کہ لوگوں کو اُن

[1] نقل مطابق اصل

کی ذات اور تعلیم سے فائدہ ہوتا اور قوم گمراہی سے بچی رہتی۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۱ صفحہ ۲۴۱ مورخہ ۲۱ر اگست ۱۹۰۳ء)

۸ر اگست ۱۹۰۳ء

اہل اسلام کی موجودہ حالت پر فرمایا کہ

جب تک ان لوگوں میں اعلائے کلمۃ اللہ کا خیال تھا اور اس کو انہوں نے اپنا مقصود بنایا ہوا تھا جب تک ان کی نظریں خدا پر تھیں خدا تعالیٰ بھی اُن کی نصرت کرتا تھا۔ مگر بعد ازاں جب اغراض بدل گئے تو خدا نے بھی چھوڑ دیا۔ اور اب اُن کی نظر انسانوں پر ہے۔ سلطنتوں کی بھی یہی حالت ہے کہ اعلائے کلمۃ الاسلام کا کسی کو خیال نہیں ہے۔ خود روم میں ردّ نصاریٰ میں ایک چھوٹا سا رسالہ بھی نہیں لکھا جا سکتا۔ یہ خیال بالکل غلط ہے کہ سلطان محافظ حرمین ہے بلکہ حرمین خود محافظ سلطان ہیں۔

فرمایا کہ

انسان کے اندر جو نور اور شعاع اعلائے کلمۃ الاسلام کا ہوتا ہے وہ انسان کو اپنی طرف کھینچتا رہتا ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۱ صفحہ ۲۴۲ مورخہ ۲۱ر اگست ۱۹۰۳ء)

۹ر اگست ۱۹۰۳ء

دربار شام

حقوق العباد

بیمار پرسی اور کسی میت کی تجہیز و تکفین کی نسبت ذکر ہوا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ

ہماری جماعت کو اس بات کا بہت خیال چاہیئے کہ اگر ایک شخص فوت ہو جاوے تو حتی الوسع سب جماعت کو اس کے جنازہ میں شامل ہونا چاہیئے۔ اور ہمسایہ کی ہمدردی کرنی چاہیئے۔ یہ تمام باتیں حقوق العباد میں داخل ہیں۔ میں دیکھتا ہوں کہ جس تعلیم اور درجہ تک خدا تعالیٰ پہنچانا چاہتا ہے۔ اس میں ابھی بہت کمزوری ہے۔ صرف دعویٰ ہی دعویٰ نہ ہونا چاہیئے کہ ہم ایمان دار ہیں بلکہ اس ایمان کو طلب کرنا چاہیئے جسے خدا چاہتا ہے۔ بھائیوں کے حقوق کو اور ہمسایوں کے حقوق کو شناخت کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ زبان سے کہہ لینا کہ ہم جانتے ہیں۔ بیشک آسان ہے مگر سچی ہمدردی اور اخوت کو برت کر دکھلانا مشکل ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ تمام حرکات اعمال افعال کے لئے ایمان مثل ایک انجن کے ہے جب ایمان ہوتا ہے تو سب حقوق خود بخود نظر آتے جاتے ہیں اور بڑے بڑے اعمال اور ہمدردی خود ہی انسان کرنے لگتا ہے۔ ایمان کا تخم آہستہ آہستہ ترقی کرتا ہے۔ لیکن یہ ہر ایک کے نصیب میں نہیں ہوتا۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۱ صفحہ ۲۴۲ مورخہ ۲۱ اگست ۱۹۰۳ء)

---

۱۰ اگست ۱۹۰۳ء

دربار شام

گنڈے تعویذات

شام کے وقت ایک صاحب نے گنڈے تعویذات کی تاثیرات کی نسبت استفسار کیا حضرت اقدس نے فرمایا کہ

ان کا اثر ہونا تو ایک دعویٰ بلا دلیل ہے۔ اس قسم کے علاج تصورات کی مد میں آ جاتے ہیں کیونکہ تصورات کو انسان پر اثر اندازی میں بڑا اثر ہے۔ اس سے ایک کو ہنسا دیتے ہیں ایک کو رُلا دیتے ہیں اور کئی چیزیں جو کہ واقعی طور پر موجود نہ ہوں دوسروں کو دکھلا دیتے

ہیں اور بعض امراض کا علاج ہوتا ہے۔ اکثر اوقات تعویذوں سے فائدہ بھی نہیں ہوتا تو آخر تعویذ دینے والے کو کہنا پڑتا ہے کہ اب میری پیش نہیں چلتی۔

اُمّتِ مرحُومہ

یہ امت مرحومہ اس واسطے بھی کہلاتی ہے کہ ان ٹھوکروں سے بچ جاوے جو کہ اس سے پہلی اُمتوں کو پیش آئی ہیں۔*

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۱ صفحہ ۲۴۲ مورخہ ۲۱ اگست ۱۹۰۳ء)

۱۱ اگست ۱۹۰۳ء

دربار شام

مسٹر ڈوئی کا ذکر

مسٹر ڈوئی مدعی الیاس جس کو حضرت اقدس نے مقابلہ پر بُلایا ہے اب کثرت سے اس کا چرچا امریکہ اور انگلستان کی اخباروں میں اس مقابلہ پر ہو رہا ہے اور ہندوستان سے باہر کل عیسائی دنیا نے اس مقابلہ کو مذاہب کی سچائی کا حقیقی معیار قرار دیا ہے حتیٰ کہ دہریہ منش انسان جو کہ ان ممالک میں رہتے ہیں، ان کے ایمان کے لئے بھی اس مقابلہ دعا نے ایک راہ کھول دی ہے اور جس عدل اور انصاف پر یہ مقابلہ حضرت اقدس نے مبنی رکھا ہے اس کی شہادت خود یورپ اور امریکہ نے ان الفاظ میں دی ہے کہ اس مقابلہ میں مرزا صاحب نے کوئی پہلو رعایت کا اپنے لئے نہیں رکھا کہ جس سے ڈوئی کو انکار کرنے کی گنجائش ہو۔

آج کل وہی اخباریں پڑھی جاتی ہیں۔ ان اخباروں کو سُنکر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ

* اس ڈائری کے آخر میں "باقی آئندہ" لکھا ہے لیکن آئندہ اشاعتوں میں کہیں اس کا تسلسل موجود نہیں (مرتب)

یہ ہمارا مقابلہ صرف مسٹر ڈوئی ہی سے نہیں ہے بلکہ تمام عیسائیوں کے مقابلہ پر ہے اور یہ بھی ایک طریق ہے جس کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کسرِ صلیب کرے گا۔ حدیثوں میں آیا ہے کہ آنے والے مسیح کے خادم فرشتے ہوں گے۔ ان الفاظ سے اس کی کمزوری نکلتی ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس کے پاس زمینی ہتھیار نہ ہوں گے بلکہ جو کام زمینی ہتھیاروں سے ہوتا ہے وہ دعا کے ذریعہ سے آسمان کے فرشتے خود کرتے رہیں گے۔ مشکوٰۃ میں یہ بھی لکھا ہے کہ مسیح موعود کے زمانہ میں عیسائیوں کے ساتھ کوئی شخص مقابلہ نہ کرسکیگا مگر ہاں مسیح موعود دعاؤں سے مقابلہ کرے گا سو اب وہ مقابلہ آپڑا ہوا ہے جس سے اسلام اور عیسائیت کا فیصلہ ہوسکتا ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۲ صفحہ ۲۴۹ مورخہ ۲۸؍ اگست ۱۹۰۳ء)

۱۴؍ اگست ۱۹۰۳ء

دربارِ شام

قادیان میں ایک عیسائی آیا

ایک عیسائی گل محمد نامی جو کہ غالباً دو چار سال سے مذہب عیسوی میں داخل ہیں اور بنوں کے باشندے ہیں اور آج کل لاہور کے ڈیوینٹی کالج میں قیام پذیر ہیں مذہبی تحقیقات کی غرض سے ۱۴؍ اگست ۱۹۰۳ء کو قادیان آکر اُسی دن بعد از نماز مغرب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت اقدس نے پہلے ان سے معمولی حالات سکونت وغیرہ کے متعلق دریافت کئے جس کے بعد عیسائی صاحب نے اپنے مقصد کا اظہار کیا۔ حضرت نے فرمایا کہ آپ کتنی مدت یہاں ٹھہریں گے؟ اس کا جواب گل محمد صاحب نے یہ دیا کہ میں تو کل ہی چلا جاؤں گا۔ جس پر حضرت اقدس اور سب سامعین کو نہایت حیرانی ہوئی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بڑے زور کے ساتھ اصرار سے کہا کہ

آپ یہاں دو تین ہفتہ تک ٹھہریں۔ یہ مذہبی معاملہ ہے جس کا نتیجہ کفر یا ایمان ہے۔ اس میں ایسی جلد بازی مناسب نہیں اور نہیں تو آپ کم از کم ایک ہفتہ ہی ٹھہریں اور مذہبی امور دریافت کریں ہم حتی الوسع آپ کو سمجھاتے رہیں گے۔

حضرت نے یہاں تک بھی فرمایا کہ

ہم ہر طرح سے آپ کے مکان۔ خوراک وغیرہ کا بندوبست کرتے ہیں۔ بلکہ یہاں رہنے میں آپ کا کچھ مالی نقصان ہے تو وہ بھی دینے کو تیار ہیں اور اگر آپ کی کچھ ملازمت اور تنخواہ ہے تو اس عرصہ کے لئے وہ بھی دے دیں گے۔

مگر گل محمد نے کوئی بات منظور نہ کی اور یہی کہا کہ کل میں ضرور چلا جاؤں گا۔ اسی وقت آپ میرے ساتھ سوال و جواب کر لیں۔ حضرت نے اس امر کو نامنظور کیا اور بہت سمجھایا کہ

یہ مذہبی معاملہ ہے ہم اس میں ایسی جلد بازی ہرگز نہیں کر سکتے اور نہ ہم اس امر کی پرواہ رکھتے ہیں کہ آپ باہر جا کر لوگوں کو کیا کچھ کہیں گے یا سُنائیں گے۔ اگر آپ کو حق کی طلب ہے تو آپ چند روز ہمارے پاس ٹھہر جائیں۔

بلکہ یہ بھی فرمایا کہ

اگر آپ کا ہرج ہے تو ہم دو چار روپیہ روز تک بھی دینے کو تیار ہیں۔

مگر گل محمد صاحب نے کوئی بات نہ مانی اور کہا کہ اچھا میں پھر آؤں گا مگر صرف چار دن کے لئے۔ حضرت نے فرمایا کہ

کم از کم دس دن ضروری ہیں

مگر جب گل محمد صاحب نے کہا کہ میں چار دن سے زائد بالکل نہیں ٹھہر سکتا تو بالآخر حضرت نے چار دن ہی منظور فرما لئے اور گل محمد صاحب کی درخواست پر اسی وقت ایک عہدنامہ تحریر ہوا۔ جو ذیل میں درج کیا جاتا ہے:۔

(نقل عہدنامہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔ مرتب)

نقل عہدنامہ منجانب گل محمد عیسائی

"گل محمد صاحب کی تحریک کے مطابق جو اجازت ان کو یہاں قادیان آنے کے لئے شیخ عبدالرحمٰن صاحب نے تحریر کی تھی کہ وہ اپنے مشکلات مذہبی کے حل کرنے کے لئے قادیان حضرت اقدس کے پاس آسکتے ہیں۔ اس کے مطابق وہ یہاں آکر ۱۴ اگست سنہ ۳ء کو بعد نماز مغرب حضرت صاحب کے پاس آئے مگر چونکہ انہوں نے فرمایا کہ مجھے کل ہی واپس جانا ہے اور وہ زیادہ دیر تک نہیں رہ سکتے اور حضرت صاحب بھی گورداسپور جانے کے سبب سے ان کو زیادہ وقت نہیں دے سکتے۔ اس لئے یہ قرار پایا کہ گل محمد صاحب ابتدائی ہفتہ اکتوبر سنہ ۳ء میں چار دن کے لئے یہاں آئیں اور اپنا ایک سوال تحریری پیش کریں جس کا جواب حضرت میرزا صاحب تحریری دیں گے۔ اور اس جواب کے بعد اگر گل محمد صاحب کی تشفی نہ ہو تو اسی سوال کے متعلق کچھ اور دریافت کر سکتے ہیں جس کا جواب حضرت صاحب دیں گے اور یہی سلسلہ چار دن تک رہے گا۔ اس سوال و جواب کے شرائط یہ ہیں کہ ہر روز پانچ گھنٹہ اس پر خرچ ہوں گے یعنی ہر ایک فریق کے لئے اڑھائی گھنٹے اور جس فریق کو ایک دن میں اڑھائی گھنٹے سے کم وقت ملنے کا موقعہ ملے وہ اتنا ہی وقت دوسرے دن لے سکیگا لیکن چوتھے دن کی شام کو بہر حال یہ امر ختم ہوگا سوائے اس کے کہ ان چار دنوں کے اندر کوئی فریق کسی وجہ سے جو معمولی حوائج اور ضروریات کے علاوہ ہو پورا وقت نہ دے سکے تو اس کے لئے ضروری ہوگا کہ اس وقت کو چار دن کے بعد پورا کرے اور اگر چار دن کے اندر ہی مثلاً پہلے ہی دن حضرت صاحب فرما دیں کہ جو ہم نے کہنا تھا کہہ چکے اور اب زیادہ اور کچھ نہیں کہنا تو گل محمد صاحب کو اختیار ہوگا کہ اسی وقت چلے جاویں۔ گل محمد صاحب کی طرف سے صرف ایک ہی سوال پیش ہوگا خواہ وہ کتنا ہی بڑا ہو اور فریقین کو اختیار نہ ہوگا کہ ایک دوسرے کے وقت میں کسی کی بات کو قطع کریں۔

(دستخط حضرت میرزا غلام احمد صاحب) دوسرے کاغذ پر ہوئے (گل محمد)

۱۵؍اگست ۱۹۰۲ء

دربارِ شام

لعنتِ خدا سے مراد

فرمایا:۔

خدا کے نزدیک لعنت وہ نہیں ہوتی جو کہ عام لوگوں کے نزدیک ہوتی ہے بلکہ خدا کی لعنت سے مراد دنیا اور آخرت کی لعنت ہے (یعنی ہر دو کی ذلت ہے۔

قرآن کس طرح سے مصدق انجیل ہے؟

فرمایا کہ

قرآن شریف انجیل کی تصدیق قول سے نہیں کرتا بلکہ فعل سے کرتا ہے کیونکہ جو حصہ انجیل کی تعلیم کا قرآن کے اندر شامل ہے۔ اس پر قرآن نے عملدرآمد کروا کے دکھلا دیا ہے اور اسی لئے ہم اسی حصہ انجیل کی تصدیق کر سکتے ہیں جس کی قرآن کریم نے تصدیق کی ہے ہمیں کیا معلوم کہ باقی کا رطب ویابس کہاں سے آیا۔ ہاں اس پر یہ اعتراض ہو سکتا ہے کہ پھر آیت ولیحکم اھل الانجیل[1] میں جو لفظ انجیل عام ہے اس سے کیا مراد ہے وہاں یہ بیان نہیں ہے کہ انجیل کا وہ حصہ جس کا مصدق قرآن ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں الانجیل سے مراد انجیل اور توریت ہے جو قرآن کریم میں درج ہو چکیں۔ اگر یہ نہ مانا جاوے تو پھر بتلایا جاوے کہ اصلی انجیل کونسی ہے۔ کیونکہ آجکل کی مروجہ اناجیل تو اصل ہو نہیں سکتیں۔ ان کی اصلیت کس کو معلوم ہے اور یہ بھی خود عیسائی مانتے ہیں کہ اس کا فلاں حصہ الحاقی ہے۔

پھر ایک اور بات دیکھنے والی ہے کہ انجیل میں سے عیسٰیؑ کی موت اور بعد کے حالات اور توریت میں موسٰیؑ کی موت کا حال درج ہے۔ تو کیا اب ان کتابوں کا نزول

[1] المائدہ : ۴۸

دونوں نبیوں کی وفات کے بعد تک ہوتا رہا؟ اس سے ثابت ہے کہ موجودہ کتب اصل کتب نہیں ہیں اور نہ اب ان کا میسر آنا ممکن ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۲ صفحہ ۲۵۰ مورخہ ۲۸ اگست ۱۹۰۳ء)

۱۶ اگست ۱۹۰۳ء

دربار شام

سوال۔ اگر ایسی خبر کوئی مشہور ہو کہ مرزا جی فوت ہو گئے ہیں تو کیا اس الہام کی بناء پر جو کہ حضور کو ۸۰ سال کے قریب عمر کے لئے ہوا ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ نہیں یہ خبر بالکل جھوٹی ہے؟

جواب۔ فرمایا کہ

ہاں تم کہہ سکتے ہو کیونکہ یہ الہام تو کتابوں اور اشتہاروں میں درج ہو چکا ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۲ صفحہ ۲۵۰ مورخہ ۲۸ اگست ۱۹۰۳ء)

۱۷ اگست ۱۹۰۳ء

سفر گورداسپور

سفر سے پہلے نمازوں کا جمع کرنا

آج ظہر اور عصر کی نمازیں جمع کر کے حضرت اقدس گورداسپور کے لئے روانہ ہوئے آپ کے ہمراہ صاحبزادہ میاں بشیر الدین محمود بھی تھے۔ سٹیشن[1] کے قریب جو سرائے تھی۔ اس میں حضور علیہ السلام نے نزول فرمایا۔ مغرب وعشاء کی نمازیں یہاں جمع کر کے پڑھی گئیں۔

وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ[2]

حضور علیہ السلام نماز ادا فرما رہے تھے اور آپ کی طبیعت ناساز تھی کہ نماز کے اندر

[1] بٹالہ کا اسٹیشن مراد ہے (مرتب)۔ [2] حٰمٓ السجدۃ : ۳۲

طبیعت میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ انگور ملیں تو وہ کھائے جائیں مگر چونکہ نزدیک و دُور اُن کا ملنا محال تھا اس لئے کیا ہو سکتا تھا کہ اس اثنا میں ایک صاحب جناب حکیم محمد حسین صاحب ساکن بلب گڑھ ضلع دہلی جو کہ حضرت اقدس کے مخلص خدام سے ہیں قادیان سے واپس ہو کر حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اُنہوں نے ایک ٹوکری انگوروں اور دوسرے ثمرات مثل انار وغیرہ کے حضرت کی خدمت میں پیش کی اور بیان کیا کہ مجھے علم نہ تھا کہ حضور بٹالہ تشریف لائے ہیں۔ میں قادیان چلا گیا۔ وہاں معلوم ہوا تو اسیوقت واپس ہوا اور یہ پھل حضور کے لئے ہیں۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۲ صفحہ ۲۵۰-۲۵۱ مورخہ ۲۸ اگست ۱۹۰۳ء)

---

۱۸ اگست ۱۹۰۳ء

فجر کو اُٹھ کر حضرت اقدس نے نماز با جماعت ادا کی۔ چونکہ سفر کی تکان تھی .... اس لئے آپ نے تھوڑی دیر آرام فرمایا اور پھر اُٹھ کر فرش پر جلوہ افروز ہوئے اور یہ رؤیا بیان کی۔

رؤیا

ایک خوان میرے آگے پیش ہوا ہے اس میں فالودہ معلوم ہوتا ہے اور کچھ فیرنی بھی رکابیوں میں ہے۔ میں نے کہا کہ چمچہ لاؤ تو کسی نے کہا کہ ہر ایک کھانا عمدہ نہیں ہوتا سوائے فرنی اور فالودہ کے۔

اس کے بعد آپ نے خدا کا کلام جو کہ آپ پر (نازل) ہوا سُنایا[۱]۔ (پھر) فرمایا کہ ہر ایک بات میں خدا تعالیٰ کا سلسلہ تسکین کا چلا آتا ہے جس سے ان لوگوں کا رد ہوتا ہے جو ان مقدموں پر اعتراض کرتے ہیں (یعنی[۲] اگر یہ مقدمات خدا تعالیٰ کی رضامندی کا موجب اور دین کی تائید کا باعث نہ ہوتے تو پھر خدا تعالیٰ ان کے متعلق بشارت کیوں دیتا)

---

[۱] و [۲] یہ ڈائری نویس کا نوٹ معلوم ہوتا ہے۔ واللہ اعلم (مرتب)

فرمایا کہ

بعض کوتاہ اندیش ہی اعتراض کرتے ہیں ورنہ ہم اگر مقدمہ باز ہوتے تو جس وقت ڈگلس صاحب نے کہا تھا کہ تم مقدمہ کرو تو ہم اس وقت کر دیتے۔ اور ایک تھیلا بھرا ہوا ہمارے پاس آیا جس میں گندی سے گندی گالیاں دی گئی ہیں۔ اگر ہم چاہتے تو اُن پر مقدمہ کرتے لیکن ہم نے محض اللہ صبر کیا ہوا ہے

فرمایا۔

وہ جو زمین آسمان کا مالک ہے جب وہ تسلّی دیوے تو انسان کس قدر تسلّی پاتا ہے

خدا کا کلام صیغہ واحد اور جمع میں

خدا تعالیٰ جب توحید کے رنگ میں بولے تو وہ بہت ہی پیار اور محبت کی بات ہوتی ہے اور واحد کا صیغہ محبت کے مقام پر بولا جاتا ہے۔ جمع کا صیغہ جلالی رنگ میں آتا ہے جہاں کسی کو سزا دینی ہوتی ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۲ صفحہ ۲۵۱ مورخہ ۲۸ راگست ۱۹۰۳ء)

بلا تاریخ[1]

بغیر نبی کے خدا کا کلام سمجھ نہیں آسکتا اور نہ اُس پر عملدرآمد ہو سکتا ہے،

بعض احباب آمدہ از لاہور نے عبد اللہ چکڑالوی صاحب کے خیالات اور اعتقادات کا ذکر

---

[1] ان ملفوظات کے شروع میں ایڈیٹر صاحب البدر نے یہ نوٹ دیا ہے کہ "گذشتہ اشاعت سے آگے سلسلہ کیلئے دیکھو اخبار ۳۲ جلد ۲ صفحہ ۱۔" ۳۲ میں ۱۸ تا ۱۸ راگست کی ڈائریاں چھپی ہیں مگر ان میں سے کسی ڈائری کے آخر میں "باقی آئندہ" کے الفاظ درج نہیں جس سے پتہ چلے کہ یہ ملفوظات فلاں ڈائری کے تسلسل میں ہیں۔ (مرتب)

کیا۔ اس پر حضور مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام حکم اور عدل نے فرمایا کہ

ہر ایک شئے کے لئے استاد کی ضرورت ہے ورنہ تم دیکھ لو جس قدر تصانیف ہر ایک فن اور علم کے متعلق موجود ہیں کیا مصنفین نے اپنی طرف سے کوئی بخل رکھا ہے۔ ہر ایک بات کی بڑی بڑی تفصیل کی ہے۔ اگر بخل کا ظن ہو سکتا ہے تو ایک پر ہوگا دو پر ہوگا نہ لاکھوں پر۔ مگر تاہم دیکھا گیا ہے کہ علم کا خاصہ ہی یہی ہے کہ بلا اُستاد کے نہیں آتا۔ اور نبی بھی ایک اُستاد ہوتا ہے جو کہ خدا کی کلام کو سمجھا کر اس پر عمل کرنے کا طریق بتلاتا ہے۔ دیکھو میں الہام بیان کرتا ہوں تو ساتھ ہی تفہیم بیان کر دیتا ہوں اور یہ عادت نہ انسانوں میں دیکھی جاتی ہے نہ خدا میں۔ کہ ایک علمی بات بیان کر کے پھر اسے عملدرآمد میں لانے کے واسطے نہ سمجھاوے۔ جو استاد کا محتاج نہیں ہے وہ ضرور ٹھوکر کھائے گا۔ جیسے طبیب بلا استاد کے طبابت کرے تو دھوکا کھاوے گا۔ ایسے ہی جو شخص بلا توسل آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اگر خود بخود قرآن سمجھتا ہے تو ضرور دھوکا کھائے گا

مفتری کا انجام

فرمایا۔

مفتری تھک جاتا ہے اور اس کا پول خود لوگوں پر ظاہر ہو جاتا ہے اور یا اُسے ذلت دامنگیر ہوتی ہے۔ کیونکہ روز بروز کیسے افترا کر سکتا ہے۔ افترا جیسی کچی شئے کوئی نہیں ہوتی حتیٰ کہ شیشہ بھی اتنا کچا نہیں ہوتا جس قدر افترا ہوتا ہے اور چونکہ مفتری کے بیان میں قوت جاذبہ نہیں ہوتی اس لئے اس کی بدبُو بہت جلد پھیل جاتی ہے۔

قتل انبیاء

ایک صاحب نے سوال کیا کہ توریت میں جھوٹے نبی کی یہ علامت لکھی ہے کہ وہ

قتل کیا جاوے اور ادھر ایسی عبارتیں بھی ہیں کہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض نبی قتل ہوئے تو پھر وہ علامت کیسے صحیح ہو سکتی ہے؟ فرمایا:۔

راستباز کی یہی نشانی ہے کہ جس مطلب کے لئے خدا نے اُسے پیدا کیا ہے جب تک وہ پورا نہ ہولے یا کم از کم اُس کے پورا ہونے کی ایسی بنیاد نہ ڈال دے کہ اُسے تنزل نہ ہو تب تک وہ نہ مرے۔ مگر ایک کذاب سے یہ بات کب ہو سکتی ہے۔ قتل سے مراد یہ ہے کہ اُس قتل میں ناکامی اور نامرادی ساتھ نہ ہو اور جب تک ایک انسان اپنا کام پورا کر چکے تو پھر خود مر جائے یا کسی کے ہاتھ سے مارا جاوے موت تو بہر حال آنی ہی ہے کسی صورت میں آگئی اس میں کیا حرج ہے اور کامیابی کی موت پر کسی کو بھی تعجب نہیں ہوا کرتا اور نہ دشمن کو خوشی ہوتی ہے۔ قرآن شریف کے صریح الفاظ سے یہ بات معلوم نہیں ہوتی کہ خدا تعالیٰ نے قتل نبی حرام کیا ہو بلکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت لکھا ہے اَفَاْئِن مَّاتَ اَوْ قُتِلَ[1] جس سے قتل انبیاء کا جواز معلوم ہوتا ہے۔ اب جنگوں کے بیچ میں ہزاروں افسر مارے جاتے ہیں لیکن اگر اُن کی موت کامیابی اور فتح اور نصرت کی ہو تو اس پر کوئی رنج نہیں کرتا بلکہ خوشی کرتے ہیں اور جو خدا کے اہل ہوتے ہیں ان کا قتل تو اُن کے لئے زندگی ہے کہ اپنے قائمقام ہزاروں چھوڑ جاتے ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد اس وقت ہوئی کہ زمانہ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ[2] کا مصداق تھا اور گئے اس وقت جبکہ اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ[3] کی سند آپ کو مل گئی۔ پس اگر آپ کو کامیابی نہ ہوتی لیکن آپ کسی کے ہاتھ سے قتل بھی نہ ہوئے تو اس سے کیا فائدہ تھا؟ اور یہ کونسا مقام فخر کا ہے۔ ہاں جب ایک شخص سلطنت قائم کرتا ہے اور اپنے قائمقام مظفر و منصور چھوڑتا ہے تو کیا پھر دشمن کی خوشی کا موجب ہو سکتا ہے؟ بڑی سے بڑی ذلت یہ ہے کہ ناکامی اور نامرادی کی موت آوے۔ پس اگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اس کامیابی کی حالت میں قتل کئے جاتے تو اس سے آپ کی شان میں کیا حرف آسکتا تھا؟ یہ بھی لکھتے ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو زہر دی گئی تھی

[1] آل عمران: ۱۴۵ [2] الروم: ۴۲ [3] النصر: ۲

آپ کی موت میں اس زہر کا بھی دخل تھا مگر ہم کہتے ہیں کہ جب آپ کی موت ایسی حالت میں ہوئی کہ کافر اس بات سے ناامید ہو گئے کہ ان کا دین پھر عود کرے گا تو ایسی حالت میں اگر آپ زہر یا قتل سے مرتے تو کونسی قابلِ اعتراض بات تھی؟ دین تو تباہ نہیں ہو سکتا تھا غرضکہ توریت میں جس قتل کا ذکر ہے تو اس سے نامرادی اور ناکامی کی موت مراد ہے۔ حضرت یحییٰؑ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام قریبی رشتہ دار تھے۔ یحییٰؑ کے قتل ہو جانے سے دین پر کوئی تباہی نہ آسکتی تھی۔ اگر یحییٰؑ قتل ہوئے تو پھر عیسیٰؑ اُن کی جگہ کھڑے ہو گئے۔ لیکن یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ یحییٰؑ کوئی صاحب شریعت نہ تھے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ وعدہ توریت کا صاحبِ شریعت کے لئے ہو۔ انگریزوں اور سکھوں کی لڑائیاں ہوتی رہیں۔ سکھ لوگ ان میں اکثر انگریزوں کو قتل کرتے رہے لیکن اب جس حالت میں کہ انگریز فاتح اور بادشاہ ہیں تو کیا سکھ یہ فخر کر سکتے ہیں کہ ہم نے اس قدر انگریزوں کو قتل کیا۔ یہ کوئی جگہ فخر کی نہیں ہے کیونکہ آخر میدان انگریزوں کے ہاتھ رہا۔ زندہ وہ ہوتا ہے جس کا سکّہ چلے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد اب کروڑہا مسلمان موجود ہیں اور ابوجہل کے بعد اس کا تابع کوئی نہیں بلکہ اس کی اولاد ہونے کا کوئی نام نہیں لیتا تو کیا اب ابوجہل کی طرف سے کوئی یہ بات کہہ سکتا ہے کہ ہم نے مسلمانوں کو فلاں جگہ شکست دی تھی یا کوئی بیوقوف اگر یہ کہے کہ ہوا کیا، آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بھی مر گئے اور ابوجہل بھی تو یہ اس کی غلطی ہے۔ مقابلہ تو کامیابی سے ہوتا ہے۔ ابوجہل کا نام ندارد اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا تو تخت موجود ہے۔

انبیاء کو خدا ذلیل نہیں کیا کرتا۔ انبیاء کی قوت ایمانی یہ ہے کہ خدا کی راہ میں جان دے دینا وہ اپنی سعادت جانیں۔ اگر کوئی موسیٰ علیہ السلام کے قصہ پر نظر ڈال کر اس سے یہ نتیجہ نکالے کہ وہ ڈرتے تھے تو یہ بالکل فضول امر ہے اور اس ڈر سے یہ مراد ہرگز نہیں۔ کہ ان کو جان کی فکر تھی بلکہ ان کو یہ خیال تھا کہ منصب رسالت کی بجا آوری میں کہیں اس کا اثر اچھا نہ پڑے۔

میرے نزدیک مومن وہی ہے کہ اگر اس نے خدا تعالیٰ کی راہ میں جان نہ دی ہو تو وہ رُوحانی طور پر ضرور جان دے کر شہید ہو چکا ہو۔ پس اگر موسیٰؑ کو جان کا ہی خوف تھا تو اس سے (اگر یہ افواہ سچ ہے کہ شہزادہ پیر مولوی عبداللطیف خاں صاحب سنگسار کرکے مارے گئے ہیں) عبداللطیف صاحب ہی اچھے رہے جنہوں نے ایمان نہ دیا اور جان دے دی۔ پس ہمارا تو یہی خیال ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو اس وقت یہ خیال ہوا کہ ایسا نہ ہو کہ میں ناگراو مارا جاؤں اور فرض رسالت ادا نہ ہو۔

اگر کسی بات میں شر ہو تو یہ عادت اللہ نہیں کہ وہ مجھے اطلاع نہ دے۔

آپ نے منتظمان باورچی خانہ کو تاکید کی کہ

آج کل موسم بھی خراب ہے اور جس قدر لوگ آئے ہوئے ہیں یہ سب مہمان ہیں اور مہمان کا اکرام کرنا چاہیئے۔ اس لئے کھانے وغیرہ کا انتظام عمدہ ہو۔ اگر کوئی دودھ مانگے دودھ دو۔ چائے مانگے چائے دو۔ کوئی بیمار ہو تو اس کے موافق الگ کھانا اسے پکا دو۔

(اس کے بعد[1] عدالت کا وقت قریب آگیا اور حضرت اقدس اور دیگر احباب کھانا وغیرہ تناول فرما کر عدالت کو روانہ ہوئے)

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۳ صفحہ ۲۵۷- ۲۵۸ مورخہ ۴ ستمبر ۱۹۰۳ء)

---

[1] یہ ملفوظات ۱۸ یا ۱۹ اگست ۱۹۰۳ء کے ہیں۔ ان دنوں حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام مقدمہ کے سلسلہ میں گورداسپور تشریف فرما تھے اور انہی ایام کی یہ ڈائری ہے۔ جیسا کہ اس فقرہ سے معلوم ہوتا ہے۔ (مرتب)

۲۰؍ اگست ۱۹۰۳ء

بوقت شام

فرمایا کہ

دشمنوں کی دشمنی یہ بھی ایک قبولیت ہوتی ہے اور منجانب اللہ نصیب ہوتی ہے۔

اکثر لوگوں کا خیال ہوتا ہے کہ رسول عالم الغیب ہوتے ہیں چنانچہ بعض تو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی نسبت یہ خیال رکھتے ہیں کہ ان کا دعویٰ عالم الغیب ہونے کا ہے۔ اس پر

آپ نے فرمایا کہ

یہ ان لوگوں کی غلطی ہے۔ عالم الغیب ہونا اور شئے ہے اور موید من اللہ ہونا اور شئے ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۳ صفحہ ۲۵۸ مورخہ ۴؍ ستمبر ۱۹۰۳ء)

۲۱؍ اگست ۱۹۰۳ء

وحی منقطع ہو گئی ہے یا برابر جاری ہے

ایک صاحب نے سوال کیا کہ انقطاع وحی کی نسبت جو حکم آچکا ہے تو پھر اب وحی کیوں ہوئی اور آجتک سوائے جناب کے اور کسی نے کیوں صاحب وحی ہونے کا دعویٰ نہ کیا؟

حضرت اقدس۔ اس بات کا کیا ثبوت ہے کہ آجتک کسی نے دعویٰ نہ کیا۔

سائل۔ جہانتک میری معلومات ہیں وہاں تک میں نے نہیں دیکھا۔

حضرت اقدس۔ آپ کی معلومات تو چند ایک کتابیں حدیث کی یا اور دوسری ہوں گی اس سے کیا پتہ لگتا ہے۔ اگر اس میں الف لام کی رعایت نہ کی جاوے تو پھر اس سے بہت سے فساد لازم آویں گے اور انسان ضلالت میں جا پڑے گا۔ یہ امر ضروری ہے کہ وحی شریعت اور وحی غیر شریعت میں فرق کیا جاوے بلکہ اس امتیاز میں تو جانوروں کو جو وحی ہوتی ہے

اس کو بھی مد نظر رکھا جاوے۔ بھلا آپ بتلاویں کہ قرآن شریف میں جو یہ لکھا ہے۔ و اوحیٰ ربک الی النحل[1]۔ تو اب آپ کے نزدیک شہد کی مکھی کی وحی ختم ہو چکی ہے یا جاری ہے؟

سائل۔ جاری ہے۔

حضرت اقدس۔ جب مکھی کی وحی اب تک منقطع نہیں ہوئی تو انسانوں پر جو وحی ہوتی ہے وہ کیسے منقطع ہو سکتی ہے۔ ہاں یہ فرق ہے کہ ال کی خصوصیت سے اس وحی شریعت کو الگ کیا جاوے ورنہ یوں تو ہمیشہ ایسے لوگ اسلام میں ہوتے رہے ہیں اور ہوتے رہیں گے جن پر وحی کا نزول ہو۔ حضرت مجدد الف ثانی اور شاہ ولی اللہ صاحب بھی اس وحی کے قائل ہیں اور اگر اس سے یہ مانا جاوے کہ ہر ایک قسم کی وحی منقطع ہو گئی ہے تو یہ لازم آتا ہے کہ امور مشہودہ اور محسوسہ سے انکار کیا جاوے۔ اب جیسے کہ ہمارا اپنا مشاہدہ ہے کہ خدا کی وحی نازل ہوتی ہے۔ پس اگر ایسے شہود اور احساس کے بعد کوئی حدیث اس کے مخالف ہو تو کہا جاوے گا کہ اس میں غلو ہے۔ خود غزنوی والوں نے ایک کتاب حال میں لکھی ہے۔ جس میں عبد اللہ غزنوی کے الہامات درج کئے ہیں۔

پھر جس حال میں یہ سلسلہ موسوی سلسلہ کے قدم بقدم ہے اور موسوی سلسلہ میں برابر جاری رہی تھی حتیٰ کہ عورتوں کو وحی ہوتی رہی تو کیا وجہ ہے کہ محمدی سلسلہ میں وہ بند ہو۔ کیا اس امت کے اخیار اُن عورتوں سے بھی گئے گذرے ہوئے؟

علاوہ اس کے اگر وحی نہ ہو تو پھر اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم[2] کے کیا معنے ہوں گے۔ کیا یہاں انعام سے مراد گوشت پلاؤ وغیرہ ہے یا خلعت نبوت اور مکالمہ الٰہی وغیرہ جو کہ انبیاء کو عطا ہوتا رہا۔ غرضکہ معرفت تمام انبیاء کو سوائے وحی کے حاصل نہیں ہو سکتی۔ جس غرض کے لئے انسان اسلام قبول

[1] النحل: ۶۹ [2] الفاتحہ: ۶-۷

کرتا ہے۔ اس کا مغز یہی ہے کہ اس کے اتباع سے وحی ملے۔

اور پھر اگر وحی منقطع ہوئی مانی بھی جاوے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی وحی منقطع ہوئی نہ اس کے اظلال اور آثار بھی منقطع ہوئے۔

بروز محمدی و عیسوی

سائل۔ بروز کسے کہتے ہیں؟

حضرت اقدس۔ جیسے شیشہ میں انسان کی شکل نظر آتی ہے حالانکہ وہ شکل بذات خود الگ قائم ہوتی ہے اس کا نام بروز ہے۔ اس کا بہتر سورۃ فاتحہ میں ہی ہے جیسے کہ لکھا ہے اھدنا الصراط المستقیم، صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین[1]۔ تمام مفسروں نے مغضوب سے مراد یہود اور ضالین سے مراد نصاریٰ لئے ہیں اور پھر یہ آیت ثم جعلناکم خلٰئف فی الارض من بعدھم لننظر کیف تعملون[2] پ ۱۱، اور آیت ویستخلفکم فی الارض فینظر کیف تعملون[3] پ ۹۔

یہ آیتیں بھی اس کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔ ایک ان میں سے اہلِ اسلام کی نسبت ہے اور ایک یہود کی نسبت۔ پس مقابلہ سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ میں ہر طرح کا انعام کروں گا اور پھر دیکھوں گا کہ کس طرح شکر کرتے ہو۔

اب دیکھنے والی بات یہ ہے کہ اہلِ یہود کو کونسی بڑی مصیبت تھی تو وہ دو بڑی مصیبتیں ہیں۔ ایک یہ کہ عیسیٰ علیہ السلام کا انکار کیا گیا اور ایک یہ کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا انکار کیا گیا۔ پس مماثلت کے لحاظ سے مسلمانوں کے لئے بھی وہی دو انکار لکھے تھے۔ مگر وہاں شمار میں الگ الگ دو وجود تھے اور یہاں نام الگ الگ ہیں مگر وہ وجود جس میں ان دونوں کا بروز ہو ایک ہی ہے۔ ایک بروز عیسوی اور ایک محمدی۔ اور صرف نام کے لحاظ سے اہلِ اسلام یہود کے بروز اس طرح سے قرار پائے کہ انہوں نے

[1] الفاتحہ: ۶، ۷ [2] یونس: ۱۵ [3] الاعراف: ۱۳۰

مسیح اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کر دیا اور وہ مماثلت پوری ہو گئی اور آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ اس امت میں بروزی طور پر وہی کرتوت یہودیوں والی پوری ہونی تھی اور یہ اس طرف اشارہ کرتی تھیں کہ آنے والا دو رنگ لے کر آوے گا۔ اسی لئے مہدی اور مسیح کے زمانہ کی علامات ایک ہی ہیں اور ان دونو کا فعل بھی ایک ہی۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۳ صفحہ ۲۵۸-۲۵۹ مورخہ ۴ستمبر ۱۹۰۳ء)

---

۲۲ راگست ۱۹۰۳ء

مومنوں کو چاہیئے کہ اشاعت فحش سے پرہیز کریں

عام طور پر یہ ایک مرض لوگوں میں دیکھی جاتی ہے کہ اگر کوئی شخص کسی مرد یا عورت کی نسبت یہ بیان کرے کہ وہ بدکار ہے یا اس کا دوسرے سے تعلق بدکاری کا ہے تو چونکہ نفس ایسے معلومات کی وسعت سے لذت پاتا ہے۔ اس لئے اس راوی کے بیان پر بلا تحقیق یہ خیال کر لیا جاتا ہے کہ یہ واقعہ بالکل سچا ہے اور اُسے شہرت دینے میں سعی کی جاتی ہے۔ اور اس طرح سے نیک مرد اور نیک عورتوں کی نسبت ناپاک خیال لوگوں کے دلوں میں متمکن ہو جاتے ہیں اور جن کی شہرت ہوتی ہے اُن کے دلوں پر اس سے کیا صدمہ گذرتا ہے اس کو ہر ایک محسوس نہیں کر سکتا۔ اسی لئے خدا تعالیٰ نے ایسی شہرت دینے والوں کے لئے اسّی دُرّے سزا مقرر فرمائی ہے۔

اس مضمون کے متعلق حضرت اقدس نے فرمایا کہ

خدا تعالیٰ نے اپنی پاک کلام میں شہرت دینے والوں کے لئے بشرطیکہ وہ اُسے ثابت نہ کر سکیں ۸۰ دُرّے سزا رکھی ہے اس لئے کہ جو شہرت دیتا ہے اسے اس مقدمہ میں مدعی گردانا گیا ہے اور اسی سے چار گواہ طلب کئے گئے ہیں کہ اگر وہ سچا ہے تو اپنے علاوہ چار گواہ رؤیت کے لاوے۔ یہ غلطی ہے کہ ایسے شخص کو بھی گواہوں میں شمار کیا جاوے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۳ صفحہ ۲۵۹ مورخہ ۴؍ستمبر ۱۹۰۳ء)

۲۴؍اگست ۱۹۰۳ء

رؤیا

حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک رؤیا بوقت عصر سُنایا۔ فرمایا کہ

میں نے دیکھا کہ ایک بلّی ہے اور گویا کہ ایک کبوتر ہمارے پاس ہے وہ اس پر حملہ کرتی ہے۔ بار بار ہٹانے سے باز نہیں آتی تو آخر میں نے اس کا ناک کاٹ دیا ہے اور خون بہہ رہا ہے۔ پھر بھی باز نہ آئی تو میں نے اسے گردن سے پکڑ کے اس کا منہ زمین سے رگڑنا شروع کیا۔ بار بار رگڑتا تھا لیکن پھر بھی سر اُٹھاتی جاتی تھی تو آخر میں نے کہا کہ آؤ اسے پھانسی دے دیں۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۴ صفحہ ۲۶۵ مورخہ ۱۱؍ستمبر ۱۹۰۳ء)

۳۱؍اگست ۱۹۰۳ء

مسلمانوں کے ادبار کا باعث

اہلِ اسلام کے ادبار اور اُن کے تنزل کا ذکر تھا۔ فرمایا کہ

اس کا باعث خود ان کی شامتِ اعمال ہے کیونکہ زمین پر کچھ نہیں ہوتا جبکہ اوّل آسمان پر نہ ہو لے۔ اکثر لوگ حکام کی سختی اور ظلم کی شکایت کیا کرتے ہیں۔ لیکن اگر یہ لوگ خود ظالم نہ ہوں تو خدا تعالیٰ ان پر کبھی ظالم حاکم مسلّط نہ کرے۔ زمانہ کی حالت کا اندازہ اسی سے کر لو کہ ہم ہزاروں روپے دینے کو تیار ہیں کہ کوئی جماعت آکر یہاں رہے۔ ہم ان کی مہمان نوازی کریں اور حتی الوسع ہر ایک قسم کا آرام دیویں اور وہ شرافت سے اپنے شکوک و شبہات پیش کریں اور قرآن اور احادیث صحیحہ سے ہماری باتیں سنیں اور پھر سمجھیں اور غور کریں کہ جو کچھ

عقیدہ اسلام کے متعلق انہوں نے اختیار کیا ہوا ہے اس سے کس قدر فساد اور ہتک اسلام کی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی لازم آتی ہے اور عیسائیوں کو کس قدر مدد ملتی ہے مگر ان لوگوں کو پروا نہیں ہے گھر بیٹھے ہی دو دو پیسہ کی کتابیں بنا کر جو کچھ جھوٹ اور افترا چاہتے ہیں لکھ دیتے ہیں جب مذہب کے بارے میں اس قدر بے پرواہی ہے تو کیوں ان پر ادبار نہ آوے۔

اللہ پر ایمان لانے کے معنے

ایک صاحب نے سوال کیا کہ قرآن شریف میں جو یہ لکھا ہے کہ خواہ کوئی یہودی ہو خواہ صابی ہو خواہ کوئی نصرانی ہو تو جو کوئی اللہ پر اور یوم آخر پر ایمان لاوے تو اسے حزن نہ ہوگا تو اس صورت میں اکثر ہندو لوگ بھی اس بات کے مستحق ہیں کہ وہ نجات پاویں کیونکہ وہ رسول اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اگرچہ عمل نہیں کرتے اور اُن کی تعظیم کرتے ہیں۔ فرمایا

اللہ پر ایمان لانے کے معنے آپ نے کیا سمجھے ہوئے ہیں۔ کیا اس کے یہ معنے ہیں کہ جو عیسیٰؑ پر ایمان لاوے وہ بھی اللہ پر ایمان لانے والا ہے؟ اللہ پر ایمان لانے کے یہ معنے ہیں کہ اسے ان تمام صفات سے موصوف مانا جاوے جن کا ذکر قرآن شریف میں ہے مثلاً رب۔ رحمٰن۔ رحیم۔ تمام محامد والا۔ رسولوں کو بھیجنے والا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو بھیجنے والا۔ اب آپ ہی بتلا دیں کہ قرآن شریف میں لفظ اللہ کے یہ معنے ہیں کہ نہیں؟ پھر جو شخص آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو نہیں مانتا۔ قرآن کو نہیں مانتا تو اس نے کیا اُس اللہ کو مانا جسے قرآن نے پیش کیا ہے۔ جیسے گلاب کے پھول سے خوشبو دُور کر دی جاوے تو پھر وہ گلاب کا پھول پھول نہیں رہتا اور اسے پھینک دیتے ہیں۔ پس اسی طرح اللہ کو ماننے والا وہی ہوگا جو اُسے اُن صفات کے ساتھ ماننے جو قرآن نے بیان کئے ہیں۔

سائل۔ لیکن بعض ہندو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اقرار کرتے ہیں اگرچہ برائے نام ہندو ہیں اور عمل بھی ہندوؤں والے۔ تو یہاں چونکہ لفظ ایمان کا ہے کہ جو ایمان لاوے تو پھر وہ مستحق ہیں کہ نہیں کہ ان پر خوف اور حزن نہ ہو۔

فرمایا کہ

اقرار اسی وقت صحیح ہو سکتا ہے جبکہ انسان اس پر عمل بھی کرے۔ اگر انسان نماز روزہ وغیرہ کا اقرار تو کرتا ہے مگر فعل ایک دن بھی بجا نہیں لاتا تو اس کا نام اقرار نہ ہوگا۔ اگر آپ کے ساتھ ایک شخص کئی اقرار کرے کہ میں یہ کروں گا وہ کروں گا لیکن عملی طور پر ایک بھی پورا نہ کرے تو کیا تم اس کے اقرار کو اقرار کہو گے؟

عذاب کی فلاسفی

سائل۔ چونکہ اس کا اقرار زبان سے تو ہے اس لئے عذاب میں تو ضرور رعائت چاہیئے۔

فرمایا:۔

ہمارا مذہب یہ ہے کہ دنیا میں جو عذاب ملتے ہیں وہ ہمیشہ شوخیوں اور شرارتوں سے ملتے ہیں۔ انبیاء اور مامورین کے جس قدر منکر گذرے ہیں ان پر عذاب اسی وقت نازل ہوا جبکہ ان کی شرارت اور شوخی حد سے تجاوز کر گئی۔ اگر وہ لوگ حد سے تجاوز نہ کرتے تو اصل گھر عذاب کا آخرت ہے۔ ورنہ اس طرح سے دیکھ لو کہ ہزاروں کافر ہیں جو کہ اپنا کاروبار کرتے ہیں اور پھر کفر پر ہی مرتے ہیں مگر دنیا میں کوئی عذاب ان کو نہیں ملتا۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ مامور من اللہ کے مقابلہ پر آکر شوخی اور شرارت میں حد سے نہیں بڑھتے۔ مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آخرت میں بھی ان کو عذاب نہ ہوگا۔ دنیاوی عذاب کے لئے ضروری ہے کہ انسان تکذیب رُسل، استہزاء اور ٹھٹھے میں اور ایذا میں حد سے بڑھے اور خدا کی نظر میں اُن کا فساد، فسق اور ظلم اور آزار نہایت درجہ پر پہنچ گیا ہو۔ اگر ایک کافر مسکین صورت رہے گا اور اس کو خوف دامنگیر ہوگا تو گو وہ اپنی مذہبی ضلالت کی وجہ سے جہنم کے لائق ہے مگر عذاب

دنیوی اس پر نازل نہ ہوگا۔

اگر کفار مکہ چُپ چاپ اور اخلاق سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے پیش آتے تو یہ عذاب اُن کو جو ملا ہرگز نہ ملتا۔ ایک جگہ خدا تعالےٰ فرماتا ہے فَفَسَقُوْا فِیْهَا فَحَقَّ عَلَیْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِیْرًا۔[1] (بنی اسرائیل آیت ۱۶) کہ جب کسی بستی کے ہلاک کرنے کا ارادہ الٰہی ہوتا ہے تو اس وقت ضرور وہاں کے لوگ بدکاریوں میں حد اعتدال سے نکل جاتے ہیں۔

پھر ایک اور جگہ ہے وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰىٓ اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ[2] (قصص آیت)

جس سے ثابت ہے کہ کوئی بستی نہیں ہلاک ہوتی مگر اس حالت میں کہ جب اس کے اہل ظلم پر کمربستہ ہوں۔ فسق کے معنے حد سے تجاوز کرنے کے ہیں۔

اب دیکھو ہزاروں ہندو ہیں مگر مانتے نہیں انکار کرتے ہیں۔ پھر کیا وجہ ہے کہ سب کو چھوڑ کر لیکھرام کے پیٹ میں چھری چلی؟ اس کی وجہ اس کی زبان تھی کہ جب اُس نے اُسے پیمانہ کھولا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو سب و شتم کرنے میں حد سے بڑھ گیا۔ اور ایک مدِمقابل بن کر خود نشان طلب کیا تو وہی اس کی زبان چھری بن کر اس کی جان کی دشمن ہوگئی غرضکہ اصل گھر عذاب کا آخرت ہے اور دنیا میں عذاب شوخی، شرارت میں حد سے تجاوز کرنے سے آتا ہے۔ ہندوؤں میں بھی یہ بات مشہور ہے کہ پرمیشر اور عَت کا بیر (دشمنی) ہے۔ عَت کے معنے حد درجہ تک ایک بات کو پہنچا دینا۔ (عَت کا لفظ عربی ہے جیسے قرآن شریف میں عتو ہے)۔

تفاوت وطبقات عذاب

میں اس بات کا قائل نہیں ہوں کہ عذاب یکساں سب کو ہو۔ کفر سب ایک جیسے نہیں ہوتے تو عذاب کیسے ایک جیسا سب کو ہو۔ بعض کافر ایسے ہیں کہ ایسے پہاڑوں میں رہتے ہیں کہ وہاں اب تک رسالت کی خبر نہیں۔ اسلام کی خبر نہیں تو ان کا کفر ابوجہل والا کفر تو نہ ہوگا جس حال میں ایک نہایت درجہ کا شریر اور مکذب باوجود علم کے پھر

[1] بنی اسرائیل: ۱۷ [2] القصص: ۶۰

انکار کرتا ہے تو اس کے عذاب اور دوسرے کے عذاب میں جو اس قدر شرارت نہیں کرتے ضرور فرق ہونا چاہیئے۔ لیکن ان طبقات عذاب کی کہ یہ کسقدر ہیں اور کس طرح سے ان کی تقسیم ہے اس کی ہمیں خبر نہیں اس کا علم خدا کو ہے۔ ہاں چونکہ خدا کی طرف ظلم منسوب نہیں ہوسکتا۔ اس لئے طبقات کا ہونا ضروری ہے۔

آئمہ دین کی کوششوں کی قدردانی

احادیث کی نسبت ذکر ہوا۔ اس پر حضرت اقدس علیہ السلام نے اپنا مذہب بتلایا جو کہ اکثر دفعہ شائع ہو چکا ہے کہ

سب سے مقدم قرآن ہے اس کے بعد سُنّت اس کے بعد حدیث۔

اور حدیث کی نسبت فرمایا کہ

ضعیف سے ضعیف حدیث بھی بشرطیکہ وہ قرآن کے معارض نہ ہو اس پر عمل کرنا چاہیئے کیونکہ جس حال میں وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کی جاتی ہے تو یہ ادب اور محبت کا تقاضا ہونا چاہیئے کہ اس پر عمل درآمد ہو اور ہمارا یہ مدعا ہرگز نہیں کہ آئمہ دین کی ان کوششوں کو جو محض دین کے لئے انہوں نے کیں ضائع کر دیویں۔ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ جس حال میں کوئی بات ان کی یا کوئی حدیث ہی باوجود تاویلات کے بھی قرآن شریف سے مطابقت نہ کھاوے تو پھر قرآن کو مقدم رکھ کر اسے ترک کر دیا جاوے کیونکہ جب ضدین جمع ہوں گی تو ایک کو تو ضرور ترک کرنا پڑے گا۔ اس صورت میں تم قرآن کو ترک مت کرو اور اس کے غیر کو ترک کر دو۔ مثلاً ایک مسئلہ وفات مسیح کا ہی ہے۔ جس حال میں قرآن شریف سے وفات ثابت ہے تو اب ہم اس دوسری حدیث کو جو اس کے مخالف ہو یا کسی کے قول کو کیوں مانیں؟ آیت فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیھم[1] میں دو باتیں خدا تعالیٰ نے بیان کی ہیں۔ ایک تو مسیح کی وفات دوسرے اس کے دنیا میں آنے کی

[1] المائدہ : ۱۱۸

نفی کی ہے کیونکہ اگر وہ قیامت سے پیشتر دنیا میں دوبارہ آچکا ہے تو اس کا کنت انت الرقیب علیھم کہنا غلط ہے۔ اس صورت میں یا تو مسیحؑ جھوٹے ہوں گے یا نعوذ باللہ جھوٹ کا الزام خدا تعالیٰ پر آوے گا تو ایسی صورت میں ہم قرآن کو مقدم رکھیں گے جس نے وفات کو بڑے بیّن طور پر ثابت کر دیا ہے۔

عورتوں کا جمعہ پڑھنا

ایک صاحب نے عورتوں پر جمعہ کی فرضیت کا سوال کیا۔ حضرت اقدس نے فرمایا کہ

اس میں تعامل کو دیکھ لیا جاوے اور جو امر سنت اور حدیث سے ثابت ہے اس سے زیادہ ہم اس کی تفسیر کیا کر سکتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو جب مستثنیٰ کر دیا ہے تو پھر یہ حکم صرف مردوں کے لئے ہی رہا۔

احتیاطی نماز

اہل اسلام میں سے بعض ایسے بھولے بھالے بھی ہیں کہ جمعہ کے دن ایک تو جمعہ کی نماز پڑھتے ہیں پھر اس کے بعد اس احتیاط سے کہ شاید جمعہ ادا نہ ہوا ہو۔ ظہر کی نماز بھی پوری ادا کرتے ہیں اس کا نام انہوں نے احتیاطی رکھا ہوا ہے۔ اس کے ذکر پر حضرت اقدس نے فرمایا کہ

یہ غلطی ہے اور اس طرح سے کوئی نماز بھی نہیں ہوتی کیونکہ نیّت میں اس امر کا یقین ہونا ضروری ہے کہ میں فلاں نماز ادا کرتا ہوں۔ اور جب نیّت میں شک ہوا تو پھر وہ نماز کیا ہوئی؟

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۴ صفحہ ۲۶۵-۲۶۶ مورخہ ۱۱ ستمبر ۱۹۰۳ء)

یکم ستمبر ۱۹۰۲ء

دربار شام

الہام

فرمایا کہ

آج خواب میں ایک فقرہ منہ سے یہ نکلا

فیر مین Fair man

خداشناسی کا ذریعہ

فرمایا کہ

خدا کی شناخت کے واسطے سوائے خدا کے کلام کے اور کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ ملاحظہ مخلوقات سے انسان کو یہ معرفت حاصل نہیں ہو سکتی۔ اس سے صرف ضرورت ثابت ہوتی ہے۔ پس ایک شئی کی نسبت ضرورت کا ثابت ہونا اور امر ہے اور واقعی طور پر اس کا موجود ہونا اور امر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکماء متقدمین سے جو لوگ محض قیاسی دلائل کے پابند رہے ہیں اور اُن کی نظر صرف مخلوقات پر رہی۔ انہوں نے اس میں بہت بڑی بڑی غلطیاں کی ہیں اور کامل یقین ان کو جو ہے کے مرتبہ تک پہنچاتا ہے نصیب نہ ہوا یہ صرف خدا کا کلام ہے جو یقین کے اعلیٰ مراتب تک پہنچاتا ہے۔ خدا کا کلام تو ایک طور سے خدا کا دیدار ہے اور یہ شعر اس پر خوب صادق آتا ہے۔ ؎

نہ تنہا عشق از دیدار خیزد بسا کیں دولت از گفتار خیزد

خدا تعالیٰ قادر ہے کہ جس شئے میں چاہے طاقت بھر دیوے۔ پس اپنے دیدار والی طاقت اس نے اپنی گفتار میں بھر دی ہے۔ انبیاء نے اسی گفتار پر ہی تو اپنی جانیں دے دی ہیں۔ کیا کوئی مجازی عاشق اس طرح کر سکتا ہے؟ اس گفتار کی وجہ سے کوئی

نبی اس میدان میں قدم رکھ کر پھر پیچھے نہیں ہٹتا اور نہ کوئی نبی کبھی بے وفا ہوا ہے جنگ اُحد[1] کے واقعہ کی نسبت لوگوں نے تاویلیں کی ہیں مگر اصل بات یہ ہے کہ خدا کی اس وقت جلالی تجلی تھی اور سوائے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کسی کو برداشت کی طاقت نہ تھی۔ اس لئے آپ وہاں ہی کھڑے رہے اور باقی اصحاب کا قدم اُکھڑ گیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں جیسے اس صدق و صفا کی نظیر نہیں ملتی جو آپ کو خدا سے تھا ایسا ہی ان الٰہی تائیدات کی نظیر بھی کہیں نہیں ملتی جو آپ کے شامل حال ہیں۔ مثلاً آپ کی بعثت اور رخصت کا وقت ہی دیکھ لو۔

مسیح کا آسمان پر جانا ایک بیفائدہ امر ہے

بار بار خیال آتا ہے کہ اگر مسیحؑ آسمان پر گئے تو کیوں گئے؟ یہ ایک بڑا تعجب خیز امر ہے۔ کیونکہ جب زمین پر اُن کی کارروائی دیکھی جاتی ہے تو بیساختہ اُن کا آسمان پر جانا اس شعر کا مصداق نظر آتا ہے ؎

تو کار زمیں را نکو ساختی
کہ با آسماں نیز پرداختی

گویا یہ شعر بالکل اس واقعہ کے لئے شاعر کے منہ سے نکلا ہے۔ کوئی پوچھے کہ انہوں نے آسمان پر جا کر آج تک کیا بنایا۔ اگر زمین پر رہتے تو لوگوں کو ہدایت ہی کرتے مگر اب دو ہزار برس تک جو اُن کو آسمان پر بٹھاتے ہیں تو اُن کی کارروائی کیا دکھلا سکتے ہیں۔ جو بات ہم کہتے ہیں اور جس کی تائید میں قرآن اور حدیث بھی ہمارے ساتھ ہے وہ اُن کی شانِ نبوت کے ساتھ خوب چسپاں ہوتی ہے کہ جب ان لوگوں نے حضرت مسیحؑ کو نہ مانا تو آپ دوسرے نبیوں کی طرح دوسرے ملک میں ہجرت کر کے چلے گئے۔

---

[1] حاشیہ۔ جنگ حنین کا واقعہ ہے۔ رپورٹر کی غلطی معلوم ہوتی ہے۔ (مرتب)

اور پھر ایسے فرضی اوصاف ان کے لئے وضع کرتے ہیں جن سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ہتک اور ہجو ہو۔ کیونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کفار نے سوال کیا۔ کہ آپ آسمان پر چڑھ کر بتلادیں تو آپ نے یہ معجزہ اُن کو نہ دکھلایا اور سبحان ربّی[1] کا جواب دیا گیا اور یہاں بلا درخواست کسی کافر کے خود خدا تعالے نے[2] مسیحؑ کو آسمان پر لے گیا تو گویا خدا تعالیٰ نے خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو کفار کی نظروں میں ہیٹا کرانا چاہا۔ کیا وہ خدا اَور تھا اور یہ اَور تھا؟

اگرچہ لوگ ہمیں ایسی باتوں سے کافر دجال وغیرہ کہتے ہیں مگر یہ ہمارا فخر ہے کیونکہ قرآن کی تائید اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی عظمت قائم کرنے کے لئے یہ خطابات ہمیں ملتے ہیں ؎

بعد از خدا بعشق محمد مخمّرم
گر کفر ایں بود بخدا سخت کافرم

دلوں پر خدا کی مُہر کا ہونا اور انسان سے جبراً ایک فعل کروانا یہ اصل میں آریوں کا مذہب ہے

آریہ لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ قرآن شریف میں لکھا ہے ختم اللّٰہ علیٰ قلوبہم[3] کہ خدا نے دلوں پر مُہر کردی ہے تو اس میں انسان کا کیا قصور؟ یہ ان لوگوں کی کوتاہ اندیشی ہے کہ کلام کے ماقبل اور مابعد پر نظر نہیں ڈالتے ورنہ قرآن شریف نے صاف طور پر بتلایا ہے کہ یہ مہر جو خدا تعالےٰ کی طرف سے لگتی ہے یہ دراصل انسانی افعال کا نتیجہ ہے کیونکہ جب ایک فعل انسان کی طرف سے صادر ہوتا ہے تو سُنّت اللہ یہی ہے کہ ایک فعل خدا تعالےٰ کی طرف سے بھی صادر ہو جیسے ایک شخص جب اپنے مکان کے دروازے بند کر دے

[1] بنی اسرائیل: ۹۴ [2] البقرۃ: ۸

تو یہ اس کا فعل ہے اور اس پر خدا تعالیٰ کا فعل یہ صادر ہو گا کہ اس مکان میں اندھیرا کر دے کیونکہ روشنی اندر آنے کے جو ذریعے تھے وہ اس نے خود اپنے لئے بند کر دیئے۔ اسی طرح اس مُہر کے اسباب کا ذکر خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں دوسری جگہ کیا ہے۔ جہاں لکھا ہے فلمّا زاغوا ازاغ اللہ قلوبھم[1] کہ جب انہوں نے کجی اختیار کی۔ تو خدا نے اُن کو کج کر دیا۔ اسی کا نام مُہر ہے لیکن ہمارا خدا ایسا نہیں کہ پھر اس مہر کو دُور نہ کر سکے چنانچہ اس نے اگر مُہر لگنے کے اسباب بیان کئے ہیں تو ساتھ ہی وہ اسباب بھی بتلا دیئے ہیں جن سے یہ مُہر اُٹھ جاتی ہے جیسے کہ یہ فرمایا ہے۔ اِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا[2]

لیکن کیا آریوں کا پرمیشر ایسا ہے کہ تناسخ کی رُو سے جو مُہر وہ ایک انسان پر لگاتا ہے پھر اُسے اُٹھا سکے؟ گناہ کا یہ نتیجہ ضرور ہوتا ہے کہ وہ دوسرے گناہ کی انسان کو جرأت دلاتا ہے اور اس سے قساوت قلبی پیدا ہوتی ہے حتیٰ کہ گناہ انسان کو مرغوب ہو جاتا ہے لیکن ہمارے خدا نے تو پھر بھی توبہ کے دروازے کھولے ہیں۔ اگر کوئی شخص نادم ہو کر خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرے تو وہ بھی رجوع کرتا ہے مگر آریوں کے لئے یہ کہاں نصیب؟ اُن کا پرمیشر جو مُہر لگاتا ہے اسے اُکھاڑنے پر تو وہ خود بھی قادر نہیں۔ پس اس میں مسئلہ تقدیر کا اعتراض آریوں پر ہے نہ کہ اہل اسلام پر۔

توبہ ایک موت ہے

ہاں توبہ کے یہ معنے نہیں ہیں کہ انسان زبان سے توبہ توبہ کہہ لیوے۔ بلکہ ایک شخص تائب اس وقت کہا جاتا ہے کہ گذشتہ حالت پر سچے دل سے نادم ہو کر آئندہ کے لئے وعدہ کرتا ہے کہ پھر یہ کام نہ کرے گا اور اپنے اندر تبدیلی کرتا ہے۔ اور جن شہوات عادات وغیرہ کا وہ عادی ہوتا ہے ان کو چھوڑتا ہے اور تمام یار دوست، گلی کوچے اُسے ترک کرنے پڑتے ہیں کہ جن کا معاصی کی حالت میں اس سے تعلق تھا۔ گویا

[1] الصف: ۶ [2] بنی اسرائیل: ۲۶

توبہ ایک موت ہے جو وہ اپنے اوپر وارد کرتا ہے۔ جب ایسی حالت میں وہ خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے۔ تو پھر خدا تعالیٰ بھی اس کی طرف رجوع کرتا ہے اور یہ اس لئے ہے کہ گناہ کے ارتکاب میں ایک حصہ قضاء و قدر کا ہے کہ بعض اندرونی اعضاء اور قویٰ کی ساخت اس قسم کی ہوتی ہے کہ انسان سے گناہ سرزد ہو۔ پس اس لئے ضروری تھا کہ ارتکاب معاصی میں جس قدر حصہ قضاء و قدر کا ہے اس میں خدا تعالیٰ رعایت دیوے۔ اور اس بندے کی توبہ قبول کرے اور اسی لئے اس کا نام تواب ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۴ صفحہ ۲۶۶ - ۲۶۷ مورخہ ۱۱ ستمبر ۱۹۰۳ء)

---

۱۳ ستمبر ۱۹۰۳ء

رؤیا اور الہام

فرمایا کہ

اسہال آنے سے میری طبیعت میں کچھ کمزوری پیدا ہو گئی۔ ایک تھوڑی سی غنودگی میں کیا دیکھتا ہوں کہ میرے دونو طرف دو آدمی پستولیں لئے کھڑے ہیں۔ اس اثناء میں مجھے الہام ہوا

فی حفاظۃ اللہ

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۵ صفحہ ۲۸۰ مورخہ ۱۸ ستمبر ۱۹۰۳ء)

بلا تاریخ[1]

ایک دن بوقت ظہر فرمایا کہ

ہیضہ کے لئے ہم تو نہ کوئی دوا بتلاتے ہیں نہ نسخہ۔ صرف یہ بتلاتے ہیں کہ راتوں

---

[1] یہ ڈائری ۱۴ تا ۱۸ ستمبر ۱۹۰۳ء میں سے کسی دن کی ہے (مرتب)

کو اُٹھ کر دُعا کریں اور اسم اعظم رَبِّ کُلُّ شَيْءٍ خَادِمُكَ رَبِّ فَاحْفَظْنِي وَانْصُرْنِي وَارْحَمْنِي کی تکرار نماز کے رکوع سجود وغیرہ میں اور دوسرے وقتوں میں کریں۔ یہ خدا نے اسم اعظم بتلایا ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۵ صفحہ ۲۸۰ مورخہ ۱۸ ستمبر ۱۹۰۳ء)

---

۹ ستمبر ۱۹۰۳ء

وبائی امراض سے حفاظت

فرمایا۔

مجھے الہام ہوا۔

سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ

پھر چونکہ بیماری وبائی کا بھی خیال تھا۔ اس کا علاج خدا تعالیٰ نے یہ بتلایا کہ اس کے ناموں کا ورد کیا جاوے۔

یا حفیظ - یا عزیز - یا رفیق

رفیق خدا تعالیٰ کا نیا نام ہے جو کہ اس سے پیشتر اسماء باری تعالیٰ میں کبھی نہیں آیا۔[1]

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۵ صفحہ ۲۸۰ مورخہ ۱۸ ستمبر ۱۹۰۳ء)

---

۱۴ ستمبر ۱۹۰۳ء

تصویر

ایک احمدی صاحب نے سوال کیا کہ گاؤں کے لوگ اس لئے تنگ کرتے ہیں کہ آپ نے

---

[1] الحکم میں ہے۔ ”اللہ تعالیٰ کے اسم رفیق کے استعمال کا یہ جدید اسلوب ہے۔“

(الحکم جلد ۷ نمبر ۳۶ صفحہ ۱۵ مورخہ ۳۰ ستمبر ۱۹۰۳ء)

تصویر کھنچوائی ہے اس کا ہم اُن کو کیا جواب دیویں ؟

فرمایا کہ

انسان جب دنیاوی ضرورتوں کے لئے ہر وقت پیسہ روپیہ وغیرہ جیب میں رکھتا ہے جن پر تصویر وغیرہ بنی ہوئی ہوتی ہے تو پھر دینی ضرورت کے لئے تصویر کا استعمال کیوں روا نہیں ہو سکتا۔ ان لوگوں کی مثال لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ[1] کی ہے کہ خود تو ایک فعل کرتے ہیں اور دوسروں کو اسے معیوب بتلاتے ہیں۔ اگر ان لوگوں کے نزدیک تصویر حرام ہے تو اُن کو چاہیئے کہ کُل مال و زر باہر نکال کر پھینک دیں اور پھر ہم پر اعتراض کریں اور یہ مُلّاں لوگ جو بڑھ بڑھ کر باتیں بناتے ہیں اُن کی یہ حالت ہے کہ ایک پیسہ کو تو وہ ہاتھ سے چھوڑ نہیں سکتے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۶ صفحہ ۲۸۱ مورخہ ۲۵ ستمبر ۱۹۰۳ء)

---

۱۷ ستمبر ۱۹۰۳ء

کشش کی ضرورت

بعض احباب کی طرف سے یہ درخواست ہوئی کہ آریوں کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے کہ یہ بہت بڑھتے جاتے ہیں۔ فرمایا کہ

انہوں نے کیا ترقی کرنی ہے۔ وہ مذہب ترقی کرتا ہے جس میں کچھ روحانیت ہوتی ہے۔ نہ ان میں روحانیت ہے اور نہ وہ کشش مقناطیسی ہے جس سے ایک قوم ترقی کر سکتی ہے۔ وہ ایک خاص کشش ہوتی ہے جو کہ انبیاء علیہم السلام کو دی جاتی ہے اور تمام پاکیزہ دلوں کو وہ محسوس ہوتی ہے۔ اور جو اس سے متاثر ہوتے ہیں وہ ایک فوق العادت زندگی کا نمونہ دکھلاتے ہیں اور ہیروں کے ٹکڑوں کی طرح اس کشش کی چمک نظر آتی ہے۔ اور جس کو وہ کشش عطا ہوتی ہے وہ الٰہی طاقتوں کا سرچشمہ ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ کی نادر

[1] الصف : ۳

اور مخفی قسدرتیں جو عام طور پر ظاہر نہیں ہوتیں، ایسے شخص کے ذریعہ ظاہر ہوتی ہیں اور اور اسی کشش سے اُن کو کامیابی ہوتی ہے۔ دنیا میں جس قدر انبیاء آئے ہیں کیا وہ دُنیا کے سارے مکر و فریب اور فلسفے سے پُورے واقف ہو کر آتے ہیں جس سے وہ مخلوق پر غالب ہوتے ہیں؟ ہرگز نہیں بلکہ اُن میں ایک کشش ہوتی ہے جس سے لوگ ان کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں اور جب دعا کی جاتی ہے وہ کشش کے ذریعہ سے زہریلے مادہ پر جو لوگوں کے اندر ہوتا ہے اثر کرتی ہے۔ اور اس روحانی مریض کو تسلی اور تسکین بخشتی ہے۔ یہ ایک ایسی بات ہے جو کہ بیان میں ہی نہیں آسکتی اور اصل مغز شریعت کا یہی ہے کہ وہ کشش طبیعت میں پیدا ہو جاوے۔ سچا تقویٰ اور استقامت بغیر اس صاحب کشش کی موجودگی کے پیدا نہیں ہو سکتے اور نہ اس کے سوا قوم بنتی ہے۔ یہی کشش ہے جو کہ دلوں میں قبولیت ڈالتی ہے۔ اس کے بغیر ایک غلام اور نوکر بھی اپنے آقا کی خاطر خواہ فرماں برداری نہیں کر سکتا اور اسی کے نہ ہونے کی وجہ سے نوکر اور غلام جن پر بڑے انعام و اکرام کئے گئے ہوں آخر کار نمک حرام نکل آتے ہیں۔ بادشاہوں کی ایک تعداد کثیر ایسے غلاموں کے ہاتھوں سے ذبح ہوتی رہی۔ لیکن کیا کوئی ایسی نظیر انبیاء میں دکھلا سکتا ہے کہ کوئی نبی اپنے کسی غلام یا مرید سے قتل ہوا ہے؟ مال اور زر یا اور کوئی ذریعہ دل کو اس طرح سے قابو نہیں کر سکتا جس طرح سے یہ کشش قابو کرتی ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس وہ کیا بات تھی کہ جس کے ہونے سے صحابہؓ نے اس قدر صدق دکھایا اور انہوں نے نہ صرف بُت پرستی اور مخلوق پرستی ہی سے مُنہ موڑا بلکہ درحقیقت اُن کے اندر سے دنیا کی طلب ہی مسلوب ہو گئی اور وہ خدا کو دیکھنے لگ گئے وہ نہایت سرگرمی سے خدا تعالےٰ کی راہ میں ایسے فدا تھے کہ گویا ہر ایک ان میں سے ابراہیم تھا۔ انہوں نے کامل اخلاص سے خدا تعالےٰ کا جلال ظاہر کرنے کے لئے وہ کام کئے جس کی نظیر بعد اس کے کبھی پیدا نہیں ہوئی اور خوشی سے دین کی راہ میں ذبح ہونا قبول کیا بلکہ بعض صحابہؓ نے جو کہ لخت

شہادت نہ پائی تو اُن کو خیال گذرا کہ شاید ہمارے صدق میں کچھ کسر ہے جیسے کہ اس آیت میں اشارہ ہے منهم من قضى نحبه ومنهم من ينتظر[1] یعنی بعض تو شہید ہو چکے تھے اور بعض منتظر تھے کہ کب شہادت نصیب ہو۔ اب دیکھنا چاہیئے کہ کیا ان لوگوں کو دوسروں کی طرح حوائج نہ تھے اور اولاد کی محبت اور دوسرے تعلقات نہ تھے؟ مگر اس کشش نے ان کو ایسا مستانہ بنا دیا تھا کہ دین کو ہر ایک شئے پر مقدم کیا ہوا تھا۔

اَلَّا یَکُوْنُوْا مُؤْمِنِیْنَ[2] کی تفسیر میں ایک نے لکھا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو خیال پیدا ہوا ہوگا کہ مجھ میں شاید وہ کابل کشش نہیں ہے ورنہ ابوجہل راہِ راست پر آ جاتا۔ پھر وہ خود ہی اس کا جواب دیتا ہے کہ آپ میں کشش تو کابل تھی لیکن بعض فطرتیں ہی ایسی ہو جاتی ہیں کہ وہ اس قابل نہیں رہتیں کہ نور کو قبول کریں اس لئے ایسے لوگوں کا محروم رہنا ہی اچھا ہوتا ہے۔

دنیا اور مافیہا پر دین کو مقدم کر لینا بغیر کشش الٰہی کے پیدا نہیں ہو سکتا۔ جن لوگوں میں یہ کشش نہیں ہوتی وہ ذرا سے ابتلا سے تبدیل مذہب کر لیتے ہیں اور حکومت کے دباؤ سے فوراً ہاں میں ہاں ملانے لگ جاتے ہیں۔ مسیلمہ کذاب کے ساتھ ایک لاکھ تک ہو گئے تھے مگر چونکہ اس میں وہ کشش نہ تھی اس لئے آخر کار سب کے سب فنا ہو گئے۔

غرضکہ کسی کے منجانب اللہ ہونے کی دلیل یہی ہے کہ اس کو کشش دی جاوے، اور یہی بڑا معجزہ ہے جو کہ لکھوکھا انسانوں کو اس کا گرویدہ اور جاں نثار بنا دیتی ہے۔ کسی ایک کو اپنا گرویدہ کرنا محال ہوتا ہے کوئی کر کے دیکھے تو حال معلوم ہو۔ سینکڑوں روپے خرچ ہو جاتے ہیں مگر آخر کار دلشکنی ہی ہوتی ہے چہ جائیکہ ایک عالم کو اپنا گرویدہ کر لیا جاوے یہ بغیر اس کشش کے حاصل نہیں ہوتا جو خدا سے عطا ہو۔ بادشاہوں کے رعب اور دھمکیاں اور ایک دنیا بھر کا اس کے مقابلہ پر آ جانا یہ سب اس کشش کے گرویدوں کو تذبذب میں نہیں پڑنے دیتیں۔

[1] الاحزاب: ۲۴ [2] الشعراء: ۴

ابھی تک ان آریوں کو پتہ ہی نہیں ہے کہ سچا تقویٰ کیا شئے ہے۔ یہ اس وقت پتہ لگتا ہے کہ جب اوّل وہ اپنی بیماری کو سمجھیں۔ جب تک ایک انسان اپنے آپ کو بیمار نہیں خیال کرتا تو وہ علاج کیا کراوے گا۔ تزکیہ نفس ایک ایسی شئے ہے کہ خود بخود نہیں ہو سکتا اس لئے خدا تعالےٰ فرماتا ہے فلا تزکوا انفسکم ھو اعلم بمن اتقٰی[1]۔ کہ تم یہ خیال نہ کرو کہ ہم اپنے نفس یا عقل کے ذریعہ سے خود بخود مزکی بن جاویں گے۔ یہ بات غلط ہے وہ خوب جانتا ہے کہ کون متقی ہے۔ جہالت ایک ایسی زہر ہے کہ جیسے انسان چنگا بھلا پھرتا ہوا فوراً ہیضہ وغیرہ سے ہلاک ہو جاتا ہے اور اس سے پیشتر گمان بھی نہیں ہوتا کہ میں مَر جاؤں گا، ایسے ہی جہالت ہلاک کر دیتی ہے اس کا علاج بلا انبیاء علیہم السلام کے نہیں ہو سکتا۔ اُن کی صحبت میں رہنے سے انسان کے اندر وہ قوت پیدا ہوتی ہے کہ جس سے اُسے اپنے مرض کا پتہ لگتا ہے۔ ورنہ خشک لفاظی اور چرب زبانی سے انسان کو یہ بات حاصل نہیں ہو سکتی۔ صرف یہ کہنا کہ ہم نے زنا نہیں کیا۔ چوری نہیں کی۔ اس سے تزکیہ نفس نہیں پایا جاتا اور نہ اس کا نام سچی پاکیزگی ہے۔ یہ ایک ایسی شئے ہے کہ اس پر عمل کرنا تو درکنار سمجھنا ہی مشکل ہے۔ جسے خدا تعالےٰ چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔ یہ تو ایک قسم کی موت ہے جو انسان کو اپنے نفس پر وارد کرنی پڑتی ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۶ صفحہ ۲۸۲ مورخہ ۲۵ ستمبر ۱۹۰۳ء)

---

۲۴ ستمبر ۱۹۰۳ء

(بوقت صبح بمقام گورداسپور)

رؤیا

میں نے ایک قلم لکھنے کے واسطے اُٹھائی ہے۔ دیکھنے سے معلوم ہوا کہ اس کی ایک زبان ٹوٹی ہوئی ہے تو میں نے کہا کہ محمد افضل نے جو پر (نب) بھیجے ہیں ان میں سے ایک

[1] النجم : ۳۳

لگا دو۔ وہ پُر تلاش کئے جا رہے ہیں کہ اس اثناء میں میری آنکھ کھُل گئی۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۷ صفحہ ۲۹۱ مؤرخہ ۲ ؍اکتوبر ۱۹۰۳ء)

مفتی فضل الرحمٰن صاحب احمدی قادیانی نے ذیل کے ملفوظات حضرت امام الزمان علیہ السلام مجھے پہنچائے ہیں۔

۲۲ ستمبر ۱۹۰۳ء کو علی الصبح جب مفتی صاحب موصوف نے حضرت حکیم مولوی نورالدین صاحب کے اس فرزند ارجمند کی ولادت کی خبر حضرت امام الزمان علیہ السلام کو گورداسپور جاکر پہنچائی تو آپ نے فرمایا۔

مجھے بہت خوشی ہوئی ہے کیونکہ اس سے پیشتر مولوی صاحب کو اولاد کا بہت صدمہ پہنچا ہوا ہے۔ میرا جی چاہتا ہے کہ اس کا نام عبدالقیوم رکھا جائے۔

پھر فرمایا کہ

میرا تو یہی جی چاہتا ہے کہ میری جماعت کے لوگ کثرت ازدواج کریں اور کثرت اولاد سے جماعت کو بڑھاویں مگر شرط یہ ہے کہ پہلی بیویوں کے ساتھ دوسری بیوی کی نسبت زیادہ اچھا سلوک کریں تاکہ اسے تکلیف نہ ہو۔ دوسری بیوی پہلی بیوی کو اسی لئے ناگوار معلوم ہوتی ہے کہ وہ خیال کرتی ہے کہ میری غورو پرداخت اور حقوق میں کمی کی جاویگی۔ مگر میری جماعت کو اس طرح نہ کرنا چاہیئے۔ اگرچہ عورتیں اس بات سے ناراض ہوتی ہیں مگر میں تو یہی تعلیم دوں گا۔ ہاں یہ شرط ساتھ رہے گی کہ پہلی بیوی کی غور و پرداخت اور اس کے حقوق دوسری کی نسبت زیادہ توجہ اور غور سے ادا ہوں اور دوسری سے اُسے زیادہ خوش رکھا جاوے۔ ورنہ یہ نہ ہو کہ بجائے ثواب کے عذاب ہو۔ عیسائیوں کو بھی اس امر کی ضرورت پیش آئی ہے اور بعض دفعہ پہلی بیوی کو زہر دے کر دوسری کی تلاش سے اس کا ثبوت دیا ہے۔ یہ تقویٰ کی عجیب راہ ہے مگر بشرطیکہ انصاف ہو۔ اور پہلی کی

نگہداشت میں کمی نہ ہو۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۷ صفحہ ۱۱ مورخہ ۱۶ر فروری ۱۹۰۴ء)

۲۴ر ستمبر ۱۹۰۳ء

آپ نے ایک ذکر پر فرمایا کہ

کوئی دنیا کا کاروبار چھوڑ کر ہمارے پاس بیٹھے تو ایک دریا پیشگوئیوں کا بہتا ہوا دیکھے جیسے کہ کل قلم والی پیشگوئی پوری ہوئی۔

روحانیت اور پاکیزگی کے بغیر کوئی مذہب چل نہیں سکتا۔ قرآن شریف نے بتلایا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پیشتر دنیا کی کیا حالت تھی۔ یاکلون کما تاکل الانعام[1]۔ پھر جب انہی لوگوں نے اسلام قبول کیا تو فرماتا ہے۔ یبیتون لربھم سجدًا وقیامًا[2]۔ جب تک آسمان سے تریاق نہ ملے تو دل درست نہیں رہتا۔ انسان آگے قدم رکھتا ہے مگر وہ پیچھے پڑتا ہے۔ قدسی صفات اور فطرت والا انسان ہو تو وہ مذہب چل سکتا ہے اس کے بغیر کوئی مذہب ترقی نہیں کر سکتا اور کرتا بھی ہے تو پھر قائم نہیں رہ سکتا۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۷ صفحہ ۲۹۰ مورخہ ۲ر اکتوبر ۱۹۰۳ء)

۲۹ر ستمبر ۱۹۰۳ء

دربار شام

بیعت لینے کے بعد حضرت حجۃ اللہ مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مندرجہ ذیل تقریر فرمائی

ہر ایک شخص جو میرے ہاتھ پر بیعت کرتا ہے اس کو سمجھ لینا چاہیئے کہ اس کی بیعت کی کیا غرض ہے؟ کیا وہ دنیا کے لئے بیعت کرتا ہے یا اللہ تعالےٰ کی رضا کے لئے۔ بہت سے ایسے بدقسمت انسان ہوتے ہیں کہ اُن کی بیعت کی غائت اور مقصود صرف دنیا ہوتی ہے ورنہ

[1] محمد: ۱۳ [2] الفرقان: ۶۵

بیعت سے اُن کے اندر کوئی تبدیلی پیدا نہیں ہوتی اور وہ حقیقی یقین اور معرفت کا نور جو حقیقی بیعت کے نتائج اور ثمرات ہیں ان میں پیدا نہیں ہوتے۔ ان کے اعمال میں کوئی خوبی اور صفائی نہیں آتی نیکیوں میں ترقی نہیں کرتے۔ گناہوں سے بچتے نہیں۔ ایسے لوگوں کو جو دنیا کو ہی اپنا اصل مقصود ٹھہراتے ہیں یاد رکھنا چاہیئے کہ

دُنیا روزے چند آخر کار با خداوند

یہ چند روزہ دنیا تو ہر حال میں گذر جاوے گی خواہ تنگی میں گذرے خواہ فراخی میں۔ مگر آخرت کا معاملہ بڑا سخت معاملہ ہے وہ ہمیشہ کا مقام ہے اور اس کا انقطاع نہیں ہے۔ پس اگر اس مقام میں وہ اسی حالت میں گیا کہ خدا تعالیٰ سے اس نے صفائی کر لی تھی اور اللہ تعالےٰ کا خوف اس کے دل پر مستولی تھا اور وہ معصیت سے توبہ کر کے ہر ایک گناہ سے جس کو اللہ تعالیٰ نے گناہ کر کے پکارا ہے بچتا رہا تو خدا تعالےٰ کا فضل اس کی دستگیری کرے گا اور وہ اس مقام پر ہوگا کہ خدا اس سے راضی ہوگا اور وہ اپنے رب سے راضی ہوگا۔ اور اگر ایسا نہیں کیا بلکہ لاپرواہی کے ساتھ اپنی زندگی بسر کی ہے تو پھر اس کا انجام خطرناک ہے اس لئے بیعت کرتے وقت یہ فیصلہ کر لینا چاہیئے کہ بیعت کی کیا غرض ہے اور اس سے کیا فائدہ حاصل ہوگا۔ اگر محض دنیا کی خاطر ہے تو بے فائدہ ہے لیکن اگر دین کے لئے اور اللہ تعالےٰ کی رضا کے لئے ہے تو ایسی بیعت مبارک اور اپنی اصل غرض اور مقصد کو ساتھ رکھنے والی ہے جس سے ان فوائد اور منافع کی پوری امید کی جاتی ہے جو سچی بیعت سے حاصل ہوتے ہیں۔ ایسی بیعت سے انسان کو دو بڑے فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ وہ اپنے گناہوں سے توبہ کرتا ہے اور حقیقی توبہ انسان کو خدا تعالےٰ کا محبوب بنا دیتی ہے اور اس سے پاکیزگی اور طہارت کی توفیق ملتی ہے جیسے اللہ تعالےٰ کا وعدہ ہے اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَہِّرِیْنَ[1] یعنی اللہ تعالےٰ توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور نیز ان لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو گناہوں کی کشش سے پاک

[1] البقرۃ: ۲۲۳

ہونے والے ہیں۔ توبہ حقیقت میں ایک ایسی شئے ہے کہ جب وہ اپنے حقیقی لوازمات کے ساتھ کی جاوے تو اس کے ساتھ ہی انسان کے اندر ایک پاکیزگی کا بیج بویا جاتا ہے جو اس کو نیکیوں کا وارث بنا دیتا ہے۔ یہی باعث ہے جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی فرمایا ہے کہ گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسا ہوتا ہے کہ گویا اس نے کوئی گناہ نہیں کیا۔ یعنی توبہ سے پہلے کے گناہ اس کے معاف ہو جاتے ہیں۔ اس وقت سے پہلے جو کچھ بھی اس کے حالات تھے اور جو بیجا حرکات اور بے اعتدالیاں اس کے چال چلن میں پائی جاتی تھیں اللہ تعالےٰ اپنے فضل سے اُن کو معاف کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک عہد صُلح باندھا جاتا ہے اور نیا حساب شروع ہوتا ہے۔ پس اگر اس نے خدا تعالیٰ کے حضور سچے دل سے توبہ کی ہے تو اسے چاہیئے کہ اب اپنے گناہوں کا نیا حساب نہ ڈالے اور پھر اپنے آپ کو گناہ کی ناپاکی سے آلودہ نہ کرے بلکہ ہمیشہ استغفار اور دعاؤں کے ساتھ اپنی طہارت اور صفائی کی طرف متوجہ رہے اور خدا تعالےٰ کو راضی اور خوش کرنے کی فکر میں لگا رہے اور اپنی اس زندگی کے حالات پر نادم اور شرمسار رہے جو توبہ کے زمانہ سے پہلے گذری ہے۔

انسان کی عمر کے کئی حصے ہوتے ہیں اور ہر ایک حصہ میں کئی قسم کے گناہ ہوتے ہیں مثلاً ایک حصہ جوانی کا ہوتا ہے جس میں اس کے حسب حال جذبات کسل و غفلت ہوتی ہے۔ پھر دوسری عمر کا ایک حصہ ہوتا ہے۔ جس میں دغا۔ فریب۔ ریاکاری اور مختلف قسم کے گناہ ہوتے ہیں۔ غرض عمر کا ہر ایک حصہ اپنی طرز کے گناہ رکھتا ہے۔

پس یہ خدا تعالےٰ کا فضل ہے کہ اس نے توبہ کا دروازہ کھُلا رکھا ہے اور وہ توبہ کرنے والے کے گناہ بخش دیتا ہے اور توبہ کے ذریعہ انسان پھر اپنے رب سے صلح کر سکتا ہے۔ دیکھو انسان پر جب کوئی جُرم ثابت ہو جائے تو وہ قابلِ سزا ٹھہر جاتا ہے جیسے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ مَن یَّاتِ رَبَّهٗ مُجۡرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ۔[1] الآیۃ یعنی جو اپنے رب کے حضور مجرم

[1] طٰہٰ : ۷۵

ہو کر آتا ہے اس کی سزا جہنم ہے وہاں وہ نہ جیتا ہے نہ مرتا ہے۔ یہ ایک جُرم کی سزا ہے اور جو ہزاروں لاکھوں جرموں کا مرتکب ہو اس کا کیا حال ہوگا۔ لیکن اگر کوئی شخص عدالت میں پیش ہو اور بعد ثبوت اس پر فرد قرار داد جرم بھی لگ جاوے اور اس کے بعد عدالت اس کو چھوڑ دے تو کس قدر احسان عظیم اس حاکم کا ہوگا۔ اب غور کرو کہ یہ توبہ وہی بریت ہے جو فرد قرار داد جُرم کے بعد حاصل ہوتی ہے۔ توبہ کرنے کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ پہلے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔

اس لئے انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنے گریبان میں مُنہ ڈال کر دیکھے کہ کس قدر گناہوں میں وہ مبتلا تھا اور اُن کی سزا کس قدر اس کو ملنے والی تھی جو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے معاف کر دی۔ پس تم نے جو اب توبہ کی ہے چاہیئے کہ تم اس توبہ کی حقیقت سے واقف ہو کر ان تمام گناہوں سے بچو جن میں تم مبتلا تھے اور جن سے بچنے کا تم نے اقرار کیا ہے۔ ہر ایک گناہ خواہ وہ زبان کا ہو یا آنکھ یا کان کا۔ غرض ہر اعضاء کے الگ الگ گناہ ہیں۔ اُن سے بچتے رہو۔ کیونکہ گناہ ایک زہر ہے جو انسان کو ہلاک کر دیتا ہے۔ گناہ کی زہر وقتاً فوقتاً جمع ہوتی رہتی ہے اور آخر اس مقدار اور حد تک پہنچ جاتی ہے جہاں انسان ہلاک ہو جاتا ہے۔ پس بیعت کا پہلا فائدہ تو یہ ہے کہ یہ گناہ کے زہر کے لئے تریاق ہے۔ اس کے اثر سے محفوظ رکھتی ہے اور گناہوں پر ایک خط نسخ پھیر دیتی ہے۔

دوسرا فائدہ اس توبہ سے یہ ہے کہ اس توبہ میں ایک قوت و استحکام ہوتا ہے جو مامور من اللہ کے ہاتھ پر سچے دل سے کی جاتی ہے۔ انسان جب خود توبہ کرتا ہے تو وہ اکثر ٹوٹ جاتی ہے۔ بار بار توبہ کرتا اور بار بار توڑتا ہے۔ مگر مامور من اللہ کے ہاتھ پر جو توبہ کی جاتی ہے جب وہ سچے دل سے کرے گا تو چونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے ارادہ کے موافق ہوگی وہ خدا خود اسے قوت دے گا اور آسمان سے ایک طاقت ایسی دی جاوے گی جس سے وہ اس پر قائم رہ سکے گا۔ اپنی توبہ اور مامور کے ہاتھ پر توبہ کرنے میں یہی فرق

ہے کہ پہلی کمزور ہوتی ہے دوسری مستحکم۔ کیونکہ اس کے ساتھ مامور کی اپنی توجہ، کشش اور دعائیں ہوتی ہیں جو توبہ کرنے والے کے عزم کو مضبوط کرتی ہیں اور آسمانی قوت اُسے پہنچاتی ہیں جس سے ایک پاک تبدیلی اس کے اندر شروع ہو جاتی ہے اور نیکی کا بیج بویا جاتا ہے جو آخر ایک باردار درخت بن جاتا ہے۔

پس اگر صبر اور استقامت رکھو گے تو تھوڑے دنوں کے بعد دیکھو گے کہ تم پہلی حالت سے بہت آگے گذر گئے ہو۔

غرض اس بیعت سے جو میرے ہاتھ پر کی جاتی ہے دو فائدے ہیں ایک تو یہ کہ گناہ بخشے جاتے ہیں اور انسان خدا تعالیٰ کے وعدہ کے موافق مغفرت کا مستحق ہوتا ہے۔ دوسرے مامور کے سامنے توبہ کرنے سے طاقت ملتی ہے اور انسان شیطانی حملوں سے بچ جاتا ہے۔ یاد رکھو کہ اس سلسلہ میں داخل ہونے سے دنیا مقصود نہ ہو بلکہ خدا تعالیٰ کی رضا مقصود ہو۔ کیونکہ دنیا تو گذرنے کی جگہ ہے وہ تو کسی نہ کسی رنگ میں گذر جائے گی ۔

شب تنور گذشت و شب سمور گذشت

دنیا اور اس کے اغراض اور مقاصد کو بالکل الگ رکھو۔ ان کو دین کے ساتھ ہرگز نہ ملاؤ کیونکہ دنیا فنا ہونے والی چیز ہے اور دین اور اس کے ثمرات باقی رہنے والے۔ دنیا کی عمر بہت تھوڑی ہوتی ہے۔ تم دیکھتے ہو کہ ہر آن اور ہر دم میں ہزاروں موتیں ہوتی ہیں۔ مختلف قسم کی وبائیں اور امراض دنیا کا خاتمہ کر رہی ہیں۔ کبھی ہیضہ تباہ کرتا ہے۔ اب طاعون ہلاک کر رہی ہے۔ کسی کو کیا معلوم ہے کہ کون کب تک زندہ رہے گا۔ جب موت کا پتہ نہیں کہ کس وقت آجائے گی۔ پھر کیسی غلطی اور بیہودگی ہے کہ اس سے غافل رہے اس لئے ضروری ہے کہ آخرت کی فکر کرو جو آخرت کی فکر کرے گا اللہ تعالیٰ دنیا میں اس پر رحم کرے گا۔ اللہ تعالےٰ کا وعدہ ہے کہ جب انسان مومن کامل بنتا ہے تو وہ اُس کے اور اُس

کے غیر میں فرق رکھ دیتا ہے اس لئے پہلے مومن بنو۔ اور یہ اسی طرح ہو سکتا ہے کہ بیعت کی خالص اغراض کے ساتھ جو خدا ترسی اور تقویٰ پر مبنی ہیں۔ دنیا کے اغراض کو ہرگز نہ ملاؤ نمازوں کی پابندی کرو اور توبہ و استغفار میں مصروف رہو۔ نوع انسان کے حقوق کی حفاظت کرو اور کسی کو دُکھ نہ دو۔ راستبازی اور پاکیزگی میں ترقی کرو تو اللہ تعالیٰ ہر قسم کا فضل کر دے گا۔ عورتوں کو بھی اپنے گھروں میں نصیحت کرو کہ وہ نماز کی پابندی کریں اور ان کو گلہ شکوہ اور غیبت سے روکو۔ پاکبازی اور راستبازی ان کو سکھاؤ۔ ہماری طرف سے صرف سمجھانا شرط ہے اس پر عملدرآمد کرنا تمہارا کام ہے۔

پانچ وقت اپنی نمازوں میں دعا کرو۔ اپنی زبان میں بھی دعا کرنی منع نہیں ہے۔ نماز کا مزا نہیں آتا ہے جب تک حضور نہ ہو اور حضور قلب نہیں ہوتا ہے جب تک عاجزی نہ ہو عاجزی جب پیدا ہوتی ہے جو یہ سمجھ آجائے کہ کیا پڑھتا ہے اس لئے اپنی زبان میں اپنے مطالب پیش کرنے کے لئے جوش اور اضطراب پیدا ہو سکتا ہے مگر اس سے یہ ہرگز نہیں سمجھنا چاہیئے کہ نماز کو اپنی زبان ہی میں پڑھو۔ نہیں میرا یہ مطلب ہے کہ مسنون ادعیہ اور اذکار کے بعد اپنی زبان میں بھی دعا کیا کرو۔ ورنہ نماز کے ان الفاظ میں خدا نے ایک برکت رکھی ہوئی ہے۔ نماز دعا ہی کا نام ہے۔ اس لئے اس میں دعا کرو کہ وہ تم کو دنیا اور آخرت کی آفتوں سے بچاوے اور خاتمہ بالخیر ہو۔[1] اپنے بیوی بچوں کے لئے بھی دعا کرو۔ نیک انسان بنو اور ہر قسم کی بدی سے بچتے رہو۔

(الحکم جلد ۷ نمبر ۳۸ صفحہ ۲ بابت ۱۷ اکتوبر ۱۹۰۳ء)

---

۲۰ ستمبر ۱۹۰۳ء

ابو سعید صاحب احمدی نے حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کی کہ میں

---

[1] البدر میں مزید یہ فقرہ ہے "اور تمام کام تمہارے اس کی مرضی کے موافق ہوں"۔ (البدر جلد ۲ نمبر ۳۷ صفحہ ۲۹۰ بابت ۹ اکتوبر ۱۹۰۳ء)

دو تین یوم کے بعد واپس رنگون جانے والا ہوں۔ حضور سے درخواست ہے کہ میرے حق میں دعا فرمائیں۔ آپ نے فرمایا کہ

انشاء اللہ تعالیٰ دعا کروں گا۔ دنیا ایسے ہی تفرقہ کی جگہ ہے۔ ہمیشہ موت کو یاد رکھو چند روزہ زندگی ہے اس پر نازاں نہ ہونا چاہیئے۔ جو راستی پر ہو اور خدا تعالیٰ پر بھروسہ کرنے والا ہو تو خدا اس کے ساتھ ہوتا ہے۔[1]

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۸ صفحہ ۲۹۸ مورخہ ۹ اکتوبر ۱۹۰۳ء)

۴ / اکتوبر ۱۹۰۳ء

(بوقت ظہر)

حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام ظہر کی نماز ادا کر کے تشریف لے جا رہے تھے کہ سیٹھ احمد دین صاحب آمدہ از جہلم نے عرض کی کہ گذشتہ ایام میں ایک شخص بیعت کر کے گیا ہے مگر وہ کہتا ہے کہ میری علمی معلومات بہت کم ہیں اور مجھے آپ کے دعاوی کے دلائل اب تک معلوم نہیں ہوئے۔ اس لئے میرے لئے دعا فرمائی جاوے۔ اس پر آپ نے سیٹھ صاحب کو مختصراً دلائل اپنے دعاوی پر سُنائے کہ اُس شخص کو سمجھا دیئے جائیں۔ اور نیز یہ بھی فرمایا کہ

خدائی کے مستحق اگر ہو سکتے تھے تو ہمارے پیغمبر محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہو سکتے تھے۔ کیونکہ آپ کا نہ کوئی بھائی تھا نہ بہن۔ حالانکہ عیسیٰؑ کے اَور بھائی اور بہن تھے۔ ان کمبخت عیسائیوں کو اتنا خیال نہیں آتا کہ عیسیٰؑ کے پانچ بھائی اور دو بہنیں تھیں جو کہ مریم کے پیٹ سے پیدا

---

[1] یہ ڈائری بعینہٖ انہی الفاظ میں الحکم جلد ۷ نمبر ۳۸ صفحہ ۲ مورخہ ۱۷ اکتوبر میں یکم اکتوبر کی لکھی ہے۔ غالب قیاس یہ ہے کہ "الحکم" کو غلطی لگی ہے۔ کیونکہ "البدر" نے لکھا ہے کہ یکم اکتوبر کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بوجہ علالت طبع تشریف نہیں لائے۔ واللہ اعلم بالصواب (مرتب)

ہوئی تھیں۔ پس کیا وجہ ہے کہ مریم کو خداؤں کی ماں اور مسیح کے بھائیوں کو خدا نہ کہا جاوے۔

قادیان میں آمد و رفت کی کثرت چاہیئے

ہمیں بہت افسوس ہے کہ بعض لوگ کچے آتے ہیں اور کچے ہی چلے جاتے ہیں حالانکہ یہ ان کا فرض ہے کہ یہاں آکر چند روز رہیں اور اپنے شبہات پیش کر کے پختگی حاصل کریں۔ پھر اُن سے دُوسرے مخالف اور عیسائی ایسے بھاگیں گے جیسے لاحول سے شیطان بھاگتا ہے۔ تعجب ہے کہ لوگ کس طرح شیطان کے بہکانے میں آجاتے ہیں مگر یہ سب ایمان کی کمزوری کا باعث ہوتا ہے بھلا مومن کیا اور شیطان کا بہکانا کیا۔ معلوم ہوتا ہے جو بہکتا ہے وہ خود شیطان ہے۔ ورنہ سوچ کر دیکھا جاوے کہ اب ہمارے مخالفوں کے ہاتھ میں کیا رہ گیا ہے۔

یہ لوگ چاہتے ہیں کہ جو کچھ رطب و یابس اُن کے ہاتھ میں ہے وہ ایک ایک حرف پورا ہو۔ حالانکہ نہ کبھی ایسا ہوا ہے اور نہ ہوگا۔ یہودیوں کی احادیث اس قدر تھیں کہ وہ نہ حضرت عیسٰی پر حرف بحرف پوری ہوئیں اور نہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر۔ اور اسی لئے بہتوں نے ٹھوکر کھائی مگر بعض یہودی جو مسلمان ہوگئے تو اس کی یہ وجہ تھی کہ جس قدر حصہ ان احادیث کا پُورا ہوگیا انہوں نے اس کو سچا مان لیا اور جو نہ پُورا ہوا۔ اس کو رطب و یابس جان کر چھوڑ دیا یا اُن کے اَور معنے کر لئے۔ اگر وہ ایسا نہ کرتے تو پھر اُن کو اسلام نصیب نہ ہوتا اور پھر اس کے علاوہ انہوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے انوار و برکات بھی دیکھے۔ ہر ایک قوم کے پاس کچھ سچی کچھ جھوٹی، کچھ صحیح اور کچھ غلط روایات ہوتی ہیں۔ اگر انسان اسی بات پر اَڑ جاوے کہ سب کی سب پُوری ہوں تو اس طرح سے کوئی شخص مان نہیں سکتا۔ حَکَم کے یہی معنے ہیں ان میں سے سچی اور جھوٹی کو الگ کر کے دکھا دیوے۔

ہر ایک جو بیعت کرتا ہے اسے واجب ہے کہ ہمارے دعویٰ کو خوب سمجھ لیوے ورنہ اُسے گناہ ہوگا۔

دربارِ شام[1]

یادِ موت

موت اور اس کی تلخیوں کا ذکر چل پڑا۔ اس پر حضرت اقدس نے فرمایا۔

انسان[2] ان موتوں سے عبرت نہیں پکڑتا حالانکہ اس سے بڑھ کر اور کون ناصح ہو سکتا ہے۔ جس قدر انسان مختلف بلاد اور ممالک میں مرتے ہیں۔ اگر یہ سب جمع ہو کر ایک دروازہ سے نکلیں تو کیسا عبرت کا نظارہ ہو۔

پھر مختلف امراض اس قسم کے ہیں کہ ان میں انسان کی پیش نہیں جاتی۔ ایک دفعہ ایک شخص میرے پاس آیا۔ اس نے بیان کیا کہ میرے پیٹ میں رسولی پیدا ہوئی ہے۔ اور وہ دن بدن بڑھ کر پاخانہ کے راستہ کو بند کرتی جاتی ہے۔ جس ڈاکٹر کے پاس میں گیا ہوں وہ یہی کہتا ہے کہ اگر یہ مرض ہمیں ہوتی تو ہم بندوق مار کر خودکشی کر لیتے۔ آخر وہ بیچارہ اسی مرض سے مر گیا۔

بعض لوگ ایسے مسلول ہوتے ہیں کہ ایک ایک پیالہ پیپ کا اندر سے نکلتا ہے ایک دفعہ ایک مریض آیا۔ اس کی یہی حالت تھی۔ صرف اس کا پوست ہی رہ گیا تھا۔ اور

---

[1] "الحکم" نے ڈائری پر ۳۔ اکتوبر ۱۹۰۳ء کی تاریخ لکھی ہے جو درست معلوم نہیں ہوتی کیونکہ "البدر" نے یکم تا ۳ر اکتوبر کے متعلق مندرجہ ذیل نوٹ شائع کیا ہے:۔ "یکم اکتوبر ۱۹۰۳ء کو حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام مغرب و عشاء کی نماز باجماعت میں شامل نہیں ہوئے نصیبِ اعداء آپ کی طبیعت بیمار تھی۔ ۲۔ ۳ر اکتوبر کو کوئی ذکر قابلِ ابلاغ ناظرین نہیں ہوا۔ ۳ر اکتوبر ۱۹۰۳ء کو پھر حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام بوجہ علالت طبع شاملِ جماعت مغرب و عشاء نہ ہو سکے۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۳۸ صفحہ ۲۹۸ مورخہ ۹ر اکتوبر ۱۹۰۳ء) مرتب

[2] الحکم میں اس سے پہلے یہ عبارت بھی ہے:۔ "قاعدہ کی بات ہے کہ انسان کو جو چیز مضر ہوتی ہے ایک دو بار کے تجربہ اور مشاہدہ کے بعد اس کو چھوڑ دیتا ہے لیکن ہر روز موت کی وارداتیں ہوتی ہیں جنازے نکلتے ہیں مگر ان موتوں سے یہ عبرت حاصل نہیں کرتا" (الحکم جلد ۷ نمبر ۳۸ صفحہ ۲ مورخہ ۱۷ر اکتوبر ۱۹۰۳ء)

وہ سمجھدار بھی تھا مگر تاہم وہ یہی خیال کرتا تھا کہ میں زندہ رہوں گا۔

انسان کی سخت دلی اصل میں امیدوں پر ہوتی ہے۔ لیکن انبیاء کی یہ حالت نہیں ہوتی جس قدر انبیاء ہوئے ہیں سب کی یہ حالت رہی ہے کہ اگر شام ہوئی ہے تو صبح کو ان کی امید نہیں کہ ہم زندہ رہیں گے اور اگر صبح ہوئی ہے تو شام کی امید نہیں کہ ہم زندہ رہیں گے۔ جب تک انسان کا یہ خیال نہ ہو کہ میں ایک مرنے والا ہوں تب تک وہ غیر اللہ سے دل لگانا چھوڑ نہیں سکتا اور آخر اس قسم کے افکار میں جان دیتا ہے۔ مرنے کے وقت کا کسی کو کیا علم ہوتا ہے۔ موت تو ناگہانی آجاتی ہے۔ اگر کوئی غور کرے تو اسے معلوم ہو کہ یہ دنیا اور اس کے مال و متاع اور حظ سب فانی اور جھوٹے ہیں۔ آخر کار وہ یہاں سے تہیدست جاوے گا اور اصل مطلوب جس سے وہ خوش رہ سکتا ہے وہ خدا سے دل لگانا ہے۔ اور گناہ کی دلیری سے آزاد رہنا۔ کہنے کو یہ آسان ہے اور ہر ایک زبان سے کہہ سکتا ہے کہ میرا دل خدا سے لگا ہوا ہے مگر اس کا کرنا مشکل ہے۔ ایک دوکاندار کو دیکھو کہ وہ وزن تو کم تولتا ہے مگر زبان سے صوفیانہ کافیاں ایسی گاتا جاوے گا کہ دوسرے کو معلوم ہو کہ یہ بڑا خدا رسیدہ ہے۔ ایسی حالت میں لفظ اور باتیں تو زبان سے نکلتی ہیں مگر دل اُس کی تکذیب کرتا ہے۔ سجادہ نشینوں کو ایسے قصے یاد ہوتے ہیں کہ دوسرا انسان سُنکر گرویدہ ہو جاتا ہے حالانکہ خود ان کا عمل درآمد اُن پر مطلق نہیں ہوتا۔ مگر تاہم ایسے انسان بھی ہوتے ہیں کہ وہ بات کو سمجھ لیتے ہیں اور اس دنیا و مافیہا کا چھوڑنا ان پر آسان ہوتا ہے۔ جیسے کہ ابراہیم ادھم وغیرہ بادشاہ ہوئے ہیں کہ انہوں نے سلطنت کو ترک کر دیا۔ جب خوف الٰہی اُن کے قلب پر غالب ہوا تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ اب دنیا اور یہ خوف ایک جا جمع نہیں ہو سکتے۔ اس لئے دنیا کو چھوڑ دیا۔

جب ایک شخص ایک ناپائدار لذت میں مصروف ہو تو جب اسے چھوڑے گا۔ اسی قدر اُسے رنج ہوگا۔ دنیا سے دل لگانے سے دل سیاہ ہو جاتا ہے اور آئندہ نیکی کی مناسبت

اس سے نہیں رہتی۔ مسلمانوں میں اگرچہ فاسق فاجر بادشاہ بھی گذرے ہیں مگر ایسے بھی بہت ہیں کہ انہوں نے پاکبازی اور راستی اختیار کی۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۸ صفحہ ۲۹۸۔ ۲۹۹ مورخہ ۹ راکتوبر ۱۹۰۳ء)

---

۵ راکتوبر ۱۹۰۳ء

دربارِ شام

وہ تمام اخبارات جو کہ ردّ نصاریٰ کے بارے میں یورپ اور امریکہ سے آئے تھے پڑھے جانے کے بعد میاں گل محمد صاحب[۱] نے حضرت اقدس کو اپنی طرف مخاطب کیا اور کہا کہ میں آپ کے کہنے کے مطابق آیا ہوں۔

حضرت اقدس نے فرمایا کہ

ہم نے تو آپ کو بذریعہ تار اور خط کے منع کر دیا تھا کہ آپ نہ آویں۔ علالت طبع اور ایک ضروری کام میں مصروفیت کی وجہ سے فرصت نہیں۔ اب آپ آگئے ہیں تو مجھے آپ کے آنے کی خوشی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ کوئی تحقیق کے واسطے میرے پاس آوے۔ زمانہ دن بدن راستی اختیار کرتا جاتا ہے۔ عیسائی مذہب کی تردید اور کسرِ صلیب کے لئے جو کچھ مجھے خدا نے عطا کیا ہے اس کو بتلانے کو میں ہر وقت تیار ہوں۔ لیکن دوسرے موقعہ پر جب آپ آویں گے تو جیسے آپ کا حق ہوگا کہ سوال کریں ویسا ہی میرا حق ہوگا کہ ایک سوال کروں اور وہ سوال صرف مسیح کی الوہیت، تثلیث اور چال چلن کی نسبت ہوگا۔ لیکن جیسے میں نے اس سوال کو مشخص کر دیا ہے ویسے ہی آپ کو لازم ہے کہ آپ بھی اپنے سوال کو مشخص کر دیویں کہ تیاری کا موقعہ مل جاوے۔

گل محمد صاحب۔ ہاں آپ بھی ایک سوال کریں جیسے مجھے تلاش حق کی ضرورت ہے ویسے ہی آپ پر

---

[۱] یہ صاحب عیسائی تھے۔ مرتب

ضروری ہے کہ آپ اظہار حق کریں۔

حضرت اقدس۔ یہ آپ سچ کہتے ہیں مگر میرے اظہار حق کی شہادت تو یورپ اور امریکہ دے رہا ہے۔ابھی آپ کے سامنے اخبارات پڑھے گئے ہیں۔

گُل محمد صاحب۔ لیکن ایک بات ضروری ہے کہ اگر میں دوسرے موقعہ پر آؤں اور آپ کو پھر فرصت نہ ہو تو چونکہ میں ایک غریب آدمی ہوں اس لئے آمد و رفت کا خرچہ آپ پر ہوگا۔

حضرت اقدس۔ اگر غریب ہو تو آمد و رفت کا کرایہ ہم دے دیا کریں گے اگر ہم اس طرح بوجہ نہ ہونے فرصت کے سو دفعہ واپس کریں گے تو سو دفعہ کرایہ دیں گے۔

میاں گُل محمد صاحب نے کرایہ اس دفعہ کا طلب کیا اور اسی وقت ان کی غربت کا خیال کرکے ان کی درخواست پر تین روپے ان کو دے دیئے گئے۔ ان باتوں پر بعض احباب میں چرچا ہوا تو میاں گل محمد صاحب نے حضرت اقدس کو مخاطب ہو کر کہا۔

گُل محمد صاحب۔ آپ تو تمسخر کرتے ہیں۔

حضرت اقدس۔ یہ یاد رکھئے ہمارے کام محض للّٰہ ہیں۔یہاں تمسخر اور مذاق نہیں ہے۔ہم تو ہر ایک بار اپنے اُوپر ڈالتے ہیں۔اگر تمسخر ہوتا تو یہ زیر باری کیوں اختیار کرتے اور تین روپیہ آپ کو دے دیتے بلکہ تلاش حق کے لئے تو کوئی لنڈن سے بھی چل کر آوے۔تو ہم اس کا کرایہ دینے کو تیار ہیں۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۹ صفحہ ۳۰۵ مورخہ ۱۶ر اکتوبر ۱۹۰۳ء)

۶ر اکتوبر ۱۹۰۳ء

آج کے دن میاں گُل محمد صاحب نے پھر ایک حجت کھڑی کی اور حضرت اقدس کی تحریر لینے کی کوشش کی تاکہ لاہور میں وہ پیش کر سکیں۔چونکہ حضرت اقدس کتاب تذکرۃ الشہادتین کی تصنیف میں مصروف تھے اور آپ کو بالکل فرصت نہ تھی آپ نے مفتی محمد صادق صاحب کو جنہوں نے میاں گُل محمد صاحب سے ملاقات اور گفتگو میں کافی انٹرسٹ لیا تھا فرمایا کہ وہ

جواب دیویں مگر میاں گُل محمد صاحب کس کی ماننتے تھے آخر اُن کے بڑے اصرار سے حضرت اقدس نے پھر اُن کو ایک تحریر دی جس کی نقل ہم ذیل میں کرتے ہیں (ایڈیٹر)

نقل رقعہ منجانب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام بنام میاں گُل محمد صاحب عیسائی

بشرط خیر وعافیت اور نہ پیش آنے کسی مجبوری کے میری طرف سے یہ وعدہ ہے کہ اگر ۲۰؍ اکتوبر ۱۹۰۳ء کے بعد میاں گُل محمد صاحب اس بات کی مجھے اطلاع دیں کہ وہ قادیان میں آنے کے لئے تیار ہیں تو میں اُن کو بلا لوں گا تا جو سوال کرنا ہو وہ کریں۔ سوال صرف ایک ہوگا اور فریقین کے لئے جواب اور جواب الجواب دینے کے لئے چار دن کی مہلت ہوگی اور انہی چار دنوں کے اندر میرا بھی حق ہوگا کہ یسوع مسیح اور اُس کی خدائی کی نسبت یا انجیل اور توارات کے تناقض کی نسبت جو عیسائیوں کے موجودہ عقیدہ سے پیدا ہوتا ہے، کوئی سوال کروں۔ ایسا ہی ان کا حق ہوگا کہ وہ جواب دیں۔ پھر میرا حق ہوگا کہ جواب الجواب دوں۔ اور یہ امر ضروری ہوگا کہ میاں گُل محمد صاحب قادیان سے جانے سے پہلے مجھے اطلاع دیں کہ وہ اسلام یا قرآن شریف پر کیا اعتراض کرنا چاہتے ہیں تا ہم بھی دیکھیں کہ واقعی وہ اعتراض ایسا ہے کہ یسوع مسیح کی انجیل یا اس کے چال چلن یا اس کے نشانوں پر وارد نہیں ہوتا۔ گو مجھے بہت افسوس ہے کہ ایسے لوگوں کو مخاطب کروں کہ اب بھی اور اس زمانہ میں اُس شخص کو جس کے انسانی ضعف اُس کی اصل حقیقت کو ظاہر کر رہے ہیں۔ خدا کر کے مانتے ہیں۔ مگر ہمارا فرض ہے کہ ذلیل سے ذلیل مذہب والوں کو بھی ان کے چیلنج کے وقت ردّ نہ کریں اس لئے ہم ردّ نہیں کرتے۔ بالآخر یہ ضروری ہے کہ وہ اپنا صحیح اور پورا پتہ لکھ کر مجھے دیں تا میرے جواب کے پہنچنے میں کوئی دقت پیش نہ آوے یعنی لاہور میں کہاں اور کس محلہ میں رہتے ہیں اور پُورا پتہ کیا ہے۔ مکرّر یہ کہ آپ کے اطمینان کے لئے جیسا کہ رات کو آپ نے تقاضا کیا تھا میں یہ بھی وعدہ کرتا ہوں کہ اگر آپ میرے لکھنے پر قادیان میں

آویں اور میری کسی مجبوری سے بغیر مباحثہ کے واپس جاویں تو میں دو طرفہ آپ کو لاہور کا کرایہ دوں گا اور جو رات کو آپ کو مبلغ تین روپے دیئے گئے ہیں۔ اس میں آپ ہر گز خیال نہ کریں کہ کسی حرجہ کی رُو سے آپ کا یہ حق تھا کیونکہ جس حالت میں ہم نے اپنی گرہ سے خرچ اُٹھا کر آپ کو روکنے کے لئے لاہور میں تار بھیج دیا تھا اور تین خط بھی بھیجے پھر اس صورت میں آپ کا یہ نقصان آپ کے ذمہ تھا مگر میں نے محض مذہبی مروت کے طور پر آپ کو تین روپے دیئے ورنہ کچھ آپ کا حق نہ تھا۔ ایسا ہی اس وقت تک کہ آپ کی نیت میں کوئی صریح تعصب مشاہدہ نہ کروں ایسا ہی ہر ایک دفعہ بغیر آپ کے کسی حق کے کرایہ دے سکتا ہوں محض ایک نادار خیال کر کے نہ کسی اور وجہ سے۔

الراقم خاکسار میرزا غلام احمد

۱۶ر اکتوبر ۱۹۰۳ء

یہ رقعہ لے کر پھر بھی میاں گل محمد کو قرار نہ آیا اور جبکہ ظہر کے وقت حضرت اقدس تشریف لائے تو کہنے لگے جو الفاظ میں ایزاد کرانا چاہتا ہوں وہ کر دو مگر خدا کے مسیح نے اسے مناسب نہ جانا اور آخر میاں گل محمد صاحب رخصت ہوئے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۹ صفحہ ۳۰۵-۳۰۶ مورخہ ۱۶ر اکتوبر ۱۹۰۳ء)

۱۴ر اکتوبر ۱۹۰۳ء

دربار شام

حضرت اقدس نے شام کے وقت ایک مختصر تقریر دنیا کی تلخیوں پر فرمائی جس کا خلاصہ یہ ہے

دُنیا

تعجب ہے کہ انسان اس (دُنیا) میں راحت اور آرام طلب کرتا ہے حالانکہ اس میں بڑی بڑی تلخیاں ہیں۔ خویش واقارب کو ترک کرنا۔ دوستوں کا جُدا ہونا۔ ہر ایک محبوب سے

کنارہ کشی کرنا۔ البتہ آرام کی صورت یہی ہے کہ خدا تعالیٰ کے ساتھ دل لگایا جاوے جیسے کہا ہے کہ

جُز بخلوت گاہِ حق آرام نیست

انسان ایک لحظہ میں خوشی کرتا ہے تو دوسرے لحظہ میں اُسے رنج ہوتا ہے لیکن اگر رنج نہ ہو تو پھر خوشی کا مزا نہیں آتا جیسے کہ پانی کا مزا اسی وقت آتا ہے جبکہ پیاس کا درد محسوس ہو اس لئے درد مقدم ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۹ صفحہ ۳۰۶ مورخہ ۱۶ راکتوبر ۱۹۰۳ء)

---

۱۵ اکتوبر ۱۹۰۳ء

دربارِ شام

شام کے وقت ایک صاحب نے ایک بیگم صاحبہ کا پیغام آکر دیا کہ وہ کہتی ہیں کہ اگر میرا فلاں فلاں کام ہو جاوے تو میرا سب جان و مال آپ پر قربان ہے

حضرت اقدس نے فرمایا کہ

خدا تعالیٰ کے ساتھ کسی قسم کی شرط نہ کرنی چاہیئے اور نہ خدا تعالیٰ رشوت چاہتا ہے ہم بھی دعا کریں گے اور اُن کو بھی چاہیئے کہ عجز و انکسار سے اس کی بارگاہ میں دعا کریں۔

قرآن شریف و حدیث

حضرت اقدس نے قرآن شریف اور حدیث کے ذکر پر فرمایا کہ

اگر صرف احادیث پر انحصار کیا جاوے اور قرآن شریف سے اس کی صحت نہ کی جاوے تو اس کی مثال ایسی ہوگی جیسے ایک انسان کے سر کو کاٹ دیا جاوے اور صرف بال ہاتھ میں رکھ لئے جاویں اور کہا جاوے کہ یہی انسان ہے۔ حالانکہ بال کی زینت اور خوبی اسی وقت ہے

جبکہ انسان کے ساتھ ہوں۔ ایسے ہی حدیث اسی وقت کوئی شئے اور قابلِ اعتماد ہو سکتی ہے جبکہ قرآن شریف اس کے ساتھ ہو۔ احادیث کے اُوپر نہ تو خدا کی مُہر ہے نہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اور قرآن شریف کی نسبت خدا تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّا نحن نزلنا الذکر و انا لہٗ لحافظون[1]۔ اسی لئے ہمارا یہ مذہب ہے کہ قرآن شریف سے معارض نہ ہونے کی حالت میں ضعیف سے ضعیف حدیث پر بھی عمل کیا جاوے لیکن اگر کوئی قصہ جوکہ قرآن شریف میں مذکور ہے اور حدیث میں اس کے خلاف پایا جاوے مثلاً قرآن میں لکھا ہے اسحاقؑ ابراہیمؑ کے بیٹے تھے اور حدیث میں لکھا ہو کہ وہ نہیں تھے تو ایسی صورت میں حدیث پر کیسے اعتماد ہو سکتا ہے۔ مسیح موعود کی نسبت ان کا یہ خیال کہ وہ اسرائیلی مسیح ہوگا بالکل غلط ہے۔ قرآن شریف میں صاف لکھا ہے کہ وہ تم میں سے ہوگا جیسا سورہ نور میں ہے وعد اللہ الذین اٰمنوا منکم الخ[2] پھر بخاری میں بھی منکم ہی ہے پھر مسلم میں بھی منکم ہی صاف لکھا ہے۔ ان کمبختوں کو اس قدر خیال نہیں آتا کہ اگر اسی مسیح نے پھر آنا تھا تو منکم کی بجائے من بنی اسرائیل لکھا ہوتا۔ اب قرآن شریف اور احادیث تو پکار پکار کر منکم کہہ رہے ہیں مگر ان لوگوں کا دعویٰ من بنی اسرائیل کا ہے سوچ کر دیکھو کہ قرآن کو چھوڑیں یا ان کو۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۳۹ صفحہ ۳۰۶ مورخہ ۱۶؍ اکتوبر ۱۹۰۳ء)

۱۸؍ اکتوبر ۱۹۰۳ء

دُعا

اس سے بڑھ کر انسان کے لئے فخر نہیں کہ وہ خدا کا ہو کر رہے جو اس سے تعلق رکھتے ہیں وہ ان سے مساوات بنا لیتا ہے۔ کبھی ان کی مانتا ہے اور کبھی اپنی منواتا ہے ایک طرف فرماتا ہے اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ[3]۔ دوسری طرف فرماتا ہے وَلَنَبْلُوَنَّکُمْ

[1] الحجر: ۱۰ [2] النور: ۵۶ [3] المومن: ۶۱

بِشَیْئٍ مِّنَ الْخَوْفِ[1]۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک مقام دعا کا نہیں ہوتا۔ نبلونکم کے موقعہ پر انا للہ و انا الیہ راجعون کہنا پڑے گا۔ یہ مقام صبر اور رضا کے ہوتے ہیں لوگ ایسے موقعہ پر دھوکا کھاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ دعا کیوں قبول نہیں ہوتی۔ ان کا خیال ہے کہ خدا ہماری مٹھی میں ہے جب چاہیں گے منوالیں گے۔ بھلا امام حسین علیہ السلام پر جو ابتلا آیا تو کیا انہوں نے دعا نہ مانگی ہوگی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قدر بچے فوت ہوئے تو کیا آپ نے دعا نہ کی ہوگی۔ بات یہ ہے کہ یہ مقام صبر اور رضا کے ہوتے ہیں۔

---

۱۹ اکتوبر ۱۹۰۳ء

توبہ

آریہ لوگ جو توبہ پر اعتراض کرتے ہیں کہ پرمیشر صرف توبہ کرنے سے گناہ بخشتا ہے اور ان بد اعمالیوں کے نتائج نہیں ملتے جو اس نے کئے اس لئے یہ انصاف سے بعید ہے۔ اس پر حضرت اقدس نے فرمایا کہ

ان لوگوں کو توبہ کی حقیقت کا علم نہیں۔ توبہ اس بات کا نام نہیں کہ صرف منہ سے توبہ کا لفظ کہہ دیا جاوے بلکہ حقیقی توبہ یہ ہے کہ نفس کی قربانی کی جاوے۔ جو شخص توبہ کرتا ہے وہ اپنے نفس پر انقلاب ڈالتا ہے گویا دوسرے لفظوں میں وہ مر جاتا ہے۔ خدا کے لئے جو تغیر عظیم انسان دکھ اٹھا کر کرتا ہے تو وہ اس کی گذشتہ بد اعمالیوں کا کفارہ ہوتا ہے۔ جس قدر ناجائز ذرائع معاش کے اس نے اختیار کئے ہوئے ہوتے ہیں ان کو وہ ترک کرتا ہے۔ عزیز دوستوں اور یاروں سے جدا ہوتا ہے۔ برادری اور قوم کو اسے خدا کے واسطے ترک کرنا پڑتا ہے۔ جب اس کا صدق کمال تک پہنچ جاتا ہے تو وہی ذات پاک تقاضا کرتی ہے کہ اس قدر قربانیاں جو اس نے کی ہیں وہ اس کے اعمال کے کفارہ کے لئے کافی ہوں۔

[1] البقرۃ ۱۵۶

اہل اسلام میں اب صرف الفاظ پرستی رہ گئی ہے اور وہ انقلاب جسے خدا چاہتا ہے وہ بھول گئے ہیں اس لئے انہوں نے توبہ کو بھی الفاظ تک محدود کردیا ہے لیکن قرآن شریف کا منشا یہ ہے کہ نفس کی قربانی پیش کی جاوے۔ مَنْ قَضٰى نَحْبَهٗ[1] دلالت کرتا ہے کہ وہ توبہ یہ ہے جو انہوں نے کی اور مَنْ یَّنْتَظِرُ بتلاتا ہے کہ وہ یہ توبہ ہے جو انہوں نے کرکے دکھلائی ہے اور وہ منتظر ہیں۔

جب انسان خدا تعالیٰ کی طرف بکلی آجاتا ہے اور نفس کی طرف کو بکلی چھوڑ دیتا ہے تو خدا تعالیٰ اس کا دوست ہو جاتا ہے تو کیا وہ پھر دوست کو دوزخ میں ڈال دیگا؟ نحن اولیاء اللہ※ سے ظاہر ہے کہ احبار کو دوزخ میں نہیں ڈالتے۔

۲۰؍اکتوبر ۱۹۰۳ء

رؤیا

شام کے وقت حضرت اقدس نے ذیل کی رؤیا بیان فرمائی کہ

ایک بڑا تخت مربع شکل کا ہندوؤں کے درمیان بچھا ہوا ہے جس پر میں بیٹھا ہوا ہوں۔ ایک ہندو کسی کی طرف اشارہ کرکے کہتا ہے کہ کرشن جی کہاں ہیں؟ جس سے سوال کیا گیا وہ میری طرف اشارہ کرکے کہتا ہے کہ یہ ہے۔ پھر تمام ہندو روپیہ وغیرہ نذر کے طور پر دینے لگے۔ اتنے ہجوم میں سے ایک ہندو بولا

ہے کرشن جی رودر گوپال

(یہ ایک عرصہ دراز کی رؤیا ہے)

※ ڈائری نویس یا کاتب کی غلطی معلوم ہوتی ہے۔ مضمون کے لحاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ غالباً حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آیت نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ یُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ[2] سے استدلال فرمایا ہوگا کہ "احبار کو دوزخ میں نہیں ڈالتے" واللہ اعلم بالصواب (مرتب)

[1] الاحزاب: ۲۴ [2] المائدۃ: ۱۹

۲۱ر اکتوبر ۱۹۰۳ء

امامت نماز کی نسبت ایک شخص نے سوال کیا کہ حضور کس لئے نماز نہیں پڑھاتے؟

فرمایا کہ

حدیث میں آیا ہے کہ مسیح جو آنے والا ہے وہ دوسروں کے پیچھے نماز پڑھے گا

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۱، ۴۲ صفحہ ۳۲۲ مورخہ ۲۹ر اکتوبر و ۸ر نومبر ۱۹۰۳ء)

۲۲ر اکتوبر ۱۹۰۳ء

ایک یورپین صاحب .... بہمراہی میاں معراج الدین عمر و حکیم نور محمد صاحب احمدی ... عصر کے وقت قادیان پہنچ گئے جہاں قادیانی احمدی احباب نے بڑے تپاک سے ان کا استقبال کیا۔ نماز مغرب میں وہ جماعت کے ساتھ شامل ہوئے ... بعد ادائیگی نماز میاں معراج الدین صاحب عمر نے انکو حضرت اقدس سے انٹروڈیوس کیا اور ان کے مزید حالات سے یوں اطلاع دی کہ

یہ ایک صاحب ہیں جو کہ آسٹریلیا سے آئے ہیں۔ ۷ سال سے مشرف باسلام ہیں اخبارات میں بھی آپ کا چرچا رہا ہے۔ آسٹریلیا سے یہ لنڈن گئے اور وہاں سفیر روم سے انہوں نے ارادہ ظاہر کیا کہ اسلامی علوم سے واقفیت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ سفیر روم نے ان کو کہا کہ تم قاہرہ (دار السلطنت) مصر میں جاؤ مگر تاہم مشورہ کے طور پر لارڈ سٹینلے نے اُن کو مشورہ دیا کہ تمہارا یہ مدعا بمبئی میں حاصل ہوگا۔ یہ وہاں پھرتے ہوئے کلکتہ آئے۔ راستہ میں ایک رؤیا دیکھی۔ اور اس جگہ سے لاہور آئے۔ جہاں کہ انہوں نے حضور کا تذکرہ سُنا۔ اب زیارت کے لئے یہاں حاضر ہوئے۔

اب ہم ذیل میں وہ گفتگو درج کرتے ہیں جو کہ نومسلم صاحب اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درمیان ہوئی۔ مشرف باسلام ہو کر ان کا نام محمد عبد الحق

رکھا گیا تھا۔

ذیل کی گفتگو جو کہ محمد عبدالحق صاحب اور حضرت اقدس کے مابین ہوئی۔ اس کے ترجمان خواجہ کمال الدین صاحب بی۔ اے پلیڈر تھے۔

محمد عبدالحق صاحب۔ میں جہاں کہیں پھرتا رہا ہوں میرا واسطہ ایسے مسلمانوں سے رہا ہے جو یا تو خود انگریزی جانتے تھے اور بالمشافہ مجھ سے گفتگو کرتے تھے اور یا بذریعہ ترجمان ہم اپنے مطالب کا اظہار کرتے تھے۔ میں نے ایک حد تک لوگوں کے خیالات سے فائدہ اُٹھایا اور بیرونی دنیا میں جو اہلِ اسلام ہیں ان کے کیا حالات اور خیالات ہیں۔ اس کے تعارف کی آرزو رہی۔ روحانی طور سے جو میل جول ایک کو دوسرے سے ہو سکتا ہے اس کے لئے زباندانی کی ضرورت نہیں ہے اور اس روحانی تعلق سے انسان ایک دوسرے سے جلد مستفید ہو سکتا ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام۔ ہمارے مذہب اسلام کے طریق کے موافق روحانی طریق صرف دعا اور توجہ ہے لیکن اس سے فائدہ اُٹھانے کے لئے وقت چاہیئے کیونکہ جبتک ایک دوسرے کے تعلقات گاڑھے نہ ہوں اور دلی محبت کا رشتہ قائم نہ ہو جائے۔ تب تک اس کا اثر محسوس نہیں ہوتا۔ ہدایت کا طریق یہی دعا اور توجہ ہے۔ ظاہری قیل و قال اور لفظوں سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

محمد عبدالحق صاحب۔ میری فطرت اس قسم کی واقع ہوئی ہے کہ روحانی اتحاد کو پسند کرتی ہے۔ میں اسی کا پیاسا ہوں اور چاہتا ہوں کہ اس سے بھر جاؤں۔ جس وقت سے میں قادیان میں داخل ہوا ہوں۔ میں دیکھتا ہوں کہ میرا دل تسلی پا گیا ہے اور اب تک جس جس سے میری ملاقات ہوئی ہے مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس سے میرا دیرینہ تعارف ہے

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام۔ خدا تعالےٰ کا قانون قدرت ہے کہ ہر ایک روح ایک قالب کو چاہتی ہے۔ جب وہ قالب تیار ہوتا ہے تو اس میں نفخ رُوح خود بخود ہو جاتا ہے۔ آپ کے لئے یہ ضروری امر ہے کہ جو حقیقت خدا تعالیٰ نے مجھ پر کھولی ہے اُس سے

آہستہ آہستہ آگاہی پالیویں۔ عام اہلِ اسلام میں جس قدر عقائد اشاعت پائے ہوئے ہیں
اُن میں بہت سی غلطیاں ہیں اور یہ غلطیاں ان میں عیسائیوں کے میل جول سے آئی ہیں۔
لیکن اب خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ اسلام کا پاک اور منور چہرہ دنیا کو دکھلاوے۔ رُوحانی
ترقی کے لئے عقیدہ کی صفائی ضروری ہے۔ جس قدر عقیدہ صاف ہوگا اسی قدر ترقی ہوگی۔

دعا اور توجہ کی ضرورت اس امر میں اس لئے ہوتی ہے کہ بعض لوگ غفلت کی وجہ
سے محجوب ہوتے ہیں اور بعض کو تعصب کی وجہ سے حجاب حائل ہوتا ہے اور بعض اس
لئے حجاب میں رہتے ہیں کہ اہلِ حق سے اُن کو ارادت نہیں ہوتی مگر جب تک خدا دستگیری
نہ کرے یہ حجاب دُور نہیں ہوتے۔ پس اس لئے توجہ اور دُعا کی ضرورت ہوتی ہے کہ یہ حجاب
دُور ہوں۔ جب سے یہ سلسلہ نبوت کا قائم ہے تب سے یہ اسی طرح چلا آتا ہے کہ ظاہری
قیل و قال اس میں کچھ نہیں بناتی ہمیشہ توجہ اور دعا سے لوگ مستفید ہوتے ہیں۔

دیکھو ایک زمانہ وہ تھا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تن تنہا تھے مگر لوگ حقیقی تقویٰ
کی طرف کھنچے چلے آتے تھے حالانکہ اب اس وقت لاکھوں مولوی اور واعظ موجود ہیں۔
لیکن چونکہ دیانت نہیں، وہ رُوحانیت نہیں اس لئے وہ اثر اندازی بھی اُن کے اندر
نہیں ہے۔ انسان کے اندر جو زہریلا مواد ہوتا ہے وہ ظاہری قیل و قال سے دُور نہیں
ہوتا۔ اس کے لئے صحبتِ صالحین اور ان کی توجہ کی ضرورت ہوتی ہے اس لئے فیضیافتہ
ہونے کے لئے اُن کے ہمرنگ ہونا اور جو عقائد صحیحہ خدا نے اُن کو سمجھائے ہیں ان کو سمجھ
لینا بہت ضروری ہے۔ جب آپ کو اس بات کا علم ہو جاوے گا کہ فلاں فلاں عقائد ہیں
ہیں جس میں عام اہلِ اسلام کا اور ہمارا اختلاف ہے تو پھر آپ کی طاقت (اثر اندازی)
بڑھ جاوے گی اور آپ اس رُوحانیت سے مستفید ہوں گے جس کی تلاش میں آپ ہیں۔

محمد عبد الحق صاحب۔ مجھے ہمیشہ اس امر کی تلاش رہی ہے کہ رُوحانی اتحاد اور انس
کسی سے حاصل ہو اور اسی لئے میں جہاں کہیں پھرتا رہا ہوں ہمیشہ قدرتی نظاروں سے

بطور تفاؤل سبق حاصل کرتا رہا ہوں۔ اسی طرح آج میں دیکھتا ہوں کہ میرا آنا اور نئے چاند کا پیدا ہونا (آج شعبان کا چاند نظر آیا تھا) ایک ساتھ ہے۔ چاند کے ابتدائی دن چونکہ ترقی اور حصولِ کمال کے ہوتے ہیں جیسے جیسے یہ ترقی کرے گا اور کمال کو پہنچے گا ویسے ہی میں بھی ترقی اور کمال کو پہنچوں گا (بشرطیکہ قادیان میں مستقل قیام رہا) میرے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہ تھی کہ میں آج ہی ایسے موقعہ پر یہاں وارد ہوں گا جبکہ نئے چاند کا ظہور ہوگا۔ کلکتہ میں جو خط بعض لوگوں نے مجھے دیئے اگر میں اُن پر عملدرآمد کرتا تو کہیں کا کہیں ہوتا مگر یہاں آکر مجھے معلوم ہوا کہ جن لوگوں کی تلاش میں مَیں ہوں وہ لوگ یہی ہیں۔ رنگون میں مَیں نے آپ کے حالات سُنے اور چند ایک تصانیف بھی دیکھی تھیں۔ مگر مجھے آپ کا پتہ معلوم نہ ہوا اور نہ یہ امید تھی کہ اس قدر جلد میں یہاں پہنچ جاؤں گا۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام۔ ان باتوں سے فراست تو گواہی دیتی ہے کہ آپ ہماری شرائط کے موافق ہوں گے اور خدا چاہے تو اثر بھی قبول کر سکیں گے۔ لیکن یاد رکھو کہ سنت اللہ یُوں ہے کہ دو باتیں اگر ہوں تو انسان حصول فیض میں کامیاب ہوتا ہے ایک یہ کہ وقت خرچ کر کے صحبت میں رہے اور اس کے کلام کو سُنتا رہے اور اثنائے تقریر یا تحریر میں اگر کوئی شُبہ یا دغدغہ پیدا ہو تو اُسے مخفی نہ رکھے بلکہ انشراح صدر سے اسی وقت ظاہر کرے تاکہ اسی آن میں تدارک کیا جاوے اور وہ کانٹا جو دل میں چُبھا ہے نکالا جاوے تاکہ وہ اس کے ساتھ روحانی توجہ سے استفادہ حاصل کر سکے۔

ایک بات یہ کہ صبر سے صحبت میں رہے اور ہر ایک بات توجہ سے سُنے اور شُبہ کو مخفی نہ رکھے کیونکہ شُبہ مہلک اثر رکھتا ہے جو کہ اندر ہی اندر سرایت کر کے ہلاک کر دیتا ہے۔[1]

---

[1] (البدر جلد ۲ نمبر ۴۰ صفحہ ۳۱۸ مورخہ ۲۲ اکتوبر ۱۹۰۳ء)

دوسری بات یہ ہے کہ جب آسمان سے ایک نیا انتظام ہوتا ہے تو کوئی نہ کوئی مامور آتا ہے اور چونکہ اس کا فعل یہی ہوتا ہے کہ ہر ایک فرقہ کی غلطی نکالے اس لئے سب لوگ اس کے دشمن ہو جاتے ہیں اور ہر طرح سے اذیت اور تکلیف دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ تو جب کوئی اس کے سلسلہ میں داخل ہوتا ہے تو اُسے بھی یہ تمام دُکھ برداشت کرنے پڑتے ہیں۔ دشمنوں کے خطرناک حملے اس پر بھی ہوتے ہیں۔ ہر ایک دوست اور اپنا بیگانہ دشمن ہو جاتا ہے اور جس جس پر اسے امید ہوتی ہے وہ تمام خاک میں ملتی ہے۔ نا امیدی اور مایوسی کی سخت دشوار گذار راہ میں داخل ہونا پڑتا ہے جس قدر امیدیں عزت اور آبرو اور جاہ اور منزلت کے حصول کی لوگوں سے اس نے باندھی ہوتی ہیں ان سب پر پانی پھر جاتا ہے جیسا کہ دنیا کی یہ قدیمی سنت چلی آئی ہے ان تمام نا امیدیوں اور مایوسیوں کے لئے تیار رہنا اور اُن کا برداشت کرنا ضروری ہے۔ انسان اگر شیر دل ہو کر ان کا مقابلہ کرے تو ٹھہر سکتا ہے ورنہ دیکھا گیا ہے کہ لوگ شوق سے اس میدان میں داخل ہوتے ہیں مگر جب یہ تمام بوجھ ان پر پڑتے ہیں تو آخر کار دنیا کی طرف جُھک جاتے ہیں۔ ان کا قلب اس نقصان کو جو دنیا اور اُس کے اہل سے پہنچتا ہے برداشت نہیں کر سکتا۔ اس لئے اُن کا انجام اُن کے اوّل سے بھی بدتر ہوتا ہے تو یہ امر ضروری ہے کہ دنیا کا لعن طعن برداشت کر کے اور ہر طرح سے نا امیدیوں کے لئے تیار ہو کر اگر داخلِ سلسلہ ہو تو حق کو جلد پاوے گا اور جو کچھ اُسے ابتدا میں چھوڑنا پڑے گا وہ سب آخر کار اللہ تعالےٰ اُسے دیدے گا۔ ایک تخم جس کے لئے مقدر ہے کہ وہ پھل لاوے اور بڑا درخت بنے ضرور ہے کہ اول چند دن مٹی کے نیچے دبا رہے تب وہ درخت بن سکیگا۔ اس لئے صبر ضروری ہے تا کہ وہ اپنے آپ کو گرا دے پھر قدرت الٰہی اُسے اُٹھا دے جس سے اس کا نشو ونما ہو۔ مسٹر وب پہلی دفعہ اسی طرح ہماری طرف جُھکے مگر پیچھے وہ قائم نہ رہ سکے اب وہ تمام باتوں کا اعتراف کرتے ہیں۔

محمد عبد الحق صاحب۔ بذریعہ خط و کتابت مسٹر وب سے میری ملاقات ہے اور میں ان کو اُس وقت سے جانتا ہوں جبکہ وہ ہندوستان میں آئے اور ان کے حالات سے خوب واقف ہوں اور جو شرائط اپنے سلسلہ میں داخل ہونے کے آپ نے بیان کئے ہیں میں انہی کو اسلام کی شرائط خیال کرتا ہوں جو مسلمان ہوگا اس کے لئے ان تمام باتوں کا نشانہ ہونا ضروری ہے آپ کے ساتھ ملنے سے جو نقصانات مجھ کو ہو سکتے ہیں اکثر مسلمان لوگوں نے اول ہی سے مجھے اُن کی اطلاع دی ہے اور باوجود اس اطلاع اور علم کے میں یہاں آیا ہوں۔

حضرت اقدس علیہ السلام۔ ہمارے اصولوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ہم ایک سادہ زندگی بسر کرتے ہیں وہ تمام تکلفات جو کہ آج کل یورپ نے لوازم زندگی بنا رکھے ہیں اُن سے ہماری مجلس پاک ہے رسم و عادت کے ہم پابند نہیں ہیں۔ اس حد تک ہر ایک عادت کی رعائت رکھتے ہیں کہ جس کے ترک سے کسی تکلیف یا معصیت کا اندیشہ ہو۔ باقی کھانے پینے اور نشست و برخاست میں ہم سادہ زندگی کو پسند کرتے ہیں۔

محمد عبد الحق صاحب۔ جب سے میں اسلام میں داخل ہوا ہوں اور روحانیت سے حصہ لیا ہے میں سادگی سے محبت کرتا ہوں اسی لئے اگر یہاں رہوں تو مجھے تکلیف نہ ہوگی۔ دنیا میں میں نے جس قدر سفر کیا ہے اس سے مجھے تجربہ ہوا ہے کہ سادہ زندگی والا اور گوشہ نشین انسان بہت آرام سے زندگی بسر کرتا ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۱-۴۲ صفحہ ۳۲۴-۳۲۵ مؤرخہ ۲۹ اکتوبر و ۸ نومبر ۱۹۰۳ء)

---

۲۳ اکتوبر ۱۹۰۳ء

محمد عبد الحق صاحب کی طرف سے میاں معراج الدین صاحب عمر نے بیان کیا کہ آج یہ صاحب حضرت حکیم نور الدین صاحب سے قرآن کریم کے کچھ معانی سُنتے رہے ہیں اور ان کو سُنکر

اِن کی یہ رائے قرار پائی ہے کہ اس قسم کے ترجمہ کی بڑی ضرورت ہے اکثر لوگوں نے دوسرے ترجموں سے دھوکا کھایا ہے اور اِن کی خواہش ہے کہ حضور کی طرف سے ایک ترجمہ شائع ہو۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام۔ میرا خود بھی یہ ارادہ ہے کہ ایک ترجمہ قرآن شریف کا ہمارے سلسلہ کی طرف سے نکلے۔

محمد عبدالحق صاحب۔ اس کی ضرورت یورپین لوگوں میں مجھ سے زیادہ کوئی اور محسوس نہیں کر سکتا سب آدمی میری طرح متلاشی حق ہیں اور حق کو بہت جدوجہد سے دریافت کرنے کے بعد پھر اُن غلط ترجموں کے ذریعہ سے ضلالت کی طرف جانا پڑتا ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام۔ صرف قرآن کا ترجمہ اصل میں مفید نہیں جب تک اس کے ساتھ تفسیر نہ ہو مثلاً غیر المغضوب علیہم ولا الضالین[1] کی نسبت کسی کو کیا سمجھ آسکتا ہے کہ اس سے مراد یہود نصاریٰ ہیں جب تک کہ کھول کر نہ بتلایا جاوے اور پھر یہ دعا مسلمانوں کو کیوں سکھلائی گئی۔ اس کا یہی منشا تھا کہ جیسے یہودیوں نے حضرت مسیح کا انکار کر کے خدا کا غضب کمایا ایسے ہی آخری زمانہ میں اس اُمّت نے بھی مسیح موعود کا انکار کر کے خدا کا غضب کمانا تھا۔ اسی لئے اوّل ہی ان کو بطور پیشگوئی کے اطلاع دی گئی کہ سعید رُوحیں اس وقت غضب سے بچ سکیں۔

محمد عبدالحق صاحب۔ ما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبّہ لھم[2] کی نسبت بیان کیا کہ عوام اہلِ اسلام اور بعض تفاسیر میں اس کی نسبت لکھا ہوا ہوتا ہے کہ ایک اور آدمی مسیح کی شکل کا بن گیا اُسے پھانسی دی گئی اور مسیح آسمان پر چلا گیا۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام۔ اس کا سمجھنا بہت آسان ہے۔ عام محاورہ زبان میں اگر یہ کہا جاوے کہ فلاں مصلوب ہوا یا پھانسی دیا گیا تو اس کے معنے یہی ہوتے ہیں کہ صلیب پر اس کی جان نکل گئی۔ اگر کوئی مجرم پھانسی پر لٹکایا جاوے مگر اس کی جان نہ نکلے۔

[1] الفاتحہ: ۷ [2] النساء: ۱۵۸

اور زندہ اتار لیا جاوے تو کیا اس کی نسبت پھانسی دیا گیا یا مصلوب کا لفظ بولا جاوے گا ؟ ہر گز نہیں بلکہ اس کی نسبت یہ الفاظ بولنے ہی جرم ہونگے۔ مصلوب اُسے کہتے ہیں کہ جس کی جان صلیب پر نکل جاوے اور جس کی جان نہ نکلے اُسے مصلوب نہیں کہتے خواہ وہ صلیب پر چڑھا کر اتار لیا گیا ہو۔ یہودی زندہ موجود ہیں ان سے دریافت کر لو کہ آیا مصلوب کے یہ معنے ہیں جو ہم کرتے ہیں یا وہ جو ہمارے مخالف کرتے ہیں پھر محاورہ زبان کو بھی دیکھنا چاہیئے۔ ماصلبوہ کے ساتھ ہی ماقتلوہ رکھ دیا کہ بات سمجھ میں آجاوے کہ صلیب سے مراد جان لینی تھی جو کہ نہیں لی گئی اور صلیبی قتل وقوع میں نہیں آیا۔

شُبِّہَ لَھُمْ کے معنے ہیں مشبہ بالمصلوب ہو گیا۔ اس میں لوگوں کا یہ قول کہ کوئی اور آدمی مسیح کی شکل بن گیا تھا بالکل باطل ہے عقل بھی اسے قبول نہیں کرتی اور نہ کوئی روایت اس کے بارے میں صحیح موجود ہے۔ بھلا سوچکر دیکھو کہ اگر کوئی اور آدمی مسیح کی شکل بن گیا تھا تو وہ دو حال سے خالی نہ ہوگا یا تو مسیح کا دوست ہوگا یا اس کا دشمن۔ اگر دوست ہوگا تو یہ اعتراض ہے کہ جس لعنت سے خدا نے مسیحؑ کو بچانا چاہا وہ اس کے دوست کو کیوں دی ؟ اس سے خدا ظالم ٹھہرتا ہے اور اگر وہ دشمن تھا تو اسے کیا ضرورت تھی کہ وہ مسیح کی جگہ پھانسی ملنا اس نے دوہائی دی ہوگی اور چلایا ہوگا کہ میرے بیوی بچوں سے پوچھو میرا فلاں نام ہے اور میں مسیح نہیں ہوں۔ پھر اکثر موجودہ آدمیوں کی تعداد میں سے بھی ایک آدمی کم ہو گیا ہوگا۔ جس سے معاً پتہ لگ سکتا تھا کہ یہ شخص مسیح نہیں۔ غرضکہ ہر طرح سے یہ خیال باطل ہے اور شُبِّہَ لَھُمْ سے مراد مشبّہ بالمصلوب ہے۔

محمد عبد الحق صاحب۔ یہ خیال یورپ میں ایک انقلاب عظیم پیدا کرے گا کیونکہ وہاں لوگوں کو دھوکا دیا گیا ہے اور کچھ کا کچھ سمجھایا گیا ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام ۔ عام لوگ جو بیان کرتے ہیں یہ منشا قرآن کریم کا ہرگز نہیں ہے اور اس سے لوگوں کو دھوکا لگا ہے۔

محمد عبدالحق صاحب ۔ اسلام کے عقاید ہم تک عیسائیوں کے ذریعہ پہنچے ہیں اور اسلام کا اصل چہرہ دیکھنے کے واسطے میں باہر نکلا ہوں۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام ۔ یہ خدا کا بڑا فضل ہے اور خوش قسمتی آپ کی ہے کہ آپ ادھر آنکلے۔ یہ بات واقعی سچ ہے کہ جو مسلمان ہیں یہ قرآن شریف کو بالکل نہیں سمجھتے لیکن اب خدا کا ارادہ ہے کہ صحیح معنے قرآن کے ظاہر کرے خدا نے مجھے اسی لئے مامور کیا ہے اور میں اس کے الہام اور وحی سے قرآن شریف کو سمجھتا ہوں قرآن شریف کی ایسی تعلیم ہے کہ اس پر کوئی اعتراض نہیں آسکتا اور معقولات سے ایسی پُر ہے کہ ایک فلاسفر کو بھی اعتراض کا موقعہ نہیں ملتا مگر ان مسلمانوں نے قرآن کریم کو چھوڑ دیا ہے اور اپنی طرف سے ایسی ایسی باتیں بنا کر قرآن شریف کی طرف منسوب کرتے ہیں جس سے قدم قدم پر اعتراض وارد ہوتا ہے اور ایسے دعاوی اپنی طرف سے کرتے ہیں جن کا ذکر قرآن شریف میں نہیں ہے اور وہ سراسر اس کے خلاف ہیں مثلاً اب یہی واقعہ صلیب کا دیکھو کہ اس میں کس قدر افترا سے کام لیا گیا ہے اور قرآن کریم کی مخالفت کی گئی ہے اور یہ بات عقل کے بھی خلاف ہے اور قرآن کے بھی برخلاف ہے۔

اس کے بعد حضرت اقدس نے لفظ توفی کی نسبت سمجھایا کہ اس میں اہل اسلام نے کیا ٹھوکر کھائی ہے اور بتلایا کہ

صرف مسیح کے واقعہ میں اس کے معنے اُٹھا لینے کے کرتے ہیں حالانکہ اسی قرآن میں اور جہاں کہیں یہ لفظ آیا ہے اور لُغت اور دوسری کتب عربیہ سب جگہ اس کا ترجمہ موت کرتے ہیں۔

محمد عبد الحق صاحب۔ یہ ضروری کام ہے جو کہ آپ نے اختیار کیا ہے اور اس کی ضرورت نہ صرف اہلِ اسلام کو ہے بلکہ عیسائیوں کو بھی بہت ہے مجھے قادیان میں آنے سے معلوم ہوا ہے کہ یہ سلسلہ بہت ہی مفید ہے اور ابتدا سے میری یہ خواہش ہے کہ اس قدر عظیم الشان کام کیواسطے جیسے کہ یہ ہے خدا تعالےٰ مجھے بھی ایک ہتھیار بنا دے اور اس میں سے مجھے بھی حصہ ملے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام ہم ہمیشہ دعا کرتے ہیں اور ہماری ہمیشہ سے یہ آرزو ہے کہ یورپین لوگوں میں سے کوئی ایسا نکلے جو اس سلسلہ کے لئے زندگی کا حصہ وقف کرے لیکن ایسے شخص کے لئے ضروری ہے کہ کچھ عرصہ صحبت میں رہ کر رفتہ رفتہ وہ تمام ضروری اصول سیکھ لیوے جن سے اہل اسلام پر سے ہر ایک داغ دُور ہو سکتا ہے اور وہ تمام قوت اور شوکت سے بھرے ہوئے دلائل سمجھ لیوے۔ جن سے یہ مرحلہ طے ہو سکتا ہے تب وہ دوسرے ممالک میں جا کر اس خدمت کو ادا کر سکتا ہے اس خدمت کے برداشت کرنے کے لئے ایک پاک اور قوی روح کی ضرورت ہے جس میں یہ ہو گی وہ اعلیٰ درجہ کا مفید انسان ہو گا اور خدا کے نزدیک آسمان پر ایک عظیم الشان انسان قرار دیا جاوے گا۔

محمد عبد الحق صاحب۔ میں کل یہاں سے رخصت ہوں گا اور ایک ضروری خدمت کو سرانجام دینے کے لئے جو کہ بنی نوع انسان کی خدمت پر مبنی ہے آخر دسمبر تک ہندوستان کے مختلف مقامات پر دورہ کروں گا۔ وہ آسٹریلیا میں ہندوستانی تاجروں کی بندش کو آزاد کرانے کی تجویز ہے۔ اس دورہ کے بعد پھر میں دیکھوں گا کہ میں کونسی راہ اختیار کروں۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام۔ قرآن شریف کی تفسیر تو اپنے وقت پر ہو گی لیکن اگر خدا آپ کے دل میں ڈالے اور آپ یہاں آ کر رہیں تو قرآن شریف کے اس حصہ کی تفسیر سر دست کر دی جاوے جس پر ہر ایک غیر مذہب نے کم فہمی سے اعتراض کئے ہیں یا اہلِ اسلام نے اُن کے سمجھنے میں غلطی کھائی ہے۔ اوّل اس کی فہرست تیار کر لی جاوے گی

اور وہ بہت بڑی نہ ہوگی کیونکہ ایک ہی اعتراض کو ہر ایک فرقہ نے بار بار تکرار سے بیان کیا ہے اس لئے وقتاً فوقتاً اگر اس کی حقیقت آپ کے ذہن نشین کر دی جاوے تو اُس حصہ کی تفسیر ہو جاوے اور اس کے ذریعہ سے یورپ میں ہر ایک اعتراض کا جواب دیا جا سکے اور اس طرح سے جو دھوکا اہلِ یورپ کو لگا ہے وہ نکل جاوے گا۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۱-۴۲ صفحہ ۳۲۲-۳۲۳ مورخہ ۲۹ر اکتوبر و ۸ر نومبر ۱۹۰۳ء)

۲۴ر اکتوبر ۱۹۰۳ء

ظہر کے وقت حضرت اقدس علیہ السلام نے یہ تقریر فرمائی:-

ترکِ دنیا کی اہمیت

"جو شخص دنیا کو ردّ نہیں کر سکتا وہ ہمارے سلسلہ کی طرف نہیں آسکتا۔ دیکھو حضرت ابو بکرؓ نے سب سے اوّل دنیا کو ردّ کیا اور آپ کی آخری پوشاک یہی تھی کہ کمبل پہن کر آپ آ حاضر ہوئے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو سب سے اوّل تخت پر جگہ دی۔ وجہ اس کی یہی تھی کہ آپ نے سب سے اوّل فقر اختیار کیا تھا۔ خدا تعالیٰ کی ذات پاک ہے کہ کسی کا قرضہ اپنے ذمہ نہیں رکھتی۔ اوائل میں نقصان ضرور ہوتے ہیں۔ دوستوں یاروں کے تعلقات قطع کرنے پڑتے ہیں لیکن ان سب کا بدلہ آخر کار دیتا ہے۔ ایک چوڑھے اور چمار کی خاطر جب ایک کام کیا جاوے اور تکلیف برداشت کی جاوے تو وہ اپنے ذمہ نہیں رکھتا تو پھر خدا کس لئے اپنے ذمہ رکھے وہ آخر کار سب کچھ دے دیتا ہے۔

بارہا ہم نے سمجھایا ہے کہ جس شخص کو اور اور اغراض سوائے دین کے ہیں وہ ہمارے سلسلہ میں داخل نہیں ہو سکتا۔ دو کشتیوں میں پاؤں رکھ کر پار اُترنا مشکل ہے اس لئے جو ہمارے پاس آوے گا وہ مر کر آوے گا۔ لیکن خدا اس کی قدر کرے گا اور وہ نہ مرے گا جب تک کہ دنیا میں کامیابی نہ دیکھ لے جو کچھ برباد کر کے آوے گا خدا اُسے سب کچھ پھر دے گا۔

لیکن ایک دنیادار قدم نہیں اُٹھا سکتا۔ اصل بات یہ ہے کہ انسان خود ہی غداری کرتا ہے کہ نام تو خدا کی طرف آنے کا کرتا ہے اور اس کی نظر اہلِ دنیا کی طرف ہوتی ہے۔

جو قدر اس سلسلہ میں داخل ہونے کی اس وقت ہے وہ بعد ازاں نہ ہوگی۔ مہاجرین وغیرہ کی نسبت قرآن شریف میں کیسے کیسے الفاظ آئے ہیں جیسے رضی اللہ عنہم۔ لیکن جو لوگ فتح کے بعد داخل ہوئے کیا اُن کو بھی یہ کہا گیا؟ ہرگز نہیں۔ ان کا نام ناس رکھا گیا۔ اور لوگوں سے بڑھ کر کوئی خطاب ان کو نہ ملا۔ خدا کے نزدیک عزتوں اور خطابوں کے یہی وقت ہوتے ہیں کہ جب اس سلسلہ میں داخل ہونے سے برادری، رشتہ دار وغیرہ سب دشمنِ جان ہو جاتے ہیں۔ خدا تعالیٰ شرک کو ہرگز پسند نہیں کرتا کہ کچھ حصہ اس کا ہو اور کچھ غیر کا بلکہ ایک جگہ فرماتا ہے کہ اگر تم کچھ مجھ کو دینا چاہتے ہو اور کچھ بُتوں کو تو سب کا سب بُتوں کو دے دو۔

اِس وقت کا تخم بویا ہوا ہرگز ضائع نہیں ہوگا۔ کیا آج تک کے تجربہ نے ان لوگوں کو بتلا نہیں دیا کہ یہ پودا ضائع ہونے والا نہیں۔ قرآن شریف، احادیث صحیحہ اور نشاناتِ آسمانی سب ہماری تائید میں ہیں اور بیّن طور پر سب کچھ ثابت ہو گیا ہے۔ اب جو اس سے فائدہ نہ اُٹھاوے وہ موردِ غضبِ الٰہی ہے۔ خدا غفور اور کریم، حنّان اور منّان ہے مگر یہ انسان کی شوخی اور بدبختی ہے کہ اس کے مائدہ کو وہ ردّ کرتا ہے اور غضب کا مستحق ہو جاتا ہے۔ اگر یہ انسان کا کاروبار ہوتا تو کب کا تباہ ہو جاتا۔ انسان کو خدا کا خوف اور ڈر رکھنا چاہیئے اور برادری اور رسوم سے ڈر کر خدا کی راہ کو ترک نہ کرنا چاہیئے۔ جب انسان کا مددگار اور معاون خدا ہو جاتا ہے تو پھر اُسے کوئی کمی نہیں۔ خدا داری چہ غم داری۔ اس قدر انبیاء جو آئے ہیں کیا خدا نے اُن سے کسی قسم کی دغا کی ہے جو اب کسی سے کرے گا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیا کچھ ہوا۔ ہر وقت جان کا خطرہ تھا۔ ہر ایک طرف سے دھمکی ملتی تھی مگر کیا لوگوں نے اور قوم اور برادری

نے آپ کو تباہ کر دیا؟ ہرگز نہیں۔ بلکہ وہ خود تباہ ہوئے اور آج کوئی ایک بھی نہیں جو اپنے آپ کو ابوجہل کی اولاد بتلاتا ہو مگر آنحضرتؐ کے نام لیواؤں اور آپ کی اولاد سے دنیا بھری پڑی ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۱-۴۲ صفحہ ۳۲۳ مورخہ ۲۹ را کتوبر و ۸ ر نومبر ۱۹۰۳ء)

---

۳۰ را کتوبر ۱۹۰۳ء

دربارِ شام

مغرب کی نماز ادا کرنے کے بعد حضرت اقدس حسب دستور شہ نشین پر جلوہ افروز ہوئے اور طاعون کا ذکر ہوا۔ اس پر آپ نے فرمایا کہ

خدا تعالیٰ نے اگرچہ جماعت کو وعدہ دیا ہے کہ وہ اسے اس بلا سے محفوظ رکھے گا مگر اس میں بھی شرط لگی ہوئی ہے کہ لم یلبسوا ایمانھم بظلم[1] کہ جو لوگ اپنے ایمان کو ظلم سے نہ ملادیں گے وہ امن میں رہیں گے۔ پھر دار کی نسبت وعدہ دیا تو اس میں بھی شرط رکھ دی الا الذین علوا من استکبار اس میں علوا کے لفظ سے مراد یہ ہے کہ جس قسم کی اطاعت انکساری کے ساتھ چاہیئے وہ بجا نہ لاوے۔ جب تک انسان حسن نیتی جس کو حقیقی سجدہ کہتے ہیں بجا نہ لاوے تب تک وہ دار میں نہیں ہے اور مومن ہونے کا دعویٰ بے فائدہ ہے۔

لم یلبسوا ایمانھم بظلم[2] میں شرک سے یہ مراد نہیں ہے کہ ہندوؤں کی طرح پتھروں کے بتوں یا اور مخلوقات کو سجدہ کیا۔ بلکہ جو شخص ماسوی اللہ کی طرف مائل ہے اور اس پر بھروسہ کرتا ہے حتیٰ کہ دل میں جو منصوبے اور چالاکیاں رکھتا ہے۔ ان پر بھروسہ کرتا ہے تو وہ بھی شرک ہے۔

حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ کا حال بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے اُن کو خواب

[1-2] الانعام : ۸۳

میں دیکھا اور پوچھا کہ بتلاؤ اللہ تعالیٰ سے معاملہ کیسے ہوا تو انہوں نے بتلایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے سوال کیا کہ کیا عمل لایا ہے۔ میں نے کہا اور عمل تو کوئی نہیں ہے صرف یہ ہے کہ میں نے عمر بھر شرک نہیں کیا۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ کیا تو نے یوم اللبن میں بھی شرک نہ کیا تھا۔ کہ دودھ پی کر کہا کہ اس سے پیٹ میں درد ہوئی ہے گویا دودھ کو خدا سمجھ لیا تھا اور خدا پر سے جو حقیقی فاعل ہے نظر اُٹھ گئی تھی۔

نفسانی جذبات ہزاروں قسم کے ہیں جو کہ انسان کو لگے ہوئے ہیں۔ ان کو دیکھا جاوے تو سر سے لیکر پاؤں تک ظلم ہی ظلم ہے۔ سر تکبر اور گھمنڈ کی جگہ ہے۔ آنکھ بُرے خیالات کا مقام ہے۔ غضب کی نظر سے بھی انسان اسی سے دوسرے کو دیکھتا ہے۔ کان بیجا باتیں سُنتے ہیں۔ زبان بُری باتیں بولتی ہے۔ گردن اکڑتی ہے۔ صدور میں کن کن بُری باتوں کی خواہش ہوتی ہے۔ نیچے کا طبقہ بھی کچھ کم نہیں ہے۔ فسق و فجور میں جہان اسی کے باعث مبتلا ہے۔ پاؤں بھی بیجا مقامات پر چل کر جاتے ہیں۔ غرض یہ ایک لشکر اور جماعت ہے جسے سنبھال کر رکھنا انسان کا کام ہے اور یہ بڑی بات ہے۔

ایک طرف تو خدا نے کشتی کا حوالہ دیا ہے کہ جو اس میں چڑھے گا وہ نجات پاوے گا اور ایک طرف حکم دیا ہے وَلَا تُخَاطِبْنِیْ فِی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا[۱]۔ یہاں بھی ظلم کی نسبت ہی فرمایا کہ جو لوگ ظالم ہیں تُو ان کی نسبت بات ہی نہ کر۔ خوفِ الٰہی اور تقویٰ بڑی برکت والی شئے ہے۔ انسان میں اگر عقل نہ ہو مگر یہ باتیں ہوں تو خدا اسے اپنے پاس سے برکت دیتا ہے اور عقل بھی دے دیتا ہے جیسا کہ فرماتا ہے یَجْعَل لَّهُ مَخْرَجًا[۲]۔ اس کے یہی معنے ہیں کہ جس شئے کی ضرورت اسے ہوگی اس کے لئے وہ خود راہ پیدا کر دے گا بشرطیکہ انسان متقی ہو لیکن اگر تقویٰ نہ ہوگا تو خواہ فلاسفر ہی ہو وہ آخرکار تباہ ہوگا۔ دیکھو کہ اسی ہندوستان پنجاب میں کس قدر عالم تھے مگر اُن کے دلوں میں اور زبانوں میں تقویٰ نہ رہا۔ محمد حسین کی حالت دیکھو کہ کیسی گندی اور فحش باتیں اپنے رسالہ اشاعۃ السنۃ میں لکھتا رہا۔ اگر تقویٰ ہوتا تو وہ

[۱] ھود: ۳۸ [۲] الطلاق: ۳

کب ایسی باتیں لکھ سکتا تھا

اس کے بعد چند احباب نے بیعت کی اور بعد بیعت حضرت اقدس نے ایک طویل تقریر فرمائی جو کہ ذیل میں درج ہے۔

حقیقت بیعت اور اس سے فیض پانے کی راہ

یہ بیعت جو ہے اس کے معنے اصل میں اپنے تئیں بیچ دینا ہے۔ اس کی برکات اور تاثیرات اسی شرط سے وابستہ ہیں جیسے ایک تخم زمین میں بویا جاتا ہے تو اس کی ابتدائی حالت یہی ہوتی ہے کہ گویا وہ کسان کے ہاتھ سے بویا گیا اور اس کا کچھ پتہ نہیں کہ اب وہ کیا ہوگا۔ لیکن اگر وہ تخم عمدہ ہوتا ہے اور اس میں نشوونما کی قوت موجود ہوتی ہے تو خدا کے فضل سے اور اس کسان کی سعی سے وہ اوپر آتا ہے اور ایک دانہ کا ہزار دانہ بنتا ہے۔ اسی طرح سے انسان بیعت کنندہ کو اول انکساری اور عجز اختیار کرنی پڑتی ہے اور اپنی خودی اور نفسانیت سے الگ ہونا پڑتا ہے تب وہ نشوونما کے قابل ہوتا ہے لیکن جو بیعت کے ساتھ نفسانیت بھی رکھتا ہے اُسے ہرگز فیض حاصل نہیں ہوتا۔ صوفیوں نے بعض جگہ لکھا ہے کہ اگر مرید کو اپنے مرشد کے بعض مقامات پر بظاہر غلطی نظر آوے تو اسے چاہیئے کہ اس کا اظہار نہ کرے اگر اظہار کرے گا تو حبطِ عمل ہو جاوے گا (کیونکہ اصل میں وہ غلطی نہیں ہوتی صرف اس کے فہم کا اپنا قصور ہوتا ہے) اسی لئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا دستور تھا کہ آپ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں اس طرح سے بیٹھتے تھے جیسے سر پر کوئی پرندہ ہوتا ہے اور اس کی وجہ سے انسان سر اُوپر نہیں اُٹھا سکتا۔ یہ تمام ان کا ادب تھا کہ حتے الوسع خود کبھی کوئی سوال نہ کرتے۔ ہاں اگر باہر سے کوئی نیا آدمی آکر کچھ پوچھتا تو اس ذریعہ جو کچھ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی زبان سے نکلتا وہ سُن لیتے صحابہ کرامؓ بڑے مؤدب تھے اس لئے کہا ہے کہ الطریقۃ کلھا ادبٌ۔ جو شخص ادب کی حدود سے باہر نکل جاتا ہے تو پھر شیطان اس پر دخل پاتا ہے اور رفتہ رفتہ اس کی نوبت ارتداد کی آجاتی ہے۔ اس ادب کو

مدِنظر رکھنے کے بعد انسان کو لازم ہے کہ وہ فارغ نشین نہ ہو۔ ہمیشہ توبہ استغفار کرتا رہے اور جو جو مقامات اسے حاصل ہوتے جاویں ان پر یہی خیال کرے کہ میں ابھی قابلِ اصلاح ہوں اور یہ سمجھ کر کہ بس میرا تزکیہ نفس ہو گیا وہاں ہی نہ اڑ بیٹھے۔

منافق کون ہے

یاد رکھو منافق وہی نہیں ہے جو ایفائے عہد نہیں کرتا یا زبان سے اخلاص ظاہر کرتا ہے مگر دل میں اس کے کفر ہے۔ بلکہ وہ بھی منافق ہے جس کی فطرت میں دورنگی ہے اگرچہ وہ اس کے اختیار میں نہ ہو۔ صحابہ کرامؓ کو اس دورنگی کا بہت خطرہ رہتا تھا۔ ایک دفعہ حضرت ابوہریرہؓ رو رہے تھے تو حضرت ابوبکرؓ نے پوچھا کہ کیوں روتے ہو؟ کہا کہ اس لئے روتا ہوں کہ مجھ میں نفاق کے آثار معلوم ہوتے ہیں۔ جب میں پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ہوتا ہوں تو اس وقت دل نرم اور اس کی حالت بدلی ہوئی معلوم ہوتی ہے مگر جب اُن سے جُدا ہوتا ہوں تو وہ حالت نہیں رہتی۔ ابوبکرؓ نے فرمایا کہ یہ حالت تو میری بھی ہے۔ پھر دونو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے اور کُل ماجرا بیان کیا۔ آپ نے فرمایا۔ کہ تم منافق نہیں ہو۔ انسان کے دل میں قبض اور بسط ہوا کرتی ہے۔ جو حالت تمہاری میرے پاس ہوتی ہے اگر وہ ہمیشہ رہے تو فرشتے تم سے مصافحہ کریں۔

تو اب دیکھو کہ صحابہ کرامؓ اس نفاق اور دورنگی سے کس قدر ڈرتے تھے جب انسان جُرأت اور دلیری سے زبان کھولتا ہے تو وہ بھی منافق ہوتا ہے۔ دین کی ہتک ہوتی سُنے اور وہاں کی مجلس نہ چھوڑے یا اُن کو جواب نہ دے تب بھی منافق ہوتا ہے۔ اگر مومن کی سی غیرت اور استقامت نہ ہو تب بھی منافق ہوتا ہے۔ جب تک انسان ہر حال میں خدا کو یاد نہ کرے تب تک نفاق سے خالی نہ ہوگا اور یہ حالت تم کو بذریعہ دعا حاصل ہوگی۔ ہمیشہ دعا کرو کہ خدا تعالےٰ اس سے بچاوے۔ جو انسان داخل سلسلہ ہو کر پھر بھی دورنگی اختیار کرتا ہے تو وہ اس سلسلہ سے دُور رہتا ہے۔ اس لئے خدا تعالیٰ نے منافقوں کی جگہ اسفل السافلین رکھی ہے

کیونکہ ان میں دو رنگی ہوتی ہے اور کافروں میں یکرنگی ہوتی ہے۔

ہنسو تھوڑا اور روؤ بہت

صوفیوں نے لکھا ہے کہ اگر چالیس دن تک رونا نہ آوے تو جانو کہ دل سخت ہو گیا ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَّلْيَبْكُوا كَثِيرًا[1] کہ ہنسو تھوڑا اور روؤ بہت مگر اس کے برعکس دیکھا جاتا ہے کہ لوگ ہنستے بہت ہیں۔ اب دیکھو کہ زمانہ کی کیا حالت ہے۔ اس سے یہ مراد نہیں کہ انسان ہر وقت آنکھوں سے آنسو بہاتا رہے بلکہ جس کا دل اندر سے رو رہا ہے وہی روتا ہے۔ انسان کو چاہیے کہ دروازہ بند کر کے اندر بیٹھ کر خشوع اور خضوع سے دعا میں مشغول ہو اور بالکل عجز و نیاز سے خدا تعالیٰ کے آستانہ پر گر پڑے تاکہ وہ اس آیت کے نیچے نہ آوے۔ جو بہت ہنستا ہے وہ مومن نہیں۔ اگر سارے دن کا نفس کا محاسبہ کیا جاوے تو معلوم ہو کہ ہنسی اور تمسخر کی میزان زیادہ ہے اور رونے کی بہت کم ہے۔ بلکہ اکثر جگہ بالکل ہی نہیں ہے۔ اب دیکھو کہ زندگی کس قدر غفلت میں گذر رہی ہے اور ایمان کی راہ کس قدر مشکل ہے گویا ایک طرح سے مرنا ہے اور اصل میں اسی کا نام ایمان ہے۔

ایمان کی حقیقت

جب لوگوں کو تبلیغ کی جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ کیا ہم مسلمان نہیں ہیں۔ کیا ہم نماز نہیں پڑھتے۔ کیا ہم روزہ نہیں رکھتے۔ ان لوگوں کو حقیقت ایمان کا علم نہیں ہے۔ اگر علم ہوتا تو وہ ایسی باتیں نہ کرتے۔ اسلام کا مغز کیا ہے اس سے بالکل بیخبر ہیں۔ حالانکہ خدا تعالیٰ کی یہ عادت قدیم سے چلی آئی ہے کہ جب مغزِ اسلام چلا جاتا ہے تو اس کے از سرِ نو قائم کرنے کے واسطے ایک کو مامور کر کے بھیج دیتا ہے تاکہ کھلائے ہوئے اور مرے ہوئے دل پھر زندہ کئے جاویں مگر ان لوگوں کی غفلت اس قدر ہے کہ دلوں کی مُردگی محسوس نہیں کرتے خدا تعالیٰ فرماتا ہے بَلٰی مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ[2] یعنی مسلمان وہ ہے جو خدا تعالیٰ کی

[1] التوبہ: ۸۲ [2] البقرۃ: ۱۱۳

راہ میں اپنے تمام وجود کو سونپ دیوے اور نیک کاموں پر خدا تعالیٰ کے لئے قائم ہو جاوے
گویا اس کے قویٰ خدا تعالیٰ کے لئے مَر جاتے ہیں گویا وہ اس کی راہ میں ذبح ہو جاتا ہے
جیسے ابراہیم علیہ السلام نے اس اسلام کا نمونہ دکھلایا کہ ارادہ الٰہی کی بجا آوری میں اپنے
نفس کو ذرا بھی دخل نہ دیا اور ایک ذرا سے اشارہ سے بیٹے کو ذبح کرنا شروع کر دیا مگر
یہ لوگ اسلام کی اس حقیقت سے بے خبر ہیں۔ جو کام ہیں ان میں ملونی ہوتی ہے۔ اگر کوئی
ان میں سے رسالہ جاری کرتا ہے تو اس سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ روپیہ کما دے بال بچے
کا گذارہ ہو۔ ابھی حال میں ایک شخص کا خط آیا ہے۔ لکھتا ہے کہ میں نے عبدالغفور کے مرتد
ہونے پر اس کی کتاب ترک اسلام کے جواب میں ایک رسالہ لکھنا شروع کیا ہے۔ امداد
فرمادیں۔ ان لوگوں کو اس بات کا علم نہیں ہے کہ اسلام کیا شئے ہے۔ خدا تعالیٰ کی طرف
سے کوئی نفخ رُوح اس میں نہیں لیکن رسالہ لکھنے کو تیار ہے۔ ایسے شخص کو چاہیئے تھا
کہ اوّل تزکیۂ نفس کے لئے خود یہاں آتا اور پوچھتا اور اول خود اپنے اسلام کی خبر لیتا
لیکن عقل، دیانت اور سمجھ ہوتی تو یہ کرتا۔ مقصود تو اپنی معاش ہے اور رسالہ کو ایک بہانہ
بنایا ہے۔ ہر ایک جگہ یہی بدبُو آتی ہے کہ جو کام ہے خدا کے لئے نہیں بیوی بچوں کیلئے
ہے۔ جو خدا کا ہو جاتا ہے تو خدا اس کا ہو جاتا ہے اور اس کی تائید اور نصرت کا ہاتھ اس
کے کاموں سے معلوم ہو جاتا ہے اور آخر کار انسان مشاہدہ کرتا ہے کہ ایک غیب کا ہاتھ
ہے جو اُسے ہر میدان میں کامیاب کر رہا ہے۔ انسان اگر اس کی طرف چل کر آوے تو وہ
دوڑ کر آتا ہے اور اگر وہ اس کی طرف تھوڑا سا رجوع کرے تو وہ بہت رجوع ہوتا ہے۔
وہ بخیل نہیں ہے۔ سخت دل نہیں ہے۔ جو کوئی اس کا طالب ہے تو اس کا اوّل طالب وہ
خود ہوتا ہے۔ لیکن انسان اپنے ہاتھوں سے اگر ایک مکان کے دروازے بند کر دیوے تو
کیا روشنی اس کے اندر جاوے گی؟ ہرگز نہیں۔ یہی حال انسان کے قلب کا ہے۔ اگر اس
کا قول و فعل خدا تعالےٰ کی رضا کے موافق نہ ہوگا اور نفسانی جذبات کے تلے وہ دبا ہوا

ہوگا تو گویا دل کے دروازے خود بند کرتا ہے کہ خدا کا نور اور روشنی اس میں داخل نہ ہو۔ لیکن اگر وہ دروازوں کو کھولے گا تو معاً نور اس کے اندر داخل ہوگا۔

ابدال، قطب اور غوث وغیرہ جس قدر مراتب ہیں یہ کوئی نماز اور روزوں سے ہاتھ نہیں آتے۔ اگر ان سے یہ مل جاتے تو پھر یہ عبادات تو سب انسان بجالاتے ہیں سب کے سب ہی کیوں نہ ابدال اور قطب بن گئے۔ جب تک انسان صدق و صفا کے ساتھ خدا تعالےٰ کا بندہ نہ ہوگا۔ تب تک کوئی درجہ ملنا مشکل ہے۔ جب ابراہیم کی نسبت خدا تعالےٰ نے شہادت دی وَاِبْرَاهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰى[1] کہ ابراہیم وہ شخص ہے جس نے اپنی بات کو پُورا کیا۔ تو اس طرح سے اپنے دل کو غیر سے پاک کرنا اور محبتِ الٰہی سے بھرنا، خدا تعالےٰ کی مرضی کے موافق چلنا اور جیسے ظِلّ اصل کا تابع ہوتا ہے ویسے ہی تابع ہونا کہ اس کی اور خدا کی مرضی ایک ہو کوئی فرق نہ ہو۔ یہ سب باتیں دعا سے حاصل ہوتی ہیں۔ نماز اصل میں دعا کے لئے ہے کہ ہر ایک مقام پر دُعا کرے۔ لیکن جو شخص سویا ہوا نماز ادا کرتا ہے کہ اُسے اس کی خبر ہی نہیں ہوتی تو وہ اصل میں نماز نہیں۔ جیسے دیکھا جاتا ہے کہ بعض لوگ پچاس پچاس سال نماز پڑھتے ہیں۔ لیکن ان کو کوئی فائدہ نہیں ہوتا حالانکہ نماز وہ شئے ہے کہ جس سے پانچ دن میں روحانیت حاصل ہو جاتی ہے۔ بعض نمازیوں پر خدا تعالیٰ نے لعنت بھیجی ہے جیسے فرماتا ہے فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ[2] وَیل کے معنے لعنت کے بھی ہوتے ہیں۔ پس چاہیئے کہ ادائیگی نماز میں انسان سُست نہ ہو اور نہ غافل ہو۔ ہماری جماعت اگر جماعت بننا چاہتی ہے تو اُسے چاہیئے کہ ایک موت اختیار کرے نفسانی امور اور نفسانی اغراض سے بچے اور اللہ تعالےٰ کو سب شئے پر مقدم رکھے۔ بہت سی ریاکاریوں اور بیہودہ باتوں سے انسان تباہ ہو جاتا ہے۔ پوچھا جاوے تو لوگ کہتے ہیں کہ برادری کے بغیر گذارہ نہیں ہو سکتا۔ ایک حرام خور کہتا ہے کہ بغیر حرام خوری کے گذارہ نہیں ہو سکتا۔ جب ہر ایک حرام گذارہ کے لئے انہوں نے حلال کر لیا تو پھر پوچھو کہ

[1] النجم: ۳۸ [2] الماعون: ۵

خدا کیا رہا؟ اور تم نے خدا کے واسطے کیا کیا؟ ان سب باتوں کو چھوڑنا موت ہے جو بیعت کر کے اس موت کو اختیار نہیں کرتا تو پھر یہ شکایت نہ کرے کہ مجھے بیعت سے فائدہ نہیں ہوا۔ جب ایک انسان ایک طبیب کے پاس جاتا ہے تو جو پرہیز وہ بتلاتا ہے اگر اُسے نہیں کرتا تو کب شفا پا سکتا ہے۔ لیکن اگر وہ کرے گا تو یوماً فیوماً ترقی کرے گا۔ یہی اصول یہاں بھی ہے۔

جنّت کی فلاسفی

کوئی بات سوائے خدا تعالیٰ کے فضل کے حاصل نہیں ہو سکتی اور جسے اس دنیا میں فضل حاصل ہوگا اسے ہی آخرت میں بھی ہوگا جیسے کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے مَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى [1]۔ اسی لئے یہ ضروری ہے، کہ ان حواس کے حصول کی کوشش اسی جہان میں کرنی چاہیئے کہ جس سے انسان کو بہشتی زندگی حاصل ہوتی ہے اور وہ حواس بلا تقویٰ کے نہیں مل سکتے۔ ان آنکھوں سے انسان خدا تعالیٰ کو نہیں دیکھ سکتا لیکن تقویٰ کی آنکھوں سے انسان خدا کو دیکھ سکتا ہے۔ اگر وہ تقویٰ اختیار کرے گا تو وہ محسوس کرے گا کہ خدا مجھے نظر آرہا ہے اور ایک دن آوے گا کہ خود کہہ اُٹھے گا کہ مَیں نے خدا کو دیکھ لیا۔ اسی بہشتی زندگی کی تفصیل جو کہ متقی کو اسی دنیا میں حاصل ہوتی ہے قرآن شریف میں ایک اور جگہ بھی پائی جاتی ہے جیسے لکھا ہے كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ [2]۔ جب وُہ عالم آخرت میں ان درختوں کے اُن پھلوں سے جو دُنیا کی زندگی میں ہی اُن کو مل چکے تھے پائیں گے تو کہہ دیویں گے کہ یہ تو وہ پھل ہیں جو کہ ہمیں اوّل ہی دیئے گئے تھے کیونکہ وہ ان پھلوں کو اُن پہلے پھلوں سے مشابہ پاویں گے۔ اس سے یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ دنیا میں جو نعمتیں مثل دودھ۔ شہد۔ گھی اور انار اور انگور وغیرہ انہوں نے کھائے ہیں وہی ان کو وہاں جنت میں ملیں گے اور وہاں ان چیزوں

[1] بنی اسرائیل: ۷۳، [2] البقرة: ۲۶

کے مہیا کرنے کے لئے بہت سے باغات۔ درخت۔ مالی اور بیل وغیرہ اور گائے بھینسوں کے ریوڑ ہوں گے اور درختوں پر شہد کی مکھیوں کے چھتے ہوں گے جن سے شہد اُتار کر اہلِ جنّت کو دیا جاوے گا۔ یہ سب غلط خیال ہیں اگر جنّت کی یہی نعمت ہے جو اُن کو دُنیا میں ملتی رہی اور آخرت میں بھی ملے گی تو مومنوں اور کافروں میں کیا فرق رہا؟ ان سب چیزوں کے حاصل کرنے میں تو کافر اور مشرک بھی شریک ہیں۔ پھر اس میں بہشت کی خصوصیت کیا ہے؟ لیکن قرآن شریف اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ بہشت کی نعمتیں ایسی چیزیں ہیں جو نہ کسی آنکھ نے دیکھیں۔ نہ کسی کان نے سُنیں اور نہ دلوں میں گذریں۔ اور ہم دنیا کی نعمتوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ سب آنکھوں نے دیکھیں کانوں نے سُنیں اور دل میں گذری ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ ان جنّتی نعمتوں کا تمام نقشہ جسمانی رنگ پر ظاہر کیا گیا ہے مگر وہ اصل میں اَور ہیں ورنہ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ[1] کے کیا معنے ہوں گے۔ اس کے وہی معنے ہیں جو کہ مَنْ كَانَ فِیْ هٰذِهٖۤ اَعْمٰى فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى[2] کے ہیں۔ دوسرے مقام پر قرآن شریف فرماتا ہے وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ[3]۔ جو شخص خدا تعالیٰ سے خائف ہے اور اس کی عظمت اور جلال کے مرتبہ سے ہراساں ہے اس کے لئے دو بہشت ہیں۔ ایک یہی دنیا اور دوسری آخرت۔ جو شخص سچے اور خالص دل سے نقشِ ہستی کو اس کی راہ میں مٹا کر اس کے متلاشی ہوتے ہیں اور عبادت کرتے ہیں تو اُس میں اُن کو ایک قسم کی لذّت شروع ہو جاتی ہے۔ اور اُن کو وہ رُوحانی غذائیں ملتی ہیں جو رُوح کو روشن کرتی اور خدا تعالیٰ کی معرفت کو بڑھاتی ہیں۔ ایک جگہ پر شیخ عبد القادر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب انسان فانی ہو جاتا ہے تو اُس کی نماز کا ثواب مارا جاتا ہے۔ اس کے یہ معنے نہیں ہیں کہ اس کی نماز اب بارگاہِ الٰہی میں قبول نہیں ہوتی بلکہ یہ معنے ہیں کہ چونکہ اب اُسے لذّت شروع ہو گئی ہے تو جو اجر اس کا عند اللہ تھا وہ اب اُسے دنیا میں ملنا شروع ہو گیا ہے جیسے ایک شخص اگر دودھ

[1] البقرۃ: ۲۶ [2] بنی اسرائیل: ۷۳ [3] الرحمان: ۴۷

میں برف اور خوشبو وغیرہ ڈال کر پیتا ہے تو کیا کہہ سکتے ہیں کہ اُسے ثواب ہوگا کیونکہ لذت تو اس نے اس کی بہیں حاصل کر لی۔ خدا تعالیٰ کی رضامندی اور کسی عمل کی قبولیت اور شئے ہے اور ثواب اَور شئے ہے۔ ہر ایک لفظ اپنے اپنے مقام کے لئے چسپاں ہوتا ہے اسی لحاظ سے شیخ عبدالقادر صاحب نے فرمایا کہ عارف کی نماز کا ثواب مارا جاتا ہے جو اہلِ حال ہوتا ہے وہ اپنی جگہ پُورے بہشت میں ہوتا ہے اور جب انسان کو خدا تعالیٰ سے پورا تعلق ہو جاتا ہے تو اغلال اور اثقال جس قدر بوجھ اس کی گردن میں ہوتے ہیں وہ سب اُٹھائے جاتے ہیں۔ وہ لذّت جو خدا تعالیٰ کی طرف سے اس کی عبادت میں حاصل ہوتی ہے وہ اَور ہے اور جو اکل وشرب اور جماع وغیرہ میں حاصل ہوتی ہے وہ اَور ہے لکھا ہے کہ اگر ایک عارف دروازہ بند کر کے اپنے مولا سے راز و نیاز کر رہا ہو تو اُسے اپنی عبادت اور اس راز و نیاز کے اظہار کی بڑی غیرت ہوتی ہے اور وہ ہرگز اُس کا افشا پسند نہیں کرتا۔ اگر اس وقت کوئی دروازہ کھول کر اندر چلا جاوے تو وہ ایسا ہی نادم اور پشیمان ہوتا ہے جیسے زانی زنا کرتا پکڑا جاتا ہے۔ جب اس لذّت کی حد کو انسان پہنچ جاتا ہے تو اس کا حال اَور ہوتا ہے اور اسی حالت کو یاد کر کے وہ جنّت میں کہیگا کہ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ۔[1] بہشتی زندگی کی بنیاد یہی دنیا ہے۔ بعد مرنے کے جب انسان بہشت میں داخل ہوگا تو یہی کیفیت اور لذّت اُسے یاد آوے گی۔ تو اسی بات کا طالب ہر ایک کو ہونا چاہیئے۔

گناہوں کا چھوڑنا تو کوئی بڑی بات نہیں ہے یہ ایک ذلیل کام ہے اگر کوئی کہے کہ میں چوری نہیں کرتا۔ زنا نہیں کرتا۔ خون نہیں کرتا۔ اور فسق و فجور نہیں کرتا تو کوئی خوبی کی بات نہیں اور نہ خدا پر یہ احسان ہے کیونکہ اگر وہ ان باتوں کا مرتکب نہیں ہوتا تو اُنکے بدنتائج سے بھی وہی بچا ہوا ہے۔ کسی کو اس سے کیا؟ اگر چوری کرتا گرفتار ہوتا سزا پاتا۔ اس قسم کی نیکی کو نیکی نہیں کہا کرتے۔

[1] البقرة: ۲۶

ایک شخص کا ذکر ہے کہ ایک کے ہاں مہمان گیا۔ بیچارے میزبان نے بہت تواضع کی تو مہمان آگے سے کہنے لگا کہ حضرت آپ کا کوئی احسان مجھ پر نہیں ہے احسان تو میرا آپ پر ہے کہ آپ اتنی دفعہ باہر آتے جاتے ہیں اور کھانا وغیرہ تیار کروانے اور لانے میں دیر لگتی ہے۔ میں پیچھے اکیلا با اختیار ہوتا ہوں چاہوں تو گھر کو آگ لگا دوں یا آپ کا اور نقصان کر چھوڑوں تو اس میں آپ کا کس قدر نقصان ہو سکتا ہے۔ تو یہ میرا اختیار ہے کہ میں کچھ نہیں کرتا۔ ایسا خیال ایک بد آدمی کا ہوتا ہے کہ وہ بدی سے بچ کر خدا تعالےٰ پر احسان کرتا ہے۔ اس لئے ہمارے نزدیک ان تمام بدیوں سے بچنا کوئی نیکی نہیں ہے بلکہ نیکی یہ ہے کہ خدا تعالیٰ سے پاک تعلقات قائم کئے جاویں اور اس کی محبت ذاتی رگ و ریشہ میں سرایت کر جاوے جیسے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبٰى[1]۔ خدا تعالیٰ کے ساتھ عدل یہ ہے کہ اس کی نعمتوں کو یاد کر کے اُس کی فرماں برداری کرو اور کسی کو اُس کا شریک نہ ٹھہراؤ اور اُسے پہچانو اور اس پر ترقی کرنا چاہو تو درجہ احسان کا ہے اور وہ یہ ہے کہ اُس کی ذات پر ایسا یقین کر لینا کہ گویا اس کو دیکھ رہا ہے اور جن لوگوں نے تم سے سلوک نہیں کیا ان سے سلوک کرنا۔ اور اگر اس سے بڑھ کر سلوک چاہو تو ایک اور درجہ نیکی کا یہ ہے کہ خدا کی محبت طبعی محبت سے کرو۔ نہ بہشت کی طمع نہ دوزخ کا خوف ہو۔ بلکہ اگر فرض کیا جاوے کہ نہ بہشت ہے نہ دوزخ ہے تب بھی جوشِ محبت اور اطاعت میں فرق نہ آوے۔ ایسی محبت جب خدا تعالیٰ سے ہو تو اس میں ایک کشش پیدا ہو جاتی ہے اور کوئی فتور واقع نہیں ہوتا۔

اور مخلوقِ خدا سے ایسے پیش آؤ کہ گویا تم اُن کے حقیقی رشتہ دار ہو۔ یہ درجہ سب سے بڑھ کر ہے کیونکہ احسان میں ایک مادہ خود نمائی کا ہوتا ہے اور اگر کوئی احسان فراموشی کرتا ہو تو محسن جھٹ کہہ اُٹھتا ہے کہ میں نے تیرے ساتھ فلاں احسان کئے لیکن طبعی محبت جو کہ ماں کو بچے کے ساتھ ہوتی ہے اس میں کوئی خود نمائی نہیں ہوتی بلکہ اگر ایک بادشاہ ماں کو یہ

[1] النحل : ۹۱

حکم دیوے کہ تو اس بچے کو اگر مار بھی ڈالے تو مجھ سے کوئی باز پرس نہ ہوگی تو وہ کبھی یہ بات سُننا گوارا نہ کرے گی اور اس بادشاہ کو گالی دے گی۔ حالانکہ اسے علم بھی ہو کہ اس کے جوان ہونے تک میں نے مرجانا ہے مگر پھر بھی محبت ذاتی کی وجہ سے وہ بچہ کی پرورش کو ترک نہیں کرے گی۔ اکثر دفعہ ماں باپ بوڑھے ہوتے ہیں اور ان کو اولاد ہوتی ہے تو اُن کی کوئی امید بظاہر اولاد سے فائدہ اُٹھانے کی نہیں ہوتی لیکن باوجود اس کے پھر بھی وہ اس سے محبت اور پرورش کرتے ہیں۔ یہ ایک طبعی امر ہوتا ہے جو محبت اس درجہ تک پہنچ جاوے اس کا اشارہ اِیْتَآیِٔ ذِی الْقُرْبٰی[1] میں کیا گیا ہے کہ اس قسم کی محبت خدا تعالیٰ کے ساتھ ہونی چاہیئے۔ نہ مراتب کی خواہش نہ ذلت کا ڈر۔ جیسے آیت لَا نُرِیۡدُ مِنۡکُمۡ جَزَآءً وَّ لَا شُکُوۡرًا[2] سے ظاہر ہے غرضکہ یہ باتیں ہیں جن کو یاد رکھنا چاہیئے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۲ صفحہ ۳۲۳ تا ۳۲۵ مورخہ ۱۶ نومبر ۱۹۰۳ء)

یکم نومبر ۱۹۰۳ء

تہجد کی نماز کا طریق

عبدالعزیز صاحب سیالکوٹی نے لائل پور میں یہ مسئلہ بیان کیا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تہجد کی نماز اس طرح سے جیسا کہ اب تعامل اہل اسلام ہے بجا نہ لاتے بلکہ آپ صرف اُٹھ کر قرآن شریف پڑھ لیا کرتے اور ساتھ ہی یہ بھی بیان کیا کہ یہی مذہب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہے . . . . . حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں بوساطت منشی نبی بخش صاحب اور مولوی نورالدین صاحب یہ امر تحقیق کے لئے پیش کیا گیا جس پر حضرت امام الزمان علیہ السلام نے مفصلہ ذیل فتویٰ دیا کہ

میرا یہ مذہب ہرگز نہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اُٹھ کر فقط قرآن شریف پڑھ لیا کرتے تھے اور بس۔ میں نے ایک دفعہ یہ بیان کیا تھا کہ اگر کوئی شخص بیمار ہو یا کوئی اور ایسی

[1] النحل: ۹۱ [2] الدھر: ۱۰

وجہ ہو کہ وہ تہجد کے نوافل ادا نہ کر سکے تو وہ اُٹھ کر استغفار، درود شریف اور الحمد شریف ہی پڑھ لیا کرے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ نوافل ادا کرتے۔ آپ کثرت سے گیارہ رکعت پڑھتے آٹھ نفل اور تین وتر۔ آپ کبھی ایک ہی وقت میں ان کو پڑھ لیتے اور کبھی اس طرح سے ادا کرتے کہ دو رکعت پڑھ لیتے اور پھر سو جاتے اور پھر اُٹھتے اور دو رکعت پڑھ لیتے اور سو جاتے۔ غرض سو کر اور اُٹھ کر نوافل اسی طرح ادا کرتے جیسا کہ اب تعامل ہے اور جس کو اب چودھویں صدی گذر رہی ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۳ صفحہ ۳۲۵ مورخہ ۱۹ نومبر ۱۹۰۳ء)

---

۴ نومبر ۱۹۰۳ء
بوقت ظہر

تقریر[1] حضرت اقدس علیہ السلام

حضرت اقدس امام صادق علیہ الصلوٰۃ والسلام بوقت ظہر حسب معمول اندر سے مسجد مبارک میں تشریف لائے اور مسند کو زیب نشست بخش کر مولوی برہان الدین صاحب جہلمی سے مخاطب ہو کر فرمایا[1] کہ

آپ کے چہرہ پر آثار پژمردگی و پریشانی و حیرانی کیسے نظر آ رہے ہیں؟

عرض کی کہ حضور وجہ تو صرف یہی ہے کہ اب دوسرا کنارہ یعنی جہان ثانی نظر آ رہا ہے کیونکہ بوجہ پیرانہ سالی کے اب عالم آخرۃ کا ہی خیال رہتا ہے۔ گنتی ہی کے دن اب باقی سمجھنے چاہئیں۔ مزید برآں عارضہ ضعف اور بھی اس کے سریع الوقوع ہونے پر شاہد

---

[1] یہ تقریر مولوی برہان الدین صاحب کو مخاطب فرما کر فرمائی اور اس تقریر کے نوٹ چوہدری اللہ داد خان صاحب کلرک صدر شاہ پور نے لئے اور بعد ازاں ان نوٹوں کو اپنے الفاظ میں مرتب کر کے موقعہ بہ موقعہ حضرت اقدس علیہ السلام کے اشعار بھی چسپاں کئے۔ (مرتب)

ہے اور ضعف کا یہ باعث ہے کہ ابتدا میں کچھ مراقبہ و نفی و اثبات کا کسی قدر شغل رکھا ہے جس سے یہ ضعف لاحق حال ہو گیا ہے۔

یہ سُنکر حضرت اقدس نے ایک معانی خیز اور پُر معارف لب و لہجہ کے ساتھ فرمایا کہ

جب یہ حالت ہے تب تو ضرور ہی ان تمام عارضی تحیرات کو یکسو رکھ کر صرف ایک ہی آستانہ بارگاہ ایزدی پر نظر رکھنی چاہیئے کیونکہ ہر ایک سعادت کیش و متلاشی حق رُوح کا یہی مأمن اور یہی ملجا و ماویٰ ہے اور چونکہ یہ مسلّمہ امر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے پیارے مقرب کے پاس رہنا گویا ایک طرح سے خود خدا تعالیٰ کے پاس رہنا ہوتا ہے اس واسطے اب آپ کو باقی ایام زندگی اس جگہ قادیان میں گذارنے چاہئیں اور یہاں آکر ڈیرا لگا دینا چاہیئے اور اس شعر پر کاربند ہونا چاہیئے:۔

چو کار عمر ناپیدا است بارے ایں اولیٰ
کہ روز واقعہ پیش نگار خود باشد

یہاں تو مقولہ "یک در گیر محکم گیر" پر عمل کرنا ضروری و لازمی ہے۔ ہر ایک کے لئے مناسب و واجب ہے کہ حسب استطاعت اپنے نفس کے ساتھ جہاد کر کے پوری سعی کرے تاکہ ٹھیک وقت پر سفر منزل محبوب حقیقی کے لئے تیاری کر سکے۔ بغیر جوش محبت کے اس راہ پر قدم مارنا بڑا مشکل ہے اور ساتھ ہی اس پر استقلال و استقامت ضروری ہے جب یہ امر حاصل ہو جاوے تو پھر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جذب القلوب کا عمل بتدریج خود بخود شروع ہو جاوے گا۔ جس سے صادقین کی معیت کی توفیق ملے گی اور اس صیقل تعشق الٰہی سے زنگار آئینۂ دِل محو ہو کر تزکیۂ نفس و تطہیر قلب نصیب ہوگا۔ مگر تلاش حق کا بیج بونا مقدم ہے جس سے صدق و صفا کا پُر ثمر نخل پیدا ہوتا ہے اور محبت ذات ربانی کی آب پاشی سے نشو و نما پاتا ہے۔

بمنزل جاناں رسد بہاں مردے
کہ ہمدم در تلاشش او دوان باشد

آپ اپنی پہلی حالت کو یاد کریں جبکہ آغاز سال ۱۸۸۸ء میں صرف محبت اللہ کا جوش آپ کو کشاں کشاں یہاں لایا تھا اور آپ پاپیادہ افتاں وخیزاں اس قدر دُور فاصلہ سے پہلے قادیان پہنچے تھے اور جب کہ ہم کو اس جگہ نہ پایا تو اسی بیتابی و بیقراری کے جوش میں ہنگا پوکر کے پیدل ہی ہمارے پاس ہوشیار پور جا پہنچے تھے اور جب وہاں سے واپس ہونے لگے تو اس وقت ہم سے جدا ہونا آپ کو بڑا شاق گذرتا تھا۔ اب تو ایسا وقت آگیا ہے کہ آپ کو آگے ہی قدم مارنا چاہیئے نہ یہ کہ اُلٹا تساہل و تکاسل میں پڑیں۔ اب تو زمانہ بزبان حال کہہ رہا ہے اور نشانات و علامات سماوی بآواز دُہل پکار رہے ہیں کہ

چنیں زمانہ چنیں دَور ایں چنیں برکات
تو بے نصیب روی وہ چہ ایں شقا باشد
فلک قریب زمیں شد ز بارش برکات
کجاست طالب حق تا یقیں فزا باشد
بجز اسیریٔ عشق رخش رہائی نیست
بدرد او ہمہ امراض را دوا باشد

غرض کہ پوری مستعدی وہمت سے استقلال دکھلاویں۔ یہ آثار پژمردگی ہیں برمحل معلوم نہیں ہوتے۔ یہاں کا رہنا تو ایک قسم کا آستانۂ ایزدی پر رہنا ہے۔ اس حوض کوثر سے وُہ آب حیات ملتا ہے کہ جس کے پینے سے حیاتِ جاودانی نصیب ہوتی ہے جس پر ابدالآباد تک موت ہرگز نہیں آسکتی۔ اچھی طرح کمربستہ ہو کر پورے استقلال سے اس صراط مستقیم کے راہ روئیں اور ہر قسم کی دنیاوی روکاوٹوں اور نفسانی خواہشوں کی ذرہ پرواہ نہ کرکے اللہ تعالیٰ کے صادق مامور کی پوری معیت کریں تاکہ حکم "کونوا مع الصادقین"

کی فرمانبرداری کا سنہری تمغہ آپ کو حاصل ہو۔

یاد رکھیں کہ راستی و صداقت کے فرزند ہمیشہ جاہ و جلال کے تاج زریں کے وارث ہوا کرتے ہیں۔ راستبازی کے حاسد دشمنوں کا جو انجام ہوا کرتا ہے وہ کبھی پوشیدہ نہیں ؏

بسوزد آنکہ نہ سوزد بصدق در رہِ یار
بمیرد آنکہ گریزندہ از فنا باشد

معلوم نہیں کہ آپ کو جہلم سے کیوں اُنس ہے حالانکہ اس کی میم نسبتی کو حذف کرنے کے بعد تو جہل ہی جہل رہ جاتا ہے۔ بھلا فہم و ذکا کو جہل سے کیا نسبت؟

مولوی صاحب نے عرض کی کہ حضور واقعی یہ تو سچ ہے کہ جہلم بمعنی جہل من ہی ہے آخری میم نسبتی ہے۔ فرمایا کہ

جب یہ حال ہے تو ایسے جہل کو ترک کرنا چاہیئے۔ وہاں کی رہائش کو یہاں کی رہائش پر کسی طرح بھی ترجیح نہیں ہو سکتی۔ پھر اس حالت میں مامور من اللہ کی صحبت نہایت ضروری بلکہ مغتنمات سے ہے۔ خوش قسمت وہ جن کو یہ نعمت غیر مترقبہ نصیب ہو۔ جو شخص سب کچھ چھوڑ کر اس جگہ آکر آباد نہیں ہوتا یا کم از کم ایسی تمنا دل میں نہیں رکھتا اس کی حالت کی نسبت مجھے بڑا اندیشہ ہے کہ مبادا وہ پاک کرنے والے تعلقات میں ناقص نہ رہے۔ اپنے گھروں، وطنوں اور املاک کو چھوڑ کر میری ہمسائیگی کے لئے قادیان میں بود و باش کرنا اصحاب الصفہ کا مصداق بننا ہے۔

اور یہ تو ایک ابتدائی مرحلوں میں سے ہے ورنہ مردانِ خدا کو تو اگر اس سے بھی صدہا درجہ بڑھ کر دشواریوں و مصیبتوں کا سامنا ہو۔ تاہم وہ ان کی کچھ پروا نہیں کرتے بلکہ وفور جذبہ عشق محبوب حقیقی سے آگے ہی قدم مارتے ہیں اور اپنا تمام دھن، من، تن اسی راہ میں صرف کر دینے کو عین اپنی سعادت و خوش قسمتی سمجھتے ہیں اور یہی ان کا مقصود

بالذات ہوتا ہے کہ دنیوی علائق کے جالوں کو توڑ کر اور اس کے پھندوں سے مخلصی پا کر اس جمیع محامد کی جامع ذات ستودہ صفات کے آستانہ سراپا برکت خیز پر پہنچنے کا شرف حاصل کریں ؎

نشاید از رہِ جانانِ خود بہر اخلاص
اگرچہ سیلِ مصیبت بزور ہا باشد
براہِ یار عزیز از بلا نہ پرہیزد
اگرچہ در رہِ آں یار اژدہا باشد
بدولتِ دو جہاں سر خرو نمے آید
بعشق یار دلِ زارِ شاں دوتا باشد

میں پھر توجہ دلاتا ہوں کہ درحقیقت اصول استقامت یہی ہے کلام مجید میں ہے اَلَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا[1] یعنی جو اللہ تعالٰی کی طرف آجاتے ہیں وہ صرف اللہ تعالٰی کے ہی راستہ پر نہیں آتے بلکہ اسی صراط مستقیم پر استقامت بھی دکھلاتے ہیں۔ نتیجہ کیا ہوتا ہے کہ تطہیر و تنویر قلوب کی منزلیں طے کر لیتے ہیں۔ اور بعد انشراحِ صدر کے جو اللہ تعالٰی کے فضل سے ان کو حاصل ہوتا ہے اللہ تعالٰی ان کو اپنی خاص نعمتوں سے متمتع فرماتا ہے۔ محبت و ذوق الٰہی ان کی غذا ہو جاتی ہے مکالمہ الٰہی، وحی، الہام و کشف وغیرہ انعاماتِ الٰہی سے مشرف و بہرمند کئے جاتے ہیں۔ درگاہِ ربّ العزت سے طمانیت و سکینت اُن پر اُترتی ہے۔ حُزن و مایوسی اُن کے نزدیک تک نہیں پھٹکتی۔ ہر وقت جذبہ محبت و ولولۂ عشق الٰہی میں سرشار رہتے ہیں گویا لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ[2] کے پورے مصداق ہو جاتے ہیں۔ ما درمن قال

کلید ایں ہمہ دولت محبت است و وفا
خوشا کسیکہ چنیں دولتش عطا باشد

[1] حٰمٓ السجدة: ۳۱ [2] البقرة ۱۱۳

غرض استقامت بڑی چیز ہے۔ استقامت ہی کی بدولت تمام گروہ انبیاء ہمیشہ مظفر و منصور و بامراد ہوتا چلا آیا ہے۔

ذات تقدس مآب باری تعالیٰ کے ساتھ ایک خالص ذاتی تعلق و گہرا پیوند قائم کرنا چاہیئے۔ جب یہ تعلق پورا قائم ہو جاوے پھر ہر ایک قسم کے خوف و خطر سے انسان محفوظ و مطمئن ہو جاتا ہے اور انشراح صدر کے بعد تمام بوجھ ہلکے ہو جاتے ہیں۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ صرف اس لئے کہ ان کو "ہر کہ در ایزدی یافت باز بدر دیگر نتاخت" پر حق الیقین ہو جاتا ہے اور اس کی پُرثمر تاثیرات اُن کے لوحِ قلب پر منقش ہو جاتی ہیں اور اُن کے رگ و ریشہ میں سرایت کر گئی ہوتی ہیں اور بوجہ استیلائے محبت و تعشق الٰہی و شہود و عظمت و جلال ذات کبریائی ان کے قلب سلیم کا یہی ورد ہو جاتا ہے۔ ؎

نہ از چینم حکایت کن نہ از روم

کہ دارم دلستانے اندریں بوم

چوں روئے خوب او آید بیادم

فراموشم شود موجود و معدوم

آپ اپنے سارے جسم و جان روح و رواں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ہو جاویں۔ پھر خدا تعالیٰ خود بخود تم سب کا حافظ و ناصر معین و کارساز ہو جاوے گا۔ چاہیئے کہ انسان کے تمام قویٰ آنکھ۔ کان۔ دل۔ دماغ۔ دست و پا جملہ متمسک باللہ ہو جاویں۔ ان میں کسی قسم کا اختلاف نہ رہے۔ اسی میں تمام کامیابیاں و نصرتیں ہیں۔ یہی اصلی مراقبہ ہے۔ اسی سے حرارت قلبی و روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ اور اسی کی بدولت ایمان کامل نصیب ہوتا ہے۔

سب سے اول تو انسان کو اپنا مرض معلوم کرنا چاہیئے۔ جب تک مرض کی تشخیص نہ ہو علاج کیا ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اطمینان نہ پانا یہی خطرناک مرض ہے۔ یہ

وہ حالت ہے جبکہ انسان نفس امارہ کے زیرِ حکم چل رہا ہوتا ہے۔ اس وقت صرف محرکات بدی یعنی شیطان ہی کی اس پر حکومت ہوتی ہے اور انہیں اللہ تعالیٰ سے دور افتادہ ہلاک ہونے والی ناپاک روحوں کا اس پر اثر ہوتا ہے۔

اس سے ذرا اُوپر انسان ترقی کرتا ہے تو اس وقت اس کا اپنے نفس کے ساتھ ایک جہاد شروع ہو جاتا ہے اس کی ایسی حالت کا نام لوامہ ہے۔ اس وقت اگرچہ محرکات بدی سے اس کو پُوری خلاصی نہیں ہوتی مگر محرکاتِ نیکی یعنی ملائکہ کی پاک تحریکات کی تاثیریں بھی اس پر مؤثر ہونے لگ جاتی ہیں۔ ان نیک تحریکات کی قوت و طاقت سے نفس امارہ سے اس کی ایک قسم کی کُشتی ڈٹ جاتی ہے اور ان کی مدد سے تحریکات بدی پر غلبہ پاتے پاتے زینہ ترقی پر چڑھنا شروع ہو جاتا ہے اور اگر فضلِ ایزدی شاملِ حال ہو تو بتدریج ترقی کرتا جاتا ہے۔ آخرکار اس نفسِ لوامہ کی کُشتی جیت لینے پر تمام تحریکات بدی کو مغلوب کر لیتا ہے اور اس مرحلہ سے اُوپر چڑھنے پر وہ ناپاک روحوں کی بُری تحریکات کے نتائج بد سے بالکل محفوظ ہو کر امن الٰہی میں آجاتا ہے۔ اس حالتِ کامیابی و ظفرمندی و فائزالمرامی کا نام مطمئنّہ ہے۔ اس وقت وہ ذات باری تعالےٰ سے آرام یافتہ ہوتا ہے اور اسی منزل پر پہنچ کر سالک کا سلوک ختم ہو جاتا ہے۔ تمام تکلفات اُٹھ جاتے ہیں۔ اور بلحاظ مدارج روحانیت کے یہی جد وجہد کی انتہا اور اس کا مقصود ذاتی ہوتا ہے۔ اس گوہر مقصود کے حصول پر وہ پورا کامیاب و فائزالمرام ہو جاتا ہے۔ ہماری بعثت کی علّت غائی بھی تو یہی ہے کہ رستۂ منزلِ جاناں کے بھُولے بھٹکوں، دل کے اندھوں، جذامِ ضلالت کے مبتلاؤں، ہلاکت کے گڑھے میں گرنے والوں کور باطنوں کو صراطِ مستقیم پر چلا کر وصالِ ذات ذوالجلال کا شیریں جام پلایا جاوے اور عرفانِ الٰہی کے اس نقطہ انتہائی تک اُن کو پہنچایا جاوے تاکہ اُن کو حیاتِ ابدی و راحتِ دائمی نصیب ہو اور جوارِ رحمتِ ایزدی میں جگہ لے کر مست و سرشار رہیں۔

ہماری معیت اور رفاقت کی پاک تاثیرات کے ثمرات حسنہ بالکل صاف ہیں۔ ہاں ان کے ادراک کے لئے فہم رسا چاہیئے۔ ان کے حصول کے لئے رُشد وصفا چاہیئے۔ ساتھ ہی استقامت کے لئے اتقا چاہیئے ورنہ ہماری جانب سے تو چار دانگ کے عالم کے کانوں میں عرصہ سے کھول کھول کر منادی ہو رہی ہے ؎

بیا آمدم کہ رہ صدق را درخشانم
بدلستان برم آنرا کہ پارسا باشد
کسیکہ سایۂ بال ہماش سود نداد
بباید ش کہ دو روزے بظلِّ ما باشد
گلے کہ روئے خزاں را گہے نخواہد دید
بباغ ماست اگر قسمت رسا باشد

ہم نے تو اس مائدہ الٰہی کو ہر کس و ناکس کے آگے رکھنے میں کوئی دقیقہ باقی نہیں چھوڑا مگر آگے اُن کی اپنی قسمت۔ وما علینا الّا البلاغ۔

اس سے تھوڑا زمانہ پہلے بڑے بڑے علماء لکھ گئے تھے کہ مہدی موعود و مسیح مسعود کی آمد کا زمانہ بالکل قریب ہے بلکہ بعض نے اس کی تائید میں اپنے مکاشفات بھی لکھے تھے۔ جب اس نعمت کا وقت آیا تو تمام یہودی سیرتوں نے اس کے قبول کرنے سے اعراض کر دیا ہے اور صرف انکار پر ہی اکتفا نہیں کی بلکہ تکذیب پر ایسے تُلے ہوئے ہیں کہ جس کا کوئی حد وحساب نہیں۔ مخالفت کا کوئی پہلو چھوڑ نہیں رکھا۔ ہر دجالیت و یہودیت کو عمل میں لایا جا رہا ہے۔ ہر وقت فساد و شرارت کا بازار گرم کیا ہوا ہے۔ کونسا ایذا و تکلیف دہی کا راہ ہے جس پر وہ نہیں چلے۔ ہماری تخریب و استیصال کے لئے کونسا میدان تدبیر ہے جو اُن کی اسپان مخالفت کی دوڑ دھوپ سے بچ رہا ہے۔ استہزاء و تضحیک کا کونسا پہلو باقی چھوڑا گیا ہے۔ یاحسرةً علی العباد ما یاتیھم من رسولٍ الّا کانوا

بہ یستھزءون[۱]. مگر اُن کی یہ فتنہ پردازیاں وگریہ مکاریاں کچھ بھی عند اللہ وقعت نہیں رکھتیں۔ چہ جائیکہ ان کو کبھی کامیابی کا منہ دیکھنا بھی نصیب ہو۔ ؎

چراغیکہ ایزد برفروزد
ہر آنکس تف زند ریشش بسوزد

سچ پوچھو تو اُن کی یہ مخالفتیں ہماری مزرعہ کامیابی کے لئے کھاد کا کام دے رہی ہیں کیونکہ اگر مخالفوں سے میدان صاف ہوجاوے تو اس میدان کے مردانِ کارزار کے جوہر کس طرح ظاہر ہوں اور انعامات الٰہی کی غنیمت سے اُن کو کس طرح حصہ نصیب ہو اور اگر اعداء کی مخالفت کا بحر مواج پایاب ہوجاوے تو اس کے غواصوں کی کیا قدر ہو اور وہ بحر معانی کے بے بہا گوہر کو کس طرح حاصل کرسکیں۔ مادرتماقیل ؎

گر نبودے در مقابل روئے مکروہ وسیاہ
کس چہ دانستے جمالِ شاہدِ گلفام را
گر نیفتادے بخصمے کار در جنگ ونبرد
کے شود جوہر عیاں شمشیرِ خوں آشام را

اس مخالفت کا کوئی ایسا ہی بہتر معلوم ہوتا ہے ورنہ ان کی مخالفت کے ارادے عند اللہ کیا قدر رکھتے ہیں۔ اس ذات قادر مطلق کا تو صاف حکم ہے انّ حزب اللہ ھم الغالبون[۲]۔ اور اس جنگ وجدال کا آخری انجام بھی بتا دیا ہے کہ والعاقبۃ للمتقین[۳]۔ مگر افسوس کہ بایں ہمہ کوتاہ اندیش نہیں سمجھتے حالانکہ اس نصرت الٰہی و تائید ایزدی کا انہیں مشاہدہ و تجربہ بھی ہوتا رہتا ہے اور ان کی مذلت وخسران و نامرادی کا انجام بھی کوئی پوشیدہ نہیں ہے کیوں نہ ہو ؎

خدا کے پاک لوگوں کو خدا سے نصرت آتی ہے
جب آتی ہے تو پھر عالم کو اک عالم دکھاتی ہے

[۱] یٰسٓ: ۳۱ [۲] المائدۃ: ۵۷ [۳] الاعراف: ۱۲۹

وہ بنتی ہے ہوا اور ہر خسِ راہ کو اُڑاتی ہے

وہ ہو جاتی ہے آگ اور ہر مخالف کو جلاتی ہے

غرض رُکتے نہیں ہرگز خدا کے کام بندوں سے

بھلا خالق کے آگے خلق کی کچھ پیش جاتی ہے

قطع نظر ان بیوست مجسم مولویوں اور خشک ملاؤں کے موجودہ زمانہ کے فقراء کا گروہ بھی کچھ کم نہیں ہے۔ ان میں ریاکاری و ذاتی اغراض کی ایک زہر ہوتی ہے جو آخرکار اُن کو ہلاک کر ڈالتی ہے۔ ان کا ہر ایک قول و فعل و عمل ان کی نفسانی اغراض کے تابع ہوتا ہے اور اس میں کوئی نہ کوئی نہاں در نہاں ذاتی غرض مرکوز خاطر ہوتی ہے۔ مثلاً خواہش مسخرات و طلب دنیا و جاہ طلبی وغیرہ وغیرہ تاکہ لوگ ان کی طرف رجوع کریں اور اُن کی دنیوی عزت و مال و متاع میں ترقی ہو جس سے اپنے نفسِ امارہ کو خوش رکھیں۔ یہ ایسا سم قاتل ہے کہ اس کا انجام ہلاکت ہے۔ بعض ان میں سے زمین کھود کر چلہ کرتے ہیں۔ نہ یہ حکم الٰہی ہے اور نہ سنتِ نبوی۔ ریاکاری و مکاری کا خود تراشیدہ ایک خاص ڈھنگ ہے تاکہ لوگوں کو دامِ تزویر میں لایا جاوے اور یہی اُن کی دلی غرض ہوتی ہے اُن کے ایسے عملوں کی مثال میدانی سراب جیسی ہے کہ وہ دُور سے تو خوش نما مصفّٰی پانی دکھائی دیتا ہے مگر نزدیک جانے پر اس کی اصل حقیقت کھل جاتی ہے کہ وہ تو صرف آنکھوں کا دھوکا ہی دھوکا تھا۔ اس وقت تشنگانِ آبِ زلال کو بجز حسرت و پشیمانی کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ ایسے ریاکاروں کو جہنم سے حصہ ملتا ہے کیونکہ حق تعالیٰ سے وہ بالکل بیگانے اور کوچۂ یارِ حقیقی سے بالکل ناآشنا ہوتے ہیں وہ معرفت الٰہی میں دل کے مُردہ اور تن بگور ہوتے ہیں۔ شاید ایسوں ہی کے لئے یہ خطاب ہے ؎

کاملاں حق اند در زیرِ زمیں

تو بگوئی با حیاتِ ایں چنیں

ان کی موت کی حالت عوام کالانعام سے بدتر ہوتی ہے۔ کیونکہ عوام تو سیدھے پن سے جیسا اُن کو سمجھ آتا ہے ایسا ہی عمل کر لیتے ہیں۔ ان کی طبیعت میں کوئی تکلف نہیں ہوتا بالکل سادگی سے دین العجائز پر چلتے ہیں۔ مگر موجودہ فقراء کا گروہ تو عمداً اغراض نفسانی کو ملحوظ خاطر رکھ کر ان تمام ریاکاری کے کاموں کو ایک مزورانہ طلسمات کے رنگ میں ظاہر کر رہا ہے۔ انہیں عاقبت کی کچھ پروا نہیں ؎

منازبر کلہ سبز و خرقہ پشمین
کہ زیرِ دلق ملمع فریب ہا باشد

سو ہماری جماعت کو چاہیئے کہ ایسے تصنعات سے اپنے آپ کو بچاویں اور اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے راہ اور سنت نبوی پر محکم قدم رکھ کر چلیں تا منزل مقصود پر پہنچنے کے لئے اُن کو کوئی روک حائل نہ ہو اور یہ چند روزہ زندگی رائیگاں نہ جاوے جو آخرت میں سخت ندامت، ذلت و حسرت کا باعث ہو۔ اللہ تعالیٰ ہماری جماعت کو توفیق دے کہ وہ محض ابتغاء لمرضات اللہ کی غرض سے راہِ مستقیم پر چل کر منزلِ مقصود پر پہنچ جاویں اور تخلیق انسانی کے اصل مدعا کو پورا کریں۔ آمین ثم آمین (۱۴ نومبر ۱۹۰۳ء)

نوٹ:۔ باستثناء ایک شعر کے جو سر عنوان درج ہے۔ باقی اشعار مندرجہ مضمون ہذا حضرت اقدس جناب امام صادق علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اثنائے تقریر میں نہیں فرمائے تھے مگر چونکہ بجز ایک شعر ؎

بمنزلِ جاناں رسد ہماں مردے
کہ ہمہ دم در تلاش او دواں باشد

کے جو بوقت تحریر مضمون ہذا کے لئے بے ساختہ روانی طبع سے احقر کے منہ سے نکل گیا ہے باقی ماندہ اکثر اشعار نے خود حضرت اقدس ہی کی زبان گوہر فشاں سے جنم لیا ہوا ہے اور ان مواقع پر چسپاں بھی تھے اس واسطے مناسب مواقع پر لکھ

دیئے گئے ہیں۔ بینات خود بھی یہ حقائق معارف کا ایک خزینہ ہیں۔ وثوق کامل ہے کہ ان کا ان مواقعات مناسبہ پر چسپاں ہونا بفضلہٖ تعالیٰ بہت سے سعید فطرت و راستی پسند طبائع کو تکشیف حقائق و تلخیص دقائق میں مدد دے گا جس سے اُن کو احقاق حق و ابطالِ باطل کی توفیق ملے گی۔ اللہ کرے ایسا ہی ہو۔ آمین ثم آمین۔ والسلام

۵؍نومبر ۱۹۰۳ء

امام صادق علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کمترین خادم

احقر العباد اللہ داد احمدی کلارک ضلع شاہ پور۔ حال وارد قادیان

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۵ صفحہ ۳۵۲ تا ۳۵۴ مورخہ یکم دسمبر ۱۹۰۳ء)

نیز (الحکم جلد ۷ نمبر ۴۴-۴۵ صفحہ ۷-۸ مورخہ ۳۰ نومبر و ۱۰ دسمبر ۱۹۰۳ء)

۵؍نومبر ۱۹۰۳ء

اَلدُّنْیَا سِجْنٌ لِلْمُؤْمِنِ

فرمایا کہ

آج کل ہندوستان سے ایک عورت آئی ہوئی ہے (ان کے خاوند بھی آئے ہوئے تھے) وہ اکثر سوال کرتی رہتی ہیں اور میں اُن کو سمجھایا کرتا ہوں۔ ایک دن سوال کیا کہ اولیاء اور پیغمبروں پر بڑی بڑی مصیبت آتی ہے اور وہ ہمیشہ مصیبت کا نشانہ بنے رہتے ہیں۔ تو میں نے جواب دیا کہ یہ بات غلط ہے اور قرآن شریف کے بھی بالکل برخلاف ہے۔ خدا تعالیٰ کے اولیاء اور نبیوں پر تو ہمیشہ اس کے انعامات ہوتے ہیں وہ ان کا ہر مقام میں حافظ و ناصر ہوتا ہے پھر ان پر مصیبت کے کیا معنے؟ عملی طور پر دیکھ لو کہ حضرت موسیٰؑ کو کیا کامیابی حاصل ہوئی۔ ان کا دشمن غرقاب کیا گیا اور موسیٰؑ کو اس پر فتح حاصل ہوئی۔ پھر داؤدؑ کو دیکھ لو۔ عیسیٰؑ کو دیکھو کہ اُن کے دشمن ہمیشہ ذلیل و خوار ہوتے رہے اور یہ سب کامیاب ہوتے رہے۔

ہمارے پیغمبر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو جو عروج حاصل ہوا کیا اس کی نظیر مل سکتی ہے ہرگز نہیں۔ ہرگز ہرگز یہ لوگ فقر اور ذلت کے مصداق نہیں ہوتے۔ الدنیا سجن للمومن میں اگر سجن کے معنی نسبتی کریں کہ اہل اللہ کو جو کچھ جنت میں ملے گا اس کے مقابلہ میں یہ دنیا سجن ہے تو ٹھیک ہے۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ ہم اپنے اولیار کو کبھی عذاب نہیں کرتے بلکہ اس دلیل سے یہود و نصاریٰ کے دعویٰ کی تردید کرتا ہے۔ ان دونو نے دعویٰ کیا تھا کہ نحن ابنؤا اللّٰہ و احباؤہٗ کہ ہم خدا کے پیارے اور بمنزلہ اس کی اولاد کے ہیں تو اس کا جواب خدا تعالیٰ نے یہ دیا کہ قل فلم یعذبکم بذنوبکم[1] کہ اگر تم خدا کے پیارے اور بمنزلہ اس کی اولاد کے ہو تو پھر تمہاری شامتِ اعمال پر تم کو وہ دُکھ اور تکالیف کیوں دیتا ہے۔ پس اس سے ثابت ہے کہ جو خدا کے پیارے ہوتے ہیں ان کو دنیا میں دُکھ نہیں ہوتا اور وہ ہر قسم کے عذاب سے محفوظ ہوتے ہیں (اللّٰھم اجعلنا منھم) پس اگر اس کے پیاروں کو عذاب ہوتا رہے تو پھر کافروں میں اور ان میں کیا فرق ہوا؟ انبیاء پر اگر کوئی واقعہ مصیبت کے رنگ میں آتا ہے تو اس سے خدا تعالےٰ کا یہ منشار ہوتا ہے کہ ان کے اخلاق کو وہ دنیا پر ظاہر کرے کہ جو ہماری طرف سے آتے ہیں اور ہمارے ہو جاتے ہیں۔ وہ کن اخلاق فاضلہ کے صاحب ہوتے ہیں۔ امام حسینؓ پر بھی ایسا واقعہ گذرا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر بھی ایسے واقعات گذرے مگر صبر اور استقلال اور خدا تعالےٰ کی رضا کو کس طرح مقدم رکھ کر بتلایا۔

انسان کے اخلاق ہمیشہ دو رنگ میں ظاہر ہو سکتے ہیں یا ابتلا کی حالت میں اور یا انعام کی حالت میں۔ اگر ایک ہی پہلو ہو اور دوسرا نہ ہو تو پھر اخلاق کا پتہ نہیں مل سکتا۔ چونکہ خدا تعالیٰ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اخلاق مکمل کرنے تھے۔ اس لئے کچھ حصہ آپ کی زندگی کا مکی ہے اور کچھ مدنی۔ مکہ کے دشمنوں کی بڑی بڑی ایذا رسانی پر صبر کا نمونہ دکھایا اور باوجود ان لوگوں کے کمال سختی سے پیش آنے کے پھر بھی

[1] المائدہ : ۱۹

آپ ان سے حلم اور بردباری سے پیش آتے رہے اور جو پیغام خدا تعالےٰ کی طرف سے لائے تھے اس کی تبلیغ میں کوتاہی نہ کی۔ پھر مدینہ میں جب آپ کو عروج حاصل ہوا۔ اور وہی دشمن گرفتار ہو کر پیش ہوئے تو ان میں سے اکثروں کو معاف کر دیا۔ باوجود قوت انتقام پانے کے پھر انتقام نہ لیا۔

اب حال میں مولوی عبداللطیف صاحب شہید مرحوم کا نمونہ دیکھ لو کہ کس صبر اور استقلال سے انہوں نے جان دی ہے۔ ایک شخص کو بار بار جان جانے کا خوف دلایا جاتا ہے اور اس سے بچنے کی امید دلائی جاتی ہے کہ اگر تو اپنے اعتقاد سے بظاہر توبہ کر دے تو تیری جان نہ لی جاوے گی۔ مگر انہوں نے موت کو قبول کیا اور حق سے روگردانی پسند نہ کی۔ اب دیکھو اور سوچو کہ اسے کیا کیا تسلّی اور اطمینان خدا تعالےٰ کی طرف سے ملتا ہو گا کہ وہ اس طرح پر دنیا و مافیہا پر دیدہ دانستہ لات مارتا ہے اور موت کو اختیار کرتا ہے۔ اگر وہ ذرا بھی توبہ کرتے تو خدا جانے امیر نے کیا کچھ اس کی عزت کرنی تھی مگر انہوں نے خدا کے لئے تمام عزتوں کو خاک میں ملایا اور جان دینی قبول کی۔ کیا یہ حیرت کی بات نہیں کہ آخر دم تک اور سنگساری کے آخری لمحہ تک ان کو مہلت توبہ کی دی جاتی ہے اور وہ خوب جانتے تھے کہ میرے بیوی بچے ہیں۔ لاکھ ہا روپے کی جائداد ہے۔ دوست یار بھی ہیں۔ ان تمام نظاروں کو پیش چشم رکھ کر اس آخری موت کی گھڑی میں بھی جان کی پروا نہ کی۔ آخر ایک سرور اور لذت کی ہوا اُن کے دل پر چلتی تھی جس کے سامنے یہ تمام فراق کے نظارے ہیچ تھے۔ اگر اُن کو جبراً قتل کر دیا جاتا اور جان کے بچانے کا موقعہ نہ دیا جاتا تو اور بات تھی۔ مجبوراً تو ایک عورت کو بھی انسان قتل کر سکتا ہے مگر ان کو بار بار موقعہ دیا گیا۔ باوجود اس مہلت ملنے کے پھر موت اختیار کرنی بڑے ایمان کو چاہتی ہے۔ اولیاء اللہ کی ایک خصلت ہوتی ہے کہ وہ موت کو پسند کرتے ہیں۔ سو انہوں نے ظاہر کی۔

کار آمد احمدی ہمارے کام کا وہ انسان ہو سکتا ہے جبکہ ایک مدت اور نہیں تو

کم از کم ایک سال ہماری مجلس میں رہے اور تمام ضروری امور کو سمجھ لیوے اور ہم اطمینان پا جاویں کہ تہذیب نفس اسے حاصل ہو گئی ہے۔ تب وہ بطور سفیر وغیرہ کے یورپ وغیرہ ممالک میں جا سکتا ہے۔ مگر تہذیب نفس مشکل مرحلہ ہے۔ پہاڑوں کی چوٹیوں پر چڑھنا آسان مگر یہ مشکل۔ دینی تعلیم کے لئے بہت علوم کی ضرورت نہیں ہوتی۔ طہارت قلب اور شئے ہے۔ خدا ایک نور جب دل میں پیدا کر دیتا ہے تو اس سے علوم خود حاصل ہوتے جاتے ہیں۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۵ صفحہ ۳۵۴-۳۵۵ مورخہ یکم دسمبر ۱۹۰۳ء)

---

۱۰ نومبر ۱۹۰۳ء

(بوقت ظہر)

شیخ فضل الٰہی صاحب سوداگر رئیس صدر بازار راولپنڈی اور جناب محمد رمضان صاحب ٹھیکیدار جہلم اور چند دیگر اصحاب نے بیعت کی۔ بعد بیعت حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ذیل کی تقریر فرمائی۔

مذہب یہی ہے کہ انسان خوب غور کرے اور دیکھے اور عقل سے سوچے کہ وہ ہر آن میں خدا کا محتاج ہے۔ انسان کی جان پر، مال پر، آبرو پر بڑے بڑے مصائب اور حملے ہوتے ہیں لیکن سوائے خدا کے اور کوئی نجات دینے والا نہیں ہوتا اور ان موقعوں پر ہر ایک قسم کا فلسفہ خود بخود شکست کھا جاتا ہے۔ جن لوگوں نے ایسے اصولوں پر قائم ہونا چاہا ہے کہ جن میں وہ خدا کی حاجت کو تسلیم نہیں کرتے۔ حتیٰ کہ انشاء اللہ بھی زبان سے نکالنا ان کے نزدیک معیوب ہے مگر پھر بھی جب موت کا وقت آتا ہے تو اُن کو اپنے خیالات کی حقیقت معلوم ہو جاتی ہے۔ بات یہ ہے کہ ہر آن میں اپنے ہر ایک ذرہ کے قیام کیلئے انسان کو خدا کی حاجت اور ضرورت ہے اور اگر وہ انانیت سے نکل کر غور سے دیکھے تو تجربہ سے اسے خود پتہ لگ جاتا ہے کہ وہ کس قدر غلطی پر تھا۔ اپنے آپ کو ہر آن میں خدا

کا محتاج جاننا اور اس کے آستانہ پر بھروسہ رکھنا یہی اسلام ہے اور اگر کوئی مسلمان ہو کر اسلام کے طریق کو اختیار نہیں کرتا اور اس پر قدم نہیں مارتا تو پھر اس کا اسلام ہی کیا ہے؟ اسلام نام ہے خدا کے آگے گردن جھکا دینے کا۔ ذرا سوچکر دیکھو کہ اگر انسان کو ایک سوئی نہ ملے تو اس کا کس قدر حرج ہوتا ہے تو پھر کیا خدا کا وجود ایسا ہو سکتا ہے کہ اس کی ضرورت انسان کو نہ ہو اور اس کے وجود کے بغیر وہ زندہ رہ سکے۔ جب تک انسان کو صحت، مال، اقتدار حاصل ہوتا ہے تب تک تو اس کا یہ مذہب ہوتا ہے کہ اسباب پر توکل اور بھروسہ نہ کرے اور اپنے آپ کو خدا تعالےٰ کا محتاج نہ جانے۔ لیکن جب مصائب اور مشکلات آکر پڑتے ہیں تو اس وقت یہ مذہب خود بخود بدلنا پڑتا ہے۔ اسی لئے جو لوگ مصائب اور شدائد کا نشانہ رہتے ہیں اُن کا مذہب ہی اَور ہوتا ہے۔ وہ دیکھتے ہیں کہ ایک ایسے وجود کی ضرورت ہے جو طاقت والا ہو اور ہمیں پناہ دے سکے۔

ایک صاحب محمد رمضان ہوتے تھے وہ خدا کے قائل نہ تھے مگر جب مرض الموت نے آکر اُن کو پکڑا تو آخر اپنا مذہب بدلا اور اس وقت کہتے تھے کہ اگر ایک دفعہ مجھے تندرستی حاصل ہو جاوے تو مَیں پھر کبھی خدا کے وجود سے منکر نہ ہوں گا۔ اس لئے انسان کو لازم ہے کہ ہمیشہ غفلت سے پرہیز کرے اور اس ذات پر نظر رکھے جس کے بغیر ایک ذرّہ کا قیام بھی مشکل ہے۔ لاالٰہ الا اللہ کے یہی معنے ہیں کہ انسان اس کی طرف بار بار رجوع کرے اور اس کے مقابلہ پر کسی اَور وجود اور شئے کو متصرف اور مقتدر نہ جانے جو شخص ایک بکری رکھتا ہے تو اس سے اسی وقت مستفید ہوتا ہے دودھ حاصل کرتا ہے لیکن جس نے خدا کا نام لے کر اس کی ضرورت کو بالکل محسوس نہ کیا اور نظر استخفاف سے اُسے دیکھا اور ایک فرضی بُت کی طرح اس کے وجود کو سمجھا تو خدا کو اس شخص کی کیا پرواہ ہے۔

انسان پر جو انقلابات آتے ہیں وہ اس ہستی کی ضرورت کو خود ثابت کرتے ہیں۔

اس جماعت میں داخل ہو کر اوّل تغیر زندگی میں کرنا چاہیئے کہ خدا پر ایمان سچا ہو کہ وہ ہر مصیبت میں کام آتا ہے۔ پھر اس کے احکام کو نظر خفت سے ہرگز نہ دیکھا جاوے بلکہ ایک ایک حکم کی تعظیم کی جاوے اور عملاً اس تعظیم کا ثبوت دیا جاوے۔ مثلاً نماز کا حکم ہے۔ جب ایک شخص اسے بجالاتا ہے اور نماز ادا کرتا ہے تو بعض لوگ اس سے تمسخر کرتے ہیں اور آج کل بہت لوگ نام کے مسلمان ہیں جو کہ ارکان نماز کی بجاآوری کو ایک بیہودہ حرکت کہتے ہیں لیکن ایک مومن کو ہرگز لازم نہیں کہ ان باتوں اور ہنسی اور استہزار سے وہ اس کی ادائیگی کو ترک کرے۔ لوگوں کے ایسے خیالات اور خدا کے احکام کو نظر استخفاف سے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ زمانہ عذاب کو چاہتا ہے۔ ان لوگوں کی زندگی مُردوں کی سی ہے۔ انبیار کے سلسلہ پر کہ جس کے ذریعہ سے ایمان حاصل ہوتا ہے اُن کو ایمان نہیں ہے مگر ہم سچی اور حقیقی رؤیت سے گواہی دیتے ہیں کہ خدا برحق ہے اور سلسلہ انبیار کا برحق ہے۔ مرنے پر ان لوگوں کو پتہ لگے گا کہ جنّت اور دوزخ سب کچھ جس سے آج یہ منکر ہیں، برحق ہے۔

جب سے آزادی کے خیالات اور تعلیم نے دلوں اور دماغوں میں جگہ لی ہے اُس وقت سے بہت بگاڑ پھیلا ہے۔ خیالات ایسے پراگندہ ہوئے ہیں کہ شریعت کو خود ترمیم کر لیا ہے۔ دنیا کو اپنا مقصود بنا رکھا ہے۔ شریعت نے ایک حد تک رعایت اسباب کی اجازت دی ہے۔ مثلاً اگر ایک قطعہ زمین کا ہو اور اُسے کاشت نہ کیا جاوے تو اس کی نسبت سوال ہوگا کہ کیوں کاشت نہ کیا؟ مگر بہمہ وجوہ اسباب پر سرنگوں ہونا اور اسی پر بھروسہ کرنا اور خدا پر توکل چھوڑ دینا یہ شرک ہے اور گویا خدا کی ہستی سے انکار۔ رعایت اسباب اس حد تک کرنی چاہیئے کہ شرک لازم نہ آوے۔ ہمارا مذہب یہ ہے کہ ہم رعایت اسباب سے منع نہیں کرتے مگر اس پر بھروسہ کرنے سے منع کرتے ہیں دل بایار اور دست باکار والی بات ہونی چاہیئے۔ لیکن حال میں دیکھا جاتا ہے کہ زبانوں پر تو سب کچھ ہے توکل بھی ہے۔ توحید بھی ہے۔ مگر دل میں مقصود بالذات صرف دنیا کو

بنا رکھا ہے۔ رات دن اسی خیال میں ہیں کہ مال بہت سا مل جاوے۔ عزت دنیا میں حاصل ہو۔ یہ لوگ یہ خیال نہیں کرتے کہ ہم زہر کھا رہے ہیں جس نے ہلاک کر دینا ہے۔

ہماری شریعت اور ہمارا دین دنیا میں کوشش کرنے سے نہیں روکتے صرف اتنی بات ہے کہ دین کو مقدم رکھ کر اگر کوشش کرے تو تلاشِ اسباب جُرم نہیں ہاں ایسے طور پر جسے خدا نے حرام ٹھہرایا ہے نہ ہو۔ جیسے کہ رشوت اور ظلم وغیرہ سے روپیہ کمایا جاتا ہے۔ اگر خدا کی راہ میں صرف کرنے، اولاد پر خرچ کرنے اور صدقات وغیرہ کے لئے تلاش اسباب کی جائے تو ہرج نہیں کیونکہ مال بھی تو ذریعہ قربِ الٰہی ہوتا ہے مگر خدا کو بالکل چھوڑ دینا اور بالکل اسباب کا ہو رہنا یہ ایک جذام ہے اور جب تک کہ قبض روح نہ ہو جاوے اس کی خبر نہیں ہوتی۔ خدا سے ڈرنا اور تقویٰ اختیار کرنا یہ بڑی نعمت ہے جسے حاصل کرنا چاہیئے اور متکبّر گردن کش نہ ہونا چاہیئے۔

اخلاق دو قسم کے ہوتے ہیں ایک تو وہ ہیں جو آج کل کے نو تعلیم یافتہ پیش کرتے ہیں کہ ملاقات وغیرہ میں زبان سے چاپلوسی اور مداہنہ سے پیش آتے ہیں اور دلوں میں نفاق اور کینہ بھرا ہوا ہوتا ہے۔ یہ اخلاق قرآن شریف کے خلاف ہیں۔ دوسری قسم اخلاق کی یہ ہے کہ سچی ہمدردی کرے۔ دل میں نفاق نہ ہو اور چاپلوسی اور مداہنہ وغیرہ سے کام نہ لے جیسے خدا تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ یَأمُرُ بِالعَدلِ وَالاِحسَانِ وَ اِیتَآئِ ذِی القُربٰی[1]۔ تو یہ کامل طریق ہے اور ہر ایک کامل طریق اور ہدایت خدا کے کلام میں موجود ہے جو اس سے روگردانی کرتے ہیں وہ اور جگہ ہدایت نہیں پا سکتے۔ اچھی تعلیم اپنی اثر اندازی کے لئے دل کی پاکیزگی چاہتی ہے جو لوگ اس سے دُور ہیں اگر عمیق نظر سے اُن کو دیکھو گے تو اُن میں ضرور گند نظر آئے گا۔ زندگی کا اعتبار نہیں ہے۔ نماز، صدق و صفا میں ترقی کرو۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۶ صفحہ ۳۶۲ - ۳۶۳ مورخہ ۸ر دسمبر ۱۹۰۳ء)

[1] النحل: ۹۱

بلا تاریخ

ایمان کی تعریف

اور

آیات محکمات اور متشابہات کی لطیف اور برمحل تفسیر

ایمان اس بات کو کہتے ہیں کہ اس حالت میں مان لینا جبکہ ابھی علم کمال تک نہیں پہنچا اور شکوک اور شبہات سے ہنوز لڑائی ہے۔ پس جو شخص ایمان لاتا ہے یعنی باوجود کمزوری اور نہ مہیا ہونے کل اسباب یقین کے اس بات کو اغلب احتمال کی وجہ سے قبول کر لیتا ہے وہ حضرت احدیت میں صادق اور راستباز شمار کیا جاتا ہے اور پھر اس کو موہبت کے طور پر معرفت تامہ حاصل ہوتی ہے اور ایمان کے بعد عرفان کا جام اس کو پلایا جاتا ہے۔ اس لئے ایک مرد متقی رسولوں اور نبیوں اور مامورین من اللہ کی دعوت کو سُنکر ہر ایک پہلو پر ابتداء امر میں ہی حملہ کرنا نہیں چاہتا بلکہ وہ حصہ جو کسی مامور من اللہ ہونے پر بعض صاف اور کھُلے کھُلے دلائل سے سمجھ آجاتا ہے۔ اسی کو اپنے اقرار اور ایمان کا ذریعہ ٹھہرا لیتا ہے اور وہ حصہ جو سمجھ میں نہیں آتا اس میں سنّت صالحین کے طور پر استعارات اور مجازات قرار دیتا ہے اور اس طرح تناقض کو درمیان سے اُٹھا کر صفائی اور اخلاص کے ساتھ ایمان لے آتا ہے۔ تب خدا تعالےٰ اس کی حالت پر رحم کر کے اور اس کے ایمان پر راضی ہو کر اور اس کی دعاؤں کو سُنکر معرفت تامہ کا دروازہ اس پر کھولتا ہے اور الہام اور کشوف کے ذریعہ سے اور دوسرے آسمانی نشانوں کے وسیلہ سے یقین کامل تک اس کو پہنچاتا ہے۔ لیکن متعصب آدمی جو عناد سے پُر ہوتا ہے ایسا نہیں کرتا اور نہ وہ اُن امور کو جو حق کے پہچاننے کا ذریعہ ہو سکتے ہیں تحقیر اور توہین کی نظر سے دیکھتا ہے اور ٹھٹھے اور ہنسی میں اُن کو اُڑا دیتا ہے

اور وہ امور جو ہنوز اس پر مشتبہ ہیں ان کو اعتراض کرنے کی دستاویز بناتا ہے اور ظالم طبع لوگ ہمیشہ ایسا ہی کرتے رہے ہیں چنانچہ ظاہر ہے کہ ہر ایک نبی کی نسبت جو پہلے نبیوں نے پیشگوئیاں کیں ان کے ہمیشہ دو حصے ہوتے رہے ہیں۔ ایک بیّنات اور محکمات جن میں کوئی استعارہ نہ تھا اور کسی تاویل کی محتاج نہ تھیں اور ایک متشابہات جو محتاج تاویل تھیں اور بعض استعارات اور مجازات کے پردے میں محجوب تھیں۔ پھر ان نبیوں کے ظہور اور بعثت کے وقت جو اُن پیشگوئیوں کے محتاج تھے دو فریق ہوتے رہے ہیں۔ ایک فریق سعیدوں کا جنہوں نے بیّنات کو دیکھ کر ایمان لانے میں تاخیر نہ کی اور جو حصہ متشابہات کا تھا اس کو استعارات اور مجازات کے رنگ میں سمجھ لیا۔ آئندہ کے منتظر رہے[1] اور اس طرح پر حق کو پا لیا اور ٹھوکر نہ کھائی حضرت عیسٰی علیہ السلام کے وقت میں بھی ایسا ہی ہوا۔ پہلی کتابوں میں حضرت مسیح علیہ السلام کی نسبت دو طور کی پیشگوئیاں تھیں۔ ایک یہ کہ وہ مسکینوں اور عاجزوں کے پیرایہ میں ظاہر ہوگا اور غیر سلطنت کے زمانہ میں آئے گا اور داؤد کی نسل سے ہوگا اور حلم اور نرمی سے کام لے گا اور نشان دکھلائے گا اور دوسری قسم کی یہ پیشگوئیاں تھیں کہ وہ بادشاہ ہوگا اور بادشاہوں کی طرح لڑے گا اور یہودیوں کو غیر سلطنت کی ماتحتی سے چھڑا دے گا اور اس سے پہلے ایلیاء نبی دوبارہ دنیا میں آئے گا اور جب تک ایلیاء نبی دوبارہ دنیا میں نہ آوے وہ نہیں آئے گا۔ پھر جب حضرت عیسٰیؑ نے ظہور فرمایا تو یہود دو فریق ہو گئے۔ ایک فریق جو بہت ہی کم اور قلیل التعداد تھا۔ اس نے حضرت مسیحؑ کو داؤد کی نسل سے پا کر اور پھر اُن کی مسکینی اور عاجزی اور راستبازی دیکھ کر اور پھر آسمانی نشانوں کو ملاحظہ کرکے اور نیز زمانہ موجودہ کو دیکھ کر کہ وہ ایک نبی مصلح کو چاہتی ہے اور

[1] پیشگوئیوں میں یہ ضروری نہیں ہوتا کہ تمام باتیں ایک ہی وقت میں پُوری ہو جائیں بلکہ تدریجاً پوری ہوتی رہتی ہیں اور ممکن ہے کہ بعض باتیں ایسی بھی ہوں کہ مامور کی زندگی میں پوری ہوں اور کسی دوسرے کے ہاتھ سے جو اس کے متبعین میں سے ہو پوری ہو جائیں۔ منہ

پہلی پیشگوئیوں کے قرار داد وقتوں کا مقابلہ کر کے یقین کر لیا کہ یہ وہی نبی ہے جس کا
اسرائیل کی قوم کو وعدہ دیا گیا تھا۔ سو وہ حضرت مسیح پر ایمان لائے اور اُن کے ساتھ ہو کر
طرح طرح کے دُکھ اُٹھائے اور خدا تعالیٰ کے نزدیک اپنا صدق ظاہر کیا لیکن جو بدبختوں کا
گروہ تھا اس نے کھُلی کھُلی علامتوں اور نشانوں کی طرف ذرہ التفات نہ کیا۔ یہانتک کہ زمانہ
کی حالت پر بھی ایک نظر نہ ڈالی اور شریرانہ حجّت بازی کے ارادے سے دوسرے حصہ
کو جو متشابہات کا حصہ تھا اپنے ہاتھ میں لے لیا اور نہایت گستاخی سے اس مقدس کو
گالیاں دینی شروع کیں اور اس کا نام ملحد اور بے دین اور کافر رکھا اور یہ کہا کہ یہ شخص
پاک نوشتوں کے اُلٹے معنے کرتا ہے اور اس نے ناحق ایلیاہ نبی کے دوبارہ آنے کی
تاویل کی ہے اور نصِ صریح کو اس کے ظاہر سے پھیرا ہے اور ہمارے علماء کو مکار اور
ریاکار کہتا ہے اور کتب مقدسہ کے اُلٹے معنے کرتا ہے اور نہایت شرارت سے اس
بات پر زور دیا کہ نبیوں کی پیشگوئیوں کا ایک حرف بھی صادق نہیں آتا وہ نہ بادشاہ ہو
کر آیا اور نہ غیر قوموں سے لڑا اور نہ ہم کو اُن کے ہاتھ سے چھوڑایا اور نہ اس سے پہلے
ایلیا نبی نازل ہوا پھر وہ مسیح موعود کیونکر ہو گیا۔

غرض ان بدقسمت شریروں نے سچائی کے انوار اور علامات پر نظر ڈالنا نہ چاہا۔
اور جو حصہ متشابہات کا پیشگوئیوں میں تھا اس کو ظاہر پر حمل کر کے بار بار پیش کیا۔
یہی ابتلاء ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے وقت میں اکثر یہودیوں کو پیش آیا۔ انہوں
نے بھی اپنے اسلاف کی عادت کے موافق نبیوں کی پیشگوئیوں کے اس حصہ سے فائدہ
اُٹھانا نہ چاہا جو بیّنات کا حصہ تھا اور متشابہات جو استعارات تھے اپنی آنکھ کے سامنے
رکھ کر یا تحریف شدہ پیشگوئیوں پر زور دے کر اس نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی دولتِ
اطاعت سے جو سیّد الکونین ہے محروم رہ گئے اور اکثر عیسائیوں نے بھی ایسا ہی کیا۔
انجیل کی کھُلی کھُلی پیشگوئیاں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں تھیں۔ اُن کو تو ہاتھ

تک نہ لگایا اور جو سنّت اللہ کے موافق پیشگوئیوں کا حصّہ یعنی استعارات اور مجازات تھے اُن پر گر پڑے اس لئے حقیقت کی طرف راہ نہ پا سکے لیکن ان میں سے وہ لوگ جو حق کے طالب تھے اور جو پیشگوئیوں کی تحریر میں طرز و عادتِ الٰہی ہے اس سے واقف تھے انہوں نے انجیل کی ان پیشگوئیوں سے جو آنے والے بزرگ نبی کے بارے میں تھیں فائدہ اُٹھایا اور مشرف باسلام ہوئے اور جس طرح یہود میں سے اس گروہ نے جو حضرت عیسیٰؑ پر ایمان لائے تھے پیشگوئیوں کے بیّنات سے دلیل پکڑی تھی اور متشابہات کو چھوڑ دیا تھا ایسا ہی ان بزرگ عیسائیوں نے بھی کیا اور ہزارہا نیک بخت انسان ان میں سے اسلام میں داخل ہوئے۔ غرض ان دونوں قوموں یہود و نصاریٰ میں سے جس گروہ نے متشابہات پر جم کر انکار پر زور دیا اور بیّنات پیشگوئیوں سے جو ظہور میں آئیں فائدہ نہ اُٹھایا ان دونوں گروہ کا قرآن شریف میں جا بجا ذکر ہے۔ اور یہ ذکر اس لئے کیا گیا کہ تا اُن کی بدبختی کے ملاحظہ سے مسلمانوں کو سبق حاصل ہو اور اس بات سے متنبہ رہیں کہ یہود و نصاریٰ کی مانند بیّنات کو چھوڑ کر اور متشابہات میں پڑ کر ہلاک نہ ہو جائیں اور ایسی پیشگوئیوں کے بارے میں جو ماموُر من اللہ کے لئے پہلے سے بیان کی جاتی ہیں امید نہ رکھیں کہ وہ اپنے تمام پہلوؤں کی رُو سے ظاہری طور پر ہی پُوری ہوں گی بلکہ اس بات کے ماننے کے لئے تیار رہیں کہ قدیم سنت اللہ کے موافق بعض حصّے ایسی پیشگوئیوں کے استعارات اور مجازات کے رنگ میں بھی ہوتے ہیں اور اسی رنگ میں وہ پُوری بھی ہو جاتی ہیں مگر غافل اور سطحی خیال کے انسان ہنوز انتظار میں لگے رہتے ہیں کہ گویا ابھی وہ باتیں پوری نہیں ہوئیں بلکہ آئندہ ہوں گی۔ جیسا کہ یہود ابھی تک اس بات کو روتے ہیں کہ ایلیا نبی دوبارہ دنیا میں آئے گا اور پھر ان کا مسیح موعود بڑے بادشاہ کی طرح ظاہر ہوگا اور یہودیوں کو امارت اور حکومت بخشیگا حالانکہ یہ سب باتیں پوری ہو چکیں اور اس پر انیس سو برس کے قریب عرصہ گذر گیا اور آنے والا آ بھی گیا اور اس

دُنیا سے اُٹھایا بھی گیا۔[۵۸]

یہ بات نہایت کار آمد اور یاد رکھنے کے لائق تھی کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے مامور ہو کر آتے ہیں خواہ وہ رسُول ہوں یا نبی یا محدث اور مجدد۔ ان کی نسبت جو پہلی کتابوں میں یا رسولوں کی معرفت پیشگوئیاں کی جاتی ہیں اُن کے دو حصے ہوتے ہیں۔ ایک وہ علامات جو ظاہری طور پر وقوع میں آتی ہیں اور ایک متشابہات جو استعارات اور مجازات کے رنگ میں ہوتی ہیں۔ پس جن کے دلوں میں زیغ اور کجی ہوتی ہے وہ متشابہات کی پیروی کرتے ہیں اور طالب صادق بینات اور محکمات سے فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ یہود اور عیسائیوں کو یہ ابتلاء پیش آچکے ہیں۔ پس مسلمانوں کے اولوالابصار کو چاہئیے کہ اُن سے عبرت پکڑیں اور صرف متشابہات پر نظر رکھ کر تکذیب میں جلدی نہ کریں اور جو باتیں خدا تعالیٰ کی طرف سے کُھل جائیں ان سے اپنی ہدایت کے لئے فائدہ اُٹھائیں۔ یہ تو ظاہر ہے کہ شک یقین کو رفع نہیں کر سکتا۔ پس پیشگوئیوں کا وہ دوسرا حصہ جو ظاہری طور پر ابھی پورا نہیں ہوا وہ ایک امر شکی ہے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ ایلیا کے دوبارہ آنے کی طرح وہ حصہ استعارہ یا مجاز کے رنگ میں پُورا ہو گیا ہو مگر انتظار کرنے والا اس غلطی میں پڑا ہو کہ وہ ظاہری طور پر کسی دن پورا ہو گا اور یہ بھی ممکن ہے کہ بعض احادیث کے الفاظ محفوظ نہ رہے ہوں کیونکہ احادیث کے الفاظ وحی متلو کی طرح نہیں اور اکثر احادیث احاد کا مجموعہ ہیں۔ اعتقادی امر تو الگ بات ہے جو چاہو اعتقاد رکھو مگر واقعی اور حقیقی فیصلہ یہی ہے کہ احاد میں عند العقل امکان تغیر الفاظ ہے۔ چنانچہ ایک ہی حدیث جو مختلف طریقوں اور مختلف راویوں سے پہنچتی ہے اکثر ان کے الفاظ اور ترتیب میں بہت سا فرق ہوتا ہے حالانکہ وہ ایک ہی وقت میں ایک ہی منہ سے نکلی ہے۔ پس صاف سمجھ آتا ہے کہ چونکہ اکثر راویوں کے الفاظ اور طرز بیان جُدا جُدا ہوتے ہیں اس لئے اختلاف پڑ جاتا ہے اور نیز پیشگوئیوں کے متشابہات کے حصہ میں یہ بھی ممکن ہے کہ بعض واقعات پیشگوئیوں کے جن کا ایک ہی

[۵۸] البدر جلد ۶ نمبر ۲۴ صفحہ ۳۷۲ مؤرخہ ۱۶؍ دسمبر ۱۹۰۳ء

دفعۃً ظاہر ہونا امید رکھا گیا ہے وہ تدریجاً ظاہر ہوں یا کسی اور شخص کے واسطہ سے ظاہر ہوں جیسا کہ ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی یہ پیشگوئی کہ قیصر و کسریٰ کے خزانوں کی کنجیاں آپ کے ہاتھ پر رکھی گئی ہیں حالانکہ ظاہر ہے کہ پیشگوئی کے ظہور سے پہلے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فوت ہو چکے تھے اور آنجناب نے نہ قیصر و کسریٰ کے خزانوں کو دیکھا اور نہ کُنجیاں دیکھیں مگر چونکہ مقدر تھا کہ وہ کنجیاں حضرت عُمر رضی اللہ عنہ کو ملیں کیونکہ حضرت عُمر رضی اللہ عنہ کا وجود ظلّی طور پر گویا آنجناب صلے اللہ علیہ وسلم کا وجود ہی تھا اس لئے عالم وحی میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ قرار دیا گیا۔ خلاصہ کلام یہ کہ دھوکا کھانے والے اسی مقام پر دھوکا کھاتے ہیں وہ اپنی بدقسمتی سے پیشگوئی کے ہر حصہ کی نسبت یہ امید رکھتے ہیں کہ وہ ظاہری طور پر پورا ہوگا اور پھر جب وقت آتا ہے اور کوئی مامور من اللہ آتا ہے تو جو جو علامتیں اس کے صدق کی نسبت ظاہر ہو جائیں ان کی کچھ پروا نہیں رکھتے اور جو علامتیں ظاہری صورت میں پوری نہ ہوں یا ابھی اُن کا وقت نہ آیا ہو ان کو بار بار پیش کرتے ہیں۔ ہلاک شدہ امتیں جنہوں نے سچے نبیوں کو نہیں مانا۔ اُن کی ہلاکت کا اصل موجب یہی تھا اپنے زعم میں تو وہ لوگ اپنے تئیں بڑے ہوشیار جانتے رہے ہیں مگر ان کے اس طریق نے قبول حق سے اُن کو بے نصیب رکھا۔

یہ عجیب ہے کہ پیشگوئیوں کی نافہمی کے بارے میں جو کچھ پہلے زمانہ میں یہود اور نصاریٰ سے وقوع میں آیا اور انہوں نے سچوں کو قبول نہ کیا۔ ایسا ہی میری قوم مسلمانوں نے میرے ساتھ معاملہ کیا۔ یہ تو ضروری تھا کہ قدیم سنت اللہ کے موافق وہ پیشگوئیاں جو مسیح موعود کے بارے میں کی گئیں وہ بھی دو حصوں پر مشتمل ہوتیں۔ ایک حصہ بیّنات کا جو اپنی ظاہری صورت پر واقع ہونے والا تھا اور ایک حصہ متشابہات کا جو استعارات اور مجازات کے رنگ میں تھا لیکن افسوس کہ اس قوم نے بھی پہلے خطاکار لوگوں کے قدم پر قدم مارا اور متشابہات پر اڑ کر ان بیّنات کو رد کر دیا جو نہایت صفائی سے پُوری ہو گئی تھیں حالانکہ شرط تقوےٰ یہ

تھی کہ پہلی قوموں کے ابتلاؤں کو یاد کرتے۔ متشابہات پر زور نہ مارتے اور بینات سے یعنی ان باتوں اور ان علامتوں سے جو روز روشن کی طرح کھل گئی تھیں فائدہ اُٹھاتے مگر وہ ایسا نہیں کرتے۔ بلکہ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کریم کی وہ پیشگوئیاں پیش کی جاتی ہیں۔ جن کے اکثر حصے نہایت صفائی سے پُورے ہو چکے ہیں تو نہایت لاپرواہی سے اُن سے مُنہ پھیر لیتے ہیں اور پیشگوئیوں کی بعض باتیں جو استعارات کے رنگ میں تھیں پیش کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ حصہ پیشگوئیوں کا کیوں ظاہری طور پر پورا نہیں ہوا۔ اور یاں ہم جب پہلے مکذبوں کا ذکر آوے جنہوں نے بعینہ ان لوگوں کی طرح واقع شدہ علامتوں پر نظر نہ کی اور متشابہات کا حصہ جو پیشگوئیوں میں تھا اور استعارات کے رنگ میں تھا اس کو دیکھ کر کہ وہ ظاہری طور پر پورا نہیں ہوا حق کو قبول نہ کیا۔ تو یہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر ہم ان کے زمانہ میں ہوتے تو ایسا نہ کرتے حالانکہ اب یہ لوگ ایسا ہی کر رہے ہیں جیسا کہ ان پہلے مکذبوں نے کیا۔ جن ثابت شدہ علامتوں اور نشانوں سے قبول کرنے کی روشنی پیدا ہو سکتی ہے اُن کو قبول نہیں کرتے اور جو استعارات اور مجازات اور متشابہات ہیں اُن کو ہاتھ میں لئے پھرتے ہیں اور عوام کو دھوکہ دیتے ہیں کہ یہ باتیں پُوری نہیں ہوئیں۔ حالانکہ سُنّت اللہ کی تعلیم کے طریق کے موافق ضرور تھا کہ وہ باتیں اس طرح پُوری نہ ہوتیں جس طرح ان کا خیال ہے یعنی ظاہری اور جسمانی صورت پر۔ بیشک ایک حصہ ظاہری طور پر اور ایک حصہ مخفی طور پر پورا ہو گیا۔ لیکن اس زمانہ کے متعصب لوگوں کے دلوں نے نہیں چاہا کہ قبول کریں۔ وہ تو ہر ایک ثبوت کو دیکھ کر منہ پھیر لیتے ہیں وہ خدا تعالیٰ کے نشانوں کو انسان کی مکاری خیال کرتے ہیں۔ جب خدائے قدوس کے پاک الہاموں کو سُنتے ہیں تو کہتے ہیں کہ انسان کا افترا ہے مگر اس بات کا جواب نہیں دے سکتے کہ کیا کبھی خدا پر افترا کرنے والے کو مفتریات کے پھیلانے کے لئے وہ مہلت ملی جو سچے ملہموں کو خدا تعالیٰ کی طرف سے ملی۔ کیا خدا تعالیٰ نے نہیں کہا کہ الہام کا افتراء کے طور پر دعویٰ کرنے والے ہلاک کئے

جائیں گے اور خدا پر جھوٹ بولنے والے پکڑے جائیں گے۔ یہ تو توریت میں بھی ہے کہ جھوٹا نبی قتل کیا جائے گا اور انجیل میں بھی ہے کہ جھوٹا جلد فنا ہوگا اور اس کی جماعت متفرق ہو جائے گی۔ کیا کوئی ایک نظیر بھی ہے کہ جھوٹے مُلہَم نے جو خدا پر افترار کرنے والا تھا ایام افترار میں وہ عمر پائی جو اس عاجز کو ایام دعوت الہام میں ملی؟ بھلا اگر کوئی نظیر ہے تو پیش تو کرو۔ میں نہایت پُرزور دعویٰ سے کہتا ہوں کہ دنیا کی ابتدا سے آج تک ایک نظیر بھی نہیں ملے گی۔

پس کیا کوئی ایسا ہے کہ اس محکم اور قطعی دلیل سے فائدہ اُٹھاوے اور خدا تعالےٰ سے ڈرے؟ میں نہیں کہتا کہ بُت پرست عمر نہیں پاتے یا دہریہ یا انا الحق کہنے والے جلد پکڑے جاتے ہیں۔ کیونکہ ان غلطیوں اور ضلالتوں کی سزا دینے کے لئے دوسرا عالم ہے لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ جو شخص خدا تعالےٰ پر الہام کا افترار کرتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ الہام مجھ کو ہوا حالانکہ جانتا ہے کہ وہ الہام اس کو نہیں ہوا وہ جلد پکڑا جاتا ہے اور اس کی عمر کے دن بہت تھوڑے ہوتے ہیں۔ قرآن اور انجیل اور توراۃ نے یہی گواہی دی ہے عقل بھی یہی گواہی دیتی ہے اور اس کے مخالف کوئی منکر کسی تاریخ کے حوالہ سے ایک نظیر بھی پیش نہیں کر سکتا اور نہیں دکھلا سکتا کہ کوئی جھوٹا الہام کا دعویٰ کرنے والا پچیس برس تک یا اٹھارہ برس تک جھوٹے الہام دنیا میں پھیلاتا رہا اور جھوٹے طور پر خدا کا مقرب اور خدا کا مامور اور خدا کا فرستادہ اپنا نام رکھا اور اس کی تائید میں سالہائے دراز تک اپنی طرف سے الہامات تراش کر مشہور کرتا اور پھر وہ باوجود ان مجرمانہ حرکات کے پکڑا نہ گیا۔ کیا امید کی جاتی ہے کہ کوئی ہمارا اس سوال کا جواب دے سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ ان کے دل جانتے ہیں کہ وہ ان سوالات کے جواب دینے سے عاجز ہیں مگر پھر بھی انکار سے باز نہیں آتے۔ بلکہ بہت سے دلائل سے ان پر حجت وارد ہو گئی۔ مگر وہ خواب غفلت میں سو رہے ہیں۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۷، ۴۸ صفحہ ۳۷۲، ۳۸۲، ۳۸۳ مورخہ ۱۶ دسمبر و ۲۴ دسمبر ۱۹۰۳ء)

۹ دسمبر ۱۹۰۳ء

حضرت ابراہیمؑ کا آگ میں ڈالے جانا

جماعت میں سے ایک ہمارے مکرم دوست نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے آگ میں ڈالے جانے کے متعلق دریافت کیا کہ آریہ اس پر اعتراض کرتے ہیں۔ اس پر حضرت اقدس علیہ السلام نے فرمایا کہ

ان لوگوں کے اعتراض کی اصل جڑ معجزات اور خوارق پر نکتہ چینی کرنا ہے۔ ہم خدا تعالیٰ کے فضل سے دعویٰ کرتے ہیں اور اسی لئے خدا تعالیٰ نے ہمیں مبعوث کیا ہے کہ قرآن کریم میں جس قدر معجزات اور خوارق انبیاء کے مذکور ہوئے ہیں اُن کو خود دکھا کر قرآن کی حقانیت کا ثبوت دیں۔ ہم دعویٰ کرتے ہیں کہ اگر دنیا کی کوئی قوم ہمیں آگ میں ڈالے یا کسی اور خطرناک عذاب اور مصیبت میں مبتلا کرنا چاہے تو خدا تعالیٰ اپنے وعدہ کے موافق ضرور ہمیں محفوظ رکھے گا۔

بعد اس کے خدا تعالیٰ کے تصرفات اور اپنے بندوں کو عجیب طرح ہلاکت سے نجات دینے کی مثالیں دیتے رہے اور اسی کے ضمن میں فرمایا۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے جب میں سیالکوٹ میں تھا۔ ایک مکان میں مَیں اور چند آدمی بیٹھے ہوئے تھے۔ بجلی پڑی اور ہمارا سارا مکان دھوئیں سے بھر گیا اور اس دروازہ کی چوکھٹ جس کے متصل ایک شخص بیٹھا ہوا تھا ایسی چیری گئی جیسے آرے سے چیری جاتی ہے۔ مگر اس کی جان کو کچھ بھی صدمہ نہ پہنچا لیکن اسی دن بجلی تیجا سنگھ کے شوالہ پر بھی پڑی اور ایک لمبا راستہ اس کے اندر کو چکر کھا کر جاتا تھا جہاں ایک آدمی بیٹھا ہوا تھا۔ وہ تمام چکر بجلی نے بھی کھائے اور جا کر اس پر پڑی اور ایسا جلایا کہ بالکل ایک کوئلے کی شکل اسے کر دیا

پھر یہ خدا کا تصرف نہیں تو اور کیا ہے کہ ایک شخص کو بچا لیا اور ایک کو مار دیا۔ خدا نے ہم سے وعدہ فرمایا ہے اور اس پر ہمارا ایمان ہے وہ وعدہ واللہ یعصمک من الناس کا ہے۔

پس اسے کوئی مخالف آزمالے اور آگ جلا کر ہمیں اس میں ڈال دے آگ ہرگز ہم پر کام نہ کرے گی اور وہ ضرور ہمیں اپنے وعدہ کے موافق بچالے گا لیکن اس کے یہ معنے نہیں ہیں کہ ہم خود آگ میں کودتے پھریں۔ یہ طریق انبیاء کا نہیں خدا تعالیٰ فرماتا ہے ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ[1] پس ہم خود آگ میں دیدہ دانستہ نہیں پڑتے۔ بلکہ یہ حفاظت کا وعدہ دشمنوں کے مقابلہ پر ہے کہ اگر وہ آگ میں ہمیں جلانا چاہیں تو ہم ہرگز نہ جلیں گے۔ اس لئے میرا ایمان تو یہ ہے کہ ہمیں تکلف اور تاویل کرنے کی ضرورت نہیں ہے جیسے خدا کے باطنی تصرفات ہیں ویسے ہی ظاہری بھی ہم مانتے ہیں بلکہ اسی لئے خدا نے اول ہی سے الہام کر دیا ہوا ہے کہ آگ سے ہمیں مت ڈراؤ آگ ہماری غلام بلکہ غلاموں کی غلام ہے۔

بجز اس طریق کے کہ خدا خود ہی تجلی کرے اور کوئی دوسرا طریق نہیں ہے جس سے اس کی ذات پر یقین کامل حاصل ہو لا تدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار[2] سے بھی یہی سمجھ میں آتا ہے کہ ابصار پر وہ آپ ہی روشنی ڈالے تو ڈالے۔ ابصار کی مجال نہیں ہے کہ خود اپنی قوت سے اسے شناخت کر لیں۔ ان دنوں میں گھر میں کس قدر تکلیف رہی۔ گھر بھر بیماری میں مبتلا تھا لیکن اس نے اول ہی تسلی دے دی تھی کہ

خوش باش عاقبت نکو خواہد بود

آریہ مذہب کا انجام

آریوں کی زبان درازیاں ہمیں کیا نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ ان کے مذہب کی حالت تو افاقۃ الموت ہی معلوم ہوتی ہے۔ طبیبوں نے مانا ہے کہ ایسا ہوا کرتا ہے کہ جب ایک

[1] البقرۃ: ۱۹۶ [2] الانعام: ۱۰۴

شخص مرنے کے قریب ہوتا ہے تو بعض اوقات اٹھ کر بیٹھ جایا کرتا ہے اور معلوم ہوتا ہے
کہ تندرست ہے مگر معاً موت آ دباتی ہے۔ سو ان کا شور و شر بھی ایسا ہی ہے۔ جس
مذہب میں روحانیت اور خدا سے صافی تعلق نہیں ہوتا وہ بہت جلد تباہ ہو جاتا ہے۔ آریوں
کی شوخی اور اس جوش و خروش سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی زبان درازیوں اور شوخیوں کا
بہت جلد خاتمہ ہوگا۔ جب موسم بہار ہوتا ہے تو بہت سے کیڑے پیدا ہوتے ہیں پھر جب
اُن کو پر لگتے ہیں تو وہ بہت جلد ہلاک ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح اب خدا کے فضل سے اسلام
کے لئے موسم بہار ہے ضرور ہے کہ ایسے کیڑے پیدا ہوں۔ اب اُن کو پر لگ گئے ہیں
پس یہ بھی تھوڑی مدت کے مہمان ہیں۔ اور اگر ذرا اور غور سے دیکھا جاوے اور اُن کے
سب وشتم کو الگ کر دیا جاوے تو ایک طرح سے انہوں نے خدمت اسلام کی ہے کیونکہ نعمٔ
فیج اعوج تھا اور مولویوں وغیرہ سے کب یہ بات ہونی تھی کہ اس قدر ہندوؤں سے بُت
پرستی وغیرہ ترک کرداتے۔ ان لوگوں نے جو ہزاروں دیویوں اور بتوں کو ترک کیا ہے یہ خدمت
اسلام ہی ہے۔ ذرا روحانیت ان میں آئی تو فوج در فوج اسلام میں داخل ہوں گے۔ پہلے
زمانوں میں جب ہندو مسلمان ہوتے تھے وہ درحقیقت انتشار روحانیت کا زمانہ نہ تھا۔
اس لئے گمراہ رہے۔ اب جب رُوحانیت اُن میں پیدا ہوئی اور حق کو اُنہوں نے شناخت
کر لیا تو بڑی شرح صدر اور زور سے اسلام میں داخل ہوں گے۔ یاد رکھو ایسے لوگوں سے
ہرگز ڈرنا نہ چاہیئے۔ ڈرنا ایسے شخص سے چاہیئے کہ جس میں روحانیت ہو اس لئے کہ اس کا
حملہ خدا کا حملہ ہوتا ہے۔

یکسر الصلیب کے معنے

یکسر الصلیب کے یہ معنے نہیں ہیں کہ مسیح آکر اپنے ہاتھ سے صلیبوں کو توڑتا
پھرے گا بلکہ کسر صلیب میں یہ بات داخل ہے اور ہر ایک اُسے بے تکلف سمجھ سکتا ہے
کہ اس زمانہ میں کسر صلیب کے سامان خود مہیا ہو جاویں گے۔ اس کام کو ایک انسان (مسیح

کی طرف منسوب کرنا میرے نزدیک شرک ہے مطلب یہ ہے کہ مسیح موعود ایسے زمانے کا آدمی ہوگا جس میں یہ سامان موجود ہوں گے اور وہ اس وقت موجود ہیں۔ درحقیقت صلیب کا کاسر مسیح موعود نہ ہوگا بلکہ خود خدا ہوگا۔ اور یہ خیال بھی غلط ہے کہ کوئی عیسائی دنیا میں نہ رہے گا اسلام ہی اسلام ہوگا جبکہ خدا تعالیٰ خود قرآن شریف میں فرماتا ہے کہ اُن کا وجود قیامت تک رہے گا۔ مطلب یہ ہے کہ نصاریٰ کا مذہب ہلاک ہوگا۔ اور عیسائیت نے جو عظمت دلوں پر حاصل کی ہے وہ نہ رہے گی۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۷،۴ صفحہ ۲۷۲-۲۷۴ مورخہ ۱۶ اردسمبر ۱۹۰۳ء)

---

۱۱ دسمبر ۱۹۰۳ء

خلق طیور اور احیاء موتےٰ سے مُراد

شام کے بعد حضرت مولوی نورالدین صاحب نے عرض کیا کہ دھرمپال (نو آریہ) نے خلق طیور پر اور احیاء موتےٰ پر بھی اعتراض کیا ہے۔ اس پر حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا کہ

اصل میں خلق طیور اور احیاء موتیٰ پر ہمارا یہ ایمان نہیں ہے کہ اس سے ایسے پرندے مراد ہیں جن کا ذبح کر کے گوشت بھی کھایا جا سکے اور نہ احیاء موتیٰ سے یہ مطلب ہے کہ حقیقی مردہ کا احیاء کیا گیا بلکہ مراد یہ ہے کہ خلق طیور اس قسم کا تھا کہ حدِّ اعجاز تک پہنچا ہوا تھا اور احیاء موتیٰ کے یہ معنے ہیں کہ اوّل رُوحانی زندگی عطا کی جاوے اور دوسرے یہ کہ بذریعہ دُعا ایسے انسان کو شفا دی جاوے کہ وہ گویا مُردوں میں شمار ہو چکا ہو جیسا کہ عام بول چال میں کہا جاتا ہے کہ فلاں تو مر کر جیا ہے۔ لیکن ان باتوں کو لکھنے کی کیا ضرورت ہے بلکہ اُن سے صاف طور پر پوچھا جاوے کہ آیا تم لوگ صورت اعجاز کے قائل ہو یا نہیں؟ پس اگر وہ منکر ہیں تو اُن کو چاہیئے کہ اشتہار دے دیں اور بہت صاف

لفظوں میں دیں پھر شاید اللہ تعالیٰ کوئی اور کرشمہ قدرت دکھاوے۔ اگرچہ ایک دفعہ وہ ان کو قائل بھی کر چکا ہے۔ ہم ان کی یہ باتیں فرداً فرداً نہیں سنتے کہ عصائے موسیٰ کیا تھا اور خلقِ طیور کیا تھا وغیرہ وغیرہ۔ خدا کا فضل ہمارے شاملِ حال ہے اور وہ ہر وقت ہماری تائید کے لئے تیار ہے وہ صورتِ اعجاز کا انکار شائع کر دیں پھر خدا تعالیٰ کی تائید دیکھ لیویں۔ قرآن کریم میں جس قدر معجزات آگئے ہیں ہم اُن کے دکھانے کو زندہ موجود ہیں خواہ قبولیت دعا کے متعلق ہوں خواہ اور رنگ کے مُعجزہ کے منکر کا یہی جواب ہے کہ اس کو مُعجزہ دکھایا جاوے اس سے بڑھ کر اور کوئی جواب نہیں ہو سکتا۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۷ صفحہ ۳۷۴ مورخہ ۱۶ دسمبر ۱۹۰۳ء)

---

۱۲ دسمبر ۱۹۰۳ء

الہام

اِنِّیْ حِمَی الرَّحْمٰن (میں خدا کی باڑ ہوں)۔ فرمایا

یہ خطاب میری طرف ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اعداء طرح طرح کے منصوبے کرتے ہوں گے۔ ایک شعر بھی اس مضمون کا ہے۔

اے آنکہ سوئے من بدویدی بصد تبر
از باغباں بترس کہ من شاخ مثمرم

بعث بعد الموت اور امور خوارق عادت

حضرت مولانا نور الدین صاحب نے خدمت والا میں عرض کی کہ عزیر کے قصہ کی بابت ایک دفعہ حضور نے ارشاد فرمایا تھا کہ وہ واقعہ بعث بعد الموت میں انہوں نے دیکھا

اس پر آپ نے فرمایا کہ

مرنے کے بعد ایک بعث ہوتا ہے جیسے کہ حدیث میں ایک شخص کا ذکر ہے کہ وہ خدا سے بہت ڈرتا تھا لیکن خدا کی قدرتوں کا اُسے علم نہ تھا تو اس نے وصیت کی کہ جب میں مرجاؤں تو مجھے جلا دینا اور میری خاک کو دریا میں ڈال دینا (تاکہ میرے اجزا ایسے منتشر ہو جاویں کہ پھر جمع نہ ہو سکیں) جب وہ مرگیا تو اُس کے ورثا نے ایسا ہی کیا۔ لیکن خدا نے اسے عالم برزخ میں پھر زندہ کیا اور پوچھا کہ کیا تو اس بات کو نہ جانتا تھا کہ ہم تیرے اجزا کو ہر ایک مقام سے جمع کر سکتے ہیں اور تجھے ہماری قدرتوں کا علم نہ تھا۔ اس نے بیان کیا کہ چونکہ مجھے اپنے گناہوں کی سزا کا خوف تھا۔ اس لئے میں نے یہ تجویز کی تھی۔ آخر اس خوف کی وجہ سے خدا تعالیٰ نے اُسے بخش دیا۔ تو یہ بھی ایک قسم کا بعث ہے جو کہ قبل قیامت ہوتی ہے۔ اس خیال پر میں نے کہا ہوگا۔ مرنے کے بعد ایک ایسی حالت میں بھی انسان پڑتا ہے کہ اسے اپنے وجود کی خبر نہیں ہوتی۔ یہ ایک نوم کی قسم ہوتی ہے۔ مولوی عبداللطیف صاحب نے جو شہادت سے اول یہ کہا تھا کہ چھ دن کے بعد زندہ ہو جاؤں گا۔ اُس کے معنے بھی یہ ہو سکتے ہیں کہ چھ دن کے بعد میری بعث ہوگی۔ یہ ہمارا ایمان ہے۔

فرمایا کہ

اسی طرح ہم ہر ایک خوارق عادت امر پر ایمان لاتے ہیں اور اس امر کی ضرورت نہیں کہ اُس کی تفصیل بھی معلوم ہو۔ بعض وقت ایک آواز آتی ہے لیکن کوئی کلام کرنے والا معلوم نہیں ہوتا۔ اس وقت حیرانی ہوتی ہے۔ تو اس وقت کیا کیا جاوے؟ آخر ایمان لانا پڑتا ہے۔ اور یہ عجیب بات ہے کہ ایسے امور میں آکر انسان کو عرفان سے پھر ایمان کی طرف عود کرنا پڑتا ہے۔

حال میں ایک اخبار میں دیکھا گیا کہ ایک شخص نے کہا کہ میں نے ایک ایسی ہانڈی کا پکا ہوا سالن کھایا ہے جو کہ میری پیدائش سے تیس برس پیشتر کی پکی ہوئی تھی جب انسان

ہوا وغیرہ سے محفوظ رکھ کر ایک شئے کو اس قدر عرصہ دراز سے محفوظ رکھ سکتا ہے تو اگر خدا رکھے تو کیا بعید ہے۔

اگر یہ لوگ خوارق عادت کی جزئیات پر اعتراض کرتے ہیں تو ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کے شاید ۳۰۰ معجزات ہوں گے۔ ہم ان کے ایسے لاکھوں خوارق عادت پیش کرکے اعتراض کر سکتے ہیں ان کا کیا جواب دیں گے؟ ہم تو ان باتوں کو ہر روز مشاہدہ کرتے ہیں اور خدا تعالٰے کی قدرت کے تصرفات دیکھتے ہیں۔ یہ کہاں تک اعتراض کرینگے خداشناسی کا مزا یہی ہے کہ ہر ایک قسم کی قدرت کا جلوہ نظر آوے۔

آریوں کا خدا اور اُن کی معذرت

آریوں کے خدا کی مثال تو ایسی ہے جیسے کسی کے ہاتھ میں ہڈی ہوتی ہے۔ خدا تعالٰے کی قدرتوں پر ان کو ایمان نہیں ہے اور جب یہ نہ ہوا تو پھر اس سے نہ خوف ہوا نہ طمع نہ محبت نہ عبادت۔ ان کے لئے یہ جواب کافی ہے کہ جیسے ایک اندھے آدمی کے نزدیک ہر ایک رؤیت قابلِ اعتراض ہوتی ہے ویسے ہی وہ بھی ان باتوں کے محسوس کرنے سے معذور ہیں کیونکہ ہر ایک شیئ کی حس الگ الگ ہے۔ جیسے آنکھ کی حس ہے۔ تو اس سے کان کوئی فائدہ نہیں پا سکتا اور ناک کی حس کو آنکھ شناخت نہیں کر سکتی ایسے ہی ایک انسان جو کہ اعلیٰ قسم کے قویٰ لے کر آیا ہے اور اُسے امور ماورا العقل کو محسوس کرنے کی قوت دی گئی ہے تو جو وہ دیکھتا ہے اگر دوسرے نہ دیکھیں تو سوائے اعتراض کے اَور کیا کر سکتے ہیں؟ آریوں کی مشابہت اس شخص سے ہو سکتی ہے جس کی ایک آنکھ یا کان نہ ہو اور وہ دوسرے کی آنکھ کان دیکھ کر اعتراض کرے۔ وہ لوگ ان باتوں سے محروم ہیں اس لئے اعتراض کرتے ہیں۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۸ صفحہ ۳۸۳ مورخہ ۲۴ر دسمبر ۱۹۰۳ء)

۲۰؍دسمبر ۱۹۰۲ء

بوقت ظہر

حکیم آل محمد صاحب تشریف لائے اور حضرت اقدس علیہ السلام سے نیاز حاصل کیا اور عرض کی کہ امروہہ میں میرا یہی کام رہا ہے کہ اس سلسلہ الٰہی کی تبلیغ کروں اور اسی خدمت میں میری جان نکل جاوے۔

حضرت اقدس نے فرمایا کہ

اس سے بڑھ کر اور کیا دینی خدمت ہوگی مرنا تو ہر ایک نے ہی ہے اور اس جان نے ایک دن اس قالب کو چھوڑنا ضرور ہے مگر کیا عمدہ وہ موت ہے جو خدمت دین میں آوے

بعد نماز مغرب

ایک نوجوان صاحب نے آکر حضرت اقدس سے ملاقات کی اور عرض کی کہ میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں اگر اجازت ہو

حضرت اقدس نے فرمایا کہ کہو

تب انہوں نے اپنی ایک رؤیا سُنائی جو کہ عرصہ اڑھائی سال کا ہوا دیکھی تھی۔ اس میں ان کو بتلایا گیا تھا کہ حضرت عیسیٰؑ آگئے ہوئے ہیں اور وہ مرزا قادیان والا ہے۔ پھر اس کی تائید میں انہوں نے اور چند خوابیں دیکھی تھیں وہ بھی سُنائیں۔

حضرت اقدسؑ نے فرمایا کہ

یہ ایک دوسرے کی تائید میں ہیں۔

اس اثناء میں جوشیلا نوجوان بول اُٹھا کہ جب تک میرا دل تسلی نہ پکڑے گا۔ نہ مانوں گا اور بیعت نہ کروں گا۔ چونکہ ان کلمات سے خدا تعالیٰ کے انعامات و اکرام کی قدر ناشناسی مترشح ہوتی تھی۔ اس پر خدا کے برگزیدہ نے فرمایا:۔

خدا کی قدیم سے عادت ہے کہ صابروں کے سب کام وہ آپ کرتا ہے اور بےصبری سے ابتلا پیش آتا ہے۔ ہماری شریعت میں طلب اسباب حرام نہیں ہے ان پر بھروسہ اور توکل ضرور حرام ہے اس لئے کوشش کو ہاتھ سے نہ چھوڑنا چاہیئے۔ خدا تعالےٰ قرآن شریف میں قسم کھاتا ہے فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا [1]۔ ماسوا اس کے خدا پر توکل اور دعا کرنے سے برکت حاصل ہوتی ہے۔

سعید آدمی جلدباز نہیں ہوتا اور نہ وہ خدا تعالیٰ سے جلد بازی کرتا ہے خدا کا قانون قدرت ہے کہ ہر ایک امر بتدریج ہوتا ہے۔ آج تخم ریزی کرو تو وہ آہستہ آہستہ ایک دانہ سے ایک درخت بن جاوے گا۔ آج اگر رحم میں نطفہ پڑے تو وہ آخر نو ماہ میں جا کر بچہ بنے گا خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ صبر کرنے والوں کو بے حساب بدلہ دیا جائے گا۔ سنت اللہ کی اتباع انسان کو کرنی چاہیئے۔ جب تک خدا خود رُشد اور ہدایت نہ دے تو کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔ انبیاء کی صحبت میں کس کس قدر لوگ رہتے تھے مگر سب ایک وقت ایمان نہیں لائے۔ کوئی کسی وقت اور کوئی کسی وقت۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک شخص تھا اس نے آپ کا مبارک زمانہ دیکھا مگر ایمان نہ لایا۔ پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا زمانہ دیکھا پھر بھی ایمان نہ لایا۔ اس سے وجہ پوچھی گئی تو بتلایا کہ کچھ میرے شبہات باقی تھے اور کچھ آثار پُورے ہونے والے تھے چونکہ اب وہ پورے ہوئے ہیں اس لئے اب میں ایمان لایا ہوں۔

لیکن یہ اس کی غلطی تھی۔ خدا نے مومنوں کے مختلف طبقات پیدا کئے ہیں لیکن ان میں سے وہ لوگ بہت تعریف کے قابل ہیں جو کسی راستباز کو چہرہ دیکھ کر شناخت کر لیتے ہیں۔

ایمان لانے والے تین قسم کے آدمی ہوتے ہیں ایک تو وہ جو چہرہ دیکھ کر ایمان لاتے ہیں دوسرے وہ جو نشان دیکھ کر مانتے ہیں۔ تیسرا ایک ارذل گروہ کہ جب ہر طرح

[1] النازعات: ۶

سے غلبہ حاصل ہو جاتا ہے اور کوئی وجہ ایمان بالغیب کی باقی نہیں رہتی تو اس وقت ایمان لاتے ہیں جیسے فرعون کہ جب غرق ہونے لگا تو اس وقت اقرار کیا۔

عمر کا اعتبار نہیں ہے غافل رہ کر اس بات کی انتظار کرنا کہ خدا خود خبر دیوے یہ نادانی ہے اب تو خود وقت ہی ایسا ہے کہ انسان خود سمجھ سکتا ہے۔ دیکھنا چاہیئے کہ اسلام کی کیا حالت ہے۔ کیا ظاہری اور باطنی طور پر صلیبی مذہب غالب ہو گیا ہے۔ تو کیا اب ان وعدوں کی رُو سے جو کہ قرآن میں ہیں یہ وقت نہ تھا کہ خدا اپنے دین کی مدد کرتا۔ اس کے علاوہ مدعی اور اس کے دعویٰ کے دلائل کو دیکھے اور غور کرے۔ جو پیاسا ہے وہ دور رہ کر کنوئیں سے یہ کہے کہ پانی میرے مُنہ میں خود بخود آجاوے یہ نادانی ہے اور ایسا شخص خدا کی بے ادبی کرتا ہے۔

متقی کی تعریف اور ایمان کی فلاسفی

تقویٰ اس بات کا نام ہے کہ جب وہ دیکھے کہ میں گناہ میں پڑتا ہوں تو دعا اور تدبیر سے کام لیوے ورنہ نادان ہوگا۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے من یتق اللہ یجعل لہٗ مخرجًا و یرزقہ من حیث لا یحتسب[1] کہ جو شخص تقویٰ اختیار کرتا ہے وہ ہر ایک مشکل اور تنگی سے نجات کی راہ اس کے لئے پیدا کر دیتا ہے۔ متقی درحقیقت وہ ہے کہ جہانتک اس کی قدرت اور طاقت ہے وہ تدبیر اور تجویز سے کام لیتا ہے جیسا کہ قرآن شریف کے شروع میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ الٓمٓ۔ ذٰلک الکتاب لا ریب فیہ ھدًی للمتقین۔ الذین یؤمنون بالغیب ویقیمون الصلوٰۃ ومما رزقنٰھم ینفقون[2]

ایمان بالغیب کے یہ معنے ہیں کہ وہ خدا سے اَڑ نہیں باندھتے۔ بلکہ جو بات پردۂ غیب میں ہو۔ اس کو قرائن مرجحہ کے لحاظ سے قبول کرتے ہیں اور دیکھ لیتے ہیں کہ صدق کے وجوہ کذب کے وجوہ پر غالب ہیں۔ یہ بڑی غلطی ہے کہ انسان یہ خیال رکھے کہ آفتاب کی طرح ہر ایک امر اس پر منکشف ہو جاوے۔ اگر ایسا ہو تو پھر بتلاؤ کہ اس

[1] الطلاق: ۳، ۴ [2] البقرہ: ۲ تا ۴

کے ثواب حاصل کرنے کا کونسا موقعہ ملا؟ کیا اگر ہم آفتاب کو دیکھ کر کہیں کہ ہم اُس پر ایمان لائے تو ہم کو ثواب ملتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ کیوں؟ صرف اس لئے کہ اس میں غیب کا پہلو کوئی بھی نہیں۔ لیکن جب ملائکہ، خدا اور قیامت وغیرہ پر ایمان لاتے ہیں تو ثواب ملتا ہے۔ اس کی یہی وجہ ہے کہ ان پر ایمان لانے میں ایک پہلو غیب کا پڑا ہوا ہے۔ ایمان لانے کے لئے ضروری ہے کہ کچھ اخفا بھی ہو اور طالب حق چند قرائنِ صدق کے لحاظ سے ان باتوں کو مان لے۔

اور ممّا رزقناھم ینفقون[1] کے یہ معنے ہیں کہ جو کچھ ہم نے ان کو عقل۔ فکر۔ فہم۔ فراست اور رزق اور مال وغیرہ عطا کیا ہے اس میں سے خدا تعالیٰ کی راہ میں اس کے لئے صرف کرتے ہیں یعنی فعل کے ساتھ بھی کوشش کرتے ہیں۔ پس جو شخص دُعا اور کوشش سے مانگتا ہے وہ متقی ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے سورۂ فاتحہ میں بھی اس کی طرف اشارہ کیا ہے ایّاک نعبد و ایاک نستعین[2]۔ یاد رکھو کہ جو شخص پورے فہم اور عقل اور زور سے تلاش نہیں کرتا وہ خدا کے نزدیک ڈھونڈنے والا نہیں قرار پاتا اور اس طرح سے امتحان کرنے والا ہمیشہ محروم رہتا ہے۔ لیکن اگر وہ کوششوں کے ساتھ دعا بھی کرتا ہے اور پھر اُسے کوئی لغزش ہوتی ہے تو خدا اُسے بچاتا ہے اور جو آسانی تن کے ساتھ دروازہ پر آتا ہے اور امتحان لیتا ہے تو خدا کو اُس کی پروا نہیں ہے۔ ابوجہل وغیرہ کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی صحبت تو نصیب ہوئی اور وہ کئی دفعہ آپ کے پاس آیا بھی لیکن چونکہ آزمایش کے لئے آتا رہا اس لئے گر گیا اور اسے ایمان نصیب نہ ہوا۔

بیعت ہم پر احسان نہیں

اگر کوئی شخص بیعت کرکے یہ خیال کرتا ہے کہ ہم پر احسان کرتا ہے تو یاد رکھے کہ ہم پر کوئی احسان نہیں بلکہ یہ خدا کا اس پر احسان ہے کہ اس نے یہ موقعہ اُسے نصیب کیا۔ سب لوگ ایک ہلاکت کے کنارے پر پہنچے ہوئے تھے۔ دین کا نام و نشان نہ تھا اور تباہ

[1] البقرہ: ۴ [2] الفاتحہ: ۵

ہو رہے تھے۔ خدا نے اس کی دستگیری کی (کہ یہ سلسلہ قائم کیا) اب جو اس مائدہ سے محروم رہتا ہے وہ بے نصیب ہے لیکن جو اس کی طرف آوے۔ اُسے چاہیئے کہ اپنی پوری کوشش کے بعد دعا سے کام لیوے۔ جو شخص اس خیال سے آتا ہے کہ آزمائش کرے کہ فلاں سچا ہے یا جھوٹا وہ ہمیشہ محروم رہتا ہے۔ آدمؑ سے لیکر اس وقت تک کوئی ایسی نظیر نہ پیش کر سکو گے کہ فلاں شخص فلاں نبی کے پاس آزمائش کے لئے آیا اور پھر اسے ایمان نصیب ہوا ہو۔ پس چاہیئے کہ خدا کے آگے روئے اور راتوں کو اٹھ اٹھ کر گریہ و زاری کرے کہ خدا اسے حق دکھا دے۔

وقت خود ایک نشان ہے اور وہ بتلا رہا ہے کہ اس وقت ایک مصلح کی ضرورت ہے۔ اب وقت آزمائش اور امتحان کا ہرگز نہیں ہے۔ اگر کوئی نہیں مانتا تو بتلائے کہ ہمارا کیا بگاڑتا ہے۔ مکہ میں اگر صدہا آدمی انکار کر کے تباہ ہوئے تو بتلاؤ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا بگاڑ لیا۔ ایک مرتد ہوتا تو خدا سو اور لے آتا کیا یہ غور کی بات نہیں کہ اگر ہمارا کارخانہ خدائی نہ ہوتا تو یہ آج تک کب کا تباہ ہو جاتا۔ ایک وہ وقت تھا کہ میں اکیلا پھرتا تھا اور اب وہ وقت ہے کہ دو لاکھ سے زیادہ آدمی میرے ساتھ ہیں۔ آج سے ۲۲-۲۳ برس پیشتر اس نے بتلایا جو کہ براہین میں درج ہے کہ میں تجھے کامیاب کرونگا اور لاکھوں آدمیوں کو تیرے ساتھ کر دوں گا۔ اس کتاب کو لے کر دیکھو اور پڑھو اور پھر سوچو کہ کیا یہ انسان کا فعل ہے کہ اس قدر دراز زمانہ پیشتر ایک خبر کو درج کرے اور پھر اس قدر مخالفت ہو اور وہ بات پوری ہو کر رہے۔ پس جو شخص خدا کے اس فعل پر ایمان نہیں لاتا وہ بدبخت مرے گا۔

نشان دیکھنے والے دو قسم کے ہوتے ہیں ایک تو لیکھرامی کہ شوخی اور شرارت کرتے ہیں اور خدا کی باتوں پر ہنسی اور تمسخر اُن کا کام ہوتا ہے ایسے جہنم واصل ہوتے ہیں جیسے کہ لیکھرام ہوا۔

اور ایک وہ کہ سنت نبوی کے موافق نشان چاہتے ہیں کہ دنیا کی حیثیت بھی بنی رہے اور نشان بھی ظاہر ہو۔ یہ نہیں کہ قیامت کا نمونہ اُن کے لئے ظاہر ہو اور خدا تعالےٰ تمام کائنات کو زیر و زبر کر دے (اس صورت میں جب وہ خود مَر ہی جائے گا تو نشان کون دیکھے گا) ایمان کی حد یہی ہے کہ عقل بھی خرچ ہو اور انسان فہم و فراست سے کام لے کر قرائن مرجحہ کو دیکھے۔ نہ یہ چاہے کہ سب کچھ انکشاف ہو جاوے۔ تو پھر اسے ثواب کس بات کا؟ وہ تو ایمان ہی نہیں ہے جس میں پردہ نہیں ہے اس لئے خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ جو لوگ نشان کو دیکھ کر ایمان لاتے ہیں ان کا ایمان نفع نہ دیگا۔ انسان من وجہ دیکھے کہ زمانہ کی ضرورت کیا تقاضا کرتی ہے۔ وہ ایک مصلح کو چاہتی ہے کہ نہیں۔ پھر ان وعدوں پر نظر ڈالے جو نصرت اور تائید کے خدا نے ہم سے قبل از وقت کئے اور وہ سب پُورے ہوئے۔ غرضکہ ان سب باتوں پر جب یکجائی نظر کر کے پھر بھی کوئی نہیں مانتا تو وہ کبھی نہ مانے گا۔ ایسے ضدی لوگوں کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بھی کہا کہ حرامکار لوگ معجزہ طلب کرتے ہیں مگر اُن کو کوئی معجزہ نہ دیا جاوے گا۔ پس ایسی باتوں سے ڈرنا چاہیئے۔ آبائی تقلید اور رسم اور عقائد کی پابندی کا ڈر نہ ہونا چاہیئے یہ کوئی شئے نہیں ہیں نہ اُن سے انسان کو تسلّی ملتی ہے۔ وہ نُور جو آسمان سے نازل ہوتا ہے وہ حقیقی تسلّی دیتا ہے۔

(البدر جلد ۲ نمبر ۴۸ صفحہ ۳۸۳-۳۸۴ مورخہ ۲۴ر دسمبر ۱۹۰۳ء)

۲۱ر دسمبر ۱۹۰۳ء

بعد نماز عید الفطر ظہر کے وقت جب حضرت اقدس مسجد میں تشریف لائے تو بعض احباب نے ذکر کیا کہ گورداسپور میں چند ایک شخص ایسے ہیں جن کو بڑا اشتیاق حضور کی زبان مبارک سے دعویٰ سننے کا ہے۔ اس پر آپ نے

فرمایا کہ

اگر کوئی تقریب نکل آئی تو انشاء اللہ وہاں ایک مجمع کر کے بیان کر دیئے جاویں گے اصل ذریعہ تبلیغ کا تقریر ہی ہے اور انبیاء اس کے وارث ہیں۔ اب انگریزوں نے اسی کی تقلید کی ہے۔ بڑی بڑی یونیورسٹیوں میں ان کا طریق تعلیم یہی ہے کہ تقریروں کے ذریعہ سے تعلیم دی جاتی ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بعض وقت اس قدر لمبی تقریر فرماتے تھے کہ صبح سے لیکر شام تک ختم نہ ہوتی تھی۔ درمیان میں نمازیں آجاتیں تو آپ ان کو ادا کر کے پھر تقریر شروع کر دیتے تھے۔

طبقۂ رؤسا محروم رہا کرتا ہے اور غریب لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں

اپنے مخالفین اور طبقۂ امراء و رؤساء کے متعلق فرمایا کہ

میرا خیال ہے کہ اکثر اُن میں سے بدنصیب ہی مریں گے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وقت میں کس قدر بادشاہ تھے جو اس وقت آپ کے معاصرین سے تھے لیکن اُن کو قبولیت کی توفیق عطا نہیں ہوئی۔ پھر خدا تعالیٰ نے اُن کے بعد غریبوں کو بادشاہ کیا جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ ہمارے متبعین پر بھی ایک زمانہ ایسا آوے گا کہ عروج ہی عروج ہوگا۔ لیکن یہ ہمیں خبر نہیں کہ ہمارے دور میں ہو یا ہمارے بعد ہو۔ خدا تعالیٰ نے یہ وعدہ فرمایا ہے کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔ سو یہ بات ابھی پوری ہونے والی ہے۔ یہ لوگ اگر اس وقت سمجھ بھی لیویں تو بھی جو اِن کی خود تراشیدہ مصلحتیں ہیں وہ قبولیت کی اجازت نہیں دیتیں۔ یہ خدا تعالیٰ کی سُنّت ہے کہ اول گروہ غرباء کو اپنے لئے منتخب کیا کرتا ہے اور پھر انہیں کو کامیابی اور عروج حاصل ہوا کرتا ہے۔ کوئی نبی نہیں گذرا کہ وہ (ظاہری حیثیت سے بھی) دنیا میں ناکامیاب رہا ہو۔ ہمیں اس امر سے ہرگز تعجب نہیں کہ ہمارے متبعین امیر نہ ہوں گے۔ امیر تو یہ ضرور ہونگے لیکن افسوس اس بات سے آتا ہے کہ اگر یہ دولت مند ہو گئے تو پھر انہی لوگوں کے ہمرنگ

ہو کر دین سے غافل نہ ہو جاویں اور دنیا کو مقدم کریں۔

غریبی اور تقویٰ کا جوڑ ہے

جب تک کمزوری اور غریبی ہوتی ہے تب تک تقویٰ بھی انسان کے اندر ہوتا ہے۔ صحابہؓ کی بھی اوّل یہی حالت تھی۔ پھر جب کروڑہا مسلمان ہو گئے اور تموّل وغیرہ اُن میں آگیا تو خبیث بھی آکر شامل ہو گئے۔ ہم بھی خدا تعالیٰ کا شکر کرتے ہیں کہ ہماری جماعت کی تعداد غرباء میں ترقی کر رہی ہے۔

بعد نماز مغرب

مامور من اللہ کی سادگی اور بے تکلفی

بعد ادائیگی نماز مغرب حضرت اقدس نے جلسہ فرمایا۔ تھوڑی دیر کے بعد جناب نواب محمد علی خان صاحب کے صاحبزادہ زریں لباس سے ملبس حضور کی خدمت میں نیازمندانہ طریق پر حاضر ہوئے۔ آپ نے اُن کو اپنے پاس جگہ دی۔ ان کو اس ہیئت میں دیکھ کر خدا تعالیٰ کے برگزیدہ نے بڑی سادگی سے جناب نواب صاحب سے دریافت کیا کہ ان کی کیا رسم ادا ہونی ہے؟ نواب صاحب نے جواب دیا کہ آمین ہے۔ اس اثناء میں ایک سرو پا کا تھال آیا اور وہ حضور علیہ السلام کے روبرو دھرا گیا۔ چند لمحہ کے بعد پھر آپ نے دریافت فرمایا کہ اب آگے کیا ہونا ہے۔ عرض کی گئی کہ اسے دست مبارک لگا دیا جاوے اور دعا فرمائی جاوے۔ چنانچہ حضور نے ایسا ہی کیا اور پھر فوراً تشریف لے گئے[1]

۲۳؍ دسمبر ۱۹۰۳ء

فرمایا کہ

---

[1] البدر جلد ۳ نمبر ۲ صفحہ ۲ مورخہ ۸؍ جنوری ۱۹۰۴ء

عبداللطیف صاحب ایک اُسوہ چھوڑ گئے ہیں جس کی اتباع جماعت کو چاہیئے۔

صحبت کی ضرورت

ایک انگریز کا ذکر تھا جو کہ اپنی عقیدت حضرت اقدس کے ساتھ ظاہر کرتا تھا اور کہتا تھا کہ میرا ارادہ ہے کہ کشمیر میں ایک بڑا ہوٹل بناؤں اور وہاں ہر ملک و دیار کے لوگ جو سیر و سیاحت کے لئے آتے ہیں ان کو تبلیغ کروں۔

حضرت اقدس نے فرمایا کہ

ہمیں اس سے دنیا داری کی بُو آتی ہے۔ اگر اسے سچا اخلاص خدا تعالیٰ کے ساتھ ہے اور اس کی غرض تحصیل دین ہے تو اول یہاں آکر رہے۔

سنت اللہ کے آگے عقل کی بھی کچھ پیش نہیں چلتی۔ عقل تو یہی چاہتی تھی۔ کہ فی الفور ان باتوں کو مان لیا جاوے جو ہم نے پیش کی ہیں مگر سنت اللہ نہ چاہتی تھی۔ کسی فرقہ میں شامل ہونے کے لئے سچا جوش اسی وقت پیدا ہوتا ہے جبکہ اول کامل وجوہات دل میں جانشیں ہوں۔ اس کے بعد پھر وہ شخص ہر ایک بات کو قبول کر لیتا ہے۔ صحابہ کرامؓ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں رہے اور بڑے بڑے نقصان برداشت کئے۔ اُن کو اس بات کا علم تھا کہ صحبت سے جو بات حاصل ہوتی ہے وہ اَور طرح ہرگز حاصل نہ ہوگی۔ حُسنِ ظن بھی اگرچہ عمدہ شئے ہے مگر افراط تک اسے پہنچانا غلطی ہے۔ ہمارے حصہ کا جو پورپین ہوگا ہم خود اسے پہچان لیں گے کہ یہ ہے۔

عجائبات قدرت دکھلانے کے لئے ضروری ہے کہ مخالفت بھی ہو اور روکنے والے بھی ہوں کیونکہ بغیر اس کے خدا تعالیٰ کی قدرت کے ہاتھ کا پتہ کیسے لگ سکتا ہے۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۲ صفحہ ۲ مورخہ ۸ ؍ جنوری ۱۹۰۴ء)

۲۴؍دسمبر ۱۹۰۳ء

ایک معجزہ

یہ ایک معجزہ ہے اور بڑی خوبی کا معجزہ ہے۔ بشرطیکہ انصاف سے اس پر نظر کی جاوے کہ آج سے ۲۳ یا ۲۴ برس پیشتر کی کتاب براہین احمدیہ تصنیف شدہ ہے اور اس کی جلدیں اسی وقت کی ہر ایک مذہب اور ملت کے پاس موجود ہیں۔ یورپ بھی بھیجی گئی، امریکہ میں بھی بھیجی گئی لنڈن میں اس کی کاپی موجود ہے۔ اس میں بڑی وضاحت سے یہ لکھا ہوا موجود ہے کہ ایک زمانہ آنے والا ہے کہ لوگ فوج در فوج تمہارے ساتھ ہوں۔ حالانکہ جب یہ کلمات لکھے اور شائع کئے گئے تھے اس وقت فرد واحد بھی میرے ساتھ نہ تھا۔ اس وقت خدا تعالیٰ نے ایک دعا سکھلائی جو کہ بطور گواہ اس میں لکھی ہوئی ہے رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ[1]۔ خدا تعالیٰ کا اس سے یہ ظاہر کرنا مقصود تھا کہ تو اکیلا ہے اور پھر تاکید کی کہ تو مخلوق کی ملاقات سے تھکنا مت اور چیں بجبیں نہ ہونا۔ تو اب غور کرنے کی جا ہے کہ کیا یہ کسی انسان کا اقرار ہو سکتا ہے اور پھر ایک زبان میں نہیں بلکہ چار زبانوں میں یہ الہام فوج در فوج لوگوں کے ساتھ ہونے کا ہے یعنی انگریزی، اردو، فارسی، عربی میں۔ بڑے بڑے گواہ اگرچہ ہمارے مخالف ہیں، موجود ہیں۔ محمد حسین بھی زندہ ہے۔ یہاں کے لوگ بھی جانتے ہیں۔ کیا وہ بتلا سکتے ہیں کہ اس وقت کون کون ہمارے ساتھ تھا۔ بلکہ وہ ایک گمِ زمانہ تھا۔ کوئی مجھے نہ جانتا تھا۔ اب دیکھو کہ وہ بات کیسی پوری ہوئی ہے حالانکہ ہر فرقہ اور ملت کے لوگوں نے ناخنوں تک مخالفت میں زور لگایا اور ہماری ترقی اور کامیابی کو روکنا چاہا لیکن اُن کی کوئی پیش نہ گئی اور اس مخالفت کا ذکر بھی اسی کتاب براہین میں موجود ہے۔ اب بتلا دیں کہ کیا یہ معجزہ ہے کہ نہیں؟ ہم اُن سے نظیر طلب کرتے ہیں کہ آدمؑ سے لے کر اس وقت تک وہ کسی ایسے مفتری کی خبر دیویں کہ اس نے افترا علی اللہ کیا ہو اور اس پر مصر رہ کر ۲۴ یا ۲۵ سال کا زمانہ پایا ہو۔ یہ ایک بڑا نشان اور معجزہ ہے۔ اسے

[1] الانبیاء: ۹۰

عقلمندوں اور اہل الرائے کو دکھلاؤ اور اُن کے سامنے پیش کرو کہ وہ اس کی نظیر پیش کریں کہ اس طرح کی پیشگوئی ہو اور باوجود اس قدر مخالفت کے پھر پُوری ہو جاوے۔ایک طالب حق کے لئے یہ معجزہ کافی ہے۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۲ صفحہ ۲، ۳ مورخہ ۸ جنوری ۱۹۰۴ء)

---

۲۵ دسمبر ۱۹۰۳ء

مہمانوں کا اکرام

شام کے وقت بہت سے احباب بیرونجات سے آئے ہوئے تھے۔آپ نے میاں نجم الدین صاحب مہتمم لنگر خانہ کو بلوا کر تاکیداً فرمایا کہ

دیکھو بہت سے مہمان آئے ہوئے ہیں ان میں سے بعض کو تم شناخت کرتے ہو اور بعض کو نہیں۔اس لئے مناسب یہ ہے کہ سب کو واجب الاکرام جان کر تواضع کرو۔سردی کا موسم ہے چائے پلاؤ اور تکلیف کسی کو نہ ہو۔تم پر میرا حُسنِ ظن ہے کہ مہمانوں کو آرام دیتے ہو۔ان سب کی خوب خدمت کرو۔اگر کسی کو گھر یا مکان میں سردی ہو تو لکڑی یا کوئلہ کا انتظام کردو۔

دینی اور دنیاوی علوم میں فرق

جب تک خدا تعالیٰ کی طرف سے روشنی نہ ہو تب تک انسان کو یقین نہیں ملتا۔اس کی باتوں میں تناقض ہوگا۔دینی اور دنیاوی علوم میں یہ فرق ہے کہ دنیاوی علوم کی تحصیل اور اُن کی باریکیوں پر واقف ہونے کے لئے تقویٰ طہارت کی ضرورت نہیں ہے ایک پلید سے پلید انسان خواہ کیسا ہی فاسق فاجر ہو، ظالم ہو وہ اُن کو حاصل کرسکتا ہے چوڑھے چمار بھی ڈگریاں پالیتے ہیں۔لیکن دینی علوم اس قسم کے نہیں ہیں کہ ہر ایک اُن

کو حاصل کر سکے ان کی تحصیل کے لئے تقویٰ اور طہارت کی ضرورت ہے جیسا کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے لَا یَمَسُّہٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ[1]۔ پس جس شخص کو دینی علوم حاصل کرنے کی خواہش ہے اسے لازم ہے کہ تقویٰ میں ترقی کرے۔ جس قدر وہ ترقی کرے گا اسی قدر لطیف دقائق اور حقائق اس پر کھلیں گے۔

تقویٰ کا مرحلہ بڑا مشکل ہے اُسے وہی طے کر سکتا ہے جو بالکل خدا تعالیٰ کی مرضی پر چلے۔ جو وہ چاہے وہ کرے اپنی مرضی نہ کرے۔ بناوٹ سے کوئی حاصل کرنا چاہے تو ہرگز نہ ہوگا۔ اس لئے خدا کے فضل کی ضرورت ہے اور وہ اسی طرح سے ہو سکتا ہے کہ ایک طرف تو دُعا کرے اور ایک طرف کوشش کرتا رہے۔ خدا تعالیٰ نے دعا اور کوشش دونو کی تاکید فرمائی ہے۔ ادعونی استجب لکم میں تو دعا کی تاکید فرمائی ہے۔ اور والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا[2] میں کوشش کی۔ جب تک تقویٰ نہ ہوگا اولیاء الرحمٰن میں ہرگز داخل نہ ہوگا اور جب تک یہ نہ ہوگا حقائق اور معارف ہرگز نہ کھلیں گے قرآن شریف کی عروس اسی وقت پردہ اُٹھاتی ہے جب اندرُونی غبار دُور ہو جاتا ہے۔

دینی امور کی طرف توجہ کی ضرورت

مگر افسوس ہے کہ جس قدر محنت اور دعا دنیوی امور کے لئے ہوتی ہے خدا تعالیٰ کے لئے اس قدر بالکل نہیں ہوتی۔ اگر ہوتی ہے تو عام رسمی رواجی الفاظ میں کہ صرف زبان پر ہی وہ مضمون ہوتا ہے نہ کہ دل میں۔ اپنے نفس کے لئے تو بڑے سوز اور گداز ش سے دعائیں کرتے ہیں کہ قرض سے خلاصی ہو یا فلاں مقدمہ میں فتح ہو یا مرض سے نجات ملے مگر دین کے لئے ہرگز وہ سوزش و گدازش نہیں ہوتی۔ دعا صرف لفظوں کا نام نہیں کہ موٹے اور عمدہ عمدہ لفظ بول لئے بلکہ یہ اصل میں ایک موت ہے۔ ادعونی استجب لکم[3] کے یہی معنے ہیں کہ انسان سوز و گدازش میں اپنی حالت موت تک پہنچا وے مگر جاہل لوگ دعا کی حقیقت

[1] الواقعہ: ۸۰ [2] العنکبوت: ۷۰ [3] المومن: ۶۱

سے ناواقف اکثر دھوکا کھاتے ہیں۔ جب کوئی خوش قسمت انسان ہو تو وہ سمجھتا ہے۔ کہ دُنیا اور اس کے افکار کیا شئے ہے۔ اصل بات تو دین ہے۔ اگر وہ ٹھیک ہوا تو سب ٹھیک ہے۔ ؎

شب تنور گذشت و شب سمور گذشت

یہ زندگی خواہ تنگی سے گذرے خواہ فراخی سے وہ آخرت کی فکر کرتا ہے۔

آنحضرت کے دین کو انسان کب سمجھ سکتا ہے

کوئی پاک نہیں بن سکتا جب تک خدا تعالےٰ نہ بنادے۔ جب خدا تعالےٰ کے دروازہ پر تذلل اور عجز سے اس کی رُوح گرے گی تو خدا تعالےٰ اس کی دعا قبول کرے گا اور وہ متقی بنے گا اور اس وقت وہ اس قابل ہو سکے گا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دین کو سمجھ سکے۔ اس کے بغیر جو کچھ وہ دین دین کر کے پکارتا ہے اور عبادات وغیرہ کرتا ہے۔ وہ ایک رسمی بات اور خیالات ہیں کہ آبائی تقلید سے سُن سُنا کر بجا لاتا ہے۔ کوئی حقیقت اور رُوحانیت اس کے اندر نہیں ہوتی۔

لیلۃ القدر کے معنے اور اس میں عمل کی قدر

اس سے پیشتر بھی میں نے لکھا ہے کہ ہم لیلۃ القدر کے دو معنوں کو مانتے ہیں ایک وہ جو عُرفِ عام میں ہیں کہ بعض راتیں ایسی ہوتی ہیں کہ خدا تعالےٰ اُن میں دعائیں قبول کرتا ہے اور ایک اس سے مراد تاریکی کے زمانہ کی ہے۔ جس میں عام ظلمت پھیل جاتی ہے۔ حقیقی دین کا نام ونشان نہیں رہتا۔ اس میں جو شخص خدا تعالےٰ کے سچے متلاشی ہوتے ہیں۔ اور اس کی اطاعت کرتے ہیں وہ بڑے قابل قدر ہوتے ہیں۔ ان کی مثال ایسی ہے کہ جیسے ایک بادشاہ ہو اور اس کا ایک بڑا لشکر ہو۔ دشمن کے مقابلہ کے وقت سب لشکر بھاگ جاوے اور صرف ایک یا دو آدمی رہ جاویں اور انہیں کے ذریعہ سے اسے فتح حاصل ہو۔ تو اب دیکھو کہ ان ایک یا دو کی بادشاہ کی نظر میں

کیا قدر ہوگی۔ پس اس وقت جبکہ ہر طرف دہریت پھیلی ہوئی ہے کوئی تو قول سے اور کوئی عمل سے خدا تعالےٰ کا انکار کر رہا ہے۔ ایسے وقت میں جو خدا تعالےٰ کا حقیقی پرستار ہوگا وہ بڑا قابلِ قدر ہوگا۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا زمانہ بھی لیلۃ القدر کا زمانہ تھا۔ اس وقت کی تاریکی اور ظلمت کی بھی کوئی انتہا نہ تھی۔ ایک طرف یہود گمراہ۔ ایک طرف عیسائی گمراہ۔ ادھر ہندوستان میں دیوتا پرستی، آتش پرستی وغیرہ۔ گویا سب دنیا میں بگاڑ پھیلا ہوا تھا۔ اس وقت بھی جبکہ ظلمت انتہا تک پہنچ گئی تھی تو اس نے تقاضا کیا تھا کہ ایک نور آسمان سے نازل ہو۔ سو وہ نور جو نازل ہوا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات تھی۔ قاعدہ کی بات ہے کہ جب ظلمت اپنے کمال پہنچتی ہے تو وہ نور کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ جیسے کہ جب چاند کی ۲۹ تاریخ ہو جاتی ہے اور رات بالکل اندھیری ہوتی ہے تو نئے چاند کے نکلنے کا وقت ہوتا ہے تو اس زمانہ کو بھی خدا تعالیٰ نے لیلۃ القدر کے نام سے موسوم کیا ہے جیسا کہ فرماتا ہے۔

اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰهُ فِىۡ لَيۡلَةِ الۡقَدۡرِ[1]

اسی طرح جب نور اپنے کمال کو پہنچتا ہے تو پھر وہ گھٹنا شروع ہوتا ہے جیسے کہ چاند کو دیکھتے ہو اور اسی طرح سے یہ قیامت تک رہے گا کہ ایک وقت نُور کا غلبہ ہوگا اور ایک وقت ظلمت کا۔

خداشناسی کی ضرورت

یہ دنیا چند روزہ ہے اور ایسا مقام ہے کہ آخر فنا ہے۔ اندر ہی اندر اس فنا کا سامان لگا ہوا ہے وہ اپنا کام کر رہا ہے مگر خبر نہیں ہوتی اس لئے خداشناسی کی طرف قدم جلد اُٹھانا چاہیئے۔ خدا تعالےٰ کا مزا اُسے آتا ہے جو اُسے شناخت کرے اور جو اس کی طرف صدق و وفا سے قدم نہیں اُٹھاتا اس کی دُعا کھُلے طور پر قبول نہیں ہوتی۔

[1] القدر: ۲

اور کوئی نہ کوئی حصہ تاریکی کا اسے لگا ہی رہتا ہے۔ اگر خدا تعالےٰ کی طرف ذراسی حرکت کروگے تو وہ اس سے زیادہ تمہاری طرف حرکت کرے گا۔ لیکن اول تمہاری طرف سے حرکت کا ہونا ضروری ہے۔ یہ خام خیالی ہے کہ بلا حرکت کئے اس سے کسی قسم کی توقع رکھی جاوے یہ سنت اللہ اسی طریق سے جاری ہے کہ ابتدا میں انسان سے ایک فعل صادر ہوتا ہے۔ پھر اس پر خدا تعالےٰ کا ایک فعل نتیجۃً ظاہر ہوتا ہے۔ اگر ایک شخص اپنے مکان کے کُل دروازے بند کردے گا تو یہ بند کرنا اس کا فعل ہوگا۔ خدا تعالےٰ کا فعل اس پر یہ ظاہر ہوگا کہ اس مکان میں اندھیرا ہو جاوے گا لیکن انسان کو اس کوچہ میں پڑکر صبر سے کام لینا چاہیئے۔

بعض لوگ شکایت کرتے ہیں کہ ہم نے سب نیکیاں کیں۔ نماز بھی پڑھی۔ روزے بھی رکھے۔ صدقہ خیرات بھی دیا۔ مجاہدہ بھی کیا مگر ہمیں وصول کچھ نہیں ہوا۔ تو ایسے لوگ شقی ازلی ہوتے ہیں کہ وہ خدا تعالےٰ کی ربُوبیت پر ایمان نہیں رکھتے اور نہ انہوں نے سب اعمال خدا تعالیٰ کے لئے کئے ہوتے ہیں۔ اگر خدا تعالیٰ کے لئے کوئی فعل کیا جاوے تو یہ ممکن نہیں ہے کہ وہ ضائع ہو اور خدا تعالےٰ اس کا اجر اسی زندگی میں نہ دیوے۔ اسی وجہ سے اکثر لوگ شکوک و شبہات میں رہتے ہیں اور اُن کو خدا تعالےٰ کی ہستی کا کوئی پتہ نہیں لگتا کہ ہے بھی کہ نہیں۔ ایک پارچہ سلا ہوا ہو تو انسان جان لیتا ہے کہ اس کے سینے والا ضرور کوئی ہے۔ ایک گھڑی ہے وقت دیتی ہے۔ اگر جنگل میں بھی انسان کو مل جاوے تو وہ خیال کرے گا کہ اس کا بنانے والا ضرور ہے۔ پس اسی طرح خدا تعالےٰ کے افعال کو دیکھو کہ اس نے کس کس قسم کی گھڑیاں بنا رکھی ہیں اور کیسے کیسے عجائبات قدرت ہیں ایک طرف تو اس کی ہستی کے عقلی دلائل ہیں۔ ایک طرف نشانات ہیں۔ وہ انسان کو منوا دیتے ہیں کہ ایک عظیم الشان قدرتوں والا خدا موجود ہے وہ پہلے اپنے برگزیدہ پر اپنا ارادہ ظاہر فرماتا ہے اور یہی بھاری نشان ہے جو انبیاء لاتے ہیں اور جس کا نام پیشگوئی ہے۔ ایک انسان کاغذ کا کبوتر بنا کر دکھلاوے تو اس کی نظیر دوسرے بھی کرکے دکھا دیتے

ہیں اور اُسے اعجاز میں شمار نہیں کیا جاتا۔ مگر پیشگوئی کا میدان وسیع ہے۔ اس کی نظیر پیدا کرنا انسان کا کام نہیں۔ ہزار ہزار برس پیشتر اللہ تعالیٰ اپنے خاص بندوں کو اپنے ارادہ سے اطلاع دے دیتا ہے اور پھر وہ بات اپنے وقت پر پوری ہو کر رہتی ہے مثلاً براہین کی ہی پیشگوئیوں کو دیکھو کہ جس قدر مخالفت ہو رہی ہے۔ مقدمات ہوئے۔ گورنمنٹ تک نوبت پہنچی۔ یہ سب اوّل سے اس میں درج ہیں اور پھر کامیابی، فتح اور نصرت کی بھی خبر اول سے ہی دے دی۔ کوئی سوچ کر بتلا دے کہ اس میں کیا فریب اور شعبدہ ہے۔ ۲۳-۲۴ سال پیشتر کی چھپی ہوئی یہ کتاب ہے۔ کوئی بتلا سکتا ہے کہ ہمارے پاس اس وقت کون کون ہوتا تھا۔ اگر اہل الرائے کے نزدیک یہ ایک انسانی فعل ہے اور خدا تعالیٰ کا نہیں ہے تو وہ اس کی نظیر پیش کریں لیکن وہ ایسا نہیں کر سکتے۔ جبکہ یہ حال ہے تو پھر اُسے کیوں خدا تعالیٰ کا کلام نہ کہا جاوے۔

جس قدر لوگ ہماری صحبت میں رہنے والے ہیں ان میں کوئی اُٹھ کر بتلا دے کہ کیا کوئی ایسا فرد بشر بھی ہے کہ اس نے کوئی نشان نہ دیکھا ہو۔ ہمارے پر سلطنت ایسے لوگوں کی ہے جو سچے اور کامل خدا سے بالکل بے خبر ہیں۔ دنیاوی امور میں اس قدر معروفیت ہے کہ دین سے بالکل غافل رہے اور وہی فلسفہ کا زور۔ اس لئے دہریت اُن میں آگئی۔ اب ہمارا بڑا کام یہ ہے کہ نئے سرے سے بنیاد ڈالیں اور ان کو دکھا دیویں کہ خُدا ہے

ہر ایک ہمارے پاس کسی نہ کسی ضرورت کے لئے آتا ہے مگر اصل میں بڑی ضرورت خداشناسی کی ہے۔ اسی کے نہ ہونے سے گناہ ہوتا ہے۔ کُتا ایک ذلیل سے ذلیل جانور ہے مگر اس سے خوف زدہ ہو کر انسان راہ چھوڑ دیتا ہے۔ اسی طرح جس راہ میں اسے علم ہو کہ سانپ یا بھیڑیا ہے تو اُسے چھوڑ دیتا ہے۔ جب وہ ادنےٰ ترین جانوروں سے ڈرتا ہے تو کیا خدا کے وجود کا اسے اتنا بھی خوف نہیں کہ اس سے ڈر کر گُناہ سے باز رہے۔ زہر اس کے سامنے ہو تو اُسے نہیں کھائے گا لیکن گناہ کو دیدہ دانستہ کرے گا

اصل بات یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کے وجود پر یقین نہیں ہے۔ حالانکہ مشاہدہ کرتا ہے کہ اُس نے ایک جہنم یہاں بھی تیار کر رکھا ہے کہ جب کوئی بدکاری کرتا ہے تو اس کی سزا بھی ساتھ ہی پاتا ہے۔ جس کسی کی جہنمی زندگی ہے وہ خوب محسوس کر لیگا۔ سچی بات یہ ہے کہ جرائم پیشہ کو وہ کبھی نہیں چھوڑتا۔ جو شخص دلیری اور چالاکی سے گناہ کرتا ہے اس کا انجام بد ہوتا ہے۔ یہ تو جسمانی طور پر گناہ کی سزا ہے لیکن روحانی طور پر بھی جو شخص خدا تعالےٰ کو نہیں پہچانتا وہ جہنم ہی ہے۔ بھلا یہ بھی کوئی زندگی ہے کہ حیوانوں کی طرح کھا پی لیا اور عورتوں کے پاس ہو آیا۔ اگر اسی کا نام زندگی ہے تو بتلاؤ کہ حیوانوں میں اور اس میں کیا فرق ہے اور حیوانوں سے زائد قویٰ عقل و فکر وغیرہ کے خدا تعالیٰ نے اُسے کیوں دیئے۔ جو لوگ ان قویٰ سے کام نہیں لیتے ان کو خدا تعالےٰ اضل من الانعام قرار دیتا ہے۔ یہ اس لئے کہ اس نے قویٰ کو معطل کر دیا۔ بڑی خوش قسمتی یہ ہے۔ کہ انسان کو حقیقی طور پر معلوم ہو جاوے کہ خدا ہے۔

جس قدر جرائم۔ معاصی اور غفلت وغیرہ ہوتی ہے ان سب کی جڑ خدا شناسی میں نقص ہے۔ اسی نقص کی وجہ سے گناہ میں دلیری ہوتی ہے۔ بدی کی طرف رجوع ہوتا ہے۔ اور آخر کار بدچلنی کی وجہ سے آتشک کی نوبت آتی ہے پھر اس سے جذام ہوتا ہے جس سے نوبت موت تک پہنچتی ہے۔ حالانکہ اگر بدکار آدمی بدکاری میں لذّت حاصل نہ کرے تو خدا تعالےٰ اسے لذّت اور طریق سے دے دیگا یا اس کے جائز وسائل بہم پہنچا دے گا۔ مثلاً اگر چور چوری کرنا ترک کر دے تو خدا تعالےٰ اسے مقدر رزق ایسے طریق سے دیدے گا کہ حلال ہو اور حرامکار حرامکاری نہ کرے تو خدا تعالےٰ نے اس پر حلال عورتوں کا دروازہ بند نہیں کر دیا۔ اسی لئے بدنظری اور بدکاری سے بچنے کے لئے ہم نے اپنی جماعت کو کثرت ازدواج کی بھی نصیحت کی ہے کہ تقوےٰ کے لحاظ سے اگر وہ ایک سے زیادہ بیویاں کرنا چاہیں تو کر لیں مگر خدا تعالیٰ کی معصیت

کے مرتکب نہ ہوں۔ پھر گناہ کر کے جو شخص ایمان کا دعویٰ کرتا ہے وہ جھوٹا ہے۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۲ صفحہ ۳-۴ مورخہ ۸ر جنوری ۱۹۰۴ء)

۲۶ر دسمبر ۱۹۰۳ء

صاحبزادہ عبداللطیف صاحب کی شہادت کا واقعہ

صاحبزادہ عبداللطیف صاحب کی نسبت حضرت اقدس نے فرمایا کہ

وہ ایک اُسوۂ حسنہ چھوڑ گئے ہیں اور اگر غور سے دیکھا جاوے تو اُن کا واقعہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے واقعہ سے کہیں بڑھ چڑھ کر ہے کیونکہ وہ تو مقید نہ تھے۔ نہ اُن کو زنجیریں ڈالی گئی تھیں۔ صرف ایک قسم کا جنگ تھا۔ امام حسین علیہ السلام کے ساتھ بھی کچھ فوج تھی۔ اگر اُن کے آدمی مارے گئے تو اُن کے آدمیوں نے بھی تو یزید کے آدمیوں کو مارا۔ اور نہ جان بچانے کا کوئی موقعہ اُن کو ملا۔ مگر یہاں عبداللطیف صاحب مقید تھے۔ زنجیریں اُن کے ہاتھ پاؤں میں پڑی ہوئی تھیں۔ مقابلہ کرنے کی اُن کو قوت نہ تھی اور بار بار جان بچانے کا موقعہ دیا جاتا تھا۔ یہ اس قسم کی شہادت واقع ہوئی ہے کہ اس کی نظیر تیرہ[۱۳] سو سال میں ملنی محال ہے۔ عام معمولی زندگی کا چھوٹنا محال ہوا کرتا ہے حالانکہ اُن کی زندگی ایک تنعم کی زندگی تھی۔ مال۔ دولت۔ جاہ و ثروت سب کچھ موجود تھا۔ اور اگر وہ امیر کا کہنا مان لیتے تو اُن کی عزت اَور بڑھ جاتی مگر انہوں نے ان سب پر لات مار کر اور دیدہ دانستہ بال بچوں کو کچل کر موت کو قبول کیا۔ انہوں نے بڑا تعجب انگیز نمونہ دکھلایا ہے اور اس قسم کے ایمان کو حاصل کرنے کی کوشش ہر ایک کو کرنی چاہیئے۔ جماعت کو چاہیئے کہ اس کتاب (تذکرۃ الشہادتین) کو بار بار پڑھیں اور فکر کریں اور دعا کریں کہ ایسا ہی ایمان حاصل ہو۔

مومنوں کے دو گروہ ہوتے ہیں۔ ایک تو جان کو فدا کرنے والے اور دوسرے جو

ابھی منتظر ہیں۔ اور ہم جانتے ہیں کہ ہماری جماعت کے بہت سے لوگوں میں سے وہ چودہ[1] ابھی ہیں جو کہ قید میں ہیں[ل]۔ ابھی بہت سا حصہ ایسا ہے جو کہ صرف دنیا کو چاہتا ہے حالانکہ جانتے ہیں کہ مرجانا ہے اور موت کا کوئی وقت مقرر نہیں ہے مگر پھر بھی دنیا کا خیال بہت ہے۔ اس سرزمین (پنجاب) میں بزدلی بہت ہے۔ بہت کم ایسے آدمی ہیں کہ دین کو دنیا پر مقدم رکھتے ہیں۔ اکثر خیال بیوی بچوں کا رہتا ہے۔ دو دو آنہ پر جھوٹی گواہی دیتے ہیں مگر اس کے مقابل سرزمین کابل میں وفا کا مادہ زیادہ معلوم ہوتا ہے۔ اسی لئے وہ لوگ قرب الٰہی کے زیادہ مستحق ہیں (بشرطیکہ مامور من اللہ کی آواز کو گوش دل سے سنیں)۔ خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں اسی لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تعریف کی ہے جیسا کہ فرمایا ہے ابراھیم الذی وفّی[2] کہ اس نے جو عہد کیا اسے پورا کرکے دکھایا۔ لوگوں کا دستور ہے کہ حالت تنعم میں وہ خدا تعالیٰ سے برگشتہ رہتے ہیں اور جب مصیبت اور تکلیف پڑتی ہے تو لمبی چوڑی دعائیں مانگتے ہیں۔ اور ذرا سے ابتلا سے خدا تعالیٰ سے قطع تعلق کرلیتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کو اس شرط پر ماننے کے لئے تیار ہیں کہ وہ ان کی مرضی کے برخلاف کچھ نہ کرے۔ حالانکہ دوستی کا اصول یہ ہے کہ کبھی اپنی اس سے منوا اور کبھی اس کی آپ مانے اور یہی طریق خدا تعالیٰ نے بھی بتلایا ہے کہ ادعونی استجب لکم[3] کہ تم مانگو تو میں تمہیں دوں گا یعنی تمہاری بات مانوں گا اور دوسری جگہ اپنی منواتا ہے اور فرماتا ہے ولنبلونکم بشیئٍ من الخوف[4] الخ مگر یہاں آج کل لوگ خدا تعالیٰ کو مثل غلام کے اپنی مرضی کے تابع کرنا چاہتے ہیں۔ حالانکہ غوث، قطب، ابدال اور اولیاء وغیرہ جس قدر لوگ ہوئے ہیں۔ ان کو یہ سب مراتب اسی لئے ملے کہ خدا تعالیٰ کی مرضی کو اپنی مرضی پر مقدم رکھتے چلے آئے۔ چونکہ افغانستان کے لوگوں میں یہ مادہ وفا کا زیادہ پایا جاتا ہے اس لئے کیا تعجب ہے کہ وہ لوگ لوگوں (اہل پنجاب) سے آگے بڑھ جاویں اور گوئے سبقت لے جاویں اور یہ پیچھے رہ جاویں

[ل] صاحبزادہ سید عبد اللطیف صاحب کی شہادت کے بعد چودہ آدمی اس وجہ سے بادشاہ کابل نے قید کردئے کہ وہ کہتے تھے کہ صاحبزادہ صاحب پر ظلم ہوا اور صاحبزادہ صاحب حق پر تھے۔ (مرتب)

[2] النجم: ۳۸ [3] المومن: ۶۱ [4] البقرۃ: ۱۵۶

کیونکہ وہ لوگ اپنے عہد کے اس قدر پابند ہیں کہ جان تک کی پروا نہیں کرتے نہ مال کی نہ بیوی کی نہ بچے کی جس کا نمونہ ابھی مولوی عبداللطیف صاحب نے دکھا دیا ہے۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۲ صفحہ ۵ مورخہ ۱۶ جنوری ۱۹۰۴ء)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی

تقریر پُر تاثیر

جو ۲۶ دسمبر ۱۹۰۳ء کو بعد نماز ظہر مسجد اقصیٰ میں آپ نے کھڑے ہو کر فرمائی

باعث تقریر

میں نے اس واسطے چند کلمات کے بیان کرنے کی ضرورت سمجھی ہے کہ چونکہ موت کا اعتبار نہیں ہے اور کوئی شخص اپنی نسبت یقینی طور پر نہیں کہہ سکتا کہ میری زندگی کس قدر ہے اور کتنے دن باقی ہیں۔ اس لئے مجھے یہ اندیشہ بار بار پیدا ہوتا ہے کہ اگر ہماری جماعت میں سے کوئی ناواقف ہو تو وہ واقف ہو جائے کہ اس سلسلہ کے قائم کرنے سے اللہ تعالیٰ کی کیا غرض ہے؟ اور ہماری جماعت کو کیا کرنا چاہیئے۔ اور یہ بھی غلطی ہے کہ کوئی اتنا ہی سمجھ لے کہ رسمی طور پر بیعت میں داخل ہونا ہی نجات ہے۔ اس لئے ضرورت پڑی ہے کہ میں اصل غرض بتاؤں کہ خدا تعالےٰ کیا چاہتا ہے۔

سلسلہ میں داخل ہونے کی اصل غرض کیا ہے

سب لوگ یاد رکھو کہ رسمی طور پر بیعت میں داخل ہونا یا مجھ کو امام سمجھ لینا اتنی ہی بات نجات کے واسطے ہرگز کافی نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالےٰ دلوں کو دیکھتا ہے وہ زبانی باتوں کو نہیں دیکھتا۔

نجات کے واسطے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے بار بار فرمایا ہے وہی ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ اوّل سچے دل سے اللہ تعالیٰ کو وحدہٗ لاشریک سمجھے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو سچا نبی یقین کرے اور قرآن شریف کو کتاب اللہ سمجھے کہ وہ ایسی کتاب ہے کہ قیامت تک اب اَور کوئی کتاب یا شریعت نہ آئے گی یعنی قرآن شریف کے بعد اب کسی کتاب یا شریعت کی ضرورت نہیں ہے۔ دیکھو خوب یاد رکھو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیا ہیں یعنی ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نئی شریعت اور نئی کتاب نہ آئے گی نئے احکام نہ آئیں گے۔ یہی کتاب اور یہی احکام رہیں گے۔ جو الفاظ میری کتابوں[۵] میں نبی یا رسول کے میری نسبت پائے جاتے ہیں۔ اس میں ہرگز یہ منشا نہیں ہے کہ کوئی نئی شریعت یا نئے احکام سکھائے جاویں۔ بلکہ منشا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب کسی ضرورتِ حقّہ کے وقت کسی کو مامور کرتا ہے تو ان معنوں سے کہ مکالمات الٰہیہ کا شرف اس کو دیتا ہے اور غیب کی خبریں اس کو دیتا ہے اس پر نبی[۶] کا لفظ بولا جاتا ہے اور وہ مامور نبی کا خطاب پاتا ہے۔ یہ معنے نہیں ہیں کہ نئی شریعت دیتا ہے یا وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی شریعت کو نعوذ باللہ منسوخ کرتا ہے بلکہ یہ جو کچھ اُسے ملتا ہے وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی سچی اور کامل اتباع سے ملتا ہے اور بغیر اس کے مل سکتا ہی نہیں۔

مامور کی بعثت کا وقت

ہاں یہ ضروری ہے کہ جب زمانہ میں گناہ کثرت سے ہوتے ہیں اور اہلِ دنیا ایمان کی حقیقت نہیں سمجھتے اور اُن کے پاس پوست یا ہڈی رہ جاتی ہے اور مغز اور لُب نہیں رہتا۔ ایمانی قوت کمزور ہو جاتی ہے اور شیطانی تسلّط اور غلبہ بڑھ جاتا ہے۔ ایمانی ذوق اور حلاوت نہیں رہتی۔ ایسے وقتوں میں عادت اللہ اس طرح پر جاری ہے کہ اللہ تعالیٰ

---

[۵] دیکھو البدر جلد ۳ نمبر ۳ صفحہ ۲۔

[۶] البدر میں ہے۔ "مکالمات الٰہیہ کا شرف اُسے دیتا ہے اور غیب کی خبریں اُسے بتلاتا ہے۔ اس لحاظ سے اس مامور پر بھی نبی کا لفظ بولا جاتا ہے۔" (البدر جلد ۳ نمبر ۳ صفحہ ۳)

اپنے ایک کامل بندہ کو جو خدا تعالیٰ کی بھی اطاعت میں فنا شدہ اور محو ہوتا ہے۔ اپنے مکالمہ کا شرف بخش کر بھیجتا ہے۔ اور اب اس وقت اس نے مجھے مامور کر کے بھیجا ہے کیونکہ یہی وہ زمانہ ہے جس میں الٰہی محبت بالکل ٹھنڈی ہو گئی ہے۔[1]

اگرچہ عام نظر میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ لوگ لا الٰہ الا اللہ کے بھی قائل ہیں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی بھی زبان سے تصدیق کرتے ہیں۔ بظاہر نمازیں بھی پڑھتے ہیں۔ روزے بھی رکھتے ہیں۔ مگر اصل بات یہ ہے کہ رُوحانیت بالکل نہیں رہی۔ اور دوسری طرف ان اعمال صالحہ کے مخالف کام کرنا ہی شہادت دیتا ہے کہ وہ اعمال اعمال صالحہ کے رنگ میں نہیں کئے جاتے بلکہ رسم اور عادت کے طور پر کئے جاتے ہیں کیونکہ ان میں اخلاص اور رُوحانیت کا شمہ بھی نہیں ہے۔ ورنہ کیا وجہ ہے کہ ان اعمال صالحہ کے برکات اور انوار ساتھ نہیں ہیں۔ خوب یاد رکھو کہ جب تک سچے دل سے اور رُوحانیت کے ساتھ یہ اعمال نہ ہوں کچھ فائدہ نہ ہوگا اور یہ اعمال کام نہ آئیں گے۔ اعمال صالحہ اسی وقت اعمال صالحہ کہلاتے ہیں جب ان میں کسی قسم کا فساد نہ ہو۔ صلاح کی ضد فساد ہے۔ صالح وہ ہے جو فساد سے مبرا منزہ ہو۔ جن کی نمازوں میں فساد ہے اور نفسانی اغراض چھپے ہوئے ہیں۔ ان کی نمازیں اللہ تعالیٰ کے واسطے ہرگز نہیں ہیں۔ اور وہ زمین سے ایک بالشت بھی اوپر نہیں جاتی ہیں کیونکہ ان میں اخلاص کی رُوح نہیں اور وہ روحانیت سے خالی ہیں۔

اس سلسلہ کی ضرورت

بہت سے ایسے لوگ ہیں جو یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اس سلسلہ کی ضرورت کیا ہے کیا ہم نماز روزہ نہیں کرتے ہیں۔ وہ اس طرح پر دھوکا دیتے ہیں اور کچھ تعجب نہیں کہ بعض لوگ جو ناواقف ہوتے ہیں۔ ایسی باتوں کو سُنکر دھوکا کھا جاویں اور اُن کے

---

[1] البدر میں اس کے بعد ایک مزید فقرہ یہ ہے کہ:-
"اور اس کی جگہ دنیا نے لے لی ہے۔" (البدر جلد ۳ نمبر ۳ صفحہ ۲)

سا تھ بل کر یہ کہدیں کہ جس حالت میں ہم نماز پڑھتے ہیں، روزہ رکھتے ہیں اور ورد وظائف کرتے ہیں پھر کیوں یہ پھوٹ ڈالدی۔ یاد رکھو کہ ایسی باتیں کم سمجھی اور معرفت کے نہ ہونے کا نتیجہ ہے۔ میرا اپنا کام نہیں ہے۔ یہ پھوٹ اگر ڈال دی ہے تو اللہ تعالےٰ نے ڈالی ہے جس نے اس سلسلہ کو قائم کیا ہے۔ کیونکہ ایمانی حالت کمزور ہوتے ہوتے یہاں تک نوبت پہنچ گئی ہے کہ ایمانی قوت بالکل ہی معدوم ہی ہو گئی ہے اور اللہ تعالےٰ چاہتا ہے کہ حقیقی ایمان کی رُوح پھونکے جو اس سلسلہ کے ذریعہ سے اس نے چاہا ہے۔ ایسی صورت میں ان لوگوں کا اعتراض بیجا اور بیہودہ ہے۔ پس یاد رکھو کہ ایسا وسوسہ ہرگز ہرگز کسی کے دل میں نہیں آنا چاہیئے۔ اور اگر پورے غور اور فکر سے کام لیا جاوے تو یہ وسوسہ آ ہی نہیں سکتا۔ غور سے کام نہ لینے کے سبب ہی سے وسوسہ آتا ہے جو ظاہری حالت پر نظر کر کے کہہ دیتے ہیں کہ اور بھی مسلمان ہیں۔ اس قسم کے وسوسوں سے انسان جلد ہلاک ہو جاتا ہے۔

میں نے بعض خطوط اس قسم کے لوگوں کے دیکھے ہیں جو بظاہر ہمارے سلسلہ میں ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم سے جب یہ کہا گیا کہ دوسرے مسلمان بھی بظاہر نماز پڑھتے ہیں۔ اور کلمہ پڑھتے ہیں، روزے رکھتے ہیں اور نیک کام کرتے ہیں اور نیک معلوم ہوتے ہیں۔ پھر اس نئے سلسلہ کی کیا حاجت ہے؟ یہ لوگ باوجودیکہ ہماری بیعت میں داخل ہیں ایسے وسوسے اور اعتراض سُنکر لکھتے ہیں کہ ہم کو اس کا جواب نہیں آیا۔ ایسے خطوط پڑھ کر مجھے ایسے لوگوں پر افسوس اور رحم آتا ہے کہ انہوں نے ہماری اصل غرض اور منشا کو نہیں سمجھا وہ صرف یہ دیکھتے ہیں کہ رسمی طور پر یہ لوگ ہماری طرح شعائر اسلام بجالاتے ہیں اور فرائض الٰہی ادا کرتے ہیں حالانکہ حقیقت کی رُوح اُن میں نہیں ہوتی۔ اس لئے یہ باتیں اور وساوس سحر کی طرح کام کرتے ہیں۔ وہ ایسے وقت نہیں سوچتے کہ ہم حقیقی ایمان پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ جو انسان کو گناہ کی موت سے بچا لیتا ہے اور ان رسوم و عادات کے پیرو

لوگوں میں وہ بات نہیں۔ اُن کی نظر ظاہر پر ہے۔ حقیقت پر نگاہ نہیں۔ اُن کے ہاتھ میں چھلکا ہے جس میں مغز نہیں۔

مامور کے وقت کس چیز کی ضرورت ہوتی ہے

یاد رکھو اور سمجھو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وقت میں کیا یہود تورات کو چھوڑ بیٹھے تھے اور اس پر ان کا عمل نہ تھا؟ ہرگز نہیں۔ یہودی تو اب تک بھی تورات کو مانتے اور اس پر عمل کرتے ہیں۔ ان کی قربانیاں اور رسوم آج بھی اسی طرح ہوتی ہیں جیسے اس وقت کرتے تھے۔ وہ برابر آج تک بیت المقدس کو اپنا قبلہ سمجھتے ہیں اور اسی کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں۔ اُن کے بڑے بڑے عالم اور احبار بھی اس وقت موجود تھے۔ اُس وقت پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور کتاب اللہ کی کیا ضرورت پڑی تھی؟ دوسری طرف عیسائی قوم تھی۔ ان میں بھی ایک فرقہ لا الٰہ الا اللہ کو مانتا تھا۔ پھر کیا وجہ تھی جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے مبعوث فرمایا اور کتاب اللہ کو بھیجا؟ یہ ایک سوال ہے جس پر ہمارے مخالفوں اور ایسا اعتراض کرنے والوں کو غور کرنا چاہیئے اگرچہ یہ ایک باریک مسئلہ ہے لیکن جو لوگ غور اور فکر کرتے ہیں۔ ان کیلئے باریک نہیں ہے۔

یاد رکھو اللہ تعالےٰ رُوح اور رُوحانیت پر نظر کرتا ہے۔ وہ ظاہری اعمال پر نگاہ نہیں کرتا۔ وہ اُن کی حقیقت اور اندرونی حالت کو دیکھتا ہے کہ ان کے اعمال کی تہہ میں خود غرضی اور نفسانیت ہے یا اللہ تعالےٰ کی سچی اطاعت اور اخلاص مگر انسان بعض وقت ظاہری اعمال کو دیکھ کر دھوکا کھا جاتا ہے۔ جس کے ہاتھ میں تسبیح ہے یا وہ تہجد و اشراق پڑھتا ہے۔ بظاہر ابرار و اخیار کے کام کرتا ہے تو اس کو نیک سمجھ لیتا ہے[1] مگر خدا تعالےٰ کو تو پوست پسند نہیں۔ یہ پوست اور قشر ہے اللہ تعالیٰ

حاشیہ
[1] البدر میں ہے۔ "ایک انسان تو اس سے دھوکا کھا سکتا ہے" (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اس کو پسند نہیں کرتا اور کبھی راضی نہیں ہوتا جبتک وفاداری اور صدق نہ ہو۔

بیوفا آدمی کُتّے کی طرح ہے جو مردار دُنیا پر گرے ہوئے ہوتے ہیں۔ وہ بظاہر نیک بھی نظر آتے ہوں۔ لیکن افعال ذمیمہ اُن میں پائے جاتے ہیں اور پوشیدہ بدچلنیاں ان میں پائی جاتی ہیں۔ جو نمازیں ریاکاری سے بھری ہوئی ہوں ان نمازوں کو ہم کیا کریں اور اُن سے کیا فائدہ؟[۱]

حقیقی نماز

نماز اس وقت حقیقی نماز کہلاتی ہے جبکہ اللہ تعالیٰ سے سچّا اور پاک تعلق ہو اور اللہ تعالیٰ کی رضا اور اطاعت میں اس حد تک فنا ہو اور یہاں تک دین کو دنیا پر مقدم کرلے کہ خدا تعالیٰ کی راہ میں جان تک دے دینے اور مرنے کے لئے تیار ہو جائے جب یہ حالت انسان میں پیدا ہو جائے اس وقت کہا جائے گا کہ اس کی نماز نماز ہے مگر جب تک یہ حقیقت انسان کے اندر پیدا نہیں ہوتی اور سچے اخلاص اور وفاداری کا نمونہ نہیں دکھلاتا اس وقت تک اس کی نمازیں اور دوسرے اعمال بے اثر ہیں۔

بہت سی مخلوق ایسی ہے کہ لوگ ان کو مومن اور راست باز سمجھتے ہیں مگر

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ:- مگر خدا تعالیٰ نہیں کھا سکتا کیونکہ اس کی نظر پوست پر نہیں ہے وہ توروحانیت کو چاہتا ہے جوکہ مغز ہے نہ کہ قشر کو۔"

(البدر جلد ۲ نمبر ۳ صفحہ ۳ مورخہ ۶ ار جنوری ۱۹۰۳ء)

[۱] البدر میں ہے:- "اگر ان کی آرزوئیں اور مرادیں پوری ہوتی رہیں تو وہ خدا کو مانتے رہینگے اور اگر پوری نہ ہوں تو پھر اس سے ناراض اور شکایت کا دفتر کھلا ہوا ہے تو جن کی یہ حالت ہے اور ان میں صدق و وفا نہیں ہے خدا اُن کی نمازوں کو کیا کرے وہ خدا تعالیٰ کے نزدیک ہرگز نمازی نہیں ہیں ان کی نمازیں سوائے اس کے کہ زمین پر ٹکریں ماریں اور کچھ حکم نہیں رکھتیں۔" (البدر حوالہ مندرجہ بالا)

آسمان پر اُن کا نام کافر ہے[۱]۔ اس واسطے حقیقی مومن اور راستباز وہی ہے جس کا نام آسمان پر مومن ہے۔ دنیا کی نظر میں خواہ وہ کافر ہی کیوں نہ کہلاتا ہو۔ حقیقت میں یہ بہت ہی مشکل گھاٹی ہے۔ کہ انسان سچا ایمان لاوے اور خدا تعالیٰ کے ساتھ کامل اخلاص اور وفاداری کا نمونہ دکھلاوے جب انسان سچا ایمان لاتا ہے تو اس کے بہت سے نشانات ہو جاتے ہیں۔ قرآن شریف نے سچے مومنوں کی جو علامات بیان کی ہیں وہ ان میں پائی جاتی ہیں۔ ان علامات میں سے ایک بڑی علامت جو حقیقی ایمان کی ہے وہ یہی ہے کہ جب انسان دنیا کو پاؤں کے نیچے کچل کر اُس سے اس طرح الگ ہو جاتا ہے جیسے سانپ اپنی کینچلی سے باہر آجاتا ہے۔ اس طرح پر جب انسان نفسانیت کی کینچلی سے باہر آجاتا ہے تو وہ مومن ہوتا ہے اور ایمان کامل کے آثار اس میں پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ فرمایا ہے اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ[۲]۔ یعنی بے شک اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں اور جو تقویٰ سے بھی بڑھ کر کام کرتے ہیں یعنی محسنین ہوتے ہیں۔

حقیقی نیکی

تقوے کے معنے ہیں بدی کی باریک راہوں سے پرہیز کرنا۔ مگر یاد رکھو نیکی اتنی نہیں ہے کہ ایک شخص کہے کہ میں نیک ہوں اس لئے کہ میں نے کسی کا مال نہیں لیا۔ نقب زنی نہیں کی چوری نہیں کرتا۔ بدنظری اور زنا نہیں کرتا۔ ایسی نیکی عارف کے نزدیک ہنسی کے قابل ہے کیونکہ اگر وہ ان بدیوں کا ارتکاب کرے اور چوری یا ڈاکہ زنی کرے تو وہ سزا پائے گا۔ پس یہ کوئی نیکی نہیں کہ

[۱] البدر میں ہے:۔ "بہت سے ایسے لوگ ہیں کہ مخلوق کے نزدیک راستباز ہیں۔ متقی ہیں نیک بخت ہیں لیکن ان کا تعلق خدا تعالیٰ سے صاف نہیں ہے اور وہ محویت اور دین کا تقدم دنیا پر جو خدا چاہتا ہے ان میں نہیں ہے اس لئے خدا کے نزدیک وہ کافر ہیں۔ سچے ایمانداروں کی جو علامات ہیں اگر اُن سے تم اُن کو پرکھو تو ایک بھی اُن میں نظر نہ آئے گی۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۲ صفحہ ۳)

[۲] النحل: ۱۲۹

جو عارف کی نگاہ میں قابل قدر ہو بلکہ اصلی اور حقیقی نیکی یہ ہے کہ نوع انسان کی خدمت کرے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں کامل صدق اور وفاداری دکھلائے اور اس کی راہ میں جان تک دے دینے کو تیار ہو۔ اسی لئے یہاں فرمایا ہے اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ۝[۲] یعنی اللہ تعالیٰ اُن کے ساتھ ہے جو بدی سے پرہیز کرتے ہیں اور ساتھ ہی نیکیاں بھی کرتے ہیں۔

یہ خوب یاد رکھو کہ تو بدی سے پرہیز کرنا کوئی خوبی کی بات نہیں جب تک اُس کے ساتھ نیکیاں نہ کرے۔ بہت سے لوگ ایسے موجود ہوں گے جنہوں نے کبھی زنا نہیں کیا۔ خون نہیں کیا۔ چوری نہیں کی۔ ڈاکہ نہیں مارا۔ اور باوجود اس کے اللہ تعالیٰ کی راہ میں کوئی صدق و وفا کا نمونہ انہوں نے نہیں دکھایا یا نوع انسان کی کوئی خدمت نہیں کی۔ اور اس طرح پر کوئی نیکی نہیں کی۔ پس جاہل ہوگا وہ شخص جو ان باتوں کو پیش کر کے اُسے نیکو کاروں میں داخل کرے کیونکہ یہ تو بدچلنیاں ہیں صرف اتنے خیال سے اولیاء اللہ میں داخل نہیں ہو جاتا۔[۱] بدچلنی کرنے والے، چوری یا خیانت کرنے والے، رشوت لینے والے کیلئے عادت اللہ میں ہے کہ اسے یہاں سزا دی جاتی ہے۔ وہ نہیں مرتا جب تک سزا نہیں پالیتا۔ یاد رکھو کہ صرف اتنی ہی بات کا نام نیکی نہیں ہے۔

تقویٰ ادنیٰ مرتبہ ہے اس کی مثال تو ایسی ہے جیسے کسی برتن کو اچھی طرح سے صاف کیا جاوے تاکہ اس میں اعلیٰ درجہ کا لطیف کھانا ڈالا جائے۔ اب اگر کسی برتن کو خوب صاف کر کے رکھ دیا جائے لیکن اس میں کھانا نہ ڈالا جائے تو کیا اُس سے پیٹ بھر سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ کیا وہ خالی برتن طعام سے سیر کر دے گا؟ ہرگز نہیں۔ اسی طرح پر تقویٰ کو سمجھو۔ تقویٰ

---

[۱] البدر میں یہ فقرہ یوں ہے:۔
"خدا تعالیٰ نے کبھی اس بات کو پسند نہیں کیا کہ صرف بدچلنی نہ کرنے والا اس کے اولیاء میں داخل ہوا ہو۔" (البدر جلد ۳ نمبر ۳ صفحہ ۳ مورخہ ۱۶ جنوری ۱۹۰۴ء)

[۲] النحل: ۱۲۹

کیا ہے۔ نفس امارہ کے برتن کو صاف کرتا۔[۱]

نفس امارہ۔ لوامہ اور مطمئنہ

نفس کو تین قسم پر منقسم کیا ہے۔ نفس امارہ۔ نفس لوامہ اور نفس مطمئنہ۔ ایک نفس زکیہ بھی ہوتا ہے مگر وہ بچپن کی حالت ہے جب گناہ ہوتا ہی نہیں۔ اس لئے اس نفس کو چھوڑ کر بلوغ کے بعد تین نفسوں ہی کی بحث کی ہے۔ نفس امارہ کی وہ حالت ہے جب انسان شیطان اور نفس کا بندہ ہوتا ہے اور نفسانی خواہشوں کا غلام اور اسیر ہو جاتا ہے۔ جو حکم نفس کرتا ہے اس کی تعمیل کے واسطے اس طرح تیار ہو جاتا ہے جیسے ایک غلام دست بستہ اپنے مالک کے حکم کی تعمیل کے لئے مستعد ہوتا ہے۔ اس وقت یہ نفس کا غلام ہو کر جو وہ کہے یہ کرتا ہے۔ وہ کہے خون کر تو یہ کرتا ہے۔ زنا کہے، چوری کہے غرض جو کچھ بھی کہے سب کے لئے تیار ہوتا ہے۔ کوئی بدی کوئی برا کام ہو جو نفس کہے یہ غلاموں کی طرح کر دیتا ہے۔ یہ نفس امارہ کی حالت ہے۔

اس کے بعد نفس لوامہ ہے۔ یہ ایسی حالت ہے کہ گناہ تو اس سے بھی سرزد ہوتے رہتے ہیں۔ مگر وہ نفس کو ملامت بھی کرتا رہتا ہے اور اس تدبیر اور کوشش میں لگا رہتا ہے کہ اسے گناہ سے نجات مل جائے۔ جو لوگ نفس لوامہ کے ماتحت یا اس حالت میں ہوتے ہیں وہ ایک جنگ کی حالت میں ہوتے ہیں یعنی شیطان اور نفس سے جنگ کرتے رہتے ہیں کبھی ایسا ہوتا ہے کہ نفس غالب آکر لغزش ہو جاتی ہے اور کبھی خود نفس پر غالب آجاتے اور اس کو دبا لیتے ہیں۔ یہ لوگ نفس امارہ والوں سے ترقی کر جاتے ہیں

---

[۱] البدر میں ہے:۔ "تقویٰ تو صرف نفس امارہ کے برتن کو صاف کرنے کا نام ہے اور نیکی وہ کھانا ہے جو اس میں پڑتا ہے اور جس نے اعضاء کو قوت دے کر انسان کو اس قابل بنانا ہے کہ اس سے نیک اعمال صادر ہوں اور وہ بلند مراتب قرب الٰہی کے حاصل کر سکے۔" (البدر جلد ۳ نمبر ۳ صفحہ ۳)

نفس امارہ والے انسان اور دوسرے بہائم میں کوئی فرق نہیں ہوتا جیسے کتا، بلی جب کوئی برتن ننگا دیکھتے ہیں تو فوراً جا پڑتے ہیں اور نہیں دیکھتے کہ وہ چیز ان کا حق ہے یا نہیں۔ اسی طرح پر نفس امارہ کے غلام انسان کو جب کسی بدی کا موقعہ ملتا ہے تو فوراً اُسے کر بیٹھتا ہے اور تیار رہتا ہے۔ اگر راستہ میں دو چار روپے پڑے ہوں تو فی الفور اُن کے اُٹھانے کو تیار ہو جائے گا اور نہیں سوچے گا کہ اس کو اُن کے لینے کا حق ہے یا نہیں مگر لوامہ والے کی یہ حالت نہیں۔ وہ حالت جنگ میں ہے جس میں کبھی نفس غالب کبھی وہ، ابھی کامل فتح نہیں ہوئی۔ مگر تیسری حالت جو نفس مطمئنہ کی حالت ہے یہ وہ حالت ہے جب ساری لڑائیوں کا خاتمہ ہو جاتا ہے اور کامل فتح ہو جاتی ہے اسی لئے اس کا نام نفس مطمئنہ رکھا ہے یعنی اطمینان یافتہ[1]۔ اس وقت وہ اللہ تعالیٰ کے وجود پر سچا ایمان لاتا ہے اور وہ یقین کرتا ہے کہ واقعی خدا ہے۔ نفس مطمئنہ کی انتہائی حد خدا تعالےٰ پر ایمان ہوتا ہے کیونکہ کامل اطمینان اور تسلی اسی وقت ملتی ہے جب اللہ تعالےٰ پر کامل ایمان ہو۔

یقیناً سمجھو کہ ہر ایک پاکبازی اور نیکی کی اصلی جڑ خدا تعالےٰ پر ایمان لانا ہے۔ جس قدر انسان کا ایمان باللہ کمزور ہوتا ہے اسی قدر اعمال صالحہ میں کمزوری اور سستی پائی جاتی ہے۔ لیکن جب ایمان قوی ہو اور اللہ تعالےٰ کو اس کی تمام صفات کاملہ کے ساتھ یقین کر لیا جائے اسی قدر عجیب رنگ کی تبدیلی انسان کے اعمال میں پیدا ہو جاتی ہے۔ خدا تعالےٰ پر ایمان رکھنے والا گناہ پر قادر نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ یہ ایمان اس کی نفسانی قوتوں اور گناہ کے اعضاء کو کاٹ دیتا ہے۔ دیکھو اگر کسی کی آنکھیں نکال دی جائیں تو وہ آنکھوں

---

[1] البدر میں ہے:۔ "اس کا نام نفس مطمئنہ اس لئے ہے کہ یہ اطمینان یافتہ ہو جاتا ہے۔ انسان کے ہر ایک قویٰ پر اس کا قابو ہو جاتا ہے اور طبعی طور پر اس سے نیکی کے کام سرزد ہوتے ہیں"۔ (البدر جلد ۲ نمبر ۲ صفحہ ۲)

سے بدنظری کیونکر کرسکتا ہے اور آنکھوں کا گناہ کیسے کرے گا اور اگر ایسا ہی ہاتھ کاٹ دیئے جائیں۔ پھر وہ گناہ جو ان اعضاء سے متعلق ہیں کیسے کرسکتا ہے۔ ٹھیک اسی طرح پر جب ایک انسان نفس مطمئنہ کی حالت میں ہوتا ہے تو نفس مطمئنہ اُسے اندھا کر دیتا ہے اور اس کی آنکھوں میں گناہ کی قوت نہیں رہتی۔ وہ دیکھتا ہے پر نہیں دیکھتا۔ کیونکہ آنکھوں کے گناہ کی نظر سلب ہو جاتی ہے۔ وہ کان رکھتا ہے مگر بہرہ ہوتا ہے اور وہ باتیں جو گناہ کی ہیں نہیں سُن سکتا۔ اسی طرح پر اس کی تمام نفسانی اور شہوانی قوتیں اور اندرونی اعضاء کاٹ دیئے جاتے ہیں۔ اس کی ساری طاقتوں پر جن سے گناہ صادر ہو سکتا تھا ایک موت واقع ہو جاتی ہے اور وہ بالکل ایک میت کی طرح ہوتا ہے اور خدا تعالےٰ ہی کی مرضی کے تابع ہوتا ہے۔ وہ اس کے سوا ایک قدم نہیں اُٹھا سکتا۔ یہ وہ حالت ہوتی ہے جب خدا تعالےٰ پر سچا ایمان ہو اور جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کامل اطمینان اُسے دیا جاتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جو انسان کا اصل مقصود ہونا چاہیئے۔ اور ہماری جماعت کو اس کی ضرورت ہے اور اطمینان کامل کے حاصل کرنے کے واسطے ایمان کامل کی ضرورت ہے پس ہماری جماعت کا پہلا فرض یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر سچا ایمان حاصل کریں۔

اصلاح نفس کا سچا ذریعہ

یاد رکھو۔ اصلاح نفس کے لئے نری تجویزوں اور تدبیروں سے کچھ نہیں ہوتا ہے جو شخص نری تدبیروں پر رہتا ہے وہ نامراد اور ناکام رہتا ہے کیونکہ وہ اپنی تدبیروں اور تجویزوں ہی کو خدا سمجھتا ہے۔ اس واسطے وہ فضل اور فیض جو گناہ کی طاقتوں پر موت وارد کرتا ہے اور بدیوں سے بچنے اور اُن کا مقابلہ کرنے کی قوت بخشتا ہے وہ انہیں نہیں ملتا۔ کیونکہ وہ خدا تعالیٰ سے آتا ہے جو تدبیروں کا غلام نہیں۔ انسانی تدبیروں اور تجویزوں کی ناکامی کی مثال خود خدا تعالیٰ نے دکھائی ہے۔ یہودیوں کو تورات کے لئے کہا کہ اس میں تحریف و تبدیل نہ کرنا اور بڑی بڑی تاکیدیں اس کی حفاظت کی اُن کو کی گئیں لیکن

کم بخت یہودیوں نے تحریف کر دی۔ اس کے بالمقابل مسلمانوں کو کہا انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحافظون[1] یعنی ہم نے اس قرآن مجید کو اُتارا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ پھر دیکھ لو کہ اس نے کیسی حفاظت فرمائی۔ ایک لفظ اور نقطہ تک پس و پیش نہ ہوا۔ اور کوئی ایسا نہ کر سکا کہ اس میں تحریف تبدیل کرنا صاف ظاہر ہے کہ جو کام خدا کے ہاتھ سے ہوتا ہے وہ بڑا ہی بابرکت ہوتا ہے اور جو انسان کے اپنے ہاتھ سے ہو وہ بابرکت نہیں ہو سکتا۔ اس سے صاف پایا جاتا ہے کہ جب تک خدا تعالیٰ کا فضل اور اسی کے ہاتھ سے نہ ہو تو کچھ نہیں ہوتا۔ پس محض اپنی سعی اور کوشش سے طہارت نفس پیدا ہو جاوے یہ خیال باطل ہے لیکن اس کے یہ معنے نہیں ہیں کہ پھر انسان کوشش نہ کرے اور مجاہدہ نہ کرے۔ نہیں بلکہ کوشش اور مجاہدہ ضروری ہے اور سعی کرنا فرض ہے۔ خدا تعالےٰ کا فضل سچی محنت اور کوشش کو ضائع نہیں کرتا۔ اس واسطے ان تمام تدابیر اور مساعی کو چھوڑنا نہیں چاہیئے جو اصلاح نفس کے لئے ضروری ہیں مگر یہ تجاویز اور تدابیر اپنے نفس سے پیدا کی ہوئی نہیں ہونی چاہئیں بلکہ ان تدابیر کو اختیار کرنا چاہیئے جن کو خود اللہ تعالےٰ نے بیان کیا ہے اور جو ہمارے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے کر کے دکھائی ہیں۔ آپ کے قدم پر قدم مارو اور پھر دعاؤں سے کام لو۔ تم ناپاکی کے کیچڑ میں پھنسے ہوئے ہو مگر خدا تعالیٰ کے فضل کے بغیر صرف تدبیروں سے صاف چشمہ تک نہیں پہنچ سکتے جو طہارت کا موجب بنے۔

بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو خدا تعالےٰ کو چھوڑتے ہیں اور اپنی تدبیروں پر بھروسہ کرتے ہیں وہ احتیاطیں کرتے کرتے خود مبتلا ہو جاتے ہیں اور پھنس جاتے ہیں۔ اس واسطے کہ خدا تعالےٰ کا فضل ان کے ساتھ نہیں ہوتا اور ان کی دستگیری نہیں کی جاتی۔ خدا تعالےٰ کو چھوڑ کر اپنی تجویز اور خیال سے اگر کوئی اصلاح نفس کرنے کا مدعی ہو وہ جھوٹا ہے۔

[1] الحجر : ۱۰

اصلاح نفس کی ایک راہ اللہ تعالیٰ نے یہ بتائی ہے کونوا مع الصادقین یعنی جو لوگ قولی۔ فعلی۔ عملی اور حالی رنگ میں سچائی پر قائم ہیں اُن کے ساتھ رہو۔ اس سے پہلے فرمایا یا ایھا الذین اٰمنوا اتقوا اللّٰہ یعنی ایمان والو۔ تقویٰ اللہ اختیار کرو۔ اس سے یہ مراد ہے کہ پہلے ایمان ہو پھر سنت کے طور پر بدی کی جگہ کو چھوڑ دے اور صادقوں کی صحبت میں رہے۔ صحبت کا بہت بڑا اثر ہوتا ہے جو اندر ہی اندر ہوتا چلا جاتا ہے۔ اگر کوئی شخص ہر روز کنجریوں کے ہاں جاتا ہے اور پھر کہتا ہے کہ کیا میں زنا کرتا ہوں؟ اُس سے کہنا چاہیئے کہ ہاں تو کرے گا اور وہ ایک نہ ایک دن اس میں مبتلا ہو جاوے گا کیونکہ صحبت میں تاثیر ہوتی ہے۔ اسی طرح پر جو شخص شراب خانہ میں جاتا ہے خواہ وہ کتنا ہی پرہیز کرے اور کہے کہ میں نہیں پیتا ہوں لیکن ایک دن آئے گا کہ وہ ضرور پیئے گا۔

پس اس سے کبھی بے خبر نہیں رہنا چاہیئے کہ صحبت میں بہت بڑی تاثیر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اصلاح نفس کے لئے کونوا مع الصادقین کا حکم دیا ہے۔ جو شخص نیک صحبت میں جاتا ہے خواہ وہ مخالفت ہی کے رنگ میں ہو لیکن وہ صحبت اپنا اثر کئے بغیر نہ رہے گی اور ایک نہ ایک دن وہ اس مخالفت سے باز آجائے گا ہم افسوس سے کہتے ہیں کہ ہمارے مخالف اسی صحبت کے نہ ہونے کی وجہ سے محروم رہ گئے۔ اگر وہ ہمارے پاس آکر رہتے۔ ہماری باتیں سُنتے تو ایک وقت آجاتا کہ اللہ تعالےٰ ان کو اُن کی غلطیوں پر متنبہ کر دیتا اور وہ حق کو پا لیتے۔ لیکن اب چونکہ اس صحبت سے محروم ہیں اور انہوں نے ہماری باتیں سُننے کا موقعہ کھو دیا ہے اس لئے کبھی کہتے ہیں کہ نعوذ باللہ یہ دہریے ہیں۔ شراب پیتے ہیں۔ زانی ہیں۔ اور کبھی یہ اتہام لگاتے ہیں کہ نعوذ باللہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی توہین کرتے ہیں اور گالیاں دیتے ہیں۔ ایسا کیوں کہتے ہیں؟ صحبت نہیں اور یہ قہر الٰہی ہے کہ صحبت نہ ہو۔

لکھا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جب صلح حدیبیہ کی ہے تو صلح حدیبیہ کے

لے التوبہ : ۱۱۹

مبارک ثمرات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ لوگوں کو آپ کے پاس آنے کا موقعہ ملا۔ اور انہوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی باتیں سُنیں تو اُن میں سے صدہا مسلمان ہو گئے۔ جب تک انہوں نے آپ صلے اللہ علیہ وسلم کی باتیں نہ سُنی تھیں۔ اُن میں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان ایک دیوار حائل تھی جو آپ کے حُسن وجمال پر اُن کو اطلاع نہ پانے دیتی تھی اور جیسا دوسرے لوگ کذاب کہتے تھے (معاذ اللہ) وہ بھی کہہ دیتے تھے اور ان فیوض وبرکات سے بے نصیب تھے جو آپ لے کر آئے تھے اس لئے کہ دُور تھے۔ لیکن جب وہ حجاب اُٹھ گیا اور پاس آکر دیکھا اور سُنا تو وہ محرومی نہ رہی اور سعیدوں کے گروہ میں داخل ہو گئے۔ اسی طرح پر بہتوں کی بدنصیبی کا اب بھی یہی باعث ہے۔ جب اُن سے پوچھا جاوے کہ تم نے اُن کے دعوے اور دلائل کو کہاں تک سمجھا ہے تو بجز چند بہتانوں اور افتراؤں کے کچھ نہیں کہتے جو بعض مفتری سُنا دیتے ہیں اور وہ اُن کو سچ مان لیتے ہیں اور خود کوشش نہیں کرتے کہ یہاں آکر خود تحقیق کریں اور ہماری صحبت میں آ کر دیکھیں۔ اس سے اُن کے دل سیاہ ہو جاتے ہیں اور وہ حق کو نہیں پا سکتے۔ لیکن اگر وہ تقویٰ سے کام لیتے تو کوئی گناہ نہ تھا کہ وہ اگر ہم سے ملتے جلتے رہتے اور ہماری باتیں سنتے رہتے حالانکہ عیسائیوں اور ہندوؤں سے بھی ملتے ہیں اور ان کی باتیں سنتے ہیں۔ اُن کی مجلسوں میں جاتے ہیں۔ پھر کونسا امر مانع تھا جو ہمارے پاس آنے سے انہوں نے پرہیز کیا۔

غرض یہ بڑی ہی بدنصیبی ہے اور انسان اس کے سبب محروم ہو جاتا ہے۔ اسی واسطے اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا تھا کونوا مع الصادقین[1]۔ اس میں بڑا نکتہ معرفت یہی ہے کہ چونکہ صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے اس لئے ایک راستباز کی صحبت میں رہ کر انسان راستبازی سیکھتا ہے اور اس کے پاک انفاس کا اندر ہی اندر اثر ہونے لگتا ہے جو اس کو خدا تعالےٰ پر ایک سچا یقین اور بصیرت عطا کرتا ہے۔ اس صحبت میں صدق دل سے رہ کر وہ خدا تعالےٰ کی آیات اور نشانات کو دیکھتا ہے جو ایمان کو بڑھانے کے ذریعے ہیں۔*

* الحکم جلد ۹ نمبر ۱ صفحہ ۲ تا ۴ مورخہ ۱۰ جنوری ۱۹۰۵ء
[1] التوبہ: ۱۱۹

جب انسان ایک راستباز اور صادق کے پاس بیٹھتا ہے تو صدق اس میں کام کرتا ہے لیکن جو راستبازوں کی صحبت کو چھوڑ کر بدوں اور شریروں کی صحبت کو اختیار کرتا ہے تو ان میں بدی اثر کرتی جاتی ہے۔ اسی لئے احادیث اور قرآن شریف میں صحبت بد سے پرہیز کرنے کی تاکید اور تہدید پائی جاتی ہے اور لکھا ہے کہ جہاں اللہ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی اہانت ہوتی ہو اس مجلس سے فی الفور اُٹھ جاؤ ورنہ جو اہانت سُنکر نہیں اُٹھتا اس کا شمار بھی ان میں ہی ہوگا

صادقوں اور راستبازوں کے پاس رہنے والا بھی ان میں ہی شریک ہوتا ہے۔ اس لئے کس قدر ضرورت ہے اس امر کی کہ انسان کونوا مع الصادقین[1] کے پاک ارشاد پر عمل کرے حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالےٰ ملائکہ کو دنیا میں بھیجتا ہے وہ پاک لوگوں کی مجلس میں آتے ہیں اور جب واپس جاتے ہیں تو اللہ تعالےٰ اُن سے پوچھتا ہے کہ تم نے کیا دیکھا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے ایک مجلس دیکھی ہے جس میں تیرا ذکر کر رہے تھے مگر ایک شخص ان میں سے نہیں تھا تو اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ نہیں وہ بھی ان میں ہی سے ہے کیونکہ انھم قومٌ لا یشقیٰ جلیسھم۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ صادقوں کی صحبت سے کس قدر فائدے ہیں۔ سخت بدنصیب ہے وہ شخص جو صحبت سے دُور رہے۔

غرض نفس مطمئنہ کی تاثیروں میں سے یہ بھی ہے کہ وہ اطمینان یافتہ لوگوں کی صحبت میں اطمینان پاتے ہیں۔ امارہ والے میں نفس امارہ کی تاثیریں ہوتی ہیں اور جو شخص نفس مطمئنہ والے کی صحبت میں بیٹھتا ہے اس پر بھی اطمینان اور سکینت کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہیں اور اندر ہی اندر اسے تسلی ملنے لگتی ہے۔ مطمئنہ والے کو پہلی نعمت یہ دی جاتی ہے کہ وہ خدا تعالیٰ سے آرام پاتا ہے جیسے فرمایا یایتھا النفس المطمئنۃ ارجعی الیٰ ربک راضیۃ مرضیۃ[2] یعنی اے خدا تعالےٰ میں آرام یافتہ نفس اپنے رب کی طرف آ جا وہ تجھ سے راضی اور تو اس سے راضی۔ اس میں ایک باریک نکتہ معرفت ہے جو یہ کہا کہ خدا تجھ سے راضی تو خدا سے راضی۔ بات یہ ہے کہ جب تک انسان اس مرحلہ پر نہیں پہنچتا اور لوامہ کی حالت میں ہوتا

[1] التوبۃ: ۱۱۹ [2] الفجر: ۲۸-۲۹

ہے اس وقت تک خدا تعالیٰ سے ایک قسم کی لڑائی رہتی ہے یعنی کبھی وہ نفس کی تحریک سے نافرمانی بھی کر بیٹھتا ہے لیکن جب مطمئنہ کی حالت پر پہنچتا ہے تو اس جنگ کا خاتمہ ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے صلح ہو جاتی ہے۔ اس وقت وہ خدا سے راضی ہوتا ہے اور خدا اس سے راضی ہو جاتا ہے کیونکہ وہ لڑائی جھگڑائی بالکل جاتی رہتی ہے۔

یہ بات خوب یاد رکھنی چاہیئے کہ ہر شخص خدا تعالےٰ سے لڑائی رکھتا ہے بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کے حضور دعائیں کرتا ہے اور بہت ساری امانی اور امیدیں رکھتا ہے لیکن اس کی وہ دعائیں نہیں سُنی جاتیں یا خلاف امید کوئی بات ظاہر ہوتی ہے تو دل کے اندر اللہ تعالیٰ سے ایک لڑائی شروع کر دیتا ہے۔ خدا تعالےٰ پر بدظنی اور اُس سے ناراضگی کا اظہار کرتا ہے لیکن صالحین اور عباد الرحمٰن کی کبھی اللہ تعالیٰ سے جنگ نہیں ہوتی کیونکہ رضا بالقضا کے مقام پر ہوتے ہیں۔ اور سچ تو یہ ہے کہ حقیقی ایمان اس وقت تک پیدا ہو ہی نہیں سکتا جب تک انسان اس درجہ کو حاصل نہ کرے کہ خدا تعالےٰ کی مرضی اس کی مرضی ہو جائے دل میں کوئی کدورت اور تنگی محسوس نہ ہو بلکہ شرح صدر کے ساتھ اس کی ہر تقدیر اور قضا کے ماننے کو تیار ہو۔ اس آیت میں رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً[1] کا لفظ اسی کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ یہ رضا کا اعلیٰ مقام ہے جہاں کوئی ابتلا باقی نہیں رہتا۔ دوسرے جس قدر مقامات ہیں۔ وہاں ابتلا کا اندیشہ رہتا ہے۔ لیکن جب اللہ تعالیٰ سے بالکل راضی ہو جاوے اور کوئی شکوہ شکایت نہ رہے اس وقت محبت ذاتی پیدا ہو جاتی ہے اور جب تک اللہ تعالیٰ سے محبتِ ذاتی پیدا نہ ہو تو ایمان بڑے خطرہ کی حالت میں ہے لیکن جب ذاتی محبت ہو جاتی ہے تو انسان شیطان کے حملوں سے امن میں آجاتا ہے۔ اس ذاتی محبت کو دُعا سے حاصل کرنا چاہیئے جب تک یہ محبت پیدا نہ ہو انسان نفس امارہ کے نیچے رہتا ہے اور اس کے پنجہ میں گرفتار رہتا ہے اور ایسے لوگ جو نفس امارہ کے نیچے ہیں اُن کا قول ہے ایہہ جہان مٹھا اگلا کن ڈٹھا یہ لوگ بڑی خطرناک حالت میں ہوتے ہیں اور لوامہ والے ایک گھڑی میں ولی اور ایک

[1] الفجر: ۲۹

گھڑی میں شیطان ہو جاتے ہیں۔ اُن کا ایک رنگ نہیں رہتا کیونکہ اُن کی لڑائی نفس کے ساتھ شروع ہوتی ہے جس میں کبھی وہ غالب اور کبھی مغلوب ہوتے ہیں تاہم یہ لوگ محلِ مدح میں ہوتے ہیں کیونکہ اُن سے نیکیاں بھی سرزد ہوتی ہیں اور خوفِ خدا بھی ان کے دل میں ہوتا ہے لیکن نفس مطمئنہ والے بالکل فتحمند ہوتے ہیں اور وہ سارے خطروں اور خوفوں سے نکل کر امن کی جگہ میں جا پہنچتے ہیں وہ اس دارالامان میں ہوتے ہیں جہاں شیطان نہیں پہنچ سکتا۔ لوامہ والا جیسا کہ میں نے کہا ہے دارالامان کی ڈیوڑھی میں ہوتا ہے اور کبھی کبھی دشمن بھی اپنا وار کر جاتا ہے اور کوئی لاٹھی مار جاتا ہے اس لئے مطمئنہ والے کو کہا ہے فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی۔[1] یہ آواز اس وقت آتی ہے جب وہ اپنے تقویٰ کو انتہائی مرتبہ پر پہنچا دیتا ہے۔ تقویٰ کے دو درجے ہیں۔ بدیوں سے بچنا اور نیکیوں میں سرگرم ہونا یہ دوسرا مرتبہ محسنین کا ہے۔ اس درجہ کے حصول کے بغیر اللہ تعالیٰ خوش نہیں ہو سکتا اور یہ مقام اور درجہ اللہ تعالیٰ کے فضل کے بغیر حاصل ہی نہیں ہو سکتا۔

جب انسان بدی سے پرہیز کرتا ہے اور نیکیوں کے لئے اس کا دل تڑپتا ہے اور وہ خدا تعالیٰ سے دعائیں کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کی دستگیری کرتا ہے اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اُسے دارالامان میں پہنچا دیتا ہے۔ اور فادخلی فی عبادی کی آواز اُسے آ جاتی ہے یعنی تیری جنگ اب ختم ہو چکی ہے اور میرے ساتھ تیری صلح اور آشتی ہو چکی ہے اب آ میرے بندوں میں داخل ہو جو صراط الذین انعمت علیھم[2] کے مصداق ہیں اور روحانی وراثت سے جن کو حصہ ملتا ہے میری بہشت میں داخل ہو جا۔

یہ آیت جیسا کہ ظاہر میں سمجھتے ہیں کہ مرنے کے بعد اُسے آواز آتی ہے آخرت پر ہی موقوف نہیں بلکہ اسی دنیا میں اسی زندگی میں یہ آواز آتی ہے۔ اہل سلوک کے مراتب رکھے ہوئے ہیں اُن کے سلوک کا انتہائی نقطہ یہی مقام ہے جہاں اُن کا سلوک ختم ہو جاتا ہے اور وہ مقام یہی نفس مطمئنہ کا مقام ہے۔ اہلِ سلوک کی مشکلات کو اللہ تعالیٰ اُٹھا دیتا ہے اور

[1] الفجر: ۳۰-۳۱ [2] الفاتحہ: ۷

ان کو صالحین میں داخل کر دیتا ہے جیسے فرمایا والّذین اٰمنوا وعملوا الصّٰلحٰت لندخلنّھم فی الصّٰلحین[1] یعنی جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے ہم ان کو ضرور ضرور صالحین میں داخل کر دیتے ہیں۔

اس پر بعض اعتراض کرتے ہیں کہ اعمال صالحہ کرنے والے صالحین ہوتے ہیں پھر اُن کو صالحین میں داخل کرنے سے کیا مراد ہے؟

اصل بات یہ ہے کہ اس میں ایک لطیف نکتہ ہے اور وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بات کو بیان فرماتا ہے کہ صلاحیت کی دو قسم ہوتی ہیں ایک تو یہ کہ انسان تکالیف شاقہ اُٹھا کر نیکیوں کا بوجھ اُٹھاتا ہے نیکیاں کرتا ہے لیکن ان کے کرنے میں اسے تکلیف اور بوجھ معلوم ہوتا ہے اور اندر نفس کے کشاکش موجود ہوتی ہے اور جب وہ نفس کی مخالفت کرتا ہے تو سخت تکلیف محسوس ہوتی ہے لیکن جب وہ اعمال صالحہ کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتا ہے جیسا کہ اس آیت کا منشاء ہے۔ اس وقت وہ تکالیف شاقہ اور محنتیں جو خود نیکیوں کے لئے برداشت کرتا ہے اُٹھ جاتی ہیں اور طبعی طور پر وہ صلاحیت کا مادہ پیدا ہو جاتا ہے ※ اور وہ تکالیف تکالیف نہیں رہتی ہیں اور نیکیوں کو ایک ذوق اور لذت سے کرتا ہے اور ان دونوں میں یہی فرق ہوتا ہے کہ پہلا نیکی کرتا ہے مگر تکلیف اور تکلف سے اور دوسرا ذوق اور لذت سے۔ وہ نیکی اس کی غذا ہو جاتی ہے جس کے بغیر وہ زندہ نہیں رہ سکتا ☒۔ اور وہ تکلف اور تکلیف جو پہلے ہوتی تھی اب ذوق و شوق اور لذت سے بدل جاتی ہے یہ وہ مقام ہوتا ہے صالحین کا جن کے لئے فرمایا۔

لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ

※ البدر میں ہے "اعضاء اور قویٰ کی یہ فطرت ہو جاتی ہے کہ ان سے نیک اعمال صادر ہوں" (البدر جلد ۲ نمبر ۲ صفحہ ۵)

☒ الحکم جلد ۶ نمبر ۲ صفحہ ۱۰، ۲ مورخہ ۱۷؍ جنوری ۱۹۰۲ء

[1] العنکبوت: ۱۰

اس مقام پر پہنچ کر کوئی فتنہ اور فساد مومن کے اندر نہیں رہتا۔ نفس کی شرارتوں سے محفوظ ہو جاتا ہے اور اس کے جذبات پر فتح پا کر مطمئن ہو کر دار الامان میں داخل ہو جاتا ہے۔

اور اس سے آگے فرمایا وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ[1]۔ اور بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو زبانی تو ایمان کے وعدے* کرتے ہیں اور مومن ہونے کی لاف و گزاف مارتے رہتے ہیں لیکن جب معرضِ امتحان و ابتلا میں آتے ہیں تو اُن کی حقیقت کھل جاتی ہے۔ اس فتنہ و ابتلا کے وقت اُن کا ایمان اللہ تعالےٰ پر ویسا نہیں رہتا بلکہ شکایت کرنے لگتے ہیں اسے عذاب الٰہی قرار دیتے ہیں۔ حقیقت میں وہ لوگ بڑے ہی محروم ہیں۔ جن کو صالحین کا مقام حاصل نہیں ہوتا۔ کیونکہ یہی تو وہ مقام ہے جہاں انسان ایمانی مدارج کے ثمرات کو مشاہدہ کرتا ہے اور اپنی ذات پر اُن کا اثر پاتا ہے اور نئی زندگی اُسے ملتی ہے لیکن یہ زندگی پہلے ایک موت کو چاہتی ہے۔ اور یہ انعام و برکات امتحان و ابتلا کے ساتھ وابستہ ہوتے ہیں۔ یہ یاد رکھو کہ ہمیشہ عظیم الشان نعمت ابتلا سے آتی ہے اور ابتلا مومن کے لئے شرط ہے۔ جیسے اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ[2]۔ یعنی کیا لوگ گمان کر بیٹھے ہیں کہ وہ اتنا ہی کہہ دینے پر چھوڑ دیئے جاویں گے کہ ہم ایمان لائے اور وہ آزمائے نہ جاویں۔ ایمان کے امتحان کے لئے مومن کو ایک خطرناک آگ میں پڑنا پڑتا ہے مگر اس کا ایمان اس آگ سے اس کو صحیح سلامت نکال لاتا ہے اور وہ آگ اس پر گلزار ہو جاتی ہے۔ مومن ہو کر ابتلاء سے کبھی بےفکر نہیں ہونا چاہیئے۔ اور ابتلا پر زیادہ ثبات قدم دکھانے کی ضرورت ہوتی ہے اور حقیقت میں جو سچا مومن ہے ابتلا میں اس کے ایمان کی حلاوت اور لذت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ اللہ تعالےٰ کی قدرتوں اور اس کے عجائبات پر اس کا ایمان بڑھتا ہے اور وہ پہلے سے بہت زیادہ خدا تعالےٰ کی طرف توجہ کرتا اور دعاؤں سے فتحیاب اجابت چاہتا ہے۔

یہ افسوس کی بات ہے کہ انسان خواہش تو اعلیٰ مدارج اور مراتب کی کرے اور اُن

* نقل مطابق اصل۔ درحقیقت لفظ دعویٰ ہوگا (مرتب) [1] العنکبوت: ۱۱ [2] العنکبوت: ۳

تکالیف سے بچنا چاہے جو اُن کے حصول کے لئے ضروری ہیں۔

یقیناً یاد رکھو کہ ابتلا اور امتحان ایمان کی شرط ہے اس کے بغیر ایمان، ایمان کامل ہوتا ہی نہیں اور کوئی عظیم الشان نعمت بغیر ابتلا ملتی ہی نہیں ہے۔ دنیا میں یہی عام قاعدہ ہی ہے کہ دنیاوی آسائشوں اور نعمتوں کے حاصل کرنے کے لئے قسم قسم کی مشکلات اور رنج وتعب اُٹھانے پڑتے ہیں۔ طرح طرح کے امتحانوں میں سے ہو کر گذرنا پڑتا ہے تب کہیں جا کر کامیابی کی شکل نظر آتی ہے اور پھر بھی وہ محض خدا تعالیٰ کے فضل پر موقوف ہے۔ پھر خدا تعالیٰ جیسی نعمت عظمیٰ جس کی کوئی نظیر ہی نہیں یہ بدون امتحان کیسے میسر آسکے۔

پس جو چاہتا ہے کہ خدا تعالیٰ کو پاوے اُسے چاہیئے کہ وہ ہر ایک ابتلا کے لئے تیار ہو جاوے۔ جب اللہ تعالیٰ کوئی سلسلہ قائم کرتا ہے جیسا کہ اس وقت اس نے اس سلسلہ کو قائم کیا ہے تو جو لوگ اس میں اوّلاً داخل ہوتے ہیں اُن کو قسم قسم کی تکالیف اُٹھانی پڑتی ہیں۔ ہر طرف سے گالیاں اور دھمکیاں سُننی پڑتی ہیں۔ کوئی کچھ کہتا ہے کوئی کچھ۔ یہانتک کہ اُن کو کہا جاتا ہے کہ ہم تم کو یہاں سے نکال دیں گے یا اگر ملازم ہے تو اس کے موقوف کرانے کے منصوبے ہوتے ہیں۔ جس طرح ممکن ہوتا ہے تکلیفیں پہنچائی جاتی ہیں۔ اور اگر ممکن ہو تو جان لینے سے دریغ نہیں کیا جاتا۔ ایسے وقت میں جو لوگ ان دھمکیوں کی پروا کرتے ہیں اور امتحان کے ڈر سے کمزوری ظاہر کرتے ہیں۔ یاد رکھو خدا تعالیٰ کے نزدیک اُن کے ایمان کی ایک پیسہ بھی قیمت نہیں ہے کیونکہ وہ ابتلا کے وقت خدا تعالیٰ سے نہیں انسان سے ڈرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی عظمت وجبروت کی پروا نہیں کرتا وہ بالکل ایمان نہیں لایا کیونکہ دھمکی کو اس کے مقابلہ میں وقعت دیتا اور ایمان چھوڑنے کو تیار ہو جاتا ہے۔[۵] نتیجہ یہ

[۵] البدر میں ہے۔ "ابتلا کے وقت جو شخص انسان سے ڈرتا ہے اس کی کچھ بھی قیمت نہیں ہوتی۔ وہ دھمکی دینے والے کو گویا اپنا رب خیال کرتا ہے اور اس کے خوف سے ایمان چھوڑنے کو تیار ہو جاتا ہے تو اب بتلاؤ کہ کیا ایمان ہوا؟" (البدر جلد ۳ نمبر ۳ صفحہ ۵ مورخہ ۱۶ جنوری ۱۹۰۴ء)

ہوتا ہے کہ وہ صالحین میں داخل ہونے سے محروم ہو جاتا ہے یہ خلاصہ اور مفہوم ہے اس آیت کا وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ [1]

ہماری جماعت کو یاد رکھنا چاہیئے کہ جب تک وہ بزدلی کو نہ چھوڑے گی اور استقلال اور ہمت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی ہر ایک راہ میں ہر مصیبت و مشکل کے اٹھانے کے لئے تیار نہ رہے گی وہ صالحین میں داخل نہیں ہو سکتی۔ تم نے اس وقت خدا تعالیٰ کے قائم کردہ سلسلہ کے ساتھ تعلق پیدا کیا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ تم دُکھ دیئے جاؤ۔ تم کو ستایا جاتا ہے۔ گالیاں سُننی پڑتی ہیں۔ قوم اور برادری سے خارج کرنے کی دھمکیاں ملتی ہیں۔ جو جو تکالیف مخالفوں کے خیال میں آسکتی ہیں اُن کے دینے کا وہ موقع ہاتھ سے نہیں دیتے۔ لیکن اگر تم نے ان تکالیف اور مشکلات اور ان موذیوں کو خدا نہیں بنایا بلکہ اللہ تعالیٰ کو خدا مانا ہے تو ان تکالیف کو برداشت کرنے پر آمادہ رہو۔ اور ہر ابتلا اور امتحان میں پورے اُترنے کے لئے کوشش کرو اور اللہ تعالیٰ سے اس کی توفیق اور مدد چاہو تو میں تمہیں یقیناً کہتا ہوں کہ تم صالحین میں داخل ہو کر خدا تعالیٰ کی عظیم الشان نعمت کو پاؤ گے اور ان تمام مشکلات پر فتح پا کر دارالامان میں داخل ہو جاؤ گے۔

صاحبزادہ عبد اللطیف شہید کی شہادت کا واقعہ تمہارے لئے اسوہ حسنہ ہے۔ تذکرۃ الشہادتین کو بار بار پڑھو اور دیکھو کہ اُس نے اپنے ایمان کا کیسا نمونہ دکھایا ہے۔ اس نے دنیا اور اس کے تعلقات کی کچھ بھی پروا نہیں کی۔ بیوی یا بچوں کا غم اس کے ایمان پر کوئی اثر نہیں ڈال سکا۔ دنیوی عزت اور منصب اور تنعم نے اس کو بزدل نہیں بنایا۔ اُس نے جان دینی گوارا کی مگر ایمان کو ضائع نہیں کیا۔ عبد اللطیف کہنے کو مارا گیا یا مر گیا مگر یقیناً سمجھو کہ وہ زندہ ہے اور کبھی نہیں مرے گا۔ اگرچہ اس کو بہت عرصہ صحبت میں رہنے کا اتفاق نہیں ہوا لیکن اس تھوڑی مدت میں جو وہ یہاں رہا اُس نے

[1] العنکبوت: ۱۱

عظیم الشان فائدہ اُٹھایا۔ اُس کو قسم قسم کے لالچ دیئے گئے کہ اس کا مرتبہ و منصب بدستور قائم رہے گا مگر اس نے اس عزت افزائی اور دنیوی مفاد کی کچھ بھی پروا نہیں کی۔ ان کو ہیچ سمجھا یہانتک کہ جان جیسی عزیز شئے کو جو انسان کو ہوتی ہے اس نے مقدم نہیں کیا۔ بلکہ دین کو مقدم کیا جس کا اُس نے خدا تعالیٰ کے سامنے وعدہ کیا تھا کہ میں دین کو دنیا پر مقدم رکھوں گا۔ میں بار بار کہتا ہوں کہ اس پاک نمونہ پر غور کرو کیونکہ اس کی شہادت بھی نہیں کہ اعلیٰ ایمان کا ایک نمونہ پیش کرتی ہے بلکہ یہ خدا تعالیٰ کا عظیم الشان نشان ہے جو اَور بھی ایمان کی مضبوطی کا موجب ہوتا ہے کیونکہ براہین احمدیہ میں ۲۳ برس پہلے سے اس شہادت کے متعلق پیشگوئی موجود تھی۔ وہاں صاف لکھا ہے۔

شَاتَانِ تُذْبَحَانِ وَکُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ

کیا اس وقت کوئی منصوبہ ہو سکتا تھا کہ ۲۳ یا ۲۴ سال بعد **عبدالرحمٰن** اور **عبداللطیف** افغانستان سے آئیں گے اور پھر وہ وہاں جاکر شہید ہوں گے۔ وہ دل لعنتی ہے جو ایسا خیال کرے۔ یہ خدا تعالیٰ کا کلام ہے جو عظیم الشان پیشگوئی پر مشتمل ہے اور اپنے وقت پر آ کر یہ نشان پورا ہو گیا۔[1]

اس سے پہلے عبدالرحمٰن جو مولوی عبداللطیف شہید کا شاگرد تھا، سابق امیر نے قتل کرایا محض اس وجہ سے کہ وہ اس سلسلہ میں داخل ہے اور یہ سلسلہ جہاد کے خلاف ہے اور عبدالرحمٰن جہاد کے خلاف تعلیم افغانستان میں پھیلاتا تھا۔ اور اب اس امیر نے

---

[1] البدر سے :- ” براہین احمدیہ میں اس کی نسبت پیشگوئی موجود تھی۔ اور یہ وہ کتاب ہے جو آج سے ۲۳ - ۲۴ برس قبل ہر ایک جگہ اور ہر ایک فرقہ اور ملت حتیٰ کہ امریکہ یورپ وغیرہ میں شائع ہو چکی ہے اور موجود ہے جو لوگ خدا تعالیٰ کے وجود سے انکار کرتے ہیں وہ بتلا دیں کہ اگر خدا تعالیٰ کی ذات موجود نہیں تو اس واقعہ کی خبر اس قدر عرصہ دراز پیشتر ہوئی اور اس کا اسی طرح واقعہ ہونا اس کے کیا معنے ہیں؟ “ (البدر جلد ۳ نمبر ۳ صفحہ ۵)

مولوی عبداللطیف کو شہید کرا دیا۔ یہ عظیم الشان نشان جماعت کے لئے ہے۔ اس پیشگوئی کے معنے اب مخالفوں سے پوچھو کہ کیا یہ پیشگوئی صریح الفاظ میں نہیں ہے؟ اور کیا یہ اب پوری نہیں ہو گئی ہے؟ کیونکہ انگریزوں کے ملک میں تو کوئی کسی کو بیگناہ ذبح نہیں کرتا ہے اس لئے یہاں تو اس کا وقوع نہیں ہونا تھا اور علاوہ بریں ہماری تعلیم ایسی تعلیم نہیں تھی کہ کوئی اس کو پکڑ سکے بلکہ یہ تعلیم تو امن کے پھیلانے والی ہے پھر یہ پیشگوئی کیسے پوری ہوتی اس لئے خدا تعالیٰ نے اس نشان کو پورا کرنے کے لئے کابل کی سرزمین کو مقدر کیا ہوا تھا۔ اور آخر ۲۴ سال کے بعد یہ پیشگوئی ٹھیک اسی طرح پوری ہوئی جس طرح پہلے فرمایا گیا تھا۔ اس سے آگے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ عَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔـا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ۔[1] یہ ایک قسم کی تسلی ہے۔ یعنی جب ایسا معاملہ ہو تو غم نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ بہت سی باتیں ایسی ہوتی ہیں جن کو تم پسند کرتے ہو اور وہ اچھی نہیں ہوتی ہیں اور بہت سی ایسی ہوتی ہیں جن کو تم ناپسند کرتے ہو اور وہ درحقیقت تمہارے لئے مفید ہوتی ہیں۔ یہ خدا تعالیٰ کا ارشاد بالکل سچ ہے[*] اور میں یقیناً جانتا ہوں کہ اب وقت آنے والا ہے کہ اس کی شہادت

---

[*] البدر میں یہ حصہ زیادہ مفصل لکھا ہے:۔

"چونکہ خدا تعالےٰ جانتا تھا کہ اس خون سے مجھ پر اور کل جماعت پر ایک بڑا صدمہ گذریگا اس لئے پھر اس سے آگے وہ تسلی دیتا ہے کہ اس مصیبت اور اس صدمہ سے تم غمگین اور اداس مت ہو خدا تعالےٰ تمہارے ساتھ ہے وہ دس کے عوض ایک قوم تمہارے پاس لائے گا وہ اپنے بندے کے لئے کافی ہے۔ کیا تم نہیں جانتے کہ خدا ہر ایک شئے پر قادر ہے۔ ان کی شہادت میں حکمت الٰہی ہے۔ بہت امور ہیں جو تم چاہتے ہو کہ وقوع میں آویں حالانکہ ان کا واقع ہونا تمہارے لئے اچھا نہیں۔ اور بہت ہیں جو تم چاہتے ہو کہ واقع نہ ہوں حالانکہ ان کا واقع ہونا تمہارے لئے اچھا ہوتا ہے سو حکمت الٰہی عنقریب ظاہر ہوگی اور معلوم ہوگا کہ اس خون میں کس قدر برکات ہیں۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۳ صفحہ ۵)

[1] البقرۃ: ۲۱۷

کی حکمت نکلنے والی ہے اور میں نے سُنا ہے کہ اس وقت چودہ آدمی قید کئے گئے ہیں۔ جو یہ کہتے ہیں کہ عبداللطیف کو ناحق شہید کرایا گیا ہے اور یہ ظلم ہوا ہے وہ حق پر تھا اس پر امیر نے ان آدمیوں کو قید کر دیا ہے اور اُن کے وارثوں کو کہا ہے کہ وہ اُن کو سمجھائیں کہ ایسے خیالات سے وہ باز آجائیں مگر وہ موت کو پسند کرتے ہیں اور اس یقینی بات کو وہ چھوڑنا نہیں چاہتے۔ اگر عبداللطیف شہید نہ ہوا ہوتا تو یہ اثر کس طرح پیدا ہوتا اور یہ رُعب کس طرح پر پڑتا۔

یقیناً سمجھو کہ خدا تعالیٰ نے کسی بڑی چیز کا ارادہ کیا ہے اور اس کی بنیاد عبداللطیف کی شہادت سے پڑی ہے۔ اگر مولوی عبداللطیف زندہ رہتے تو دس بیس برس تک زندہ رہتے آخر موت آجاتی اور موت آنی ہے اس سے تو آدمی بچ نہیں سکتا مگر یہ موت مَوت نہیں یہ زندگی ہے اور اس سے مفید نتیجے پیدا ہونے والے ہیں اور یہ مبارک بات ہے دشمن بھی اگر خبیث نہ ہو تو براہین احمدیہ کی پیشگوئی کو پڑھ کر اور اس کے اس طرح پر پوری ہونے کو دیکھ کر اس نتیجہ پر پہنچ سکتا ہے کہ اگر مفتری ہے اور رات کو جھوٹا الہام بنا کر سُنا دیتا ہے تو یہ اثر استقامت کیوں ہو اور ۲۳ یا ۲۴ سال کے بعد ایک بات جو بطور پیشگوئی شائع کی گئی تھی کیوں پوری ہو جاتی ہے؟[ل]

اس قدر عرصہ دراز تک تو انسان کو اپنی زندگی کی بھی امید نہیں ہو سکتی اور پھر اس کے ماننے والوں میں اس قدر استقامت اور قوت ہے کہ بیوی بچوں تک کی پروا نہیں کرتا۔ ایمان جیسی دولت پر سب کچھ قربان کرنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ ایک اہل

[ل] البدر میں ہے:۔ ”اگر ہم مفتری تھے تو اس قدر استقامت ان میں کیوں آگئی؟ کیا کبھی سُنا ہے کہ ایک مفتری کا مُرید ہو کر پھر کسی نے اس طرح سے جان دی ہو حالانکہ بار بار ان کو جان بچانے کا موقعہ بھی دیا گیا۔ الاستقامۃ فوق الکرامت۔ یہ بھی ہمارے سچا ہونے کی ایک دلیل ہے۔“ (البدر جلد ۳ نمبر ۳ صفحہ ۵)

بصیرت اس سے نتیجہ نکالنے میں غلطی نہیں کرے گا کہ یہ محض خدا تعالیٰ کا فضل اور اس کے منشا ہی کے ماتحت ہے۔ ایک سلسلہ جو خود اس نے قائم کیا ہے اور آپ جس نے ایک نشان دیا ہے اُس نے وہ قوت اور استقامت اس شہید کو عطا کی تا کہ اس کی شہادت اس سلسلہ کی سچائی پر زبردست دلیل اور گواہ ہو۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا ہے۔ اب یہ نشان ہزاروں لاکھوں انسانوں کے لئے ہدایت اور ترقی ایمان کا موجب ہو گا اور خدا تعالیٰ چاہے تو اس کے آثار ابھی سے نظر آنے لگے ہیں۔ الاستقامۃ فوق الکرامۃ مشہور بات ہے عبداللطیف کے اس استقلال اور استقامت سے بہت بڑا فائدہ ان لوگوں کو ہو گا جو اس واقعہ پر غور کریں گے۔ چونکہ یہ موت بہت سی زندگیوں کا موجب ہونے والی ہے اس لئے یہ ایسی موت ہے کہ ہزاروں زندگیاں اس پر قربان ہیں۔

پھر اس پیشگوئی میں کل مَن علیہا فانٍ[1] جو فرمایا یہ دشمنوں کے لئے ہے کہ تمہیں بھی کبھی مرنا ہی ہے۔ موت تو کسی کو نہیں چھوڑے گی۔ پھر عبداللطیف کی موت پر جو موت نہیں بلکہ زندگی ہے تم کیوں خوش ہوتے ہو۔ آخر تمہیں بھی مرنا ہے۔ عبداللطیف کی موت تو بہتوں کی زندگی کا باعث ہو گی مگر تمہاری جان اکارت جائے گی اور کسی ٹھکانے نہ لگے گی۔

مولوی عبداللطیف کی شہادت اور استقامت کا سب سے بڑا فائدہ تو یہ ہوا کہ ۲۳-۲۴ برس سے ایک پیشگوئی براہین میں موجود تھی جو پوری ہو گئی۔ اور یہ ہماری جماعت کے ایمان کو ترقی دینے کا موجب ہو گی۔ اس کے سوا اب یہ خون اُٹھنے لگا ہے اور اس کا اثر پیدا ہونا شروع ہو گیا ہے جو ایک جماعت کو پیدا کر دے گا۔*

یہ خون کبھی خالی نہیں جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے مصالح اور حکمتوں کو خوب جانتا ہے لیکن جہاں تک پیشگوئی کے الفاظ پر غور کرتا ہوں۔ اس میں عَسٰی اَنْ تَکْرَھُوْا شَیْئًا وَّ ھُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ[2] ایک ہی بڑی تسلی اور اطمینان کی بات ہے کہ جس سے صاف

* الحکم جلد ۸ نمبر ۳ صفحہ ۱ و ۲ مؤرخہ ۲۴؍ جنوری ۱۹۰۴ء

[1] الرحمٰن: ۲۷ [2] البقرۃ: ۲۱۷

پایا جاتا ہے کہ اس خون کے بہت بڑے بڑے نتائج پیدا ہونے والے ہیں۔ میں جانتا ہوں اور اس پر افسوس بھی کرتا ہوں کہ جس قسم کا نمونہ صدق و وفا کا عبداللطیف نے دکھلایا ہے۔ اس قسم کے ایمان کے لئے میرا کانشنس فتویٰ نہیں دیتا کہ ایسے لوگ میری جماعت میں بہت ہیں۔ اس لئے میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اسی قسم کا اخلاص اور صدق عطا کرے کہ وہ دین کو دنیا پر مقدم کریں اور خدا تعالیٰ کی راہ میں اپنی جان کو عزیز نہ سمجھیں۔

میں ابھی جماعت میں بزدلی کو دیکھتا ہوں اور جب تک یہ بزدلی دور نہ ہو۔ اور عبداللطیف کا سا ایمان پیدا نہ ہو۔ یقیناً یاد رکھو کہ وہ اس سلسلہ میں داخل نہیں ہے بلکہ وہ یندادعون اللہ[1] میں داخل ہے۔ مومنوں میں وہ اس وقت داخل ہوں گے جب وہ اپنی نسبت یہ یقین کر لیں گے کہ ہم مُردے ہیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جب دشمنوں کے مقابلہ پر جاتے تھے وہ ایسے معلوم ہوتے تھے کہ گویا گھوڑوں پر مُردے سوار ہیں اور وہ سمجھتے تھے کہ اب ہم کو موت ہی اس میدان سے الگ کرے گی۔

اللہ تعالیٰ لاف و گزاف کو پسند نہیں کرتا وہ دل کی اندرونی حالت کو دیکھتا ہے کہ اس میں ایمان کا کیا رنگ ہے۔ جب ایمان قوی ہو تو استقامت اور استقلال پیدا ہوتا ہے اور پھر انسان اپنی جان و مال کو ہرگز اس ایمان کے مقابلہ میں عزیز نہیں رکھ سکتا اور استقامت ایسی چیز ہے کہ اس کے بغیر کوئی عمل قبول نہیں ہوتا۔ لیکن جب استقامت ہوتی ہے تو پھر انعامات الٰہیہ کا دروازہ کھلتا ہے۔ دعائیں بھی قبول ہوتی ہیں۔ مکالمات الٰہیہ کا شرف بھی دیا جاتا ہے یہانتک کہ استقامت والے سے خوارق کا صدور ہونے لگتا ہے۔ ظاہری حالت اگر اپنی جگہ کوئی چیز ہوتی اور اس کی قدر و قیمت ہوتی تو ظاہرداری میں تو سب کے سب شریک ہیں۔ عام مسلمان نمازوں میں ہمارے ساتھ شریک ہیں۔ لیکن خدا تعالیٰ کے نزدیک شرف اور بزرگی اندرونہ سے ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسی لئے فرمایا ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی فضیلت اور بزرگی ظاہری نماز اور اعمال

[1] البقرۃ : ۱۰

سے نہیں ہے بلکہ اس کی فضیلت اللہ بودگی اس چیز سے ہے جو اس کے دل میں ہے حقیقت میں یہ بات بالکل صحیح ہے کہ شرف اور علو دل ہی کی بات سے مخصوص ہے۔ مثلاً ایک شخص کے دو خدمتگار ہوں اور ان میں سے ایک خدمت گار تو ایسا ہو جو ہر وقت حاضر رہے اور بڑی جانفشانی سے ہر ایک خدمت کے کرنے کو حاضر اور تیار ہے اور دوسرا ایسا ہے کہ کبھی کبھی آجاتا ہے۔ ان دونو میں بہت بڑا فرق ہے جو ہر ایک شخص سمجھ سکتا ہے۔ آقا بھی خوب جانتا ہے کہ یہ محض ایک مزدور ہے جو دن پورے ہو جانے پر تنخواہ لینے والا ہے اور اسی کے لئے کام کرتا ہے۔ اب صاف ظاہر ہے کہ اس کے نزدیک قدر و قیمت اور محبت اسی سے ہوگی جو محنت اور جانفشانی سے کام کرتا ہے نہ کہ اس مزدور سے۔

پس یاد رکھو کہ وہ چیز جو انسان کی قدر و قیمت کو اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑھاتی ہے وہ اس کا اخلاص اور وفاداری ہے جو وہ خدا تعالیٰ سے رکھتا ہے ورنہ مجاہدات خشک سے کیا ہوتا ہے؟ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دیکھا گیا ہے کہ ایسے ایسے لوگ بھی مجاہدات کرتے تھے جو چھت سے رسہ باندھ کر آپ کو ساری رات جاگنے کے لئے لٹکا رکھتے تھے لیکن کیا وہ ان مجاہدات سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے زیادہ ہو گئے تھے؟ ہرگز نہیں۔

نامرد، بزدل، بیوفا جو خدا تعالیٰ سے اخلاص اور وفاداری کا تعلق نہیں رکھتا بلکہ دغا دینے والا ہے وہ کس کام کا ہے۔ اس کی کچھ قدر و قیمت نہیں ہے۔ ساری قیمت اور شرف وفا سے ہوتا ہے۔ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جو شرف اور درجہ ملا وہ کس بنا پر ملا؟ قرآن شریف نے فیصلہ کر دیا ہے۔ ابراھیم الّذی وفّٰی[1]۔ ابراہیم وہ جس نے ہمارے ساتھ وفاداری کی۔ آگ میں ڈالے گئے مگر انہوں نے اس کو منظور نہ کیا کہ وہ ان کافروں کو کہہ دیتے کہ تمہارے ٹھاکروں کی پوجا کرتا ہوں۔ خدا تعالیٰ کے لئے ہر تکلیف اور مصیبت کو برداشت کرنے پر آمادہ ہو گئے۔ خدا تعالیٰ نے کہا کہ اپنی بیوی کو بے آب و دانہ جنگل میں

[1] النجم: ۳۸

چھوڑ آ۔ انہوں نے فی الفور اس کو قبول کر لیا۔ ہر ایک ابتلا کو اُنہوں نے اس طرح پر قبول کر لیا کہ گویا عاشق اللہ تھا۔ درمیان میں کوئی نفسانی غرض نہ تھی۔ اسی طرح پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ابتلا پیش آئے۔ خویش و اقارب نے مل کر ہر قسم کی ترغیب دی کہ اگر آپ مال و دولت چاہتے ہیں تو ہم دینے کو تیار ہیں اور اگر آپ بادشاہت چاہتے ہیں تو اپنا بادشاہ بنا لینے کو تیار ہیں۔ اگر بیویوں کی ضرورت ہے تو خوبصورت بیویاں دینے کو موجود ہیں[1]۔ مگر آپ کا جواب یہی تھا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے تمہارے شرک کے دُور کرنے کے واسطے مامور کیا ہے۔ جو مصیبت اور تکلیف تم دینی چاہتے ہو دے لو میں اس سے رُک نہیں سکتا کیونکہ یہ کام جب خدا تعالیٰ نے میرے سپرد کیا ہے پھر دنیا کی کوئی ترغیب اور خوف مجھ کو اس سے ہٹا نہیں سکتا۔ آپ جب طائف کے لوگوں کو تبلیغ کرنے گئے تو اُن خبیثوں نے آپ کے پتھر مارے جس سے آپ دوڑتے دوڑتے گر جاتے تھے۔ لیکن ایسی مصیبتوں اور تکلیفوں نے آپ کو اپنے کام سے نہیں روکا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صادقوں کے لئے کیسی مشکلات اور مصائب کا سامنا ہوتا ہے اور کیسی مشکل گھڑیاں اُن پر آتی ہیں مگر باوجود مشکلات کے اُن کی قدر شناسی کا بھی ایک دن مقرر ہوتا ہے اس وقت اُن کا صدق روزِ روشن کی طرح کھُل جاتا ہے اور ایک دنیا ان کی طرف دوڑتی ہے

عبد اللطیف کے لئے وہ دن جو اس کی سنگساری کا دن تھا کیسا مشکل تھا۔ وہ ایک میدان میں سنگساری کے لئے لایا گیا اور ایک خلقت اس تماشا کو دیکھ رہی تھی۔ مگر وہ دن اپنی جگہ کس قدر قدر و قیمت رکھتا ہے۔ اگر اس کی باقی ساری زندگی ایک طرف ہو اور وہ دن ایک طرف، تو وہ دن قدر و قیمت میں بڑھ جاتا ہے۔ زندگی کے یہ دن بہر حال گذر ہی جاتے ہیں اور اکثر بہائم کی زندگی کی طرح گذرتے ہیں۔ لیکن مبارک وہی دن ہے جو خدا تعالیٰ کی محبت اور وفا میں گذرے۔ فرض کرو کہ ایک شخص کے پاس لطیف اور عمدہ

---

[1] حاشیہ البدر سے۔ "مگر اس وعظ اور تبلیغ سے باز آؤ" (البدر جلد ۳ نمبر ۳ صفحہ ۶)

غذائیں کھانے کے لئے اور خوبصورت بیویاں اور عمدہ عمدہ سواریاں سوار ہونے کو رکھتا ہے۔ بہت سے نوکر چاکر ہر وقت خدمت کے لئے حاضر رہتے ہیں۔ مگر ان سب باتوں کا انجام کیا ہے؟ کیا یہ لذتیں اور آرام ہمیشہ کے لئے ہیں؟ ہرگز نہیں۔ ان کا انجام آخر فنا ہے۔ مردانہ زندگی یہی ہے کہ اس زندگی پر فرشتے بھی تعجب کریں۔ وہ ایسے مقام پر کھڑا ہو کہ اس کی استقامت اخلاص اور وفاداری تعجب خیز ہو۔ خدا تعالٰے نامرد کو نہیں چاہتا۔ اگر زمین و آسمان بھی ظاہری اعمال سے بھر دیں لیکن ان اعمال میں وفا نہ ہو تو ان کی کچھ بھی قیمت نہیں کتاب اللہ سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ جب تک انسان صادق اور وفادار نہیں ہوتا اس وقت تک اس کی نمازیں بھی جہنم ہی کو لے جانے والی ہوتی ہیں۔ جب تک پورا وفادار اور مخلص نہ ہو۔ ریاکاری کی جڑ اندر سے نہیں جاتی ہے لیکن جب پورا وفادار ہو جاتا ہے۔ اس وقت اخلاص اور صدق آتا ہے اور وہ زہریلا مادہ نفاق اور بزدلی کا جو پہلے پایا جاتا ہے دور ہو جاتا ہے۔

اب وقت تنگ ہے میں بار بار یہی نصیحت کرتا ہوں کہ کوئی جوان یہ بھروسہ نہ کرے کہ اٹھارہ یا انیس سال کی عمر ہے اور ابھی بہت وقت باقی ہے۔ تندرست اپنی تندرستی اور صحت پر ناز نہ کرے اسی طرح اور کوئی شخص جو عمدہ حالت رکھتا ہے وہ اپنی وجاہت پر بھروسہ نہ کرے۔ زمانہ انقلاب میں ہے، یہ آخری زمانہ ہے۔ اللہ تعالٰے صادق اور کاذب کو آزمانا چاہتا ہے۔ اس وقت صدق و وفا کے دکھانے کا وقت ہے اور آخری موقعہ دیا گیا ہے۔ یہ وقت پھر ہاتھ نہ آئے گا۔ یہ وہ وقت ہے کہ تمام نبیوں کی پیشگوئیاں یہاں آکر ختم ہو جاتی ہیں اس لئے صدق اور خدمت کا یہ آخری موقع ہے جو نوع انسان کو دیا گیا ہے۔ اب اس کے بعد کوئی موقع نہ ہوگا۔ بڑا ہی بدقسمت وہ ہے جو اس موقع کو کھو دے۔

نرا زبان سے بیعت کا اقرار کرنا کچھ چیز نہیں ہے بلکہ کوشش کرو اور اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگو کہ وہ تمہیں صادق بنا دے۔ اس میں کاہلی اور سستی سے کام نہ لو بلکہ مستعد ہو

جاؤ۔ اور اس تعلیم پر جو میں پیش کر چکا ہوں عمل کرنے کے لئے کوشش کرو اور اس راہ پر چلو جو میں نے پیش کی ہے۔ عبد اللطیف کے نمونہ کو ہمیشہ مد نظر رکھو کہ اس سے کس طرح پر صادقوں اور وفاداروں کی علامتیں ظاہر ہوئی ہیں۔ یہ نمونہ خدا تعالیٰ نے تمہارے لئے پیش کیا ہے۔

ہمیشہ ملتے رہو۔ یہ دنیا چند روزہ ہے۔ ایک دن آنا ہے کہ نہ ہم ہوں گے نہ تم اور نہ کوئی اَور۔ اور یہ سب جنگل ویرانہ ہو گا۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد مدینہ کی کیا حالت ہو گئی۔ ہر ایک حالت میں تبدیلی ہے پس اس تبدیلی کو مد نظر رکھو اور آخری وقت کو ہمیشہ یاد رکھو۔ آنے والی نسلیں آپ لوگوں کا مُنہ دیکھیں گی اور اسی نمونہ کو دیکھیں گی۔ اگر تم پورے طور پر اپنے آپ کو اس تعلیم کا عامل نہ بناؤ گے تو گویا آنے والی نسلوں کو تباہ کر دو گے۔ انسان کی فطرت میں نمونہ پرستی ہے وہ نمونہ سے بہت جلد سبق لیتا ہے۔ ایک شرابی اگر کہے کہ شراب نہ پیو یا ایک زانی کہے کہ زنا نہ کرو، ایک چور دوسرے کو کہے کہ چوری نہ کرو تو ان کی نصیحتوں سے دوسرے کیا فائدہ اُٹھائیں گے بلکہ وہ تو کہیں گے کہ بڑا ہی خبیث ہے وہ جو خود کرتا ہے اور دوسروں کو اس سے منع کرتا ہے۔ جو لوگ خود ایک بدی میں مبتلا ہو کر اس کا وعظ کرتے ہیں۔ وہ دوسروں کو بھی گمراہ کرتے ہیں۔ دوسروں کو نصیحت کرنے والے اور خود عمل نہ کرنے والے بے ایمان ہوتے ہیں اور اپنے واقعات کو چھوڑ جاتے ہیں۔ ایسے واعظوں سے دنیا کو بہت بڑا نقصان پہنچتا ہے۔

ایک مولوی کا ذکر ہے کہ اس نے ایک مسجد کا بہانہ کر کے ایک لاکھ روپیہ جمع کیا۔ ایک جگہ وہ وعظ کر رہا تھا۔ اس کے وعظ سے متاثر ہو کر ایک عورت نے اپنی پازیب اُتار کر اس کو چندہ میں دے دی۔ مولوی صاحب نے کہا کہ اے نیک عورت کیا تو چاہتی ہے کہ تیرا دوسرا پاؤں جہنم میں جائے۔ اس نے فی الفور دوسری پازیب بھی اتار کر اُسے دے

دی۔ مولوی صاحب کی بیوی بھی اس وعظ میں موجود تھی۔ اس کا اس پر بھی بڑا اثر ہوا اور جب مولوی صاحب گھر میں آئے تو دیکھا کہ ان کی عورت روتی ہے اور اس نے اپنا سارا زیور مولوی صاحب کو دے دیا کہ اسے بھی مسجد میں لگا دو۔ مولوی صاحب نے کہا کہ تو کیوں ایسا روتی ہے یہ تو صرف چندہ کی تجویز تھی اور کچھ نہ تھا۔

غرض ایسے نمونوں سے دنیا کو بہت بڑا نقصان پہنچا ہے۔ ہماری جماعت کو ایسی باتوں سے پرہیز کرنا چاہیئے تم ایسے نہ ہو۔ چاہیئے کہ تم ہر قسم کے جذبات سے بچو۔ ہر ایک اجنبی جو تم کو ملتا ہے وہ تمہارے منہ کو تاڑتا ہے اور تمہارے اخلاق۔ عادات۔ استقامت۔ پابندیٔ احکام الٰہی کو دیکھتا ہے کہ کیسے ہیں۔ اگر عمدہ نہیں تو وہ تمہارے ذریعہ ٹھوکر کھاتا ہے۔ پس ان باتوں کو یاد رکھو۔ تم کلامہ المبارک۔

(الحکم جلد ۸ نمبر ۲ صفحہ ۱-۲ مورخہ ۱۷ر جنوری ۱۹۰۴ء)

۲۸ر دسمبر ۱۹۰۳ء

دلائل الخیرات اور دیگر وظائف کی نسبت

امام الوقت کی رائے

ایک صاحب[1] آمدہ از امروہہ نے دریافت کیا کہ دلائل الخیرات جو ایک کتاب وظیفوں کی ہے اگر اُسے پڑھا جاوے تو کچھ حرج تو نہیں؟ کیونکہ اس میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر درود شریف ہی ہے اور اس میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی تعریف جا بجا ہے۔

فرمایا کہ

انسان کو چاہیئے کہ قرآن شریف کثرت سے پڑھے جب اس میں دعا کا مقام آوے

[1] حاشیہ۔ الحکم میں ان کا نام قاضی آل احمد صاحب رئیس امروہہ لکھا ہے۔ (مرتب)

تو دعا کرے اور خود بھی خدا تعالیٰ سے وہی چاہے جو اس دعا میں چاہا گیا ہے اور جہاں عذاب کا مقام آوے تو اُس سے پناہ مانگے اور ان بداعمالیوں سے بچے جس کے باعث وہ قوم تباہ ہوئی۔ بلا مدد وحی کے ایک بالائی منصوبہ جو کتاب اللہ کے ساتھ ملاتا ہے۔ وہ اُس شخص کی ایک رائے ہے جو کہ کبھی باطل بھی ہوتی ہے اور ایسی رائے جس کی مخالفت احادیث میں موجود ہو وہ محدثات میں داخل ہوگی۔ رسم اور بدعات سے پرہیز بہتر ہے اس سے رفتہ رفتہ شریعت میں تصرف شروع ہو جاتا ہے۔ بہتر طریق یہ ہے کہ ایسے وظائف میں جو وقت اس نے صرف کرنا ہے وہی قرآن شریف کے تدبر میں لگا دے۔ دل کی اگر سختی ہو تو اس کے نرم کرنے کے لئے یہی طریق ہے کہ قرآن شریف کو ہی بار بار پڑھے۔ جہاں جہاں دعا ہوتی ہے وہاں مومن کا بھی دل چاہتا ہے کہ یہی رحمتِ الٰہی میرے بھی شاملِ حال ہو۔ قرآن شریف کی مثال ایک باغ کی ہے کہ ایک مقام سے انسان کسی قسم کا پھول چُنتا ہے۔ پھر آگے چل کر اور قسم کا چُنتا ہے۔ پس چاہیئے کہ ہر ایک مقام کے مناسبِ حال فائدہ اُٹھاوے۔ اپنی طرف سے الحاق کی کیا ضرورت ہے۔ ورنہ پھر سوال ہوگا کہ تم نے ایک نئی بات کیوں بڑھائی؟ خدا تعالیٰ کے سوا اور کس کی طاقت ہے کہ کہے فلاں راہ سے اگر سورۂ یٰسٓ پڑھوگے تو برکت ہوگی ورنہ نہیں۔

قرآن شریف سے اعراض کی صورتیں

قرآن شریف سے اعراض کی دو صورتیں ہوتی ہیں ایک صوری اور ایک معنوی

صوری یہ کہ کبھی کلام الٰہی کو پڑھا ہی نہ جاوے جیسے اکثر لوگ مسلمان کہلاتے ہیں مگر وہ قرآن شریف کی عبارت تک سے بالکل غافل ہیں اور ایک معنوی کہ تلاوت تو کرتا ہے مگر اس کی برکات و انوار و رحمت الٰہی پر ایمان نہیں ہوتا۔ پس دونو اعراضوں میں سے کوئی اعراض ہو اس سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

امام جعفرؑ کا قول ہے واللہ اعلم کہاں تک صحیح ہے کہ میں اس قدر کلام پڑھتا ہوں کہ ساتھ

ہی الہام شروع ہو جاتا ہے مگر بات معقول معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ ایک جنس کی شئی دوسری شئی کو اپنی طرف کشش کرتی ہے۔ اب اس زمانہ میں لوگوں نے صدہا حاشئے چڑھائے ہوئے ہیں۔ شیعوں نے الگ سنیوں نے الگ۔ ایک دفعہ ایک شیعہ نے میرے والد صاحب سے کہا کہ میں ایک فقرہ بتلاتا ہوں وہ پڑھ لیا کرو تو پھر طہارت اور وضو وغیرہ کی ضرورت نہیں ہوگی۔

اسلام میں کفر و بدعت الحاد زندقہ وغیرہ۔ اسی طرح سے آئے ہیں کہ ایک شخص واحد کی کلام کو اس قدر عظمت دی گئی جس قدر کہ کلام الٰہی کو دی جانی چاہیئے تھی۔ صحابہ کرامؓ اسی لئے احادیث کو قرآن شریف سے کم درجہ پر مانتے تھے۔ ایک دفعہ حضرت عمرؓ فیصلہ کرنے لگے تو ایک بوڑھی عورت نے اُٹھ کر کہا۔ کہ حدیث میں یہ لکھا ہے۔ تو آپ نے فرمایا کہ میں ایک بڑھیا کے لئے کتاب اللہ کو ترک نہیں کر سکتا۔

اگر ایسی ایسی باتوں کو جن کے ساتھ وحی کی کوئی مدد نہیں۔ وہی عظمت دی جاوے تو پھر کیا وجہ ہے کہ مسیح کی حیات کی نسبت جو اقوال ہیں اُن کو بھی صحیح مان لیا جاوے حالانکہ وہ قرآن شریف کے بالکل مخالف ہیں۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۴ صفحہ ۲ مورخہ ۲۴ جنوری ۱۹۰۴ء)

نیز (الحکم جلد ۸ نمبر ۴ صفحہ ۲ مورخہ ۳۱ جنوری ۱۹۰۴ء)

---

۸ جنوری ۱۹۰۴ء

(بعد نماز جمعہ)[1]

گناہ سے بچنے کیلئے کیا کرنا چاہیئے

فرمایا:۔

---

[1] حاشیہ۔ بعد نماز جمعہ اعلیٰ حضرت حجۃ اللہ مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے جناب نواب (بقیہ اگلے صفحہ پر)

گلستان میں شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ؎

کارِ دنیا کسے تمام نہ کرد

گناہ اور غفلت سے پرہیز کے لئے اس قدر تدبیر کی ضرورت ہے جو حق ہے تدبیر کا۔ اور اس قدر دعا کرے جو حق ہے دُعا کا۔ جب تک یہ دونو اس درجہ پر نہ ہوں اس وقت تک انسان تقویٰ کا درجہ حاصل نہیں کرتا اور پورا متقی نہیں بنتا۔ اگر صرف دعا کرتا ہے اور خود کوئی تدبیر نہیں کرتا ہے تو وہ اللہ تعالےٰ کا امتحان کرتا ہے۔ یہ سخت گناہ ہے۔ اللہ تعالےٰ کا امتحان نہیں کرنا چاہیئے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک زمیندار اپنی زمین میں تردد تو نہیں کرتا اور بدون کاشت کے دعا کرتا ہے کہ اس میں غلہ پیدا ہو جائے۔ وہ حقِ تدبیر کو چھوڑتا ہے اور خدا تعالےٰ کا امتحان کرتا ہے وہ کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا۔ اور اسی طرح پر جو شخص صرف تدبیر کرتا ہے اور اسی پر بھروسہ کرتا اور خدا تعالیٰ سے دُعا نہیں مانگتا وہ ملحد ہے۔

تدبیر اور دعا کا اتحاد اسلام ہے

جیسے پہلا آدمی جو صرف دعا کرتا ہے اور تدبیر نہیں کرتا وہ خطا کار ہے۔ اسی طرح پر یہ دوسرا جو تدبیر ہی کو کافی سمجھتا ہے وہ ملحد ہے۔ مگر تدبیر اور دعا دونو باہم ملا دینا اسلام ہے۔ اسی واسطے میں نے کہا ہے کہ گناہ اور غفلت سے بچنے کے لئے اس قدر تدبیر کرے جو تدبیر کا حق ہے اور اس قدر دعا کرے جو دعا کا حق ہے۔ اسی واسطے قرآن شریف کی پہلی ہی سُورۃ فاتحہ میں ان دونو باتوں کو مدنظر رکھ کر فرمایا ہے ایاك نعبد وایاك نستعین۔[1] ایاك نعبد اسی اصل تدبیر کو بتاتا ہے اور مقدم اس کو کیا ہے کہ پہلے انسان رعایت اسباب اور

[illegible] محمد علی خاں صاحب ڈائرکٹر مدرسہ تعلیم الاسلام قادیان کے برادر معظم اور جناب مشیر اعلیٰ ریاست مالیر کوٹلہ (جو اپنے کسی ضروری کام کے لئے آئے تھے) ملاقات ہوئی۔ حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس موقعہ پر یہ تقریر فرمائی (مرتب)

[1] الفاتحہ : ۵

تدبیر کا حق ادا کرے مگر اس کے ساتھ ہی دعا کے پہلو کو چھوڑ نہ دے بلکہ تدبیر کے ساتھ ہی اس کو مدنظر رکھے۔ مومن جب ایاك نعبد کہتا ہے کہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں تو معاً اس کے دل میں گذرتا ہے کہ میں کیا چیز ہوں جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کروں جب تک اُس کا فضل اور کرم نہ ہو۔ اس لئے وہ معاً کہتا ہے ایاك نستعین۔ مدد بھی تجھ ہی سے چاہتے ہیں۔ یہ اک نازک مسئلہ ہے جس کو بجز اسلام کے اور کسی مذہب نے نہیں سمجھا۔ اسلام ہی نے اس کو سمجھا ہے۔ عیسائی مذہب کا تو ایسا حال ہے کہ اس نے ایک عاجز انسان کے خون پر بھروسہ کر لیا اور انسان کو خدا بنا رکھا ہے۔ ان میں دعا کے لئے وہ جوش اور اضطراب ہی کب پیدا ہو سکتا ہے جو دعا کے ضروری اجزاء ہیں وہ تو انشاء اللہ کہنا بھی گناہ سمجھتے ہیں لیکن مومن کی روح ایک لحظہ کے لئے بھی گوارا نہیں کرتی کہ وہ کوئی بات کرے اور انشاء اللہ ساتھ نہ کہے۔ پس اسلام کے لئے یہ ضروری امر ہے کہ اس میں داخل ہونے والا اس اصل کو مضبوط پکڑ لے۔ تدبیر بھی کرے اور مشکلات کے لئے دعا بھی کرے اور کرا وے۔ اگر ان دونوں پلڑوں میں سے کوئی ایک ہلکا ہے تو کام نہیں چلتا ہے اس لئے ہر ایک مومن کیواسطے ضروری ہے کہ اس پر عمل کرے مگر اس زمانہ میں میں دیکھتا ہوں کہ لوگوں کی یہ حالت ہو رہی ہے کہ وہ تدبیریں تو کرتے ہیں مگر دعا سے غفلت کی جاتی ہے بلکہ اسباب پرستی اس قدر بڑھ گئی ہے کہ تدابیر دنیا ہی کو خدا بنا لیا گیا ہے اور دعا پر ہنسی کی جاتی ہے اور اس کو ایک فضول شئے قرار دیا جاتا ہے۔ یہ سارا اثر یورپ کی تقلید سے ہوا ہے۔ یہ خطرناک زہر ہے جو دنیا میں پھیل رہا ہے مگر خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ اس زہر کو دور کرے چنانچہ یہ سلسلہ اس نے اسی غرض کے لئے قائم کیا ہے تا دنیا کو خدا تعالیٰ کی معرفت ہو۔ اور دعا کی حقیقت اور اس کے اثر سے اطلاع ملے۔

سلسلہ عالیہ کی غرض

بعض لوگ اس قسم کے بھی ہیں جو بظاہر دعا بھی کرتے ہیں مگر اس کے فیوض اور ثمرات

سے بے بہرہ رہتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ آداب الدعا سے ناواقف ہوتے ہیں اور دعا کے اثر اور نتیجہ کے لئے بہت جلدی کرتے ہیں اور آخر تھک کر رہ جاتے ہیں حالانکہ یہ طریق ٹھیک نہیں ہے۔ پس کچھ تو پہلے ہی زمانہ کے اثر اور رنگ سے اسباب پرستی ہو گئی ہے اور دعا سے غفلت عام ہو گئی۔ خدا تعالےٰ پر ایمان نہیں رہا۔ نیکیوں کی ضرورت نہیں سمجھی جاتی اور کچھ ناواقفی اور جہالت نے تباہی کر رکھی ہے کہ حق کو چھوڑ کر صراط مستقیم کو چھوڑ کر اور اور طریقے اور راہ ایجاد کر لئے ہیں۔ جس کی وجہ سے لوگ بھٹکتے پھر رہے ہیں اور کامیاب نہیں ہوتے۔

ابرار۔ اخیار ملت اور اللہ تعالیٰ

سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ جس سے دعا کرتا ہے اس پر کامل ایمان ہو۔ اس کو موجود۔ سمیع۔ بصیر۔ خبیر۔ علیم۔ متصرف۔ قادر سمجھے اور اس کی ہستی پر ایمان رکھے کہ وہ دعاؤں کو سنتا ہے اور قبول کرتا ہے۔ مگر کیا کروں کس کو سناؤں اب اسلام میں مشکلات ہی اور آپڑی ہیں کہ جو محبت خدا تعالیٰ سے کرنی چاہیئے وہ دوسروں سے کرتے ہیں اور خدا تعالےٰ کا رتبہ انسانوں اور مردوں کو دیتے ہیں۔ حاجت روا اور مشکل کشا صرف اللہ تعالےٰ کی ذات پاک تھی۔ مگر اب جس قبر کو دیکھو وہ حاجت روا ٹھہرائی گئی ہے۔ میں اس حالت کو دیکھتا ہوں تو دل میں درد اٹھتا ہے مگر کیا کہیں کس کو جا کر سنائیں۔

دیکھو قبر پر اگر ایک شخص بیس برس بھی بیٹھا ہوا پکارتا رہے تو اس قبر سے کوئی آواز نہیں آئے گی مگر مسلمان ہیں کہ قبروں پر جاتے اور ان سے مرادیں مانگتے ہیں۔ میں کہتا ہوں وہ قبر خواہ کسی کی بھی ہو اس سے کوئی مراد بر نہیں آسکتی۔ حاجت روا اور مشکلکشا تو صرف اللہ تعالےٰ ہی کی ذات ہے اور کوئی اس صفت کا موصوف نہیں۔ قبر سے کسی آواز کی امید مت رکھو۔ برخلاف اس کے اگر اللہ تعالےٰ کو اخلاص اور ایمان کے ساتھ دن میں دس مرتبہ بھی پکارو تو میں یقین رکھتا ہوں اور میرا اپنا تجربہ ہے کہ وہ دس دفعہ ہی آواز سنتا

اور دس دفعہ ہی جواب دیتا ہے لیکن یہ شرط ہے کہ پکارے اس طرح پر جو پکارنے کا حق ہے۔

ہم سب ابرار، اخیار امت کی عزت کرتے ہیں اور اُن سے محبت رکھتے ہیں لیکن ان کی محبت اور عزت کا یہ تقاضا نہیں ہے کہ ہم اُن کو خدا بنالیں اور وہ صفات جو خدا تعالےٰ میں ہیں ان میں یقین کرلیں۔

میں بڑے دعویٰ کے ساتھ کہتا ہوں کہ وہ ہماری آواز نہیں سُنتے اور اس کا جواب نہیں دیتے۔ دیکھو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ ایک گھنٹہ میں ۷۲ آدمی آپ کے شہید ہو گئے۔ اس وقت آپ سخت نرغہ میں تھے۔ اب طبعًا ہر ایک شخص کا کانشنس گواہی دیتا ہے کہ وہ اس وقت جبکہ ہر طرف سے دشمنوں میں گھرے ہوئے تھے اپنے لئے اللہ تعالےٰ سے دعا کرتے ہوں گے کہ اس مشکل سے نجات مل جاوے لیکن وہ دعا اُس وقت منشاء الٰہی کے خلاف تھی اور قضاء و قدر اس کے مخالف تھے اس لئے وہ ایسی جگہ شہید ہو گئے۔ اگر ان کے قبضہ و اختیار میں کوئی بات ہوتی تو انہوں نے کونسا دقیقہ اپنے بچاؤ کے لئے اُٹھا رکھا تھا مگر کچھ بھی کارگر نہ ہوا۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ قضا و قدر کا سارا معاملہ اور تصرف تام اللہ تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہے جو اس قدر ذخیرہ قدرت کا رکھتا ہے اور حیّ و قیوم ہے۔ اس کو چھوڑ کر جو مُردوں اور عاجز بندوں کی قبروں پر جا کر اُن سے مُرادیں مانگتا ہے اس سے بڑھ کر بے نصیب کون ہو سکتا ہے؟

انسان کے سینہ میں دو دل نہیں ہوتے۔ ایک ہی دل ہے وہ دو جگہ محبت نہیں کرسکتا اس لئے اگر کوئی بندوں کو چھوڑ کر مُردوں کے پاس جاتا ہے وہ حفظ مراتب نہیں کرتا۔ اور یہ مشہور بات ہے۔ ؎

گر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی

خدا تعالےٰ کو خدا تعالےٰ کی جگہ پر رکھو اور انسان کو انسان کا مرتبہ دو۔ اس سے

آگے مت بڑھاؤ مگر میں افسوس سے ظاہر کرتا ہوں کہ حفظِ مراتب نہیں کیا جاتا۔ زندہ اور مُردہ کی تفریق ہی نہیں رہی بلکہ انسان عاجز اور خدائے قادر میں کوئی فرق اس زمانہ میں نہیں کیا جاتا۔ جیسا کہ خدا تعالٰے نے مجھ پر ظاہر کیا ہے۔ صدیوں سے خدا تعالٰے کا قدر نہیں پہچانا گیا اور خدا تعالٰے کی عظمت و جبروت عاجز بندوں اور بیقدر چیزوں کو دی گئی۔

مجھے تعجب آتا ہے ان لوگوں پر جو مسلمان کہلاتے ہیں لیکن باوجود مسلمان کہلانے کے خدا تعالٰے کو چھوڑتے ہیں اور اس کی صفات میں دوسروں کو شریک کرتے ہیں جیسا کہ میں دیکھتا ہوں کہ مسیح ابن مریم کو جو ایک عاجز انسان تھا اور اگر قرآن شریف نہ آیا ہوتا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مبعوث نہ ہوئے ہوتے تو اس کی رسالت بھی ثابت نہ ہوتی بلکہ انجیل سے تو وہ کوئی اعلیٰ اخلاق کا آدمی بھی ثابت نہیں ہوتا لیکن عیسائیوں کے اثر سے متاثر ہو کر مسلمان بھی ان کو خدائی درجہ دینے میں پیچھے نہیں رہے کیونکہ جیسا کہ وہ صاف مانتے ہیں کہ وہ ابتک حی و قیوم ہے اور زمانہ کا کوئی اثر اس پر نہیں ہوا، آسمان پر موجود ہے۔ مُردوں کو زندہ کیا کرتا تھا۔ جانوروں کو پیدا کرتا تھا۔ غیب جاننے والا تھا۔ پھر اس کے خدا بنانے میں اور کیا باقی رہا۔

افسوس مسلمانوں کی عقل ماری گئی جو ایک خدا کے ماننے والے تھے وہ اب ایک مردہ کو خدا سمجھتے ہیں۔ اور اُن خداؤں کا تو شمار نہیں جو مُردہ پرستوں اور مزار پرستوں نے بنائے ہوئے ہیں۔ ایسی حالت اور صورت میں خدا تعالٰے کی غیرت نے یہ تقاضا کیا ہے کہ اُن مصنوعی خداؤں کی خدائی کو خاک میں ملایا جاوے۔ زندوں اور مُردوں میں ایک امتیاز قائم کر کے دنیا کو حقیقی خدا کے سامنے سجدہ کرایا جاوے۔ اسی غرض کے لئے اس نے مجھے بھیجا ہے۔ اور اپنے نشانوں کے ساتھ بھیجا ہے۔

یاد رکھو انبیاء علیہم السلام کو جو شرف اور رتبہ ملا وہ صرف اسی بات سے ملا ہے۔ کہ انہوں نے حقیقی خدا کو پہچانا اور اس کی قدر کی۔ اسی ایک ذات کے حضور انہوں نے اپنی

ساری خواہشوں اور آرزوؤں کو قربان کیا۔ کسی مُردہ اور مزار پر بیٹھ کر انھوں نے مُرادیں نہیں مانگی ہیں۔

دیکھو حضرت ابراہیم علیہ السلام کتنے بڑے عظیم الشان نبی تھے اور خدا تعالیٰ کے حضور اُن کا کتنا بڑا درجہ اور رتبہ تھا۔ اب اگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بجائے خدا تعالیٰ کے حضور گرنے کے ابراہیم کی پُوجا کرتے تو کیا ہوتا؟ کیا آپ کو وہ اعلےٰ درجہ کے مراتب مل سکتے جو اب ملے ہیں؟ کبھی نہیں۔ پھر جبکہ ابراہیم علیہ السلام آپ کے بزرگ بھی تھے اور آپ نے اُن کی قبر پر جا کر یا بیٹھ کر اُن سے کچھ نہیں مانگا اور نہ کسی اور قبر پر جا کر یا بیٹھ کر ان سے کچھ نہیں مانگا اور نہ کسی اور قبر پر جا کر آپ نے اپنی کوئی حاجت پیش کی تو یہ کس قدر بیوقوفی اور بیدینی ہے کہ آج مسلمان قبروں پر جا کر اُن سے مرادیں مانگتے ہیں۔ اور اُن کی پُوجا کرتے ہیں۔ اگر قبروں سے کچھ مل سکتا تو اس کے لئے سب سے پہلے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم قبروں سے مانگتے۔ مگر نہیں مُردہ اور زندہ میں جس قدر فرق ہے وہ بالکل ظاہر ہے۔ بجز خدا تعالیٰ کے اور کوئی مخلوق اور ہستی نہیں ہے جس کی طرف انسان توجہ کرے اور اس سے کچھ مانگے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ذات کے عاشق زار اور دیوانہ ہوئے اور پھر وہ پایا جو دنیا میں کبھی کسی کو نہیں ملا۔ آپ کو اللہ تعالےٰ سے اس قدر محبت تھی کہ عام لوگ بھی کہا کرتے تھے کہ عشق محمد علیٰ ربہٖ یعنی محمد اپنے رب پر عاشق ہو گیا۔ صلے اللہ علیہ وسلم۔

حقیقت میں انبیاء علیہم السلام کو جو شرف ملا اور جو نعمت حاصل ہوئی وہ اسی وجہ سے اور اگر کوئی پا سکتا ہے تو اسی ایک راہ سے پا سکتا ہے۔ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کا دامن پکڑا۔ اور قوم اور برادری کی کچھ بھی پروا نہ کی۔ خدا تعالیٰ نے بھی وہ وفا کی کہ ساری دُنیا جانتی ہے۔ جس مکّہ سے آپ نکالے گئے تھے اسی مکّہ میں ایک شہنشاہ کی شان اور حیثیت سے داخل ہوئے۔ قوم اور برادری نے اپنی طرف سے کوئی دقیقہ ایذا

رسائی کا باقی نہیں چھوڑا۔ لیکن جب خدا تعالیٰ ساتھ تھا وہ کچھ بھی بگاڑ نہ سکے۔ میں یقیناً جانتا ہوں اور نبیوں اور رسولوں کی زندگی اس پر گواہ ہے کہ وہ چونکہ اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرتے ہیں اس لئے وہ نہیں مرتے جب تک کہ اُن کی مرادیں پُوری نہ ہو جائیں اور وہ اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو لیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی دعائیں دنیا کے لئے نہ تھیں بلکہ آپ کی دعائیں یہ تھیں کہ بُت پرستی دُور ہو جاوے اور خدا تعالیٰ کی توحید قائم ہو اور یہ انقلاب عظیم میں دیکھ لُوں کہ جہاں ہزاروں بُت پُوجے جاتے ہیں وہاں ایک خدا کی پرستش ہو۔ پھر تم خود ہی سوچو اور مکّہ کے اس انقلاب کو دیکھو کہ جہاں بُت پرستی کا اس قدر چرچا تھا کہ ہر ایک گھر میں بُت رکھا ہوا تھا۔ آپ کی زندگی ہی میں سارا مکّہ مسلمان ہو گیا۔ اور ان بتوں کے پجاریوں ہی نے ان کو توڑا۔ اور ان کی مذمت کی۔ یہ حیرت انگیز کامیابی یہ عظیم الشان انقلاب کسی نبی کی زندگی میں نظر نہیں آتا۔ جو ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے کر کے دکھایا۔ یہ کامیابی آپ کی اعلیٰ درجہ کی قوت قدسی اور اللہ تعالیٰ سے شدید تعلقات کا نتیجہ تھا۔

ایک وقت وہ تھا کہ آپ مکّہ کی گلیوں میں تنہا پھرا کرتے تھے اور کوئی آپ کی بات نہ سُنتا تھا۔ پھر ایک وقت وہ تھا جب آپ کے انقطاع کا وقت آیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو یاد دلایا اذا جاء نصر اللّٰہ والفتح ورایت الناس یدخلون فی دین اللّٰہ افواجاً[۱]۔ آپ نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ فوج در فوج لوگ اسلام میں داخل ہوتے ہیں جب یہ آیت اُتری تو آپ نے فرمایا کہ اس سے وفات کی بُو آتی ہے کیونکہ وہ کام جو میں چاہتا تھا وہ تو ہو گیا ہے اور اصل قاعدہ یہی ہے کہ انبیاء علیہم السلام اسی وقت تک دنیا میں رہتے ہیں جب تک وہ کام جس کے لئے وہ بھیجے جاتے ہیں نہ ہو لے۔ جب وہ کام ہو چکتا ہے تو اُن کی رحلت کا زمانہ آ جاتا ہے جیسے بندوبست والوں کا جب کام ختم ہو جاتا ہے تو وہ اس ضلع سے رخصت ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح پر جب آیت شریفہ الیوم

[۱] النصر: ۲-۳

اکملتُ لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی[1] نازل ہوئی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جس پر بڑھاپے کے آثار ظاہر ہونے لگے تھے اس آیت کو سُنکر رونے لگے۔ صحابہؓ میں سے ایک نے کہا کہ اے بڈھے تجھے کس چیز نے رُلایا۔ آج تو مومنوں کے لئے بڑی خوشی کا دن ہے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ تو نہیں جانتا اس آیت سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات کی بُو آتی ہے۔*

دنیا میں اسی طرح پر قاعدہ ہے کہ جب مثلاً محکمہ بندوبست ایک جگہ کام کرتا ہے اور وہ کام ختم ہو جاتا ہے تو پھر وہ عملہ واں نہیں رہتا ہے۔ اسی طرح انبیاء و رُسل علیہم السلام دنیا میں آتے ہیں۔ اُن کے آنے کی ایک غرض ہوتی ہے اور جب وہ پوری ہو جاتی ہے پھر وہ رخصت ہو جاتے ہیں۔ لیکن میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو جب دیکھتا ہوں تو آپ سے بڑھ کر کوئی خوش قسمت اور قابل فخر ثابت نہیں ہوتا۔ کیونکہ جو کامیابی آپ کو حاصل ہوئی وہ کسی اَور کو نہیں ملی۔

آپ ایسے زمانہ میں آئے کہ دنیا کی حالت مسخ ہو چکی تھی اور وہ مجذوم کی طرح بگڑی ہوئی تھی اور آپ اس وقت رخصت ہوئے جب آپ نے لاکھوں انسانوں کو ایک خدا کے حضور جھکا دیا اور توحید پر قائم کر دیا۔ آپ کی قوت قدسی کی تاثیر کا مقابلہ کسی نبی کی قوت قدسی نہیں کر سکتی۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام ایسی حالت میں منقطع ہوئے کہ وہ حواری جو بڑی محنت سے تیار کئے تھے جن کو رات دن ان کی صحبت میں رہنے کا موقعہ ملتا تھا وہ بھی پُورے طور پر مخلص اور وفادار ثابت نہ ہوئے اور خود حضرت مسیح کو اُن کے ایمان اور اخلاص پر شک ہی رہا یہانتک کہ وہ آخری وقت جو مصیبت اور مشکلات کا وقت تھا وہ حواری ان کو چھوڑ کر چلے گئے۔ ایک نے گرفتار کرا دیا اور دوسرے نے سامنے کھڑے ہو کر تین مرتبہ لعنت کی۔ اس سے بڑھ کر اور ناکامی کیا ہوگی۔

---

* الحکم جلد ۸ نمبر ۵ صفحہ ۱ تا ۳ مورخہ ۱۰ فروری ۱۹۰۴ء نیز البدر جلد ۳ نمبر ۸ صفحہ ۳، ۴ مورخہ ۲۴ فروری ۱۹۰۴ء

[1] المائدۃ : ۴

حضرت موسیٰ علیہ السلام جیسے اولوالعزم نبی بھی راستہ ہی میں فوت ہو گئے اور وہ ارضِ مقدس کی کامیابی نہ دیکھ سکے اور ان کے بعد ان کا خلیفہ اور جانشین اس کا فاتح ہوا مگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی پاک زندگی قابلِ فخر کامیابی کا نمونہ ہے اور وہ کامیابی ایسی عظیم الشان ہے جس کی نظیر کہیں نہیں مل سکتی۔ آپ جس بات کو چاہتے تھے جب تک اس کو پُورا نہ کر لیا آپ رخصت نہیں ہوئے۔ آپ کی رُوحانیت کا تعلق سب سے زیادہ خدا تعالیٰ سے تھا۔ اور آپ اللہ تعالےٰ کی توحید کو قائم کرنا چاہتے تھے چنانچہ کون اس سے ناواقف ہے کہ اس سرزمین میں جو بُتوں سے بھری ہوئی تھی ہمیشہ کے لئے بُت پرستی دُور ہو کر ایک خدا کی پرستش قائم ہو گئی۔ آپ کی نبوت کے سارے ہی پہلو اس قدر روشن ہیں کہ کچھ بیان نہیں ہو سکتا۔

آپ ایک خطرناک تاریکی کے وقت دُنیا میں آئے۔ اور اس وقت گئے جب اس تاریکی سے دنیا کو روشن کر دیا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور آپ کی قدسی قوت کے کمالات کا یہ بھی ایک اثر اور نمونہ ہے کہ وہ کمالات ہر زمانہ میں اور ہر وقت تازہ بہ تازہ نظر آتے ہیں۔ اور کبھی وہ قصہ یا کہانی کا رنگ اختیار نہیں کر سکتے۔

اگرچہ مجھے افسوس ہے کہ بدقسمتی سے مسلمانوں میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ خوارق اور اعجاز اب نہیں ہیں پیچھے ہی رہ گئے ہیں مگر یہ اُن کی بدقسمتی اور محرومی ہے۔ وہ خود چونکہ ان کمالات و برکات سے جو حقیقی اسلام ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی سچی اور کامل اطاعت سے حاصل ہوتے ہیں محروم ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ تاثیریں اور برکات پہلے ہوا کرتی تھیں اب نہیں۔ ایسے بیہودہ اعتقاد سے یہ لوگ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی عظمتِ شان پر حملہ کرتے ہیں اور اسلام کو بدنام کرتے ہیں۔ خدا تعالیٰ نے اس وقت جبکہ مسلمانوں میں یہ زہر پھیل گئی تھی اور خود مسلمانوں کے گھروں میں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ہتک کرنے والے پیدا ہو گئے تھے مجھے بھیجا ہے تاکہ میں دکھاؤں کہ اسلام کے برکات اور خوارق ہر زمانہ میں تازہ بہ تازہ نظر آتے ہیں۔

اور لاکھوں انسان گواہ ہیں کہ انہوں نے ان برکات کو مشاہدہ کیا ہے اور صدہا ایسے ہیں جنہوں نے خود ان برکات اور فیوض سے حصہ پایا ہے اور یہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا ایسا بین اور روشن ثبوت ہے کہ اس معیار پر آج کسی نبی کا متبع وہ علامات اور آثار نہیں دکھا سکتا جو میں دکھا سکتا ہوں۔

جس طرح پر یہ قاعدہ ہے کہ وہی طبیب حاذق اور دانا سمجھا جاتا ہے جو سب سے زیادہ مریض اچھے کرے اسی طرح انبیاء علیہم السلام سے وہی افضل ہوگا جو روحانی انقلاب سب سے بڑھ کر کرنے والا ہو اور جس کی تاثیرات کا سلسلہ ابدی ہو۔

اب اس محک پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی کامیابی اور مسیح کی کامیابی کو دیکھو۔ ایک موقعہ مسیح پر مشکلات کا آتا ہے وہ قوم اور جماعت جو اُس نے تیار کی تھی وہ اپنا کیا نمونہ دکھاتی ہے۔ انجیل سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ بارہ خاص شاگرد جو حواری کہلاتے تھے اس کو چھوڑ بیٹھے اور جو اُن میں بھی خاص تھے ایک تیس روپے کے لالچ سے اس کو گرفتار کرانے والا ٹھہرا۔ اور دوسرا جس کو بہشت کی کنجیاں دی گئی تھیں وہ سامنے لعنت بھیجتا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام قوم کو لے کر نکلتے ہیں مگر وہ اس قوم کو بگڑ دیکھتے ہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی میں بات بات پر اعتراض کرنے والے اور انکار کرنے والی قوم تھی یہاں تک کہ کہدیا اذهب انت و ربك فقاتلا انا ههنا قاعدون[1]۔ مگر اس کے بالمقابل آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی جماعت کو دیکھو کہ انہوں نے بکریوں کی طرح اپنا خون بہا دیا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں ایسے گم ہو گئے کہ وہ اس کے لئے ہر ایک تکلیف اور مصیبت اُٹھانے کو ہر وقت تیار تھے۔ انہوں نے یہانتک ترقی کی کہ رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ[2] کا سرٹیفکیٹ ان کو دیا گیا۔

پس صحابہ کرامؓ کی وہ پاک جماعت تھی جو اپنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کبھی الگ نہیں ہوئے اور وہ آپ کی راہ میں جان دینے سے بھی دریغ نہ کرتے تھے بلکہ دریغ نہیں کیا

[1] المائدہ: ۲۵ [2] البینۃ: ۹

ان کی نسبت آیا ہے منھم من قضٰی نحبہ ومنھم من ینتظر¹ یعنی بعض اپنا حق ادا کر چکے اور بعض منتظر ہیں کہ ہم بھی اس راہ میں مارے جاویں۔ اس سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی قدر و عظمت معلوم ہوتی ہے۔ مگر یہاں یہ بھی سوچنا چاہیئے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے روشن ثبوت ہیں۔ اب کوئی شخص ان ثبوتوں کو ضائع کرتا ہے۔ تو وہ گویا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت کو ضائع کرنا چاہتا ہے پس وہی شخص آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی سچی قدر کر سکتا ہے جو صحابہ کرامؓ کی قدر کرتا ہے جو صحابہ کرامؓ کی قدر نہیں کرتا۔ وہ ہرگز ہرگز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی قدر نہیں کرتا وہ اس دعویٰ میں جھوٹا ہے۔ اگر کہے کہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھتا ہوں کیونکہ یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے محبت ہو اور پھر صحابہ سے دشمنی۔

جو لوگ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو برا سمجھتے ہیں اور ان سے دشمنی کرتے ہیں وہ فی الحقیقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے دشمنی کرتے ہیں کیونکہ وہ آپ کی نبوت کے روشن دلائل کو توڑتے ہیں جب ایک ٹانگ ٹوٹ جاوے تو باقی کیا رہ جاتا ہے۔ اگر آپ اپنے سارے زمانہ رسالت میں دو چار آدمی بھی معاذ اللہ ایسے تیار نہیں کر سکے جو اعلےٰ درجہ کے باخدا انسان ہوں اور جنہوں نے اعلیٰ درجہ کی روحانی تبدیلی کر لی ہو تو پھر آپ کی قوت قدسی کا کیا ثبوت رہ جاوے گا۔ پھر اگر دوسرے لوگوں کے اعتراضوں کو دیکھا جاوے جو وہ ان پر کرتے ہیں تو پھر معاذ اللہ ایک بھی راستباز آپ کی تعلیم سے ثابت نہیں ہوتا۔ بیاضیہ (خوارج) حضرت علیؓ کو معاذ اللہ مرتد کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا پر ابو جہل کی لڑکی سے نکاح کر لیا حالانکہ ان کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منع بھی فرمایا تھا۔ اس اعتراض کا جواب شیعہ کیا دے سکتے ہیں۔ اسی طرح پر بیاضیہ کے اعتراض ایسے ہیں کہ ان کو سنکر بدن پر لرزہ پڑتا ہے۔

ادھر شیعہ ہیں کہ وہ شیخین کی ذات پاک پر شوخی کے ساتھ اعتراضات جمع کرتے ہیں

¹ الاحزاب: ۲۴

لیکن اگر یہ دونو فریق خدا ترسی اور رُوحانیت سے کام لیتے تو ایسا نہ کرتے۔ وہ دیکھتے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ایک جسم کی طرح ہیں اور صحابہ کرام آپ کے اعضاء ہیں جب اعضاء کاٹ دئے جاویں تو پھر باقی کیا رہ گیا جسم ناقص ہو جاتا ہے اور خوبصورتی بھی باقی نہیں رہتی ان باتوں کو سُن سُن کر بدن پر لرزہ پڑتا ہے اور مسلمانوں کی حالت پر افسوس آتا ہے کہ وہ اپنی اس قسم کی کارروائیوں سے بھی دشمنوں کو اسلام پر اعتراض کرنے کا موقعہ دیتے ہیں اور اُن کی زبانیں کُھلتی ہیں بلکہ وہ اپنے ہاتھ سے اسلام کی جڑ کاٹ رہے ہیں۔ اور نہیں سمجھتے کہ اس قسم کی اندرونی کمزوریوں اور خرابیوں نے یہ ضرورت پیدا کی کہ خدا تعالےٰ اپنے دین کی تائید اور نصرت کے لئے ایک سلسلہ قائم کر دیتا جو ان غلط فہمیوں کو دلوں سے دُور کر دیتا۔ یہی غرض ہے میرے آنے کی۔ جو سعید الفطرت ہیں وہ اس حقیقت کو سمجھ کر اس سے فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔

میں پھر کہتا ہوں کہ یہ بات بڑی ہی قابلِ غور ہے کہ یہ لوگ جو مسلمان کہلا کر صحابہ کی ذات پر حملہ کرتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک پر حملہ کرتے ہیں اور قرآن شریف کی عزت پر حملہ کرتے ہیں غیر قوموں خصوصاً عیسائیوں کے بالمقابل ہمارا یہی زبردست دعویٰ ہے کہ آپ کی پاک تعلیم اور صحبت نے ایسی اعلیٰ درجہ کی رُوحانیت پیدا کی اور بالمقابل مسیح کے بارہ حواری بھی درست نہ رہ سکے لیکن جب یہ عقیدہ ہو کہ بجُز ایک یا دو کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی پاک صحبت میں کسی کی بھی اصلاح نہیں ہوئی تو پھر ہم کو مُنہ دکھانے کی بھی جگہ نہیں رہتی۔ اس صورت میں ہم اُن کے سامنے کیا پیش کر سکتے ہیں؟ قرآن شریف کی اس سے کیا عزت رہی۔ ایک طرف تو ہم یہ مانتے اور پیش کرتے ہیں کہ قرآن کریم خاتم الکتب ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء۔ اور نبوت ختم ہو چکی۔ دوسری طرف اس کی تاثیرات کو یہاں تک ظاہر کرتے ہیں کہ ایک آدمی کے سوا کوئی درست نہ ہو سکا اور جب اس پر ان اعتراضوں کو جمع کیا جاوے جو مخالف کرتے ہیں تو پھر نتیجہ نکلتا ہے کہ ایک بھی درست نہیں ہوا بلکہ سارے مُرتد ہو گئے۔

اس عقیدہ کی شناعت کو خوب غور سے سوچو کہ اس کا اثر اسلام پر کیا پڑتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے تو یہ یوں مخالف ہوئے اور قرآن شریف کے برخلاف اس طرح پر ہیں کہ کہتے ہیں کہ اصل قرآن شریف نہیں رہا، جو اب موجود ہے وہ محرف مبدل ہو گیا ہے۔ اور اصل قرآن مہدی کسی غار میں لے کر چھپا ہوا ہے اب تک نہیں نکلتا۔ دنیا گمراہ ہو رہی ہے اور اسلام پر حملے ہو رہے ہیں۔ مخالف ہنسی کرتے ہیں اور خطرناک توہین کر رہے ہیں اور مسلمانوں کے ہاتھ میں بقول اُن کے قرآن شریف بھی نہیں ہے اور مہدی ہے کہ وہ غار سے ہی نہیں نکلتا۔ کوئی سمجھدار آدمی خدا تعالیٰ سے ڈر کر ہمیں بتائے کہ کیا یہ بھی دین ہو سکتا ہے اور اس سے کوئی آدمی رُوحانی ترقی کر سکتا ہے۔ یہ محض افسانے اور خیالی باتیں ہیں۔ حقیقت اور سچ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اعلیٰ درجہ کی رُوحانی قوت اور تاثیر کے ساتھ بھیجا تھا جس کا اثر ہر زمانہ میں پایا جاتا ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے جو خدمت اسلام کی کی ہے اور جس طرح پر انہوں نے اپنے خون سے اس باغ کی آبپاشی کی ہے اس کی نظیر دنیا کی کسی تاریخ میں نہیں ملے گی اُن کی خدمات اسلام کے لئے نہایت ہی قابلِ قدر اور اعلےٰ درجہ کی ہیں اور جب خدا تعالیٰ کے دین میں سُستی واقع ہونے لگتی ہے اور کم فہم یا مرُورِ زمانہ کی وجہ سے غلط فہمیاں پیدا ہو کر یہ پاک دین بگڑنے لگتا ہے اس وقت اللہ تعالےٰ ایک شخص کو مامور کر کے بھیجتا ہے جو اُس کے بلائے بولتا ہے اور رُوح القدس کی تائید اُس کے ساتھ ہوتی ہے وہ ان غلط فہمیوں اور خرابیوں کو دُور کرتا ہے جو علمی طور پر دین میں پیدا ہو جاتی ہیں اور اپنے عملی نمونہ اور قدسی قوت کے ساتھ ایک نیا ایمان دنیا کو خدا تعالےٰ کی ہستی پر بخشتا ہے[1]

لیکن جب انسان خدا تعالیٰ سے غافل ہو جاتا ہے اور شعائر اللہ کی پروا نہیں کرتا اللہ تعالےٰ بھی اس سے بے پروا ہو جاتا ہے اور اُس شخص اور ایسی قوم کو تباہ کر دیتا ہے

---

[1] الحکم جلد ۸ نمبر ۵ صفحہ ۱-۲ مورخہ ۱۰ر فروری ۱۹۰۴ء

چنانچہ چغتائی سلطنت نے جب دین سے غافل ہو کر بہائم کی سی سیرت اختیار کر لی تو پھر اس کا نتیجہ کیا ہوا؟ وہ سلطنت جو صدیوں سے چلی آتی تھی اس کا کچھ بھی باقی نہ رہا اور ایک شاعر پر اس کا خاتمہ ہو گیا۔

پس انسان کو ہر وقت خدا تعالیٰ سے ڈرنا چاہیئے۔ کھلی اور چھپی ہوئی بدکاریاں آخر انسان پر وہ گھڑی لے آتی ہیں جس کا اُسے آسایش کے ایام میں وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔ اس لئے ضروری ہے کہ خدا تعالیٰ کا خوف ہر وقت دل پر رہے اور اس کی عظمت و جبروت سے ڈرتا رہے اور اعمال صالحہ کی کوشش کرتا رہے اور پھر دعا کے ساتھ اس کی توفیق مانگے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق دے۔

اس قدر تقریر اعلیٰ حضرت نے فرمائی تھی کہ مشیر اعلیٰ صاحب نے بڑے تکلف سے ذیل کا سوال آپ سے پوچھا۔

سوال۔ آپ کی طرف سے نبی یا رسول ہونے کے کلمات شائع ہوئے ہیں اور یہ بھی کہ میں عیسیٰ سے افضل ہوں اور اور بھی تحقیر کے کلمات بعض اوقات ہوتے ہیں جن پر لوگ اعتراض کرتے ہیں۔

حضرت اقدس۔ ہماری طرف سے کچھ نہیں ہوتا۔ میں ان باتوں کا خواہشمند نہیں تھا کہ کوئی میری تعریف کرے اور میں گوشہ نشینی کو ہمیشہ پسند کرتا تھا۔ لیکن میں کیا کروں۔ جب خدا تعالیٰ نے مجھے باہر نکالا۔ یہ کلمات میری طرف سے نہیں ہوتے۔ اللہ تعالیٰ جب مجھے ان کلمات سے مخاطب کرتا ہے اور میں بالمواجہ اس کا کلام سنتا ہوں پھر میں کہاں جاؤں؟ لوگوں کے اعتراضوں اور نکتہ چینیوں کی پروا کروں یا اللہ تعالیٰ کے کلام پر ایمان لاؤں؟ میں دُنیا اور اس کے اعتراضوں کی کوئی حقیقت اور اثر نہیں سمجھتا۔ لیکن خدا تعالیٰ کو چھوڑنا اور اس کے کلام سے سرگردانی کرنا اس کو بہت ہی بُرا سمجھتا ہوں اور میں اس کو چھوڑ کر کہیں نہیں جا سکتا۔ اگر ساری دنیا میری مخالف ہو جائے اور ایک متنفس بھی میرے ساتھ نہ ہو بلکہ کُل کائنات میری دشمن ہو پھر بھی میں اللہ تعالیٰ کے

کے اس کلام سے انکار نہیں کر سکتا۔ دنیا اور اس کی ساری شان و شوکت اس جلیل کلام اور خطاب کے سامنے ہیچ اور مردار ہیں۔ میں ان کی کبھی پروا نہیں کرتا۔ پس کوئی اعتراض کرے یا کچھ کہے میں خدا تعالیٰ کے کلام کو اور خدا کو چھوڑ کر کہاں جاؤں۔

اور یہ بالکل غلط ہے کہ میں انبیاء و رسل یا صلحاء امت کی تحقیر کرتا ہوں۔ جیسے میں ابرار و اخیار کا درجہ سمجھ سکتا ہوں اور اُن کے مقام و قرب کا جتنا علم مجھے ہے کسی دوسرے کو نہیں ہو سکتا کیونکہ ہم سب ایک ہی گروہ سے ہیں اور الجنس مع الجنس کے موافق دوسرے اس درجہ کے سمجھنے سے عاری ہیں۔

حضرت عیسیٰؑ اور امام حسینؓ کے اصل مقام اور درجہ کا جتنا مجھ کو علم ہے دوسرے کو نہیں ہے کیونکہ جوہری ہی جوہر کی حقیقت کو سمجھتا ہے۔ اس طرح پر دوسرے لوگ خواہ امام حسین کو سجدہ کریں مگر وہ اُن کے رتبہ اور مقام سے محض ناواقف ہیں اور عیسائی خواہ حضرت عیسیٰؑ کو خدا کا بیٹا یا خدا جو چاہیں بنا دیں مگر وہ اُن کے اصل اتباع اور حقیقی مقام سے بیخبر ہیں اور ہم ہرگز تحقیر نہیں کرتے۔

مشیر اعلیٰ۔ عیسائی خواہ خدا بناویں لیکن مسلمان تو نبی سمجھتے ہیں۔ اس صورت میں ایک نبی کی تحقیر ہوتی ہے۔

حضرت اقدس۔ ہم بھی حضرت عیسیٰ کو خدا تعالیٰ کا سچا نبی یقین کرتے ہیں اور سچے نبی کی تحقیر کرنے والے کو کافر سمجھتے ہیں۔ اسی طرح پر حضرت امام حسینؓ کی بھی جائز عزت کرتے ہیں لیکن جب عیسائیوں سے مباحثہ کیا جاوے وہ راضی نہیں ہوتے۔ جب تک حضرت عیسیٰؑ کو اللہ یا ابن اللہ نہ کہا جاوے۔ اس لئے جو کچھ ان کی کتاب پیش کرتی ہے۔ وہ دکھانا پڑتا ہے تاکہ ایک کفر عظیم کو شکست ہو۔

مشیر اعلیٰ۔ ان کے مقابلہ میں اگر ان کی تردید کی جاوے۔ یہ تو اچھی بات ہے مگر ایک اصول صحیح کو توان

کی خاطر نہ چھوڑنا چاہیئے۔

حضرت اقدس۔ اصول صحیح وہ ہو سکتا ہے جس پہ اللہ تعالیٰ نے قائم کرے۔ ہم ان اصولوں پر چلتے ہیں جن پر ہم کو اللہ تعالیٰ چلاتا ہے۔ اگر کوئی اس وقت ان باتوں کو استہزا کی نظر سے دیکھتا ہے اور یقین نہیں لاتا تو مرنے کے بعد اس کی حقیقت کھل جائیگی اور خود دیکھ لیگا کہ حق پر کون ہے۔

میرے اس دعویٰ پر کہ میں امام حسینؓ سے افضل ہوں شور مچایا جاتا ہے لیکن اگر پوچھا جاوے کہ آنے والا مسیح حسینؓ سے افضل ہے یا نہیں؛ تو اس کا کیا جواب ہے

مشیر اعلیٰ۔ پھر آپ کے نزدیک کیا ہے؟

حضرت اقدس۔ خدا تعالیٰ نے تو مجھے یہی بتایا ہے کہ میں افضل ہوں۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم چونکہ موسیٰ علیہ السلام سے افضل ہیں۔ اسی طرح آنے والا محمدی مسیح موسوی مسیح سے افضل ہے۔ اس وقت آپ انکار کریں تو کریں لیکن مرنے کے بعد تو سب کچھ ظاہر ہو جائے گا اور پتہ لگ جائے گا کہ کون افضل اور حق پر ہے۔

میں اگر اپنی طرف سے شیخی جتلاتا ہوں تو مجھ سے بڑھ کر کوئی جھوٹا نہیں لیکن اگر کوئی میرے صدق کے نشانات دیکھ کر بھی جھٹلاتا ہے تو پھر اُس کا معاملہ خدا تعالیٰ سے ہے۔ وہ میری تکذیب نہیں کرتا بلکہ اللہ تعالیٰ اور اس کی آیات کی تکذیب کرتا ہے۔

آپ جو کچھ کہتے ہیں بطور مقلد کے کہتے ہیں۔ ذاتی بصیرت آپ کو نہیں ہے لیکن میں جو کچھ کہتا ہوں بطور محقق کے کہتا ہوں اور خدا تعالیٰ سے بصیرت پا کر کہتا ہوں۔ میں خدا تعالیٰ کے مکالمات سُنتا ہوں۔ ہر روز اس کے مخاطبات ہوتے ہیں۔ پھر میں ایک نابینا مقلد کی پیروی کس طرح کروں۔ ہاں اگر کوئی امام حسینؓ کو مجھ سے افضل یقین کرتا ہے اور اس کا کوئی الگ خدا ہے تو پھر میں دیکھ لوں گا کہ وہ

میرے مقابل اس افضلیت کے کون سے نشان اپنی ذات سے دکھا سکتا ہے۔ اگر کوئی نشان نہیں دکھا سکتا اور میں یقین سے کہتا ہوں کہ کوئی بھی نہیں دکھا سکتا تو پھر میرے لئے جو تحقیق کی راہ کھلی ہے اس کا انکار نامناسب ہے۔

یہ نری کہنے ہی کی باتیں نہیں ہیں۔ میری زندگی کا کون ذمہ دار ہو سکتا ہے جبکہ میں براہ راست خدا تعالیٰ سے سُنتا ہوں۔ خواہ مجھے دوزخ میں ڈال دیا جائے یا ٹکڑے ٹکڑے کر دیا جائے میں اس کی بالکل پروا نہیں کرتا۔ میں کبھی اس امر حق کو نہیں چھوڑ سکتا۔ میں نے ان نشانوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو پہچانا ہے جن نشانوں کے ساتھ آدم۔ نوح۔ موسیٰ۔ ابراہیم علیہم السلام اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے پہچانا تھا۔ میں اب اس دامن کو کیسے چھوڑ سکتا ہوں۔ اس دروازہ کو چھوڑ کر اور کسی جگہ میں کیونکر جا سکتا ہوں۔

براہین احمدیہ جو بیس برس پہلے کی چھپی ہوئی کتاب موجود ہے وہ شیعوں کے پاس بھی ہے گورنمنٹ کے پاس بھی کاپی ہے اس کو کھول کر پڑھو کہ کس قدر نشان اس میں دیئے گئے تھے اور وہ اس وقت دیئے گئے تھے کہ جب کسی کے وہم و گمان میں بھی وہ باتیں نہ آسکتی تھیں کہ ایسا ہو جائے گا مثلاً اُس میں لکھا ہے کہ آج تو اکیلا ہے لیکن ایک وقت آتا ہے کہ فوج در فوج لوگ تیرے ساتھ ہوں گے۔ دنیا دار مقابلہ کریں گے مگر وہ اس مقابلہ میں ناکام رہیں گے اور میں تجھے کامیاب کروں گا۔ اب کوئی مخالف اس کا جواب دے کہ کیا اس طرح نہیں ہوا۔

جب براہین احمدیہ شائع ہوئی تو سارے ملک میں کوئی آدمی نہیں تھا جو مجھے جانتا ہو۔ قادیان سے باہر کسی کو کچھ پتہ نہیں تھا۔ لیکن اب دیکھ لو کہ کس قدر رجوع دنیا کا ہو رہا ہے اور اس ملک سے نکل کر امریکہ، آسٹریلیا اور یورپ تک اس سلسلہ کی شہرت ہو گئی ہے کیا لوگوں کو اس سلسلہ میں داخل ہونے سے روکنے کے واسطے کوششیں نہیں کی گئی ہیں۔ کفر کے فتوے دیئے گئے۔ قتل کے مقدمے بنائے گئے۔ جس طرح پر جس کسی کا

بس چلا اس نے لوگوں کو باز رکھنا چاہا۔ لیکن جس قدر مخالفت کی گئی اسی قدر زور کے ساتھ اس سلسلہ کی اشاعت ہوئی اور آفاق میں اس کا نام پہنچ گیا۔ اسی کے موافق جو خدا تعالیٰ نے پہلے فرمایا تھا۔ اب ہمیں کوئی جواب دے کہ کیا یہ انسانی کلام ہو سکتا ہے کہ چوبیس برس پیشتر ایسی پیشگوئی کرے اور پھر وہ حرفاً حرفاً پوری ہو جاوے اور وہ پیشگوئی ایسی حالت میں کی جاوے کہ اس وقت کوئی آدمی جاننے والا بھی موجود نہ ہو۔ اگر یہ انسانی کلام ہے تو پھر ایسا دعویٰ کرنے والے کو چاہیئے کہ اس کی نظیر پیش کرے۔

پھر اسی براہین میں درج ہے۔ یاتونَ من کل فج عمیق و یاتیک من کل فج عمیق۔ اگر اس نشان کو دیکھا جاوے تو اپنی جگہ یہ کوئی دس لاکھ نشان ہوگا۔ ہر آدمی نیا آنے والا مہمان اس نشان کو پورا کرتا ہے اور مختلف دیار و امصار سے خطوط آ رہے ہیں۔ مخالف آ رہے ہیں جس کے واسطے ڈاکخانہ اور محکمہ ریل کی کتابیں بھی گواہ ہیں۔ پھر کیا یہ معمولی نظر سے دیکھی جانے والی باتیں ہیں۔ ایسے ایسے صدہا نہیں ہزاروں نشان ہیں۔ اب نشانوں کے ہوتے ہوئے میں خدا تعالیٰ کا انکار کردوں اور اس کی باتوں کو چھوڑ دوں۔ یہ کبھی نہیں ہو سکتا خواہ میری جان بھی چلی جاوے۔

پھر ان نشانات کو الگ رکھو میں تو اپنے اللہ تعالیٰ پر ایسا یقین رکھتا ہوں اور اس کا وعدہ ہے کہ اگر کوئی چالیس دن میرے پاس رہے تو وہ ضرور کوئی نہ کوئی نشان دیکھ لیگا۔ ہماری جماعت اس بات کی گواہ ہے اور ان میں شاید ایک بھی ایسا آدمی نہ نکلے جس نے کوئی نہ کوئی نشان نہ دیکھا ہو پھر آپ ہی بتائیں کہ خدا کی راہ کو چھوڑ کر میں کس کی بات سُن سکوں۔ اس کے مقابل میں جلتی ہوئی آگ میں کُود پڑنا میرے لئے آسان ہے مگر اس کو چھوڑنا مشکل۔

دیکھو وہ لوگ جو ہمارے ساتھ ہیں ان کی رُوحیں ان برکات کو محسوس کرتی ہیں جو اس سلسلہ میں داخل ہونے سے اُن کو ملی ہیں مگر وہ لوگ جو امام حسینؓ کی پُوجا کرتے ہیں۔

اور اُن کے چال چلن کو اختیار نہیں کرتے اور اُن کا اتباع نہیں کرتے وہ یاد رکھیں کہ قیامت کو امام حسینؑ سے الگ بٹھائے جائیں گے۔ اور اُن سے کوئی تعلق نہ ہوگا

نواب صاحب (شیعہ ہیں) ہم تو حضرت امام حسینؑ کو سجدہ نہیں کرتے البتہ نواسہ رسول سمجھ کر مانتے ہیں۔

حضرت اقدس۔ حضرت امام حسینؑ کے نواسہ رسُول (صلے اللہ علیہ وسلم) یا شہید ہونے میں تو کوئی کلام نہیں ہے اور اسی حد تک ان کو ماننا کسی خرابی کا باعث نہیں ہوا۔ بلکہ ان کی شان میں بہت بڑا غلو کیا گیا ہے۔ میرے ایک اُستاد بھی شیعہ تھے جو آپ کے ان بھی جایا کرتے تھے۔ مجھے بہت سا موقعہ ملا ہے کہ میں اس غلو کا اندازہ کروں جو وہ امام حسین کی نسبت کرتے ہیں۔ وہ اتنا ہی ہرگز نہیں مانتے کہ وہ حضرت رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے نواسے تھے یا شہید ہوئے بلکہ وہ حاجت روا اور مشکل کشا مانتے ہیں۔ لیکن آپ یاد رکھیں کہ جب تک وہ طریق اختیار نہ کیا جاوے جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا تھا اور جس پر حضرت علیؓ اور حضرت امام حسینؑ نے قدم مارا تھا۔ کچھ بھی نہیں مل سکتا۔ یہ تعزیئے بنانا اور نوحہ خوانی کرنا کوئی نجات کا ذریعہ اور خدا تعالیٰ سے سچا تعلق قائم کرنے کا طریقہ نہیں ہو سکتا خواہ کوئی ساری عمر ٹکریں مارتا رہے۔ سچی پیروی الگ چیز ہے اور محض مبالغہ ایک الگ امر ہے۔ جب تک انسان انبیاء علیہم السلام اور صلحاء کے رنگ میں رنگین نہیں ہو جاتا اُن کے ساتھ محبت اور ارادت کا دعویٰ محض ایک خیالی امر ہے جس کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ ؎

از عمل ثابت کن آں نورے کہ در ایمان تُست

دل چو دادی یوسفے را راہ کنعان را گزیں

انبیاء علیہم السلام کے آنے کی اصل غرض یہ ہوتی ہے کہ لوگ اُن کے نمونہ کو اختیار

کریں اور اسی رنگ میں رنگین ہو کر اُن کے ساتھ سچی محبت کا اقتضا یہی ہوتا ہے کہ ان کے نقش قدم پر چلیں اور اگر یہ بات نہیں تو سارے دعوے ہیچ ہیں۔ انبیا علیہم السلام کی ایسی ہی مثال ہے جیسے گورنمنٹ مختلف قسم کی صنعتیں وغیرہ یہاں بھیجتی ہے اور لوگوں کو دکھاتی ہے۔ اس سے اس کی یہ غرض تو نہیں ہوتی کہ لوگ ان صنعتوں کو لے کر اُن کی پُوجا کریں بلکہ وہ تو یہ چاہتی ہے کہ یہاں کے لوگ بھی ان نمونوں کو دیکھ کر اُن کی تقلید کریں اور ایسے نمونے خود تیار کریں۔ جو تیار کرتے ہیں وہ فائدہ اُٹھاتے ہیں لیکن جو توجہ نہیں کرتے اُن کو کوئی فائدہ ان نمونوں سے نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح انبیاء علیہم السلام کی جو لوگ سچی اطاعت کرتے ہیں۔ اور اُن کے قول وفعل کو اپنے لئے ایک نمونہ قرار دے کر اسی کے موافق اپنا چال چلن اور عملدرآمد کر لیتے ہیں۔ خدا تعالےٰ ان کی مدد کرتا ہے اور ان پر بھی اسی رنگ کے برکات اور فیوض کا دروازہ کھولا جاتا ہے جس قسم کے برکات انبیاء علیہم السلام کو دیئے جاتے ہیں اور جو ان کی اتباع نہیں کرتے وہ نامراد رہتے ہیں۔ یہ نمونہ جب سے انبیاء علیہم السلام آتے رہے ہیں برابر چلا آیا ہے۔ اور ہر زمانہ میں اس کا تجربہ اور مشاہدہ ہوا ہے۔ یہ ایک ایسی صداقت ہے جس کا کوئی انکار نہیں کر سکتا بجُز اس آدمی کے جس کو خدا پر بھی ایمان اور یقین نہ ہو۔[1]

آدمی دو قسم کے ہوتے ہیں ایک وہ جو خدا تعالیٰ کے ماموروں اور راستبازوں کی سچی اتباع کرنے والے ہوتے ہیں۔ اس طبقہ اور قسم کے لوگ تو بہت ہی کم ہوتے ہیں۔ دوسری قسم انسانوں کی وہ ہے جو دنیا کی خواہشوں پر گرے ہوئے ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے بکلی دُور اور مہجور ہوتے ہیں۔ ان کی ساری اغراض و مقاصد کا منتہیٰ اور انجام دنیا پر ختم ہو جاتا ہے وہ کبھی خیال بھی نہیں کرتے کہ ان کو اس

---

[1] الحکم جلد ۸ نمبر ۸ صفحہ ۱ تا ۳ مورخہ ۱۰ مارچ ۱۹۰۴ء

فانی دنیا سے ایک دن قطع تعلق کرنا ہوگا اور مر کر یہ سب کچھ یہاں چھوڑ جانا ہے۔ اور پھر خدا تعالیٰ سے معاملہ ہوگا۔ وہ دنیا اور اس کے دھندوں میں کچھ ایسے منہمک ہوتے ہیں کہ کچھ اور سوجھتا ہی نہیں۔ یہ بہت ہی بدقسمت گروہ ہوتا ہے اور اکثر حصہ اسی میں مبتلا ہے۔

غرض بعثت انبیاء و رسل

یاد رکھنا چاہیئے کہ انبیاء و رسل اور آئمہ کے آنے سے کیا غرض ہوتی ہے وہ دنیا میں اس لئے نہیں آتے کہ ان کو اپنی پُوجا کرانی ہوتی ہے۔ وہ تو ایک خدا کی عبادت قائم کرنا چاہتے ہیں اور اسی مطلب کے لئے آتے ہیں اور اس واسطے کہ لوگ ان کے کامل نمونہ پر عمل کریں اور اُن جیسے بننے کی کوشش کریں اور ایسی اتباع کریں کہ گویا وہی ہو جائیں مگر افسوس ہے کہ بعض لوگ اُن کے آنے کے اصل مقصد کو چھوڑ دیتے ہیں اور ان کو خدا سمجھ لیتے ہیں۔ اس سے وہ آئمہ اور رسل خوش نہیں ہو سکتے کہ لوگ ان کی اس قدر عزت کرتے ہیں کبھی نہیں۔ وہ اس کو کوئی خوشی کا باعث قرار نہیں دیتے۔ ان کی اصل خوشی اسی میں ہوتی ہے کہ لوگ ان کی اتباع کریں اور جو تعلیم وہ پیش کرتے ہیں کہ سچے خدا کی عبادت کرو اور توحید پر قائم ہو جاؤ۔ اس پر قائم ہوں۔ چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو بھی حکم ہوا۔ قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ[1] یعنی اے رسُول۔ ان کو کہدو کہ اگر تم اللہ تعالیٰ سے پیار کرتے ہو تو میری اتباع کرو۔ اس اتباع کا یہ نتیجہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ تم سے پیار کرے گا۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا محبوب بننے کا طریق یہی ہے کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سچی اتباع کی جاوے۔ پس اس بات کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیئے کہ انبیاء علیہم السلام اور ایسا ہی اور جو خدا تعالیٰ کے راستباز اور صادق بندے ہوتے ہیں وہ دنیا میں ایک نمونہ ہو کر آتے ہیں جو شخص اس نمونہ

[1] آل عمران: ۳۲

کے موافق چلنے کی کوشش نہیں کرتا لیکن ان کو سجدہ کرنے اور حاجت روا ماننے کو تیار ہو جاتا ہے وہ کبھی خدا تعالیٰ کے نزدیک قابل قدر نہیں ہے بلکہ وہ دیکھ لیگا کہ مرنے کے بعد وہ امام اس سے بیزار ہو گا۔ ایسا ہی جو لوگ حضرت علی یا حضرت امام حسین کے درجہ کو بہت بڑھاتے ہیں گویا ان کی پرستش کرتے ہیں وہ امام حسین کے متبعین میں نہیں ہیں اور اس سے امام حسین خوش نہیں ہو سکتے۔ انبیاء علیہم السلام ہمیشہ پیروی کے لئے نمونہ ہو کر آتے ہیں اور سچ یہ ہے کہ بدوں پیروی کچھ بھی نہیں۔

میں ایک دم میں کیا سناؤں جو خیالات سالہا سال کے دل میں بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں وہ دفعتہً دور نہیں ہو سکتے۔ ہاں اللہ تعالیٰ اپنا فضل کرے تو وہ قادر ہے کہ فی الفور تبدیلی کر دے۔ خدا تعالیٰ کی توفیق سے پرانے غلط خیالات کو چھوڑنا بہت ہی سہل ہو جاتا ہے۔

میں سچ کہتا ہوں کہ میرا دعویٰ جھوٹا نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ نے مجھے بھیجا ہے اور اس کی تائید میرے ساتھ ہے۔ اگر میں اس کی طرف سے مامور نہ ہوا ہوتا تو وہ مجھے ہلاک کر دیتا۔ اور میری ہلاکت ہی میرے کذب کی دلیل ٹھہر جاتی۔ لیکن آپ دیکھتے ہیں کہ میری تھوڑی مخالفت نہیں ہوئی۔ ہر طرف سے ہر مذہب والے نے میری مخالفت میں حصہ لیا اور بہت بڑا حصہ لیا۔ ہر قسم کی مشکلات اور روکیں میری راہ میں ڈالی جاتی ہیں اور ڈالی گئی ہیں۔ لیکن خدا تعالیٰ نے مجھے ان مشکلات سے صاف نکالا ہے اور ان روکوں کو دور کر کے وہ ایک جہان کو میری طرف لا رہا ہے۔ اسی وعدہ کے موافق جو براہین احمدیہ میں کیا گیا تھا۔ اس پر بھی میں کہتا ہوں کہ آپ دیکھیں کہ اگر ان مشکلات کے ہوتے ہوئے بھی میں کامیاب ہو گیا تو میری سچائی میں کیا شبہ باقی رہ سکتا ہے۔

یہ بھی یاد رکھیں کہ یہ مشکلات اور روکیں صرف میری ہی راہ میں نہیں ڈالی گئیں

بلکہ شروع سے سنت اللہ اسی طرح پر ہے کہ جب کوئی راستباز اور خدا تعالیٰ کا مامور و مُرسل دنیا میں آتا ہے تو اُس کی مخالفت کی جاتی ہے۔ اس کی ہنسی کی جاتی ہے اُسے قسم قسم کے دُکھ دیئے جاتے ہیں مگر آخر وہ غالب آتا ہے اور اللہ تعالیٰ تمام روکوں کو خود اُٹھا دیتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو بھی اس قسم کے مشکلات پیش آئے ابن جریر نے ایک نہایت ہی دردناک واقعہ لکھا ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نبوت کا دعویٰ کیا تو ابوجہل اور چند اَور لوگ بھڑکے اور مخالفت کے واسطے اُٹھے انہوں نے یہ تجویز کی کہ ابوطالب کے پاس جاکر شکایت کریں۔ چنانچہ ابوطالب کے پاس یہ لوگ گئے کہ تیرا بھتیجا ہمارے بتوں اور معبودوں کو بُرا کہتا ہے اس کو روکنا چاہیئے چونکہ ایک بڑی جماعت یہ شکایت لے کر گئی تھی اس لئے ابوطالب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بلایا تاکہ ان کے سامنے آپ سے دریافت کریں۔ جہاں یہ لوگ بیٹھے ہوئے تھے وہ ایک چھوٹا دالان تھا اور ابوطالب کے پاس صرف ایک آدمی کے بیٹھنے کی جگہ باقی تھی جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ نے ارادہ فرمایا کہ چچا کے پاس بیٹھ جائیں مگر ابوجہل نے یہ دیکھ کر کہ آپ یہاں آکر بیٹھیں گے شرارت کی اور اپنی جگہ سے کُود کر وہاں جا بیٹھا تاکہ جگہ نہ رہے اور سب نے مل کر ایسی شرارت کی کہ آپ کے بیٹھنے کو کوئی جگہ نہ رکھی۔ آخر آپ دروازہ ہی میں بیٹھ گئے۔

اس دردناک واقعہ سے اُن کی کیسی شرارت اور کم ظرفی ثابت ہوتی ہے غرض جب آپ بیٹھ گئے تو ابوطالب نے کہا کہ اے میرے بھتیجے تو جانتا ہے کہ میں نے تجھ کو کس واسطے بُلایا ہے۔ یہ مکہ کے رئیس کہتے ہیں کہ تو اُن کے معبودوں کو گالیاں دیتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے چچا میں تو ان کو ایک بات کہتا ہوں کہ اگر تم یہ ایک بات مان لو تو عرب اور عجم سب تمہارا ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وہ کونسی ایک بات ہے؟ تب آپ نے فرمایا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

جب انہوں نے یہ کلمہ سُنا تو سب کے کپڑوں میں آگ لگ گئی اور بھڑک اُٹھے اور مکان سے نکل گئے اور پھر آپ کی راہ میں بڑی روکیں اور مشکلات ڈالی گئیں۔

تو یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ کے راستبازوں اور ماموروں کے مقابلہ میں ہر قسم کی کوششیں ان کو کمزور کرنے کے لئے کی جاتی ہیں لیکن خدا اُن کے ساتھ ہوتا ہے۔ وہ ساری کوششیں خاک میں مل جاتی ہیں۔ ایسے موقعہ پر بعض شریف الطبع اور سعید لوگ بھی ہوتے ہیں جو کہہ دیتے ہیں۔ ان یك کاذبا فعلیہ کذبہ وان یك صادقا یصبکم بعض الذی یعدکم۔[1]

صادق کا صدق خود اس کے لئے زبردست ثبوت اور دلیل ہوتا ہے۔ اور کاذب کا کذب ہی اس کو ہلاک کر دیتا ہے۔ پس ان لوگوں کو میری مخالفت سے پہلے کم از کم اتنا ہی سوچ لینا چاہیئے تھا کہ خدا تعالےٰ کی کتاب میں یہ ایک راہ راستباز کی شناخت کی رکھی ہے مگر افسوس تو یہ ہے کہ یہ لوگ قرآن پڑھتے ہیں مگر اُن کے حلق سے نیچے نہیں اُترتا۔

اس کے سوا اللہ تعالیٰ نے مجھے وعدہ دیا ہے وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الیٰ یوم القیامۃ[2] کہ میں تیری جماعت اور تیرے گروہ کو منکروں پر قیامت تک غالب رکھوں گا اور اُن میں ترقی اور عروج دوں گا۔

میں اس بات کا کیونکر انکار کر سکتا ہوں۔ میں بخوبی جانتا ہوں کہ ایک وقت آنے والا ہے کہ ملوک، ملک دار، تاجر اور ہر قسم کے معزز لوگ یہی ہوں گے۔ لوگوں کے نزدیک یہ انہونی بات ہے مگر میں یقیناً جانتا ہوں کہ یہی ہوگا وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے بلکہ مجھے وہ بادشاہ دکھائے بھی گئے ہیں جو گھوڑوں پر سوار تھے۔

یہ خوش قسمتی کی بات ہے کہ جو اس سلسلہ میں داخل ہوتا ہے اب اس وقت کوئی اس کو باور نہیں کر سکتا۔ لیکن میں جانتا ہوں کہ ایسا ہوگا جب آنحضرت صلے اللہ

[1] المومن: ۲۹ [2] آل عمران: ۵۶

علیہ وسلم نے کہا تھا کہ دین و دنیا ان میں ہی آجائیں گے اس وقت کسی کو خیال ہو سکتا تھا کیونکہ اتنے آدمی صرف آپ کے ساتھ تھے جو ایک چھوٹے حجرہ میں آ جاتے تھے اور لوگ ایسی باتوں کو سُنکر اور گھر جا کر استہزار کرتے تھے کہ گھر سے نکلنے کا موقعہ نہیں ملتا اور یہ دعوے ہیں۔ آخر سب کو معلوم ہو گیا کہ جو فرمایا تھا وہ سچ تھا۔

مامور اپنی ابتدائی حالت میں ہلال کی طرح ہوتا ہے۔ ہر ایک شخص اس کو نہیں دیکھ سکتا لیکن جو تیز نظر ہوتے ہیں وہ دیکھ لیتے ہیں اسی طرح پر سعید الفطرت مومن مامور کو اس کی ابتدائی حالت میں جبکہ وہ ابھی مخفی رہتا ہے شناخت کر لیتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے ماننے والوں کا نام سابقین رکھا ہے۔ لیکن جب بہت سے مسلمان فوج در فوج اسلام میں داخل ہوئے تو ان کا نام صرف ناس رکھا گیا جیسے فرمایا اذا جاء نصر اللّٰہ والفتح ورایت الناس یدخلون فی دین اللّٰہ افواجا[1] حقیقت یہی ہے کہ جب حق کھُل جاتا ہے پھر انکار کی گنجائش نہیں رہتی جیسے جب دن چڑھا ہوا ہو تو پھر بجز شپّر کے کون انکار کرے گا۔

اصل بات یہ ہے کہ بہت سے لوگ ہیں جن پر حق کھُل جاتا ہے مگر دُنیا کے تعلقات اور مجبوریوں کو اپنا معبود بنا لیتے ہیں اور اس حق سے محروم رہتے ہیں۔ پس ہمیشہ خدا تعالیٰ سے دعا مانگنی چاہیئے کہ وہ ان ظلموں سے بچاتا رہے اور قبول حق کے لئے کوئی روک اس کے واسطے نہ ہو۔

نواب صاحب۔ آپ میرے لئے ایمان کی دعا کریں۔ دنیا سے تو آخر ایک دن مرہی جانا ہے۔

حضرت اقدس۔ اچھا میں تو دُعا کروں گا مگر آپ کو بھی ان آداب اور شرائط کا لحاظ رکھنا چاہیئے جو دُعا کے واسطے ضروری ہیں۔ میرے دعا کرنے سے کیا ہو گا جب آپ توجہ نہ کریں۔ بیمار کو چاہیئے کہ طبیب کی ہدایتوں اور پرہیز پر بھی تو عمل کرے۔

[1] النصر : ۲-۳

پس دُعا کرانے کے واسطے ضروری ہے کہ آدمی خود اپنی اصلاح بھی کرے۔

مشیرِ اعلیٰ۔ کیا جناب کو یہ بھی اطلاع دی گئی ہے کہ آپ کی عمر کتنی ہوگی۔

حضرت اقدس۔ ہاں عمر کے متعلق مجھے الہاماً یہ بتایا گیا تھا کہ وہ اسّی کے قریب ہوگی۔ اور حال میں ایک رؤیا کے ذریعہ یہ بھی معلوم ہوا کہ ۱۵ سال اور بڑھانے کے واسطے دعا کی ہے۔

(اس پر حضرت اقدس نے رؤیا سُنایا جو الحکم میں درج ہو چکا ہے۔ ایڈیٹر)

مشیرِ اعلیٰ۔ جناب کی عمر کیا ہوگی؟

حضرت اقدس۔ ۶۵ یا ۶۶ سال۔

جب ایک عقیدہ پُرانا ہو جاتا ہے اور دیر سے انسان اس پر رہتا ہے تو پھر اسے اس کے چھوڑنے میں بڑی مشکلات پیش آتی ہیں۔ وہ اس کے خلاف نہیں سُن سکتا بلکہ خلاف سُننے پر وہ خون تک کرنے کو تیار ہو جاتا ہے کیونکہ پُرانی عادت طبیعت کے رنگ میں ہو جاتی ہے۔ اس لئے میں جو کچھ کہتا ہوں اس کی مخالفت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ایک جمے ہوئے خیال کو یہ لوگ چھوڑنا پسند نہیں کرتے۔

مشیرِ اعلیٰ۔ اصل میں یہ کام جو آپ کر رہے ہیں، ہے بھی عظیم الشان۔

حضرت اقدس۔ یہ میرا کام نہیں ہے۔ یہ تو خلافت الٰہی ہے۔ جو میری مخالفت کرتا ہے وہ میری نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی مخالفت کرتا ہے۔ اس وقت مسلمانوں کی اخلاقی اور عملی حالت بہت خراب ہو چکی ہے۔ خدا تعالیٰ نے ارادہ کیا ہے۔ کہ اس فسق و فجور کی آگ سے ایک جماعت کو بچائے اور مخلص اور متقی گروہ میں شامل کرے۔

یہ انقلاب عظیم الشان جو مسلمانوں کی اس حالت میں ہونے والا ہے اگر یہ انقلاب ہوا تو سمجھ لو کہ یہ سلسلہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے ورنہ جھوٹا ٹھہریگا

کیونکہ خدا تعالیٰ نے ایسا ہی ارادہ کیا ہے اور خدا تعالیٰ کے کام کو کوئی روک نہیں سکتا۔
مسیح موعود جو نام رکھا ہے اور کسر الصلیب اس کا کام مقرر فرمایا ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ عیسائیت کا زمانہ ہوگا اور عیسائیت نے اسلام کو بہت نقصان پہنچایا ہوگا۔ چنانچہ اب دیکھ لو کہ تیس لاکھ کے قریب آدمی مُرتد ہو چکے ہیں۔ اور پھر ان مرتدین میں شیخ، سید، مغل، پٹھان ہر قوم ہر طبقہ کے لوگ ہیں۔ عورتیں بھی ہیں اور مرد بھی ہیں اور بچے بھی ہیں۔ کوئی شہر نہیں جہاں ان کی چھاؤنی نہ ہو اور انہوں نے اپنا سکہ نہ جمایا ہو۔ یہ چھوٹی سی بات نہیں ہے کہ حقیقی خدا کو چھوڑ کر ایک بناوٹی اور مصنوعی خدا بنایا جاوے اور اس کی پرستش ہو۔ پھر یہی نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کے سچے نبی اور افضل الرسل پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دی گئیں آپ کی شان پاک میں ہر قسم کی گستاخیاں اور ہرزہ گوئیاں روا رکھی گئیں جن کو سُنکر بدن پر لرزہ پڑ جاتا ہے اور کوئی نیک انسان اُن کو سُن ہی نہیں سکتا۔ جب ہم ان باتوں کو برداشت نہیں کر سکتے تو خدا تعالےٰ کی غیرت کب روا رکھ سکتی ہے کہ یہ گالیاں اسی طرح پر دی جائیں اور اسلام کی دستگیری اور نصرت نہ ہو حالانکہ اس نے آپ وعدہ فرمایا تھا۔ انا نحن نزلنا الذکر و انا لہٗ لحافظون[1]۔ یہ کبھی نہیں ہو سکتا تھا کہ زمانہ کی یہ حالت ہو اور اللہ تعالےٰ باوجود اس وعدہ کے پھر خاموش رہے۔

بے باک اور شوخ عیسائی قرآن شریف کی یہانتک بے ادبی کرتے ہیں کہ اس کے ساتھ استنجے کرتے ہیں اور رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر قسم قسم کے افترا باندھتے ہیں اور گالیاں دیتے ہیں اور وہ لوگ اُن میں زیادہ ہیں جنہوں نے مسلمانوں کے گھروں میں جنم لیا اور مسلمانوں کے گھروں میں پرورش پائی اور پھر مرتد ہو کر اسلام کی پاک تعلیم پر ٹھٹھا کرنا اپنا شیوہ بنا لیا ہے۔ یہ حالت بیرونی طور پر اسلام کی ہو رہی

[1] الحجر: ۱۰

ہے اور ہر طرف سے اس پر تیر اندازی ہو رہی ہے تو کیا یہ وقت خدا تعالیٰ کی غیرت کو جو وہ اپنے پاک رسول (صلے اللہ علیہ وسلم) کے لئے رکھتا ہے جوش میں لانے والا نہ تھا۔ اس کی غیرت نے جوش مارا اور مجھے مامور کیا۔ اس وعدہ کے موافق جو اس نے انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون[1] میں کیا تھا۔

حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس قدر تقریر فرمائی تھی کہ عصر کی اذان ہو گئی اور نواب صاحب اور مشیر اعلیٰ صاحب خاموش ہو گئے۔ حضرت نے فرمایا کہ

اذان میں باتیں کرنا منع نہیں ہیں آپ اگر کچھ اور بات پوچھنا چاہتے ہیں تو پوچھ لیں کیونکہ بعض باتیں انسان کے دل میں ہوتی ہیں اور وہ کسی وجہ سے ان کو نہیں پوچھتا اور پھر رفتہ رفتہ وہ بُرا نتیجہ پیدا کرتی ہیں۔ جو شکوک پیدا ہوں اُن کو فوراً باہر نکالنا چاہیئے۔ یہ بُری غذا کی طرح ہوتی ہیں۔ اگر نکالی نہ جائیں تو سوء ہضمی ہو جاتی ہے۔

جب یہ حضرت فرما چکے تو سلسلہ کلام حسب ذیل طریق پر شروع ہوا۔

مشیر اعلیٰ۔ میرے نزدیک اہم امور یہی تھے جو ان الفاظ کے متعلق میں نے پوچھے ہیں۔

نواب صاحب۔ حضرت کے اشتہار میں بھی یہی ہے اور زبانی بھی وہی ارشاد فرمایا ہے۔

حضرت اقدس۔ دراصل انسان کو بعض اوقات بڑے ہی مشکلات پیدا ہوتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا فضل اس کے شاملِ حال نہ ہو تو وہ ان مشکلات میں پڑ کر ہدایت اور حقیقت کی راہ سے دُور جا پڑتا ہے۔ یہودیوں کو بھی اسی قسم کے مشکلات پیش آئے۔ اُنہوں نے توریت میں بھی یہی پڑھا تھا کہ خاتم الانبیاء ان ہی میں ہوگا۔ وہ ان ظاہر الفاظ پر جمے ہوئے تھے۔ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے تو اُن کو آپ کے قبول کرنے میں بھی دقت اور مشکل پیش آئی کہ خاتم الانبیاء تو ہم میں ہی سے ہوگا مگر ان کو یہی جواب

☒ الحکم جلد ۸ نمبر ۱۱ صفحہ ۲، ۳ مورخہ ۳۱ مارچ ۱۹۰۴ء و البدر جلد ۳ نمبر ۱۶، ۱۷ صفحہ ۳ تا ۶ مورخہ ۲۴ اپریل و یکم مئی ۱۹۰۴ء۔

[1] الحجر: ۱۰

ملاکہ تم نے جو کچھ سمجھا ہے وہ غلط سمجھا ہے۔ آنے والا خاتم الانبیاء بنی اسمٰعیل میں سے ہونے والا تھا اور وہ بھی تمہارے بھائی ہیں۔ تم اس سوال پر مت جھگڑو بلکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ نبوت کے ثبوت دیکھو اس میں ہیں یا نہیں جبکہ انبیاء علیہم السلام کے خواص اور نشانات اس کے ساتھ ہیں تو پھر تمہیں ماننے میں کوئی عذر نہیں ہونا چاہیئے۔

اسی طرح پر انہوں نے ملاکی نبی کی کتاب میں پڑھا ہوا تھا کہ حضرت عیسیٰؑ کے آنے سے پہلے ایلیا آسمان سے اُترے گا لیکن جب حضرت مسیح نے اپنا دعویٰ پیش کیا تو اس وقت یہود اسی ابتلا میں پھنسے۔ انہوں نے مسیحؑ سے یہی سوال پیش کیا کہ ایلیاء کا آسمان سے آنا ضروری ہے۔ وہ یہ سمجھے بیٹھے تھے کہ سچ مچ ہی ایلیا آئے گا اور ایک طرح پر وہ یہ معنے سمجھنے میں حق پر تھے کیونکہ اس سے پہلے کوئی ایسا واقعہ اور نظیر اُن میں موجود نہ تھی۔ لیکن حضرت مسیحؑ نے یہی کہا۔ کہ آنے والا ایلیا یوحنا بن زکریا کے رنگ میں آگیا ہے۔ وہ اس بات کو بھلا کب مان سکتے تھے۔ ایک یہودی نے اس مضمون پر ایک کتاب لکھی ہے اور لوگوں کے سامنے اپیل کرتا ہے کہ ان واقعات کے ہوتے ہوئے ہم مسیح پر کس طرح ایمان لائیں بلکہ وہ یہ بھی لکھتا ہے کہ اگر ہم سے مواخذہ ہوگا تو ہم ملاکی نبی کی کتاب کھول کر آگے رکھ دیں گے۔

غرض ظاہر الفاظ پر آنے والے بعض اوقات سخت دھوکا کھا جاتے ہیں پیشگوئیوں میں استعارات اور مجازات سے ضرور کام لیا جاتا ہے۔ جو شخص ان کو ظاہر الفاظ پر ہی حمل کر بیٹھتا ہے اسے عموماً ٹھوکر لگ جاتی ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ ایسے موقعہ پر یہ دیکھنا ضروری ہوتا ہے کہ آیا جو شخص خدا تعالےٰ کی طرف سے آنے کا مدعی ہے وہ ان معیاروں کی رُو سے سچا ٹھہرتا ہے یا نہیں جو راستبازوں کیلئے

مقرر ہیں۔ پس اگر وہ ان معیاروں کی رو سے صادق ثابت ہو تو سعادت منداور متقی کا یہ فرض ہے کہ اس پر ایمان لاوے۔ سو یاد رکھنا چاہیئے کہ انبیاء کی شناخت کے لئے تین بڑے معیار ہوتے ہیں:۔

اوّل یہ کہ نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ بھی اس کی مؤید ہیں یا نہیں۔

دوم اس کی تائید میں سماوی نشانات صادر ہوتے ہیں یا نہیں۔

سوم۔ نصوص عقلیہ اس کے ساتھ ہیں یا نہیں یا آیا وقت اور زمانہ کسی ایسے مدعی کی ضرورت بھی بتاتا ہے یا نہیں۔

ان تینوں معیاروں کو ملا کر جب کسی ماموراور راستباز کی نسبت غور کیا جائے گا۔ تو حقیقت کھل جاتی ہے۔ میرا دعویٰ ہے کہ میں خدا کی طرف سے مامور ہو کر آیا ہوں اب میرے دعویٰ کو پرکھ کر دیکھ لو کہ آیا یہ ان تین معیاروں کی رو سے سچا ثابت ہوتا ہے یا نہیں۔

سب سے پہلے یہ دیکھنا چاہیئے کہ کیا یہ وقت کسی مدعی کی ضرورت کا داعی ہے یا نہیں؛ پس ضرورت تو ایسی صاف ہے کہ اس پر زیادہ کہنے کی ہمیں ضرورت ہی نہیں۔ اسلام پر اس صدی میں وہ وہ حملے کئے گئے ہیں جن کے سننے اور بیان کرنے سے ایک مسلمان کے دل پر لرزہ پڑتا ہے۔

سب سے بڑا فتنہ اس زمانہ میں نصاریٰ کا فتنہ ہے جنہوں نے اسلام کے استیصال کے واسطے کوئی دقیقہ فروگذاشت ہی نہیں کیا اُن کی کتابوں اور رسالوں اور اخباروں اور اشتہاروں کو جو اسلام کے خلاف ہیں اگر جمع کیا جائے تو ایک بڑا پہاڑ بن جاتا ہے اور پھر تیس لاکھ کے قریب مُرتد ہو چکے ہیں۔ اس کے ساتھ آریوں، برہموؤں اور دوسرے آزاد خیال لوگوں کو ملا لیا جائے تو پھر دشمنان اسلام کے حملوں کا وزن اَور بھی بڑھ جاتا ہے۔ اب ایسی صورت میں کہ اسلام کو پاؤں کے

نیچے کچلا جارہا ہے۔ کیا ضرورت نہ تھی کہ خدا تعالےٰ اپنے سچے دین کی حمایت کرتا اور اپنے وعدہ کے موافق اس کی حفاظت فرماتا اور اگر عام حالت کو دیکھا جائے تو وہ ایسی خراب ہے کہ اس کے بیان کرنے سے بھی شرم آتی ہے۔ فسق وفجور کا وہ حال ہے کہ علانیہ بازاری عورتیں بدکاری کرتی ہیں۔ معاملات کی حالت بگڑی ہوئی ہے۔ تقویٰ اور طہارت اُٹھ گیا ہے۔ وہ لوگ جو اسلام کے حامی اور محافظ شرع متین کہلاتے تھے۔ اُن کی خانہ جنگی اور اپنی عملی حالت کی کمزوری نے اور بھی ستم برپا کر رکھا ہے عوام جب ان کی حالت بد دیکھتے ہیں تو وہ حدود اللہ کے توڑنے میں اور بھی دلیری سے کام لیتے ہیں۔ غرض اندرونی اور بیرونی حالت بہت ہی خطرناک ہو رہی ہے۔

پھر دیکھنا ہے کہ آیا قرآن شریف اور احادیث صحیحہ میں کسی آنیوالے کا وعدہ دیا گیا ہے سو قرآن شریف نے بڑی وضاحت کے ساتھ دو سلسلوں کا ذکر کیا ہے ایک وہ سلسلہ ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے شروع ہوا اور حضرت مسیح علیہ السلام پر آکر ختم ہوا اور دوسرا سلسلہ جو اسی سلسلہ کے مقابل پر واقع ہوا ہے وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا سلسلہ ہے چنانچہ تورات میں بھی آپ کو مثیل موسےٰ کہا گیا اور قرآن شریف میں بھی آپ کو مثیل موسیٰ ٹھہرایا گیا جیسے فرمایا ہے۔[1]

إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُولًا

پھر جس طرح پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کا سلسلہ حضرت مسیح علیہ السلام پر آکر ختم ہوگیا۔ اسی سلسلہ کی مماثلت کے لئے ضروری تھا کہ اسی وقت اور اسی زمانہ پر جب حضرت مسیحؑ حضرت موسیٰؑ کے بعد آئے تھے مسیح محمدی بھی آتا۔ اور یہ بالکل ظاہر اور صاف بات ہے کہ مسیح موسوی چودھویں صدی میں آیا تھا۔ اس لئے ضروری تھا کہ مسیح محمدی بھی چودھویں صدی میں آتا۔ اگر کوئی اور نشان اور شہادت

[1] المزمل: ۱۶

نہ بھی ہوتی تب بھی اس سلسلہ کی تکمیل چاہتی تھی کہ اس وقت مسیح مہدی آوے مگر یہاں تو صدہا اور نشان اور دلائل ہیں۔ پھر آنے والے کو اسی امت میں سے ٹھہرایا گیا ہے جیسے وعد اللہ الذین اٰمنوا منکم وعملوا الصلحات لیستخلفنھم فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم ؎ میں فرمایا گیا ہے اور اسی طرح پر احادیث میں بھی آنے والا اسی امت سے ٹھہرایا گیا ہے جبکہ فرمایا ہے وامامکم منکم۔ اب نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ بوضاحت شہادت دیتے ہیں کہ آنے والا مسیح موعود اسی امت میں سے ہوگا اور ضرورت بجائے خود داعی ہے کیونکہ اسلام پر سخت حملے ہو رہے ہیں اور کوشش کی جاتی ہے کہ جہانتک ان مخالفوں کا بس چلے اسلام کو نابود کر دیں۔

پھر دیکھنے کے قابل یہ بات ہے کہ اس کے آنے کا وقت کونسا ہے۔ سلسلہ موسوی کے ساتھ مماثلت تامہ کا تقاضا صاف طور پر ظاہر کرتا ہے کہ آنے والا مسیح موعود جو اسی امت میں سے ہوگا۔ چودھویں صدی میں آنا چاہیئے۔ اس لئے علاوہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے آنے کا وہ وقت ہے جبکہ صلیب پرستی کا غلبہ ہوگا کیونکہ کسر صلیب اس کا کام ٹھہرایا گیا ہے۔ ان سب کے علاوہ ایک انقلاب عظیم کی خبر قرآن شریف سے معلوم ہوتی ہے کہ وہ اس وقت آئے گا۔ وہ انقلاب کیا ہے؟ سواری بھی بدل جاوے گی۔ اونٹوں اور اونٹنیوں کی سواریاں بیکار ہو جائیں گی۔ اب دیکھو کہ ریلوے کی ایجاد نے اس پیشگوئی کو کس طرح پورا کیا ہے اور اب تو یہ حال ہے کہ حجاز ریلوے جو بن رہی ہے تو تھوڑے ہی عرصہ میں مدینہ اور مکہ کے درمیان بھی ریل ہی دوڑتی نظر آئے گی اور پھر اخبارات اور رسالہ جات کی اشاعت کے اسباب کا پیدا ہو جانا جیسے پریس ہے ڈاک خانہ ہے اور تاروں کے ذریعہ سے کل دنیا ایک شہر کے حکم میں ہو گئی ہے۔ دریا چیرے گئے

؎ النور: ۵۶

ہیں اور نہریں نکالی جا رہی ہیں۔ طبقات الارض کے عالموں نے زمین کے طبقات کو کھود ڈالا ہے۔

غرض وہ تمام ایجادات اور علوم و فنون کی ترقیاں جو مسیح موعود کے زمانہ کی علامتوں میں سے قرار دی گئی تھیں وہ پوری ہو رہی ہیں اور ہو چکی ہیں۔ اس کے بعد انکار اور شبہ کی کونسی گنجائش باقی رہتی ہے۔ اس وقت خدا تعالیٰ کی طرف سے کسی کا آنا اور مامور ہونا افسوسناک بات نہیں بلکہ افسوسناک یہ امر ہوتا اگر کوئی مامور ہو کر نہ آیا ہوتا۔ ان علامات اور نشانات کو چھوڑ کر ایک اور بات بھی اس کی تائید میں ہے اور وہ یہ ہے کہ تمام اولیاء اللہ اور اکابر امت جو پہلے ہو گذرے ہیں انھوں نے قبل از وقت میرے آنے کی خبر دی ہے۔ بعض نے میرا نام لکھ کر پیشگوئی کی ہے اور بعض نے اور الفاظ میں بھی کی ہے۔ ان میں سے شاہ نعمت اللہ ولی نے شہادت دی ہے اور میرا نام لے کر بتایا ہے۔ اسی طرح پر ایک اہل اللہ بزرگ گلاب شاہ مجذوب تھے جنہوں نے ایک شخص کریم بخش ساکن جمالپور ضلع لودھیانہ سے میرا نام لے کر پیشگوئی کی ہے اور اس نے کہا کہ وہ قادیان میں ہے کریم بخش کو قادیان کا شبہ پڑا کہ شاید لودھیانہ کے قریب کی قادیان میں ہوں۔ مگر آخر اس نے بتایا کہ یہ قادیان نہیں اور اس نے یہ بھی بتایا کہ وہ لودھیانہ میں آئے گا اور مولوی اس کی مخالفت کریں گے۔ چنانچہ اس کا یہ سارا بیان چھپ چکا ہے اور کل گاؤں کریم بخش کی راستبازی اور نیکوکاری کی شہادت دیتا تھا اور جس وقت وہ بیان کرتا تھا تو رو پڑتا تھا۔ اس نے گلاب شاہ سے یہ بھی کہا کہ عیسیٰ [۶۱] تو آسمان سے آئے گا۔ اس نے جواب دیا کہ جو آسمان پر چلا جاتا ہے وہ پھر واپس نہیں آیا کرتا۔

اس پیشگوئی کے موافق کریم بخش میری جماعت میں داخل ہوا۔ بہت سے

لوگوں نے اس کو رد کا اور منع بھی کیا مگر اس نے کہا کہ میں کیا کروں یہ پیشگوئی پوری ہو گئی ہے میں اس شہادت کو کیونکر چھپاؤں۔ غرض اس طرح پر بہت سے اکابر امت گذرے ہیں جنہوں نے میرے لئے پیشگوئی کی اور پتہ بتایا۔ بعض نے تاریخ پیدائش بھی بتائی جو **چراغ دین** ۱۲۶۸ ہے۔

اور اس کے علاوہ وہ نشان جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائے تھے وہ بھی پورے ہو گئے۔ منجملہ ان کے ایک **کسوف و خسوف** کا نشان تھا۔ جب تک کہ یہ کسوف و خسوف کا نشان نہیں ہوا تھا یہ مولوی جواب میری مخالفت کی وجہ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بھی تکذیب کر رہے ہیں اس کی سچائی کے قائل تھے اور یہ نشان بتاتے تھے کہ مسیح و مہدی کا یہ نشان ہوگا کہ رمضان کے مہینہ میں سورج اور چاند کو گرہن ہوگا۔ لیکن جب یہ نشان میرے دعویٰ کی صداقت کی شہادت کے لئے پُورا ہو گیا تو پھر جس منہ سے اقرار کیا کرتے تھے اسی منہ سے انکار کرنے والے ٹھہرے۔ کسی نے تو سرے سے اس حدیث ہی کا انکار کر دیا اور کسی نے اپنی کم سمجھی اور نادانی سے یہ کہدیا کہ چاند کی پہلی تاریخ کو گرہن ہونا چاہیئے حالانکہ پہلی رات کا چاند تو خود گرہن ہی میں ہوتا ہے اور علاوہ بریں حدیث میں تو قمر کا لفظ ہے جو پہلی رات کے چاند پر بولا ہی نہیں جاتا۔

غرض اس طرح پر جس قدر نشان تھے وہ پورے ہو گئے مگر یہ لوگ ہیں کہ محض میری مخالفت کی وجہ سے خدا تعالےٰ اور اس کے سچے اور پاک رسول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی انکار کر رہے ہیں اور آپ کی تکذیب کی بھی کچھ پروا نہیں کرتے۔ ان نشانوں اور علامات کے بعد پھر یہ بات بھی دیکھنے کے قابل ہوتی ہے کہ کیا مدعی کے اپنے ہاتھ پر کوئی نشان اس کی

تصدیق کے لئے ظاہر ہوا ہے یا نہیں ؟ اس کے لئے میں کہتا ہوں کہ اس قدر نشان اللہ تعالیٰ نے ظاہر کئے ہیں کہ ان کی تعداد ایک دو نہیں بلکہ سینکڑوں اور ہزاروں تک پہنچی ہوئی ہے اور اگر میری جماعت کو خدا تعالےٰ کی قسم دے کر پوچھا جائے تو میں امید نہیں کرتا کہ کوئی شخص ایک بھی ایسا نکلے جو یہ کہے کہ میں نے کوئی نشان نہیں دیکھا اور پھر یہ کہ نشانوں کی بارش برس رہی ہے۔ اولیاء اللہ کی اسی لئے حرمت اور تکریم کی جاتی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو تعلق رکھتے ہیں۔ اس تعلق کا ایک زندہ اور سچا نمونہ پیش کرتے ہیں یعنی خوارق کا صدور اُن سے ہوتا رہتا ہے اور نشانات ہی سے وہ واجب العزت ہوتے ہیں۔ پھر اس صورت میں مجھے حق ہے کہ وہ لوگ جو میری اس بات سے کہ میں امام حسین سے افضل ہوں گھبراتے ہیں بجائے اس کے کہ مجھ پر اعتراض کریں صاف طور پر میرے مقابلہ میں آئیں۔ میں ان سے پوچھوں گا کہ جس قسم کے نشانات میں اپنی سچائی اور منجانب اللہ ہونے کے پیش کرتا ہوں۔ اس قسم کے نشانات تم بھی پیش کر دو اور پھر اسی قدر تعداد میں دکھاؤ۔ میں مرثیہ نہیں سنوں گا بلکہ نشانات کا مطالبہ کرونگا جس کو حوصلہ ہے اور جو امام حسین کو سجدے کرتے ہیں وہ اُن کے خوارق اور نشانات کی فہرست پیش کریں اور دکھائیں کہ کس قدر لوگ ان واقعات کے گواہ ہیں۔ اس مقابلہ میں یقیناً یہ ماننا پڑے گا کہ واقعات میں قافیہ تنگ ہے۔ مبالغہ سے ایک بات کو پیش کر دینا اور ہے اور حقیقی طور سے واقعات کی بنا پر اُسے ثابت کر دکھانا مشکل ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ جو خدا تعالےٰ کا سچا پرستار ہے اسے کسی دوسرے سے کیا واسطہ؟ ضرورت اس امر کی ہے کہ یہ ثابت کیا جاوے کہ آیا وہ شخص جو خدا تعالےٰ کی طرف سے ہونے کا مدعی ہے اپنے ساتھ دلائل اور نشانات بھی دکھاتا ہے یا نہیں۔ جب ثابت ہو جاوے کہ وہ واقعی خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے تو اس کا فرض ہے کہ اپنی ارادت کو منتقل کرے۔

غرض یہ تین ذریعے ہیں جن سے ہم کسی مامور من اللہ کو شناخت کر سکتے ہیں ادا کرتے ہیں۔ میرا سلسلہ منہاج نبوت پر قائم ہوا ہے۔ اس منہاج کو چھوڑ کر جو اس کو آزمانا چاہے وہ غلطی کھاتا ہے اور اس کو راہ راست مل نہیں سکتا لیکن منہاج نبوت پر میرے ساتھ دلائل و براہین اور آیات اللہ کا زبردست لشکر ہے اگر کوئی اس پر بھی نہ مانے تو میں مجبور نہیں کر سکتا۔ یہ کاروبار اور سلسلہ میرا قائم کردہ تو ہے نہیں خدا تعالیٰ نے اس کو قائم کیا ہے اور وہی اس کی اشاعت کر رہا ہے۔ انسانی تجاویز اور منصوبے چل نہیں سکتے۔ آخر تھک کر رہ جاتے ہیں۔ وہ شخص بڑا ہی ظالم اور خبیث ہے جو خود ایک بات گھڑ لیتا ہے اور پھر لوگوں کو کہتا ہے کہ مجھ کو وحی ہوئی ہے۔ ایسے لوگ دنیا میں کبھی بامراد اور کامیاب نہیں ہو سکتے۔ خدا تعالیٰ ایسے مفتری اور ظالم کو مہلت نہیں دیتا۔ لیکن اگر ایک شخص خدا تعالےٰ کا نام لے کر ایک وحی پیش کرتا ہے اور خدا تعالیٰ اسے سچا کرتا ہے اور اس کی تائید و نصرت کر رہا ہے تو پھر اس سے انکار کرنا اچھا نہیں۔ پس انسان کو چاہیئے کہ شپّر کی طرح نہ ہو۔ عجب روشنی اس وقت پھیل رہی ہے۔ اس سے مُنہ موڑنا خوب نہیں ہر شخص جو اعتراض اور نکتہ چینیاں رکھتا ہے اس کو چاہیئے کہ اس دروازہ پر بیٹھ کر اپنے شکوک کو رفع کرے لیکن جو یہاں تو بیٹھتا نہیں اور دریافت نہیں کرتا اور گھر جا کر نکتہ چینیاں کرتا ہے وہ خدا تعالےٰ کی تلوار کے سامنے آتا ہے جس سے وہ بچ نہیں سکتا۔

دیکھو افترا کی بھی ایک حد ہوتی ہے اور مفتری ہمیشہ خائب و خاسر رہتا ہے۔ قد خاب من افترٰی[1] اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو فرمایا کہ اگر تو افترا کرے تو تیری رگ جان ہم کاٹ ڈالیں گے اور ایسا ہی فرمایا من اظلم ممن افترٰی علی اللہ کذبًا[2]۔ ایک شخص ان باتوں پر ایمان رکھ کر افترا کی جرأت کیونکر

[1] طٰهٰ : ۶۲ [2] الانعام : ۲۲

کر سکتا ہے۔ظاہری گورنمنٹ میں ایک شخص اگر فرضی چپڑاسی بن جائے تو اس کو سزا دی جاتی ہے اور وہ جیل میں بھیجا جاتا ہے تو کیا خدا تعالےٰ ہی کی مقتدر حکومت میں یہ اندھیر ہے ؟ کہ کوئی محض جھوٹا دعویٰ مامور من اللہ ہونے کا کرے اور پکڑا نہ جائے بلکہ اس کی تائید کی جائے۔ اس طرح تو دہریت پھیلتی ہے۔خدا تعالےٰ کی ساری کتابوں میں لکھا ہے کہ مفتری ہلاک کیا جاتا ہے۔ پھر کون نہیں جانتا کہ یہ سلسلہ ۲۵ سال سے قائم ہے اور لاکھوں آدمی اس میں داخل ہو رہے ہیں۔ یہ باتیں معمولی نہیں بلکہ غور کرنے کے قابل ہیں۔محض ذاتی خیالات بطور دلیل مانے نہیں جا سکتے۔ایک ہندو جو گنگا میں غوطہ مار کر نکلتا ہے اور کہتا ہے کہ میں پاک ہو گیا۔بلا دلیل اس کو کون مانے گا؟ بلکہ اس سے دلیل مانگے گا۔پس میں نہیں کہتا کہ بلا دلیل میرا دعویٰ مان لو بلکہ منہاج نبوت کے لئے جو معیار ہے اس پر میرے دعویٰ کو دیکھو۔میں خدا تعالےٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں خدا سے وحی پاتا ہوں اور منہاج نبوت کے تینوں معیار میرے ساتھ ہیں اور میرے انکار کے لئے کوئی دلیل نہیں

(الحکم جلد ۸ نمبر ۱۲ صفحہ ۳ تا ۷ مورخہ ۱۰ اپریل ۱۹۰۴ء)

و (البدر جلد ۳ نمبر ۲۰، ۲۱ صفحہ ۴ تا ۵ مورخہ ۲۴ مئی و یکم جون ۱۹۰۴ء)

---

۱۴ جنوری ۱۹۰۴ء

صبح کے وقت منشی اروڑا صاحب نقشہ نویس ریاست کپورتھلہ نے حضرت اقدس سے نیاز حاصل کیا تو آپ نے فرمایا۔

میں نے آواز تو رات کو ہی شناخت کر لی تھی مگر طبیعت کو تکلیف تھی اس لئے بلا نہ سکا۔

منشی صاحب موصوف نے جناب خانصاحب محمد خاں صاحب افسر بگی خانہ سرکار کپورتھلہ کی وفات کا واقعہ سنایا۔ جس پر حضرت اقدس نے فرمایا کہ :۔

نیکی کرنے والے کی اولاد کو بھی اس کی نیکی کا حصہ ملتا ہے۔ یہ دنیا فنا کا مقام ہے اگر ایک مرجاتا ہے تو پھر دوسرے نے کونسا ذمہ لیا ہے کہ وہ نہ مریں گے۔ دنیا کی وضع ایسی ہی ہے کہ آخر قضاء و قدر کو ماننا پڑتا ہے۔ دنیا ایک سرائے ہے اگر اس میں آتے ہی جاویں اور نہ نکلیں تو کیسے گذارہ ہو۔

انبیاء کے وجود سے زیادہ عزیز کوئی دوسرا وجود قدر کے لائق نہیں لیکن آخر ان کو بھی جانا پڑا۔

موت کے وقت انسان کو دہشت ہوتی ہے مگر جب مجبوراً وقت قریب آتا ہے۔ تو اسے قضاء و قدر پر راضی ہونا پڑتا ہے اور نیک لوگوں کے دلوں سے تعلقات دنیاوی خود اللہ تعالیٰ توڑ دیتا ہے کہ ان کو تکلیف نہ ہو۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۴ صفحہ ۶ مورخہ ۲۴ر جنوری ۱۹۰۴ء)

۲۰ر جنوری ۱۹۰۴ء

(بعد نماز مغرب)

طاعون کا ذکر ہوتا رہا کہ اب فروری کا مہینہ آگیا ہے۔ اس کا زور ہوگا چنانچہ مختلف مقامات سے اس کی خبریں آنی شروع ہوگئی ہیں۔ فرمایا کہ

خداشناسی اور سچے ایمان کی ضرورت

ضروری بات خداشناسی ہے کہ خدا تعالیٰ کی قدرت اور جزا سزا پر پکا ایمان ہو۔ اسی کی کمی سے دنیا میں فسق و فجور ہو رہا ہے لوگوں کی توجہ دنیا کی طرف اور گناہوں کی طرف بہت ہے۔ دن اور رات یہی فکر ہے کہ کسی طرح دنیا میں دولت، وجاہت

عزت ملے جس قدر کوشش ہے خواہ کسی پیرایہ میں ہی ہو مگر وہ دنیا کے لئے ہے خدا تعالیٰ کے لئے ہرگز نہیں۔ دین کا اصل لُب اور خلاصہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ پر سچا ایمان ہو مگر اب مولوی وعظ کرتے ہیں تو ان کے وعظ کی بھی علت غائی یہ ہوتی ہے کہ اسے چار پیسے مل جاویں جیسے ایک چور باریک در باریک حیلے چوری کے لئے کرتا ہے ویسے ہی یہ لوگ کرتے ہیں ایسی حالت میں بجز اس کے کہ عذاب الٰہی نازل ہو اور کیا ہو سکتا ہے۔

ایک اعتراض ہم پر یہ ہوتا ہے کہ اپنی تعریف کرتے ہیں اور اپنے آپ کو مطہر برگزیدہ قرار دیتے ہیں۔ اب ان لوگوں سے کوئی پوچھے کہ خدا جو امر ہمیں فرماتا ہے کیا ہم اس کی نافرمانی کریں۔ اگر ان باتوں کا اظہار نہ کریں تو معصیت میں داخل ہو قرآن شریف میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت کیا کیا الفاظ اللہ تعالیٰ نے آپ کی شان میں فرمائے ہیں۔ ان لوگوں کے خیال کے مطابق تو وہ بھی خودستائی ہوگی۔

خودستائی کرنے والا حق سے دُور ہوتا ہے مگر جب خدا تعالیٰ فرمائے تو پھر کیا کیا جائے۔ یہ اعتراض ان نادانوں کا صرف مجھ پر ہی نہیں ہے بلکہ آدم سے لے کر جس قدر نبی۔ رسول۔ اذکیا اور مامور گذرے ہیں، سب پر ہے۔ ذرا غور کرنے سے انسان سمجھ سکتا ہے کہ جسے خدا تعالیٰ مامور کرتا ہے ضرور ہے کہ اس کے لئے اجتبار اور اصطفا ہو اور کچھ نہ کچھ اس میں ضرور خصوصیت چاہیئے کہ خدا تعالیٰ کل مخلوق میں سے اسے برگزیدہ کرے۔

خدا تعالیٰ کی نظر خطا جانے والی نہیں ہوتی۔ پس جب وہ کسی کو منتخب کرتا ہے وہ معمولی آدمی نہیں ہوتا۔ قرآن شریف میں بھی اسی کی طرف اشارہ ہے۔ اللّٰہ اعلم حیث یجعل رسالتہ[1]۔ اس سوال کا آخر ماحصل یہ ہے کہ وہ ہمیں مفتری کہیں گے مگر پھر ان پر سوال ہوتا ہے کہ عجب خدا ہے کہ اس قدر عرصہ دراز سے برابر افترا کا موقعہ

[1] الانعام : ۱۲۵

دیئے چلا جاتا ہے اور جو کچھ ہم کہتے ہیں وہ وقوع میں آتا ہے۔ اگر مفتریوں کے ساتھ خدا تعالیٰ کے یہ سلوک ہیں اور اس طرح سے اُن کی تائید اور نصرت کی جاتی ہے جیسے کہ ہماری تو پھر کل انبیاء کو بھی انہیں مفتری قرار دینا پڑے گا۔ وہی علامات اور براہین جو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وقت میں آپ کی صداقت کے نشان اور دلیل تھے وہی اب بھی موجود ہیں جسے خدا تعالیٰ منتخب کرے۔ اگر وہ اس کی تعریف نہ کرے تو کیا گندہ کہے؟ اس سے خدا پر حرف آتا ہے کہ اس کا انتخاب گندا ٹھہرتا ہے۔

اگر دنیا کے مجازی حکام اعلیٰ کو بھی دیکھو تو وہ بھی حتی الوسع کمشنری۔ لفٹیننٹ، ڈپٹی کمشنری وغیرہ کے عہدوں کے لئے انہیں کو انتخاب کرتے ہیں جو کہ ان کی نظر میں لائق ہوتے ہیں۔ اگر وہ حکام اعلیٰ کی نظر میں نالائق اور ذمہ داریوں کی بجاآوری کے ناقابل ہوں تو انتخاب نہیں کئے جاتے۔ پس اسی طرح مامورین وغیرہ خدا تعالےٰ کی نظروں میں نالائق اور نکمے اور اشقیاء ہوں تو پھر لوگوں کو مزکّی بنانے کی خدمت اُن سے کیسے لی جاوے۔

یہ ایک نکتہ ہے کہ ان کا جو اعتراض ہوتا ہے وہ صرف میری ذات پر نہیں ہوتا۔ بلکہ عام ہوتا ہے کہ آدم سے لے کر جس قدر نبی اس وقت تک گذرے ہیں۔ سب اُس میں شامل ہوتے ہیں۔ بھلا وہ ایک اعتراض تو کر کے دکھلاویں جو سابقہ انبیاء میں سے کسی پر نہ ہوا ہو۔ اصل بات یہ ہے کہ ایمان کے لوازم تمام اس وقت ردّی ہو گئے تھے۔ دل حلاوتِ ایمان سے خالی ہیں۔ دنیا کی زیب وزینت کے خیال نے دلوں پر تصرف کر لیا ہے ایک گہرے بحرِ ظلمات میں لوگ پڑے ہوئے ہیں۔ اس وقت بڑی ضرورت اور احتیاج اس امر کی ہے کہ وہ تقویٰ جس کے لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے اور کتاب اللہ نازل ہوئی، حاصل ہو۔ ایک مردہ ایمان لوگوں کے پاس ہے۔ اس لئے اس ایمان کی کوئی نشانی بھی ہاتھ میں نہیں ہے اور اسی باعث سے یہ وبال ان لوگوں پر ہے۔ پھر کہتے ہیں کہ

کیا ہم نماز ادا نہیں کرتے، روزہ نہیں رکھتے۔ کلمہ نہیں پڑھتے۔ ان کم بختوں کو اتنی خبر نہیں کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے تھے تو یہود بھی تو سب عبادتیں کرتے تھے پھر وہ کیوں مغضوب ہوئے؟

ان کی نہایت بد قسمتی اور شقاوت ہے کہ بھلا دیا ہے کہ اسلام کیا ہے، دین کیا ہے۔ کب کہا جاتا ہے کہ فلاں متقی ہے، فلاں مومن ہے۔ صرف چھلکے اور پوست پر نازاں ہیں اور مغز کو ہاتھ سے کھو دیا ہے جو کہ دین کی اصل روح ہے۔ اب خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ وہ روح دوبارہ پیدا کرے۔ اگر ان لوگوں میں تقویٰ اور معرفت ہو تو یہ اعتراض کر کے خود ہی نادم ہوں

سواد اعظم کیا شئے ہے

ایک یہ اعتراض کرتے ہیں کہ سواد اعظم حیات مسیح کا قائل ہے۔ اگر سواد اعظم کے یہ معنے ہیں کہ ایک گروہ کثیر ایک طرف ہو تو اس کی بات سچی ہوتی ہے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت یہود و عیسائی قوم کا بھی سواد اعظم تھا۔ وہ اہلِ کتاب ہی تھے۔ بڑے بڑے عالم۔ فاضل۔ عابد اُن میں موجود تھے۔ ان کے معیار سے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے حق میں اُن کی شہادت معتبر مان لینی چاہیئے۔

اصل سواد اعظم وہ لوگ ہیں جو حقیقی طور پر اللہ تعالےٰ کو مانتے ہیں اور علےٰ وجہ البصیرت خدا تعالےٰ پر ان کا ایمان ہے اور ان کی شہادت معتبر ہوتی ہے بھلا سوچ کر دیکھو کہ جس راہ میں بچھو۔ سانپ اور درندے وغیرہ ہوں۔ کیا دس ہزار اندھے اس کی نسبت کہیں کہ یہ راہ اختیار کرو تو کوئی ان کی بات مانے گا؟ اور جو اُن کے پیچھے چلیں گے وہ سب مریں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ میں علےٰ وجہ البصیرت بلاتا ہوں اگرچہ آپ ایک فرد واحد تھے لیکن آپ کے مقابل ہزار ہا منکرین کی بات قابلِ اعتبار نہ تھی جو آپ کی مخالفت کرتے تھے۔

اب اس وقت ایک سواد اعظم نہیں ہے بلکہ کئی سواد اعظم ہیں۔ افیونیوں بھنگیوں چرسیوں۔ شرابیوں وغیرہ کا بھی ایک سواد اعظم ہے۔ مخلوق پرستوں کا بھی ایک سواد اعظم ہے۔ توکیا ان لوگوں کے اقوال کو سند پکڑا جاوے۔ خدا تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے قلیل من عبادی الشکوؔر کہ شاکر اور سمجھ دار بندے ہمیشہ کم ہوتے ہیں جو کہ حقیقی طور پر قرآن مجید پر چلنے والے ہیں اور خدا تعالےٰ نے ان کو اپنی محبت اور تقویٰ عطا کیا ہے وہ خواہ قلیل ہوں مگر اصل میں وہی سواد اعظم ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو اُمَّۃٌ کہا ہے۔ حالانکہ وہ ایک فرد واحد تھے مگر سوادِ اعظم کے حکم میں تھے۔

یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ جو لوگ شرارتوں، منصوبوں اور حیلہ بازیوں میں رہتے ہیں۔ ان کا عمل ایک بالشت بھی آسمان پر جا سکے اور وہ ان نیک بندوں کے برابر ہوں۔ جن کی عظمت خدا تعالےٰ کی نظر میں ہے۔ عبداللطیف کی ہی ایک نظیر دیکھ لو کہ بار بار موقعہ ملا کہ جان بچاوے مگر اس نے یہی کہا کہ میں نے حق کو پالیا اس کے آگے جان کیا شئے ہے۔ سوچ کر دیکھو کیا جھوٹ کے واسطے دیدہ دانستہ کوئی جان جیسی عزیز شئے دے سکتا ہے۔

ایک بدنصیبی ان لوگوں کی یہ ہے کہ آکر صحبت حاصل نہیں کرتے اور دُور دُور رہتے ہیں۔ ان کے اسلام کی مثال ایک تصویر کی مثال ہے کہ اس میں نہ ہڈی نہ گوشت نہ پوست، نہ خُون، نہ رُوح۔ پھر اسے انسان کہا جاتا ہے۔ اپنی کثرت پر ناز کرتے ہیں۔ کتاب اللہ کی عزت نہیں کرتے حالانکہ اس کثرت پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی ہے۔ آپ نے دو گروہوں کا ذکر کیا ہے ایک اپنا اور ایک مسیح موعودؑ کا۔ اور درمیانی زمانہ کو جس میں ان کی تعداد کروڑوں تک پہنچی اور کثرت ہوئی فیج اعوج کہا ہے پھر اصل میں یہ کثرت بھی نہیں ہے خود ان میں پھوٹ پڑی ہوئی ہے۔ ہر ایک کا الگ

ل سبا : ۱۴

الگ مذہب ہے۔ ایک دوسرے کی تکفیر کر رہا ہے۔ جب یہ حال ہے تو خدا تعالیٰ کی طرف سے کوئی فیصلہ کرنے والا نہ آوے گا؟ خود انہی میں سے ہیں جو مانتے چلے آئے ہیں کہ مسیح اسی امت میں سے ہوگا۔ حدیثوں میں اما مکم منکم موجود ہے۔ سورہ نور میں منکم ہے۔

معراج میں آپ نے اسرائیلی مسیح کا حلیہ اور دیکھا اور آنے والے اپنے مسیح کا اور حلیہ بتلایا۔ پھر کیا یہ سچ نہیں ہے کہ اس بات پر اجماع ہو چکا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے پیشتر سب انبیاء فوت ہو چکے ہیں۔ ان تمام ثبوتوں کے بعد اور ان کو کیا چاہیئے

(الحکم جلد ۸ نمبر ۶ صفحہ ۱-۲ مورخہ ۱۷ فروری ۱۹۰۴ء)

نیز (البدر جلد ۳ نمبر ۶ صفحہ ۲ مورخہ ۸ فروری ۱۹۰۴ء ونمبر ۷ صفحہ ۲ مورخہ ۱۶ فروری ۱۹۰۴ء)

---

۳۱ جنوری ۱۹۰۴ء

(صبح کی سیر)

ان من قریۃ الا نحن مھلکوھا قبل یوم القیامۃ او معذبوھا عذابا شدیدا[1]

یہ اسی زمانہ کے لئے ہے کیونکہ اس میں ہلاکت اور عذاب مختلف پیرایوں میں ہے کہیں طوفان ہے کہیں زلزلوں سے کہیں آگ کے لگنے سے۔ اگرچہ اس سے پیشتر بھی یہ سب باتیں دنیا میں ہوتی رہی ہیں مگر آج کل ان کی کثرت خارق عادت کے طور پر ہو رہی ہے۔ جس کی وجہ سے یہ ایک نشان ہے۔ اس آیت میں طاعون کا نام نہیں ہے۔ صرف ہلاکت کا ذکر ہے خواہ کسی قسم کی ہو۔

یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جس قوت اور پوری توجہ سے لوگوں نے دنیا اور اس کے ناجائز وسائل کو مقدم رکھا ہوا ہے اور عظمت الٰہی کو دلوں سے اٹھا دیا ہے۔ اب صرف وعظوں کا کام نہیں ہے کہ اس کا علاج کر سکیں۔ عذاب الٰہی کی ضرورت ہے۔

[1] بنی اسرائیل : ۵۹

بابو شاہدین صاحب نے عرض کیا کہ حضور عذاب سے بھی لوگ عبرت نہیں پکڑتے کہتے ہیں کہ ہمیشہ بیماریاں وغیرہ ہوا ہی کرتی ہیں۔ فرمایا

قرآن شریف میں طوفانِ نوح کا ذکر ہے۔ بجلی کا ذکر ہے اور یہ سب حادثات دُنیا میں ہمیشہ ہوتے رہتے ہیں۔ کیا اُن کے نزدیک یہ عذاب الٰہی نہ تھے؟ جن کا ذکر خدا تعالیٰ نے کیا ہے۔ اور ان سب کا ہمیشہ دنیا میں وجود رہتا ہے مگر جب کثرت ہو اور ہولناک صورت سے ظاہر ہوں اور ایک دنیا میں تہلکہ پڑ جاوے تب یہ نشان ہیں۔ وحی بھی اسی طرح سے ہمیشہ سے ہے۔ ہمیشہ لوگوں کو سچے خواب آتے ہیں تو پھر انبیاء کی خصوصیت کیا ہوئی خصوصیت ہمیشہ کثرت اور درجہ کمال سے ہوتی ہے۔ اب اس وقت جو ہلاکت مختلف طور سے ہو رہی ہے اس کی نظیر یہ دکھلادیں۔

گذشتہ دنوں عالیجناب احسان علی خانصاحب برادر نواب محمد علی خانصاحب مالیر کوٹلہ سے تشریف لائے تھے۔ انہوں نے حضرت اقدس سے نیاز بھی حاصل کیا تھا اور آپ نے ایک جامع تقریر بھی اس وقت زبانی تھی جس سے ان کے اکثر شبہات و شکوک کا قلع قمع ہوا تھا۔ انہیں کا ذکر ہوتا رہا کہ ان کے ایک مصاحب نے یہ کہا ہے کہ ابھی مہدیؑ مسیح کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ لوگ نمازیں پڑھتے ہیں۔

اس پر آپ نے فرمایا کہ

عام طور پر دلوں میں دہریت گھر کر گئی ہے۔ لاکھوں مسلمان عیسائی ہو گئے ہیں۔ صلیبی فتنہ بڑھ رہا ہے۔ اگر اب بھی ضرورت نہیں۔ تو کیا یہ چاہتے ہیں کہ اسلام کا نام ونشان رہے۔ اس کی تو وہی مثال ہے کہ ایک میّت موجود ہو اس میں رُوح کا نام ونشان نہ ہو۔ اور صرف اس کے آنکھ۔ کان۔ ناک وغیرہ اعضاء دیکھ کر کہا جائے کہ یہ میّت نہیں ہے۔ اگر نہیں ہے تو اَور چار دن رکھ کر دیکھ لو۔ جب سڑے گا اور بدبُو پھیلے گی تو خود پتہ لگ جائے گا کہ رُوح کا نام ونشان نہیں صرف پوست ہی پوست ہے۔ ابھی کہتے ہیں۔ کہ

ضرورت نہیں۔

اہل تشیع کو جو محبت حضرت امام حسین سے ہے اور آپ کے واقعہ شہادت کو سُنکر جس طرح ان کے جگر پارہ پارہ ہوتے ہیں اس میں سے تکلف اور تصنع کو دُور کر کے باقی ان لوگوں کے حق میں جو دلی خلوص سے امام صاحب سے محبت رکھتے ہیں اور ان کی شان میں ہر ایک قسم کے غلو کو معیوب قرار دیتے ہیں۔ فرمایا کہ

اس سے ہم منع نہیں کرتے کہ کوئی کسی بزرگ کی محبت یا جدائی میں آنسوؤں سے رو لے۔

فرمایا کہ

ہدایت کے تین طریق ہیں۔ بعض لوگ تو کلمات طیبات سُنکر ہدایت پاتے ہیں۔ بعض تہدید کے محتاج ہوتے ہیں۔ بعض کو آسمانی نشان اور تائید نظر آجاتی ہے کیونکہ

؎ شنیدہ کے بود مانند دیدہ

اب اس وقت جو خدا تعالےٰ دکھلا رہا ہے وہ چشم دید ہے۔ دوسرے نقول ہیں۔

(الحکم جلد ۸ نمبر ۶ صفحہ ۲ مورخہ ۱۷ فروری ۱۹۰۴ء)

یکم فروری ۱۹۰۴ء

(صبح کی سیر)

اتمام حُجّت کی تکمیل

فرمایا کہ

قویٰ خواہ کتنے ہی قوی ہوں اور عمر کس قدر ہی اوائل کیوں نہ ہو مگر تاہم عمر کا اعتبار نہیں ہے۔ نہیں معلوم کہ کس وقت موت آجاوے۔ اس لئے میرا ارادہ ہے کہ اگرچہ اپنے فرض کا ایک حصہ بذریعہ تحریروں کے ہم نے پورا کر دیا ہے مگر تاہم ایک بڑا ضروری

حصہ باقی ہے کہ عوام الناس کے کانوں تک ایک دفعہ خدا تعالیٰ کے پیغام کو پہنچا دیا جاوے
کیونکہ عوام الناس میں ایک بڑا حصہ ایسے لوگوں کا ہوتا ہے جو کہ تعصب اور تکبر وغیرہ سے
خالی ہوتے ہیں اور محض مولویوں کے کہنے سننے سے وہ حق سے محروم رہتے ہیں۔ جو کچھ
یہ مولوی کہہ دیتے ہیں۔ اُسے آمنا و صدقنا کہکر مان لیتے ہیں۔ ہماری طرف کی باتوں
اور دعووں اور دلیلوں سے محض ناآشنا ہوتے ہیں۔ اس لئے ارادہ ہے کہ بڑے بڑے
شہروں میں جاکر بذریعہ تقریر کے لوگوں پر اتمام حجت کی جاوے اور ان کو بتلایا جاوے
کہ ہمارے مامور ہونے کی غرض کیا ہے اور اس کے دلائل کیا ہیں۔

دراصل یہ ایک لمبی تقریر تھی جس کا خلاصہ میں نے درج کر دیا ہے۔ حضرت اقدس
علیہ السلام بہت دُور نکل گئے تھے اور میں پیچھے پہنچا۔ حافظ روشن علی صاحب برادر ڈاکٹر
رحمت علی صاحب مرحوم کی زبانی یہ خلاصہ سُنکر درج کیا گیا ہے جس کی تصدیق دیگر احباب
نے بھی کی۔ اس اتمام حجت کے بعد پنجاب کے بڑے بڑے شہر یا تو خدا تعالےٰ کی
رحمت کے مستحق ہوں گے اور بصورت انکار سخت غضب کے۔

خدا تعالےٰ کی بے نیازی پر ایمان

فرمایا کہ

عمر کی نسبت اگرچہ مجھے الہام بھی ہوا ہے اور خوابیں بھی آئی ہیں مگر جب اللہ تعالیٰ
کی بے نیازی پر نظر پڑتی ہے تو مجھے اپنی عمر کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا کیونکہ اللہ تعالےٰ پر
ہمارا کوئی حق نہیں ہے۔ پھر مجھے لوگوں پر تعجب آتا ہے کہ ان کو عمر کا کوئی وعدہ بھی نہیں
ملا ہوا مگر پھر بھی وہ ایسے عمل کرتے ہیں جیسے کہ مطلق موت آنی ہی نہیں۔ سعادت
یہ ہے کہ موت کو قریب جاننے تو سب کام خود بخود درست ہو جاویں گے۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت کے بہت سے آثار بتلائے مگر تاہم اگر ذرا

سخت آندھی چلتی یا بارش ہوتی تو آپ گھبرا جاتے اور خیال کرتے کہ کیا قیامت تو نہیں آئی۔ اس وقت آپ کی نظر خدا تعالےٰ کی بے نیازی پر ہوتی۔ جنگ بدر میں فتح کا وعدہ تھا مگر تاہم رو رو کر دعائیں کرتے۔ آپ سے پوچھا گیا تو فرمایا کہ فتح کا وعدہ تو ہے مگر شاید کوئی شرط اس میں ایسی پنہاں ہو جس کا مجھے علم نہیں تو پھر فتح نہ ہو۔ موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ کیا کیا وعدے تھے مگر آخر قوم کی قوم جنگلوں میں مَر کھپ گئی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ الٰہی وعدے جن شرائط کے ساتھ مشروط تھے ان کے برعکس قوم نے کارروائی کی۔

جماعت کی شامت اعمال کا اثر مامور پر پڑتا ہے۔ جنگ احد میں ایک طائفہ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا کہا نہ مانا تو آپ کو کس قدر تکلیف ہوئی۔ زخم آپ کو لگے۔ دانت شہید ہوا۔ خود اس قدر سر میں دھنس گئی کہ صحابہؓ زور لگا کر اسے نکالتے نہ نکلتی۔ اللہ تعالےٰ کی بے نیازی کے آگے کسی کی کیا پیش چل سکتی ہے۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۷ صفحہ ۲-۳ مورخہ ۱۶ر فروری ۱۹۰۴ء)

نیز (الحکم جلد ۸ نمبر ۶ صفحہ ۲-۳ مورخہ ۱۷ر فروری ۱۹۰۴ء)

---

۲ تا ۴ر فروری ۱۹۰۴ء

حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طبیعت علیل رہی اور بایں وجہ سیر بھی ملتوی رہا بر د اطراف چکر وغیرہ کے دماغی امراض جو آپ کو مصلحت الٰہی سے لاحق ہیں۔ اُن کے دورے رہے۔ مختلف اوقات میں آپ شریک نماز با جماعت ہوتے رہے اور جو اذکار ان اوقات میں ضبط ہوئے وہ ہدیۂ ناظرین ہیں۔

مرحوم رحمت علی کے ذکر پر آپ نے فرمایا کہ:۔

یہ اس کی پاکیزہ فطرت کی نشانی ہے کہ افریقہ میں غائبانہ طور پر ہمیں قبول کیا۔ اور اس چھوٹی سی عمر میں ترقی اخلاص میں بھی کی

اس سال میں اَور بھی ہمارے مخلص دوست فوت ہوئے ہیں۔

شہد

شہد کے تذکرے پر آپ نے فرمایا کہ

دوسری تمام شیرینیوں کو تو اطبار نے عفونت پیدا کرنے والی لکھا ہے مگر یہ اُن میں سے نہیں ہے۔ آم وغیرہ اور دیگر پھل اس میں رکھ کر تجربے کئے گئے ہیں کہ وہ بالکل خراب نہیں ہوتے سالہا سال ویسے ہی پڑے رہتے ہیں۔

فرمایا کہ

ایک دفعہ میں نے انڈے پر تجربہ کیا تو تعجب ہوا کہ اس کی زردی تو ویسی ہی رہی مگر سفیدی انجماد پا کر مثل پتھر کے سخت ہو گئی جیسے پتھر نہیں ٹوٹتا ویسے ہی وہ بھی نہیں ٹوٹتی تھی خدا تعالیٰ نے اسے شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ کہا ہے۔ واقعہ میں عجیب اور مفید شئے ہے تو کہا گیا ہے یہی تعریف قرآن شریف کی فرمائی ہے۔ ریاضت کش اور مجاہدہ کرنے والے اکثر اسے استعمال کرتے ہیں معلوم ہوتا ہے کہ ہڈیوں وغیرہ کو محفوظ رکھتا ہے۔

اس میں اَلْ جو ناس کے اُوپر لگایا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو اس کے اپنے (یعنی خدا تعالیٰ کے) ناس (بندے) ہیں اور اس کے قرب کے لئے مجاہدے اور ریاضتیں کرتے ہیں ان کے لئے شفا ہے کیونکہ خدا تعالےٰ تو ہمیشہ خواص کو پسند کرتا ہے عوام سے اسے کیا کام ؟

تناسخ کی اصل

فرمایا:-

کوئی عمدہ آدمی فوت ہو تو صدمہ ضرور ہوتا ہے لیکن دنیا ایسی جگہ ہے کہ اس میں

ــــه النحل : ٧٠

پھر ویسے امثال پیدا ہو جاتے ہیں نیکوں کے بھی ، بدوں کے بھی۔ اسی لئے بعض نے دُنیا کو دَوری لکھا ہے کہ جن صفات کے لوگ اس کے ایک دَور میں گذر جاتے ہیں۔ پھر اسی قسم کے لوگ وہی سیرتیں اور صورتیں لے کر دوسرے دَور میں پیدا ہوتے رہتے ہیں۔

مخدوم حضرت مولوی نورالدین صاحب نے عرض کی کہ حضور یہیں سے ٹھوکر کھا کر لوگ تناسخ کے قائل ہو گئے ہیں۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۷ صفحہ ۲ مورخہ ۱۶ر فروری ۱۹۰۴ء)

" (الحکم جلد ۸ نمبر ۶ صفحہ ۳ مورخہ ۱۷ر فروری ۱۹۰۴ء)

۵-۶ فروری ۱۹۰۴ء

۵ تاریخ کو حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام سَیر کو تشریف لے گئے لیکن میں اس سَیر میں ایک مغالطہ کی وجہ سے شریک نہ ہو سکا (ڈائری نویس)

۶ر تاریخ کو عصر کے وقت آپ نے مجلس فرمائی۔ مختلف تذکرے ہوتے رہے۔ سرسید کا ذکر آگیا۔ فرمایا:۔

مداہنہ کی انتہا

دوسری قوم کے رُعب میں آکر اور ان کی ہاں میں ہاں ملاتے ہوئے آخر یہاں تک نوبت پہنچی کہ آپ آخر ایام میں تثلیث کے ماننے والوں کو بھی نجات یافتہ قرار دے گئے۔ مداہنہ کی انتہا یہی ہوا کرتی ہے کہ آخر اسی قوم کا انسان کو بننا پڑتا ہے۔ قرآن شریف میں اسی لئے ہے لَنْ تَرْضٰی عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ[1]۔ دوسرے کو راضی کرنے کے لئے انسان کو اس کے مذہب کو بھی اچھا کہنا پڑتا ہے اسی لئے مداہنہ سے مومن کو پرہیز کرنا چاہیئے۔

فرمایا کہ:۔

[1] البقرۃ: ۱۲۱

مجھے بھی یہ الہام ہوا ہے جیسے کہ براہین میں درج ہے اور میں دیکھتا ہوں کہ اس وقت ان لوگوں (یعنی مخالفوں) میں سے شاذ و نادر ہی ہوگا جو ہم سے راضی ہو اور ہمارے ساتھ اخلاق سے پیش آنا چاہتا ہو۔ ہاں اگر شخصی طور پر کسی کی ذات میں اخلاق سرشت ہوا ہو تو وہ شاید ہم سے اخلاق سے پیش آجاوے ورنہ قومی طور پر ہم سے ہرگز اخلاق سے پیش آنا نہیں چاہتے۔

اجتہادی غلطی

کسی صاحب نے لودھیانہ سے حضرت صاحب کو مخالفین کا یہ اعتراض لکھا کہ شاتان تذبحان کا الہام جو اب شہزادہ عبداللطیف صاحب شہید کے بارے میں لکھا گیا ہے وہ قبل ازیں کسی تصنیف میں مرزا احمد بیگ اور اس کے داماد پر چسپان ہو چکا ہے۔ اس پر آپ نے فرمایا کہ

اگر ہم سے اجتہاد میں غلطی ہو جاوے تو حرج کیا ہے۔ اجتہاد اور شئے ہے اور تفہیم الہٰی اور شئے۔ اگر ہم نے ایک معنی اپنی رائے اور فکر سے کر دیئے تو آخر اپنے وقت پر خدا تعالیٰ نے اصل اور حقیقی معنے بتلا دیئے۔ اس الہام میں یہ الفاظ بھی لکھے ہیں عسٰے ان تحبوا شیئًا وھو لکم۔ اب دیکھنا چاہیئے کہ کیا احمد بیگ جیسے منکرین کی زندگی ہماری محبوبات سے تھی یا مکروہات سے؟ اگر ہماری کوئی غلطی ہو تو اس میں تنقیح طلب امر یہ ہے کہ آیا ایسی غلطیاں انبیاؤں سے ہوتی رہیں کہ نہیں جیسے کہ خواب میں ابوجہل نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو انگور کا خوشہ دیا تو آپ نے اس کے یہ معنے سمجھے کہ ابوجہل کسی وقت مسلمان ہو جاوے گا لیکن وہ تو مسلمان نہ ہوا۔ آخر عکرمہ اس کا بیٹا جب مسلمان ہوا تو خواب کے معنے پورے طور پر سمجھ میں آئے۔

ایک مفتری کی زندگی حباب کی طرح ہوتی ہے لیکن ہمارے سلسلہ میں سچائی کی

خوشبو ہے کہ نہ واعظ ہیں (نہ کانفرنسیں جو مختلف مقاموں پر ہوتی ہیں) نہ لیکچرار ہیں۔ لیکن ہماری صداقت خود بخود لوگوں کے دلوں میں پڑتی جاتی ہے۔ ان لوگوں نے بہتیرا واویلا کیا۔ اور روکتے رہے اور اب بھی کرتے اور روکتے ہیں لیکن پھر بھی ہمارا کچھ بگاڑ نہ سکے۔

اب باریک نظر سے غور سے دیکھو تو ہمارا سلسلہ دن بہ دن ترقی کر رہا ہے اور یہی نشانی ہے اس بات کی کہ یہ خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ اگر یہ نہ ہوتا تو ہمارے مخالف آج تک کب کے کامیاب ہو جاتے۔ ہم یہاں چپ چاپ بیٹھے ہیں۔ کسی تدبیر اور ایسی طاقت سے کام نہیں لیتے کہ اثر انداز ہو۔ نہ دورے لگا رہے نہ کچھ۔ مگر تاہم ایک حرکت شروع ہے۔ روز جو ڈاک آتی ہے شاذ و نادر ہی کوئی دن ایسا ہو تو ہو ورنہ ہر روز بلاناغہ بیعت کے خطوط آتے ہیں اور کوئی دن ایسا نہیں پڑھتا کہ اس میں کوئی نہ کوئی بیعت کے لئے تیاری نہ کرتا ہو۔

تین قسم کے لوگ

فرمایا کہ

اس وقت تین قسم کے لوگ ہیں :۔

ایک وہ جو بغض و حسد میں جلے ہوئے ہیں اور ضد اور تعصب سے مخالفت پر آمادہ ہیں۔ ان کی تعداد تو بہت ہی کم ہے۔

دوسرے وہ جو اس طرف رجوع کرتے ہیں ان کی تعداد تو بہت ہی کم ہے۔

تیسرے وہ جو خاموش ہیں نہ اِدھر ہیں نہ اُدھر۔ ان کی تعداد کثیر ہے وہ ملانوں کے زیر اثر نہیں ہیں اور نہ ان کے ساتھ مل کر سب و شتم کرتے ہیں۔ اس لئے وہ ہماری مد میں ہیں۔

فرقہ معاندین غنیمت ہے

یہ فرقہ جو معاندین کا ہے اگر نہ ہوتا تو چپ رہنے والے اصل میں کوئی شئے نہیں ہیں

انہیں کی وجہ سے تحریک ہوتی ہے وہ شور ڈال ڈال کر ان لوگوں کو خواب غفلت سے بیدار کرتے ہیں۔ ان کی باتوں میں چونکہ آسمانی تائید نہیں ہوتی اس لئے تناقض ہوتا ہے۔ خدا تعالیٰ کچھ فرماتا ہے اور یہ کچھ کہتے ہیں۔ قال کچھ ہے اور حال کچھ ہے۔ آخر شور شرابا سُنکر بعض کو تحریک ہوتی ہے کہ دیکھیں تو سہی ہے کیا۔ پھر جب وہ تحقیق کرتے ہیں تو حق ہماری طرف ہوتا ہے آخر اُن کو ماننا پڑتا ہے۔

معاندین ہم پر کیا کیا الزام لگاتے ہیں۔کہیں کہتے ہیں کہ یہ پیغمبروں کو گالیاں دیتے ہیں۔کہیں کہتے ہیں کہ نماز روزہ وغیرہ ادا نہیں کرتے۔ آخرکار تنقید پسند طبائع ان باتوں سے فائدہ اُٹھاکر ہماری طرف رجوع کرتے ہیں۔ اس جماعت معاندین کے ہونے سے ہمارا برسوں کا کام دنوں میں ہو رہا ہے۔ لوگ آگے ہی منتظر ہیں۔ وقت خود شہادت دے رہا ہے اور اُن کی آنکھیں اس طرف لگی ہوئی ہیں کہ آنے والا آوے۔ جب یہ معاندین ایک مفتری کے رنگ میں ہمیں پیش کرتے ہیں تو تحقیق کرتے کرتے خود حق پا لیتے ہیں۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۷ صفحہ ۳-۴ مورخہ ۱۶؍ فروری ۱۹۰۴ء)

نیز (الحکم جلد ۸ نمبر ۶ صفحہ ۳ مورخہ ۱۷؍ فروری ۱۹۰۴ء)

۷؍ فروری ۱۹۰۴ء

ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب لاہور سے تشریف لائے تھے۔ حضرت اقدس نے باہر تشریف لاتے ہی ڈاکٹر صاحب سے اپنی ناسازیٔ طبع کا ذکر فرمایا۔[1] اور اسی سلسلہ میں فرمایا:-

---

[1] حاشیہ۔ البدر میں ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے کچھ ادویہ عرض کیں۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۷ صفحہ ۴ مورخہ ۱۶؍ فروری ۱۹۰۴ء)

انسان کا اصل طبیب اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے اس کو بنایا ہے۔

ضُعفِ دماغ

میں دیکھتا ہوں کہ ہماری کمزوری کا بِتر یہ ہے کہ چونکہ اللہ تعالیٰ نے یہ مقدر کیا ہوا تھا کہ اس وقت جہاد کے خیالات کو دُور کیا جاوے اور ہم کو اس سے الگ رکھنا تھا۔ اس لئے اس نے عوارض اور کمزوری کے ساتھ بھیجا۔ اور یہ بھی کہ اپنی کسی کارروائی پر گھمنڈ نہ ہو بلکہ ہر وقت اللہ تعالیٰ ہی کے فضل کے خواستگار رہیں۔

نزول کے لفظ میں بھی یہی بِتر ہے گویا آسمان سے اُترا ہے یعنی سب کام خدا تعالیٰ ہی کی طرف سے ہوتے ہیں۔ اس میں انسانی دخل نہیں ہے اور جب انسانی ارادوں اور منصوبوں سے الگ ہوئے تو وہ سب امور خارق عادت ٹھہرے۔

عام طور پر بھی کہا کرتے ہیں کہ خدا اُتر کر لڑا ہے مگر تعجب کی بات ہے کہ ہمارے مخالفوں نے سب باتوں کو جسمانی بنا لیا ہے۔ ادھر یہ مان لیا ہے کہ دو زرد چادریں پہنے ہوئے اُترے گا۔[1] معلوم نہیں ان بھگوے کپڑوں کے پہننے سے اس کی کیا غرض ہو گی۔ یہ چادریں شاید حضرت ادریس نے سی کر دی ہوں گی۔ پھر تعجب ہے کہ وہ کبھی مَیلی نہ

---

[1] البدر میں ہے:۔

"یہ لوگ ظاہر پر عمل کرتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ کا یہ منشا نہیں ہے یہ منتظر ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے آویں اور دو زرد چادریں اوڑھی ہوئی ہوں ایک اُوپر اور ایک نیچے۔ لیکن یہ نہیں بتلاتے کہ آیا وہ چادریں آسمان پر رنگی جاویں گی یا یہاں سے ہی فرشتے لیکر آسمان پر پہنچاویں گے اور وہ اوڑھ کر نیچے اُتریں گے۔ ان چادروں سے مراد امراض ہیں اور یہی دونو امراض ہمیں لگے ہوئے ہیں۔ نیچے کی چادر سے مراد پیشاب کی بیماری ہے اور اُوپر سے مراد سَر کی بیماری ہے۔ ان دونوں میں مَیں ہمیشہ مبتلا رہتا ہوں۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۷ صفحہ ۴)

ہوں گی اور نہ وہ کبھی اُن کو اُتاریں گے اور نہ وہ پھینٹیں گی۔ یہ کیسی عجیب باتیں ہیں جن کو سُنکر ہنسی آتی ہے۔ ادھر یہ لباس تجویز کیا اور خدمت یہ تجویز کی کہ وہ جنگلوں میں خنزیر مارتا پھرے۔[1]

پردہ

حضرت ام المومنین کی طبیعت کسی قدر ناساز رہا کرتی تھی۔ آپ نے ڈاکٹر صاحب سے مشورہ فرمایا کہ اگر وہ ذرا باغ میں چلی جایا کریں تو کچھ حرج تو نہیں۔ انہوں نے کہا کہ نہیں۔ اس پر اعلیٰ حضرت نے فرمایا کہ

دراصل میں تو اس لحاظ سے کہ معصیت نہ ہو[2] کبھی کبھی گھر کے آدمیوں کو اس لحاظ سے کہ شرعاً جائز ہے اور اس پر کوئی اعتراض نہیں رعایت پردہ کے ساتھ باغ میں لے جایا کرتا

---

[1] البدر میں ہے۔ "ان میں ضدین کو جمع کیا ہے ادھر بھگوے کپڑے پہناتے ہیں ادھر ہاتھ میں نیزہ" (البدر جلد ۳ نمبر ۷ صفحہ ۴)

[2] البدر میں ہے:۔ "عورتوں کو سخت تکلیف ہوتی ہے جب موسم متعفن ہوتا ہے تو ان کو اسی چاردیواری کے حبس میں زندگی بسر کرنی پڑتی ہے۔ لوگ اگرچہ ملامت کرتے ہیں اور بُرا جانتے ہیں لیکن جبکہ ایک امر خدا تعالےٰ کی رضا کے برخلاف نہیں ہے تو ہمیں اس کے بجالانے میں کیا تامل ہے جبکہ خدا تعالیٰ نے مرد و عورت میں مساوات رکھی ہے۔ تو اسی خیال سے کہ کہیں ان کو حبس میں رکھنا معصیت کا موجب نہ ہو میں گاہے گاہے اپنے گھر سے چند دوسری عورتوں کے ساتھ باغ میں سَیر کے لئے لے جایا کرتا تھا۔ اور اب بھی ارادہ ہے کہ لے جایا کروں۔

یورپ کے اعتراض پردہ پر بیحیائی کے ہیں اور اُن میں تفریط ہے اور مسلمانوں میں افراط ہے کہ گھروں کو عورتوں کے لئے بالکل حبس بنا دیا ہے۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

تھا اور میں کسی ملامت کرنے والے کی پروا نہیں کرتا۔ حدیث شریف میں بھی آیا ہے کہ بہار کی ہوا کھاؤ۔ گھر کی چار دیواری کے اندر ہر وقت بند رہنے سے بعض اوقات کئی قسم کے امراض حملہ کرتے ہیں۔ علاوہ اس کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہؓ کو لیجایا کرتے تھے جنگوں میں حضرت عائشہ ساتھ ہوتی تھیں۔

پردہ کے متعلق بڑی افراط تفریط ہوئی ہے۔ یُورپ والوں نے تفریط کی ہے اور اب ان کی تقلید سے بعض نیچری بھی اسی طرح چاہتے ہیں حالانکہ اس بے پردگی نے یورپ میں فسق و فجور کا دریا بہا دیا ہے اور اس کے بالمقابل بعض مسلمان افراط کرتے ہیں کہ کبھی عورت گھر سے باہر نکلتی ہی نہیں۔ حالانکہ ریل پر سفر کرنے کی ضرورت پیش آجاتی ہے۔ غرض ہم دونو قسم کے لوگوں کو غلطی پر سمجھتے ہیں جو افراط اور تفریط کر رہے ہیں۔

(الحکم جلد ۸ نمبر ۶ صفحہ ۵ مورخہ ۱۷ر فروری ۱۹۰۴ء)

۸ر فروری ۱۹۰۴ء

(صبح کی سَیر)

حسب معمول حضرت حجۃ اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام سَیر کے لئے تشریف لائے۔ بسلسلہ کلام مقدمات کے متعلق شروع ہوا۔ اور چند منٹ کے بعد سلسلہ کلام کا رُخ بدل گیا جس کو ہم اپنے الفاظ اور طرز پر مرتب کر کے لکھتے ہیں:۔

آخری فتح دُعا سے ہے

میں دیکھتا ہوں کہ یہ زمانہ اس قسم کا آگیا ہے کہ انصاف اور دیانت سے کام نہیں لیا

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ حضرت عائشہؓ کو باہر اپنے ساتھ لیجایا کرتے تھے جنگوں میں بھی اپنے ساتھ رکھتے تھے جو پردہ کہ سمجھا گیا ہے وہ غلط ہے۔ قرآن شریف نے جو پردہ بتلایا ہے وہ ٹھیک ہے (البدر جلد ۳ نمبر ۷ صفحہ ۶ مورخہ ۱۶ر فروری ۱۹۰۴ء) ۱؎ (حاشیہ اگلے صفحہ پر)

جاتا اور بہت ہی تھوڑے لوگ ہیں جن کے واسطے دلائل مفید ہو سکتے ہیں ورنہ دلائل کی پرواہی نہیں کی جاتی۔ اور قلم کام نہیں دیتا۔ ہم ایک کتاب یا رسالہ لکھتے ہیں۔ مخالف اس کے جواب میں لکھنے کو تیار ہو جاتے ہیں۔[1] اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ دعا سے آخری فتح ہوگی اور انبیاء علیہم السلام کا یہی طرز رہا ہے کہ جب دلائل اور حجج کام نہیں دیتے تو ان کا آخری حربہ دُعا ہوتی ہے جیسا کہ فرمایا واستفتحوا وخاب کل جبار عنید۔[1] یعنی جب ایسا وقت آجاتا ہے کہ انبیاء ورسل کی بات لوگ نہیں مانتے تو پھر دعا کی طرف توجہ

[1] البدر میں ہے:۔ "زمانہ کی حالت آپ نے بتلائی کہ جس کو دیکھو رُد بدنیا ہے دین کی فکر اور اس کے لئے سوز وگداز ہرگز نہیں۔ دنیا کے کیڑے بنے ہوئے ہیں۔" (البدر جلد ۳ ص ۵)

البدر میں یوں لکھا ہے:۔ "عیسائیت کے مہلک فتنہ کی نسبت آپ نے فرمایا کہ بہت غور اور فکر کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اب صرف قلموں اور کاغذوں کا ہی کام نہیں ہے کہ وہ اس فتنہ کو فرو کر سکے کتابیں ہم نے لکھیں تو اس کے مقابل پر انہوں نے بھی لکھ دیں۔ لوگ اپنے اپنے نفس کی فکر میں اس قدر مصروف ہیں کہ ان کو مقابلہ کرنے کی فرصت ہی نہیں ہوتی اور جب انہوں نے مقابلہ ہی نہ کیا تو پھر حق کیسے کھلے۔ اس لئے اب میرا ارادہ ہے کہ ایک لمبا سلسلہ دعا اور انقطاع کا شروع کیا جاوے۔ نرے وعظ اور تبلیغ سے کیا ہونا ہے۔ انبیاء بھی جب وعظ اور تبلیغ سے تھک گئے اور دیکھا کہ ابھی فتنہ برقرار ہے تو پھر انہوں نے دعا کی طرف توجہ کی تاکہ توجہ باطنی سے فتنہ کو پاش پاش کیا جاوے جیسے کہ اللہ تعالےٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے۔ واستفتحوا وخاب کل جبار عنید۔ پ ۱۳ رکوع ۱۵۔ یعنی جب رسولوں نے دیکھا کہ وعظ اور پند سے کچھ فائدہ نہ ہوا تو انہوں نے ہر ایک بات سے کنارہ کش ہو کر خدا تعالےٰ کی طرف توجہ کی اور اس سے فیصلہ چاہا تو پھر فیصلہ ہوگیا۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۷ صفحہ ۵ مورخہ ۱۶ ر فروری ۱۹۰۴ء)

[1] ابراھیم: ۱۶

کرتے ہیں اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کے مخالف متکبر و سرکش آخر نامراد اور ناکام ہو جاتے ہیں۔

ایسا ہی مسیح موعود کے متعلق جو یہ آیا ہے وَ نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا[1] اس سے بھی مسیح موعود کی دعاؤں کی طرف اشارہ پایا جاتا ہے۔ نزول از آسمان کے بھی معنے ہیں کہ جب کوئی امر آسمان سے پیدا ہوتا ہے تو کوئی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا اور اُسے رد نہیں کر سکتا۔ آخری زمانہ میں شیطان کی ذریت بہت جمع ہو جائے گی کیونکہ وہ شیطان کا آخری جنگ ہے مگر مسیح موعود کی دعائیں اس کو ہلاک کر دیں گی۔

نوح کے زمانہ سے مناسبت

اسی طرح نوح علیہ السلام کے زمانہ میں بھی ایسا ہی ہوا۔ جب حضرت نوح تبلیغ کرتے کرتے تھک گئے تو آخر انہوں نے دعا کی تو نتیجہ یہ ہوا کہ ایک طوفان آیا جس نے شریروں کو ہلاک کر دیا اور اس طرح پر فیصلہ ہو گیا۔ آخر ان کی کشتی ایک پہاڑ پر جا ٹھہری جس کو اب اراراٹ کہتے ہیں۔ اراراٹ کی اصل یہ ہے۔ اَرَا رات یعنی میں پہاڑ کی چوٹی کو دیکھتا ہوں۔* انہوں نے ایک پہاڑ کا سرا دیکھ کر کہا تھا اور اب اسی نام سے یہ مشہور ہو گیا اور بگڑ کر اراراٹ بن گیا۔ یہ زمانہ بھی نوح علیہ السلام کے زمانہ سے مشابہ ہے خدا تعالیٰ نے میرا نام بھی نوح رکھا ہے اور وہی الہام جو کشتی کا نوح کو ہوا تھا یہاں بھی ہوا ہے۔ اسی طرح پر اب خدا تعالیٰ نے فیصلہ کرنا چاہا ہے اور حقیقت میں اگر ایسا نہ ہوتا تو ساری دنیا دہریہ ہو جاتی اقبال اور کثرت نے دنیا کو اندھا کر دیا ہے۔

* البدر میں ہے:۔ "راٹ عبرانی زبان میں پہاڑ کی چوٹی کو کہتے ہیں اور آرا کے معنے میں نے دیکھ لیا۔ نوح علیہ السلام نے جب چاروں طرف نظر ماری اور پانی ہی پانی نظر آیا تو چونکہ کچھ پانی اُتر چلا تھا اس لئے جُودی پہاڑ کی چوٹی اُن کو نظر آئی۔ اور اسی وجہ سے اس کا نام ارارت پڑ گیا۔" (البدر جلد ۲ نمبر ۱ صفحہ ۵ مورخہ ۲۷ فروری ۱۹۰۳ء)

[1] الکہف: ۱۰۰

اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ

جو کہا گیا ہے بالکل سچ ہے۔ انسان جب سلطنت اور حکومت کو دیکھتا ہے تو اس کے خوش کرنے کے لئے اور اس سے فائدہ اُٹھانے کے واسطے وہی رنگ اختیار کرنے لگتا ہے یہی وجہ ہے کہ اس وقت عیسائیوں کی کثرت، ان کی قومی ثروت اور اقبال نے لوگوں کو خیرہ کر دیا ہے اور ان وجوہات سے بہت سے لوگوں کو ادھر توجہ ہو گئی ہے۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ اب وہ وقت آگیا ہے کہ اس مذہب کا خاتمہ ہو جاوے اور اس کے لئے دُعا کی بہت ضرورت ہے۔ عیسائی خود بھی محسوس کرتے ہیں کہ یہ سلسلہ ان کے مذہب کو ہلاک کر دے گا۔

دل را بدل راہیست

دل کو دل سے راہ ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پادری جس قدر ہماری جماعت کو بُرا سمجھتے ہیں اور اس سے دشمنی کرتے ہیں وہ دوسرے مسلمانوں کو اس قدر بُرا نہیں سمجھتے جہاں کہیں ہمارا ذکر ہو گالیاں دیتے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ ان کی فطرت خود تسلیم کرتی ہے کہ یہ سلسلہ ان کو ہلاک کر دینے والا ہے جیسے بلّی کا منہ جب چوہا دیکھتا ہے حالانکہ اس نے پہلے کبھی اس پر حملہ نہ بھی کیا ہو فوراً ہی سمجھ جاتا ہے کہ یہ میری دشمن ہے۔ بکری نے کبھی شیر کو دیکھا بھی نہ ہو۔ لیکن جونہی اسے نظر آجاوے وہ گھبرا کر کھانا پینا چھوڑ دیگی اسی طرح پر عیسائی ہمارے سلسلہ کے کسی آدمی کو دیکھ کر ہی اس سے بیزار ہو جاتے ہیں وہ جانتے ہیں[1] کہ اُن سے کوئی امید ان کو نہیں ہے۔ ان کی فطرت ہی ان کو بتا دیتی ہے۔

---

[1] البدر میں ہے:۔ "ان لوگوں نے تاڑ لیا ہے کہ عیسائی مذہب کے دشمن اگر ہیں تو ہم ہی ہیں اور کوئی فرقہ مسلمانوں میں سے نہیں ہے۔" (البدر جلد ۳ نمبر ۷ صفحہ ۵ مورخہ ۱۶ فروری ۱۹۰۴ء)

فطرت کے معنے

فطر کے معنے پھاڑنے کے ہیں اور فطرت سے یہ مراد ہے کہ انسان خاص طور پر پھاڑا گیا ہے۔ جب آسمان سے قوت آتی ہے تو نیک قوتیں پھٹنی شروع کر دیتی ہیں۔

امتیاز خبیث و طیّب

فرمایا:-

براہین احمدیہ میں جو یہ الہام ہے بڑا ہی پُرزور اور مبشّر ہے۔ وما کان اللہ لیترکک حتّٰی یمیز الخبیث من الطیّب. یعنی خدا ایسا نہیں ہے جو تجھے چھوڑ دے جب تک پاک اور پلید میں فرق کر کے نہ دکھاوے۔ یہ الہام بڑا ہی مبشّر ہے۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ عظیم الشان فیصلہ کرنا چاہتا ہے۔

عیسائیوں کی کثرت اور مسلمانوں کی ہمت

اگرچہ یہ سچی بات ہے کہ جب سے عیسائیوں کا قدم آیا ہے مسلمانوں نے اپنی طرف سے کمی نہیں کی اور کسی نہ کسی حد تک ان کا مقابلہ کرتے رہے ہیں اور کتابیں اور رسالے لکھتے رہے ہیں لیکن باوجود اس کے بھی ان کی جماعت بڑھتی ہی گئی یہانتک کہ اب شاید تیس لاکھ کے قریب مرتد ہو چکے ہیں اس لئے میں یقیناً سمجھتا ہوں کہ کسرِ صلیب جانگاہ دعاؤں پر موقوف ہے۔ دعاؤں میں ایسی قوت ہے کہ جیسے آسمان صاف ہو اور لوگ تضرع و ابتہال کے ساتھ دعا کریں تو آسمان پر بدلیاں سی نمودار ہو جاتی ہیں اور بارش ہونے لگتی ہے۔ اسی طرح پر مَیں خوب جانتا ہوں کہ دُعا اس باطل کو ہلاک کر دے گی۔ اور لوگوں کو تو غرض نہیں ہے[1] کہ وہ دین کے لئے دعا کریں مگر میرے نزدیک بڑا چارہ

---

[1] البدر میں ہے:- "ایک بڑی مشکل یہ ہے کہ ان لوگوں کو اس قسم کی دعا سے مطلب ہی کیا ہے کہ اس فتنہ کے بطلان اور استیصال کے لئے دعائیں کریں ان کی توکل دعا میں اپنے اپنے نفس کی ضروریات تک محدود ہیں حالانکہ اس زمانہ میں دعا ایک بڑا جنگ ہے۔"
(البدر جلد ۳ نمبر ۷ صفحہ ۵ مورخہ ۱۶ فروری ۱۹۰۴ء)

دُعا ہی ہے اور یہ بڑا خطرناک جنگ ہے جس میں جان جانے کا بھی خطرہ ہے ؎

اندریں وقتِ مصیبت چارۂ ما بیکساں
جُز دعائے بامداد و گریۂ اسحار نیست

پھر ان دعاؤں کے لئے گوشہ نشینی کی بڑی ضرورت ہے۔ کئی دفعہ یہ بھی خیال آیا ہے کہ باغ میں کوئی الگ مکان دعاؤں کے واسطے بنالیں۔

غرض یہ تو میں نے فیصلہ کیا ہوا ہے کہ محض قلم سے کچھ نہیں بنتا۔[1] اغراضِ نفسانی نے انسان کو دبایا ہوا ہے بہت سے لوگ نوکری کی غرض سے عیسائی ہو رہے ہیں اور بعض اور نفسانی غرض کی وجہ سے اور بعض لوگ گورنمنٹ کے تعلقات کی وجہ سے

آسائش کی حقیقی راہ

اس طریق پر سچی راحت اور آسائش نہیں مل سکتی۔ مومن کو حقیقی راحت اور آسائش کے لئے رُو بخدا ہونا چاہیئے۔ جو مومن آسائش کی زندگی چاہتے ہیں۔ وہ خدا تعالیٰ پر بھروسہ کریں اور اس کے سوا کسی اور پر بھروسہ نہ کریں یقیناً یاد رکھیں کہ خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسروں پر بھروسہ کرنے والے کو سچا خیر خواہ نہ پائیں گے۔

مسیح اوّل اور مسیح آخر کی دُعا

مجھے خیال آتا ہے کہ حضرت مسیح نے جب دیکھا کہ صلیب کا واقعہ ٹلنے والا نہیں تو اُن کو اس امر کا بہت ہی خیال ہوا کہ یہ موت لعنتی موت ہو گی پس اس موت سے بچنے کے لئے انہوں نے بڑی دعا کی۔ دل بریاں اور چشم گریاں سے انہوں نے دُعا کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ آخر وہ دعا قبول ہو گئی چنانچہ لکھا ہے فَسُمِعَ لِتَقْوٰهُ

---

[1] البدر سے:۔ "کیونکہ پادریوں کے پاس روپیہ بہت ہے اور لوگوں کو اغراض نے دبا رکھا ہے کسی نے نوکری کے لئے کسی نے حاجت کے لئے اپنے آپ کو ان کا دست نگر بنا رکھا ہے اس لئے دلائل وغیرہ کا جو اثر دلوں پر ہونا چاہیئے وہ نہیں ہوتا۔"
(البدر جلد ۳ نمبر ۶ صفحہ ۵)

ہم کہتے ہیں کہ جیسے پہلے مسیح کی دعا سُنی گئی ہماری بھی سُنی جاوے گی مگر ہماری دعا اور مسیح کی دعا میں فرق ہے۔ اس کی دُعا اپنی موت سے بچنے کے لئے تھی اور ہماری دُعا دنیا کو موت سے بچانے کے لئے۔ ہماری غرض اس دعا سے اعلائے کلمۃ الاسلام ہے۔ احادیث میں بھی آیا ہے کہ آخر مسیح ہی کی دعا سے فیصلہ ہوگا۔[1]

دلائل سے بھی کام لو

اگرچہ فیصلہ دُعاؤں سے ہی ہونیوالا ہے مگر اسکے یہ معنے نہیں کہ دلائل کو چھوڑ دیا جاوے نہیں دلائل کا سلسلہ بھی برابر رکھنا چاہیئے اور قلم کو روکنا نہیں چاہیئے۔ نبیوں کو خدا تعالیٰ نے اسی لئے اولوالایدی والابصار کہا ہے کیونکہ وہ ہاتھوں سے کام لیتے ہیں۔ پس چاہیئے کہ تمہارے ہاتھ اور قلم نہ رکیں اس سے ثواب ہوتا ہے۔[2] جہانتک بیان اور لسان سے کام لے سکو لئے جاؤ اور جو جو باتیں تائید دین کے لئے سمجھ میں آتی جاویں انہیں پیش کئے جاؤ وہ کسی نہ کسی کو فائدہ پہنچائیں گی۔

میری غرض اور نیت بھی یہی ہے کہ جب وہ وقت آوے تو اپنے وقت کا ایک حصہ اس کام کے لئے بھی رکھا جاوے۔ اصل بات یہ ہے کہ جب تبتّل تام اور انقطاع کلی سے دُعا کرے تو ایسے ایسے خارق عادت اور سماوی امور کھلتے ہیں اور سوجھتے ہیں کہ وہ دنیا پر حجت ہو جاتے ہیں۔ اس لئے اس دعا کے وقت جو کچھ خدا تعالےٰ ان کے استیصال کے وقت دل میں ڈالے وہ سب پیش کیا جاوے۔

---

[1] البدر میں ہے:۔ "حدیثوں میں جو یہ مذکور ہے کہ جب کسی کو دجّال کے مقابلہ کی طاقت نہ رہے گی اور ہر جگہ اس کا تسلط ہوگا تو آخر کار مسیح دعا کریگا اور اس دعا سے وہ ہلاک ہوگا۔" (البدر جلد ۳ نمبر ۸ صفحہ ۲ مورخہ ۲۴ فروری ۱۹۰۴ء)

[2] البدر سے :۔ "ہاں یہ ضرور ہے کہ تدابیر پہ بھروسہ نہ کرے۔ نظر خدا پر رکھے" (البدر حوالہ مذکورہ)

فرمایا کہ

کھانسی جب شدت سے ہوتی ہے تو بعض وقت دم رُکنے لگتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جان کندن کی سی حالت ہے۔ چنانچہ اس شدت کھانسی میں مجھے اللہ تعالےٰ کی غناء ذاتی کا خیال گذرا اور میں سمجھتا تھا کہ اب گویا موت کا وقت قریب ہے۔ اس وقت الہام ہوا۔

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا[1]

اس کے یہ معنے سمجھائے گئے کہ ایسا خیال اس وقت غلط ہے بلکہ اس وقت جب اذا جاء نصر اللہ والفتح کا نظارہ دیکھ لو۔ اس وقت تو کوچ ضروری ہو جاتا ہے۔ سب کے لئے یہی اصول ہے کہ جب وہ کام جس کے لئے اس کو بھیجا جاتا ہے۔ ختم ہو جاتا ہے تو پھر وہ رخصت ہوتا ہے۔

ہر کسے را بہر کارے ساختند

تو سچ ہے مگر سب آدمی اپنے کام اور غرض سے جس کے لئے وہ آئے ہیں واقف نہیں ہوتے۔ بعض کا اتنا ہی کام ہوتا ہے کہ چوپایوں کی طرح کھا پی لینا وہ سمجھتے ہیں کہ اتنا گوشت کھاتا ہے۔ اس قدر کپڑا پہنتا ہے وغیرہ اور کسی بات کی ان کو پروا اور فکر ہی نہیں ہوتی۔ ایسے آدمی جب پکڑے جاتے ہیں تو پھر یک دفعہ ہی اُن کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ لیکن جو لوگ خدمت دین میں مصروف ہوں۔ اُن کے ساتھ نرمی کی جاتی ہے۔ اس وقت تک کہ جب تک وہ اس کام اور خدمت کو پورا نہ کر لیں۔

انسان اگر چاہتا ہے کہ اپنی عمر بڑھائے اور لمبی عمر پائے تو اُس کو چاہیئے کہ جہانتک ہو سکے خالص دین کے واسطے اپنی عمر کو وقف کرے۔ یہ یاد رکھے کہ اللہ تعالیٰ سے دھوکا نہیں چلتا۔ جو اللہ تعالےٰ کو دغا دیتا ہے وہ یاد رکھے کہ اپنے نفس کو دھوکا دیتا ہے وہ اس کی پاداش میں ہلاک ہو جاوے گا۔

[1] النصر: ۲-۳

پس عمر بڑھانے کا اس سے بہتر کوئی نسخہ نہیں ہے کہ انسان خلوص اور وفاداری کے ساتھ اعلاء کلمۃ الاسلام میں مصروف ہو جاوے اور خدمت دین میں لگ جاوے اور آج کل یہ نسخہ بہت ہی کارگر ہے کیونکہ دین کو آج ایسے مخلص خادموں کی ضرورت ہے۔ اگر یہ بات نہیں ہے تو پھر عمر کا کوئی ذمہ دار نہیں ہے یونہی چلی جاتی ہے۔

ایک صحابی کا ذکر ہے کہ اس کے ایک تیر لگا اور اس سے خون جاری ہو گیا۔ اس نے دُعا کی کہ اے اللہ عمر کی تو مجھے کوئی غرض نہیں ہے۔ البتہ میں یہود کا انتقام دیکھنا چاہتا تھا جنہوں نے اس قدر اذیتیں اور تکلیفیں دی ہیں۔ لکھا ہے کہ اسی وقت اس کا خون بند ہو گیا جب تک کہ وہ یہود ہلاک نہ ہوئے اور جب وہ ہلاک ہو گئے تو خون جاری ہو گیا اور اس کا انتقال ہو گیا۔[1]

حقیقت میں سب امراض اللہ تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہیں۔ کوئی مرض اس کے حُکم کے بغیر پیش دستی نہیں کر سکتا۔ اس لئے ضرور ہے کہ خدا تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرے۔ یہی اقبال کی راہ ہے مگر افسوس ہے جن راہوں سے اقبال آتا ہے ان کو انسان بدظنی کی نظر سے دیکھتا ہے اور نحوست کی راہوں کو پسند کرتا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ آخر گر جاتا ہے۔[2]

(الحکم جلد ۵ نمبر ۶ صفحہ ۵، ۶ مورخہ ۱۷ فروری ۱۹۰۱ء)

---

[1] البدر میں یہ واقعہ یوں درج ہے۔ "ایک صحابی کو جنگ میں تیر لگا۔ وہ اپنی جان سے مایوس ہوئے۔ اسی وقت خدا سے دعا مانگی اور کہا کہ مجھے عمر کا تو فکر نہیں ہے تھوڑی ہو یا بہت۔ مگر جن یہودیوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ستایا ہے میں چاہتا ہوں کہ اُن سے انتقام لُوں۔ وہ اسی وقت اچھے ہو گئے اور پھر برابر زندہ رہے حتیٰ کہ اُن یہودیوں سے انتقام لیا۔ خدا کی قدرت جب انتقام لے چکے تو اسی مقام سے خون جاری ہو گیا اور وہ فوت ہو گئے" (البدر جلد ۲ نمبر ۷ صفحہ ۲ مورخہ ۲۴ فروری ۱۹۰۱ء) ؛ [2] (حاشیہ اگلے صفحہ پر)

۹ر فروری ۱۹۰۴ء

(قبل از عشاء)

کمال کے ساتھ عیوب جمع نہیں ہو سکتے

عشاء سے بیشتر آپ نے مجلس فرمائی اور فرمایا :-

کمال کے ساتھ عیوب جمع نہیں ہو سکتے۔ اس زمانہ میں ایک عبداللطیف کا ہی نمونہ دیکھ لو کہ جس حالت میں اس نے جان جیسی عجیب شئے سے دریغ نہ کیا تو اب جان کے بعد اس پر کیا نکتہ چینی کر سکتے ہیں۔ خواہ کوئی ہزار پردہ ڈالے مگر ان کی استقامت پر شک نہیں ہو سکتا۔ بیوی بچوں، مال وجاہ کی پروانہ کرنا اور یہاں سے جا کر اُن میں سے کسی سے نہ ملنا ایسی استقامت ہے کہ سُن کر لرزہ آتا ہے۔ دُنیا میں بھی اگر ایک نوکر خدمت کرے اور حق وفا کا ادا کرے تو جو محبت اس سے ہوگی وہ دوسرے سے کیا ہو سکتی ہے۔ جو صرف اس بات پر ناز کرتا ہے کہ میں نے کوئی اچک پنا نہیں کیا حالانکہ اگر کرتا

البدر میں مزید لکھا ہے :-

فتنہ نصاریٰ پر رائے

میرا مذہب یہ ہے کہ اگرچہ بہت لوگوں نے اس باطل کی تردید میں آزادانہ مضامین بھی لکھے ہیں مگر ابھی تک یہ حالت ہے جیسے سفید بیل کی کھال پر کوئی بال سیاہ ہو کیونکہ قومی تعصب نے گھر کیا ہوا ہے۔ اگر کوئی نیکبخت انگریز ہو اور وہ اسلامی شعار کا قائل ہو تو اپنے آپ کو ظاہر نہیں کر سکتا اور یہ فتنہ اس قدر بڑھ گیا ہوا ہے کہ اگر کل درخت قلمیں بن جاویں تو بھی اُسے کفایت نہیں کر سکتیں۔ دنیا کا وہ حصہ جو کہ وحشیانہ زندگی بسر کرتا ہے چھوڑ کر باقی میں نصف کے قریب عیسائی ہیں۔ اب اس وقت ہر ایک مومن کا کام یہ چاہیئے کہ جبتک دم میں دم ہے اس باطل مذہب کا مقابلہ کرتا رہے۔ اور اصل بات یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کا ہاتھ نہ ہو تو کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔" (البدر جلد ۳ نمبر ۸ صفحہ ۲ مؤرخہ ۲۴ فروری ۱۹۰۴ء)

تو سزا پاتا۔ اتنی بات سے حقوق قائم نہیں ہو سکتے۔ حقوق تو صرف صدق و وفا سے قائم ہو سکتے ہیں۔ جیسے

ابراھیم الّذی وفّٰی [1]

(البدر جلد ۳ نمبر ۸ صفحہ ۲ مورخہ ۲۴ر فروری ۱۹۰۴ء)

۱۱ر فروری ۱۹۰۴ء

(بوقت شام)

اقوال سلف کی اصلاح

فرمایا

سید احمد صاحب سرہندی کا ایک خط ہے جس میں انہوں نے بتلایا ہے کہ اس قدر احمد مجھ سے پیشتر گذر چکے ہیں اور ایک آخری احمد ہے۔

پھر آپ نے اس کی ملاقات کی خواہش ظاہر کی ہے اور خود اس کے زمانہ سے پیشتر ہونے پر افسوس کیا ہے اور لکھا ہے یا اسفا علیٰ لقائہ۔

پھر فرمایا کہ

ان کا ایک قول میرے نزدیک درست نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ کرامات اس وقت صادر ہوتی ہیں۔ جب کہ سالک الی اللہ کا صعود تو اچھا ہو مگر نزول اچھا نہ ہو اور اگر نزول بھی اچھا ہو تو پھر کرامات صادر نہیں ہوتیں۔ گویا کرامات کے صدور کا وہ ادنیٰ درجہ قرار دیتے ہیں حالانکہ یہ غلط ہے۔ جس قدر انبیاء آئے ہیں اُن سے بارش کی طرح کرامات صادر ہوتی رہی ہیں۔ اُن کے اس قول سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنی پردہ پوشی کرتے ہیں اور خود ان کو اس کوچہ میں دخل نہیں تھا

فتوح الغیب کو اگر دیکھا جاوے تو بہت سیدھے سادے رنگ میں سلوک

[1] النجم : ۳۸

اور توحید کی راہ بتلائی ہے۔ شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ قائل ہیں کہ جو شخص ایک خاص تعلق اور پیوند خدا تعالیٰ سے کرتا ہے اس سے ضرور مکالمہ الٰہی ہوتا ہے۔ یہ کتاب ایک اور رنگ میں ان کے اپنے سوانح معلوم ہوتے ہیں جیسے جیسے خدا تعالیٰ کا فضل ان پر ہوتا رہا اور وہ ترقی مراتب کرتے رہے ویسے ویسے بیان کرتے رہے۔

ادب مسجد

صاحبزادہ میاں بشیر احمد صاحب اپنے دوسرے بھائیوں کے ساتھ کھیلتے کھیلتے مسجد میں آگئے اور اپنے ابا جان (مسیح موعود علیہ السلام) کے پاس ہو بیٹھے اور اپنے لڑکپن کے باعث کسی بات کے یاد آجانے پر آپ دبی آواز سے کھل کھلا کر ہنس پڑتے تھے اس پر حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ

مسجد میں ہنسنا نہیں چاہیئے

جب دیکھا کہ ہنسی ضبط نہیں ہوتی تو اپنے باپ کی نصیحت پر یوں عمل کیا کہ صاحبزادہ صاحب اسی وقت اُٹھ کر چلے گئے۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۸ صفحہ ۳ مورخہ ۲۴ر فروری ۱۹۰۴ء)

۱۵ر فروری ۱۹۰۴ء

کوئی آٹھ بجے رات کا وقت تھا کہ بمقام گورداسپور حضرت اقدس کے کمرہ میں چند احباب بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کا روئے سخن جناب ڈاکٹر محمد اسمٰعیل صاحب احمدی انچارج پلیگ ڈیوٹی گورداسپور کی طرف تھا کہ تقویٰ کے مضمون پر حضرت اقدس نے ایک تقریر فرمائی۔ وہ تقریر اس وقت لکھی تو نہیں گئی مگر جو کچھ نوٹ اور یادداشت نہانی یاد رہ سکے ان کو مع ما آمد کے لئے درج اخبار کیا جاتا ہے۔

تدبیر اور توکل

انسان کو چاہیئے کہ تقویٰ کو ہاتھ سے نہ دیوے اور خدا تعالےٰ پر بھروسہ رکھے تو پھر اسے کسی قسم کی تکلیف نہیں ہو سکتی۔ خدا تعالےٰ پر بھروسہ کے یہ معنے نہیں ہیں کہ انسان تدبیر کو ہاتھ سے چھوڑ دے بلکہ یہ معنے ہیں کہ تدبیر پُوری کر کے پھر انجام کو خدا تعالےٰ پر چھوڑے اس کا نام توکل ہے۔ اگر تدبیر نہیں کرتا اور صرف توکل کرتا ہے۔ تو اس کا توکل پھوکا (جس کے اندر کچھ نہ ہو) ہوگا۔ اور اگر نری تدبیر کر کے اس پر بھروسہ کرتا ہے اور خدا تعالےٰ پر توکل نہیں ہے تو وہ تدبیر بھی پھوکی (جس کے اندر کچھ نہ ہو) ہوگی۔ ایک شخص اونٹ پر سوار تھا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اُس نے دیکھا۔ تعظیم کے لئے نیچے اُترا اور ارادہ کیا کہ توکل کرے اور تدبیر نہ کرے چنانچہ اُس نے اونٹ کا گھٹنا نہ باندھا۔ جب رسول اللہ علیہ وسلم سے مل کر آیا تو دیکھا کہ اونٹ نہیں ہے واپس آکر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ میں نے تو توکل کیا تھا لیکن میرا اونٹ جاتا رہا آپ نے فرمایا کہ تو نے غلطی کی پہلے اونٹ کا گھٹنا باندھتا اور پھر توکل کرتا۔ تو ٹھیک ہوتا

تدبیر سے مُراد وہ ناجائز وسائل نہیں ہیں جو کہ آج کل لوگ استعمال کرتے ہیں۔ بلکہ خدا تعالیٰ کے احکام کے موافق ہر ایک سبب اور ذریعہ کی تلاش کا نام تدبیر ہے۔ ایسے ہی انسان کو اپنے نفس کے تزکیہ کے لئے تدبیر سے کام لینا چاہیئے اور شیطان جو اس کے پیچھے ہلاک کرنے کو لگا ہے اس کو دُور کرنے کے واسطے تدابیر بھی سوچنی چاہئیں بلکہ صوفیا نے لکھا ہے کہ کسی سے فریب کرنا اگرچہ ناجائز ہے لیکن شیطان کے ساتھ یہ جائز ہے۔ غرضکہ متقی بننے کے لئے دعا بھی کرو اور تدابیر بھی کرو۔ دعا سے خدا تعالےٰ کا فضل ہوتا ہے لیکن اگر انسان نے تدابیر سے کچھ تیاری نہ کی ہوئی ہو تو وہ فضل کس کام آوے گا۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ کسان اپنی زمین کی کلبہ رانی تو نہ کرے نہ اسے صاف کرے نہ

سہاگہ وغیرہ پھیرے صرف دعا کرتا رہے کہ بارش ہو جاوے اور اناج تیار ملے تو اس کی دعا کس کام آوے گی؟ دعا اس وقت فائدہ دے گی جب وہ کلبہ رانی کر کے زمین کو تیار رکھیگا

عُجب و ریا مہلک ہیں

عجب اور ریا بہت مہلک چیزیں ہیں۔ ان سے انسان کو بچنا چاہیئے۔ انسان ایک عمل کر کے لوگوں کی مدح کا خواہاں ہوتا ہے۔ بظاہر وہ عمل عبادت وغیرہ کی صورت میں ہوتا ہے جس سے خدا تعالےٰ راضی ہو مگر نفس کے اندر ایک خواہش پنہاں ہوتی ہے کہ فلاں فلاں لوگ مجھے اچھا کہیں اس کا نام ریا ہے اور عُجب یہ کہ انسان اپنے عمل سے اپنے آپ کو اچھا جانے کہ نفس خوش ہو۔ اُن سے بچنے کی تدابیر کرنی چاہئیں کہ اعمال کا اجر اُن سے باطل ہو جاتا ہے۔

اس مقام پر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل خاں صاحب نے عرض کی کہ حضور شیطان سے فریب کی کوئی مثال بیان فرمائی جاوے۔ چنانچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسی ذکر میں مثال یوں بیان فرمائی کہ

ایک مولوی ایک جگہ وعظ کر رہے تھے انہوں نے ایک دینی خدمت کے واسطے کئی ہزار روپیہ چندہ جمع کرنا تھا۔ اُن کے وعظ اور ضرورت دینی کو دیکھ کر ایک شخص اُٹھا اور دو ہزار روپیہ کی ایک تھیلی لا کر مولوی صاحب کے سامنے رکھ دی۔ مولوی صاحب نے اسی وقت مجلس میں اس کے سامنے اس کی تعریف کی کہ دیکھو یہ بڑا نیک بخت انسان ہے اس نے ابھی اپنا گھر جنت میں بنا لیا اور یہ ایسا ہے ویسا ہے۔ جب اُس نے اپنی تعریف سُنی تو اُسی وقت گھر گیا اور جھٹ واپس آکر باآواز بلند اس نے کہا کہ مولوی صاحب اس روپے کے دینے میں مجھ سے غلطی ہو گئی ہے۔ اصل میں یہ مال میری والدہ کا ہے اور میں اس کی بے اجازت لے آیا تھا۔ لیکن اب وہ مطالبہ کرتی ہے۔ مولوی صاحب نے کہا اچھا لے جاؤ۔ چنانچہ وہ شخص اسی وقت روپیہ اُٹھا کر لے گیا۔ یا تو لوگ اس کی تعریف

کرتے تھے اور ریا اسی وقت اس کی مذمت شروع کر دی کہ بڑا بیوقوف ہے۔ روپیہ لانے سے اول کیوں نہ ماں سے دریافت کیا۔ کسی نے کہا جھوٹا ہے۔ روپیہ دے کر افسوس ہوا تو اب یہ بہانہ بنا لیا وغیرہ وغیرہ۔ جب مولوی صاحب وعظ کر کے چلے گئے تو رات کو ۱۲ بجے وہ شخص وہ روپیہ لے کر ان مولوی صاحب کے گھر گیا اور جگا کر اُن کو کہا کہ اس وقت تم نے میری تعریف کر کے سارا اجر میرا باطل کرنا چاہا۔ اس لئے میں نے شیطان کے وسوسوں سے بچنے کی یہ تدبیر کی تھی۔ اب یہ روپیہ تم لو مگر تم سے قسمیہ عہد لیتا ہوں کہ عمر بھر میرا نام کسی کے آگے نہ لینا کہ فلاں نے یہ روپیہ دیا۔ اب مولوی حیران ہوا اور کہا کہ لوگ تو ہمیشہ لعنت کرتے رہیں گے اور تم کہتے ہو کہ میرا نام نہ لینا۔ اُس نے کہا مجھے یہ لعنتیں منظور ہیں مگر ریا سے بچنا چاہتا ہوں۔

تو یہ ریا اور عُجب بڑی بیماریاں ہیں۔ ان سے بچنا چاہیئے اور بچنے کے لئے تدابیر بھی کرنی چاہئیں اور دعا بھی کرنی چاہیئے۔

شیطان سے فریب کی مثال ایسی ہے جیسے کسی کے گھر کو آگ لگے تو وہ اپنے دوسرے حصے مکانات کے بچانے کے لئے ایک مکان کو خود بخود گراتا ہے۔

تدابیر انسان کو ظاہری گناہ سے بچاتی ہیں لیکن ایک کشمکش اندر قلب میں باقی رہ جاتی ہے اور دل ان مکروہات کی طرف ڈانواں ڈول ہوتا رہتا ہے اُن سے نجات پانے کے لئے دُعا کام آتی ہے کہ خدا تعالےٰ قلب پر ایک سکینت نازل فرماتا ہے۔

ہر ایک کامیابی کی جڑ تقویٰ اور سچا ایمان ہے اس کے نہ ہونے سے گناہ صادر ہوتے ہیں۔ مقدر جو انسان کا ہے وہ اُسے مل کر رہتا ہے پھر نہیں معلوم کہ خلاف تقویٰ امور کی ضرورت کیوں درپیش آتی ہے۔ ایک چور چوری کر کے اپنا مقدر حاصل کرنا چاہتا ہے اگر وہ چوری نہ کرتا تو بھی حلال ذریعہ سے وہ اُسے مل کر رہتا۔ اسی طرح ایک زانی زنا کر کے عورتوں کی لذات حاصل کرتا ہے۔ اگر وہ زنا نہ کرے تو جس قدر عورتوں کی لذات اُس

لئے مقدر ہیں وہ کسی نہ کسی حلال ذرائع سے اُسے مل کر رہتیں۔ لیکن سارا فساد ایمان کا نہ ہونا ہے۔ اگر تقویٰ پر قدم ماریں اور ایمان پر قائم رہیں تو کبھی کسی کو تکلیف نہ ہو۔ اور خدا تعالیٰ سب کی حاجت روا کرتا ہے۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۹ صفحہ ۷ مورخہ یکم مارچ ۱۹۰۴ء)

---

۲۰ فروری ۱۹۰۴ء

(دربار شام)

الخبیثٰت للخبیثین[1]

انسان اگر اپنے نفس کی پاکیزگی اور طہارت کی فکر کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگ کر گناہوں سے بچتا رہے تو اللہ تعالیٰ یہی نہیں کہ اس کو پاک کر دے گا بلکہ وہ اس کا متکفل اور متولی بھی ہو جائے گا۔* اور اسے خبیثات سے بچائے گا۔ الخبیثٰت للخبیثین کے یہی معنے ہیں۔ اندرونی معصیت، ریاکاری، عُجب، تکبّر، خوشامد، خود پسندی، بدظنی اور بدکاری وغیرہ وغیرہ خباثتوں سے بچنا چاہیئے۔ اگر اپنے آپ کو ان خباثتوں سے بچاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو پاک و مطہر کر دے گا۔☒

تقویٰ کیا ہے اور کیونکر حاصل ہوتا ہے

مگر ضروری امر یہ ہے کہ پہلے یہ سمجھ لے کہ تقویٰ کیا چیز ہے اور کیونکر حاصل ہوتا ہے تقویٰ تو یہ ہے کہ باریک در باریک پلیدگی سے بچے اور اس کے حصول کا یہ طریق ہے کہ

---

* البدر سے:- "اس لئے اندرونی پلیدی کا خیال رکھو کہ وہ تمہارے قلب کو پلید نہ کر دیوے"

(البدر جلد ۳ نمبر ۹ صفحہ ۳ مورخہ یکم مارچ ۱۹۰۴ء)

☒ البدر سے:- "بیباک ہو کر خدا تعالیٰ کے احکام کو توڑنا اور شوخی اور شرارت سے امر کا انکار کرنا بڑی خباثتیں ہیں جن سے بچنا نہایت ضروری ہے" (حوالہ مذکور)

[1] النور: ۲۷

انسان ایسی کامل تدبیر کرے کہ گناہ کے کنارہ تک نہ پہنچے۔ اور پھر نری تدبیر ہی کو کافی نہ سمجھے بلکہ ایسی دعا کرے جو اس کا حق ہے کہ گداز ہو جاوے۔ بیٹھ کر، سجدہ میں، رکوع میں، قیام میں اور تہجد میں غرض ہر حالت اور ہر وقت اسی فکر و دعا میں لگا رہے کہ اللہ تعالیٰ گناہ اور معصیت کی خباثت سے نجات بخشے۔ اس سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے کہ انسان گناہ اور معصیت سے محفوظ اور معصوم ہو جاوے اور خدا تعالیٰ کی نظر میں راست باز اور صادق ٹھہر جاوے لیکن یہ نعمت نہ تو نری تدبیر سے حاصل ہوتی ہے اور نہ نری دعا سے بلکہ یہ دعا اور تدبیر دونو کے کامل اتحاد سے حاصل ہو سکتی ہے۔ جو شخص نری دعا ہی کرتا ہے اور تدبیر نہیں کرتا وہ شخص گناہ کرتا ہے اور خدا تعالیٰ کو آزماتا ہے۔ ایسا ہی جو نری تدبیر کرتا ہے اور دعا نہیں کرتا وہ بھی شوخی کرتا اور خدا تعالیٰ سے استغنا ظاہر کر کے اپنی تجویز اور تدبیر اور زورِ بازو سے نیکی حاصل کرنا چاہتا ہے۔

تدبیر اور دعا دونو ضروری ہیں

لیکن مومن اور سچے مسلمان کا یہ شیوہ نہیں وہ تدبیر اور دعا دونو سے کام لیتا ہے۔ پوری تدبیر کرتا ہے اور پھر معاملہ خدا تعالیٰ پر چھوڑ کر دعا کرتا ہے اور یہی تعلیم قرآن شریف کی پہلی ہی سورۃ میں دی گئی ہے* چنانچہ فرمایا ہے ایاك نعبد وایاك نستعین[1] جو شخص اپنے قویٰ سے کام نہیں لیتا وہ نہ صرف اپنے قویٰ کو ضائع کرتا اور اُن کی بیحرمتی کرتا ہے بلکہ وہ گناہ کرتا ہے۔ مثلاً ایک شخص ہے جو کنجروں کے ہاں جاتا ہے اور اسی بد صحبت میں اپنا دن رات بسر کرتا ہے اور پھر دعا کرتا ہے کہ اے اللہ مجھے گناہ سے بچا ایسا شوخ انسان خدا تعالیٰ سے مسخری کرتا ہے اور اپنی جان پر ظلم۔ اس سے اس کو کچھ فائدہ

* البدر سے :۔ "جیسے خدا تعالیٰ نے تعلیم دی ہے ایاك نعبد وایاك نستعین جس کے یہ معنے ہیں کہ جو کچھ قویٰ خدا تعالیٰ نے انسان کو عطا کئے ہیں اُن سے پورا کام لے کر پھر وہ انجام کو خدا کے سپرد کرتا ہے اور خدا تعالیٰ سے عرض کرتا ہے کہ جہانتک

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

[1] الفاتحۃ : ۵

نہ ہوگا اور آخر یہ خیال کر کے کہ میری دعا سُنی نہیں گئی وہ خدا سے بھی منکر ہو جاتا ہے۔

اس میں شک نہیں ہے کہ انسان بعض اوقات تدبیر سے فائدہ اُٹھاتا ہے لیکن تدبیر پر کلی بھروسہ کرنا سخت نادانی اور جہالت ہے جب تک تدبیر کے ساتھ دعا نہ ہو کچھ نہیں اور دعا کے ساتھ تدبیر نہ ہو تو کچھ فائدہ نہیں۔ جس کھڑکی کی راہ سے معصیت آتی ہے۔ پہلے ضروری ہے کہ اس کھڑکی کو بند کیا جاوے۔ پھر نفس کی کشاکش کے لئے دعا کرتا رہے ※ اسی کے واسطے کہا ہے والّذین جاھدوا فینا لنھدینّھم سبلنا[1]۔ اس میں کس قدر ہدایت تدابیر کو عمل میں لانے کے واسطے کی گئی ہے۔ تدابیر میں خدا کو نہ چھوڑے ✉ دوسری طرف فرماتا ہے۔ ادعونی استجب لکم[2]۔ پس اگر انسان پورے تقوے کا طالب ہے تو تدبیر کرے اور دعا کرے۔ دونو کو جو بجا لانے کا حق ہے۔ بجا لائے۔ تو ایسی حالت میں خدا اس پر رحم کرے گا لیکن اگر ایک کرے گا اور دوسری کو چھوڑیگا تو محروم رہے گا۔

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ۔ تو نے مجھے توفیق عطا کی تھی۔ اس حد تک تو میں نے اس سے کام لیلیا۔ یہ ایاك نعبد کے معنے ہیں۔ اور پھر ایاك نستعین کہہ کر خدا سے امداد چاہتا ہے کہ باقی مرحلوں کے لئے میں تجھ سے امداد طلب کرتا ہوں (البدر جلد ۲ نمبر ۹ صفحہ ۲)

※ البدر سے:۔ "جو ذرائع معصیت کے ہیں ان کو ترک کرنا لازمی ہے ان ذرائع سے علیحدہ ہونے کے بعد ایک کشاکش نفس میں رہتی ہے کہ اُسے بار بار خیال اُس بدی کے ارتکاب کا آتا ہے یہ اس لئے ہوتا ہے کہ وہ ایک عرصہ اس میں گذار چکا ہے اس سے نجات پانے کا ذریعہ دعا ہے" (البدر حوالہ مذکور)

✉ البدر سے:۔ "جاھدوا فینا کے یہی معنے ہیں کہ حصول تقویٰ کے لئے حتی الوسع تدابیر کو کام میں لاوے۔ اور پھر دوسری جگہ ادعونی استجب لکم کہہ کر بتلا دیا کہ جب تدابیر کر چکو تو پھر خدا سے دعا مانگو وہ قبول ہوگی۔" (البدر حوالہ مذکور)

[1] العنکبوت: ۷۰ [2] المؤمن: ۶۱

تقویٰ کے ثمرات

انسان ایسے طریق سے تقویٰ پر قائم ہوتا ہے اور تقوی اللہ ہر ایک عمل کی جڑ ہے جو اس سے خالی ہے وہ فاسق ہے۔ تقویٰ سے زینت اعمال پیدا ہوتی ہے اور اس کے ذریعہ اللہ تعالےٰ کا قرب ملتا ہے اور اسی کے ذریعہ وہ اللہ تعالےٰ کا ولی بن جاتا ہے چنانچہ فرمایا ہے ان اولیاؤہ الا المتقون[1]۔ ⁕

مجاھدہ موت قبل الموت

کامل طور پر جب تقویٰ کا کوئی مرحلہ باقی نہ رہے تو پھر یہ اولیاء اللہ میں داخل ہو جاتا ہے اور تقویٰ حقیقت میں اپنے کامل درجہ پر ایک موت ہے کیونکہ جب نفس کی سارے پہلوؤں سے مخالفت کرے گا تو نفس مرجاوے گا۔ اسی لئے کہا گیا ہے کہ موتوا قبل ان تموتوا۔ نفس ☒ توسن گھوڑے کی طرح ہوتا ہے اور جو لذت تبتل اور انقطاع میں ہوتی ہے اس سے بالکل ناآشنا ہوتا ہے۔ جب اس پر موت آجاوے گی تو چونکہ خلا محال ہے اس لئے دوسری لذات جو تبتل اور انقطاع میں ہوتی ہیں شروع ہو جائیں گی۔ یہی وہ بات ہے جس کی ہماری ساری جماعت کو ہر وقت مشق کرنی چاہیئے ✿ جیسے بچے

⁕ البدر سے:۔ "ان اولیاؤہ الا المتقون۔ ولایت کا حصہ تقویٰ ہی پر ہے خدا تعالیٰ سے ترساں اور لرزاں ہو کر اگر اسے حاصل کرو گے تو کمال تک پہنچ جاؤ گے"۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۹ صفحہ ۳ مورخہ یکم مارچ ۱۹۰۴ء)

☒ البدر میں ہے:۔ "نفس ظاہری لذات کا دلدادہ ہوتا ہے۔ پنہانی لذات سے یہ بالکل بےخبر ہے اسے خبردار کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اول ظاہری لذات پر ایک موت وارد ہو اور پھر نفس کو پنہانی لذات کا علم ہو۔ اس وقت الٰہی لذت جو کہ جنتی زندگی کا نمونہ ہے شروع ہوگی"۔ (البدر حوالہ مذکور)

✿ البدر میں ہے:۔ "ہماری جماعت کو چاہیئے کہ نفس پر موت وارد کرنے اور حصول تقوے

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

[1] الانفال: ۳۵

جب تختیوں پر بار بار لکھتے ہیں تو آخر خوش نویس ہو جاتے ہیں۔

والّذین جاھدوا فینا[1] میں مجاہدہ سے مراد یہی مشق ہے کہ ایک طرف دعا کرتا ہے دوسری طرف کامل تدبیر کرے۔ آخر اللہ تعالیٰ کا فضل آجاتا ہے اور نفس کا جوش و خروش دب جاتا اور ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور ایسی حالت ہو جاتی ہے جیسے آگ پر پانی ڈال دیا جاوے۔ بہت سے انسان ہیں جو نفس امارہ ہی میں مبتلا ہیں۔

جماعت کی اندرونی اصلاح

میں دیکھتا ہوں کہ جماعت میں باہم نزاعیں بھی ہو جاتی ہیں اور معمولی نزاع سے پھر ایک دوسرے کی عزت پر حملہ کرنے لگتا ہے اور اپنے بھائی سے لڑتا ہے۔ یہ بہت ہی نامناسب حرکت ہے۔ یہ نہیں ہونا چاہیئے بلکہ ایک اگر اپنی غلطی کا اعتراف کرلے تو کیا حرج ہے۔

بعض آدمی ذرا ذرا سی بات پر دوسرے کی ذلت کا اقرار کئے بغیر پیچھا نہیں چھوڑتے۔ ان باتوں سے پرہیز کرنا لازم ہے۔ خدا تعالیٰ کا نام ستار ہے۔ پھر یہ کے لئے وہ اول مشق کریں جیسے بچے خوش خطی سیکھتے ہیں تو اول اول ٹیڑھے حرف لکھتے ہیں لیکن آخرکار مشق کرتے کرتے خود ہی صاف اور سیدھے حروف لکھنے لگ جاتے ہیں۔ اسی طرح ان کو بھی مشق کرنی چاہیئے جب اللہ تعالیٰ ان کی محنت کو دیکھے گا تو خود ان پر رحم کرے گا۔" (البدر جلد ۳ نمبر ۹ صفحہ ۳)

٭ البدر سے:- " ابھی تک بہت سے آدمی جماعت میں ایسے ہیں کہ تھوڑی سی بات بھی خلافِ نفس سُن لیتے ہیں تو اُن کو جوش آجاتا ہے حالانکہ ایسے تمام جوشوں کو فرو کرنا بہت ضروری ہے تاکہ حلم اور بردباری طبیعت میں پیدا ہو۔ دیکھا جاتا ہے کہ جب ایک ادنیٰ سی بات پر بحث شروع ہوتی ہے تو ایک دوسرے کو مغلوب کرنے کی فکر میں ہوتا ہے کہ کسی طرح میں خاتح ہو جاؤں (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

[1] العنکبوت: ۷۰

کیوں اپنے بھائی پر رحم نہیں کرتا اور عفو اور پردہ پوشی سے کام نہیں لیتا۔ چاہیئے کہ اپنے بھائی کی پردہ پوشی کرے اور اس کی عزت و آبرو پر حملہ نہ کرے۔

ایک چھوٹی سی کتاب میں لکھا دیکھا ہے کہ ایک بادشاہ قرآن لکھا کرتا تھا۔ ایک ملاّ نے کہا کہ یہ آیت غلط لکھی ہے۔[1] بادشاہ نے اُس وقت اس آیت پر دائرہ کھینچ دیا کہ اس کو کاٹ دیا جائے گا۔ جب وہ چلا گیا تو اُس دائرہ کو کاٹ دیا۔ جب بادشاہ سے پوچھا کہ کہ ایسا کیوں کیا تو اس نے کہا کہ دراصل وہ غلطی پر تھا مگر میں نے اس وقت دائرہ کھینچ دیا کہ اس کی دلجوئی ہو جاوے۔[2]

یہ بڑی رعونت کی جڑ اور بیماری ہے کہ دوسرے کی خطا پکڑ کر اشتہار دے دیا جاوے۔[3] ایسے امور سے نفس خراب ہو جاتا ہے اس سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ غرض یہ سب امور تقویٰ میں داخل ہیں اور اندرونی بیرونی امور میں تقویٰ سے کام لینے والا فرشتوں میں داخل کیا جاتا ہے کیونکہ اس میں کوئی سرکشی باقی نہیں رہ جاتی۔ تقویٰ حاصل کرو کیونکہ تقویٰ کے بعد ہی خدا تعالیٰ کی برکتیں آتی ہیں۔ متقی دنیا کی بلاؤں سے بچایا جاتا ہے۔ خدا اُن

"ایسے موقعہ پر جوش نفس سے بچنا چاہیئے اور رفع فساد کے لئے ادنیٰ ادنیٰ باتوں میں دیدہ دانستہ خود ذلت اختیار کر لینی چاہیئے۔ اس امر کی کوشش ہرگز نہ کرنی چاہیئے کہ مقابلہ میں اپنے دوسرے بھائی کو ذلیل کیا جاوے۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۹ صفحہ ۳، ۴ مورخہ یکم مارچ ۱۹۰۴ء)

[1] حاشیہ: البدر میں یوں لکھا ہے " یہ لفظ تم نے غلط لکھا ہے "۔ (مرتب)

[2] حاشیہ: البدر میں ہے:۔ "دیکھو اس نے بادشاہ ہو کر ایک غریب ملاں کا دل نہ دکھانا چاہا" (حوالہ مذکور صفحہ [illegible])

[3] حاشیہ: البدر میں ہے:۔ " اپنے بھائی پر فتح پانے کا خیال رعونت کی ایک جڑ ہے۔ اور بڑی بھاری مرض ہے کہ وہ اپنے ایک بھائی کے عیب کے مشتہر کرنے کی ترغیب دلاتی ہے " (البدر حوالہ مذکور)

کا پردہ پوش ہو جاتا ہے۔ جب تک یہ طریق اختیار نہ کیا جاوے کچھ فائدہ نہیں۔ ایسے لوگ میری بیعت سے کوئی فائدہ نہیں اُٹھا سکتے۔[1] فائدہ ہو بھی تو کس طرح جب کہ ایک ظلم تو اندر ہی رہا۔ اگر وہی جوش، رعونت، تکبر، عجب، ریاکاری، سریع الغضب ہونا باقی ہے جو دوسروں میں بھی ہے تو پھر فرق ہی کیا ہے؟[2] سعید اگر ایک ہی ہو اور وہ سارے گاؤں میں ایک ہی ہو تو لوگ کرامت کی طرح اس سے متاثر ہوں گے۔ نیک انسان جو اللہ تعالیٰ سے ڈر کر نیکی اختیار کرتا ہے اس میں ایک ربانی رُعب ہوتا ہے اور دلوں میں پڑ جاتا ہے کہ یہ باخدا ہے۔[3] یہ بالکل سچی بات ہے کہ جو خدا تعالےٰ کی طرف سے آتا ہے خدا تعالیٰ اپنی عظمت سے اس کو حصہ دیتا ہے اور یہی طریق نیک بختی کا ہے۔

پس یاد رکھو کہ چھوٹی چھوٹی باتوں[4] میں بھائیوں کو دُکھ دینا ٹھیک نہیں ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جمیع اخلاق کے متمم ہیں اور اس وقت خدا تعالیٰ نے آخری نمونہ آپ کے اخلاق کا قائم کیا ہے۔ اس وقت بھی اگر وہی درندگی رہی تو پھر سخت افسوس اور کم نصیبی ہے۔ پس دوسروں پر عیب نہ لگاؤ کیونکہ بعض اوقات انسان دوسرے پر عیب لگا کر خود

---

[1] البدر میں ہے۔ "یاد رکھو بیعت کا زبانی اقرار کچھ شئے نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ تزکیۂ نفس چاہتا ہے۔" (البدر جلد ۳ نمبر ۹ صفحہ مورخہ یکم مارچ ۱۹۰۴ء)

[2] البدر سے۔ "اس لئے اپنے نفسوں میں تبدیلی کرو اور اخلاق کا اعلےٰ نمونہ حاصل کرو۔" (البدر حوالہ مذکور)

[3] البدر سے۔ "خواہ کیسی ہی دشمنی ہو رفتہ رفتہ سب خود بخود اس کے تابع ہو جاویں گے اور بجائے حقارت کے اس کی عظمت کرنے لگ جاویں" (البدر حوالہ مذکور)

[4] البدر سے:۔ "چھوٹی چھوٹی باتوں میں طول دینا اور بھائیوں کو رنج پہنچانا بہت بُری بات ہے" (البدر حوالہ مذکور)

اس میں گرفتار ہو جاتا ہے اگر وہ عیب اس میں نہیں لیکن اگر وہ عیب سچ مچ اس میں ہے تو اس کا معاملہ پھر خدا تعالیٰ سے ہے۔

بہت سے آدمیوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ اپنے بھائیوں پر محض ناپاک الزام لگا دیتے ہیں۔ ان باتوں سے پرہیز کرو۔ بنی نوع انسان کو فائدہ پہنچاؤ اور اپنے بھائیوں ☒ سے ہمدردی ہمسایوں سے نیک سلوک کرو۔ اور اپنے بھائیوں سے نیک معاشرت کرو اور سب سے پہلے شرک سے بچو کہ یہ تقویٰ کی ابتدائی اینٹ ہے۔

(الحکم جلد ۸ نمبر ۸ صفحہ ۷-۸ مورخہ ۱۰ مارچ ۱۹۰۴ء)

---

۲۱ فروری ۱۹۰۴ء

بوقت ظہر

منکرین سے مقابلہ کے وقت ابتلا کا ہونا بھی ضروری ہے

مقدمات کے تذکرہ پر حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ:-

انبیاء و رسل کے سوانح پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ درمیان میں ہمیشہ مکروہات آ جایا کرتے ہیں طرح طرح کی ناکامیاں پیش آتی ہیں زلزلوا زلزالاً شدیداً[1] سے معلوم ہوتا ہے کہ حد درجہ کی ناکامی کی صورتیں پیدا ہو جاتی ہیں لیکن یہ شکست اور ہزیمت نہیں ہوا کرتی۔ ابتلا میں مامور کا صبر و استقلال اور جماعت کی استقامت اللہ تعالیٰ دیکھتا ہے۔ وہ خود فرماتا ہے کتب اللہ لاغلبن انا و رسلی[2]۔ لفظ کتب سنت اللہ پر دلالت کرتا ہے یعنی یہ خدا تعالیٰ کی عادت ہے کہ وہ اپنے رسولوں کو ضرور ہی غلبہ دیا کرتا ہے۔ درمیانی دشواریاں کچھ شئے نہیں ہوتیں اگرچہ وہ ضاقت علیھم الارض[3] کا ہی مصداق کیوں نہ ہو۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۹ صفحہ ۴ مورخہ یکم مارچ ۱۹۰۴ء)

☒ البدر میں "بھائیوں" کی بجائے "بیویوں سے عمدہ معاشرت کرو" لکھا ہے (خاکسار مرتب)

[1] الاحزاب: ۱۲ [2] المجادلہ: ۲۲ [3] التوبۃ: ۱۱۸

(دربار شام)

موسمی بلاؤں اور وباؤں کے تذکرہ پر فرمایا۔

وبائیں اور بلائیں کب پھیلتی ہیں

"جب دنیا میں فسق و فجور پھیل جاتا ہے تو یہ وبائیں دنیا میں آتی ہیں۔ لوگ اللہ تعالےٰ سے لاپروا ہو جاتے ہیں تو اللہ تعالےٰ بھی ان کی پروا نہیں کرتا۔ میں دیکھتا ہوں کہ ابھی ان شوخیوں اور شرارتوں میں کوئی فرق نہیں آیا باوجودیکہ طاعون ایک کھا جانے والی آگ کی طرح بھڑک رہی ہے لیکن وہی مکر و فریب اور بدکاری کے بازار گرم ہیں بلکہ ان میں زیادتی ہی نظر آتی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالےٰ کی کیا مرضی ہے۔ اللہ تعالےٰ تھکتا نہیں۔ پہلے زمانہ میں بھی جب لوگ گناہ سے باز نہیں آئے تو زمین کے تختے پلٹ دیئے گئے ہیں۔ اور شہروں کے نام و نشان مٹا دیئے گئے ہیں۔

جب طاعون پہلے پہل پھیلی تو لوگ سمجھتے تھے کہ یونہی ایک اتفاقی بیماری ہے بہت جلد نابود ہو جائے گی لیکن جیسے اللہ تعالیٰ نے اس وقت جبکہ ابھی اس کا نام و نشان بھی نہ تھا مجھے اطلاع دی تھی کہ یہ وبا آنے والی ہے ویسے ہی ابھی یہ خوفناک عذاب بمبئی ہی میں پھیلا ہوا تھا جو مجھ پر ظاہر کیا گیا کہ یہ وبا سارے پنجاب میں پھیل جائے گی۔ اس پر ناعاقبت اندیش لوگوں نے ہنسی اور ٹھٹھے اڑائے۔ مگر اب دیکھ لو کوئی جگہ ایسی نہیں جو اس سے خالی ہو اور اگر کوئی جگہ ایسی ہے بھی تو اس کے اردگرد آگ لگی ہوئی ہے اس کے محفوظ رہنے کا کوئی معاہدہ نہیں ہو چکا۔

حقیقت میں یہ بڑے ہی اندیشہ اور فکر کی بات ہے جبکہ کوئی علاج بھی اس کا کارگر نہیں ہوا اور زمینی تدابیر میں ناکامی ہوئی ہے تو پھر کس قدر ضروری ہے کہ لوگ سوچیں کہ یہ بلا کیوں آئی ہے اور اس کا علاج کیا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے خبر دی ہے جب تک لوگ سچی توبہ اور رجوع الی اللہ نہیں کرتے اور ان شوخیوں اور شرارتوں

سے باز نہیں آتے جو خدا کی باتوں سے کی جاتی ہیں یہ عذاب پیچھا چھوڑتا نظر نہیں آتا۔ لیکن جب انسان توبہ اور استغفار کرتا ہے اور اپنے اندر ایک پاک تبدیلی کا نمونہ دکھاتا ہے۔ تو پھر خدا تعالیٰ بھی رجوع برحمت کرتا ہے مگر میں دیکھتا ہوں کہ ابھی تک کوئی تبدیلی نہیں ہوئی اسی طرح فسق و فجور کا بازار گرم ہے اور قسم قسم کے گناہ اس زمین پر ہو رہے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابھی عذاب الٰہی کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ پہلی کتابوں میں بھی اس وبا کے متعلق اللہ تعالیٰ کا وعدہ تھا کہ قیامت کے قریب عام مری پڑے گی سو اب وہ دن قریب آگئے ہیں اور مری پڑ رہی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اب زمانہ کا آخر ہے۔

اس بات کو مکرر یاد رکھو کہ جب بخل و حسد اور فسق و فجور کی زہریلی ہوا پھیل جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کی محبت سرد ہو جاتی ہے اور جس طرح پر اللہ تعالیٰ سے ہراساں و ترساں ہونا چاہیئے وہ نہیں رہتا۔ یہ ہوا ایسی ہی ہوتی ہے جیسے بعض اوقات ہیضہ کی زہریلی ہوا پھیلتی ہے اور تباہ کرتی جاتی ہے اس وقت بعض تو ایسے ہوتے ہیں جو اس میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور بعض جو بچ رہتے ہیں ان کا بھی یہ حال ہوتا ہے کہ صحت درست نہیں رہتی۔ ہاضمہ کا فتور یا اور اسی قسم کی خرابیاں ہوا سے متاثر ہو کر پیدا ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح پر جب گناہ کی وبا پھیلتی ہے تو بعض تو اس میں بالکل ہلاک ہو جاتے ہیں اور جو بچ رہتے ہیں اُن کی بھی رُوحانی صحت میں فرق آجاتا ہے۔ سو یہی حال اب ہو رہا ہے۔ اکثر ہیں جو کھلے طور پر بیحیائیوں اور بدکاریوں میں مبتلا ہیں اور وہ تقویٰ اور خدا ترسی سے ہزاروں کوس دُور جا پڑے ہیں اور جو رسمی طور پر دیندار کہلاتے ہیں ان کی یہ حالت ہے کہ کتاب و سنت سے الگ ہو رہے ہیں۔ اپنے خیال اور رائے سے جو جی میں آتا ہے کر گذرتے ہیں۔ اور حقیقت اور مغز کو چھوڑ کر پوست اور ہڈیوں کو لئے بیٹھے ہیں۔ اس لئے خدا تعالیٰ نے اپنی سنت کے موافق ایک عذاب بھیجا ہے کیونکہ وہ ایسی حالت میں قیامت سے پہلے اسی دنیا کو قیامت بنا دیتا ہے اور ایسی خوفناک صورتیں پیدا ہو جاتی ہیں کہ زندگی قیامت

کا نمونہ ہو جاتی ہے اور اب یہ وہی دن ہیں کیونکہ میں دیکھتا ہوں کہ سچائی سے بجائے محبت کے بغض کیا جاتا ہے اور عملی حالتیں خراب ہو چکی ہیں۔ غلط اعتقادات پر ایسا زور دیا گیا ہے کہ حد اعتدال سے بہت تجاوز ہو گیا ہے اور اس حالت پر پہنچ گیا ہے جس کو اعتدار کہتے ہیں۔ ساری قوموں کو دیکھو کہ تیرہ سو برس سے بالکل خاموش اور چُپ چاپ تھے۔ اگرچہ اسلام کے ساتھ اُن کی لڑائیاں بھی ہوتی رہیں مگر وہ شوخیاں اور شرارتیں جو اب اسلام کے استیصال اور نابود کرنے کے واسطے کی جاتی ہیں نہیں کی جاتی تھیں اور وہ مذہبی زہر نہ تھا جو آج ہے۔ پچاس برس پہلے اگر ان کتابوں کو تلاش کریں جو اسلام کے خلاف لکھی گئی تھیں تو شاید ایک بھی نہ ملے[1]۔ لیکن اب اس قدر کتابیں۔ اخبارات اور رسالے۔ اشتہارات نکلتے ہیں کہ اگر اُن کو جمع کیا جاوے تو ایک پہاڑ بن جاوے۔ بعض پرچے عیسائیوں کے کئی کئی لاکھ طبع ہوتے ہیں[2] جن میں ایک عاجز انسان کو خدا بنایا گیا ہے۔ ایسا مجدد، مصلح اور پاک رسول صلے اللہ علیہ وسلم جو ایسے وقت آیا جبکہ دنیا نجاست سے بھری ہوئی تھی اس وقت آپ نے دنیا کو پاک صاف کیا اور اس مردہ عالم کو زندہ کیا۔ اس کی پاک شان میں وہ فحش گالیاں دی جاتی ہیں جو ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر میں سے کسی کو بھی نہیں دی گئیں۔

مجھے تعجب آتا ہے کہ ان کم بختوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہی کو نشانہ بنایا ہے ایک عاجز ابن آدم کو خدا بنایا جاتا ہے اور بدعملی کو بیحیائی اور جرأت سے کیا جاتا ہے۔

---

[1] البدر میں ہے:۔ " اور آج سے ایک صد سال پہلے تلاش کرو تو ایک سو کتب بھی ان کی ایسی نہ ملیں گی جو تردید اسلام میں یہاں شائع ہوئی ہوں۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۹ صفحہ ۴ مورخہ یکم مارچ ۱۹۰۴ء)

[2] البدر سے:۔ " بعض دفعہ ایک ہی بار لاکھ لاکھ کتب چھاپ کر ان لوگوں نے مفت شائع کی ہیں " (البدر حوالہ مذکور)

ام الخبائث (شراب) پانی کی طرح پی جاتی ہے۔[۱] مگر اس پر بھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جیسے پاک و مطہر انسان کی پاک ذات پر حملے کرنے کے لئے زبان کشائی کرتے ہیں۔ ان کے ملکوں میں جا کر اگر کوئی عفت اور پارسائی کا نمونہ دیکھنا چاہے تو اسے معلوم ہوگا کہ کفارہ کے کیا کیا برکات ان پر نازل ہوئے ہیں۔

جو بڑے مہذب کہلاتے ہیں[۲] ان کی یہ حالت ہے کہ وہ ہمہ تن دنیا ہی کی طرف جھکے ہوئے ہیں اور ایسے سرنگوں دنیا کے سامنے ہوئے ہیں کہ انہوں نے دنیا ہی کو خدا سمجھ لیا ہے۔ ان کے نزدیک انشاء اللہ کہنا بھی ہنسی کی بات ہے اور ان کے اثر سے ہزاروں لاکھوں انسان تباہ ہو رہے ہیں اور توجہ الی اللہ اور خدا تعالےٰ پر بھروسہ کرنا خطرناک غلطی اور حماقت ہے۔ باوجودیکہ یہ حالت ان لوگوں کی ہو چکی ہے۔ لیکن اسلام کے استیصال کے لئے وہ لاکھوں کروڑوں روپیہ پانی کی طرح بہا رہے ہیں مگر یاد رکھو کہ اسلام ان کے مٹانے سے مٹ نہیں سکتا۔ اس کا محافظ خود اللہ تعالےٰ ہے۔

اب اسلام کی اندرونی حالت دیکھو۔ فیض کا چشمہ علماء تھے۔[۳] مگر ان کی حالت ایسی

---

[۱] البدر سے :- "نصاریٰ کے اعتقاد کا تو یہ حال ہے۔ اب عملی حالت کی طرف نظر کرو کہ کنجریوں سے بدتر ہیں۔ عفت وغیرہ کا نام و نشان نہیں۔ شراب پانی کی طرح پی جاتی ہے۔ کھُلی زناکاری کتّوں اور کتیوں کی طرح ہو رہی ہے اگر کفارے کے اثر کا پورا نقشہ دیکھنا ہو تو یورپ کے ملکوں کی سیر کیجائے۔" (البدر جلد ۳ نمبر ۹ صفحہ ۴)

[۲] البدر میں یوں لکھا ہے :- "پھر ان کے علاوہ ایک اور فرقہ ہے جو اپنے آپ کو مہذب کہتا ہے۔ ان لوگوں نے دنیا کو خدا بنا رکھا ہے۔" (البدر حوالہ مذکور)

[۳] البدر میں ہے۔ "فیوض و برکات کا سرچشمہ علماء ہوتے ہیں جن کے ذریعہ سے عام مخلوق ہدایت پاتی ہے۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۰ صفحہ ۳ مورخہ ۸ مارچ ۱۹۰۴ء)

قابل رحم ہو گئی کہ اس کے بیان کرنے سے بھی شرم آجاتی ہے جس غلطی پر کوئی اڑ گیا ہے یا جو کچھ اس کے منہ سے نکل گیا ہے۔ ممکن نہیں کہ وہ اسے چھوڑ دے۔ اس غلطی کو جس نے ظاہر کیا جھٹ پٹ اُسے کافر اور دجال کا خطاب مل گیا۔ حالانکہ[1] صادق اور راستباز کی یہ عادت ہوتی ہے کہ جہاں اسے کسی اپنی غلطی کا پتہ ملا وہ اسے وہیں چھوڑ دیتا ہے اسے ضد اور اصرار اپنی غلطی پر نہیں ہوتا۔ مختلف فرقہ بندیاں باہمی تحقیر، قرآن اور اسلام سے بیخبری صاف طور پر ان کی حالت کو بتا رہی ہے۔ جو باتیں صرف دنیا تک ہیں اُن کی سزا اور اثر بھی دنیا ہی تک محدود ہے مگر جو امور عاقبت کے متعلق ہیں اُن میں اگر سُستی اور بے پروائی کی جاوے تو اس کا نتیجہ جہنم ہوتا ہے۔

میں بعض وقت ان لوگوں کی حالت دیکھ کر سخت حیران ہو جاتا ہوں اور خیال گذرتا ہے کہ ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ پر یقین نہیں[2]۔ ورنہ یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ یہ آیات و

---

[1] البدر میں ہے:۔ " حالانکہ فاسق اور متقی میں یہی فرق ہوا کرتا ہے کہ متقی کو جب غلطی کا پتہ لگ جاوے تو وہ اسے فوراً ترک کر دیتا ہے اور فاسق نہیں کرتا۔ ہر ایک شخص یا قوم کی غلطیاں ایک حد تک معلوم ہو جاتی ہیں مگر ان کی غلطیوں اور خباثتوں کا کوئی انتہا نظر نہیں آتا ہے"

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۰ صفحہ ۳ مورخہ ۸ مارچ ۱۹۰۴ء)

[2] البدر سے:۔ " دعویٰ تو قرآن، حدیث اور خدا پر ایمان کا ہے مگر اُن کے آگے جب یہ پیش کیا جاوے اور کہا جاوے کہ غلطی چھوڑ دو تو ایک بات کا بھی اثر نہیں ہوتا۔ بھلا بتلاؤ کہ ایک مومن کے لئے اس سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہو سکتی ہے کہ اس کے آگے قرآن شریف پیش کیا جاوے۔ احادیث پیش کی جاویں۔ نشانات پیش کئے جاویں علاوہ اس کے عقل بھی کام کی شئے ہے اس سے بھی نیک و بد کی تمیز ہوتی ہے اس سے بھی سمجھایا جاوے مگر اُن کو کسی سے فائدہ نہیں پہنچتا۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۰ صفحہ ۳ مورخہ ۸ مارچ ۱۹۰۴ء)

ونشانات دیکھتے ہیں۔ ہم دلائل پیش کرتے ہیں مگر ان پر کچھ بھی اثر نہیں ہوتا۔ مومن کے سامنے اگر اللہ تعالٰے کا کلام پیش کیا جاوے وہ فوراً ڈر جاتا ہے اور جرأت سے اس کی تکذیب پر لب کشائی نہیں کرتا مگر ان کی عجیب حالت ہے کہ ہم اپنی تائید میں اول تو یہ پیش کرتے ہیں کہ خدا نے مجھے مامور کیا ہے اور پھر اپنی تائید دعوے میں ہم آیات قرآنیہ پیش کرتے ہیں لیکن یہ دونو سے انکار کرتے ہیں اور پھر جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی شہادت پیش کرتے ہیں اس سے ہی ترساں ہو جاتے مگر اس کا بھی کچھ اثر نہیں ہوتا۔ خدا تعالیٰ کے نشان دیکھتے ہیں مگر تکذیب کرتے ہیں۔ عقلی دلائل کا اثر نہیں۔ غرض جو طریق ایک راستباز کی شناخت کے ہو سکتے ہیں وہ سب پیش کئے جاتے ہیں لیکن ایک بھی نہیں مانتے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایک واقعہ لکھا[1] ہے کہ وہ ایک مرتبہ بھاگتے جاتے تھے کسی نے پوچھا کہ کیوں بھاگتے جاتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ جاہلوں سے بھاگتا ہوں۔ اُس نے کہا ان پر وہ اسم اعظم[2] کیوں نہیں پھونکتے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اسم اعظم بھی ان پر اثر نہیں کرتا حقیقت میں جہالت بھی ایک خطرناک موت ہے مگر یہاں تو سمجھ نہیں آتا کہ یہ کیسا جہل ہے۔ قرآن پڑھتے ہیں۔ تفسیریں کرتے ہیں۔ حدیث کی سند رکھتے ہیں مگر جب ہم پیش کرتے ہیں تو انکار کر جاتے ہیں یہ نہ خود مانتے ہیں اور نہ اوروں کو ماننے دیتے ہیں۔

یہ ایسا زمانہ آگیا ہے کہ انسان کی ہستی کی غرض وغایت کو بالکل بھلا دیا گیا ہے خود خدا تعالٰے انسانی خلقت کی غرض تو یہ بتاتا ہے۔ ما خلقت الجن والانس الّا

---

[1] البدر میں ہے:۔ "مثنوی میں مولانا روم نے ایک قصہ لکھا ہے" (البدر جلد ۲ نمبر ۱۰ صفحہ ۲)

[2] البدر سے ہے:۔ "اس نے کہا جس اسم اعظم کے ذریعے سے معجزات دکھاتے ہو وہی ان پر بھی پڑھ کر پھونک دو کہا کہ کئی مرتبہ پھونک چکا ہوں مگر ان پر اس کا بھی اثر نہیں ہے۔" (البدر حوالہ مذکور)

لیعبدون۔[1]

مگر آج عبودیت سے نکل کر نادان انسان خود خدا بننا چاہتا ہے اور وہ صدق و وفا، راستی اور تقویٰ جس کو خدا چاہتا ہے مفقود ہے۔ بازار میں کھڑے ہو کر اگر نظر کی جاوے تو صدہا آدمی ادھر سے آتے اور ادھر چلے جاتے ہیں لیکن ان کی غرض اور مقصد محض دنیا ہے۔

رفع وہم

خدا تعالےٰ اس سے تو منع نہیں کرتا کہ انسان دنیا میں کام نہ کرے۔ مگر یہ بات ہے کہ دنیا کے لئے نہ کرے بلکہ دین کے لئے کرے تو وہ موجب برکات ہو جاتا ہے مثلاً خدا تعالےٰ خود فرماتا ہے کہ بیویوں سے نیک سلوک کرو۔ عاشروھن بالمعروف[2] لیکن اگر انسان محض اپنی ذاتی اور نفسانی اغراض کی بنا پر وہ سلوک کرتا ہے تو فضول ہے اور وہی سلوک اگر اس حکم الٰہی کے واسطے ہے تو موجب برکات۔ میں دیکھتا ہوں کہ لوگ جو کچھ کرتے ہیں وہ محض دنیا کے لئے کرتے ہیں۔ محبت دنیا ان سے کراتی ہے۔ خدا کے واسطے نہیں کرتے۔ اگر اولاد کی خواہش کرے تو اس نیت سے کرے واجعلنا للمتقین اماماً[3] پر نظر کر کے کرے کہ کوئی ایسا بچہ پیدا ہو جائے جو اعلاء کلمۃ الاسلام کا ذریعہ ہو۔ جب ایسی پاک خواہش ہو تو اللہ تعالےٰ قادر ہے کہ زکریا کی طرح اولاد دیدے۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ لوگوں کی نظر اس سے آگے نہیں جاتی کہ ہمارا باغ ہے* یا اور ملک ہے وہ اس کا وارث ہو اور کوئی شریک اس کو نہ لے جائے مگر وہ اتنا نہیں سوچتے کہ کمبخت جب تو مر گیا تو تیرے لئے دوست دشمن اپنے بیگانے سب برابر ہیں۔ میں نے بہت

* البدر سے :۔ " ہمارا یہ منشا ہرگز نہیں ہے کہ تجارت وغیرہ ذرائع معاش کو ترک کر دیا جاوے اور نہ ہم ان باتوں سے کسی کو منع کرتے ہیں۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۰ صفحہ ۳)

[1] الذّٰریات : ۵۷ [2] النساء : ۲۰ [3] الفرقان : ۷۵

سے لوگ ایسے دیکھے اور کہتے سُنے ہیں کہ دعا کرو کہ اولاد ہو جائے جو اس جائداد کی وارث ہو۔ ایسا نہ ہو کہ مرنے کے بعد کوئی شریک لے جاوے۔ اولاد ہو جائے خواہ وہ بدمعاش ہی ہو۔ یہ معرفت اسلام کی رہ گئی ہے۔ برخلاف اس کے مومن اگر مکان بناتا ہے تو اس میں بھی اس کی نیت دین ہی کی ہوتی ہے۔ لباس، خوراک، اُس کا پھر نا غرض ہر کام دین ہی کے واسطے ہوتا ہے۔ وہ خوراک کھاتا ہے مگر موٹا ہونے کے واسطے نہیں بلکہ اس طرح پر جیسے یکہ بان کچھ دُور جا کر اپنے ٹٹو کو نہاری اور خوراک دیتے ہیں تاکہ وہ اگلی منزل چلنے کے واسطے تیار ہو جائے اور دم نہ نکل جائے۔ مومن کی غرض بھی خوراک سے یہی ہوتی ہے کیونکہ نفس کا بھی تو ایک حق ہوتا ہے اور اہل و عیال کا بھی۔ اور پھر خدا تعالیٰ کا حق الگ ہے۔ اگر نفس کے حق کی رعایت نہ ہو تو پھر وہ مر جائے گا اور یہ جوابدہ ہے۔

پس یاد رکھو کہ مومن کی غرض ہر آسائش، ہر قول و فعل، حرکت و سکون سے گو بظاہر نکتہ چینی ہی کا موقعہ ہو مگر دراصل عبادت ہوتی ہے۔ بہت سے کام ایسے ہوتے ہیں کہ جاہل اعتراض سمجھتا ہے مگر خدا کے نزدیک عبادت ہوتی ہے۔٭ لیکن اگر اس میں اخلاص کی نیت نہ ہو تو نماز بھی لعنت کا طوق ہو جاتی ہے۔

مومنوں کو کُلُوْا وَاشْرَبُوْا[1] کا حکم دیا۔ اور جو خدا کے لئے نماز نہیں پڑھتے۔ اُن کو وَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ[2] فرمایا۔ کلوا ایک امر ہے جب مومن اس کو امر سمجھ کر بجالاوے تو اس کا ثواب ہوگا۔ اسی طرح عاشروھن بالمعروف[3] امر کی بجاآوری سے ثواب ہوتا ہے لیکن اگر ریاکاری سے نماز بھی ادا کرے تو پھر اس کے لئے ویل ہے۔⊠

اس وقت اسلام جس چیز کا نام ہے اس میں فرق آگیا ہے تمام اخلاق ذمیمہ بھر

٭ البدر سے۔ ”اور اس کے ان کاموں کا ثواب اسے ویسا ہی ملتا ہے جیسے نماز کا ثواب“ (البدر جلد ۳ نمبر ۱۰ صفحہ ۳) ⊠ حاشیہ اگلے صفحہ پر۔

[1] الطور: ۲۰ [2] الماعون: ۵ [3] النساء: ۲۰

گئے ہیں اور وہ اخلاص جس کا ذکر مخلصین لہ الدین[1] میں ہوا ہے آسمان پر اٹھ گیا ہے۔* خدا تعالیٰ کے ساتھ صدق، وفاداری، اخلاص، محبت اور خدا پر توکل کالعدم ہو گئے ہیں۔ اب خدا تعالیٰ نے ارادہ کیا ہے کہ پھر نئے سرے سے ان قوتوں کو زندہ کرے۔ خدا جو ہمیشہ یحی الارض بعد موتہا[2] کرتا رہا ہے اس نے ارادہ کیا ہے اور اس کے لئے کئی راہیں اختیار کی گئی ہیں۔ ایک طرف مامور کو بھیج دیا ہے جو نرم الفاظ میں دعوت کرے اور لوگوں کو ہدایت کرے۔ دوسری طرف علوم و فنون کی ترقی ہے اور عقل آتی جاتی ہے۔ اب وہ وحشیانہ حالت سکھوں کے زمانہ کی سی نہیں رہی اور لوگ سمجھنے لگے ہیں۔ ایک طرف اتمام حجت کے لئے آسمان نشان ظاہر کر رہا ہے۔ چنانچہ جب کتاب نزول المسیح چھپ کر شائع ہوگی۔ اس وقت سب کو پتہ لگ جائے گا کیونکہ اس میں ڈیڑھ سَو کے قریب ایسے نشانات لکھے ہیں جن کے ہزاروں لاکھوں گواہ موجود ہیں۔

اور پھر قہری نشانات کا سلسلہ بھی رکھا گیا ہے جن میں سے طاعون کا بھی ایک نشان ہے اور اب جو اس شدت سے پھیل رہی ہے کہ کبھی گذشتہ نسلوں نے نہ دیکھی ہوگی اور بہت سے لوگ ہیں جو ان نشانات اور آیات سے فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔ کوئی دن نہیں جاتا کہ لوگ بذریعہ خطوط یا خود حاضر ہو کر داخل بیعت نہیں ہوتے اگرچہ دنیا میں

البدر میں ہے:۔ ”کل اوامر کے بجا لانے کا ثواب ملتا ہے۔ جس قدر کاموں کو خدا تعالیٰ کے حکم سے اور ان کے موافق کرے گا ان سب کا اجر پاوے گا ورنہ باقی امور جو ریا وغیرہ کے لئے کئے جاتے ہیں اگرچہ بظاہر ان کی صورت اوامر کے مطابق ہوتی ہے عذاب اور ویل ہیں۔“ (البدر جلد ۳ نمبر ۱۰ صفحہ ۳)

* البدر میں ہے:۔ ”اب یہ زمانہ ہے کہ اس میں ریاکاری، عجب، خودبینی، تکبر، نخوت، رعونت وغیرہ صفات رذیلہ تو ترقی کر گئے ہیں اور مخلصین لہ الدین وغیرہ صفات حسنہ جو تھے وہ آسمان پر اُٹھ گئے ہیں۔“ (البدر حوالہ مذکور)

[1] البیّنۃ: ۵ [2] الحدید: ۱۸

فسق و فجور اور شوخی و آزادی اور خود روی بہت بڑھ گئی ہوئی ہے تاہم یہ لوگ جو ہمارے سلسلہ میں آتے ہیں یہ بھی اسی جماعت میں سے نکل نکل کر آتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سعید بھی انہی میں ملے ہوئے ہیں۔ خدا تعالےٰ ان لوگوں کو نکال لے گا اور اُن کو سمجھ دے گا اور کچھ طاعون کا نشانہ ہو جائیں گے اسی طرح پر دنیا کا انجام ہوگا۔ اور اتمام حجت ہو گی۔[1]

(الحکم جلد ۸ نمبر ۸ صفحہ ۸ و ۹ مورخہ ۱۰ مارچ ۱۹۰۴ء)

اس مقام پر جناب محمد ابراہیم خاں صاحب ابن حاجی موسیٰ خاں برادر زادہ خان بہادر مراد خاں مرحوم نے کراچی (علاقہ سندھ) کا ذکر کیا کہ وہاں کے لوگ بہت غافل ہیں اور ان کو ان باتوں کا علم ہی نہیں ہے۔ اس پر حضرت اقدس نے فرمایا کہ

مطلق جاہل سے انسان گھبرا جاتا ہے۔ بہر حال کچھ تو پڑھے لکھے وہاں ہیں اور انگریزی تعلیم کا سلسلہ جاری ہے اگرچہ انگریزوں کی تعلیم کا مضر اثر کتنا ہی کیوں نہ ہو مگر تاہم یہ فائدہ ضرور ہے کہ فہم میں وسعت اور باتوں کے سمجھنے کی استعداد پیدا ہو جاتی ہے اور ہمیں ایسے ہی آدمیوں کی ضرورت ہے۔ رفتہ رفتہ پیدا ہو ہی جاویں گے۔ وحشی لوگ جن کو کھانے پینے کے سوا اور کوئی کام نہیں ہے۔ ان سے انسان کیا کلام کر سکتا ہے۔ اس تعلیمیافتہ گروہ پہ اگرچہ دنیا کا حجاب ہے مگر تاہم سعید فطرت لوگ سمجھ سمجھ کر ہماری طرف آرہے ہیں۔ اب ہماری جماعت کا ایک حصہ انہی میں سے ہے۔ ہم خود تو کسی کو یہاں بیٹھے ہوئے بُلا نہیں رہے آخر خود ہی سمجھ کر آ رہے ہیں۔

غرضکہ فہم اور عقل والے پر بڑی امید ہوتی ہے۔ نرے ڈنگر (بیل) سے انسان نے

---

[1] یہاں تک کی ڈائری الحکم سے لی گئی ہے۔ اس کے بعد اسی تاریخ یعنی ۲۱ فروری ۱۹۰۴ء کی ڈائری البدر سے درج کی جاتی ہے۔ کیونکہ الحکم میں بقیہ ڈائری کہیں درج نہیں۔ معلوم ہوتا ہے سہواً رہ گئی ہے۔ (مرتب)

کیا بات کرنی ہے۔

لوگوں کو کچھ ملاّؤں نے خراب کیا ہے کچھ جاہل فقیروں نے اور بعض لوگ لنگوٹی پوشوں کے معتقد ہوتے ہیں۔ کچھ ہی کیوں نہ ہو خدا تعالیٰ کے کام رکا نہیں کرتے۔ اگر ایک شخص زمین پر باغ بناتا ہے تو اول دیکھ لیتا ہے کہ باغ کے قابل زمین ہے کہ نہیں۔ اگر اسے بنجر پاتا ہے تو صاف کرتا اور پھوڑتا اور ڈھیلوں کو توڑتا تاڑتا ہے تب باغ بناتا ہے۔ پس وہ مالک الملک جو کہ اب یہ باغ تیار کرنے لگا ہے آخر اس نے دیکھ لیا ہوگا کہ کچھ سعید طبائع بھی ہیں اسی تعلیم کی برکت سے کئی لوگ ہماری کتب کو دیکھ کر ہدایت پا گئے ہیں حالانکہ ابتدا میں سخت مخالف تھے۔

ایک عقلمند بیشک گھبراہٹ میں پڑتا ہے کہ صلیبی فتنے اور کارروائیاں حد درجہ تک ترقی کر چکے ہیں۔ اُن کی کتابیں دُور دُور تک پھیل گئی ہیں۔ مجموعی حالت میں ان کی جان توڑ کوششوں کو دیکھا جاتا ہے تو نا امیدی ہو جاتی ہے کہ الٰہی اُن کا استیصال کیسے ہوگا اور صفحۂ زمین پر توحید کیسے پھیلے گی۔ کُل اسباب اسلام کے ضعف کے موجود ہیں اور صلیب کا زور ہے مگر ہمیشہ دیکھا گیا ہے کہ خدا تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے اور اس کا ارادہ ہو کر رہتا ہے الم تعلم ان اللہ علٰی کل شیئٍ قدیر[1]۔ صرف ایک ہی بات ہے جو بھروسہ دلاتی ہے۔ اگرچہ کیسی ہی مشکلات آ پڑیں اور عقل فتوے دیوے کہ اب اسلام دوبارہ قائم نہیں ہو سکتا۔ لیکن میں اس بات کو نہیں مانتا۔ جب خدا تعالیٰ ارادہ کرتا ہے تو کر کے رہتا ہے۔ اس قسم کی رائیں ہمیشہ ہوتی رہتی ہیں اور غلط بھی ثابت ہو رہی ہیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جس زمانہ میں مبعوث ہوئے کیا ان کی نسبت اہل الرائے کی یہ رائے تھی؟ کون تھا جو یقین کرتا کہ ایک غریب جس کے پاس نہ قوت نہ شوکت نہ فوج نہ مال ہے اور ہر طرف مخالفت ہے وہ کامیاب ہو کر رہے گا۔ اور جو وعدے فتح اور نصرت اور اقبالمندی کے وہ دیتا ہے پُورے ہو کر رہیں گے مگر باوجود

[1] البقرۃ: ۱۰۷

اس نا امیدی کے پھر کیسی امید بندھ گئی اور تمام وعدے پورے ہو گئے۔ الیوم اکملت لکم دینکم[1] کی گواہی مل گئی اور پھر اذا جاء نصر اللہ والفتح[2] کی سورۃ نازل ہوئی۔ ایسے ہی ممکن ہے کہ کوئی ہماری جماعت کا یہ خیال کر بیٹھے کہ اس صلیبی جال کا ٹوٹنا محال ہے مگر میں سُناتا ہوں کہ خدا سب کچھ کر سکتا ہے ابھی اس کے پاس بہت سی راہیں ہوں گی جن سے یہ فتنہ مٹے گا اور اُن کا ہمیں علم نہیں۔ ہمارا اس بات پر ایمان چاہیئے کہ اس کے وعدے برحق ہیں۔ اگر تمام اسباب اس کے منافی نظر آویں پھر بھی اس کا وعدہ سچا ہے۔ اگر ایک آدمی بھی ہمارے ساتھ نہ ہو پھر بھی اس کا وعدہ سچا ہے۔ وعدہ اس کا کمزور ہو سکتا ہے جس کی قدرت اور اختیار کمزور ہو۔ ہمارے خدا میں کوئی کمزوری نہیں ہے وہ بڑا قادر ہے اور اس کی حرکت جاری ہے ہماری جماعت کو چاہیئے کہ اسی ایمان کو ہاتھ میں رکھے۔

بعض وقت جماعت پر ابتلا بھی آتے ہیں اور تفرقہ پڑ جایا کرتا ہے جیسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ مکہ سے مدینہ اور حبش کی طرف منتشر ہو گئے تھے لیکن آخر خدا تعالیٰ نے اُن کو پھر ایک جا جمع کر دیا۔ ابتلا اس کی سنّت ہے اور ایسے زلزلے آتے ہیں کہ متٰی نصر اللہ[3] کہنا پڑتا ہے اور بعض کا خیال اس طرف منتقل ہو جاتا ہے کہ ممکن ہے وہ وعدے غلط ہوں مگر انجام کار خدا کی بات سچی نکلتی ہے۔

یہ سلسلہ اپنے وقت پر آسمان سے قائم ہوا ہے اگر اور سب دلائل کو نظر انداز کر دیا جاوے۔ تو صرف وقت ہی بڑی دلیل ہے۔ صدی سے بیس سال بھی گذر گئے خدا کا وعدہ قرآن شریف اور احادیث میں ہے کہ وہ مسیح صلیبی فتنہ کے وقت پیدا ہوگا۔ اب ان فتنوں کا زور دیکھ لو۔ رپورٹوں سے معلوم ہوتا ہے کہ تیس لاکھ مرتد موجود

[1] المائدۃ: ۴ [2] النصر: ۱ [3] البقرۃ: ۲۱۵

ہے حالانکہ اس سے بیشتر اہل اسلام میں ایک مرتد ہوتا تو قیامت آجاتی۔ کیا اس وقت بھی خدا خبر نہ لے؟ پھر عملی حالت کو دیکھ لو کہ کس قدر ردّی ہے۔ نام کو تو مسلمان ہیں مگر کرتوت یہ ہے کہ بھنگ چرس وغیرہ نشوں میں مبتلا ہیں کیا اب بھی وقت نہیں ہے؟ عیسائی لوگ بھی منتظر ہیں اور یہی وقت بتلاتے ہیں۔ اہلِ کشف نے بھی یہی لکھا ہے۔ قرائن و علامات بھی اسی کو بتلا رہے ہیں۔ اگر اس وقت خدا خبر نہ لیتا تو دنیا میں یا ضلالت ہوتی یا عیسویت۔ جو قرآن پر اور اللہ پر ایمان لاتا ہے اسے ماننا پڑتا ہے لیکن جو یہود کی طرح وقت کو ٹالنے والے ہیں وہ محروم رہتے ہیں۔

پھر ایک دلیل سوادِ اعظم کی پیش کرتے ہیں کہ وہ برخلاف ہے۔ نادان اتنا نہیں جانتے کہ مصلح تو اسی وقت آتا ہے جب لوگ بگڑ جاویں۔ اب بگڑے ہوؤں کا اتفاق اور شہادت کیا حکم رکھتی ہے؟ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں مسیح کو معراج میں مُردوں میں دیکھ آیا ہوں اور پھر قرآن شریف سے وفات ثابت ہے۔ پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا فعل اور خدا تعالےٰ کا قول دونو سے وفات ثابت ہے۔ یحییٰ تو مر چکے ہیں اُن کے ساتھ ہی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم حضرت عیسٰی کو دیکھا ہے۔ پس اتنی دیر تک جو مُردہ کے پاس بیٹھا رہا وہ کیسے زندہ ہو سکتا ہے۔ علاوہ ازیں خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ بلا نظیر کے کوئی بات قبول نہ کرو۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے لئے اس نے نظائر پیش کئے۔ مسیح کی حیات کے لئے بھی کوئی نظیر ہونی چاہیئے تھی۔

یہ زمانہ اسلام کی بہار کا ہے۔ اگر ہم چُپ بھی کریں تو خدا تعالےٰ باز نہ آوے گا اور اصل میں ہم کیا کرتے ہیں وہ تو سب کچھ خدا ہی کر رہا ہے۔ ہم تو صرف اسی لئے بولتے اور لکھتے ہیں کہ ثواب ہو اب اس کے فضل کا دروازہ کُھل گیا ہے اور خدا نے جو ارادہ کر لیا ہے وہ ہو کر رہے گا۔ دیکھو نہ ہمارے واعظ ہیں نہ لیکچرار ہیں نہ انجمنیں ہیں مگر جماعت ترقی کر رہی ہے۔ ہزاروں نے صرف خواب کے ذریعہ سے بیعت کی۔ کوئی ان کو بتلانے اور

سمجھانے والا نہ تھا۔ آخر خدا نے دستگیری کی۔ کیا ہماری طاقت تھی کہ ہم یہ سب کچھ کر لیتے؟ یہ اسی کا ہاتھ ہے جو کر رہا ہے۔ صدق ایسی شئے ہے کہ انسان کے دل کے اندر جب گھر کر جاوے تو اس کا نکلنا مشکل ہے۔ جو لوگ ہمارے عقاید کو بعد تحقیق قبول کر لیتے ہیں تو جان سے زیادہ اُن کو عزیز جانتے ہیں ایک نمونہ مولوی عبداللطیف ہیں کہ ہزاروں مرید رکھتے تھے۔ ریاست ان کی تھی۔ دولت بھی بے شمار تھی۔ شاہی دستار بند تھے۔ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر موت قبول کی۔ کیا یہ قوت اور برکت جھوٹ میں ہو سکتی ہے؟ کیا بجز سچائی کے اور بھی کسی میں یہ طاقت ہے؟ یہاں پنجاب میں بھی بہت سے لوگ ہیں کہ صرف ایمان کے لئے تکلیف دئے جاتے ہیں۔ قوم، برادری اور گاؤں والے ان کو طرح طرح کی اذیت صرف اس لئے دیتے ہیں کہ انہوں نے سچ کو قبول کیا ہے پس اگر خدا تعالےٰ دلوں میں نہیں ڈالتا تو وہ ان مصائب کو کیونکر برداشت کرتے ہیں یہانتک کہ حقیقی باپ اور بھائی بھی ان لوگوں سے الگ ہو جاتے ہیں۔ بعض ایسے ہیں کہ دو آنے روز محنت کر کے کماتے ہیں اور اس میں سے ہمیں چندہ دیتے ہیں۔ تہجد پڑھتے ہیں۔ نمازوں کے پابند ہیں۔ خدا تعالیٰ کے آگے تضرع اور ابتہال کرتے ہیں۔ اب سوائے اس کے کہ خدا تعالےٰ اُن کو نور ایمان عطا کرے اور دلوں میں صدق ڈالے یہ سب کچھ کب حاصل ہو سکتا ہے۔

دیکھنے اور سمجھنے کے لئے تو ایک نشان کتاب براہین ہی بس ہے جیسے کہتے ہیں کہ

حرفے بس است اگر درخانہ کس است

سمجھ دار آدمی کے لئے ایک ہی بات کافی ہوتی ہے۔ خدا تعالیٰ نے عمر کا وعدہ دیا۔ بتلاؤ کوئی کہہ سکتا ہے کہ میں اتنے برس ضرور زندہ رہوں گا۔ پھر جتنے وعدے براہین میں تھے ان میں سے اکثر پورے ہو گئے ہیں اور کچھ ابھی باقی ہیں۔ اگر انسان کا کاروبار ہوتا تو اس قدر نصرت کب شامل حال ہو سکتی؟ اور وہ وعدے اگر خدا کی طرف سے نہ تھے

تو کیسے پورے ہوکر رہتے ؟

پس وقت کو ، زمانہ کو ، ضلالت کو اندرونی اور بیرونی حالت کو دیکھو تو خود پتہ لگ جاتا ہے۔ مخالفوں سے ہم ناراض نہیں ہیں کیونکہ راستی کا مقابلہ جان توڑ کر ہوا کرتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا دیکھو کس قدر مقابلہ ہوا لیکن کیا مسیلمہ کی بھی مخالفت ہوئی ؟

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۰ صفحہ ۳ و ۴ مورخہ ۸ر مارچ ۱۹۰۴ء)

۲۲ر مارچ ۱۹۰۴ء

(بوقت شام)

مقدمات کی نسبت آپ نے فرمایا کہ

یہ ایک منجانب اللہ ابتلا تھا جو کہ پیش آگیا۔ سنت اللہ اسی طرح سے ہے کہ ماموریں کی زندگی یونہی اسی طرح آسائش سے نہیں گذرتی کہ وہ دنیا میں بیکار رہیں۔

پھر آپ نے مولویوں کی حالت پر فرمایا کہ

ان لوگوں کے اعمال اور ممبروں پر چڑھ چڑھ کر خطبے پڑھتے سے ہمیں تعجب آتا ہے کہ آخر اُن کے اعمال کا نتیجہ کیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اعمال پر بھی زنگ ہوتا ہے۔ جس سے انسان کے صحیح عقائد بھی نظر نہیں آ سکتے۔ اس سے بڑھ کر اَور کیا ہوگا کہ کتاب اللہ جس کا ایک ایک لفظ یقینی ہے وہ وفات مسیح کو بیان کرتی ہے۔ احادیث کا اجماع بھی یہی ہے اگر کوئی زندہ ہوتا تو صحابہؓ کو اس سے بڑھ کر اور کیا رنج ہوتا کہ صاحب شریعت سرور انبیاء آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تو زمین میں مدفون ہوں اور ایک نبی جو کہ صاحب شریعت نہیں اور موسوی شریعت کا تابع وہ آسمان پر زندہ موجود ہو اور اس اُمت کے اختلاف مٹانے اور فیصلہ کرنے کے لئے وہی آسمان سے آوے۔ اب پوچھو کہ خاتم الانبیاء

کون ہوا؟ حضرت مسیح یا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم؟ مگر پھر بھی یہ لوگ جو باز نہیں آتے تو معلوم ہوا کہ شامت اعمال ہے۔ تقویٰ تو نہیں رہا تھا، عقل سلیم بھی اُن میں نہیں رہی دنیوی عقل کے لئے تقویٰ کی ضرورت نہیں ہے مگر دین کے لئے ضرورت ہے۔ اس لئے یہ لوگ دین کی باتوں کو بھی نہیں سمجھتے۔ خدا تعالےٰ اسی کی طرف اشارہ کرکے فرماتا ہے لَا یَمَسُّہٗ اِلَّا الْمُطَہَّرُوْنَ[1] یعنی اندر گھسنا تو درکنار مَس کرنا بھی مشکل ہے۔ جبتک انسان مطہر یعنی متقی نہ ہولے۔

احادیث میں منکم ہے، قرآن میں منکم ہے۔ پھر بغیر نظیر کے کوئی بات نہیں مانی جاتی۔ عیسائیوں نے جب مسیح کے بن باپ ہونے سے اس کی خدائی کا استدلال کیا تو خدا تعالیٰ نے نظیر بتلا کر ان کی بات کو رد کر دیا۔ فرمایا اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰہِ کَمَثَلِ اٰدَمَ[2] کہ اگر بن باپ ہونے سے انسان خدا ہو سکتا ہے تو آدمؑ کی تو ماں بھی نہ تھی اسے خدا کیوں نہیں مان لیتے۔ پس جب نصاریٰ کی اس بات کو خدا نے ردّ کر دیا تو اگر مسیح بھی واقعی آسمان پر زندہ ہوتا اور عیسائی اسے خدائی کی دلیل تو اللہ تعالےٰ اس کا بھی ردّ کرتا اور چند ایک نظائر پیش کرتا کہ فلاں فلاں اور نبی زندہ آسمان پر موجود ہیں۔ ہر ایک پہلو سے ان لوگوں پر اتمام حجت ہو چکا ہے۔ اب یہ لوگ مصداق صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ کے ہیں۔ بھلا دیکھو تو جس حال میں کہ میں زندہ موجود ہوں کیا یہ ان کا حق نہ تھا کہ مجھ سے آکر سوال کرتے پوچھتے اور اپنے شکوک و شبہات پیش کرتے۔ میں نے بارہا لکھا کہ ان کے اخراجات سفر دینے کو میں تیار ہوں۔ یہاں آویں مکان بھی دونگا حتی الوسع مہمان نوازی بھی کروں گا لیکن یہ لوگ ادھر رُخ نہیں کرتے۔ ہمیں کہتے ہیں کہ قرآن سے باہر ہیں حالانکہ قرآن ہی نے تو ہمیں اس کوچہ میں کھینچا ہے صرف فرق اتنا ہے کہ ہمیں قرآن کے معنے وحی نے بتلائے ہیں۔ اس کے ہوتے ہوئے دیدہ دانستہ کیسے اپنی آنکھوں کو پھوڑ لیں۔

[1] الواقعۃ: ۸۰ [2] اٰل عمران: ۶۰

خدا تعالےٰ کا یہ فرض تھا کہ اگر عیسائی لوگ مسیح کی خدائی کے لئے خصوصیت پیدا کریں تو وہ اس کا ردّ کرتا جیسے آدم کی مثال بیان کی۔ کیا خدا کو اس خصوصیت کا علم نہ تھا کہ مسیح آسمان پر زندہ ہے پھر اس کا اُس نے کیوں ردّ نہ کیا؟ اس طرح سے قرآن پر حرف آتا ہے اگر مسیح آسمان پر زندہ ہوتا اور عیسائی لوگ اس سے خدائی کی دلیل پکڑتے تو خدا تعالےٰ ضرور بیان کرتا کہ فلاں فلاں انبیاء بھی آسمان پر زندہ موجود ہیں اس سے کوئی خدا نہیں بن سکتا جبکہ چالیس کروڑ انسان اسے آگے ہی خدا مان کر گمراہ ہو رہے ہیں تو تم نے اُن کے ساتھ مل کر اور ہاں میں ہاں ملا کر اس کی خدائی پر اور مُہر لگا دی۔ اس کا باعث صرف ان لوگوں کی بدعملی ہے کہ ہاتھی کے دانت دکھانے کے اَور اور کھانے کے اَور۔ اور ایک ایک روپیہ لے کر فتوے بدل دیتے ہیں۔ اندرونی راستبازی بالکل نیست و نابود ہو گئی اور اب حدیث شریف کے موافق بالکل یہودی ہو گئے ہیں۔ یہ امید تو ہے نہیں کہ یہ لوگ ان سچائیوں کو مانیں ہاں ان کی ذریت مانے تو مانے۔

اس کے بعد آپ نے مقدمات کا تذکرہ کیا کہ

ان کی ابتدا کیونکر ہوئی۔ کس طرح اول کرم دین نے مولوی عبدالکریم صاحب کو بذریعہ خطوط اطلاع دی کہ مہر علیشاہ نے فیضی متوفی کی کتاب سے سرقہ کیا ہے۔ اس کی اطلاع پر کتاب نزول المسیح لکھی گئی۔ پھر اس نے اپنے خطوط کے برخلاف ایک مضمون سراج الاخبار میں لکھ کر سبّ و شتم کیا اور اُن کو اپنی طرف منسوب کرنے سے انکاری ہوا۔ اس طرح سے ہمارا چلتا کام بند ہو گیا۔ تنگ آکر حکیم صاحب نے دعویٰ کیا۔ پھر کرم دین نے جہلم میں ہم پر ایک مقدمہ کیا وہ بڑا خطرناک مقدمہ تھا۔ اس کے متعلق میں نے اول ہی خواب دیکھے تھے جو کہ شائع ہو چکے ہوئے تھے اور قبل از وقت اس میں کامیابی کی خبر بھی خدا تعالےٰ سے پا کر ہم نے شائع کر دی تھی۔ اس میں ہمیں کامیابی ہوئی۔ پھر کرم دین نے

خود ہم پر استغاثہ دائر کیا۔ وہ مقدمات ابھی چل رہے ہیں۔ منصف حاکم کو تو خود خبر نہیں ہوتی کہ انجام کار مقدمہ کی کیا صورت ہوگی۔ ہماری تائید تو ہمیشہ خدا تعالےٰ سے ہوتی ہے ورنہ جمہوری طور پر تو حکام کا میلان ہماری طرف کم ہی ہوتا ہے اور سوائے پروردگار کے اور کس کی ذات ہے کہ اس پر بھروسہ کیا جا سکے۔ زمین پر کیسے ہی آثار نظر آویں مگر بار بار جو حکم آسمان سے آتا ہے کہ تری نصراً من عند اللہ وہ آخر ہو کر رہے گا ؎

بنگر کہ خون ناحق پروانہ شمع را
چنداں اماں نداد کہ شب را سحر کنند

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۰ صفحہ ۵ مورخہ ۸ مارچ ۱۹۰۴ء)

---

۲۴ فروری ۱۹۰۴ء

(بوقت شب)

تنعم اور آرام کی زندگی خدا تعالیٰ سے قطع تعلق کرتی ہے

مقدمہ کی موجودہ صورت پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ

یہ ایک ابتلا ہے۔ کوئی مامور نہیں آتا جس پر ابتلا نہ آئے ہوں۔ مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قید کیا گیا اور کیا کیا اذیت دی گئی۔ موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ کیا سلوک ہوا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا محاصرہ کیا گیا۔ مگر بات یہ ہے کہ عاقبت بخیر ہوتی ہے۔ اگر خدا کی سنت یہ ہوتی کہ ماموروں کی زندگی ایک تنعم اور آرام کی ہو اور اس کی جماعت پلاؤ زردے وغیرہ کھاتی رہے تو پھر اور دنیاداروں میں اور ان میں کیا فرق ہوتا۔ پلاؤ زردے کھا کر حمداً للہ و شکراً للہ کہنا آسان ہے اور ہر ایک بے تکلف کہہ سکتا ہے لیکن بات یہ ہے جب مصیبت میں بھی وہ اسی دل سے کہے۔

ماموریں اوران کی جماعت کو زلزلے آتے ہیں ہلاکت کا خوف ہوتا ہے۔ طرح طرح کے خطرات پیش آتے ہیں۔ کذبوا کے یہی معنے ہیں دوسرے ان واقعات سے یہ فائدہ ہے کہ کچوں اور پکوں کا امتحان ہو جاتا ہے کیونکہ جو کچے ہوتے ہیں اُن کا قدم صرف آسودگی تک ہی ہوتا ہے۔ جب مصائب آئیں تو وہ الگ ہو جاتے ہیں۔

میرے ساتھ یہی سنت اللہ ہے کہ جب تک ابتلا نہ ہو تو کوئی نشان ظاہر نہیں ہوتا۔ خدا کا اپنے بندوں سے بڑا پیار یہی ہے کہ اُن کو ابتلا میں ڈالے جیسے کہ وہ فرماتا ہے و بشر الصابرین الذین اذا اصابتھم مصیبۃٌ قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون[1] یعنی ہر ایک مصیبت اور دُکھ میں اُن کا رجوع خدا تعالیٰ ہی کی طرف ہوتا ہے۔ خدا تعالیٰ کے انعامات انہی کو ملتے ہیں جو استقامت اختیار کرتے ہیں۔ خوشی کے ایام اگرچہ دیکھنے کو لذیذ ہوتے ہیں مگر انجام کچھ نہیں ہوتا۔ رنگ رلیوں میں رہنے سے آخر خدا کا رشتہ ٹوٹ جاتا ہے۔ خدا کی محبت یہی ہے کہ ابتلا میں ڈالتا ہے اور اس سے اپنے بندے کی عظمت کو ظاہر کرتا ہے مثلاً کسریٰ اگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی گرفتاری کا حکم نہ دیتا تو یہ معجزہ کہ وہ اسی رات مارا گیا کیسے ظاہر ہوتا۔ اور اگر مکہ والے لوگ آپ کو نہ نکالتے تو انا فتحنا لک فتحاً مبیناً[2] کی آواز کیسے سنائی دیتی۔ ہر ایک معجزہ ابتلا سے وابستہ ہے۔ غفلت اور عیاشی کی زندگی کو خدا سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ کامیابی پر کامیابی ہو تو تضرع اور ابتہال کا رشتہ تو بالکل رہتا ہی نہیں ہے۔ حالانکہ خدا تعالےٰ اسی کو پسند کرتا ہے اس لئے ضرور ہے کہ دردناک حالتیں پیدا ہوں۔

اس کے بعد جناب محمد ابراہیم خانصاحب ابن موسیٰ خانصاحب برادرزادہ مراد خاں صاحب مرحوم آمدہ از کراچی اور خانصاحب گلزار خاں اور دیگر چند ایک احباب نے بیعت کی۔ بعد بیعت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ذیل کی تقریر فرمائی۔

ضروری نصیحت یہ ہے کہ ملاقات کا زمانہ بہت تھوڑا ہے خدا معلوم بعد جدائی کے

[1] البقرۃ : ۱۵۷-۱۵۸ [2] الفتح : ۲

دوبارہ ملنے کا اتفاق ہو یا نہ ہو۔ یہ دنیا ایسی جگہ ہے کہ دم کا بھروسہ نہیں ہے۔ اگر رات ہے تو کل کے دن کی زندگی کا علم نہیں ہے۔ اگر دن ہے تو رات کی زندگی کی خبر نہیں۔ اس لئے سمجھنا چاہیئے کہ اس سلسلہ کے دو حصے ہیں۔

ایک حصہ تو عقائد کا ہے۔ مختصراً یاد رکھو کہ جو بدعات ان میں حال کے لوگوں یا درمیانی لوگوں نے ملا دیئے ہیں اُن سے پرہیز کیا جاوے۔ یہ تصرف اسی قسم کا ہے کہ کچھ تو بدعات تک ہو رہا ہے اور کچھ اس سے بڑھ کر شرک ہو گیا ہے۔ جیسے عیسٰیؑ کو ایک خاص خصوصیت کل بنی نوع انسان و انبیاء و رسل سے دی جاتی ہے اور ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اس سے باہر رکھا جاتا ہے جس سے آپ کی بڑی توہین لازم آتی ہے حالانکہ آپ خاتم الانبیاء ہیں۔ اور جب عائشہؓ سے پوچھا گیا کہ آپ کے اخلاق کیا ہیں تو اس نے کہا قرآن شریف آپ کا خلق ہے جیسے عیسائی لوگ مسیح کی تعظیم اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی توہین کرتے ہیں۔ ویسے ہی آج کل کے مسلمان بھی کرتے ہیں۔ فرق یہ ہے کہ وہ مسیح کو خدا بناتے ہیں اور یہ خدا کے برابر اسے قرار دیتے ہیں جیسے ایک میت پڑی ہوئی ہو تو ایک شخص تو اُسے مردہ کہیگا دوسرا مردہ نہ کہے بلکہ مردہ والے صفات سب اس میں بتلاوے۔

مسیح کے بارے میں اس قدر غلو کیا گیا ہے کہ گویا عیسائیوں کے ساتھ ہاتھ ملا دیا ہے وہ توحید جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم لائے اس کا نام تک ان میں نہیں رہا۔ صلیبی مذہب کس زور سے پھیل رہا ہے جس کا ذکر میں نے ابھی چند دن ہوئے کیا تھا۔ پس جب یہ حال ہے تو عقائد کی درستی بہت ضروری شئے ہے۔ سچا، صحیح اور خدا کی مرضی کے موافق یہی مسئلہ ہے کہ مسیح علیہ السّلام فوت ہو گئے ہیں اور اگر وہ زندہ ہیں تو قرآن شریف باطل ٹھہرتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی شہادت جو بہت عزت کے قابل ہے یہ ہے کہ آپ اُسے اموات میں یحیٰی کے پاس دیکھ آئے۔ اگر اُن کی

رُوح قبض نہیں ہوئی تھی تو دوسرے عالم میں کیسے چلے گئے۔ قیامِ توحید کے لئے یہ مسئلہ بہت ضروری ہے کہ مسیحؑ فوت ہوگئے اور جو اسے پورے یقین سے نہیں مانتا خطرہ ہے کہ وہ کہیں عیسائیت سے حصہ نہ لے یا ایک دن عیسائی ہی نہ ہوجائے انسان اسی طرح مُرتد ہوا کرتا ہے کہ ایک ایک جزو چھوڑتا ہوُا آخر کار کُل چھوڑ دیتا ہے۔ دوسرے عقائد میں بہت اختلاف نہیں ہے۔ صرف یہی عظیم الشان بات ہے جو خدا نے بتلائی ہے کہ مسیحؑ فوت ہوگیا ہے۔

جو لوگ اس بارہ میں ہماری مخالفت کرتے ہیں اُن کے ہاتھ میں بجُز اقوال کے اور کچھ نہیں ہے۔ اگر وہ کہیں کہ قرآن کے مخالف احادیث میں نزول کا لفظ موجود ہے تو جواب ہے کہ اول تو وہاں من السماء نہیں لکھا کہ وہ ضرور آسمان سے ہی آوے گا۔ دوسرے احادیث تو منکمد سے بھی بھری پڑی ہیں۔ نزول اصل میں اکرام اور جلال کا لفظ ہے۔ خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسے اپنے لئے استعمال فرمایا ہے حتیٰ کہ احادیث میں تو دجال کے لئے بھی نزول کا لفظ آیا ہے۔ پھر کیا یہ سب آسمان سے آئے اور آویں گے۔ قرآن شریف سے یہی ثابت نہیں ہوتا کہ مسیح دوبارہ نہ آوے گا بلکہ یہ بھی کہ وہ مرگیا جیسا کہ آیت فلما توفیتنی[1] بتلا رہی ہے۔

دوسرا حصہ یہ ہے کہ انسان صرف عقائد سے ہی نجات نہیں پاتا۔ بلکہ اس کے ساتھ اعمالِ صالحہ کا ہونا بھی ضروری ہے۔ خدا نے اس بات پر ہی کفایت نہیں کی کہ انسان کے لئے صرف لاالٰہ الا اللہ منہ سے کہہ دینا ہی کافی ہو ورنہ قرآن شریف اس قدر ضخیم کتاب نہ ہوتی ایک فقرہ ہی ہوتا۔ عقائد کی مثال ایک باغ کی ہے جس کے بہت عمدہ پھل اور پھول ہوں اور اعمالِ صالحہ وہ مصفّٰی پانی ہے جس کے ذریعہ سے اس باغ کا قیام اور نشو و نما ہوتا ہے۔ ایک باغ خواہ کتنا ہی اعلیٰ درجہ کا کیوں نہ ہو لیکن اس کی آبپاشی اگر عمدہ نہ ہو تو آخر خراب ہوجاوے گا۔ اسی طرح اگر عقیدہ

[1] المائدۃ : ۱۱۸

کتنا ہی مضبوط کیوں نہ ہو لیکن عمل صالح اگر اس کے ساتھ نہ ہوگا تو شیطان آکر تباہ کر دیگا۔

تلاش کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تیسری صدی تک کُل اہلِ اسلام کا یہی مذہب رہا ہے کہ کُل نبی فوت ہو گئے ہیں چنانچہ صحابہ کرامؓ کا بھی یہی مذہب تھا۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی تو صحابہؓ کا اجماع ہوا۔ حضرت عمرؓ وفات کے منکر تھے اور وہ آپ کو زندہ ہی مانتے تھے۔ آخر ابوبکرؓ نے آکر ما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل[۱] کی آیت سُنائی تو حضرت عمرؓ اور دیگر صحابہؓ کو آپ کی موت کا یقین آیا اور اگر صحابہ کرامؓ کا یہ عقیدہ ہوتا کہ کوئی نبی زندہ ہے تو سب اُٹھ کر ابوبکرؓ کی خبر لیتے کہ ہمارا عقیدہ مسیح کی نسبت ہے کہ وہ زندہ ہے تو کیسے کہتا ہے کہ سب نبی فوت ہو گئے؟ اور کیا وجہ ہے کہ ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم زندہ نہ ہوں۔ اگر بعض مرتے اور بعض زندہ ہوتے تو کسی قسم کا افسوس نہ ہوتا۔ مگر غریب سے لے کر امیر تک سب مرتے ہیں پھر مسیح کو کیسے زندہ مانا جاوے۔ تیسری صدی کے بعد حیاتِ مسیح کا اعتقاد مسلمانوں میں شامل ہوا ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ نئے نئے عیسائی مسلمان ہو کر اُن میں ملتے گئے۔ اور یہ قاعدہ کی بات ہے کہ جب ایک نئی قوم کسی مذہب میں داخل ہو تو اپنے مذہب کی رسوم اور بدعات جو وہ ہمراہ لاتی ہے۔ اس کا کچھ حصّہ نئے مذہب میں مل جاتا ہے۔ ایسے ہی عیسائی جب مسلمان ہوئے تو یہ خیال ہمراہ لائے اور رفتہ رفتہ وہ مسلمانوں میں پختہ ہو گیا۔ ہاں جن لوگوں نے ہمارا زمانہ نہیں پایا نہ اس مسئلہ پر انہوں نے بحث کی وہ تلك امة قد خلت[۲] کے مصداق ہوئے لیکن اب جو ہمارے مقابلہ پر آئے اور اتمام حجت ان پر ہوا وہ قابلِ اعتراض ٹھہر گئے ہیں۔ اگر ان لوگوں کے اعمال صالحہ ہوتے تو یہ عقیدہ ان میں رواج نہ پاتا۔ جب وہ چھوٹ گئے تو ایسے ایسے عقائد شامل ہو گئے۔

پس جو شخص ایمان کو قائم رکھنا چاہتا ہے وہ اعمال صالحہ میں ترقی کرے۔ یہ رُوحانی امور ہیں اور اعمال کا اثر عقائد پر پڑتا ہے جن لوگوں نے بدکاری وغیرہ اختیار

[۱] آل عمران: ۱۴۵ [۲] البقرۃ: ۱۳۵

کی ہے ان کو دیکھو تو آخر معلوم ہوگا کہ اُن کا خدا پر ایمان نہیں ہے۔ حدیث شریف میں اسی لئے ہے کہ چور جب چوری کرتا ہے تو وہ مومن نہیں ہوتا اور زانی جب زنا کرتا ہے تو وہ مومن نہیں ہوتا۔ اس کے یہی معنے ہیں کہ اس کی بد اعمالی نے اُس کے سچے اور صحیح عقیدہ پر اثر ڈال کر اُسے ضائع کر دیا ہے۔ ہماری جماعت کو چاہیئے کہ اعمالِ صالحہ کثرت سے بجا لاوے۔ اگر اس کی بھی یہی حالت رہی جیسے اوروں کی تو پھر امتیاز کیا ہوا؟ اور خدا تعالیٰ کو ان کی رعایت اور حفاظت کی کیا ضرورت! خدا تعالیٰ اسی وقت رعایت کرے گا جب تقویٰ، طہارت اور سچی اطاعت سے اُسے خوش کرو گے۔ یاد رکھو کہ اس کا کسی سے کچھ رشتہ نہیں ہے۔ محض لاف اور یاوہ گوئی سے کوئی بات نہیں بنا کرتی۔

سچی اطاعت ایک موت ہے جو نہیں بجا لاتا وہ خدا تعالیٰ سے شطرنج بازی کرتا ہے کہ مطلب کے وقت تو خدا سے خوش ہوتا ہے اور جب مطلب نہ ہو تو ناراض ہو گیا۔ مومن کا یہ دستور نہیں چاہیئے۔ بھلا غور تو کرو کہ اگر خدا تعالیٰ ہر ایک میدان میں کامیابی دیتا رہے اور کوئی ناکامی کی صورت کبھی پیش نہ آوے تو کیا سب جہان موحد نہیں ہو سکتا؟ اور خصوصیت کیا رہے گی۔ اسی لئے جو مصیبت میں وفا اور صدق رکھے گا خدا تعالیٰ اسی سے خوش ہوگا۔

نماز۔ دُعا اور یقین

نماز ایسے ادا نہ کرو جیسے مرغی دانے کے لئے ٹھونگ مارتی ہے بلکہ سوز و گداز سے ادا کرو اور دعائیں بہت کیا کرو۔ **نماز مشکلات کی کنجی ہے**۔ ماثورہ دعاؤں اور کلمات کے سوا اپنی مادری زبان میں بہت دعا کیا کرو تا اس سے سوز و گداز کی تحریک ہو اور جب تک سوز و گداز نہ ہو اسے ترک مت کرو کیونکہ اس سے تزکیہ نفس ہوتا ہے اور سب کچھ ملتا ہے۔ چاہیئے کہ نماز کی جس قدر جسمانی صورتیں ہیں ان سب

کے ساتھ دل بھی ویسے ہی تابع ہو۔ اگر جسمانی طور پر کھڑے ہو تو دل بھی خدا کی اطاعت کے لئے ویسے ہی کھڑا ہو۔ اگر جُھکو تو دل بھی ویسے ہی جُھکے۔ اگر سجدہ کرو تو دل بھی ویسے ہی سجدہ کرے۔ دل کا سجدہ یہ ہے کہ کسی حال میں خدا کو نہ چھوڑے جب یہ حالت ہو گی تو گناہ دُور ہونے شروع ہو جاویں گے۔ معرفت بھی ایک شئے ہے جو کہ گناہ سے انسان کو روکتی ہے۔ جیسے جو شخص سم الفار سانپ اور شیر کو ہلاک کرنے والا جانتا ہے تو وہ ان کے نزدیک نہیں جاتا۔ ایسے جب تم کو معرفت ہو گی تو تم گناہ کے نزدیک نہ پھٹکو گے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ یقین بڑھاؤ اور وہ دعا سے بڑھے گا اور نماز خود دعا ہے۔ نماز کو جس قدر سنوار کر ادا کرو گے اسی قدر گناہوں سے رہائی پاتے جاؤ گے۔ معرفت صرف قول سے حاصل نہیں ہو سکتی۔ بڑے بڑے حکیموں نے خدا کو اس لئے چھوڑ دیا کہ ان کی نظر مصنوعات پر رہی اور دعا کی طرف توجہ نہ کی۔ جیسا کہ ہم نے براہین میں ذکر کیا ہے۔ مصنوعات سے تو انسان کو ایک صانع کے وجود کی ضرورت ثابت ہوتی ہے کہ ایک فاعل ہونا چاہیئے لیکن یہ نہیں ثابت ہوتا کہ وہ ہے بھی۔ ہونا چاہیئے اور شئے ہے اور ہے اور شئے ہے۔ اس ہے کا علم سوائے دعا کے نہیں حاصل ہوتا۔ عقل سے کام لینے والے ہے کے علم کو نہیں پا سکتے۔ اسی لئے ہے کہ خدا را بخدا تواں شناخت لاتدرکہ الابصار کے بھی یہی معنے ہیں کہ وہ صرف عقلوں کے ذریعہ سے شناخت نہیں کیا جا سکتا بلکہ خود جو ذریعے اس نے بتلائے ہیں ان سے ہی اپنے وجود کو شناخت کرواتا ہے اور اس امر کے لئے اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم[1] جیسی اور کوئی دعا نہیں ہے۔

تزکیہ نفس کی ترکیب

صلاح تقویٰ، نیک بختی اور اخلاقی حالت کو درست کرنا چاہیئے۔ مجھے اپنی

[1] الفاتحہ : ۶-۷

جماعت کا یہ بڑا غم ہے کہ ابھی تک یہ لوگ آپس میں ذرا سی بات سے چڑ جاتے ہیں عام مجلس میں کسی کو احمق کہہ دینا بھی بڑی غلطی ہے اگر اپنے کسی بھائی کی غلطی دیکھو تو اس کے لئے دعا کرو کہ خدا اسے بچالے۔ یہ نہیں کہ منادی کرو۔ جب کسی کا بیٹا بدچلن ہو تو اس کو سردست کوئی ضائع نہیں کرتا بلکہ اندر ایک گوشہ میں سمجھاتا ہے کہ یہ بُرا کام ہے اس سے باز آجا۔ پس جیسے رفق۔ حلم اور ملائمت سے اپنی اولاد سے معاملہ کرتے ہو ویسے ہی آپس میں بھائیوں سے کرو۔ جس کے اخلاق اچھے نہیں ہیں مجھے اس کے ایمان کا خطرہ ہے کیونکہ اس میں تکبّر کی ایک جڑ ہے اگر خدا راضی نہ ہو تو گویا یہ برباد ہو گیا۔ پس جب اس کی اپنی اخلاقی حالت کا یہ حال ہے تو اُسے دوسرے کو کہنے کا کیا حق ہے۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے ٭

اس کا یہی مطلب ہے کہ اپنے نفس کو فراموش کر کے دوسرے کے عیوب کو نہ دیکھتا رہے بلکہ چاہیئے کہ اپنے عیوب کو دیکھے۔ چونکہ خود تو وہ پابند ان امور کا نہیں ہوتا۔ اس لئے آخر کار لم تقولون ما لا تفعلون[1] کا مصداق ہو جاتا ہے۔

اخلاص اور محبت سے کسی کو نصیحت کرنی بہت مشکل ہے۔ بعض وقت نصیحت کرنے میں بھی ایک پوشیدہ بغض اور کبر ملا ہوا ہوتا ہے اگر خالص محبت سے وہ نصیحت کرتے ہوتے تو خدا تعالےٰ اُن کو اس آیت کے نیچے نہ لاتا۔ بڑا سعید وہ ہے جو اوّل اپنے عیوب کو دیکھے۔ ان کا پتہ اس وقت لگتا ہے جب ہمیشہ امتحان لیتا رہے۔ یاد رکھو کہ کوئی پاک نہیں ہو سکتا جب تک خدا اسے پاک نہ کرے۔ جب تک اتنی دعا نہ کرے کہ مَر جاوے تب تک سچا تقوےٰ حاصل نہیں ہوتا۔ اس کے لئے دعا سے فضل طلب کرنا چاہیئے۔ اب سوال ہو سکتا ہے کہ اُسے کیسے طلب کرنا چاہیئے تو اس

٭ البدر میں یہاں جگہ چھوٹی ہوئی ہے جو کاتب سے لکھنے رہ گئی ہے اور وہ آیت یہ معلوم ہوتی ہے۔ (اَتَامرون الناس بالبرّ وتنسون انفسکم)[2] (مرتب)

[1] الصف: ۳ [2] البقرۃ: ۴۵

کے لئے تدبیر سے کام لینا ضروری ہے جیسے ایک کھڑکی سے اگر بدبُو آتی ہے تو اس کا
علاج یہ ہے کہ یا اس کھڑکی کو بند کرے یا بدبُودار شئے کو اُٹھا کر دُور پھینک دے۔
پس کوئی اگر تقویٰ چاہتا ہے اور اس کے لئے تدبیر سے کام نہیں لیتا تو وہ بھی گستاخ
ہے کہ خدا کے عطا کردہ قویٰ کو بیکار چھوڑتا ہے۔ ہر ایک عطاء الٰہی کو اپنے محل پر صرف
کرنا اس کا نام تدبیر ہے جو ہر ایک مسلمان کا فرض ہے۔ ہاں جو نری تدبیر پر بھروسہ
کرتا ہے وہ بھی مشرک ہے اور اسی بلا میں مبتلا ہو جاتا ہے جس میں یورپ ہے۔
تدبیر اور دعا دونو کا پورا حق ادا کرنا چاہیئے۔ تدبیر کر کے سوچے اور غور کرے کہ
میں کیا شئے ہوں۔ فضل ہمیشہ خدا کی طرف سے آتا ہے۔ ہزار تدبیر کرو ہرگز کام نہ
آوے گی جب تک آنسو نہ بہیں۔ سانپ کے زہر کی طرح انسان میں زہر ہے اس
کا تریاق دُعا ہے جس کے ذریعہ سے آسمان سے چشمہ جاری ہوتا ہے۔ جو دعا سے
غافل ہے وہ مارا گیا۔ ایک دن اور رات جس کی دُعا سے خالی ہے وہ شیطان سے قریب
ہُوا۔ ہر روز دیکھنا چاہیئے کہ جو حق دعاؤں کا تھا وہ ادا کیا ہے کہ نہیں۔ نماز کی
ظاہری صورت پر اکتفا کرنا نادانی ہے۔ اکثر لوگ رسمی نماز ادا کرتے ہیں اور بہت جلدی
کرتے ہیں جیسے ایک ناواجب ٹیکس لگا ہوا ہے۔ جلدی گلے سے اُتر جاوے۔ بعض
لوگ نماز تو جلدی پڑھ لیتے ہیں لیکن اس کے بعد دعا اس قدر لمبی مانگتے ہیں کہ نماز
کے وقت سے دُگنا تگنا وقت لے لیتے ہیں حالانکہ نماز تو خود دعا ہے جس کو یہ نصیب
نہیں ہے کہ نماز میں دعا کرے اس کی نماز ہی نہیں۔ چاہیئے کہ اپنی نماز کو دُعا سے
مثل کھانے اور سرد پانی کے لذیذ اور مزیدار کر لو ایسا نہ ہو کہ اس پر ویل ہو۔

نماز خدا کا حق ہے اُسے خوب ادا کرو اور خدا کے دشمن سے مداہنہ کی زندگی
نہ برتو۔ وفا اور صدق کا خیال رکھو۔ اگر سارا گھر غارت ہوتا ہو تو ہونے دو مگر نماز
کو ترک مت کرو۔ وہ کافر اور منافق ہیں جو کہ نماز کو منحوس کہتے ہیں اور کہا کرتے

ہیں کہ نماز کے شروع کرنے سے ہمارا فلاں فلاں نقصان ہوا ہے۔ نماز ہرگز خدا کے غضب کا ذریعہ نہیں ہے۔ جو اُسے منحوس کہتے ہیں اُن کے اندر خود زہر ہے جیسے بیمار کو شیرینی کڑوی لگتی ہے ویسے ہی اُن کو نماز کا مزا نہیں آتا۔ یہ دین کو درست کرتی ہے۔ اخلاق کو درست کرتی ہے۔ دنیا کو درست کرتی ہے۔ نماز کا مزا دنیا کے ہر ایک مزے پر غالب ہے۔ لذات جسمانی کے لئے ہزاروں خرچ ہوتے ہیں اور پھر ان کا نتیجہ بیماریاں ہوتی ہیں اور یہ مفت کا بہشت ہے جو اُسے ملتا ہے۔ قرآن شریف میں دو جنتوں کا ذکر ہے ایک ان میں سے دنیا کی جنت ہے اور وہ نماز کی لذت ہے۔

نماز خواہ نخواہ کا ٹیکس نہیں ہے بلکہ عبودیت کو ربوبیت سے ایک ابدی تعلق اور کشش ہے۔ اس رشتہ کو قائم رکھنے کے لئے خدا تعالیٰ نے نماز بنائی ہے اور اس میں ایک لذت رکھ دی ہے جس سے یہ تعلق قائم رہتا ہے۔ جیسے لڑکے اور لڑکی کی جب شادی ہوتی ہے اگر اُن کے ملاپ میں ایک لذت نہ ہو تو فساد ہوتا ہے۔ ایسے ہی اگر نماز میں لذت نہ ہو تو وہ رشتہ ٹوٹ جاتا ہے۔ دروازہ بند کر کے دعا کرنی چاہیئے کہ وہ رشتہ قائم رہے اور لذت پیدا ہو۔ جو تعلق عبودیت کا ربوبیت سے ہے وہ بہت گہرا اور انوار سے پُر ہے جس کی تفصیل نہیں ہو سکتی۔ جب وہ نہیں ہے تب تک انسان بہائم ہے۔ اگر دو چار دفعہ بھی لذت محسوس ہو جائے تو اس چاشنی کا حصہ مل گیا۔ لیکن جسے دو چار دفعہ بھی نہ ملا وہ اندھا ہے مَنْ کَانَ فِیْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى[1]۔ آئندہ کے سب وعدے اسی سے وابستہ ہیں۔ ان باتوں کو فرض جان کر ہم نے بتلا دیا ہے۔

متکبر دوسرے کا حقیقی ہمدرد نہیں ہو سکتا۔ اپنی ہمدردی کو صرف مسلمانوں تک ہی محدود نہ رکھو بلکہ ہر ایک کے ساتھ کرو۔ اگر ایک ہندو سے ہمدردی نہ کرو گے تو اسلام کے سچے وصایا اُسے کیسے پہنچاؤ گے؟ خدا سب کا رب ہے۔ ہاں مسلمانوں کی خصوصیت سے ہمدردی کرو اور پھر متقی اور صالحین کی اس سے زیادہ خصوصیت سے۔ مال اور دُنیا

[1] بنی اسرائیل: ۷۳

سے دل نہ لگاؤ۔ اس کے یہ معنے نہیں ہیں کہ تجارت وغیرہ چھوڑ دو بلکہ دل با یار اور دست با کار رکھو۔ خدا کاروبار سے نہیں روکتا ہے بلکہ دنیا کو دین پر مقدم رکھنے سے روکتا ہے اس لئے تم دین کو مقدم رکھو۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۰ صفحہ ۵ تا ۷ مورخہ ۸ مارچ ۱۹۰۴ء)

۲۷ فروری ۱۹۰۴ء

(دربار شام)

آج اعلیحضرت حجۃ اللہ علی الارض علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مسجد کے بالائی حصہ پر نماز مغرب ادا کی اور بعد ادائے نماز مغرب شہ نشین پر اجلاس فرما ہوئے۔ چند مہمانوں نے اجازت روانگی حاصل کی۔ بعض احباب خصوصاً سید تفضل حسین صاحب اٹاوی (جو گیارہ سال کے بعد آئے تھے) کو خطاب کر کے فرمایا کہ

آمدن بارادت رفتن باجازت۔ آپ تو سمجھتے ہی ہیں کہ کب تک آپ کو ٹھہرنا چاہیئے[1]

اس ضمن میں طاعون کی شدت کا ذکر ہو گیا۔ اس پر آپ نے سلسلہ کلام یوں فرمایا۔

---

[1] البدر میں یہ ڈائری یوں درج ہے:۔
"چند ایک احباب نے اپنی واپسی کی اشد ضروریات پیش کیں۔ ان کو رخصت عطا فرمائی گئی لیکن عالیجناب محمد ابراہیم خاں صاحب شریف بن حاجی موسیٰ خاں صاحب برادر زادہ خاں بہادر مراد خاں مرحوم آمدہ از کراچی کی رخصت طلبی پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ "یہ چند دن اور رہیں آمدن بارادت رفتن باجازت" اور اسی طرح جناب تفضل حسین صاحب پنشنر تحصیلدار۔ رئیس اٹاوہ کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا کہ "اب تو ان کو بھی فراغت ہے اور ایک عرصہ کے بعد آئے ہیں۔ یہ بھی چند دن رہیں۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۳ مورخہ ۱۶ مارچ ۱۹۰۴ء)

من کان للہ کان اللہ لہٗ

حقیقت میں سچے مسلمان بننے کا اب وقت آیا ہے٭۔ یقین بڑی چیز ہے۔ اللہ تعالیٰ پر جس قسم کا یقین انسان کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے ویسا ہی معاملہ کرتا ہے۔ پس ضروری امر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ معاملہ صاف کرو تا وہ بھی تم پر رحم کرے۔ کیونکہ سچ یہی ہے ۔ من کان للہ کان اللہ لہ ۔

طاعون اور صحابہ کی شہادت

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض صحابہؓ بھی طاعون سے فوت ہوئے۔ لیکن اُن کے لئے وہ شہادت تھی۔ مومن کے واسطے یہ شہادت ہی ہے۔ پہلی امتوں پر رجزاً من السماء[1] تھی۔ صحابہؓ کس قدر اعلیٰ درجہ رکھتے تھے لیکن ان میں سے بھی اس کا نشانہ ہوگئے۔ اس سے اُن کے مومن ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ ابوعبیدہ بن الجراح جیسے صحابی جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بڑے ہی عزیز تھے طاعون ہی سے شہید ہوئے تھے طاعون سے مرنا عام مومنوں کے لئے تو کوئی حرج نہیں۔ البتہ جہاں انتظام الٰہی میں فرق آتا ہے وہاں خدا تعالیٰ ایسا معاملہ نہیں کرتا ہے یعنی خدا تعالیٰ کا کوئی مامور و مرسل طاعون کا شکار نہیں ہو سکتا اور نہ کسی اور خبیث مرض سے ہلاک ہوتا ہے کیونکہ اس سے اللہ تعالیٰ کے انتظام میں بڑا نقص اور خلل پیدا ہوتا ہے۔ پس انبیاء و رسل اور خدا کے ماموران امراض سے بچائے جاتے ہیں اور یہی نشان ہوتا ہے۔

صحابہؓ کی خصوصیت پر ضمنی تذکرہ

حضرت حکیم الامت نے عرض کی کہ حضور یہ ایک بڑی عجیب بات ہے کہ ایک لاکھ

٭ البدر سے :۔ "اس کے سوا گذارہ نہیں" (البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۳ مورخہ ۱۶؍مارچ ۱۹۰۴ء)

✉ البدر میں ہے :۔ "بعض صحابہ اور اُن کی اولاد بھی طاعون سے فوت ہوئے تھے" (البدر حوالہ مذکور)

[1] البقرۃ : ۶۰

چوبیس ہزار صحابہؓ میں سے ایک بھی بہرہ نہ تھا۔*

اس پر امام الملۃ نے فرمایا کہ

چونکہ اس وقت خدا تعالےٰ کا کلام نازل ہو رہا تھا اور اس امر کی ضرورت تھی کہ صحابہؓ اُسے سُنیں اور روایت کر کے دوسروں تک پہنچائیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس نظام کو قائم رکھنے کے لئے صحابہؓ کو اس بہرہ پن سے محفوظ رکھا۔ ایسے وقت اگر آنکھ نہ ہو تو کام ہو سکتا ہے لیکن کان کے بغیر کام نہیں چل سکتا۔ ان حقائق و معارف کو جو خدا تعالےٰ کا مرسل لے کر آتا ہے سننے کی بہت بڑی ضرورت ہوتی ہے۔

پہلے کلام کی طرف رجُوع

غرض یہ مقام ڈرنے کا ہے کیونکہ طاعون بڑی شدت کے ساتھ پھیل رہی ہے اور جو اس وقت بھی خدا تعالیٰ کے ساتھ اپنا معاملہ صاف نہیں کرتا وہ بڑے خطرہ کی حالت میں ہے۔ نفاق کام نہ دے گا۔ اسی واسطے اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے الذین اٰمنوا ولم یلبسوا ایمانھم بظلم[1]۔ بعض وقت انسان موجودہ حالتِ امن پر بھی بے خطر ہو جاتا ہے اور سمجھ لیتا ہے کہ امن میں زندگی گذارتا ہوں مگر یہ غلطی ہے کیونکہ یہ تو معلوم نہیں ہے کہ سابقہ زندگی میں کیا ہوا ہے اور کیا کیا بے اعتدالیاں اور کمزوریاں ہو چکی ہیں۔ اسی واسطے مومن کے لئے بہت ضروری ہے کہ وہ کبھی بیخوف نہ ہو اور ہر وقت توبہ اور استغفار کرتا رہے کیونکہ استغفار سے انسان گذشتہ بدیوں کے بُرے نتائج سے بھی خدا تعالیٰ کے فضل سے بچ رہتا ہے۔ یہ سچی بات ہے کہ توبہ اور استغفار سے گناہ

---

* البدر میں ہے " ہاں اندھے تھے " (البدر جلد ۳ نمبر ۱ صفحہ ۳)

❀ البدر سے:۔ " اللہ تعالےٰ میں یہ صفت مومن کے لئے بہت ہی مفید ہے کہ توبہ اور استغفار سے اس کے گناہ بخشے جاتے ہیں۔ اگر یہ صفت نہ ہوتی تو پھر انسان کی بالکل تباہی ہو جاتی۔ یہ بہت ہی بڑی صفت ہے کہ اس کی بارگاہ میں (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

[1] الانعام: ۸۳

بخشے جاتے ہیں اور خدا تعالےٰ اس سے محبت کرتا ہے۔

ان اللہ یحب التوابین و یحب المتطہرین[1]

سچی توبہ کرنے والا معصوم کے رنگ میں ہوتا ہے۔ پچھلے گناہ تو معاف ہو جاتے ہیں پھر آئندہ کے لئے خدا سے معاملہ صاف کر لے۔ اس طرح پر خدا کے اولیاء میں داخل ہو جائیگا اور پھر اس پر کوئی خوف و حزن نہ ہوگا جیسا کہ فرمایا ہے ان اولیاء اللہ لاخوف علیھم ولا ھم یحزنون۔[2]

ولی اللہ

خدا تعالیٰ نے اُن کو اپنا ولی کہا ہے حالانکہ وہ بے نیاز ہے۔ اس کو کسی کی حاجت نہیں۔ اس لئے استغناء ایک شرط کے ساتھ ہے وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ[3]۔ یہ بالکل سچی بات ہے کہ خدا تعالےٰ تعزز کر کسی کو ولی نہیں بناتا* بلکہ محض اپنے فضل اور عنایت سے اپنا مقرب بنا لیتا ہے۔ اس کو کسی کی کوئی حاجت نہیں ہے اس ولایت اور قرب کا فائدہ بھی اسی کو پہنچتا ہے۔ ہزاروں ہزار فوائد اور امور ہوتے ہیں جو اس کے لئے مفید ثابت ہوتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ اس کی دعائیں قبول کرتا ہے نہ صرف اس کی دعائیں قبول کرتا ہے بلکہ اس کے اہل و عیال۔ اس کے احباب کے لئے بھی برکات عطا

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ:۔ سچی توبہ کرنے سے انسان بالکل معصوم ہو جاتا ہے گویا اس نے کبھی کوئی گناہ کیا ہی نہ تھا۔" (البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۴)

* البدر میں ہے:۔ "خدا تعالےٰ کی ولایت کے یہ معنے نہیں ہیں کہ اس کو کوئی ایسی احتیاج ہے جیسے ایک انسان کو دوست کی ہوتی ہے یا تعزز کر خدا تعالےٰ کسی کو اپنا دوست بنا لیتا ہے بلکہ اس کے معنے ہیں فضل اور عنایت سے خدا تعالےٰ کسی کو اپنا بنا لیتا ہے اور اس سے اس شخص کو فائدہ پہنچتا ہے نہ خدا کو۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۴)

---

[1] البقرۃ: ۲۲۳ [2] یونس: ۶۳ [3] بنی اسرائیل: ۱۱۲

کرتا ہے اور صرف یہانتک ہی نہیں بلکہ ان مقاموں میں برکت دی جاتی ہے جہاں وہ ہوتے ہیں اور اُن زمینوں میں برکت رکھی جاتی ہے اور ان کپڑوں میں برکت دی جاتی ہے جن میں وہ ہوتے ہیں۔

اصل یہ ہے کہ ولی اللہ بننا ہی مشکل ہے بلکہ اس مقام کا سمجھنا ہی دشوار ہوتا ہے کہ یہ کس حالت میں کہا جاوے گا کہ وہ خدا کا ولی ہے۔ انسان انسان کے ساتھ ظاہرداری میں خوشامد کر سکتا ہے اور اس کو خوش کر سکتا ہے خواہ دل میں ان باتوں کا کچھ بھی اثر نہ ہو۔ ایک شخص کو خیر خواہ کہہ سکتے ہیں مگر حقیقت میں معلوم نہیں ہوتا کہ وہ خیر خواہ ہے یا کیا ہے لیکن اللہ تعالیٰ تو خوب جانتا ہے کہ اس کی اطاعت و محبت کس رنگ سے ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کے ساتھ فریب اور دغا نہیں ہو سکتا۔ کوئی اس کو دھوکا نہیں دے سکتا[1] جب تک سچے اخلاص اور پوری وفاداری کے ساتھ یک رنگ ہو کر خدا تعالیٰ کا نہ بن جاوے کچھ فائدہ نہیں۔

یاد رکھو اللہ تعالیٰ کا اجتبا اور اصطفا فطرتی جوہر سے ہوتا ہے۔ ممکن ہے گذشتہ زندگی میں وہ کوئی صغائر یا کبائر رکھتا ہو لیکن جب اللہ تعالیٰ سے اس کا سچا تعلق ہو جاوے تو وہ کل خطائیں بخش دیتا ہے اور پھر اس کو کبھی شرمندہ نہیں کرتا نہ اس دنیا میں اور نہ آخرت میں۔ یہ کس قدر احسان اللہ تعالیٰ کا ہے کہ جب وہ ایک دفعہ درگذر کرتا اور عفو فرماتا ہے پھر اس کا کبھی ذکر ہی نہیں کرتا۔ اس کی پردہ پوشی فرماتا ہے۔ پھر باوجود ایسے احسانوں اور فضلوں کے بھی اگر وہ منافقانہ زندگی بسر کرے تو پھر سخت بدقسمتی اور شامت ہے۔

برکات اور فیوض الٰہی کے حصول کے واسطے دل کی صفائی کی بھی بہت بڑی ضرورت

---

[1] البدر سے :- " وہ خوب جانتا ہے کہ ہر ایک کا اندرونہ کیسا ہے "

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۳)

ہے۔ جب تک دل صاف نہ ہو کچھ نہیں۔ چاہیئے کہ جب اللہ تعالیٰ دل پر نظر ڈالے تو اس کے کسی حصہ یا کسی گوشہ میں کوئی شعبہ نفاق کا نہ ہو۔ جب یہ حالت ہو تو پھر الٰہی نظر کے ساتھ تجلیات آتی ہیں اور معاملہ صاف ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے ایسا وفادار اور صادق ہونا چاہیئے جیسے ابراہیم علیہ السلام نے اپنا صدق دکھایا یا جس طرح پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نمونہ دکھایا۔ جب انسان اس نمونہ پر قدم مارتا ہے تو وہ بابرکت آدمی ہو جاتا ہے۔ پھر دنیا کی زندگی میں کوئی ذلت نہیں اُٹھاتا اور نہ تنگی رزق کی مشکلات میں مبتلا ہوتا ہے بلکہ اس پر خدا تعالیٰ کے فضل و احسان کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے اور خدا تعالےٰ اس کو لعنتی زندگی[ا] سے ہلاک نہیں کرتا بلکہ اس کا خاتمہ بالخیر کرتا ہے۔

مختصر یہ کہ جو خدا تعالیٰ سے سچا اور کامل تعلق رکھتا ہو تو خدا تعالےٰ اس کی ساری مرادیں پُوری کر دیتا ہے اسے نامُراد نہیں رکھتا۔

اللہ تعالےٰ کی صفت قادر و کریم کا اقتضاء

اللہ تعالےٰ کی دو صفتیں بڑی قابل غور ہیں اور ان صفات پر ایمان لانے سے بھی امید وسیع ہوتی اور مومن کا یقین زیادہ ہوتا ہے۔ وہ صفات اس کے قادر اور کریم ہونے کی ہیں۔ جب تک یہ دونو باتیں نہ ہوں۔ کوئی فیض نہیں ملتا ہے۔ دیکھو اگر کوئی شخص کریم تو ہو اور اس کے پاس ہو تو ہزاروں روپیہ دے دینے میں بھی اُسے تامل اور دریغ نہ ہو لیکن اس کے گھر میں کچھ بھی نہ ہو تو اس کی صفت کریمی کا کیا فائدہ؟ یا اس کے پاس روپیہ تو بہت ہو مگر کریم نہ ہو پھر اس سے کیا حاصل؟ مگر خدا تعالیٰ میں یہ دونو باتیں ہیں وہ قادر ہے اور کریم بھی ہے اور ان دونو صفتوں میں بھی وہ وحدہٗ

[ا] البدر میں ہے:۔ "تب خدا تعالیٰ اسے لعنتی موت سے محفوظ رکھتا ہے" (البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۳)

لاشریک ہے۔

پس جب ایسی قادر اور کریم ذات کے ساتھ کوئی کامل تعلق پیدا کرے تو اس سے بڑھ کر خوش قسمت کون ہوگا؟ بڑا ہی مبارک اور خوش قسمت ہے وہ شخص جو اس کا فیصلہ کرلے۔ سرمد نے کیا اچھا کہا ہے ؎

سرمد گلہ اختصار مے باید کرد
یک کار ازیں دوکار مے باید کرد
یا تن برضائے یار مے باید کرد
یا قطع نظر زیار مے باید کرد

حقیقت میں اس نے سچ کہا ہے۔ بیمار اگر طبیب کی پوری اطاعت نہیں کرتا تو اس سے کیا فائدہ؟ ایک عارضہ نہیں تو دوسرا اس کو لگ جائے گا اور وہ اس طرح پر تباہ اور ہلاک ہوگا۔ دنیا میں اس قدر آفتوں سے انسان گھرا ہوا ہے کہ اگر اللہ تعالےٰ ہی کا فضل اس کے شامل حال نہ ہو اور اس کے ساتھ سچا تعلق نہ ہو تو پھر سخت خطرہ کی حالت ہے۔ پنجابی میں بھی ایک مصرعہ مشہور ہے ؎

جے توں میرا ہو رہیں سب جگ تیرا ہو

یہ من کان للہ کان اللہ لہٗ ہی کا ترجمہ ہے

جب انسان خدا تعالیٰ کا ہو جاتا ہے تو پھر کچھ شک نہیں۔ ساری دنیا اُسکی ہو جاتی ہے مگر اس وقت بڑی بڑی مشکلات آکر پڑتی ہیں۔ لوگ ہمارے سلسلہ کی مخالفت کے لئے کیا کیا کوشش نہیں کرتے۔ اس کی عدم ضرورت کے واسطے کہہ دیتے ہیں کہ کیا ہم مسلمان نہیں ہیں؟ ہم نماز اور کلمہ نہیں پڑھتے؟ جو لوگ اس قسم کے اعتراض کرتے ہیں وہ آخر بے نصیب رہ جاتے ہیں۔

برکات نماز کس طرح ملتے ہیں اس میں شک نہیں کہ نماز میں برکات ہیں

مگر وہ برکات ہر ایک کو نہیں مل سکتے نماز بھی وہی پڑھتا ہے۔ جس کو خدا تعالےٰ نماز پڑھاوے ورنہ وہ نماز نہیں نرا پوست ہے جو پڑھنے والے کے ہاتھ میں ہے۔ اس کو مغز سے کچھ واسطہ اور تعلق ہی نہیں۔ اسی طرح کلمہ بھی وہی پڑھتا ہے۔ جس کو خدا تعالےٰ کلمہ پڑھوائے۔ جب تک نماز اور کلمہ پڑھنے میں آسمانی چشمہ سے گھونٹ نہ ملے تو کیا فائدہ؟ وہ نماز جس میں حلاوت اور ذوق ہو اور خالق سے سچا تعلق قائم ہو کر پوری نیازمندی اور خشوع کا نمونہ ہو اس کے ساتھ ہی ایک تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے۔ جس کو پڑھنے والا فوراً محسوس کر لیتا ہے کہ اب وہ وہ نہیں رہا جو چند سال پہلے تھا۔

ابدال

جب یہ تبدیلی اس کی حالت میں پیدا ہوتی ہے اس وقت اس کا نام ابدال ہوتا ہے۔ احادیث میں جو ابدال آیا ہے اس سے یہی مراد لی گئی ہے کہ کامل انقطاع اور تبتّل کے ساتھ جب خدا تعالیٰ سے تعلق پیدا کر کے اپنی حالت میں تبدیلی کر لے جیسے قیامت میں بہشتیوں میں تبدیلیاں ہوں گی کہ وہ چاند یا ستاروں کی مانند ہوں گے اسی طرح پر اس دنیا میں بھی ان کے اندر ہونی ضروری ہے تاکہ وہ اس تبدیلی پر شہادت ہو۔ اسی لئے فرمایا ہے ولمن خاف مقام ربہ جنتان[1]۔ چونکہ اس دنیا میں بھی ایک بہشت ہے جو مومن کو دیا جاتا ہے۔ اس کے موافق ایک تبدیلی بھی یہاں ہوتی ہے اس کو ایک خاص قسم کا رعب دیا جاتا ہے جو الٰہی تجلیات کے پرتو سے ملتا ہے۔ نفس امارہ کے جذبات سے اس کو روک دیا جاتا ہے اور نفس مطمئنہ کی سکینت اور اطمینان اس کو ملتا ہے۔ اس کی دعائیں قبول ہوتی ہیں یہانتک کہ جیسے ابراہیم علیہ السلام کو* کہا گیا یا نار کونی برداً و سلاماً علیٰ ابراھیم[2]۔ اسی طرح پر اس کے لئے کہا جاتا ہے یا نار کونی برداً و سلاماً اس آواز پر اس کے سارے جوشوں کو ٹھنڈا کر دیا جاتا ہے اور وہ خدا

* سہو کتابت سے لکھا گیا۔ لفظ "کے لئے" ہوگا (مرتب)

[1] الرحمٰن: ۴۷ [2] الانبیاء: ۷۰

تعالےٰ میں ایک راحت اور اطمینان پالیتا ہے اور ایک تبدیلی اس میں پیدا ہو جاتی ہے جب تک یہ تبدیلی نہ ہو نماز، روزہ، کلمہ، زکوٰۃ وغیرہ ارکان محض رسمی اور نمائشی طور پر ہیں۔ ان میں کوئی روح اور قوت نہیں ہے اور ایسا انسان خطرہ کی حالت سے نکل کر امن میں آجاتا ہے۔

یاد رکھو جب انسان کا وجود خدا کی محبت میں گم ہو جائے اس وقت وہ جان لے کہ خدا سچی محبت رکھتا ہے کیونکہ دل را بدل رہیست مشہور ہے۔

اہل وعیال کا تہیہ

بہت سے لوگ جو اہل وعیال کا تہیہ کرتے ہیں اور ان کے سارے ہم وغم اسی پر آکر ختم ہو جاتے ہیں کہ اُن کی اولاد ان کے بعد اُن کے مال واسباب اور جائداد کی مالک اور جانشین ہو۔ اگر انسان کی خواہش اسی حد تک محدود ہے اور وہ خدا کیلئے کچھ بھی نہیں کرتا تو یہ جہنمی زندگی ہے اس کو اس سے کیا فائدہ ؟ جب یہ مر گیا تو پھر کیا دیکھنے آئے گا کہ اس کی جائداد کا کون مالک ہوا ہے۔ اور اس سے اس کو کیا آرام پہنچیگا اس کا تو قصہ پاک ہو چکا اور یہ کبھی پھر دنیا میں نہیں آئے گا اس لئے ایسے ہم وغم سے کیا حاصل جو دنیا میں جہنمی زندگی کا نمونہ ہے اور آخرت میں بھی عذاب دینے والا۔

قرآن شریف پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مُردوں کے واپس نہ آنے کے دو وعدے ہیں۔ ایک جہنمیوں کے لئے جیسے فرمایا وحرامٌ علیٰ قریۃٍ اھلکنٰھا انھم لا یرجعون[۱] اھلکنٰھا عذاب پر بھی آتا ہے۔ اس سے پایا جاتا ہے کہ خراب زندگی کے لوگ پھر واپس نہیں آئیں گے اور ایسا ہی بہشتیوں کے لئے بھی آیا ہے۔ لا یبغون عنھا حولاً[۲]

مسیح کا عدم رجوع

دو ہی قسم کے لوگ ہوتے ہیں اور دونو کا عدم رجوع ثابت ہے پر معلوم نہیں کہ

[۱] الانبیاء: ۹۶ [۲] الکہف: ۱۰۹

مسیح کو کس طرح پر واپس لاتے ہیں۔ اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ مسیح کا پھر آنا فضول ہے اور جو شخص قرآن کریم کی اس شہادت اور پھر پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کی شہادت کو منظور نہیں کرتا وہ مسلمان نہیں ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ان کو مُردوں میں یحییٰ کے پاس دیکھ آئے ہیں اس پر بھی جو انکار کرتا ہے وہ خبیث ہے۔

غرض جبکہ یہ ثابت ہے کہ پھر اس دنیا میں واپس آنا نہیں ہے اور یہاں سے سب قصہ تمام کر کے جائیں گے اور پھر دنیا سے کوئی تعلق باقی نہ رہے گا تو املاک و اسباب کا خیال کرنا کہ اس کا وارث کوئی ہو یہ شرکا رکے قبضہ میں نہ چلے جاویں فضول اور دیوانگی ہے۔ ایسے خیالات کے ساتھ دین جمع نہیں ہو سکتا۔ ہاں یہ منع نہیں بلکہ جائز ہے کہ اس لحاظ سے اولاد اور دوسرے متعلقین کی خبر گیری کرے کہ وہ اس کے زیردست ہیں تو پھر یہ بھی ثواب اور عبادت ہی ہوگی اور خدا تعالیٰ کے حکم کے نیچے ہوگا۔ جیسے فرمایا ہے ویطعمون الطعام علیٰ حبہٖ مسکیناً ویتیماً واسیراً۔[1] اس آیت میں مسکین سے مراد **والدین** بھی ہیں کیونکہ وہ بوڑھے اور ضعیف ہو کر بے دست و پا ہو جاتے ہیں اور محنت مزدوری کر کے اپنا پیٹ پالنے کے قابل نہیں رہتے۔ اس وقت اُن کی خدمت ایک مسکین کی خدمت کے رنگ میں ہوتی ہے اور اسی طرح اولاد جو کمزور ہوتی ہے اور کچھ نہیں کر سکتی اگر یہ اُس کی تربیت اور پرورش کے سامان نہ کرے تو وہ گویا یتیم ہی ہے پس ان کی خبر گیری اور پرورش کا تہیہ اس اصول پر کرے۔ تو ثواب ہوگا۔

اور بیوی اسیر کی طرح ہے اگر یہ عاشروھن بالمعروف[2] پر عمل نہ کرے تو وہ ایسا قیدی ہے جس کی کوئی خبر لینے والا نہیں ہے۔

غرض ان سب کی غور و پرداخت میں اپنے آپ کو بالکل الگ سمجھے اور اُن کی پرورش محض رحم کے لحاظ سے کرے نہ کہ جانشین بنانے کے واسطے بلکہ واجعلنا

[1] الدھر: ۹ [2] النساء: ۲۰

للمتقین اماماً کا لحاظ ہو کہ یہ اولاد دین کی خادم ہو۔[1] لیکن کتنے ہیں جو اولاد کے واسطے یہ دعا کرتے ہیں۔[2] کہ اولاد دین کی پہلوان ہو۔ بہت ہی تھوڑے ہوں گے جو ایسا کرتے ہوں۔ اکثر تو ایسے ہیں کہ وہ بالکل بے خبر ہیں کہ وہ کیوں اولاد کے لئے یہ کوششیں کرتے ہیں اور اکثر ہیں جو محض جانشین بنانے کے واسطے اور کوئی غرض ہوتی ہی نہیں صرف یہ خواہش ہوتی ہے کہ کوئی شریک یا غیر ان کی جائداد کا مالک نہ بن جاوے مگر یاد رکھو کہ اس طرح پر دین بالکل برباد ہو جاتا ہے۔

غرض اولاد کے واسطے صرف یہ خواہش ہو کہ وہ دین کی خادم ہو۔ اسی طرح بیوی کرے تاکہ اس سے کثرت سے اولاد پیدا ہو اور وہ اولاد دین کی سچی خدمت گزار ہو۔ اور نیز جذباتِ نفس سے محفوظ رہے۔ اس کے سوا جس قدر خیالات ہیں وہ خراب ہیں رحم اور تقویٰ مدنظر ہو تو بعض باتیں جائز ہو جاتی ہیں۔[3] اس صورت میں اگر مال بھی چھوڑتا

---

[1] البدر سے :- "کہ اس کے بعد اس کے حق میں دعا کرے۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۴)

[2] البدر سے :- "سوچ کر دیکھو کہ کتنے ایسے ہیں جو اس نیت اور ارادہ سے اولاد کی خواہش کرتے ہیں اور تہجد کے وقت اُٹھ کر خدا تعالیٰ سے دعائیں مانگتے ہیں کہ اے مولا تو ایسی اولاد دے جو متقی ہو۔ تیری راہ میں جان دینے والی ہو۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۴)

[3] البدر سے :- "رحم اور شفقت کی نظر سے یہ نیت بھی ہو سکتی ہے کہ ان کیلئے کچھ املاک چھوڑ جاؤں تاکہ ضائع نہ ہوں اور در بدر بھیک نہ مانگتے پھریں یا افلاس سے تنگ آکر تبدیل مذہب نہ کرلیں اور اگر ان نیتوں سے باہر جاتا ہے تو دین سے باہر جاتا ہے اور ایمان کو تاریکی میں رکھ کر اس کے ثمرات اور برکات سے بے نصیب رہتا ہے۔"

(البدر حوالہ مذکور)

ہے اور جائداد بھی اولاد کے واسطے چھوڑتا ہے تو ثواب ملتا ہے۔ لیکن اگر صرف جانشین بنانے کا خیال ہے اور اس نیت سے سب ہم وغم رکھتا ہے تو پھر گناہ ہے۔ اس قسم کے قصور اور کسریں ہوتی ہیں جن سے تاریکی میں ایمان رہتا ہے لیکن جب ہر حرکت وسکون خدا ہی کے لئے ہو جاوے تو ایمان روشن ہو جاتا ہے اور یہی غرض ہر مسلمان مومن کی ہونی چاہیئے کہ ہر کام میں اس کے خدا ہی مدنظر ہو۔ کھانے پینے۔ عمارت بنانے۔ دوست دشمن کے معاملات غرض ہر کام میں خدا تعالےٰ ملحوظ ہو تو سب کاروبار عبادت ہو جاتا ہے لیکن جب مقصود متفرق ہوں پھر وہ شرک کہلاتا ہے مگر مومن دیکھے کہ خدا تعالےٰ کی طرف نظر ہے یا اور قصد ہے۔ اگر اور طرف ہے تو سمجھے کہ دُور ہو گیا ہے۔ صید نزدیک است و دور انداختہ بات مختصر ہوتی ہے مگر اپنی بدقسمتی سے لمبی بنا کر محروم ہو جاتا ہے۔

خدا تعالےٰ کی طرف تبتّل کرنا اور اس کو مقصود بنانا اہل وعیال کی خدمت اسی لحاظ سے کرنا کہ وہ امانت ہے۔ اس طرح پر دین محفوظ رہتا ہے کیونکہ اس میں خدا کی رضا مقصود ہوتی ہے لیکن جب دنیا کے رنگ میں ہو اور غرض وارث بنانا ہو تو اس طرح پر خدا کے غضب کے نیچے آجاتا ہے۔*

اولاد تو نیکوکاروں اور ماموروں کی بھی ہوتی ہے۔ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد بھی دیکھو کس قدر کثرت سے ہوئی کہ کوئی گن نہیں سکتا۔ مگر کوئی نہیں کہہ سکتا کہ اُن کا

* البدر سے :- "انسان کو چاہیئے کہ ہر ایک کاروبار میں تبتّل الیہ تبتیلاً[1] کا مصداق ہو یعنی ہر ایک کام کو اس طرح سے بجالاوے گویا وہ خود اس میں نفسانی حظ کوئی نہیں رکھتا۔ صرف خدا تعالیٰ کے حکم کی اطاعت کی وجہ سے بجالا رہا ہے اور اسی نیت سے مخلوق کے حقوق کو ادا کرنا دین ہے ہر ایک بات اور کام کا آخری نقطہ خدا تعالےٰ کی رضامندی ہونی چاہیئے۔ اگر دنیا کے لئے ہے تو خدا تعالیٰ کا غضب کماتا ہے" (البدر جلد ۲ نمبر ۱۱ صفحہ ۴)

[1] المزمّل : ۹

خیال اور طرف تھا؟ بلکہ ہر حال میں خدا ہی کی طرف رجوع تھا۔ اصل اسلام اسی کا نام ہے جو ابراہیم کو بھی کہا کہ اَسْلِمْ۔* جب ایسے رنگ میں ہو جاوے تو وہ شیطان اور جذباتِ نفس سے الگ ہو جاتا ہے یہانتک کہ خدا کی راہ میں جان تک کے دینے میں بھی دریغ نہ کرے۔ اگر جاں نثاری سے دریغ کرتا ہے تو خوب جان لے کہ وہ سچا مسلم نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ بحد اطاعت ہو اور پوری عبودیت کا نمونہ دکھاوے یہانتک کہ آخری امانت جان بھی دیدے۔ اگر بخل کرتا ہے تو پھر سچا مومن اور مسلم کیسے ٹھہر سکتا ہے؟ لیکن اگر وہ جانبازی کرنے والا ہے تو پھر خدا تعالیٰ کو بڑا ہی پیارا اور محبوب ہے وہ اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی ہو جاتا ہے۔ صحابہؓ نے یہی کیا۔ انہوں نے اپنی جان کی پروا نہ کی ⊠ اور اپنے خون بہا دیئے۔ شہید بھی وہی ہوتا ہے جو جان دینے کا قصد کرتا ہے اگر یہ نہیں تو پھر کچھ نہیں۔

یہ چند کلمے ناگہانی آفات سے بچنے اور سچا مسلم بننے کے لئے ہیں اور اگر انسان ان پر عمل کرے تو طاعون سے بچانے کا یہ بھی ایک ذریعہ ہیں۔

یاد رکھو قہرِ الٰہی کو کوئی روک نہیں سکتا وہ سخت چیز ہے۔ خبیث قوموں پر جب نازل ہوا ہے تو وہ تباہ ہو گئی ہیں۔ اس قہر سے ہمیشہ کامل ایمان بچا سکتا ہے۔ ناقص ایمان[1] بچا نہیں سکتا بلکہ کامل ایمان ہو تو دعائیں بھی قبول ہوتی ہیں اور ادعونی استجب لکم خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے جو خلاف نہیں ہوتا کیونکہ ان اللہ لا یخلف المیعاد۔[2] اس

---

* البدر سے :- "جیسے ابراہیم علیہ السلام نے اسلمتُ[3] کہہ دیا تھا ویسے ہی اطاعت اللہ تعالیٰ کی کی جاوے اور کسی غیر کو اس میں شریک نہ کیا جاوے۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۴)

⊠ البدر سے :- "خدا تعالیٰ اس کا تذکرہ فرماتا ہے کہ ان میں سے بہتوں نے جان دے دی اور بعض ابھی تک منتظر ہیں۔" (البدر بحوالہ مذکور)

---

[1] المومن : ۶۱ [2] آل عمران : ۱۰ [3] البقرۃ : ۱۳۲

کا فرمان ہے۔ پس ایسے وقت میں کہ آفت نازل ہو رہی ہے ایک تو یہ چاہیئے کہ دعائیں کرتے رہیں۔ دوسرے صغائر کبائر سے جہاں تک ممکن ہو بچتے رہیں۔ تدبیروں اور دعاؤں میں لگے رہیں۔ گناہ کا زہر بڑا خطرناک ہے۔ اس کا مزا اسی دنیا میں چکھنا پڑتا ہے گناہ دو طرح پر ہوتے ہیں۔ ایک گناہ غفلت سے ہوتے ہیں جو شباب میں ہو جاتے ہیں۔ دوسرے بیداری کے وقت میں ہوتے ہیں۔ جب انسان پختہ عمر کا ہو جاتا ہے ایسے وقت میں جب گناہوں سے راضی نہیں ہوگا اور ہر وقت استغاثہ کرتا رہے گا تو اللہ تعالےٰ اس پر سکینت نازل کرے گا اور گناہوں سے بچائے گا۔

گناہوں سے پاک ہونے کے واسطے بھی اللہ تعالےٰ ہی کا فضل درکار ہے جب اللہ تعالےٰ اس کے رجوع اور توبہ کو دیکھتا ہے تو اس کے دل میں غیب سے ایک پڑجاتی ہے اور وہ گناہ سے نفرت کرنے لگتا ہے اور اس حالت کے پیدا ہونے کے لئے حقیقی مجاہدہ کی ضرورت ہے۔

والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا [1]

جو مانگتا ہے اس کو ضرور دیا جاتا ہے۔ اسی لئے میں کہتا ہوں کہ دعا جیسی کوئی چیز نہیں۔ دنیا میں دیکھو کہ بعض خرگدا ایسے ہوتے ہیں کہ وہ ہر روز شور ڈالتے رہتے ہیں۔ ان کو آخر کچھ نہ کچھ دینا ہی پڑتا ہے اور اللہ تعالےٰ تو قادر اور کریم ہے جب یہ اڑ کر دعا کرتا ہے تو پالیتا ہے کیا خدا انسان جیسا بھی نہیں۔

قبولیتِ دُعا کا راز

یہ قاعدہ یاد رکھو کہ جب دعا سے باز نہیں آتا اور اس میں لگا رہتا ہے تو آخر دعا قبول ہو جاتی ہے مگر یہ بھی یاد رہے کہ باقی ہر قسم کی دعائیں طفیلی ہیں اصل دعائیں اللہ تعالےٰ کو راضی کرنے کے واسطے کرنی چاہئیں۔ باقی دعائیں خود بخود قبول ہو جائینگی۔ کیونکہ گناہ کے دور ہونے سے برکات آتی ہیں۔ یوں دعا قبول نہیں ہوتی جو نری دُنیا ہی

[1] العنکبوت : ۷۰

کے واسطے ہو۔* اس لئے پہلے خدا تعالیٰ کو راضی کرنے کے واسطے دعائیں کرے اور وہ سب سے بڑھ کر دعا اھدنا الصراط المستقیم[1] ہے۔☒ جب یہ دعا کرتا رہے گا تو وہ منعم علیہم کی جماعت میں داخل ہوگا جنہوں نے اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی محبت کے دریا میں غرق کر دیا ہے۔ ان لوگوں کے زمرہ میں جو منقطعین ہیں داخل ہو کر یہ وہ انعاماتِ الٰہی حاصل کرے گا جیسے عادت اللہ ہمیشہ سے جاری ہے۔ یہ کبھی کسی نے نہیں سُنا ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اپنے ایک راستباز۔ متقی کو رزق کی مار دے بلکہ وہ تو سات پشت تک بھی رحم کرتا ہے۔ قرآن شریف میں خضر و موسیٰ کا قصہ درج ہے کہ انہوں نے ایک خزانہ نکالا اس کی بابت کہا گیا کہ ابوھما صالحا[2]۔ اس آیت میں ان کے والدین کا ذکر تو ہے لیکن یہ ذکر نہیں کہ وہ لڑکے خود کیسے تھے۔ باپ کے طفیل سے اس خزانہ کو محفوظ رکھا تھا اور اس لئے ان پر رحم کیا گیا۔ لڑکوں کا ذکر نہیں کیا بلکہ ستاری سے کام لیا۔

توریت اور ساری آسمانی کتابوں سے پایا جاتا ہے کہ خدا تعالیٰ متقی کو ضائع نہیں کرتا اس لئے پہلے ایسی دعائیں کرنی چاہئیں جن سے نفس امارہ، نفس مطمئنہ ہو جاوے۔

---

* البدر سے:- "انسان کی ضرورتوں اور خواہشوں کی تو کوئی حد نہیں اور بعض لوگ انہی کے لئے دعا کرتے رہتے ہیں اور ان کو خدا کو راضی کرنے اور گناہ سے بچنے کی دعا کا موقعہ ہی نہیں پیش آتا لیکن اصل بات یہ ہے کہ دنیا کے لئے جو دعا کی جاتی ہے وہ جہنم ہے۔ دعا صرف خدا کو راضی کرنے اور گناہوں سے بچنے کی ہونی چاہیئے باقی جتنی دعائیں ہیں وہ خود اس کے اندر آجاتی ہیں۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۴)

☒ البدر سے:- "اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم بڑی دعا ہے۔ صراط مستقیم گویا خدا کو شناخت کرنا ہے اور انعمت علیہم کل گناہوں سے بچنا ہے اور صالحین میں داخل ہونا ہے۔" (البدر حوالہ مذکور)

[1] الفاتحہ: ۶ [2] الکہف: ۸۳

اور اللہ تعالےٰ راضی ہو جاوے۔ پس اھدنا الصراط المستقیم[1] کی دعائیں مانگو کیونکہ اس کے قبول ہونے پر جو یہ خود مانگتا ہے خدا تعالےٰ خود دیتا ہے۔

سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ جب انسان سچی توبہ کرتا ہے تو پھر اللہ تعالیٰ یہ دیتا ہے، یہ دیتا ہے۔ آخر کہتے ہیں کہ بیوی بھی دیتا ہے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب واقعات وہ اپنے بیان کرتے ہیں اور یہ ہے بالکل سچ کہ خدا تعالیٰ خود متعہد ہو جاتا ہے اس کے موافق میرا بھی ایک الہام ہے۔

ہر چہ باید نوعروسے را ہماں سامان کنم

غرض جب متولی اور متکفل خدا ہو تو پھر کیا ہی مزا آتا ہے۔٭

(الحکم جلد ۸ نمبر ۸ صفحہ ۵ تا ۷ مورخہ ۱۰ مارچ ۱۹۰۴ء)

استفسار اور ان کے جوابات

سوال اوّل۔ یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب۔ ہرگز نہیں یہ توحید کے برخلاف ہے۔

سوال ۲۔ جبکہ غائب اور حاضر دونوں کو خطاب کر لیتے ہیں پھر اس میں کیا حرج ہے؟

جواب۔ دیکھو بٹالہ میں لوگ زندہ موجود ہیں اگر ان کو یہاں سے آواز دو تو کیا وہ کوئی جواب جواب دیتا ہے۔ پھر بغداد میں سید عبدالقادر جیلانی کی قبر پر جا کر آواز دو تو کوئی جواب نہیں آئے گا۔ خدا تعالےٰ تو جواب دیتا ہے جیسا کہ فرمایا ادعونی استجب لکم[2] مگر قبروں والوں میں سے کون جواب دیتا ہے۔ پھر کیوں ایسا فعل کرے جو توحید

٭ البدر میں ہے:۔ "غرضیکہ خدا اس کا کفیل مثل ماں باپ کے ہو جاتا ہے اور جب خدا متولی اور کفیل ہو تو کس قدر مزے کی بات ہے۔"

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۵)

[1] الفاتحہ : ۶ [2] المومن : ۶۱

کے خلاف ہے۔

سوال ۳۔ جب کہ یہ لوگ زندہ ہیں۔ پھر ان کو مُردہ تو نہیں کہہ سکتے۔

جواب۔ زندگی ایک الگ امر ہے۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ہماری آواز بھی سُن لیں۔ یہ ہم مانتے ہیں کہ یہ لوگ خدا کے نزدیک زندہ ہیں مگر ہم نہیں مان سکتے کہ ان کو سماع کی قوت بھی ہے۔ حاضر ناظر ہونا ایک الگ صفت ہے جو خدا ہی کو حاصل ہے دیکھو ہم بھی زندہ ہیں مگر لاہور یا امرتسر کی آوازیں نہیں سُن سکتے۔ خدا تعالیٰ کے شہید اور اولیاء اللہ بیشک خدا کے نزدیک زندہ ہوتے ہیں مگر ان کو حاضر ناظر نہیں کہہ سکتے۔

دعاؤں کا سننے والا اور قدرت رکھنے والا خدا ہی ہے۔ اس کو یقین کرنا ہی اسلام ہے جو اس کو چھوڑتا ہے وہ اسلام کو چھوڑتا ہے۔ پھر کس قدر قابل شرم یہ امر ہے کہ یا شیخ عبدالقادر جیلانی تو کہتے ہیں۔ یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)، یا ابوبکر، یا عمر، نہیں کہتے۔ البتہ یا علی کہنے والے ان کے بھائی موجود ہیں۔ یہ شرک ہے کہ ایک تخصیص بلا وجہ کی جاوے۔ جب خدا کے سوا کسی چیز کی محبت بڑھ جاتی ہے تو پھر انسان صمٌّ بکمٌ ہو جاتا ہے جو اسلام کے خلاف ہے۔ تو پھر مسلمان کیسا؟ تعجب کی بات ہے کہ جن لوگوں کو یہ خدا کا حصہ دار بناتے ہیں خود ان کو بھی یہ مقام توحید ہی کے ماننے سے ملا تھا۔ اگر وہ بھی ایسے یا کہنے والے ہوتے تو ان کو یہ مقام ہرگز نہ ملتا بلکہ انہوں نے خدا تعالےٰ کی اطاعت اختیار کی تب یہ رتبہ ان کو ملا یہ لوگ شیعوں اور عیسائیوں کی طرح ایک قسم کا شرک کرتے ہیں۔

(الحکم جلد ۸ نمبر ۸ صفحہ ۱۲ مورخہ ۱۰ مارچ ۱۹۰۴ء)

---

۲۸ فروری ۱۹۰۴ء

(بوقت ظہر)

تدبیر و توکل

تدبیر اور توکل پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ

فی السماء رزقکم وما توعدون[1] سے ایک نادان دھوکا کھاتا ہے اور تدابیر کے سلسلہ کو باطل کرتا ہے حالانکہ سورہ جمعہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ فانتشروا فی الارض وابتغوا من فضل اللّٰہ[2] کہ تم زمین منتشر ہو جاؤ اور خدا کے فضل کی تلاش کرو۔ یہ ایک بہت ہی نازک معاملہ ہے کہ ایک طرف تدابیر کی رعایت ہو اور دوسری طرف توکل بھی پورا ہو۔ اور اُس کے اندر شیطان کو وساوس کا بڑا موقعہ ملتا ہے۔ (بعض لوگ ٹھوکر کھا کر اسباب پرست ہو جاتے ہیں اور بعض خدا تعالیٰ کے عطا کردہ قویٰ کو بیکار محض خیال کرنے لگ جاتے ہیں) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جب جنگ کو جاتے تو تیاری کرتے۔ گھوڑے ہتھیار بھی ساتھ لیتے بلکہ آپ بعض اوقات دو دو زرہ پہن کر جاتے۔ تلوار بھی کمر سے لٹکاتے حالانکہ ادھر خدا تعالیٰ نے وعدہ فرمایا تھا واللّٰہ یعصمك من الناس[3]۔ بلکہ ایک دفعہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے تجویز فرمایا کہ اگر شکست ہو تو آپ کو جلد مدینہ پہنچا دیا جاوے۔ اصل بات یہ ہے کہ قوی الایمان کی نظر استغناء الٰہی پر ہوتی ہے اور اُسے خوف ہوتا ہے کہ خدا کے وعدوں میں کوئی ایسی مخفی شرط نہ ہو جس کا اسے علم نہ ہو جو لوگ تدابیر کے سلسلہ کو بالکل باطل ٹھہراتے ہیں ان میں ایک زہریلا مادہ ہوتا ہے۔ ان کا خیال یہ ہوتا ہے کہ اگر بلا آوے تو دیدہ دانستہ اس کے آگے جا پڑیں اور جس قدر پیشہ والے اور اہل حرفت ہیں وہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جاویں۔

حل مسائل

ایک شخص نے چند مسائل دریافت کئے وہ اور ان کے جواب جو حضرت مسیح موعود

[1] الذّٰریٰت: ۲۳ [2] الجمعۃ: ۱۱ [3] المائدۃ: ۶۸

علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دیئے ان کو ہم ذیل میں درج کرتے ہیں (ایڈیٹر البدر)

سوال۔ میت کے قُل جو تیسرے دن پڑھے جاتے ہیں اُن کا ثواب اسے پہنچتا ہے یا نہیں؟

جواب۔ قُل خوانی کی کوئی اصل شریعت میں نہیں ہے۔ صدقہ، دعا اور استغفار میت کو پہنچتے ہیں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ ملانوں کو اس سے ثواب پہنچ جاتا ہے۔ سو اگر اُسے ہی مُردہ تصور کر لیا جاوے (اور واقعی ملاں لوگ روحانیت سے مردہ ہی ہوتے ہیں) تو ہم مان لیں گے۔

ہمیں تعجب ہے کہ یہ لوگ ایسی باتوں پر امید کیسے باندھ لیتے ہیں۔ دین تو ہم کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا ہے اس میں ان باتوں کا نام تک نہیں۔ صحابہ کرامؓ بھی فوت ہوئے کیا کسی کے قُل پڑھے گئے۔ صدہا سال کے بعد اور بدعتوں کی طرح یہ بھی ایک بدعت نکل آئی ہوئی ہے۔

ایک طریق اسقاط کا رکھا ہے کہ قرآن شریف کو چکر دیتے ہیں۔ یہ اصل میں قرآن شریف کی بے ادبی ہے۔ انسان خدا سے سچا تعلق رکھنے والا نہیں ہو سکتا جب تک سب نظر خدا پر نہ ہو۔

سوال۔ ایک عورت تنگ کرتی ہے کہ سودی روپیہ لے کر زیور بنا دو اور اس کا خاوند غریب ہے۔

جواب۔ وہ عورت بڑی نالائق ہے جو خاوند کو زیور کے لئے تنگ کرتی ہے اور کہتی ہے کہ سُود لے کر بنا دے۔

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک دفعہ ایسا واقعہ پیش آیا اور آپ کی ازواج نے آپ سے بعض دنیوی خواہشات کی تکمیل کا اظہار کیا تو خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ اگر ان کو یہ فقیرانہ زندگی منظور نہیں ہے تو تُو اُن کو کہہ دے کہ آؤ تم کو الگ کر دُوں۔ انہوں نے فقیرانہ زندگی اختیار کی۔ آخر نتیجہ یہ ہوا کہ وہی بادشاہ ہو گئیں۔ وہ صرف خدا کی آزمائش تھی۔

سوال۔ ایک عورت اپنا مہر نہیں بخشتی۔

جواب۔ یہ عورت کا حق ہے اُسے دینا چاہیئے۔ اوّل تو نکاح کے وقت ہی ادا کرے ورنہ بعد ازاں ادا کر دینا چاہیئے۔ پنجاب اور ہندوستان میں یہ شرافت ہے کہ موت کے وقت یا اس سے پیشتر اپنا مہر خاوند کو بخش دیتی ہیں۔ یہ صرف رواج ہے جو مروّت پر دلالت کرتا ہے۔

سوال۔ اور جن عورتوں کا مہر مچھر کی دو من چربی ہو وہ کیسے ادا کیا جاوے؟

جواب۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا[1]۔ اس کا خیال مہر میں ضرور ہونا چاہیئے۔ خاوند کی حیثیت کو مدنظر رکھنا چاہیئے۔ اگر اس کی حیثیت دس روپے کی نہ ہو تو وہ ایک لاکھ روپے کا مہر کیسے ادا کرے گا اور مچھروں کی چربی تو کوئی مہر ہی نہیں۔ یہ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا[1] میں داخل ہے۔

سوال۔ میت کے لئے فاتحہ خوانی کے لئے جو بیٹھتے ہیں اور فاتحہ پڑھتے ہیں؟

جواب۔ یہ درست نہیں ہے۔ بدعت ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ ثابت نہیں کہ اس طرح صف بچھا کر بیٹھتے اور فاتحہ خوانی کرتے تھے۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۵-۶ مورخہ ۱۶ مارچ ۱۹۰۴ء)

---

۱۶ مارچ ۱۹۰۴ء

دربارِ شام

۱۶ مارچ ۱۹۰۴ء کی شام کو اعلیحضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دست مبارک پر چند احباب نے بیعت کی۔ جس پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مندرجہ ذیل تقریر فرمائی:۔

(ایڈیٹر)

[1] البقرۃ: ۲۸۷

نصیحت بعد البیعت

عمل و استقلال مطلوب ہے

تم لوگوں نے اس وقت جو بیعت کی ہے اس کا زبان سے کہہ دینا اور اقرار کر لینا تو بہت ہی آسان ہے مگر اس اقرارِ بیعت کا نبھانا اور اس پر عمل کرنا بہت ہی مشکل ہے کیونکہ نفس اور شیطان انسان کو دین سے لاپرواہ بنانے کی کوشش کرتے ہیں اور یہ دنیا اور اس کے فوائد کو آسان اور قریب دکھاتے ہیں لیکن قیامت کے معاملہ کو دور دکھاتے ہیں جس سے انسان سخت دل ہو جاتا ہے اور پچھلا حال پہلے سے بدترین ہو جاتا ہے۔ اس لئے یہ بہت ہی ضروری امر ہے کہ اگر خدا تعالےٰ کو راضی کرنا ہے تو جہاں تک کوشش ہو سکے ساری ہمت اور توجہ سے اس اقرار کو نبھانا چاہیئے اور گناہوں سے بچنے کے لئے کوشش کرتے رہو۔

گناہ کیا ہے

گناہ کیا چیز ہے۔ اللہ تعالےٰ کی خلاف مرضی کرنا اور ان ہدایتوں کو جو اس نے اپنے پیغمبروں خصوصاً آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی معرفت دی ہیں توڑنا۔ اور دلیری سے اُن ہدایتوں کی مخالفت کرنا یہ گناہ ہے جبکہ ایک بندہ کو خدا تعالےٰ کی ہدایتوں کا علم دیا جاوے اور اس کو سمجھا دیا جاوے۔ پھر اگر وہ ان ہدایتوں کو توڑتا اور شوخی اور شرارت سے گناہ کرتا ہے تو اللہ تعالےٰ بہت ناراض ہوتا ہے اور اس ناراضگی کا یہی نتیجہ نہیں ہوتا کہ وہ مرنے کے بعد دوزخ میں پڑے گا بلکہ اسی دنیا میں بھی اس کو طرح طرح کے عذاب آتے اور ذلت اُٹھانی پڑتی ہے۔

دنیاوی حکام کا بھی یہی حال ہے کہ وہ ایک قانون مشتہر کر دیتے ہیں اور پھر اگر کوئی ان کے احکام کو توڑتا اور خلاف ورزی کرتا ہے تو پکڑا جاتا اور سزا پاتا ہے لیکن دنیوی حکام

کے عذاب سے اور اُن کے قوانین و احکام کی خلاف ورزی کی سزا سے آدمی کسی دوسری عملداری میں بھاگ جانے سے بچ بھی سکتا ہے اور اس طرح پیچھا چھڑا سکتا ہے۔ مثلاً اگر انگریزی عملداری میں کوئی خلاف ورزی کی ہے تو وہ فرانس یا کابل کی عملداری میں بھاگ جانے سے بچ سکتا ہے لیکن خدا تعالےٰ کے احکام و ہدایات کی خلاف ورزی کر کے انسان کہاں بھاگ سکتا ہے؟ کیونکہ یہ زمین و آسمان جو نظر آتا ہے یہ تو اسی کا ہے۔ کوئی زمین و آسمان کسی اور کا کہیں نہیں ہے۔ جہاں تم کو پناہ مل جاوے اس واسطے یہ بہت ضروری امر ہے کہ انسان ہمیشہ خدا تعالےٰ سے ڈرتا رہے اور اس کی ہدایتوں کے توڑنے یا گناہ کرنے پر دلیر نہ ہو کیونکہ گناہ بہت بُری شئے ہے اور جب انسان اللہ تعالےٰ سے نہیں ڈرتا اور گناہ پر دلیری پر کرتا ہے تو پھر عادت اللہ اس طرح پر جاری ہے کہ اس جرأت و دلیری پر خدا تعالےٰ کا غضب آتا ہے۔ اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔

دکھ کی دو قسمیں

دنیا میں دو قسم کے دُکھ ہوتے ہیں بعض دکھ اس قسم کے ہوتے ہیں کہ ان میں تسلی دی جاتی ہے اور صبر کی توفیق ملتی ہے۔ فرشتے سکینت کے ساتھ اُترتے ہیں۔ اس قسم کے دُکھ نبیوں اور راست بازوں کو بھی ملتے ہیں اور وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے بطور ابتلا آتے ہیں جیسا کہ اُس نے ولنبلونکم بشیءٍ من الخوف[1] میں فرمایا ہے۔ ان دکھوں کا انجام راحت ہوتا ہے اور درمیان میں بھی تکلیف نہیں ہوتی کیونکہ خدا کی طرف سے صبر اور سکینت ان کو دی جاتی ہے۔ مگر دوسری قسم دُکھ کی وہ ہے جس میں یہی نہیں کہ دکھ ہوتا ہے بلکہ اُس میں صبر و ثبات کھویا جاتا ہے۔ اس میں نہ انسان مرتا ہے نہ جیتا ہے اور سخت مصیبت اور بلا میں ہوتا ہے۔ یہ شامت اعمال کا نتیجہ ہوتا ہے۔ جس کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے۔ ما اصابکم من مصیبۃ فبما کسبت ایدیکم[2] اور اس قسم کے دکھوں سے بچنے کا یہی طریق اور علاج ہے کہ وہ اللہ تعالےٰ سے ڈرتا رہے کیونکہ دنیا کی زندگی چند

[1] البقرۃ: ۱۵۶ [2] الشوریٰ: ۳۱

روزہ ہے اور اس زندگی میں شیطان اس کی تاک میں لگا رہتا ہے اور کوشش کرتا ہے کہ اس کو خدا سے دُور پھینک دے اور نفس اس کو دھوکا دیتا رہتا ہے کہ ابھی بہت عرصہ تک زندہ رہنا ہے لیکن یہ بڑی بھاری غلطی ہے۔ اگر انسان اس دھوکے میں آ کر خدا تعالیٰ سے دُور جا پڑے اور نیکیوں سے دستکش ہو جاوے۔ موت ہر وقت قریب ہے اور یہی زندگی دارالعمل ہے۔ مرنے کے ساتھ ہی عمل کا دروازہ بند ہو جاتا ہے اور جس وقت یہ زندگی کے دَم پُورے ہوئے پھر کوئی قدرت اور توفیق کسی عمل کی نہیں ملتی خواہ تم کتنی ہی کوشش کرو مگر خدا تعالےٰ کو راضی کرنے کے واسطے کوئی عمل نہیں کر سکو گے اور ان گناہوں کی تلافی کا وقت جاتا رہے گا اور اس بدعملی کا نتیجہ آخر بھگتنا پڑے گا۔

خوش قسمت کون ہے

خوش قسمت وہ شخص نہیں ہے جس کو دنیا کی دولت ملے اور وہ اس دولت کے ذریعہ ہزاروں آفتوں اور مصیبتوں کا مورد بن جائے بلکہ خوش قسمت وہ ہے جس کو ایمان کی دولت ملے اور وہ خدا کی ناراضگی اور غضب سے ڈرتا رہے[1] اور ہمیشہ اپنے آپ کو نفس اور شیطان کے حملوں سے بچاتا رہے کیونکہ خدا تعالےٰ کی رضا کو وہ اس طرح پر حاصل کرے گا۔ مگر یاد رکھو کہ یہ بات یونہی حاصل نہیں ہو سکتی۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ تم نمازوں میں دعائیں کرو کہ خدا تعالےٰ تم سے راضی ہو جاوے۔ اور وہ تمہیں توفیق اور قوت عطا فرمائے کہ تم گناہ آلود زندگی سے نجات پاؤ۔ کیونکہ گناہوں سے بچنا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک اس کی توفیق شامل حال نہ ہو اور اس کا فضل عطا نہ ہو اور یہ توفیق اور فضل دُعا سے ملتا ہے۔ اس واسطے نمازوں میں دعا کرتے رہو۔ کہ اے اللہ ہم کو ان تمام کاموں سے جو گناہ کہلاتے ہیں اور جو تیری مرضی اور ہدایت کے

---

[1] البدر سے:۔ ” اور جان لے کہ خدا تعالےٰ کی ناراضگی ایک جہنمی زندگی ہے۔“

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۶ مورخہ ۱۶؍ مارچ ۱۹۰۴ء)

خلاف ہیں بچا اور ہر قسم کے دکھ اور مصیبت اور بلا سے جو ان گناہوں کا نتیجہ ہے بچا
اور سچے ایمان پر قائم رکھ (آمین) کیونکہ انسان جس چیز کی تلاش کرتا ہے وہ اس کو ملتی
ہے اور جس سے لاپرواہی کرتا ہے اس سے محروم رہتا ہے۔ جوئندہ یابندہ مثل مشہور
ہے مگر جو گناہ کی فکر نہیں کرتے اور خدا تعالیٰ سے نہیں ڈرتے وہ پاک نہیں ہو سکتے گناہوں
سے وہی پاک ہوتے ہیں جن کو یہ فکر لگی رہتی ہے۔

کورانہ زیست اور گناہوں سے نجات کا طریق

بہت سے آدمی اس دنیا میں ایسے ہیں کہ اُن کی زندگی ایک اندھے آدمی کی سی ہے
کیونکہ وہ اس بات پر کوئی اطلاع ہی نہیں رکھتے کہ وہ گناہ کرتے ہیں یا گناہ کسے کہتے ہیں
عوام تو عوام بہت سے عالموں فاضلوں کو بھی پتہ نہیں کہ وہ گناہ کر رہے ہیں حالانکہ وہ
بعض گناہوں میں مبتلا ہوتے ہیں اور کرتے رہتے ہیں۔ گناہوں کا علم جب تک نہ ہو
اور پھر انسان اُن سے بچنے کی فکر نہ کرے تو اس زندگی سے کوئی فائدہ نہ اس کو ہوتا
ہے اور نہ دوسروں کو۔ خواہ سو برس کی عمر بھی کیوں نہ ہو جاوے لیکن جب انسان گناہ
پر اطلاع پالے اور ان سے بچے تو وہ زندگی مفید زندگی ہوتی ہے مگر یہ ممکن نہیں ہے
جب تک انسان مجاہدہ نہ کرے اور اپنے حالات اور اخلاق کو ٹٹولتا نہ رہے کیونکہ بہت
سے گناہ اخلاقی ہوتے ہیں جیسے غصہ، غضب، کینہ، جوش، ریا، تکبر، حسد وغیرہ
یہ سب بد اخلاقیاں ہیں جو انسان کو جہنم تک پہنچا دیتی ہیں۔ انہی میں سے ایک گناہ جس
کا نام تکبر ہے شیطان نے کیا تھا۔ یہ بھی ایک بد خلقی ہی تھی جیسے لکھا ہے اَبٰی وَ
اسْتَکْبَرَ[1]۔ اور پھر اس کا نتیجہ کیا ہوا وہ مردود خلائق ٹھہرا۔ اور ہمیشہ کے لئے لعنتی
ہوا۔ مگر یاد رکھو کہ یہ تکبر صرف شیطان ہی میں نہیں ہے بلکہ بہت ہیں جو اپنے غریب
بھائیوں پر تکبر کرتے ہیں اور اس طرح پر بہت سی نیکیوں سے محروم رہ جاتے ہیں۔
اور یہ تکبر کئی طرح پر ہوتا ہے کبھی دولت کے سبب سے، کبھی علم کے سبب سے،

[1] البقرۃ: ۳۵

کبھی حُسن کے سبب سے اور کبھی نسب کے سبب سے، غرض مختلف صورتوں سے تکبر کرتے ہیں اور اس کا نتیجہ وہی محرومی ہے اور اسی طرح پر بہت سے بُرے خُلق ہوتے ہیں جن کا انسان کو کوئی علم نہیں ہوتا اس لئے کہ وہ اُن پر کبھی غور نہیں کرتا اور نہ فکر کرتا ہے۔ انہیں بداخلاقیوں میں سے ایک غصہ بھی ہے[1]۔ جب انسان اس بداخلاقی میں مبتلا ہوتا ہے تو وہ دیکھے کہ اس کی نوبت کہاں تک پہنچ جاتی ہے۔ وہ ایک دیوانہ کی طرح ہوتا ہے۔ اس وقت جو اس کے منہ میں آتا ہے کہہ گذرتا ہے اور گالی وغیرہ کی کوئی پرواہ نہیں کرتا۔ اب دیکھو کہ اسی ایک بداخلاقی کے نتائج کیسے خطرناک ہوجاتے ہیں۔ پھر ایسا ہی ایک حسد ہے کہ انسان کسی کی حالت یا مال و دولت کو دیکھ کر کُڑھتا اور جلتا ہے اور چاہتا ہے کہ اُس کے پاس نہ رہے اس سے بجُز اس کے کہ وہ اپنی اخلاقی قوتوں کا خون کرتا ہے کوئی فائدہ نہیں اُٹھا سکتا۔ پھر ایک بداخلاقی بُخل کی ہے۔ باوجودیکہ خدا تعالیٰ نے اس کو مقدرت دی ہے مگر یہ انسانوں پر رحم نہیں کرتا۔ ہمسایہ خواہ ننگا ہو بھوکا ہو مگر اس کو اس پر رحم نہیں آتا۔ مسلمانوں کے حقوق کی پرواہ نہیں کرتا۔ وہ بجُز اس کے کہ دنیا میں مال و دولت جمع کرتا رہے اور کوئی کام دوسروں کی ہمدردی اور آرام کے لئے نہیں رکھتا۔ حالانکہ اگر وہ چاہتا اور کوشش کرتا تو اپنے قویٰ اور دولت سے دوسروں کو فائدہ پہنچا سکتا تھا۔ مگر وہ اس بات کی فکر نہیں کرتا۔

غرضکہ طرح طرح کے گناہ ہیں جن سے بچنا ضروری ہے۔ یہ تو موٹے موٹے گناہ ہیں جن کو گناہ ہی نہیں سمجھتا۔ پھر زنا، چوری، خون وغیرہ بھی بڑے بڑے گناہ ہیں۔

---

[1] اعلیحضرت جب تقریر فرماتے فرماتے اس مقام پر پہنچے تو ایک بھائی آپ کی پُرتاثیر تقریر سے متاثر ہو کر اُٹھ کھڑا ہوا۔ وہ کچھ عرض کرنا چاہتا تھا مگر پاس ادب سے خاموش رہا۔ جب حضرت تقریر کر چکے تو عرض کیا حضور مجھ میں غصہ بہت ہے دعا کریں۔ فرمایا "اچھا دعا کریں گے"۔ (ایڈیٹر الحکم)

اور ہر قسم کے گناہوں سے بچنا چاہیئے۔

گناہوں سے بچنا یہ تو ادنےٰ سی بات ہے اس لئے انسان کو چاہیئے کہ گناہوں سے بچکر نیکی کرے اور اللہ تعالےٰ کی عبادت اور اطاعت کرے جب وہ گناہوں سے بچیگا اور خدا کی عبادت کرے گا تو اس کا دل برکت سے بھر جائے گا اور یہی انسان کی زندگی کا مقصد ہے۔ دیکھو اگر کسی کپڑے کو پاخانہ لگا ہوا ہو تو اس کو صرف دھو ڈالنا ہی کوئی خوبی نہیں ہے بلکہ اُسے چاہیئے کہ پہلے اُسے خوب صابن سے ہی دھو کر صاف کرے اور مَیل نکال کر اُسے سفید کرے اور پھر اُس کو خوشبو لگا کر معطر کرے تاکہ جو کوئی اُسے دیکھے خوش ہو۔ اسی طرح پر انسان کے دل کا حال ہے وُہ گناہوں کی گندگی سے ناپاک ہو رہا ہے اور گھناؤنا اور متعفن ہو جاتا ہے۔ پس پہلے تو چاہیئے کہ گناہ کے چرک کو توبہ و استغفار سے دھو ڈالے اور خدا تعالیٰ سے توفیق مانگے کہ گناہوں سے بچتا رہے۔ پھر اس کی بجائے ذکر الٰہی کرتا رہے اور اس سے اس کو بھر ڈالے۔ اس طرح پر سلوک کا کمال ہو جاتا ہے اور بغیر اس کے وہی مثال ہے کہ کپڑے سے صرف گندگی کو دھو ڈالا ہے لیکن جب تک یہ حالت نہ ہو کہ دل کو ہر قسم کے اخلاق ردّیہ و رزیلہ سے صاف کر کے خدا کی یاد کا عطر لگا دے اور اندر سے خوشبو آوے اس وقت تک خدا تعالےٰ کا شکوہ نہیں کرنا چاہیئے لیکن جب اپنی حالت اس قسم کی بناتا ہے تو پھر شکوہ کا کوئی محل اور مقام ہی نہیں رہتا۔

آج کل وبا کے دن ہیں اس لئے لاپرواہ نہیں ہونا چاہیئے۔ سچی تبدیلی کرنی چاہیئے بہت سے آدمی اعتراض کر دیتے ہیں کہ فلاں شخص نے بیعت کی تھی وہ مر گیا۔ مگر یہ اعتراض فضول ہے کیا وہ نہیں جانتے کہ صحابہؓ بھی جنگوں میں شریک ہو کر شہید ہو جاتے تھے۔ حالانکہ وہی جنگ مخالفوں کے لئے بطور عذاب تھی لیکن اس سے یہ نہیں سمجھ لینا چاہیئے کہ بیعت کے بعد اعمال کی کوئی ضرورت نہیں ہے بلکہ بیعت کے بعد

حجت پوری ہو جاتی ہے۔ پھر اگر اپنی اصلاح اور تبدیلی نہیں کرتا تو سخت جوابدہ ہے پس ضرورت اس بات کی ہے کہ سچے مسلمان بنو تاکہ اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں تمہاری کوئی قدر و قیمت ہو۔ جو چیز کارآمد ہوتی ہے اسی کی قدر کی جاتی ہے۔ دیکھو اگر تمہارے پاس ایک دُودھ دینے والی بکری ہو جس سے تمہارے بیوی بچے پرورش پاتے ہوں تو تم کبھی اس کو ذبح کرنے کے لئے تیار نہیں ہو جاتے۔ لیکن اگر وہ کچھ بھی دودھ نہ دے بلکہ نری چارہ دانہ کی چٹی ہو تو تم فوراً اس کو ذبح کر لو گے۔ اسی طرح پر جو آدمی اللہ تعالیٰ کا سچا فرمانبردار، نیک کام کرنے والا اور دوسروں کو نفع پہنچانے والا نہ ہو اسوقت تک خدا تعالیٰ اس کی پروا نہیں کرتا بلکہ وہ اس بکری کی طرح ذبح کے لائق ہوتا ہے جو دودھ نہیں دیتی ہے اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ تم اپنے آپ کو مفید ثابت کرو اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس کے بندوں کو نفع پہنچاؤ۔

عمل کی ضرورت

انسان سمجھتا ہے کہ نرا زبان سے کلمہ پڑھ لینا ہی کافی ہے یا نرا استغفر اللہ کہہ دینا ہی کافی ہے مگر یاد رکھو زبانی لاف و گزاف کافی نہیں۔ خواہ انسان زبان سے ہزار مرتبہ استغفر اللہ کہے یا سو مرتبہ تسبیح پڑھے اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا کیونکہ خدا نے انسان کو انسان بنایا ہے طوطا نہیں بنایا۔ یہ طوطا کا کام ہے کہ وہ زبان سے تکرار کرتا رہے اور سمجھے خاک بھی نہیں۔ انسان کا کام تو یہ ہے کہ جو کچھ منہ سے کہتا ہے اس کو سوچ کر کہے اور پھر اس کے موافق عملدرآمد بھی کرے۔ لیکن اگر طوطا کی طرح بولتا جاتا ہے تو یاد رکھو نری زبان سے کوئی برکت نہیں ہے۔ جب تک دل سے اُس کے ساتھ نہ ہو اور اس کے موافق اعمال نہ ہوں۔ وہ نری باتیں سمجھی جائیں گی جن میں کوئی خوبی اور برکت نہیں کیونکہ وہ نرا قول ہے خواہ قرآن شریف اور استغفار ہی کیوں نہ پڑھتا ہو۔ خدا تعالیٰ اعمال چاہتا ہے اس لئے بار بار یہی حکم دیا کہ اعمال صالحہ کرو۔ جب تک یہ نہ ہو

خدا کے نزدیک نہیں جا سکتے۔ بعض نادان کہتے ہیں کہ آج ہم نے دن بھر میں قرآن ختم کر لیا ہے۔ لیکن کوئی اُن سے پوچھے کہ اس سے کیا فائدہ ہوا؟ نری زبان سے تم نے کام لیا مگر باقی اعضاء کو بالکل چھوڑ دیا۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے تمام اعضاء اس لئے بنائے ہیں کہ اُن سے کام لیا جاوے۔ یہی وجہ ہے کہ حدیث میں آیا ہے کہ بعض لوگ قرآن کی تلاوت کرتے ہیں اور قرآن اُن پر لعنت کرتا ہے کیونکہ ان کی تلاوت نرا قول ہی قول ہوتا ہے اور اس پر عمل نہیں ہوتا۔

جو شخص کہ اللہ تعالےٰ کی قائم کردہ حدود کے موافق اپنا چال چلن نہیں بناتا ہے وہ ہنسی کرتا ہے کیونکہ پڑھ لینا ہی اللہ تعالےٰ کا منشا نہیں وہ تو عمل چاہتا ہے۔ اگر کوئی ہر روز تعزیرات ہند کی تلاوت تو کرتا رہے مگر ان قوانین کی پابندی نہ کرے بلکہ ان جرائم کو کرتا رہے اور رشوت وغیرہ لیتا رہے تو ایسا شخص جس وقت پکڑا جاوے گا تو کیا اس کا یہ عذر قابلِ سماعت ہو گا کہ میں ہر روز تعزیرات کو پڑھا کرتا ہوں؟ یا اس کو زیادہ سزا ملے گی کہ تو نے باوجود علم کے پھر جُرم کیا ہے اس لئے ایک سال کی بجائے چار سال کی سزا ہونی چاہیئے۔

غرض نری باتیں کام نہ آئیں گی۔ پس چاہیئے کہ انسان پہلے اپنے آپ کو دکھ پہنچائے تا خدا تعالیٰ کو راضی کرے اگر وہ ایسا کرے گا تو اللہ تعالےٰ اس کی عمر بڑھا دے گا۔ اللہ تعالیٰ کے وعدوں میں تخلف نہیں ہوتا۔ اس نے جو وعدہ فرمایا ہے کہ اما ما ینفع الناس فیمکث فی الارض۔[1] یہ بالکل سچ ہے۔ عام طور پر بھی یہی قاعدہ ہے کہ جو چیز نفع رساں ہو اس کو کوئی ضائع نہیں کرتا۔ یہانتک کہ کوئی گھوڑا بیل یا گائے بکری اگر مفید ہو اور اس سے فائدہ پہنچتا ہو۔ کون ہے جو اس کو ذبح کر ڈالے۔ لیکن جب وہ ناکارہ ہو جاتا ہے اور کسی کام نہیں آسکتا تو پھر اس کا آخری علاج ہی ذبح ہے اور یہ سمجھ لیتے ہیں کہ اگر اَور نہیں تو دو چار روپیہ کو کھال ہی بک جائے گی اور گوشت بھی کام آجائے گا۔

[1] الرعد : ۱۸

اسی طرح پر جب انسان خدا تعالیٰ کی نظر میں کسی کام کا نہیں رہتا اور اس کے وجود سے کوئی فائدہ دوسرے لوگوں کو نہیں ہوتا تو پھر اللہ تعالیٰ اس کی پروا نہیں کرتا بلکہ خس کم جہاں پاک کے موافق اس کو ہلاک کر دیتا ہے۔ غرض یہ اچھی طرح یاد رکھو کہ نری لاف و گزاف اور زبانی قیل و قال کوئی فائدہ اور اثر نہیں رکھتی جب تک کہ اس کے ساتھ عمل نہ ہو اور ہاتھ پاؤں اور دوسرے اعضاء سے نیک عمل نہ کئے جاویں۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف بھیج کر صحابہؓ سے خدمت لی۔ کیا انہوں نے صرف اسی قدر کافی سمجھا تھا کہ قرآن کو زبان سے پڑھ لیا یا اس پر عمل کرنا ضروری سمجھا تھا۔ انہوں نے اطاعت اور وفاداری دکھائی کہ بکریوں کی طرح ذبح ہو گئے اور پھر انہوں نے جو کچھ پایا اور خدا تعالیٰ نے اُن کی جس قدر کی وہ پوشیدہ بات نہیں ہے۔

خدا تعالیٰ کے فضل اور فیضان کو حاصل کرنا چاہتے ہو تو کچھ کر کے دکھاؤ۔ ورنہ نکمی شئے کی طرح تم پھینک دیئے جاؤ گے۔ کوئی آدمی اپنے گھر کی اچھی چیزوں اور سونے چاندی کو باہر نہیں پھینک دیتا بلکہ ان اشیاء کو اور تمام کارآمد اور قیمتی چیزوں کو سنبھال سنبھال کر رکھتے ہو لیکن اگر گھر میں کوئی چوہا مرا ہوا دکھائی دے تو اس کو سب سے پہلے باہر پھینک دو گے۔ اسی طرح پر خدا تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو ہمیشہ عزیز رکھتا ہے۔ اُن کی عمر دراز کرتا ہے اور ان کے کاروبار میں ایک برکت رکھ دیتا ہے۔ وہ ان کو ضائع نہیں کرتا اور بیعزتی کی موت نہیں مارتا۔ لیکن جو خدا تعالیٰ کی ہدایتوں کی بیحرمتی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو تباہ کر دیتا ہے۔ اگر چاہتے ہو کہ خدا تعالیٰ تمہاری قدر کرے تو اس کے واسطے ضروری ہے کہ تم نیک بن جاؤ تا خدا تعالیٰ کے نزدیک قابل قدر ٹھہرو۔ جو لوگ خدا سے ڈرتے ہیں اور اس کے حکموں کی پابندی کرتے ہیں وہ ان میں اور ان کے غیروں کے درمیان ایک فرقان رکھ دیتا ہے۔ یہی راز انسان کے برکت پانے کا ہے کہ وہ بدیوں سے بچتا رہے۔ ایسا شخص جہاں رہے وہ قابل قدر ہوتا ہے کیونکہ اس سے نیکی پہنچتی ہے۔ وُہ

غریبوں سے سلوک کرتا ہے۔ ہمسائیوں پر رحم کرتا ہے۔ شرارت نہیں کرتا۔ جھوٹے مقدمات نہیں بناتا۔ جھوٹی گواہیاں نہیں دیتا بلکہ دل کو پاک کرتا ہے اور خدا کی طرف مشغول ہوتا ہے اور خدا کا ولی کہلاتا ہے۔

خدا کا ولی بننا آسان نہیں بلکہ بہت مشکل ہے۔ کیونکہ اس کے لئے بدیوں کا چھوڑنا بُرے ارادوں اور جذبات کو چھوڑنا ضروری ہے اور یہ بہت مشکل کام ہے۔ اخلاقی کمزوریوں اور بدیوں کو چھوڑنا بعض اوقات بہت ہی مشکل ہو جاتا ہے۔ ایک خونی خون کرنا چھوڑ سکتا ہے، چور چوری کرنا چھوڑ سکتا ہے لیکن ایک بد اخلاق کو غصہ چھوڑنا مشکل ہو جاتا ہے یا تکبر والے کو تکبّر چھوڑنا مشکل ہو جاتا ہے کیونکہ اس میں دوسروں کو جو حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے پھر خود اپنے آپ کو حقیر سمجھتا ہے لیکن یہ سچ ہے کہ جو خدا تعالیٰ کی عظمت کے لئے اپنے آپ کو چھوٹا بنا دے گا خدا تعالیٰ اُس کو خود بڑا بنا دے گا۔ یہ یقیناً یاد رکھو کہ کوئی بڑا نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ آپ کو چھوٹا نہ بنائے۔ یہ ایک ذریعہ ہے جس سے انسان کے دل پر ایک نُور نازل ہوتا ہے اور وہ خدا تعالیٰ کی طرف کھینچا جاتا ہے جس قدر اولیاء اللہ دنیا میں گذرے ہیں اور آج لاکھوں انسان جن کی قدر و منزلت کرتے ہیں انہوں نے اپنے آپ کو ایک چیونٹی سے بھی کمتر سمجھا جس پر خدا تعالیٰ کا فضل اُن کے شاملِ حال ہوا اور ان کو وہ مدارج عطا کئے جس کے وہ مستحق تھے۔ تکبر، بخل، غرور وغیرہ بد اخلاقیاں بھی اپنے اندر شرک کا ایک حصہ رکھتی ہیں۔ اس لئے ان بد اخلاقیوں کا مرتکب خدا تعالیٰ کے فضلوں سے حصہ نہیں لیتا بلکہ وہ محروم ہو جاتا ہے۔ برخلاف اس کے غربت و انکسار کرنے والا خدا تعالیٰ کے رحم کا مورد بنتا ہے۔

تکبر کی قسمیں

تکبر کئی قسم کا ہوتا ہے۔ کبھی یہ آنکھ سے نکلتا ہے جبکہ دوسرے کو گھور کر دیکھتا ہے تو اس کے یہی معنے ہوتے ہیں کہ دوسرے کو حقیر سمجھتا ہے اور اپنے آپ کو بڑا سمجھتا

ہے۔ کبھی زبان سے نکلتا ہے اور کبھی اس کا اظہار سر سے ہوتا ہے اور کبھی ہاتھ اور پاؤں سے بھی ثابت ہوتا ہے۔ غرضیکہ تکبر کے کئی چشمے ہیں اور مومن کو چاہیئے کہ ان تمام چشموں سے بچتا رہے اور اس کا کوئی عضو ایسا نہ ہو جس سے تکبر کی بُو آوے اور وہ تکبر ظاہر کرنے والا ہو۔[1]

صوفی کہتے ہیں کہ انسان کے اندر اخلاق رذیلہ کے بہت سے جن ہیں اور جب یہ نکلنے لگتے ہیں تو نکلتے رہتے ہیں مگر سب سے آخری جن تکبر کا ہوتا ہے جو اس میں رہتا ہے اور خدا تعالیٰ کے فضل اور انسان کے سچے مجاہدہ اور دعاؤں سے نکلتا ہے۔

بہت سے آدمی اپنے آپ کو خاکسار سمجھتے ہیں لیکن ان میں بھی کسی نہ کسی نوع کا تکبر ہوتا ہے۔ اس لئے تکبر کی باریک در باریک قسموں سے بچنا چاہیئے۔ بعض وقت یہ تکبر دولت سے پیدا ہوتا ہے۔ دولتمند متکبر دوسروں کو کنگال سمجھتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ کون ہے جو میرا مقابلہ کرے۔ بعض اوقات خاندان اور ذات کا تکبر ہوتا ہے۔ سمجھتا ہے کہ میری ذات بڑی ہے اور یہ چھوٹی ذات کا ہے۔ ایک عورت سیدانی تھی۔ اُسے پیاس لگی۔ وہ دوسرے کے گھر میں جا کر کہنے لگی کہ امتی تو پانی تو پلا مگر پیالہ کو دھو لینا کیونکہ تم امتی ہو اور میں سیدانی اور آلِ رسول ہوں۔

بعض وقت تکبر علم سے بھی پیدا ہوتا ہے۔ ایک شخص غلط بولتا ہے تو یہ جھٹ اس کا عیب پکڑتا ہے اور شور مچاتا ہے کہ اس کو تو ایک لفظ بھی صحیح بولنا نہیں آتا۔ غرض مختلف قسمیں تکبر کی ہوتی ہیں اور یہ سب کی سب انسان کو نیکیوں سے محروم کر دیتی ہیں اور لوگوں کو نفع پہنچانے سے روک دیتی ہیں۔ ان سب سے بچنا چاہیئے۔ مگر ان

---

[1] الحکم جلد ۸ نمبر ۱۱ صفحہ ۳ تا ۵ مورخہ ۳۱ مارچ ۱۹۰۴ء

نوٹ از مرتب) الحکم کے اس پرچہ کے بعض صفحات پر تاریخ غلط درج ہے۔ ۳۱ مارچ کی بجائے ۲۱ مارچ لکھا ہے اور ٹائٹل پیج پر بھی ایسا ہی ہے اور نیز نمبر ۱۱ کی بجائے نمبر ۹ لکھا ہے۔

سب سے بچنا ایک موت کو چاہتا ہے۔ جب تک انسان اس موت کو قبول نہیں کرتا۔ خدا تعالےٰ کی برکت اس پر نازل نہیں ہو سکتی اور نہ خدا تعالےٰ اس کا متکفل ہو سکتا ہے اور اگر انسان پورے درجہ کی صفائی نہیں کرتا اور کامل تبدیلی نہیں کرتا تو اس کی ایسی ہی مثال ہے کہ اس دیوار میں سوئی کے برابر شگاف کر دیں خواہ ایسے سوراخ دس ہزار بھی کیوں نہ ہوں لیکن ان سوراخوں کے ذریعہ سے وہ روشنی اندر نہیں آجائے گی جو کل مکان کو خوب روشن اور منور کر دے۔ لیکن جب ایک اچھا روشندان اس میں کھولا جائے تو اس سے کافی روشنی اندر آئے گی اور سارے مکان کو منور کر دے گی۔ اسی طرح پر جب تک تم سچے دل سے مسلمان ہو کر پوری تبدیلی نہیں کرتے اور دل کا دروازہ اللہ تعالےٰ کی طرف کامل طور پر نہیں کھولو گے اس وقت تک خدا تعالےٰ کا وہ نور جو اندر داخل ہو کر ایک سکینت اور اطمینان بخشتا ہے اور جو بدیوں اور بُرائیوں کا امتیاز عطا کرتا ہے نازل نہیں ہوتا اور سچے مسلمان بننے کا موقعہ نہیں ملتا ہے اور جب تک سچا مسلمان نہیں ہوتا اس وقت تک اللہ تعالےٰ کے اُن وعدوں سے جو سچے مومنوں اور متقیوں سے اُس نے کئے ہیں کوئی فائدہ نہیں اُٹھا سکتا اور چونکہ ان وعدوں سے اُسے حصہ نہیں ملتا اور وہ خود محروم رہتا ہے اس لئے شکایت کر بیٹھتا ہے کہ سچے مسلمانوں سے کیا وعدے کئے ہیں میری دعا تو قبول نہیں ہوتی لیکن وہ کمبخت نہیں سوچتا کہ میں سچا مسلمان تو ہوا ہی نہیں پھر ان وعدوں کا ایفا کس طرح چاہوں۔ اس کی مثال اس بیمار کی سی ہے جس نے ابھی پوری صحت تو حاصل نہیں کی اور نہ تندرستوں کی طرح اس کے قویٰ میں طاقت آئی ہے مگر وہ کہتا ہے کہ مجھے تندرستوں کی طرح بھوک نہیں لگتی اور میں چل پھر نہیں سکتا۔ تو اُسے یہی کہا جائے گا کہ ابھی تو پورا تندرست نہیں ہوا۔ جب تک تندرست نہ ہو تندرستوں کے لوازمات تجھے کیونکر حاصل ہو جاویں۔ پس اسی طرح پر جب تک کہ ایک شخص سچا مسلمان نہ بن جاوے اُسے اللہ تعالےٰ کی کوئی شکایت نہیں کرنی چاہیئے لیکن میں یقیناً جانتا ہوں

کہ جب ایک شخص سچا مسلمان بن جاتا ہے اور وہ اللہ تعالےٰ پر پُورا ایمان لاتا ہے۔ اور اپنے اعمال کو اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی کے ماتحت کر لیتا ہے وہ یقیناً یقیناً ان وعدوں کو پُورا پاتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے مخلص اور مومن بندوں سے کئے ہیں۔ وہ اپنی جان پران وعدوں کو پورا ہوتا ہوا پاتا ہے۔ اصل یہ ہے کہ سچا مسلمان بننا ہی تو مشکل ہے۔ سچا مسلمان بننا اور اونٹ کا سوئی کے ناکے سے نکلنا ایک ہی بات ہے۔ جب تک یہ نفس اُونٹ کی طرح موٹا ہے یہ اس میں سے نکل نہیں سکتا۔ لیکن جب دعا اور تضرع کے ساتھ نفس کو مار لیتا ہے اور وہ جسم جو عارضی طور پر اس پر چڑھا ہوا ہوتا ہے دُور ہو جاتا ہے تو یہ لطیف ہو کر اس میں سے نکل جاتا ہے اس کے لئے ضرورت ہے دعا کی پس ہر وقت دعا کرتا رہے کیونکہ دعا تو ایک ایسی چیز ہے جو ہر مشکل کو آسان کر دیتی ہے۔ دعا کے ساتھ مشکل سے مشکل کام بھی آسان ہو جاتا ہے۔ لوگوں کو دعا کی قدر و قیمت معلوم نہیں وہ بہت جلد ملول ہو جاتے ہیں اور ہمت ہار کر چھوڑ بیٹھتے ہیں۔ حالانکہ دعا ایک استقلال اور مداومت کو چاہتی ہے۔ جب انسان پوری ہمت سے لگا رہتا ہے تو پھر ایک بد خلقی کیا ہزاروں بد خلقیوں کو اللہ تعالےٰ دُور کر دیتا ہے اور اُسے کامل مومن بنا دیتا ہے لیکن اس کے واسطے اخلاص اور مجاہدہ شرط ہے جو دعا ہی سے پیدا ہوتا ہے۔

یاد رکھو۔ نری بیعت سے کچھ نہیں ہوتا۔ اللہ تعالےٰ اس رسم سے راضی نہیں ہوتا جب تک کہ حقیقی بیعت کے مفہوم کو ادا نہ کرے اس وقت تک یہ بیعت بیعت نہیں نری رسم ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ بیعت کے حقیقی منشا کو پورا کرنے کی کوشش کرو۔ یعنی تقویٰ اختیار کرو۔ قرآن شریف کو خوب غور سے پڑھو اور اس پر تدبر کرو اور پھر عمل کرو کیونکہ سنت اللہ یہی ہے کہ اللہ تعالےٰ نرے اقوال اور باتوں سے کبھی خوش نہیں ہوتا بلکہ اللہ تعالےٰ کی رضا کے حاصل کرنے کے واسطے ضروری ہے کہ اس کے احکام کی پیروی کی جاوے اور اس کے نواہی سے بچتے رہو اور یہ ایک ایسی صاف بات ہے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ انسان

بھی نری باتوں سے خوش نہیں ہوتا بلکہ وہ بھی خدمت ہی سے خوش ہوتا ہے۔ سچے مسلمان اور جھوٹے مسلمان میں یہی فرق ہوتا ہے کہ جھوٹا مسلمان باتیں بناتا ہے کرتا کچھ نہیں۔ اور اس کے مقابلہ میں حقیقی مسلمان عمل کر کے دکھاتا ہے باتیں نہیں بناتا۔ پس جب اللہ تعالیٰ دیکھتا ہے کہ میرا بندہ میرے لئے عبادت کر رہا ہے اور میرے لئے میری مخلوق پر شفقت کر رہا ہے تو اس وقت اپنے فرشتے اس پر نازل کرتا ہے اور سچے اور جھوٹے مسلمان میں جیسا کہ اس کا وعدہ ہے **فرقان** رکھ دیتا ہے۔

گناہ کس طرح دُور ہو

اصل غرض انسان کی پیدائش کی یہی ہے کہ وہ خدا تعالےٰ کی عبادت کرے اور اُن باتوں سے جو گناہ کہلاتے ہیں بچتا رہے اس لئے یہ ضروری ہے کہ گناہوں اور بدیوں سے بچے لیکن ان کے دور کرنے کا کیا طریق ہے؟ یاد رکھو کہ ہر گناہ اور بدی نری اپنی کوشش سے دُور نہیں ہو سکتے جب تک اللہ تعالےٰ کا فضل اس کے شامل حال نہ ہو۔ پس اس کے واسطے ضرورت ہے کہ گناہوں کے ترک کرنے کے لئے اس قدر تدبیر کرے جو تدبیر کا حق ہے اور اس قدر دعا کرے جو دعا کا حق ہے۔ تدبیر کے لئے چاہیئے کہ گناہوں کو یاد رکھے کہ فلاں فلاں بات گناہ کی ہے اس سے بچنے کی کوشش کرو۔ رات دن ان بدیوں کو دور کرنے کی فکر میں لگے رہو۔ اور ان اسباب پر غور کرو جو ان بدیوں کا باعث ہوتے ہیں۔ اگر ان بدیوں کا موجب بدصحبت ہے تو اس صحبت کو چھوڑ دو اور اگر خلق بد اس کا باعث ہے تو اس خلق کو چھوڑ دو۔ ہر ایک چیز کا کوئی نہ کوئی سبب ہوتا ہے اور اسے چھوڑ نہیں سکتا جب تک کہ اُس سبب کو نہ چھوڑے۔ ہاں یہ بھی سچ ہے کہ بعض وقت انسان ان اسباب اور وجوہ کو چھوڑنا چاہتا ہے لیکن وہ عاجز ہو جاتا ہے اور اسے چھوڑنا چاہتا ہے مگر اس کے چھوڑنے میں قادر نہیں ہو سکتا۔ ایسی صورت میں دعا سے کام لینا چاہیئے اور خدا تعالےٰ

سے توفیق مانگے تا وہ اُسے اس گناہ کی زندگی سے رہائی دے۔

یاد رکھو گناہ کی زندگی سے موت اچھی ہے کیونکہ گناہ کی زندگی مجرمانہ زندگی ہے۔ اگر اس پر موت وارد نہ ہو تو یہ سلسلہ لمبا ہو جاتا ہے۔ لیکن جب موت آجاتی ہے تو کم از کم گناہ کا سلسلہ لمبا تو نہیں ہوتا۔ اس سے یہ مراد نہیں کہ انسان خودکشی کر لیوے بلکہ انسان کو چاہیئے کہ اس زندگی کو اس قدر قبیح خیال کر کے اس سے نکلنے کے لئے کوشش کرے اور دعا سے کام لے کیونکہ جب وہ حق تدبیر کا ادا کرتا ہے اور پھر سچی دعاؤں سے کام لیتا ہے تو آخر اللہ تعالیٰ اس کو نجات دے دیتا ہے اور وہ گناہ کی زندگی سے نکل آتا ہے۔ کیونکہ دعا بھی کوئی معمولی چیز نہیں ہے بلکہ وہ بھی ایک موت ہی ہے۔ جب اس موت کو انسان قبول کر لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو مجرمانہ زندگی سے جو موت کا موجب ہے۔ بچا لیتا ہے اور اس کو ایک پاک زندگی عطا کرتا ہے۔

دُعا کیا ہے اور کس طرح کرنی چاہیئے

بہت سے لوگ دعا کو ایک معمولی چیز سمجھتے ہیں۔ سو یاد رکھنا چاہیئے کہ دُعا یہی نہیں کہ معمولی طور پر نماز پڑھ کر ہاتھ اُٹھا کر بیٹھ گئے اور جو کچھ آیا منہ سے کہہ دیا۔ اس دعا سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا کیونکہ یہ دعا نری ایک منتر کی طرح ہوتی ہے نہ اس میں دل شریک ہوتا ہے اور نہ اللہ تعالیٰ کی قدرتوں اور طاقتوں پر کوئی ایمان ہوتا ہے۔

یاد رکھو **دعا ایک موت** ہے اور جیسے موت کے وقت اضطراب اور بیقراری ہوتی ہے اسی طرح پر دعا کے لئے بھی ویسا ہی اضطراب اور جوش ہونا ضروری ہے۔ اس لئے دعا کے واسطے پُورا پورا اضطراب اور گدازش جب تک نہ ہو تو بات نہیں بنتی۔ پس چاہیئے کہ راتوں کو اُٹھ اُٹھ کر نہایت تضرع اور زاری و ابتہال کے ساتھ خدا تعالیٰ کے حضور اپنی مشکلات کو پیش کرے اور اس دعا کو اس حد تک پہنچا دے کہ ایک موت کی سی صورت واقع ہو جاوے اس وقت دعا قبولیت کے درجہ تک پہنچتی ہے۔

یہ بھی یاد رکھو کہ سب سے اوّل اور ضروری دعا یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو گناہوں سے پاک صاف کرنے کی دعا کرے۔ ساری دعاؤں کا اصل اور جزو یہی دعا ہے کیونکہ جب یہ دعا قبول ہو جاوے اور انسان ہر قسم کی گندگیوں اور آلودگیوں سے پاک صاف ہو کر خدا تعالےٰ کی نظر میں مطہر ہو جاوے تو پھر دوسری دعائیں جو اس کی حاجات ضروریہ کے متعلق ہوتی ہیں وہ اس کو مانگنی بھی نہیں پڑتیں وہ خود بخود قبول ہوتی چلی جاتی ہیں بڑی مشقت اور محنت طلب یہی دعا ہے کہ وہ گناہوں سے پاک ہو جاوے اور خدا تعالےٰ کی نظر میں متقی اور راستباز ٹھہرایا جاوے۔ یعنی اوّل اوّل جو حجاب انسان کے دل پر ہوتے ہیں ان کا دُور ہونا ضروری ہے۔ جب وہ دُور ہو گئے تو دوسرے حجابوں کے دُور کرنے کے واسطے اس قدر محنت اور مشقت کرنی نہیں پڑے گی کیونکہ خدا تعالےٰ کا فضل اس کے شامل حال ہو کر ہزاروں خرابیاں خود بخود دُور ہونے لگتی ہیں اور جب اندر پاکیزگی اور طہارت پیدا ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ سے سچا تعلق پیدا ہو جاتا ہے تو پھر اللہ تعالیٰ خود بخود اس کا متکفل اور متولی ہوتا ہے اور اس سے پہلے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے اپنی کسی حاجت کو مانگے اللہ تعالےٰ خود اس کو پُورا کر دیتا ہے۔ یہ ایک باریک بھید ہے جو اس وقت کھلتا ہے جب انسان اس مقام پر پہنچتا ہے اس سے پہلے اس کی سمجھ میں آنا بھی مشکل ہوتا ہے۔ لیکن یہ ایک عظیم الشان مجاہدہ کا کام ہے کیونکہ دعا بھی ایک مجاہدہ کو چاہتی ہے۔ جو شخص دعا سے لاپرواہی کرتا ہے اور اس سے دُور رہتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کی پروا نہیں کرتا اور اس سے دُور ہو جاتا ہے۔ جلدی اور شتاب کاری یہاں کام نہیں دیتی۔ خدا تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے جو چاہے عطا کرے اور جب چاہے عنایت فرمائے سائل کا کام نہیں ہے کہ وہ فی الفور عطا نہ کئے جانے پر شکایت کرے اور بدظنی کرے بلکہ استقلال اور صبر سے مانگتا چلا جاوے۔ دنیا میں بھی دیکھو کہ جو فقیر اَڑ کر مانگتے ہیں خواہ اس کو کتنی ہی جھڑکیاں دو اور جتنا چاہو گھر کو مگر وہ مانگتے چلے جاتے ہیں اور

اپنے مقام سے نہیں ہٹتے یہانتک کہ کچھ نہ کچھ لے ہی مرتے ہیں اور بخیل سے بخیل آدمی بھی اُن کو کچھ نہ کچھ دینے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ اسی طرح پر انسان جب اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑاتا ہے اور بار بار مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ تو کریم رحیم ہے وہ کیوں نہ دے دیتا ہے اور ضرور دیتا ہے مگر مانگنے والا بھی ہو۔

انسان اپنی شتاب کاری اور جلد بازی کی وجہ سے محروم ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ بالکل سچا ہے ادعونی استجب لکم پس تم اس سے مانگو اور پھر مانگو اور پھر مانگو۔ جو مانگتے ہیں ان کو دیا جاتا ہے۔ ہاں یہ ضروری ہے کہ دُعا ہو نری بک بک نہ ہو اور زبان کی لاف زنی اور چرب زبانی ہی نہ ہو۔ ایسے لوگ جنہوں نے دعا کے لئے استقامت اور استقلال سے کام نہیں لیا اور آداب دعا کو ملحوظ نہیں رکھا جب ان کو کچھ ہاتھ نہ آیا تو آخر وہ دُعا اور اس کے اثر سے مُنکر ہو گئے اور پھر رفتہ رفتہ خدا تعالیٰ سے بھی مُنکر ہو بیٹھے کہ اگر خدا ہوتا تو ہماری دعا کو کیوں نہ سُنتا۔ ان احمقوں کو اتنا معلوم نہیں کہ خدا تو ہے مگر تمہاری دعائیں بھی دعائیں ہوتیں۔ پنجابی زبان میں ایک ضرب المثل ہے جو دعا کے مضمون کو خوب ادا کرتی ہے اور وہ یہ ہے:-

جو منگے سو مر رہے مرے سو منگن جا

یعنی جو مانگنا چاہتا ہے اس کو ضروری ہے کہ ایک موت اپنے اوپر وارد کرے۔ اور مانگنے کا حق اسی کا ہے جو اول اس موت کو حاصل کرلے۔ حقیقت میں اسی موت کے نیچے دعا کی حقیقت ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ دعا کے اندر قبولیت کا اثر اس وقت پیدا ہوتا ہے۔ جب وہ انتہائی درجہ کے اضطرار تک پہنچ جاتی ہے۔ جب انتہائی درجہ اضطرار کا پیدا ہو جاتا ہے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی قبولیت کے آثار اور سامان بھی پیدا ہو جاتے ہیں پہلے سامان آسمان پر کئے جاتے ہیں اس کے بعد وہ زمین پر اثر دکھاتے

ہیں۔ یہ چھوٹی سی بات نہیں بلکہ ایک عظیم الشان حقیقت ہے بلکہ سچ تو یہ ہے کہ جس کو خدائی کا جلوہ دیکھنا ہو اسے چاہیئے کہ دُعا کرے۔*

ان آنکھوں سے وہ نظر نہیں آتا بلکہ دعا کی آنکھوں سے نظر آتا ہے۔ کیونکہ اگر دعا کے قبول کرنے والے کا پتہ نہ لگے تو جیسے لکڑی کو گھُن لگ کر وہ نکمی ہو جاتی ہے ویسے ہی انسان پکار پکار کر تھک کر آخر دہریہ ہو جاتا ہے۔ ایسی دعا چاہیئے کہ اس کے ذریعہ ثابت ہو جاوے کہ اس کی ہستی برحق ہے۔ جب اس کو یہ پتہ لگ جاوے گا تو اس وقت وہ اصل میں صاف ہوگا۔ یہ بات اگرچہ بہت مشکل نظر آتی ہے لیکن اصل میں مشکل بھی نہیں ہے۔ بشرطیکہ تدبیر اور دعا دونوں سے کام لیوے جیسے ایاك نعبد و ایاك نستعین[1] کے معنوں میں۔ (ابھی تھوڑے دن ہوئے) بتلایا گیا ہے۔ نماز پوری پڑھو۔ صدقہ اور خیرات دو تو پوری نیت سے دو کہ خدا راضی ہو جاوے اور توفیق طلب کرتے رہو کہ ریاکاری عُجب وغیرہ زہریلے اثر جس سے ثواب اور اجر باطل ہوتا ہے دور ہو جاویں اور دل اخلاص سے بھر جاوے۔ خدا پر بدظنی نہ کرو وہ تمہارے لئے ان کاموں کو آسان کر سکتا ہے۔ وہ رحیم کریم ہے۔ با کریماں کارہا دشوار نیست اگر پیچھے لگے رہو گے تو اسے رحم آ ہی جائے گا۔

خدایابی سے محروم رہنے کے اسباب

بہت لوگ ہیں کہ سیدھی نیت سے طلب نہیں کرتے۔ تھوڑا طلب کر کے تھک جاتے ہیں۔ دیکھو اگر ایک زمین میں چالیس ہاتھ کھودنے سے پانی نکلتا ہے تو تین چار

---

* الحکم جلد ۸ نمبر ۱۲ صفحہ ۳ تا ۶ مورخہ ۱۷ اپریل ۱۹۰۴ء۔ نوٹ۔ الحکم کے اس پرچہ میں بھی غلطی سے ۲۴ اپریل کی تاریخ درج ہے جو دراصل ۱۷ اپریل ہے (مرتب)

⊠ یہ مضمون جو گذشتہ مضمون کے تسلسل میں ہے البدر سے لیا گیا ہے کیونکہ الحکم میں یہ شائع ہونے سے رہ گیا ہے۔ (مرتب)

[1] الفاتحہ : ۵

ہاتھ کھود کر جو شکایت کرے کہ پانی نہیں نکلا اسے تم کیا کہو گے؟ اس قسم کے بدقسمت انسان ہوتے ہیں کہ وہ دو چار دن دعا کرکے کہتے ہیں کہ ہمیں پتہ کیوں نہ لگا اور اس طرح ایک دنیا گمراہ ہو گئی ہے۔ وظیفے اور مجاہدے کرتے رہے مگر جس حد تک کھودنے سے پانی نکلنا تھا اس حد تک نہ کھودا یعنی نہ پہنچے تو خدا کی ذات سے منکر ہو گئے اور آخر کار خلقت کا رجوع اپنی طرف دیکھ کر ٹھگ بن گئے۔ اس کا باعث یہ ہوا کہ خدا تعالیٰ کی طرف جس رفتار سے چلنا چاہیئے تھا اس رفتار سے نہ چلے اور اس کے عطا کردہ دوسرے قویٰ اور اعضاء سے کام نہ لیا اور طوطے کی طرح وظیفوں پہ زور لگاتے رہے۔ آخر کار لعنتی ہو گئے۔ ؎

گر نباشد بدوست راہ بردن

شرط عشق است در طلب مُردن

اس کے یہ معنے ہیں کہ اس کی راہ پر چلا جاوے یہانتک کہ مرجاوے۔ واعبد ربك حتی یاتیك الیقین[1] کے یہی معنے ہیں۔ وہ موت جب آتی ہے تو ساتھ ہی یقین بھی آجاتا ہے۔ موت اور یقین ایک ہی بات ہے۔

غرضکہ اس کمزوری اور کسل نے لوگوں کو خدایابی سے محروم کر دیا ہے کہ پورا حق تلاش کا ادا نہ کیا۔ راستہ میں چھلکا مل گیا اسی پہ راضی ہو گئے اور دکاندار بن گئے

برگزیدوں کے لباس میں صوفیت کو دخل نہیں اور نہ وہ اظہار کو پسند کرتے ہیں

اطاعت، عبادت، خدمت میں اگر صبر سے کام لو تو خدا کبھی ضائع نہ کرے گا۔ اسلام میں ہزاروں ہوئے ہیں کہ لوگوں نے صرف اُن کے نُور سے ان کو شناخت کیا ہے۔ اُن کو مکّاروں کی طرح بھگوے کپڑے یا لمبے چوغے اور خاص خاص تمیز کرنے والے لباس کی ضرورت نہیں ہے اور نہ خدا کے راستبازوں نے ایسی وردیاں پہنی ہیں۔ پیغمبر خدا

[1] الحجر : ۱۰۰

صلے اللہ علیہ وسلم کا کوئی خاص ایسا لباس نہ تھا جس سے آپ لوگوں میں متمیز ہو سکتے۔ بلکہ ایک دفعہ ایک شخص نے ابو بکرؓ کو پیغمبر جان کر ان سے مصافحہ کیا اور تعظیم و تکریم کرنے لگا آخر ابو بکرؓ اُٹھ کر پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو پنکھا جھلنے لگ گئے اور اپنے قول سے نہیں بلکہ فعل سے بتلا دیا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم یہ ہیں میں تو خادم ہوں۔ جب انسان خدا کی بندگی کرتا ہے تو اسے رنگدار کپڑے پہننے، ایک خاص وضع بنانے اور مالا وغیرہ لٹکا کر چلنے کی کیا ضرورت ہے ایسے لوگ دنیا کے کُتّے ہوتے ہیں۔ خدا کے طالبوں کو اتنی ہوش کہاں کہ وہ خاص اہتمام پوشاک اور وردی کا کریں وہ تو خلقت کی نظروں سے پوشیدہ رہنا چاہتے ہیں۔ بعض بعض کو خدا تعالےٰ اپنی مصلحت سے باہر کھینچ لاتا ہے کہ اپنی الوہیت کا ثبوت دیوے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ہرگز خواہش نہ تھی کہ لوگ آپ کو پیغمبر کہیں اور آپ کی اطاعت کریں اور اسی لئے ایک غار میں جو قبر سے زیادہ تنگ تھی جا کر آپ عبادت کیا کرتے تھے اور آپ کا ہرگز ارادہ نہ تھا کہ اس سے باہر آویں۔ آخر خدا نے اپنی مصلحت سے آپ کو خود باہر نکالا اور آپ کے ذریعے سے دنیا پر اپنے نور کو ظاہر کیا۔ انبیاء تلامیذ الرحمٰن ہوتے ہیں ان کا کوئی مرشد وغیرہ نہیں ہوتا وہ دنیا سے بالکل فانی ہوتے ہیں وہ ہرگز اپنا اظہار نہیں چاہتے مگر خدا ان کو زبردستی باہر لاتا ہے انسان کیا وہ تو فرشتوں سے بھی اخفاء چاہتے ہیں اور ان کی فطرت ہی اس قسم کی بنی ہوئی ہوتی ہے۔ وہ خدا کے نزدیک زندہ ہوتے ہیں لیکن جن کو دنیا کا خیال ہوتا ہے۔ اور چاہتے ہیں کہ لوگ ان کو اچھا جانیں وہ خدا کے نزدیک مردار ہوتے ہیں اور ہزاروں قسم کی تصنعات سے ان کو کام لینا پڑتا ہے وہ شیطان ہوتے ہیں اُن سے دُور رہنا چاہیئے وہ لوگ جن کو دیکھ کر خدا یاد آتا ہے وہ اور ہیں نہ کہ یہ۔

پس یاد رکھو کہ زبان سے خدا کبھی راضی نہیں ہوتا اور بغیر ایک موت کے کوئی اس کے نزدیک زندہ نہیں ہوتا۔ جس قدر اہل اللہ ہوتے ہیں سب ایک موت قبول کرتے ہیں۔

اور جب خدا اُن کو قبول کرتا ہے تو زمین پر بھی ان کی قبولیت ہوتی ہے۔ پہلے خدا تعالےٰ خاص فرشتوں کو اطلاع دے دیتا ہے کہ فلاں بندے سے میں محبت کرتا ہوں - اور وہ سب اس سے محبت کرنے لگ جاتے ہیں۔ حتیٰ کہ اس کی محبت زمین کے پاک دلوں میں ڈالی جاتی ہے اور وہ اسے قبول کرتے ہیں۔ جب تک ان لوگوں میں سے کوئی نہیں بنتا تب تک وہ پیتل اور تانبا ہے اور اس قابل نہیں کہ اس کی قدر کی جاوے۔

سچائی کا معیار

یاد رکھو خدا کے بندوں کا انجام کبھی بد نہیں ہوا کرتا۔ اس کا وعدہ کتب اللہ لاغلبن انا و رسلی[1] بالکل سچا ہے اور یہ اسی وقت پُورا ہوتا ہے جب لوگ اس کے رسولوں کی مخالفت کریں۔ فریبی مکّاروں کی دنیا مخالفت نہیں کیا کرتی کیونکہ دنیا دنیا سے مل جاتی ہے۔ لیکن جسے خدا برگزیدہ کرے اس کی مخالفت ہونی ضروری ہے۔ سچے کے ساتھ ایک بڑے طوفان کے بعد لوگ بلا کرتے ہیں اور عقلمند لوگ جان جاتے ہیں کہ اگر یہ خدا تعالےٰ کی طرف سے نہ ہوتا تو اتنی مخالفت پر کیسے کامیاب ہوتا۔ یہ سب امور مخالفت وغیرہ خدا کی طرف سے ہوتے ہیں اور اس میں وہ اپنے بندے کا صبر دیکھتا ہے اور دکھلاتا ہے کہ دیکھو جس کو میں انتخاب کرتا ہوں وہ کیسے بہادر ہیں کیونکہ جھوٹے کے لئے پانچ چھ دشمن ہی کافی ہوتے ہیں۔ لیکن ان کے مقابلہ پر ایک دنیا دشمن ہوتی ہے اور پھر یہ غالب آتے ہیں۔ ایک جھوٹا تحصیلدار اگر ایک گاؤں میں چلا جاوے اور ایک ادنیٰ سا آدمی بھی یہ کہدے کہ مجھے اس کی تحصیلداری میں شک ہے تو آخر کار وہ اسی دن وہاں سے کھسک جاوے گا کہ میرا پول کھُل گیا کیونکہ وہ جانتا ہے کہ میں چور ہوں۔ جھوٹے کی استقامت کچھ نہیں ہوتی لیکن خدا تعالےٰ اپنے بندوں کی استقامت کا فوق الکرامت نمونہ دکھاتا ہے اور اسے دیکھ دیکھ کر لوگ تنگ آجاتے ہیں اور آخرکار بول اُٹھتے ہیں کہ یہ سچوں کی استقامت ہے۔ سچائی پر اگر ہزار گرد و غبار ڈالا جاوے پھر بھی وہ باہر نکل کر اپنا

[1] المجادلہ : ۲۲

جلوہ دکھائے گی۔

احکام

فتنہ کی بات نہ کرو۔ شر نہ کرو۔ گالی پر صبر کرو۔ کسی کا مقابلہ نہ کرو۔ جو مقابلہ کرے اس سے سلوک اور نیکی سے پیش آؤ۔ شیریں بیانی کا عمدہ نمونہ دکھلاؤ۔ سچے دل سے ہر ایک حکم کی اطاعت کرو کہ خدا تعالیٰ راضی ہو اور دشمن بھی جان لے کہ اب بیعت کر کے یہ شخص وہ نہیں رہا جو کہ پہلے تھا۔ مقدمات میں سچی گواہی دو۔ اس سلسلہ میں داخل ہونے والے کو چاہیئے کہ پورے دل، پوری ہمت اور ساری جان سے راستی کا پابند ہو جاوے۔ دنیا ختم ہونے پر آئی ہوئی ہے۔

اس کے بعد آپ نے کسوف خسوف اور طاعون کا ذکر کیا کہ

ایک آسمانی نشان ہے اور ایک زمینی

پھر تاکید فرمائی کہ

خدا سے معاملہ صاف رکھو

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۱ صفحہ ۸: ۹ مورخہ ۱۶ ؍ مارچ ۱۹۰۴ء)

ملفوظات

حضرت امام الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام جو کہ آپ نے مارچ کے آخر نصف میں فرمائے

(ایڈیٹر بدر)

صبر اور تقویٰ کے نتائج اگر دیکھنے ہوں تو سورۂ یوسف کو غور سے مطالعہ کرو۔ کہ جسے بھائیوں نے غلام بنا کر فروخت کیا تھا آخر کار خدا نے اُسے تخت پر بٹھا دیا

گناہ کی طاعون اور اس کا علاج

اس وقت جبکہ بدی کمال انتشار پر ہے اور اس کی ہوا ہی چلی ہوئی ہے اس سے الگ ہونا بھی ایک مرد کا کام ہے۔ ہر ایک میں یہ طاقت نہیں کہ جوانمردی سے اس سے الگ ہو جاوے۔ جب انسان ہر کس و ناکس کو فسق و فجور میں مبتلا دیکھتا ہے تو اُس کا اثر اس کے قلب پر پڑتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ سب دنیا جو ایسا کرتی ہے تو یہ کوئی بُری بات نہیں اس لئے بدی کی طرف میلان ہو جاتا ہے۔ اُس پر خدا کا بڑا فضل ہے جس کی یہ آنکھ کھُلے اور وہ بدی کو بدی جان کر الگ ہو۔

اس وقت جیسے طاعون پھیلی ہے اور سوائے خدا کے فضل کے نجات نہیں۔ اسی طرح گناہ کی طاعون ہے اور اس سے بچنے کے لئے بھی خدا کے فضل کی ضرورت ہے۔ جیسے جسمانی حالت اور قویٰ میں دیکھا جاتا ہے۔ کسی کی کوئی قوت کمزور ہوتی ہے اور کسی کی کوئی۔ یہی حال گناہوں کا ہے کہ بعض انسان خاص گناہوں کے ترک میں کمزور۔ پس جس گناہ کے چھوڑنے میں جو اپنے آپ کو کمزور پاوے اس کو نشانہ بنا کر دعا کرے تو اُسے فضلِ خدا سے قوت عطا ہوگی۔

سنّت الٰہی یہی ہے کہ ابتدا کافروں کی ہوتی چلی آئی ہے اور انجام کار متقی فریق کامیاب ہوتا رہا ہے۔

صحابہ کرامؓ کی مراتب شناسی

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مراتب پر گفتگو کرتے ہوئے فرمایا کہ

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد جو کچھ اسلام کا بنا ہے وہ اصحاب ثلاثہ سے ہی بنا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جو کچھ کیا ہے وہ اگرچہ کچھ کم نہیں مگر ان کی کارروائیوں سے

کسی طرح صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خفت نہیں ہو سکتی کیونکہ کامیابی کی پٹڑی تو صدیق اکبرؓ نے ہی جمائی تھی اور عظیم الشان فتنہ کو انہوں نے ہی فرو کیا تھا۔ ایسے وقت میں جن مشکلات کا سامنا حضرت ابوبکرؓ کو پڑا وہ حضرت عمر کو ہرگز نہیں پڑا۔ پس صدیقؓ نے رستہ صاف کر دیا تو پھر اس پر عمرؓ نے فتوحات کا دروازہ کھولا۔

آخر عمر میں ایمان سلامت لے جانے کے لئے نہ علم کی ضرورت ہے اور نہ کسی اور شئے کی۔ استغفار بہت کرنی چاہیئے اور نماز میں اُٹھتے بیٹھتے ہر حال میں دعا میں مصروف رہنا چاہیئے۔

اسلام اس بات کا نام ہے کہ قرآن شریف کی اتباع سے خدا کو راضی کیا جاوے۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۵ صفحہ ۳ مورخہ ۱۶ اپریل ۱۹۰۴ء)

---

۲۹ مارچ ۱۹۰۴ء

چند ایک احباب بیرون جات سے آئے ہوئے تھے اور حضرت اقدس کے قریب بیٹھنے کے لئے ایک دوسرے پر گرے پڑتے تھے۔ حضرت اقدس نے قادیانی احباب کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا کہ

ان لوگوں کو جگہ دو نئے آدمیوں کی تو خدا تعالیٰ نے اول ہی سے سفارش کر رکھی ہے جیسے براہین میں یہ الہام موجود ہے کہ کثرت سے لوگ تیرے پاس آویں گے تو ان سے تنگدل نہ ہونا۔

بعد ازاں چند احباب نے بیعت کی جس پر حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام ذیل کی

تقریر ایک ایسے شخص کے سوال پر فرمائی جس نے حضور سے استقامت کے لئے دعا کی درخواست کی تھی۔ فرمایا کہ

استقامت خدا تعالیٰ کے اختیار میں ہے ہم نے دعا کی ہے اور کریں گے لیکن تم بھی خدا تعالیٰ سے استقامت کی توفیق طلب کرو۔ استقامت کے یہ معنے ہیں کہ جو عہد انسان نے کیا ہے اسے پورے طور پر نبھاوے۔ یاد رکھو کہ عہد کرنا آسان ہے مگر اس کا نبھاہنا مشکل ہے۔ اس کی ایسی ہی مثال ہے کہ باغ میں تخم ڈالنا آسان مگر اس کے نشوونما کے لئے ہر ایک ضروری بات کو ملحوظ رکھنا اور آبپاشی کے اوقات پر اس کی خبرگیری کرنی مشکل ہے ایمان بھی ایک پودا ہے جسے اخلاص کی زمین میں بویا جاتا ہے اور نیک اعمال سے اس کی آبپاشی کی جاتی ہے۔ اگر اس کی ہر وقت اور ہر موسم کے لحاظ سے پوری خبرگیری نہ کی جاوے تو آخرکار تباہ اور برباد ہو جاتا ہے۔ دیکھو باغ میں کیسے ہی عمدہ پودے تم لگاؤ لیکن اگر لگا کر بھول جاؤ اور اُسے وقت پر پانی نہ دو یا اس کے گرد باڑ نہ لگاؤ تو آخرکار نتیجہ یہی ہوگا کہ یا تو وہ خشک ہو جاویں گے یا اُن کو چور لے جاویں گے۔ ایمان کا پودا اپنے نشوونما کے لئے اعمال صالحہ کو چاہتا ہے اور قرآن شریف نے جہاں ایمان کا ذکر کیا ہے وہاں اعمال صالحہ کی شرط لگا دی ہے کیونکہ جب ایمان میں فساد ہوتا ہے تو وہ ہرگز عنداللہ قبولیت کے قابل نہیں ہوتا۔ جیسے غذا جب باسی ہو یا سڑ جاوے تو اسے کوئی پسند نہیں کرتا۔ اسی طرح ریا، عُجب، تکبّر ایسی باتیں ہیں کہ اعمال کو قبولیت کے قابل نہیں رہنے دیتیں کیونکہ اگر اعمال نیک سرزد ہوئے ہیں تو وہ بندے کی اپنی طرف سے نہیں بلکہ خاص خدا کے فضل سے ہوئے ہیں۔ پھر اس میں کیا تعلق کہ وہ دوسروں کو خوش کرنے کے لئے اُن کو ذریعہ ٹھہراتا ہے یا اپنے نفس میں خود ہی اُن سے کبر کرتا ہے جس کا نام عُجب ہے خُلِقَ الانسانُ ضعیفاً[1] یعنی انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے اور اس میں بذات خود کوئی قوت اور طاقت نہیں ہے جب تک خدا تعالیٰ خود عطا نہ فرمائے۔ اگر آنکھیں ہیں اور تم اُن سے

[1] النساء : ۲۹

دیکھتے ہو یا کان ہیں اور تم اُن سے سُنتے ہو یا زبان ہے اور تم اس سے بولتے ہو تو یہ سب خدا کا فضل ہے کہ یہ سب قویٰ اپنا اپنا کام کر رہے ہیں وگرنہ اکثر لوگ مادر زاد اندھے یا بہرے یا گونگے پیدا ہوتے ہیں۔ بعض بعد پیدائش کے دوسرے حوادثات سے ان نعمتوں سے محروم ہو جاتے ہیں مگر تمہاری آنکھیں بھی نہیں دیکھ سکتیں جب تک روشنی نہ ہو۔ اور کان نہیں سُن سکتے جب تک ہوا نہ ہو۔ پس اس سے سمجھنا چاہیئے کہ جو کچھ دیا گیا ہے جب تک آسمانی تائید اس کے ساتھ نہ ہو تب تک تم محض بیکار ہو۔ ایک بات کو تم کتنے ہی صدق دل سے قبول کرو مگر جب تک فضل الٰہی شامل حال نہیں تم اس پر قائم نہیں رہ سکتے۔

بیعت توبہ اور بیعت تسلیم جو تم نے آج کی ہے اور اس میں جو اقرار کیا ہے اُسے سچے دل سے بہت مضبوط پکڑو اور پختہ عہد کرو کہ مرتے دم تک تم اس پر قائم رہو گے۔ سمجھ لو کہ آج ہم نفس کی خود رویوں سے باہر آ گئے ہیں اور جو جو ہدایت ہو گی اس پر عمل کرتے رہیں گے۔ ہم کوئی نئی ہدایت یا نیا دین یا نیا عمل نہیں لائے۔ ہدایت بھی وہی ہے دین بھی وہی ہے، عمل بھی وہی ہے جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم دے گئے ہیں۔ کوئی نیا کلمہ تم کو تلقین نہیں کیا جاتا اور نہ کوئی نیا خاتم النبیین بنایا جاتا ہے۔ ہاں اس پر سوال ہوتا ہے کہ جب نئی بات کوئی نہیں تو پھر فرق کیا ہوا۔ اور ایک جماعت کیوں تیار ہو رہی ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ خدا نے جو ارادہ کیا تھا کہ وہ ایک **مسیح موعود** بنا کر بھیجے گا اور وہ اس وقت آوے گا جب کہ دنیا سخت تاریکی میں ہو گی۔ ہر طرف سے کفر کے حملے ہوں گے۔ اسلام کو ہر ایک پہلو سے نقصان پہنچانے کی کوشش ہو گی۔ تو اس کے آنے کے دو فائدے ہوں گے۔

ایک فائدہ تو یہ ہے کہ یہ ایک ایسا زمانہ ہے کہ اسلام بدعات سے پورا حصّہ لے چکا ہے۔ ہر ایک بدعت تیسری صدی ہجری سے شروع ہو کر چودھویں صدی تک کمال کو پہنچ گئی اور پوری دجّالی صورت پیدا ہو گئی ہے۔ حدیثیں بلند آواز سے اس زمانہ

کی نسبت خبر دے رہی ہیں۔ جیسے ایک حمل کی مدت نو ماہ ہوتی ہے اس مناسبت سے تیسری صدی کے بعد جب نو صد سال گذر گئے تو خدا نے ایک مامور کو مبعوث کیا کہ ان بدعات اور مفاسد کو دور کرے کیونکہ لوگ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے فرمودہ کے مطابق لیسوا منّی ولستُ منھم کے مصداق ہو گئے تھے اور اسلام کا صرف نام ہی نام ان کی زبانوں پر رہ گیا تھا جیسے ایک باغ کے عمدہ عمدہ بُوٹوں کو دوسرے خراب بُوٹے اور گھاس وغیرہ پیدا ہو کر دبا لیتے ہیں ایسے ہی ردّی گھاس اور بُوٹے اسلام کے باغ میں ہو گئے تھے اور اس کا حقیقی نشو ونما اور آب وتاب بالکل جاتی رہی تھی۔ مکّار درویش گدی نشین اور فقیر وغیرہ اس ردّی گھاس کی طرح ہیں جو کہ برائے نام تو مسلمان ہیں لیکن اصل میں دشمنِ اسلام ہیں۔ خود ان کا قول تھا کہ مسیح اور مہدی چودھویں صدی کے سر پر ہوگا وہ پورا ہو گیا۔ پھر طاعون بھی نشان تھا وہ بھی پورا ہو گیا۔ نئی سواری جسے ریل کہتے ہیں۔ یہ بھی نشانی تھی جو کہ چلتی دیکھتے ہو۔ سُورج اور چاند کا گرہن بھی ماہ رمضان میں ہو گیا۔ ایک بڑی بدعت جس کی مثال جانوروں میں سے ہاتھی کی مثال ہے یہ پڑ گئی تھی کہ نصاریٰ کا زور ہو گیا اور اسلام پر حملے شروع ہوئے۔ ۲۰ لاکھ سے زیادہ مسلمان مُرتد ہو چکے۔ کیا یہ ممکن تھا کہ اسلام کے قادر مطلق خدا کو چھوڑ کر ایک عاجز انسان اور پھر میّت کو خدا مانا جاوے۔ کیا کسی کی عقل وفکر میں یہ بات آسکتی تھی مگر تاہم لوگ اس دھوکہ میں آ گئے۔ اس کا باعث عیسائیوں کی شرارت ہی نہیں بلکہ مسلمانوں نے بھی ایک بڑا حصہ اس کا اس طرح سے لیا ہوا ہے کہ مسیح کو تو آسمان پر زندہ مانا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو زیر زمین دفن شدہ تسلیم کیا اور اس طرح سے ہر ایک پہلو اور بات میں یہ خود عیسائیوں کی مدد کر رہے ہیں اور ان کا ایک دست و بازو بنے ہوئے ہیں۔ اول تو قرآن شریف کے برخلاف ایک بات کرتے ہیں اور پھر وہ بات جس سے عیسائیوں کو تقویت ہو قرآن شریف پیش کرتے ہیں کہ اس میں اس کا آسمان پر اُٹھایا جانا لکھا ہے حالانکہ قرآن شریف

تو بڑے زور سے اس کی وفات ثابت کرتا ہے۔ فلمّا توفیتنی کنت انت الرقیب علیھم[1] اور قد خلت من قبلہ الرسل[2] اور الم نجعل الارض کفاتاً[3] وغیرہ بہت سی آیات ہیں جن سے وفات ثابت ہوتی ہے۔ پھر کمبخت نادان ایک اور بات کہتے ہیں کہ صرف مسیح اور اس کی ماں مسِ شیطان سے پاک ہیں۔ یہ اصل میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو گالی دینا ہے کہ ایک بنی اسرائیل کی عورت مریم تو مسِ شیطان سے پاک ہو اور نعوذ باللہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اس سے پاک نہ ہوں۔ اگر یہ لوگ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں ہوتے اور یہ بات کہتے تو پھر دیکھتے کہ اس بے ادبی کی کیا سزا پاتے۔

اصل بات یہ ہے کہ حضرت مسیح اور ان کی ماں مریم پر یہود کا اعتراض تھا۔ مسیح کو وہ لوگ ناجائز ولادت کا الزام لگاتے اور مریم کو زانیہ کہتے تھے۔ قرآن شریف کا کام ہے کہ انبیاء پر سے اعتراضات کو رفع کرے اس لئے اس نے مریم کے حق میں زانیہ کی بجائے صدیقہ کا لفظ رکھا اور مسیح کو مسِ شیطان سے پاک کہا۔ اگر ایک محلہ میں صرف ایک عورت کا تبریہ کیا جاوے اور اس کی نسبت کہا جاوے کہ وہ بدکار نہیں ہے تو اس سے یہ الزام لازم نہیں آتا کہ باقی کی سب ضرور بدکار ہیں۔ صرف یہ معنے ہوتے ہیں کہ اس پر جو الزام ہے وہ غلط ہے یا اگر ایک آدمی کو کہا جاوے کہ وہ بھلا مانس ہے تو اس کے یہ معنے ہرگز نہیں ہوتے کہ باقی سب لوگ بھلے مانس نہیں بلکہ بدکار ہیں اسی طرح یہ ایک مقدمہ تھا کہ مسیح اور اس کی ماں پر الزام لگائے گئے تھے۔ خدا نے شہادت دی کہ وہ الزاموں سے بَری اور پاک ہیں۔ کیا عدالت اگر ایک ملزم کو قتل کے مقدمہ میں بَری کر دے تو اس سے یہ لازم آوے گا کہ باقی سب لوگ اس شہر کے ضرور قاتل اور خونخوار ہیں۔ غرضکہ اس قسم کے بدعات اور فساد پھیلے ہوئے تھے جن کے دُور کرنے کے لئے خدا نے ہمیں مبعوث کیا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ تقویٰ، طہارت، خدا کی طرف رجوع، خدا کی محبت اور

[1] المائدۃ: ۱۱۸ [2] آل عمران: ۱۴۵ [3] المرسلات: ۲۶

ہر بدکاری کے وقت اس کے خوف اور عظمت کو مدنظر رکھ کر کنارہ کش ہونا یہ باتیں اُٹھ گئی تھیں اور اسلام صرف برائے نام رہ گیا تھا۔ اب خدا نے چاہا کہ سچی پاکیزگی حاصل ہو۔

عقائد کا اثر اعمال پر

اسلام کے دو حصے ہیں۔ ایک تو یہ کہ خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ کیا جائے اور اس کے احسانوں کے بدلے میں اس کی پوری اطاعت کی جاوے ورنہ خدا تعالیٰ جیسے محسن و مربی سے جو روگردانی کرتا ہے وہ شیطان ہے۔

دوسرا حصہ یہ ہے کہ مخلوق کے حقوق شناخت کرے اور کماحقہ اس کو بجا لاوے۔ جن قوموں نے موٹے موٹے گناہ جیسے زنا، چوری، غیبت، جھوٹ وغیرہ اختیار کئے آخر وہ ہلاک ہوگئیں اور بعض قومیں صرف ایک ایک گناہ کے ارتکاب سے ہلاک ہوتی رہیں۔ مگر چونکہ یہ امت مرحومہ ہے اس لئے خدا تعالیٰ اُسے ہلاک نہیں کرتا۔ ورنہ کوئی معصیت ایسی نہیں ہے جو یہ نہیں کرتے۔ بالکل ہندوؤں کی طرح ہو گئے ہیں۔ ہر ایک نے الگ معبود بنا لئے ہیں۔ عیسٰی کو مثل خدا کے حی و قیوم مانا جاتا ہے پرندوں کا اُسے خالق مانا جاتا ہے۔ بات یہ ہے کہ عقیدے اچھے ہوتے ہیں تو انسان سے اعمال بھی اچھے صادر ہوتے ہیں۔ دیکھو ہندوؤں نے ۳۳ کروڑ دیوتا بنائے تو آخر نیوگ وغیرہ جیسے مسائل کو بھی ماننے لگ گئے اور ذرہ ذرہ کو خدا مان لیا۔ اس نیوگ اور حرامکاری کی کثرت کا باعث یہی اعتقاد کا نقص ہے۔ جو انسان سچا اور بے نقص عقیدہ اختیار کرتا ہے اور خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بناتا تو اس سے اعمال خود بخود ہی اچھے صادر ہوتے ہیں اور یہی باعث ہے کہ جب مسلمانوں نے سچے عقاید چھوڑ دیئے تو آخر دجّال وغیرہ کو خدا ماننے لگ گئے کیونکہ دجّال میں تمام صفات خدائی کے تسلیم کرتے ہیں۔ پس جب اس میں تمام صفات خدائی کے مانتے ہو تو جو اسے خدا کہے اس کا اس میں کیا قصور ہوا؟ خود ہی تو تم خدائی کا چارج دجّال کو دیتے ہو۔ پروردگار چاہتا

ہے کہ جیسے عقائد درست ہوں ویسے ہی اعمال صالحہ بھی درست ہوں اور ان میں کسی قسم کا فساد نہ رہے۔ اس لئے صراط مستقیم پر ہونا ضروری ہے۔ خدا نے بار بار مجھے کہا ہے کہ الخیر کلّہ فی القرآن۔ اس کی تعلیم ہے کہ خدا وحدہٗ لاشریک ہے۔ اور جو قرآن نے کہا ہے وہ بالکل سچ ہے۔

اور ایک ضروری بات یہ ہے کہ تقویٰ میں ترقی کرو۔ ترقی انسان خود نہیں کرسکتا تھا جب تک ایک جماعت اور ایک اس کا امام نہ ہو۔ اگر انسان میں یہ قوت ہوتی کہ وہ خود بخود ترقی کرسکتا تو پھر انبیاء کی ضرورت نہ تھی۔ تقویٰ کے لئے ایک ایسے انسان کے پیدا ہونے کی ضرورت ہے جو صاحبِ کشش ہو اور بذریعہ دعا کے وہ نفسوں کو پاک کرے۔ دیکھو اس قدر حکماء گذرے ہیں کیا کسی نے صالحین کی جماعت بھی بنائی ہرگز نہیں۔ اس کی وجہ یہی تھی کہ وہ صاحب کشش نہ تھے۔ لیکن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کیسے بنا دی۔ بات یہ ہے کہ جسے خدا تعالےٰ بھیجتا ہے اس کے اندر ایک تریاقی مادہ رکھا ہوا ہوتا ہے۔ پس جو شخص محبت اور اطاعت میں اس کے ساتھ ترقی کرتا ہے تو اس کے تریاقی مادہ کی وجہ سے اس کے گناہ کی زہر دُور ہوتی ہے اور فیض کے ترشحات اس پر بھی گرنے لگتے ہیں۔ اس کی نماز معمولی نماز نہیں ہوتی۔ یاد رکھو کہ اگر موجودہ ٹکروں والی نماز ہزار برس بھی پڑھی جاوے تو ہرگز فائدہ نہ ہوگا۔ نماز ایسی شئے ہے کہ اس کے ذریعہ سے آسمان انسان پر جھک پڑتا ہے۔ نماز کا حق ادا کرنے والا یہ خیال کرتا ہے کہ میں مرگیا اور اس کی روح گداز ہو کر خدا کے آستانہ پر گر پڑی ہے۔ اگر طبیعت میں قبض اور بدمزگی ہو تو اس کے لئے بھی دعا ہی کرنی چاہیئے کہ الٰہی تو ہی اُسے دُور کر اور لذت اور نور نازل فرما۔ جس گھر میں اس قسم کی نماز ہوگی وہ گھر کبھی تباہ نہ ہوگا حدیث شریف میں ہے کہ اگر نوحؑ کے وقت میں یہ نماز ہوتی تو وہ قوم کبھی تباہ نہ ہوتی۔ حج بھی انسان کے لئے مشروط ہے۔ روزہ بھی مشروط ہے۔ زکوٰۃ بھی مشروط

ہے مگر نماز مشروط نہیں۔ سب ایک سال میں ایک ایک دفعہ ہیں مگر اس کا حکم ہر روز پانچ دفعہ ادا کرنے کا ہے۔ اس لئے جب تک پوری پوری نماز نہ ہوگی تو وہ برکات بھی نہ ہوں گی جو اس سے حاصل ہوتی ہیں اور نہ اس بیعت کا کچھ فائدہ حاصل ہوگا۔ اگر بھوک یا پیاس لگی ہو تو ایک لقمہ یا ایک گھونٹ سیری نہیں بخش سکتا۔ پوری خوراک ہوگی تو تسکین ہوگی۔ اسی طرح ناکارہ تقویٰ ہرگز کام نہ آوے گا۔ خدا تعالےٰ انہیں سے محبت کرتا ہے جو اس سے محبت کرتے ہیں لن تنالوا البرّ حتّٰی تنفقوا ممّا تحبّون[1] کے یہ معنے ہیں کہ سب سے عزیز شئے جان ہے۔ اگر موقعہ ہو تو وہ بھی خدا کی راہ میں دے دی جاوے نماز میں اپنے اُوپر جو موت اختیار کرتا ہے وہ بھی بہتر کو پہنچتا ہے۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۵ صفحہ ۳-۴ مورخہ ۱۶ اپریل ۱۹۰۴ء)

۱۹ اپریل ۱۹۰۴ء

باوجود اس کے کہ انسان اپنے نفس کے اندر اختیار اور قدرت کا ایک مادہ پاتا ہے مگر پھر بھی وہ الٰہی قدرت کے تصرفات سے باہر نہیں ہے اور اُسے ہر وقت اس بات کی ضرورت ہے کہ تمام قوتوں اور قدرتوں کا سرچشمہ جو اللہ کریم کی ذات ہے وہ اس سے قوت طلب کرے۔ اس طلب کرنے میں بھی اُسے خدا تعالیٰ کے فضل کی خاص ضرورت ہے۔ بعض اوقات ایسے ہوتے ہیں کہ انسان ایک ضرورت کو محسوس کرتا ہے، جانتا ہے کہ اس کے لئے دعا کرنی چاہیئے۔ لیکن باوجود اس علم اور قدرت کے وہ دعا نہیں کرتا اور اسے اس کے لئے انشراح صدر حاصل نہیں ہوتا۔ بعض لوگ اس باریک بہتر اور تصرفات الٰہی کو مدّ نظر نہ رکھ کر دُعا پر اعتراض کرتے ہیں۔ ان کے ایسے اعتراضات پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ

"اگر دعا اپنے اختیار میں ہوتی تو انسان جو چاہتا کر لیتا۔ اس لئے ہم نہیں کہہ سکتے

[1] اٰل عمران: ۹۳

کہ فلاں دوست یا رشتہ دار کے حق میں ضرور فلاں بات ہو ہی جاوے گی۔ بعض وقت باوجود سخت ضرورت محسوس کرنے کے دعا نہیں ہوتی اور دل سخت ہو جاتا ہے۔ چونکہ اس کے بتر سے لوگ واقف نہیں ہوتے اس لئے گمراہ ہو جاتے ہیں۔ اس پر ایک شبہ پیدا ہوتا ہے کہ پھر جف القلم والی بات (یعنی مسئلہ تقدیر جس رنگ میں سمجھا گیا ہے) ٹھیک ہے۔ لیکن اس کا جواب یہ ہے کہ خدا کے علم میں سب ضرور ہے لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ خدا تعالےٰ اس بات پر قادر نہیں ہے کہ فلاں کام ضرور ہی کر دیوے۔ اگر ان لوگوں کا یہی اعتقاد ہے کہ جو کچھ ہونا تھا وہ سب ہو چکا اور ہماری محنت اور کوشش بلیسود ہے تو دردِ سر کے وقت علاج کی طرف کیوں رجوع کرتے ہیں۔ پیاس کے لئے ٹھنڈا پانی کیوں پیتے ہیں؟ بات یہ ہے کہ انسان کے تردد[1] پر بھی کچھ نہ کچھ نتیجہ ظاہر ہوتا ہے۔

دعا عمدہ شئے ہے اگر توفیق ہو تو ذریعہ مغفرت کا ہو جاتی ہے اور اسی کے ذریعہ سے رفتہ رفتہ خدا تعالےٰ مہربان ہو جاتا ہے۔ دُعا کے نہ کرنے سے اوّل زنگ دل پر چڑھتا ہے پھر قساوت پیدا ہوتی ہے پھر خدا سے اجنبیت۔ پھر عداوت۔ پھر نتیجہ سلب ایمان ہوتا ہے۔

جس مہدی کو لوگ مانتے ہیں وہ شکی ہے اور اس کی نسبت احادیث میں بہت تعارض ہے لیکن ہمارا دعویٰ اُس مہدی کا ہے جس کی نسبت کوئی شک نہیں۔

خدا بڑا رحیم کریم ہے اگر لوگ رات دن تضرع کریں۔ خیرات اور صدقات دیں تو شاید وہ رحم کر کے اس عذاب سے ان کو نجات دے۔ اگر جماعت متفق ہو کر تضرع کی طرف متوجہ ہو تو اس کا اثر زیادہ ہوتا ہے۔

---

[1] تردد بمعنے کوشش جدوجہد (مرتب)

ہمارا آخری حصہ عمر کا ہے اور ہمیشہ تجربہ ہوا ہے کہ خدا تعالےٰ ہی غالب ہوتا ہے
واللہ غالبٌ علیٰ امرہٖ ولکنّ اکثر النّاس لا یعلمون۔[1] یوسف علیہ السلام کا قصہ
ہی دیکھو کہ سب بھائی مصیبت زدہ ہو کر اُسی کے سامنے پیش ہوتے لیکن اُسے شناخت
نہیں کر سکتے۔ اگر یہ ہمارا مقدمہ ایک انسانی کاروبار ہوتا تو سب سے اول بیزار ہونے
والا اس سے مَیں ہوتا مگر جبکہ اس کے قدم قدم پر خدا کا الہام ہوتا ہے تو معلوم ہوتا ہے
اسی کی طرف سے ایک امر ہے۔

فرمایا:۔
رابعہ بصری کو اسی دن غم ہوتا تھا۔ جس دن خدا کی راہ میں انہیں کوئی غم نہ ہوتا
مومن کسی نہ کسی ابتلا میں ضرور رہتا ہے ؎

یار سے چھیڑ چلی جائے اسد
نہ سہی وصل تو حسرت ہی سہی

زندگی بڑھانے کے لئے ایسے کام کرنے چاہئیں جو خدا کی راہ میں ہوں۔
وہ احمق ہیں جو دنیا کو معشوق و محبوب بنا لیتے ہیں یہ نہیں سوچتے کہ آخر اُسے کیا
کام آنا ہے۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۸-۱۹ صفحہ ۳ مورخہ ۸؍۱۶ مئی ۱۹۰۴ء)

---

۱۹ اپریل کی شام

"زندگی کے فیشن سے بہت دُور جا پڑے ہیں"

یہ الہام آج اعلیحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ہوا تھا۔ اس پر فرمایا کہ

[1] یوسف: ۲۲

زندگی کی اصل غرض اور مقصود تو اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے مگر اس وقت میں دیکھتا ہوں کہ عام طور پر لوگ اس غرض اور مقصود کو فراموش کر چکے ہیں اور کھانے پینے اور حیوانوں کی طرح زندگی بسر کرنے کے سوا اور کوئی مقصود نہیں رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ دنیا کو پھر اس کی زندگی کی غرض سے آگاہ کرے اور یہ فنار قہری اس کو رجوع کرائے گی۔

اس لئے ہر شخص کو چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کا خوف کرے اور اللہ تعالیٰ کا خوف اس کو بہت سی نیکیوں کا وارث بنائے گا۔ جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے وہی اچھا ہے کیونکہ اس خوف کی وجہ سے اس کو ایک بصیرت ملتی ہے جس کے ذریعہ وہ گناہوں سے بچتا ہے۔ بہت سے لوگ تو ایسے ہوتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے احسانات اور انعام اور اکرام پر غور کر کے شرمندہ ہو جاتے ہیں اور اس کی نافرمانی اور خلاف ورزی سے بچتے ہیں۔ لیکن ایک قسم لوگوں کی ایسی بھی ہے جو اُس کے قہر سے ڈرتے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ اچھا اور نیک تو وہی ہے جو اللہ تعالیٰ کی پرکھ سے اچھا نکلے۔ بہت لوگ ہیں جو اپنے آپ کو دھوکا دیتے ہیں اور سمجھ لیتے ہیں کہ ہم متقی ہیں مگر اصل میں متقی وہ ہے جس کا نام اللہ تعالیٰ کے دفتر میں متقی ہو۔

اس وقت اللہ تعالیٰ کے اسم ستّار کی تجلّی ہے۔ لیکن قیامت کے دن جب پردہ دری کی تجلی ہوگی اس وقت تمام حقیقت کھل جائے گی۔ اس تجلی کے وقت بہت سے ایسے بھی ہوں گے جو آج بڑے متقی اور پرہیزگار نظر آتے ہیں قیامت کے دن وہ بڑے فاسق فاجر نظر آئیں گے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عملِ صالحہ ہماری اپنی تجویز اور قرارداد سے نہیں ہو سکتا۔ اصل میں اعمال صالحہ وہ ہیں جس میں کسی نوع کا کوئی فساد نہ ہو کیونکہ صالح فساد کی ضد ہے۔ جیسے غذا طیّب اس وقت ہوتی ہے کہ وہ کچی نہ ہو نہ سڑی ہوئی ہو اور نہ کسی ادنیٰ درجہ کی جنس کی ہو بلکہ ایسی ہو جو فوراً جزو بدن ہو جانے

والی ہو۔ اسی طرح پر ضروری ہے کہ عمل صالح میں بھی کسی قسم کا فساد نہ ہو یعنی اللہ تعالیٰ کے حکم کے موافق ہو اور پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت کے موافق ہو اور پھر نہ اس میں کسی قسم کا کسل ہو نہ عُجب ہو نہ ریا ہو نہ وہ اپنی تجویز سے ہو۔ جب ایسا عمل ہو تو وہ عمل صالح کہلاتا ہے اور یہ **کبریت احمر** ہے۔

شیطان انسان کو گمراہ کرنے کے لئے اور اس کے اعمال کو فاسد بنانے کے واسطے ہمیشہ تاک میں لگا رہتا ہے یہانتک کہ وہ نیکی کے کاموں میں بھی اس کو گمراہ کرنا چاہتا ہے اور کسی نہ کسی قسم کا فساد ڈالنے کی تدبیریں کرتا ہے۔ نماز پڑھتا ہے تو اس میں بھی ریا وغیرہ کوئی شعبہ فساد کا ملانا چاہتا ہے۔ ایک امامت کرانے والے کو بھی اس بلا میں مبتلا کرنا چاہتا ہے۔ پس اس کے حملہ سے کبھی بیخوف نہیں ہونا چاہیئے۔ کیونکہ اس کے حملے فاسقوں فاجروں پر تو کھُلے کھُلے ہوتے ہیں وہ تو اس کا گویا شکار ہیں۔ لیکن زاہدوں پر بھی حملہ کرنے سے وہ نہیں چوکتا اور کسی نہ کسی رنگ میں موقعہ پاکر اُن پر بھی حملہ کر بیٹھتا ہے جو لوگ خدا کے فضل کے نیچے ہوتے ہیں اور شیطان کی باریک در باریک شرارتوں سے آگاہ ہوتے ہیں وہ تو بچنے کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعائیں کرتے ہیں لیکن جو ابھی خام اور کمزور ہوتے ہیں۔ وہ کبھی کبھی مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ریا اور عُجب وغیرہ سے بچنے کے واسطے ایک ملامتی فرقہ ہے جو اپنی نیکیوں کو چھپاتا ہے اور سیئات کو ظاہر کرتا رہتا ہے وہ اس طرح پر سمجھتے ہیں کہ ہم شیطان کے حملوں سے بچ جاتے ہیں مگر میرے نزدیک وہ بھی کامل نہیں ہیں۔ ان کے دل میں بھی غیر ہے اگر غیر نہ ہوتا تو وہ کبھی ایسا نہ کرتے۔ انسان معرفت اور سلوک میں اس وقت کامل ہوتا ہے جب کسی نوع اور رنگ کا غیر اُن کے دل میں نہ رہے اور یہ فرقہ **انبیاء** علیہم السلام کا ہوتا ہے۔ یہ ایسا **کامل گروہ** ہوتا ہے کہ اس کے دل میں غیر کا وجود بالکل معدوم ہوتا ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ غیر کے وجود کو کالعدم سمجھنا یہ بھی اختیاری نہیں ہے۔ کیونکہ یہ

حالت عشقیہ ہے جو از خود پیدا نہیں ہو سکتی بلکہ اس کی جڑ محبت ذاتی ہے۔ جب محبت ذاتی کے مقام پر انسان پہنچتا ہے تو پھر یہ عشقیہ حالت پیدا ہو کر غیر کے وجود کو جلا دیتی ہے اور پھر کسی کے مدح و ذم یا عذاب و ثواب کی بھی پروا نہیں ہوتی۔

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کبھی کبھی اپنی مدح بھی سُن لیا کرتے تھے لیکن اس سے یہ سمجھ لینا کہ آپ کو اس مدح کی پروا ہوتی تھی۔ سخت غلطی ہے آپ کو ان باتوں کا کوئی احساس نہیں ہوتا تھا اور کوئی اثر اس کا آپ پر نہیں ہو سکتا تھا۔ ایک محل مدح ایسا ہوتا ہے کہ دوسرے کو ہلاک کر دیتا ہے لیکن آپ کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ وہ تعلق اور رشتہ تھا کہ کسی دوسرے کی سمجھ میں بھی نہیں آسکتا تھا پس آپ کسی انسان کی مدح سے کیا خوش ہو سکتے تھے ایسا ہی ذمّ کا حال ہے۔ آپ تو اللہ تعالےٰ کی محبت ذاتی میں فنا ہو چکے تھے۔ خارجی احساس باقی ہی نہیں رہا تھا۔ اس لئے سارے مقام ختم ہو چکے تھے۔

اصل بات یہ ہے کہ یہی وہ مقام ہے جو مقام امن کہلاتا ہے۔ زاہد خشک کی مدح کرنے والا اس کو ہلاک کر سکتا ہے۔ کیونکہ وہ اس مدح سے خوش ہو کر اپنے وجود کو بھی کوئی شئے سمجھنے لگتا ہے اور اپنے اعمال پر ایک ناز کرنے لگتا ہے۔ مگر یاد رکھو کہ یہ مراتب بھی وہبی ہیں کوشش سے نہیں ملتے اور انسان کامل اسی مقام پر ہوتا ہے۔ صوفی کہتے ہیں کہ جب تک محبت ذاتی نہ ہو جاوے ایسی محبت کہ بہشت اور دوزخ پر بھی نظر نہ ہو اس وقت تک کامل نہیں ہوتا اس سے پہلے اس کا خدا بہشت اور دوزخ ہوتے ہیں لیکن جب وہ اس مقام پر پہنچ جاتا ہے تو پھر اس کے لئے اعملوا ما شئتم[1] کا حکم ہوتا ہے کیونکہ ان کی رضا خدا کی رضا ہوتی ہے۔ جب تک یہ حال نہ ہو اندیشہ ہوتا ہے کہ نیکی ضائع نہ ہو جائے۔

ذاتی محبت والے سے اگر اس کی غرض پوچھی جاوے کہ تو کیوں خدا کی عبادت

[1] حٰمٓ السجدۃ: ۴۱

کرتا ہے تو وہ کچھ کبھی بتا نہیں سکتا کیونکہ اسے کوئی ذاتی غرض محسوس ہی نہیں ہوتی بلکہ اگر اس کے لئے دوزخ کی وعید بھی ہو کہ تو اگر عبادت کرے گا تو دوزخ ملے گا تب بھی وہ رُک نہیں سکتا کیونکہ اس کے رگ و ریشہ میں اللہ تعالےٰ ہی کی عظمت اور محبت ہوتی ہے وہ بے اختیار ہو کر اس کی طرف کھنچا چلا جاتا ہے اُسے نہیں معلوم کہ کیوں کھنچا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نہ وہ ثواب و عذاب کی پروا کرتا ہے اور نہ مدح و ذم کا اثر اس پر ہوتا ہے۔ انبیاء و رسل اسی مقام پر ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کی مخالفت اور خطرناک مصائب اور مشکلات ان کو اپنے کام سے ہٹا نہیں سکتے۔ میں انعمت علیھم[1] اس مقام کو سمجھتا ہوں۔ یہ ایسا دارالامان ہے کہ شیطان اس جگہ نہیں آسکتا۔ ایک زاہد بعض وقت مغضوب کے زمرہ میں آسکتا ہے۔ لیکن جو انعمت علیھم کے مقام پر پہنچ گیا وہ محفوظ ہو گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ محبت ذاتی کی آگ غیر کے وجود کو مطلقاً جلا دیتی ہے اور اس کو امن میں داخل کر دیتی ہے۔ استجابت دعا بھی اسی مقام پر ہوتا ہے۔ یہ ایسا ارفع اور اعلیٰ مقام ہے کہ اس کی تصریح بھی نہیں ہو سکتی۔ یہ ایک کیفیت ہے جو دوسرے کو اچھی طرح سمجھا بھی نہیں سکتے۔ یہی وجہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے گلہ کرنے سے بھی انسان کافر ہو جاتا ہے۔ چونکہ وہ ان تعلقات سے محض ناآشنا ہوتا ہے جو انبیاء و رسل اور اللہ تعالےٰ میں ہوتے ہیں اس لئے کسی ایسے امر کو جو ہماری سمجھ اور دانش سے بالاتر اور بالاتر ہے، اپنی عقل کے پیمانہ سے ناپنا صریح حماقت ہے۔ مثلاً آدم علیہ السلام کا گلہ کرنے لگے کہ انہوں نے درخت ممنوع کا پھل کھایا یا عبس و تولّٰی کو لے بیٹھے۔ ایسی حرکت آداب الرسل کے خلاف ہے اور کفر کی حد تک پہنچا دیتی ہے۔ چونکہ خدا تعالیٰ ان کا محبوب ہوتا ہے۔ بعض اوقات وہ کسی بات پر گویا رُوٹھ جاتا ہے۔ وہ باتیں عام قانون جرائم و ذنوب سے الگ ہوتی ہیں۔ ۳۰ سال کے قریب کا عرصہ ہوتا ہے کہ ایک مقرب فرشتہ کو میں نے دیکھا جس نے مجھے ایک توت کی چھڑی ماری

[1] الفاتحۃ : ۷

پھر میں نے اس کو دیکھا کہ کرسی پر بیٹھ کر رونے لگا۔ یہ ایک نسبت بتائی ہے کہ جیسے بعض اوقات والدہ بچہ کو مارتی ہے پھر رقت سے خود ہی رونے لگتی ہے۔ یہ ایک لطیف استعارہ ہے جو مجھ پر ظاہر کیا گیا ہے۔

میری سمجھ میں بھی نہیں آتا کہ ان تعلقات کو جو انبیاء و رسل اور اللہ تعالیٰ میں ہوتے ہیں کس طرح ظاہر کیا جاوے۔ یہ تعلقات ایسے شدید اور گہرے ہوتے ہیں کہ بجز کامل الایمان ہونے اور اس کوچہ سے آشنا ہونے کے ان کی سمجھ آ ہی نہیں سکتی اس لئے صوفیوں نے لکھا ہے کہ اُن کے افعال اور اعمال عام قانون جرائم و ذنوب سے الگ ہوتے ہیں۔ ان کو اس ضمن ذنوب میں ذکر کرنا بھی سلب ایمان کا موجب ہو جاتا ہے کیونکہ ان کا حساب تعلقات کا ہے۔ ذنب محمدی کی حقیقت کو کوئی کیا سمجھ سکتا ہے۔ عام طور پر عاشق اور معشوق کے تعلقات کو کوئی نہیں سمجھ سکتا اور یہ تعلقات تو اس سے بھی لطیف تر ہیں۔

احمق حقیقت سے ناآشنا استغفار کے لفظ پر اعتراض کرتے ہیں۔ ان کو معلوم نہیں کہ جس قدر یہ لفظ پیارا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی اندرونی پاکیزگی پر دلیل ہے وہ ہمارے وہم و گمان سے بھی پرے ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ عاشقِ وصنا ہیں اور اس میں بڑی بلند پروازی کے ساتھ ترقیات کر رہے ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ کے احسانات کا تصور کرتے ہیں اور اظہار شکر سے قاصر پا کر تدارک کرتے ہیں۔ یہ کیفیت ہم کس طرح ان عقل کے اندھوں اور مجذوم القلب لوگوں کو سمجھائیں ان پر وارد ہو تو وہ سمجھیں جب ایسی حالت ہوتی ہے۔ احسانات الٰہیہ کی کثرت آکر اپنا غلبہ کرتی ہے تو روح محبت سے پُر ہو جاتی ہے اور وہ اُچھل اُچھل کر استغفار کے ذریعہ اپنے قصور شکر کا تدارک کرتی ہے۔ یہ لوگ خشک منطق کی طرح اتنا ہی نہیں چاہتے کہ وہ قویٰ جن سے کوئی کمزوری یا غفلت صادر ہو سکتی ہے وہ ظاہر نہ ہوں۔ نہیں وہ ان قویٰ پر تو فتح حاصل کئے ہوئے

ہوتے ہیں۔ وہ تو اللہ تعالیٰ کے احسانات کا تصور کر کے استغفار کرتے ہیں کہ شکر نہیں کر سکتے۔ یہ ایک لطیف اور اعلیٰ مقام ہے جس کی حقیقت سے دوسرے لوگ ناآشنا ہیں اس کی مثال ایسی ہی ہے جیسے حیوانات گدھے وغیرہ انسانیت کی حقیقت سے بیخبر اور ناواقف ہیں۔ اسی طرح پر انبیاء و رسل کے تعلقات اور ان کے مقام کی حقیقت سے دوسرے لوگ کیا اطلاع رکھ سکتے ہیں۔ یہ بڑے ہی لطیف ہوتے ہیں اور جس جس قدر محبت ذاتی بڑھتی جاتی ہے۔ اسی قدر یہ اَور بھی لطیف ہوتے جاتے ہیں۔ دیکھو حضرت یوسفؑ نے صرف یہی کہا تھا کہ تم بادشاہ سے میرا ذکر بھی کرنا۔ صرف اتنی بات پر ایک عرصہ تک زندان میں رہنا پڑا۔ حالانکہ عام نظر میں یہ ایک معمولی سی بات ہو سکتی ہے مگر نہیں یہ ان تعلقات محبت کے منافی تھی۔ غرض یہ ایک لطیف بستر ہے جس پر ہر ایک مطلع نہیں ہو سکتا۔ یہی ایک مقام ہے جس کی طلب ہر ایک کو کرنی چاہیئے۔

بر کریماں کارہا دشوار نیست

(الحکم جلد ۸ نمبر ۱۴ و ۱۵ صفحہ ۱ و ۲ مورخہ ۳۰ اپریل و ۱۰ مئی ۱۹۰۴ء)

---

۲۱ اپریل ۱۹۰۴ء

(دربار شام)

انت منی بمنزلۃ عرشی

یہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تازہ وحی ہے۔ عرش کے متعلق ۲۱ اپریل کی شام کو فرمایا کہ:۔

عرش اللہ تعالیٰ کی جلالی و جمالی صفات کا مظہر اتم ہے۔ عرش کے مخلوق یا غیر مخلوق کے متعلق میں کچھ نہیں کہتا۔ اس کی تفصیل حوالہ بخدا کرنی چاہیئے۔ جنہوں نے مخلوق کہا ہے انہوں نے بھی غلطی کھائی ہے کیونکہ پھر اس سے وہ محدود لازم آتا ہے اور جو غیر مخلوق کہتے ہیں وہ

توحید کے خلاف کہتے ہیں کیونکہ الّذی خلق کلّ شیءٍ۔ اگر یہ غیر مخلوق ہو تو پھر اس سے باہر رہ جاتا ہے۔ مومن موحد اس کو تسلیم نہیں کر سکتا۔ ہم اس کے متعلق کچھ نہیں کہتے۔ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ یہ ایک استعارہ ہے جیسے افطر و اصوم یا اخطی و اصیب فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ استعارات کے ذریعہ کلام کرتا ہے ہم اس پر ایمان لاتے ہیں اور اس کی کیفیت کو حوالہ بخدا کرتے ہیں۔ پس ہمارا مذہب عرش کے متعلق یہی ہے کہ اس کے مخلوق یا غیر مخلوق ہونے کی بحث میں دخل نہ دو۔ ہم اس پر ایمان لاتے ہیں کہ وہ اعلیٰ درجہ کی جلالی و جمالی تجلیات کا مظہر ہے۔

امن است در مکانِ محبت سرائے ما

اس الہام کو سناتے وقت فرمایا کہ اصل بات یہ ہے کہ

محبت بھی ایک نار ہوتی ہے اور طاعون بھی ایک نار ہے۔ اس لئے دو نار ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتی ہیں اسی لئے معبرین نے بھی لکھا ہے کہ جو شخص دیکھے کہ اس کے دل سے شعلۂ نار بھڑکتا ہے۔ وہ عاشق ہو جائے گا۔ عشق کو بھی نار کہتے ہیں۔

پس اگر اللہ تعالیٰ کی **محبت ذاتی اور عشق** پیدا ہو جاوے اور اس کے ساتھ وفاداری، اخلاص ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو محفوظ کر لے گا۔[1]

جب دنیا میں فسق و فجور پھیل جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے لوگ دور جا پڑتے ہیں اور اس سے لاپروا ہو جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ بھی ان کی پروا نہیں کرتا ہے۔ ایسی صورت میں پھر اس قسم کی وبائیں بطور عذاب نازل ہوتی ہیں۔ ان بلاؤں اور وباؤں کے بھیجنے سے اللہ تعالیٰ کی غرض یہ ہوتی ہے کہ دنیا پر اللہ تعالیٰ کی توحید اور عظمت ظاہر ہو اور فسق و فجور سے لوگ نفرت کر کے نیکی اور راستبازی کی طرف توجہ کریں۔ اور

---

[1] الحکم جلد ۸ نمبر ۱۴، ۱۵ صفحہ ۳ مورخہ ۳۰ اپریل، ۱۰ مئی ۱۹۰۴ء

خدا تعالیٰ کے مامور کی طرف جو اس وقت دنیا میں موجود ہوتا ہے توجہ کریں۔ اس زمانہ میں بھی فسق و فجور کے سیلاب کا بند ٹوٹ گیا ہے۔ راستبازی، تقوٰے، عفت اور خداترسی اور خداشناسی بالکل اُٹھ گئی تھی۔ دین کی باتوں پر ہنسی کی جاتی تھی۔ پس اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدہ کے موافق جو اُس نے اپنے نبیوں اور رسولوں کی زبان پر کیا تھا کہ مسیح موعود کے وقت دنیا میں مری بھیجوں گا۔ اس طاعون کو اصلاح خلق کے لئے مسلط کیا ہے طاعون کو بُرا کہنا بھی گناہ ہے۔ یہ تو خدا تعالیٰ کا ایک مامور ہے جیسا کہ میں نے ہاتھی والی رؤیا میں دیکھا تھا۔ لیکن میں دیکھتا ہوں کہ باوجود اس کے کہ بعض دیہات بالکل برباد ہو گئے ہیں اور ہر جگہ یہ آفت برپا ہے تو بھی ان شوخیوں، شرارتوں اور بیباکیوں میں فرق نہیں آیا۔ جو اس سے پہلے بھی تھیں۔ مکر و فریب، ریاکاری بدستور پھیلی ہوئی ہے۔

(الحکم جلد ۸ نمبر ۱۶ صفحہ ۱ مورخہ ۱۷ مئی ۱۹۰۴ء)

۲۳ اپریل ۱۹۰۴ء

ایک شخص نے حفاظت طاعون کے لئے دعا کی درخواست کی۔ فرمایا کہ

اول اپنے اعمال درست کرو پھر دعا کا اثر ہوگا۔

مکر اللہ

مکر اللہ کے یہی معنے ہیں کہ انسان کی باریک در باریک تدابیر اور تجاویز پر آخر کار خدا کی تجاویز غالب آجاویں اور انسان کو ناکامی ہو۔ اگر کوئی کتاب اللہ سے اس فلاسفی کو نہیں مانتا تو دنیا میں بھی اس کی نظیر موجود ہے اور اس کے اسرار پائے جاتے ہیں۔ چور کیسی باریک در باریک تدابیر کے نیچے اپنا کام اور اپنی حفاظت کرتا ہے لیکن گورنمنٹ نے جو تجاویز باریک در باریک اس کی گرفتاری کی رکھی ہیں آخر وہ غالب آجاتی ہیں تو خدا کیوں غالب نہ آوے۔

احتیاط ضروری ہے

اگرچہ سوائے اذن الٰہی کے کچھ نہیں ہوتا مگر تاہم احتیاط کرنی ضروری ہے۔ کیونکہ اس کے لئے بھی حکم ہی ہے۔ احادیث میں جو متعدی امراض کے ایک دوسرے سے لگ جانے کی نفی ہے اس کے بھی یہی معنے ہیں ورنہ کیسے ہو سکتا ہے کہ امور مشہودہ اور محسوسہ کا انکار کیا جاوے۔ اس سے کوئی یہ نہ دھوکا کھاوے کہ ہمارا اعتقاد قال اللہ وقال الرسول کے برخلاف ہے، ہرگز نہیں بلکہ ہم تو قرآن شریف کی اس آیت پر عمل کرتے ہیں۔ ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار۔[1] رعایت اسباب کرنی قدیم سنت انبیاء کی ہے جیسے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جنگ میں جاتے تو خود زرہ وغیرہ پہنتے، خندق کھودتے، بیماری میں دوائیں استعمال کرتے۔ اگر کوئی ترک اسباب کرتا ہے تو وہ خدا کا امتحان کرتا ہے جو کہ منع ہے۔

سخت دل ہر ایک فاسق سے بدتر ہوتا ہے اور وہ خدا سے ابعد ہوتا ہے جو جو ٹیڑھی راہ اختیار کرتا ہے وہ بالکل دیکھنے کے مرتا نہیں۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۸-۱۹ صفحہ ۳ مورخہ ۸-۱۶ مئی ۱۹۰۴ء)

---

۲۵ اپریل ۱۹۰۴ء

(بوقت شام)

شام کے وقت اس امر کا ذکر ہو رہا تھا کہ خدا تعالیٰ کہاں تک اپنے بندہ کی نصرت اور حفاظت کرتا ہے۔ اس پر حضور نے اپنا ایک واقعہ سنایا۔ فرمایا کہ

میں ایک دفعہ زحیر قولنج کے عارضہ میں مبتلا ہو گیا۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ زندگی سے بالکل مایوسی ہو گئی اور گھر کے سب لوگ اپنی طرف سے مجھے مُردہ تصور کر بیٹھے تھے

[1] هود : ۱۱۴

کہ سورۂ یٰسٓ بھی سُنا دی گئی اور رونے کے لئے ارد گرد چٹائیاں بچھا دیں لیکن مجھے دراصل ہوش تھی اور میں سب کچھ دیکھ اور سُن رہا تھا۔ لیکن چونکہ سخت تپش اور جلن تھی اس لئے بول نہ سکتا تھا۔ میں نے خیال کیا کہ اگر میں زندہ بھی رہا تو اس قسم کی ضعوبت اور موت کی تلخی پھر بھی دیکھنی پڑے گی کہ اسی اثنا میں مجھے الہام ہوا۔ ان کنتم فی ریب مما نزلنا علٰی عبدنا فاتوا بشفاءٍ من مثلہٖ اور تسبیح پڑھنے کا حکم دیا گیا۔ میں تسبیح پڑھ پڑھ کر شکم پر اور درد کی جگہ پر ہاتھ پھیرتا تھا۔ ایک سکینت حاصل ہوتی جاتی تھی اور درد و الم وغیرہ رفع ہوتا جاتا تھا یہاں تک کہ اس سے بالکل آرام ہو گیا۔

فرمایا۔

خوارق عادات کا علم اَور ہے اور یہ امور بہت ہی دقیق در دقیق ہیں۔ معمولی زندگی اور اسباب پرستی کی زندگی دہریت کی رگ سے اصل میں ملی ہوئی ہوتی ہے۔ حقیقی اور اصلی زندگی یہی ہے کہ خدا تعالٰے پر ایمان حاصل ہو جاوے۔ ایمان قوی اسی وقت ہوتا ہے جب خصوصیت کے ساتھ خوارق عادت اور کثرت سے ہوں۔

ہماری خواہش یہ ہے کہ الٰہی تجلیات ظاہر ہوں جیسے کہ موسٰی نے ارنی کہا تھا ورنہ ہمیں تو نہ بہشت کی ضرورت ہے اور نہ کسی اور شئے کی۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۸ و ۱۹ صفحہ ۳ و ۴ مورخہ ۸/۱۶ مئی ۱۹۰۴ء)

---

۲۸ اپریل ۱۹۰۴ء

الہامات و اعمال صالحہ

ایک نوجوان نے اپنے کچھ رؤیا اور الہامات سُنانے شروع کئے جب وہ سنا چکا تو

آپ نے فرمایا۔

میں تمہیں نصیحت کے طور پر کہتا ہوں۔ اسے خوب یاد رکھو کہ ان خوابوں اور الہامات ہی پر نہ رہو بلکہ اعمال صالحہ میں لگے رہو۔ بہت سے الہامات اور خواب سنیہ پھل کی طرح ہوتے ہیں جو کچھ دنوں کے بعد گر جاتے ہیں اور پھر کچھ باقی نہیں رہتا ہے۔ اصل مقصد اور غرض اللہ تعالیٰ کے ساتھ سچا اور بے ریا تعلق۔ اخلاص اور وفاداری ہے جو نرے خوابوں سے پوری نہیں ہو سکتی مگر اللہ سے کبھی بیخوف نہیں ہونا چاہیئے۔ جہانتک ہو سکے صدق و اخلاص و ترکِ ریا و ترکِ منہیات میں ترقی کرنی چاہیئے اور مطالعہ کرتے رہو کہ ان باتوں پر کس حد تک قائم ہو۔ اگر یہ باتیں نہیں ہیں تو پھر خوابیں اور الہامات بھی کچھ فائدہ نہیں دیں گے بلکہ صُوفیوں نے لکھا ہے کہ اوائل سلوک میں جو رُویا یا وحی ہو اس پر توجہ نہیں کرنی چاہیئے وہ اکثر اوقات اس راہ میں روک ہو جاتی ہے۔ انسان کی اپنی خوبی اس میں تو کوئی نہیں کیونکہ یہ تو اللہ تعالےٰ کا فعل ہے جو وہ کسی کو کوئی اچھی خواب دکھادے یا کوئی الہام کرے، اس نے کیا کیا؟ دیکھو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بہت وحی ہوا کرتی تھی لیکن اس کا کہیں ذکر بھی نہیں کیا گیا کہ اس کو یہ الہام ہوا یہ وحی ہوئی۔ بلکہ ذکر کیا گیا ہے تو اس بات کا کہ ابراھیم الذی وفّی[1] وہ ابراہیم جس نے وفاداری کا کامل نمونہ دکھایا۔ یا یہ کہ یا ابراھیم قد صدقت الرءیا انا کذالك نجزی المحسنین[2] یہ بات ہے جو انسان کو حاصل کرنی چاہیئے۔ اگر یہ پیدا نہ ہو تو پھر رُویا و الہام سے کیا فائدہ؟ مومن کی نظر ہمیشہ اعمال صالحہ پر ہوتی ہے۔ اگر اعمال صالحہ پر نظر نہ ہو تو اندیشہ ہے کہ وہ مکر اللہ کے نیچے آ جائے گا۔ ہم کو تو چاہیئے کہ اللہ تعالےٰ کو راضی کریں اور اس کے لئے ضرورت ہے اخلاص کی، صدق و وفا کی، نہ یہ کہ قیل و قال تک ہی ہماری ہمت و کوشش محدود رہو۔ جب ہم اللہ تعالےٰ کو راضی کرتے ہیں پھر اللہ تعالےٰ بھی برکت دیتا ہے اور اپنے فیوض و برکات کے دروازے کھول دیتا ہے

[1] النجم: ۳۸ [2] الصافات: ۱۰۶-۱۰۰

اور رویار اور وحی کو القار شیطانی سے پاک کر دیتا ہے اور اضغاث احلام سے بچالیتا ہے۔ پس اس بات کو کبھی بھولنا نہیں چاہیئے کہ رؤیا اور الہام پر مدار صلاحیت نہیں رکھنا چاہیئے۔ بہت سے آدمی دیکھے گئے ہیں کہ ان کو رؤیا اور الہام ہوتے رہے لیکن انجام اچھا نہیں ہوا۔ جو اعمال صالحہ کی صلاحیت پر موقوف ہے۔ اس تنگ دروازہ سے جو صدق و وفا کا دروازہ ہے گذرنا آسان نہیں۔ ہم کبھی ان باتوں سے فخر نہیں کر سکتے کہ رؤیا یا الہام ہونے لگے اور ہاتھ پہ ہاتھ رکھ کر بیٹھ رہیں اور مجاہدات سے دستکش ہو رہیں اللہ تعالےٰ اس کو پسند نہیں کرتا۔ وہ تو فرماتا ہے لیس للانسان الّا ما سعیٰ[1]۔ اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ انسان اللہ تعالےٰ کی راہ میں وہ مجاہدہ کرے اور وہ کام کرکے دکھلاوے جو کسی نے نہ کیا ہو۔ اگر اللہ تعالےٰ صبح سے شام تک مکالمہ کرے تو یہ فخر کی بات نہیں ہوگی کیونکہ یہ تو اس کی عطا ہوگی۔ دھیان یہ ہوگا کہ خود ہم نے اس کے لئے کیا کیا

بلعم کتنا بڑا آدمی تھا مستجاب الدعوات تھا۔ اس کو بھی الہام ہوتا تھا لیکن انجام کیسا خراب ہوا۔ اللہ تعالیٰ اسے کتے کی مثال دیتا ہے اس لئے انجام کے نیک ہونے کے لئے مجاہدہ اور دعا کرنی چاہیئے اور ہر وقت لرزاں ترساں رہنا چاہیئے۔

مومن کو اعتقاد صحیح رکھنا اور اعمال صالحہ کرنے چاہئیں اور اس کی ہمت اور سعی اللہ تعالےٰ کی رضا اور وفاداری میں صرف ہونی چاہیئے۔

مومن کی صحیح رؤیا کی تعبیر یہی ہے کہ خدا تعالیٰ کے ساتھ سچا تعلق ہو۔ اس کے اوامر نواہی اور وصایا میں پورا اُترے اور ہر مصیبت و ابتلا میں صادق مخلص ثابت ہو یاد رکھو۔ ابتلا بھی دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک ابتلا شریعت کے اوامر و نواہی کا ہوتا ہے۔ دوسرا ابتلا قضا و قدر کا ہوتا ہے جیسا کہ فرمایا ولنبلونکم بشیءٍ من الخوف[2] الآیۃ

پس اصل مرد میدان اور کامل وہ ہوتا ہے جو ان دو نو قسم کے ابتلاؤں میں پورا

[1] النجم : ۴۰ [2] البقرۃ : ۱۵۶

اُترے۔ بعض اس قسم کے ہوتے ہیں کہ اوامر و نواہی کی رعایت کرتے ہیں لیکن جب کوئی ابتلا مصیبت قضا و قدر کا پیش آتا ہے تو اللہ تعالیٰ کا شکوہ کرتے ہیں۔ ایسا ہی بعض فقیر دیکھے گئے ہیں کہ ہمیں نفس کشی کی اس قدر مشق ہے کہ سارے دن میں صرف ایک مرتبہ سانس لیتے ہیں لیکن وہ ابتلا کے وقت بہت ہی بودے اور کمزور ثابت ہوتے ہیں قوی وہی ہے جو اعتقاد صحیح رکھتا ہو۔ اعمالِ صالحہ کرنے والا ہو اور مصائب و شدائد میں پورا اُترنے والا ہو اور یہی جوانمردی ہے۔ جب تک عبودیت میں پورا اور کامل نہیں رؤیا یا الہامات پر اس کا فخر بے جا ہے کیونکہ اس میں اپنی کوئی خوبی نہیں بلکہ یہ تو اللہ تعالیٰ کا فعل ہے اور اس امر میں کامیابی کے لئے ایک زمانہ دراز چاہیئے جلدی کبھی نہیں کرنی چاہیئے جیسے کوئی شخص درخت لگاتا ہے تو پہلے اس کی یہ حالت ہوتی ہے کہ ایک بکری بھی منہ مار کر اُسے کھا سکتی ہے۔ پھر اگر وہ اس سے بچے تو مختلف قسم کی آندھیاں اس پر چلتی ہیں اور اس کو اکھاڑنے کی کوشش کرتی ہیں لیکن اگر وہ ان سے بھی بچ رہے تو پھر کہیں جا کر اُسے پھول لگتے ہیں اور پھر وہ پھول بھی ہوا سے گرتے ہیں اور کچھ بچتے ہیں۔ آخرالامر پھل لگتا ہے اور اس پر بھی بہت سی آفتیں آتی ہیں کچھ یونہی گر جاتے ہیں اور کچھ آندھیوں میں تباہ ہوتے ہیں[1]۔ جو پکتے ہیں اور کھانے کے کام آتے ہیں۔

اسی طرح پر ایمانی درخت کا حال ہے۔ اس سے پھل کھانے کے لئے بھی بہت سی صعوبتوں اور مشکلات میں ثابت قدم رہنا ضروری ہے۔ صوفی بھی اسی لئے کہتے ہیں کہ جب تک موت نہ آوے زندگی حاصل نہیں ہوتی۔ قرآن شریف نے صحابہؓ کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا ہے منهم من قضى نحبه ومنهم من ينتظر[2]۔ یعنی بعض صحابہؓ میں سے ایسے ہیں جو اپنی جان چکے ہیں اور بعض ابھی منتظر ہیں۔ جب تک اس مقام پر انسان نہیں پہنچتا۔ بامراد نہیں ہو سکتا۔

[1] الحکم میں آگے یہ الفاظ ہیں "کچھ جانور کھا جاتے ہیں آخر تھوڑے ہوتے ہیں جو پکتے ہیں۔"

[2] الاحزاب : ۲۴

دو قسم کے آدمی دراصل جان سلامت لے جاتے ہیں۔ ایک وہ جو دین العجائز رکھتے ہیں یعنی جیسے ایک بڑھیا عورت ایمان لاتی ہے کہ اللہ ایک محمدؐ برحق ہے۔ وہ اسرار شریعت کی تہہ تک پہنچنے کی ضرورت نہیں سمجھتی ہے۔

اور ایک وہ لوگ ہوتے ہیں جو سلوک کی راہ اختیار کرتے ہیں۔ بڑے بڑے خونخوار دشت و بیابان ان کی راہ میں آتے ہیں مگر وہ ہزاروں موتیں برداشت کر کے پہنچ جاتا ہے۔ اس کی جوانمردی اور ہمت قابلِ تعریف ہے۔

لیکن ایک اور گروہ ہوتا ہے جو نہ تو دین العجائز اختیار کرتا ہے اور نہ اس راہ کو اختیار کر کے انجام تک پہنچاتا ہے بلکہ اس دشت خونخوار میں پڑ کر راستہ ہی میں ہلاک ہو گیا۔ ایسے لوگ وہی ہوتے ہیں جو مکر اللہ کے نیچے آجاتے ہیں۔ غرض اس راہ کا طے کرنا بہت ہی مشکل ہے۔ اس کے لئے چاہیئے کہ دعا میں مشغول ہو اور قرآن شریف کو پڑھ کر دیکھتے رہو کہ آیا اس کے حکموں پر چلتے ہو یا نہیں۔ جس حکم پر نہیں چلتے اس پر چلنے کے لئے مجاہدہ کرو اور خدا تعالیٰ سے دعا مانگو کہ اللہ تعالیٰ توفیق دے۔

غرض اعمال صالحہ بڑی چیز ہے۔ قرآن شریف کو دیکھو جہاں ایمان کا ذکر کیا ہے اسے اعمال صالحہ سے وابستہ کیا ہے۔ اس میں متوجہ ہو کہ خدا تعالیٰ راضی ہو جاوے جب تک یہ بات نہ ہو کچھ نہیں۔

(البدر جلد ۳ نمبر ۱۸-۱۹ صفحہ ۱۰ مورخہ ۸-۱۶ مئی ۱۹۰۴ء)

نیز (الحکم جلد ۸ نمبر ۱۴، ۱۵ صفحہ ۲ مورخہ ۳۰ اپریل و یکم مئی ۱۹۰۴ء و نمبر ۱۶ صفحہ ۱۶ صفحہ ۱ مورخہ ۱۷ مئی ۱۹۰۴ء)

۲۹ راپریل ۱۹۰۴ء

(بوقت شام)

ایک شخص نومسلم چکڑالوی کے خیالات کا متبع آیا ہوا تھا۔ اس نے نشان دیکھنا چاہا حضرت حجۃ اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کے سوال کو طریق ادب وطالب کے خلاف پاکر حکم دیا تھا کہ تم واپس چلے جاؤ۔ اس پر اُس نے ایک معافی نامہ پیش کیا جس پر حضرت حجۃ اللہ نے فرمایا:۔

یہ بات محض اللہ تعالیٰ کے فضل پر موقوف ہے کہ کوئی بات کسی کو سمجھا دے۔ لیکن اُسے سمجھ دیتا ہے جو ادب کے طریق پر سچا طالب ہو کر تلاش کرتا ہے۔ الطریقۃ کلھا ادب۔ خدا تعالیٰ کا یہ سچا وعدہ ہے کہ جو شخص صدق دل اور نیک نیتی کے ساتھ اس کی راہ کی تلاش کرتے ہیں جیسا کہ اس نے خود فرمایا ہے والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا[1]۔ یعنی جو لوگ ہم میں ہو کر مجاہدہ کرتے ہیں ہم ان پر اپنی راہیں کھول دیتے ہیں۔ ہم میں ہو کر سے یہ مراد ہے کہ محض اخلاص اور نیک نیتی کی بناء پر خدا جوئی اپنا مقصد رکھ کر۔ لیکن اگر کوئی استہزاء اور ٹھٹھے کے طریق پر آزمائش کرتا ہے۔ وہ بدنصیب محروم رہ جاتا ہے۔ پس اسی پاک اصول کی بنا پر اگر تم سچے دل سے کوشش کرو اور دعا کرتے رہو تو وہ غفورٌ رحیم ہے۔ لیکن اگر کوئی اللہ تعالیٰ کی پروا نہیں کرتا وہ بے نیاز ہے۔

دنیا فنا کا مقام ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ انسان اس فانی مقام پر دلدادہ نہ ہو بلکہ آخرت کی فکر کرے جو ابدی ہے اور یہ اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ہستی پر ایمان لاوے اور اس کی مرضی کو مقدم کر کے اس پر چلے۔ اگر اللہ تعالیٰ کی مرضی کو مقدم نہیں کرتا اور اس پر نہیں چلتا تو پھر اللہ تعالیٰ اس کی کوئی پروا نہیں کرتا۔ جیسے ہزاروں لاکھوں کیڑے مر جاتے ہیں یہ بھی مر جاتا ہے اور اس کا کوئی خیال نہیں

[1] العنکبوت: ۷۰

ہوتا۔ لیکن جو شخص اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی کرتا ہے اور دعاؤں سے کام لیتا ہے اور تھکتا نہیں تو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا ہے اس پر اپنی راہ کے دروازے کھول دیتا ہے۔ یہی اصول یہاں بھی ہے کیونکہ مجھے اس خدا نے مامور کرکے بھیجا ہے۔ پس اگر کوئی یہاں آتا ہے اس لئے کہ وہ شعبدہ بازی دیکھے اور پھونک مار کر ولی بنا دیا جاوے تو ہم صاف کہتے ہیں کہ ہم پھونک مار کر ولی نہیں بناتے۔ جو شخص جلد بازی سے کام لیتا ہے وہ خدا تعالیٰ کو آزماتا ہے۔ خدا اس کی پروا نہیں کرتا تو مجھے اس کی کیا پروا۔ اتنا ہی نہیں سمجھ لینا چاہیئے کہ خدا غفور و رحیم ہے بلکہ اس کے ساتھ یہ بھی ماننا چاہیئے کہ وہ غنی بھی ہے۔ اگر ساری دُنیا اتقیٰ قلب لے کر آدے تو اس کی الوہیت کی شان ایک ذرہ بھر بھی بڑھ نہ جائے گی اور اگر اتقیٰ نہ ہو تو اس سے کچھ کم نہ ہوگا۔ اس لئے طالب صادق کا پہلا کام یہ ہونا چاہیئے کہ وہ یہ سمجھ لے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات غنی بے نیاز ہے۔ اس کو حاجت اس امر کی نہیں کہ میں اس کی طرف رجوع کروں بلکہ مجھے حاجت اور ضرورت ہے کہ اس کی طرف رجوع کروں اور اس کے آستانہ الوہیت پر گروں۔ جب انسان یہ سمجھ لیتا ہے کہ خدا کو میری حاجت نہیں مجھے خدا کی حاجت ہے تو اس میں ایک طلب صادق کا جوش پیدا ہوتا ہے اور وہ خدا کی طرف رجوع کرنے لگتا ہے۔ پس اگر کوئی میرے پاس آتا ہے تو اُسے بھی سمجھ لینا چاہیئے کہ میرا کام تو صرف پہنچا دینا ہے منوا دینا میرا کام نہیں۔ اگر کوئی اپنی بھلائی اور بہتری چاہتا ہے اور سمجھتا ہے کہ میں نے ایک دن مرنا ہے اور خدا تعالیٰ کے حضور جانا ہے تو اس کا فرض ہونا چاہیئے کہ صبر اور صدق کے ساتھ اس راہ کو تلاش کرے اور گھبرائے اور تھکے نہیں۔ لیکن جب کوئی حد سے زیادہ شرارت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی باتوں پر ہنسی کرتا اور انہیں ٹھٹھے میں اُڑانا چاہتا ہے تو اُس کا علاج اس نے اور رکھا ہوا ہے۔ اب بھی یہی ہو رہا ہے اور ہونے والا ہے۔ کُتوں اور کیڑوں کی طرح لوگ مر رہے ہیں اور مریں گے۔

دیکھو دس روپیہ کا مقدمہ بھی ہو تو انسان اپنی عقل پر بھروسہ نہیں کرتا بلکہ دوسروں سے مشورہ لیتا ہے اور ان پر بھروسہ کرتا ہے۔ پھر وکیل تلاش کرتا ہے وکیل بھی اعلیٰ درجہ کا۔ پھر حکام رس لوگوں کی تلاش کرتا، ان کی خوشامد کرتا اور جائز و ناجائز وسائل کے استعمال سے بھی نہیں چوکتا۔ جب ایک تھوڑی سی متاع کے لئے وہ اس قدر جدوجہد اور کوشش کرتا ہے۔ پھر اسے شرم کرنی چاہیئے کہ دین کے لئے اس کا دسواں حصہ بھی سعی نہیں کرتا۔ اور چاہتا ہے کہ اسرار دین اس پر کھل جاویں اور وہ دم زدن میں ولی بن جاوے۔ چند منٹ کے لئے ایک شخص ہماری مجلس میں آ کر بیٹھتا ہے اور باہر نکل کر فتویٰ دیتا ہے کہ میں نے سب کچھ سمجھ لیا ہے، یہ سب کچھ دکانداری ہے ہم ایسے فتووں اور ایسی راؤں کی کیا پروا کریں گے کیونکہ اللہ تعالےٰ کی وحی اور الہام کے مقابلہ میں جو روشن نشانوں اور دلائل کے ساتھ ہو رہا ہے ایسی بے سروپا راؤں اور فتووں کی کیا وقعت ہو سکتی ہے مگر ایسی رائے دینے والے کو مرنے کے بعد پتہ لگ جاوے گا کہ ان کے فتووں کی کیا حقیقت ہے۔ اس وقت سارے پردے اور حجاب اُٹھ جاویں گے اور حقیقت کھل جاوے گی۔ میں دنیا کی حالت پر سخت تعجب اور افسوس کرتا ہوں کہ اگر کسی کو کہہ دیا جاوے کہ تجھے جذام کا اندیشہ ہے تو وہ طبیب تلاش کرتا ہے اور نسخے پر نسخہ استعمال کرتا چلا جاتا ہے۔ لیکن میں دیکھتا ہوں کہ دنیا کی بیماری کے لئے تو یہ جدوجہد کی جاتی ہے پر اس کے مقابلہ پر دین کے لئے کوئی فکر اور کوشش نہیں کی جاتی۔ جوئندہ یابندہ ایک عام مثل ہے مگر اس کے لئے یہ بھی تو ضروری ہے کہ جو سچی تلاش اور طلب کا حق ہے وہ ادا کرے۔ یہ تو نہیں کہ ایک شخص آتا ہے اور پوچھتا ہے کہ مجھے کوئی نشان دکھا دو۔ میں شام کو واپس جانا چاہتا ہوں۔ ایسی جلد بازی اور اقتراح خدا کو پسند نہیں ہے دیکھو زمیندار کس قدر محنت کرتا ہے راتوں کو اُٹھ اُٹھ کر سخت سے سخت زمین میں ہل چلاتا ہے پھر تخم ریزی کرتا ہے، آبپاشی کرتا ہے اور حفاظت کرتا ہے۔ تب جا کر کہیں پھل اُٹھاتا ہے

یہ کوشش اور محنت دنیا کے لئے تو ہے جو آج ہے کل نہ ہوگی مگر دین کے لئے کچھ بھی نہیں۔ چونکہ نفس میں خباثت ہوتی ہے اور تلاش حق مطلوب نہیں ہوتی اس لئے جلد فیصلہ کرلیتا ہے کہ میں نے سمجھ لیا ہے۔ یہ بے انصافی اور ظلم نہیں تو کیا ہے؟ مگر یہ سچ ہے وماظلمونا ولٰکن کانوا انفسھم یظلمون[1]۔ ایک شخص جو کنواں کھودنے لگا ہے وہ اگر دو چار ہاتھ کھود کر شکایت کرے کہ پانی نہیں نکلا تو کیا اس کو احمق نہ کہا جاوے گا اور ملامت نہ ہوگی کہ ابھی تو اس حد تک پہنچا تو ہے ہی نہیں جہاں پانی نکلتا ہے ابھی سے شکایت کرتا ہے یہ تو تیرا اپنا ہی قصور اور نادانی ہے۔ ہر ایک امر کے لئے ایک قانون قدرت اور وقت ہے خواہ وہ امر دینی ہو یا دنیوی۔ پھر دنیوی امور میں تو ان قوانین قدرت کو نگاہ رکھتا ہے لیکن دینی امور میں آکر عقل ماری جاتی ہے اور جلدی کر کے ایک دم میں سب کچھ چاہتا ہے۔ یہ جلد باز اور شتابکار لوگ جب خدا تعالیٰ کے مامورل کے پاس جاتے ہیں تو وہاں بھی اس شتابکاری سے کام لیتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ وہ ایک پھونک مار کر ان کو آسمان پر چڑھا دے۔ ایسے نشان مانگتے ہیں کہ ایمان ایمان ہی نہ رہے اگر کوئی شخص چاند یا سورج پر ایمان لاوے تو بتاؤ اس کو اس ایمان سے کیا فائدہ اور ثواب ہوگا۔ ایمان تو یہ ہوتا ہے کہ من وجہ محجوب ہو اور من وجہ منکشف۔ اگر ایمان کی حد سے بڑھ کر ہوتا تو پھر ثواب ہی نہ ملتا۔ ثواب کا وعدہ اسی صورت میں ہے کہ عقلمند آدمی عقل صحیح سے کام لے کر قرائن قویہ کو پا کر سمجھ لیتا ہے کہ یہ حق ہے۔ لیکن اگر اس طریق کو چھوڑتا ہے تو وہ پھر کسی ثواب کا مستحق نہیں ہو سکتا کیونکہ اگر ایسا ہی حجاب اُٹھ جاوے کہ آفتاب کی طرح ایک شئے روشن ہو جاوے تو کون احمق ہوگا جو یہ کہے کہ اب آفتاب نہیں اور دن چڑھا ہوا نہیں ہے۔ اگر ایسا انکشاف ہو تو پھر کافر اور مومن میں کیا فرق ہوا؟ مومن تو کہتے ہی اس کو ہیں جو من وجہ محجوب پر ایمان لے آتا ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اسی بات پر صدیق کہلائے۔

[1] البقرۃ : ۵۸

پس قانون قدرت یہی ہے جو شخص جلد بازی کرتا ہے اور صبر اور استقلال کے ساتھ کوشش نہیں کرتا اور حُسن ظن سے کام نہیں لیتا وہ ہمارا کیا بگاڑے گا اپنی ہی شقاوت کا نشانہ ہوگا۔ اس کی ایسی ہی مثال ہے کہ ایک بیمار کسی طبیب کے پاس آوے اور طبیب اس کی مرض کی تشخیص کر کے کہے کہ تجھے دو مہینے تک میرے پاس رہ کر علاج کرنا پڑے گا مگر وہ کہے کہ نہیں دو مہینے تک تو میں رہ نہیں سکتا۔ تم ابھی کوئی قطرہ ایسا دو کہ یہ ساری مرض جاتی رہے۔ ایسا جلد باز مریض کیا خاک فائدہ اُٹھائے گا وہ تو اپنا ہی نقصان کرے گا۔ اس کے لئے قانون قدرت تو بدل نہیں جائے گا ولن تجد لسنّة الله تبديلاً۔[1] پس یہ بڑی بدبختی ہے کہ دنیا کے کاموں میں عقل سے کام لیتا ہے۔ لیکن دین کے کاموں میں عقل کو بیکار اور معطل کر دیتا ہے۔ یہ خطرناک مرض ہے اس کا علاج یہی ہے کہ کثرت سے استغفار کرتا رہے۔ نیک صحبت میں رہے اور دعاؤں میں لگا رہے۔ اگر یہ نہیں کرتا تو وہ ہلاک ہو جاوے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی کچھ بھی پروا نہیں کرتا لیکن جو صدق دل اور نیک نیتی کے ساتھ خدا کی طرف قدم اُٹھاتا ہے اور اس راہ میں تھکتا اور گھبراتا نہیں۔ دعاؤں میں لگا رہتا ہے امید ہے کہ وہ ایک دن گوہر مقصود کو پالے۔

(الحکم جلد ۸ نمبر ۱۸ صفحہ ۲-۳ مورخہ ۳۱ مئی ۱۹۰۴ء)

اپریل کے آخری ایام

ایک نشان بیّن

سنّت اللہ سے ناواقف ہونا بھی ایک موت ہے کیونکہ اس جہالت کی وجہ سے بعض اوقات انسان خدا تعالیٰ کے ماموروں اور برگزیدوں کے سامنے ایسی جرأت اور شوخی کر بیٹھتا ہے جو اسے قبول حق سے محروم کر دیتی ہے اور اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اس

[1] الفتح: ۲۴

کی دستگیری نہ کرے تو وہ ہلاک ہو جاتا ہے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حضور بعض اوقات ایسے لوگ بھی آجاتے ہیں. چنانچہ اواخر اپریل میں ایک نومسلم یہاں آیا اور اس نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حضور بڑی دلیری سے نشان بینی کی درخواست کی جس پر حضرت اقدس نے فرمایا:-

ہر ایک مامور کے دل میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو کچھ ڈالا جاتا ہے وہ اس کی مخالفت نہیں کرسکتا کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے اور یہی بالکل سچ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کسی کو دنیا میں مامور کرکے بھیجتا ہے تو اس کی تائید میں خارق عادت نشان بھی ظاہر کرتا ہے چنانچہ اس جگہ بھی اس نے میری تائید کے لئے بہت سے نشان ظاہر کئے ہیں جن کو لاکھوں انسانوں نے دیکھا ہے اور وہ اس پر گواہ ہیں۔ تاہم میں اپنے خدا پر کامل یقین رکھتا ہوں کہ اس نے انہیں نشانوں پر حصر نہیں کیا اور آئندہ اس سلسلہ کو بند نہیں کیا وقتاً فوقتاً وہ اپنے ارادہ سے جب چاہتا ہے نشان ظاہر کرتا ہے۔ ایک طالب حق کے لئے وہ نشان تھوڑے نہیں ہیں مگر اس پر بھی اگر دل شہادت نہ دے کہ ایک شخص واقعی طالب حق ہے اور صدق نیت سے وہ نشان کا خواہشمند ہے تو ہم اس کے لئے توجہ کرسکتے ہیں اور اللہ تعالیٰ پر یقین رکھتے ہیں کہ کوئی امر ظاہر کردے لیکن اگر یہ بات نہ ہو اور خدا تعالیٰ کے پہلے نشانوں کی بے قدری کی جاوے اور انہیں ناکافی سمجھا جاوے تو توجہ کے لئے جوش پیدا نہیں ہوتا اور ظہور نشان کے لئے ضروری ہے کہ اس میں توجہ کی جاوے اور اقبال الی اللہ کے لئے جوش ڈالا جاوے اور یہ تحریک اس وقت ہوتی ہے جب ایک صادق اور مخلص طلبگار ہو۔

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیئے کہ نشان عقلمندوں کے لئے ہوتے ہیں ان لوگوں کے واسطے نشان نہیں ہوتے جو عقل سے کوئی حصہ نہیں رکھتے ہیں۔ ایسے لوگ اللہ تعالیٰ کے نشانات سے کوئی فائدہ نہیں اُٹھا سکتے۔ ہدایت محض اللہ تعالیٰ کے فضل پر موقوف ہے اگر اللہ تعالیٰ کی توفیق شامل حال نہ ہو اور وہ فضل نہ کرے تو خواہ کوئی ہزاروں ہزار نشان

دیکھے اُن سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتا اور کچھ نہیں کر سکتا۔ پس جب تک یہ معلوم نہ ہو کہ نشانات گذشتہ سے اُس نے کیا فائدہ اُٹھایا ہے ہم آئندہ کے لئے کیا امید رکھیں۔

نشانات کا ظاہر ہونا یہ ہمارے اختیار میں تو نہیں ہے اور نشانات کوئی شعبدہ باز کی چابکدستی کا نتیجہ تو نہیں ہوتے یہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور مرضی پر موقوف ہے وہ جب چاہتا ہے نشان ظاہر کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے فائدہ پہنچاتا ہے۔

اس وقت جو سوال نشان نمائی کا کیا جاتا ہے اس کے متعلق میرے دل میں اللہ تعالیٰ نے یہی ڈالا ہے کہ یہ اقتراح اسی قسم کا ہے جیسا ابوجہل اور اس کے امثال کیا کرتے تھے انہوں نے کیا فائدہ اُٹھایا؟ کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر نشان صادر نہیں ہوئے تھے۔ اگر کوئی ایسا اعتقاد کرے تو وہ کافر ہے۔ آپ کے ہاتھ پر لاانتہاء نشان ظاہر ہوئے مگر ابوجہل وغیرہ نے ان سے کچھ فائدہ نہ اُٹھایا۔ اسی طرح پر یہاں نشان ظاہر ہو رہے ہیں جو طالب حق کے لئے ہر طرح کافی ہیں۔ لیکن اگر کوئی فائدہ نہ اٹھانا چاہے اور ان کو ردی میں ڈالا جائے اور آئندہ خواہش کرے تو اس سے کیا امید ہو سکتی ہے؟ وہ خدا تعالیٰ کے نشانات کی ہیز متی کرتا ہے اور خود اللہ تعالیٰ سے ہنسی کرتا ہے طریق ادب تو یہ ہے کہ پہلے کتابوں کو دیکھا جاتا اور دیانتداری اور خدا ترسی سے ان میں غور کیا جاتا۔ وہ نشانات جو ان میں درج کئے گئے ہیں ان پر فکر کی جاتی اور میں یقین رکھتا ہوں کہ اگر کوئی شخص سلیم دل لے کر میری کتابوں کو پڑھے گا اور ان نشانوں پر غور کرے گا۔ تو اس کا دل بول اُٹھے گا کہ یہ انسانی طاقت سے باہر ہے کہ ایسے جلیل القدر نشان دکھا سکے لیکن ان کتابوں کو دیکھا نہیں جاتا اور تقویٰ سے کام نہیں لیا جاتا۔ پھر شوخی سے کہا جاتا ہے کہ نشان دکھاؤ۔ اگر یہ ضروری ہوتا کہ ہر شخص کے لئے ایک جدا نشان ہو اور پھر ایک لمبا اور لاانتہا سلسلہ شروع ہو جاوے۔ ہر ایک شخص آکر کہے کہ پہلا نشان میرے لئے کافی نہیں ہے مجھے کوئی اور نشان دکھایا جاوے تو جو اس قسم کی جرأت کرتا ہے وہ خدا تعالیٰ کو آزماتا ہے

اور معلوم ہوتا ہے کہ اس کے لئے ہدایت بھی نہیں ہے کیونکہ اس سے صریح بو آتی ہے کہ خدا کے پہلے نشانوں کو وہ حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے۔

نشانوں کی ایک حد ہوتی ہے اور ان کی شناخت کے لئے ایک قوت شامہ دی جاتی ہے۔ جو وہ قوت نہیں رکھتا ہے جس سے اس کو پہچانے اس کے سامنے خواہ کتنے ہی نشان ظاہر ہوں وہ کوئی فائدہ نہیں اُٹھا سکتا۔ اسلام کی سچائی پر یوں تو ہر زمانہ میں لاکھوں تازہ بہ تازہ نشان ہوتے ہیں مگر کیا یہ نشان بجائے خود کم ہے کہ جس توحید کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم لائے ہیں اور جس شرک و بدعت کو آپ نے دور کیا ہے دنیا میں کبھی کسی مذہب نے نہیں کیا۔ ایک عقلمند کے لئے تو یہ نشان ایسا عظیم الشان ہے کہ اس کی نظیر نہیں ملتی لیکن ایک غبی اس سے کوئی فائدہ نہیں اُٹھا سکتا

ایک ولی اللہ ذات کے قصاب تھے ایک شخص ان کے پاس آیا اور اس نے کہا کہ میں تب مانتا ہوں اگر آپ کوئی نشان دکھائیں۔ انہوں نے اس کو کیا عمدہ جواب دیا ہے کہ باوجودیکہ تیرا خیال ہے کہ ہم ایسے ہیں اور پھر باوصف ایسے گنہگار ہونے کے تو دیکھتا ہے کہ ہم ابتک غرق نہیں ہو گئے۔ اسی طرح پر ہم بھی کہتے ہیں کہ کیا یہ نشان ہمارا کم ہے کہ ہم کو مفتری کہا جاتا ہے لیکن پچیس سال سے بھی زیادہ سے یہ سلسلہ چلا آتا ہے اور دن بہ دن اس کی ترقی ہو رہی ہے اور ہم غرق نہیں ہو گئے۔ دانشمند اگر خدا ترس دل لے کر سوچے تو اس کے لئے یہ بھی کوئی چھوٹا سا نشان نہیں ہے۔

جو یہ کہہ دیتے ہیں کہ بہت سے مفتری بچ گئے ہیں یہ محض افترا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے کلام میں خلاف نہیں ہو سکتا۔ کبھی کوئی مفتری مہلت نہیں پا سکتا ورنہ پھر خدا تعالیٰ کے راستبازوں اور مفتریوں میں فرق کرنا مشکل ہو جائیگا۔ خدا تعالےٰ کی سلطنت میں اندھیر نہیں ہے۔ اس دنیا کی سلطنت میں اگر کوئی شخص مصنوعی چپڑاسی بھی بن جاوے تو فی الفور پکڑا جاتا اور اسے عبرتناک سزا دی جاتی ہے تو یہ کیونکر ممکن ہے کہ اللہ تعالےٰ کی حکومت میں ایسا اندھیر ہو کہ کوئی شخص خدا کا مامور ہونے کا مدعی ہو اور جھوٹے الہام خود ہی بنا کر خلق اللہ کو گمراہ کرے اور اللہ تعالےٰ اس کی پرواہ نہ کرے بلکہ اس کی تائید میں نشان بھی ظاہر کر دے اور اس کی پیشگوئیوں کو بھی پورا کر کے دکھا دے۔ کیا یہ حیرت انگیز اور تعجب

کی جگہ نہیں۔ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ خدا تعالےٰ کبھی کسی مفتری کو مہلت نہیں دیتا۔ پس اس اصول پر ہمارا اب تک قائم رہنا اور اس سلسلہ کا نشوونما پانا اور دن بدن ترقی کرنا بھی چھوٹی سی بات نہیں ہے۔ اگر کوئی خداترسی سے اس پر غور کرے تو اس کے لئے کم نشان نہیں ہے۔ مگر جس شخص کو ہزاروں دوسرے نشان فائدہ نہیں پہنچا سکے اور اُن سے اُس نے کوئی سبق نہیں سیکھا آئندہ اس سے کیا امید ہو سکتی ہے؟

فرمایا عیسائی مذہب کے ساتھ ہمارا مقابلہ ہے۔ عیسائی مذہب اپنی جگہ آدم زاد کی خدائی منوانی چاہتا ہے اور ہمارے نزدیک وہ اصل اور حقیقی خدا سے دُور پڑے ہوئے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ان عقائد کی (جو حقیقی خداپرستی سے دُور پھینک کر مُردہ پرستی کی طرف لیجاتے ہیں) کافی تردید ہو اور دنیا آگاہ ہو جاوے کہ وہ مذہب جو انسان کو خدا بناتا ہے خدا کی طرف سے نہیں ہو سکتا اور بظاہر اسباب عیسائی مذہب کی اشاعت اور ترقی کے جو اسباب ہیں وہ انسان پرست انسان کو کبھی یقین نہیں دلاتے کہ اس مذہب کا استیصال ہو جاویگا لیکن ہم اپنے خدا پر یقین رکھتے ہیں کہ اس نے ہم کو اس کی اصلاح کے لئے بھیجا ہے اور میرے ہاتھ پر مقدر ہے کہ میں دنیا کو اس عقیدہ سے رہائی دوں۔ پس ہمارا فیصلہ کرنے والا یہی امر ہوگا۔ یہ باتیں لوگوں کی نظر میں عجیب ہیں مگر میں یقین رکھتا ہوں کہ میرا خدا قادر ہے۔

میں اصل میں دیکھتا ہوں اور محسوس کرتا ہوں کہ مامور کے آنے کا کیا مدعا ہوتا ہے اور میں اس امر کو بھی خوب جانتا ہوں کہ اس کا دعویٰ بناوٹ اور تکلف سے نہیں ہوتا۔ وہ جو کچھ کہتا ہے دنیا اپنی جگہ پر سمجھتی ہے کہ شائد یہ اپنی شہرت کے لئے کرتا اور کہتا ہے مگر میں جانتا ہوں کہ وہ دنیا کی تعریف اور شہرت سے بالکل مستغنی ہوتا ہے وہ مجبور کیا جاتا ہے کہ باہر دنیا میں نکلے ورنہ اگر یہ سوزش اور گدازش جو اسے مامور کر کے خلق اللہ کی بہتری اور بہبودی کی لگا دی جاتی ہے اُسے نہ لگائی جاتی۔ تو وہ اس بات کو پسند کرتا ہے کہ تنہائی میں اپنی زندگی بسر کرے اور کوئی

اس کو نہ جانے۔ لیکن جب اللہ تعالےٰ کسی ایسے انسان کو منتخب کرتا ہے جو اس کے منشاء کے موافق کام کر سکتا ہے تو وہ اسے حجرہ سے باہر لاتا ہے اور پھر اس کو عظیم الشان استقلال اور ثبات قدم عنایت کرتا ہے۔ دنیا اور اس کی مخالفتوں کی اُسے کوئی پروا نہیں ہوتی۔ وہ ہر ایک قسم کی تکالیف اور مصائب میں بھی قدم آگے بڑھاتا اور اپنے مقصد کو ہاتھ سے نہیں دیتا۔ میں اپنے دل کو دیکھتا ہوں کہ بالطبع وہ شہرت اور باہر آنے سے متنفر تھا لیکن میں کیا کروں خدا تعالیٰ نے مجھے اپنی خدمت کے لئے چُن لیا اور باہر نکال دیا۔ اب خواہ کوئی کچھ بھی کہے میں اس کی پروا نہیں کر سکتا۔ اور میں کسی کی تعریف یا مذمت کی پروا کروں تو اس کے یہی معنے ہیں کہ میں خدا تعالیٰ کے سوا کسی اور کو بھی اپنے پہلو میں رکھتا ہوں۔

میں دیکھتا ہوں کہ جس کام کے لئے اس نے مقرر کیا ہے اس کے حسب حال جوش اور سوزش بھی میرے سینہ میں پیدا کر دی ہے میں بیان نہیں کر سکتا کہ اس ظلم صریح کو دیکھ کر جو ایک عاجز انسان کو خدا بنایا گیا ہے میرے دل میں کس قدر درد اور جوش پیدا ہوتا ہے ہزاروں ہزار انسان ہیں جو اپنے اہل و عیال اور دوسری حاجتوں کے لئے دعائیں کرتے اور تڑپتے ہیں مگر میں سچ کہتا ہوں کہ میرے لئے اگر کوئی غم ہے تو یہی ہے کہ نوعِ انسان کو اس ظلم صریح سے بچا لوں کہ وہ ایک عاجز انسان کو خدا بنانے میں مبتلا ہو رہی ہے اور اس سچے اور حقیقی خدا کے سامنے ان کو پہنچاؤں جو قادر اور مقتدر خدا ہے۔

میری فطرت میں کسی اَور امر کے لئے کوئی اور میلان ہی نہیں رکھا گیا اور نہ خدا تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے اور کسی چیز کی حاجت میرے لئے رہنے دی ہے اس لئے میری بڑی دعا اور آرزو یہی ہے کہ میں اس باطل کا استیصال دیکھ لوں جو خدا تعالےٰ کی مسند پر ایک عاجز انسان کو بٹھایا جاتا ہے اور حق ظاہر ہو جاوے۔ میں اس جوش اور درد کو جو مجھے اس حق کے اظہار کے لئے دیا گیا ہے بیان کرنے کے واسطے الفاظ نہیں پاتا۔ اگر یہ بھی مان لیا جاوے کہ کوئی اور مسیح بھی آسمان سے اُترنے والا ہے تو بھی میں اپنے دل پر نظر کر کے

کہہ سکتا ہوں کہ جو گداز ش اور جوش مجھے اس خدمت کے لئے دیا گیا ہے کبھی کسی کو نہیں دیا گیا۔

مجھے بشارت دی گئی ہے کہ یہ عظیم الشان بوجھ جو میرے دل پر ہے اللہ تعالےٰ اس کو ہلکا کرے گا اور ایک حیّ و قیوم خدا کی پرستش ہونے لگے گی۔ وہ خدا جو ہماری ہزاروں دعائیں قبول کرتا ہے کبھی ہو سکتا ہے کہ وہ دعائیں جو اس کے جلال اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بزرگی کے اظہار کے لئے ہم کرتے ہیں قبول نہ کرے؟ نہیں وہ قبول کرتا ہے اور کریگا۔ ہاں یہ سچ ہے کہ جس قدر عظیم الشان مرحلہ اور مقصد ہو اسی قدر وہ دیر سے حاصل ہوتا ہے۔ چونکہ یہ عظیم الشان کام ہے اس لئے اس کے حسب منشا ہونے میں بھی ایک وقت اور مہلت مطلوب ہے لیکن میں دیکھتا ہوں کہ اب وہ وقت قریب آرہا ہے اور اس کی خوشبودار ہوائیں آرہی ہیں۔ اور مجھے معلوم ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میری ان دعاؤں کو جو میں ایک عرصہ دراز سے کر رہا ہوں قبول کر لیا ہے۔

جس قدر دل بیساختہ ان ہموم وغموم میں مبتلا ہوں۔ اسی قدر اضطراب پیدا ہو تو یاد رکھنا چاہیئے کہ قبولیت کی تیاری آسمان پر ہوتی ہے کیونکہ جب تک قبولیت کی تیاری آسمان پر نہ ہو وہ خشوع خضوع اور درد و جوش جو حقیقی اضطراب کو پیدا کرتا ہے پیدا نہیں ہو سکتا لیکن اس وقت جو میں اس اضطراب اور کرب وقلق کو دل میں پاتا ہوں مجھے کامل یقین ہوتا ہے۔ کہ مصنوعی خدا کے خاتمہ کا وقت آگیا ہے۔

اس وقت ان باتوں پر ایمان لانا بہت مشکل معلوم ہوتا ہے اور کوئی نہیں سمجھ سکتا کہ یہ کیونکر پیدا ہو سکتا ہے مگر ایک وقت آتا ہے کہ لوگ ان باتوں کو دیکھ لیں گے۔ میں اپنے قادر خدا پر پورا یقین رکھتا ہوں کہ جس بات کے لئے اُس نے میرے دل میں یہ جوش اور اضطراب ڈالا ہے وہ اس کو ضائع نہیں کرے گا اور زیادہ دیر تک دنیا کو تاریکی میں نہیں رہنے دے گا جو لوگ اللہ تعالےٰ کی قدرتوں پر ایمان نہیں لاتے یا نہیں لائے ہیں۔ ان کے نزدیک یہ بے شک انہونی باتیں ہیں مگر جو شخص اس کی عجیب در عجیب قدرتوں اور طاقتوں کے تماشے دیکھ چکا ہو۔

اور جس کی اپنی ذات پر ہزارہا نشان صادر ہو چکے ہوں۔ ہاں جس نے خود اس کی آوازیں سُنی ہوں وہ کیونکر کہہ سکتا ہے کہ یہ مشکل ہے یا یہ اَنہونی ہے۔ کبھی نہیں۔ وہ پکار کر انکار کرنے والے کو کہتا ہے۔ الم تعلم ان اللہ علی کل شیئ قدیر[1]

جو لوگ ایسا سمجھتے ہیں کہ یہ مشکل ہے کہ مصنوعی خدا پر موت آوے انہوں نے اللہ تعالیٰ کو مانا نہیں وہ ماقدروا اللہ حق قدرہٖ[2] کے پُورے مصداق ہیں۔ دنیا میں اگر کوئی ابتلا پیدا ہوتا ہے تو اس کے مصالح اور اسباب کو اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ اس وقت دنیا بہت تاریکی میں پھنسی ہوئی ہے اور اس کو مُردہ پرستی نے ہلاک کر ڈالا ہے۔ لیکن اب خدا نے ارادہ کر لیا ہے کہ وہ دُنیا کو اس ہلاکت سے نجات دے اور اس تاریکی سے اس کو روشنی میں لاوے یہ کام بہتوں کی نظروں میں عجیب ہے مگر جو یقین رکھتے ہیں کہ خدا قادر ہے وہ اس پر ایمان لاتے ہیں۔ وہ خدا جس نے ایک کُن کے کہنے سے سب کچھ کر دیا کیا وہ قادر نہیں کہ اپنے قدیم ارادہ کے موافق ایسے اسباب پیدا کرے جو لا الٰہ الا اللہ کو دنیا تسلیم کرلے۔

مجھے ان لوگوں پر سخت تعجب اور افسوس آتا ہے جو عالم کہلاتے ہیں۔ مولوی اور صوفی بنتے ہیں۔ وہ دیکھتے ہیں کہ اسلام کی کیا حالت ہو رہی ہے۔ ہر طرف سے اس پر حملے ہو رہے ہیں اور اسلام ایک سخت ضعف اور کمزوری کی حالت میں ہے اس وقت چاہیئے تو یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کے وعدوں کو مدنظر رکھ کر اس وقت وہ خود منتظر ہوتے کہ اللہ تعالیٰ اس وقت اسلام کی حمایت اور نصرت کے لئے کیا سامان کرتا ہے اور خدا کی نصرت کا استقبال کرتے مگر افسوس ہے کہ وہ عیسائیوں کے حملوں کو دیکھتے ہیں جو وہ اسلام پر کرتے ہیں۔ مسلمانوں کی عام حالت کو دیکھتے ہیں لیکن آسمان سے کسی مدد کے نزول کے لئے ان کے دل نہیں پگھلتے۔ وہ انتظار کی بجائے خدا تعالیٰ کے قائم کردہ سلسلہ پر ہنسی کرتے اور ٹھٹھے مارتے ہیں اور اس کو تباہ کرنے کے منصوبے سوچتے ہیں لیکن وہ یاد رکھیں کہ ان منصوبوں سے خدا تعالیٰ کا کوئی مقابلہ کرسکتا ہے؟ خدا تعالیٰ نے خود جس کام کا ارادہ فرمایا ہے وہ تو ہو کر رہے گا۔ ان کی اس منصوبہ بازی اور خطرناک

[1] البقرۃ: ۱۰۷ [2] الانعام: ۹۲

مخالفت کو دیکھ کر مجھے بھی ان پر رحم آتا ہے کہ ان کی حالت ایسی نازک ہو گئی ہے کہ یہ اپنی بیماری اور کمزوری کو بھی محسوس نہیں کر سکتے ورنہ بات کیا تھی؟ خدا تعالیٰ نے ہر طرح کے سامان ان کے سمجھنے اور سوچنے کے لئے مہیا کر دیئے تھے۔ وقت پکار پکار کر مصلح کی ضرورت بتاتا ہے اور پھر جس قدر نشان اور آیات صحائف انبیاء اور قرآن شریف اور احادیث کی رو سے اس وقت کے لئے مقرر تھے وہ ظاہر ہو چکے۔ نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ برابر تائید کرتے ہیں، عقل شہادت دیتی ہے اور آسمانی نشان بجائے خود مؤید ہیں مگر یہ عجیب لوگ ہیں کہ نشان دیکھتے ہیں اور منہ پھیر کر کہہ دیتے ہیں کہ کوئی نشان دکھاؤ۔ میں ایسے لوگوں کو کیا کہوں بجز اس کے کہ تم خدا تعالےٰ کے فعل کو حقارت اور تعجب کی نظر سے دیکھتے ہو جو نشان پہلے اُس نے ظاہر کئے ہیں کیا تم نے فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ اس کی طرف سے نہیں ہیں۔ کیا وہ نشان انسانی طاقت کے اندر ہیں اور کوئی اُن کا مقابلہ کر سکتا ہے کیا منہاج نبوت پر وہ نشان ایک شخص کی تسلی کے لئے کافی نہیں ہیں۔ جو نئے نشان مانگے جاتے ہیں خدا سے ڈرو اور اس سے مقابلہ نہ کرو۔ یہ تو ظلم صریح ہے کہ اس کی آیات کی بیقدری کرو کہ ان کو تسلیم ہی نہ کرو۔ پہلے یہ فیصلہ کرو کہ آیا خدا تعالیٰ نے کوئی نشان دکھایا ہے یا نہیں۔ اگر دکھایا ہے اسی طرح پر جو وہ انبیاء کے وقتوں میں دکھاتا آیا ہے تو سعادت مند بن کر اُسے قبول کرو اور اس نصیحت کی قدر کرو۔ اگر کوئی نشان نہیں دکھایا گیا ہے تو مانگو بیشک مانگو میں یقین رکھتا ہوں کہ وہ قادر خدا نشان پر نشان دکھائے گا۔ لیکن میں جانتا ہوں کہ اس نے ہزاروں نشان ظاہر کئے مگر ان لوگوں نے ان کو استہزاء کی نظر سے دیکھا اور کافر نعمت ہو کر ٹال دیا اور پھر کہتے ہیں کہ اَور دکھاؤ۔ یہ اقتراح مناسب نہیں ہے۔ خدا تعالےٰ کامل طور پر اتمام حجت کرتا ہے اور اب طاعون کے ذریعہ کر رہا ہے کیونکہ جن لوگوں نے رحمت کے نشانوں سے فائدہ نہیں اُٹھایا وہ اب غضب کے نشانوں کو دیکھ لیں۔

میں بڑی صفائی سے کہہ رہا ہوں کہ تم نے جو اسلام کو قبول کیا ہے کونسا معجزہ اس کا

دیکھا تھا۔ جس قدر معجزات اسلام کے تم بیان کرو گے وہ سماعی ہوں گے تمہارے چشم دید نہیں لیکن یہاں تو وہ باتیں موجود ہیں جن کے دیکھنے والے ایک دو نہیں بلکہ لاکھوں انسان ہیں۔ جو ابھی زندہ موجود ہیں۔ دو گواہوں سے ایک شخص پھانسی پا سکتا ہے۔ لیکن تعجب کی بات ہے کہ یہاں لاکھوں انسان موجود ہیں جو ان نشانوں کے گواہ ہیں اور ان کی شہادت کو کالعدم قرار دیا جاتا ہے اس سے بڑھ کر ظلم اور حق کا خون کیا ہوگا۔ اگر خدا ترسی اور حق پسندی غرض ہے اور جس مطلب کے لئے ہندو مذہب کو چھوڑ[1] کر اسلام قبول کیا ہے تو ایسے اعتراضوں سے کیا حاصل؟ یہ سعادتمندی کی راہ نہیں۔ یہ تو ہلاکت کی راہ ہے کیونکہ جو اس قدر نشانات کے ہوتے ہوئے بھی پھر کہتا ہے کہ مجھے نشان دکھاؤ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کافر ہی مرے گا۔

ہماری موت کے بعد اگر کوئی کہتا تو البتہ اُسے معذور سمجھ لیتے کہ اس کے سامنے جو نشانات ہیں وہ منقولی ہیں اور اُن پر صدیاں گذر گئی ہیں مگر اس وقت تو ہم زندہ موجود ہیں اور ان نشانات کو دیکھنے والے بھی زندہ موجود ہیں۔ پھر کہا جاتا ہے کہ نشان دکھاؤ۔ ایسی ہی حالت ہوگی جب حضرت مسیح کو کہنا پڑا ہوگا کہ اس زمانہ کے حرامکار مجھ سے نشان مانگتے ہیں۔ حقیقت میں انسان جب دیکھتا ہوا نہیں دیکھتا اور سنتا ہوا نہیں سُنتا تو اس کی حالت بہت خطرناک ہوتی ہے۔ میں نہیں سمجھ سکتا کہ جب تم اس وقت اس قدر آیات اللہ کے ہوتے ہوئے بھی انکار کرتے ہو اور جدید نشان کے طلبگار ہو تو پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے معجزات کے ماننے کی تمہارے پاس کیا دلیل ہے؟ اسے ذرا بیان تو کرنا چاہیئے یا اگر ان کو صرف حسن ظن کے طور پر سُن کر مان لیا ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ اس وقت ان تازہ آیات کا انکار کیا جاتا ہے؟ اور ان میں شک کیا جاتا ہے۔ کیوں ان کو تسلیم نہیں کیا جاتا۔ ہاں بیشک یہ دیکھ لو کہ آیا وہ بشری طاقتوں کے اندر ہیں یا ان سے بڑھ کر ہیں اور منہاج نبوت پر ہیں یا نہیں۔[2]

---

[1] حاشیہ۔ سائل نو مسلم تھا۔ (مرتب)
[2] الحکم جلد ۸ نمبر ۱۶ صفحہ ۲ و ۳ مورخہ ۱۷ مئی ۱۹۰۴ء۔ نیز البدر جلد ۳ نمبر ۲۰-۲۱ صفحہ ۶ تا ۸ مورخہ ۲۴ مئی و یکم جون ۱۹۰۴ء

رؤیت کا انکار کرنا کتنا بڑا ظلم ہے۔ ہزاروں ہزار نشان خدا تعالیٰ نے اپنے بندہ کی تصدیق کے لئے ظاہر کئے اور ان کے دیکھنے والے موجود ہیں۔ مگر افسوس کی بات ہے کہ اُن کو رَدّ کر دیا جاتا ہے اور جدید نشانوں کی خواہش کی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ قادر ہے کہ وہ اور نشانات دکھلاوے لیکن سنت اللہ اسی طرح پر جاری ہے کہ ایسے اقتراح کرنے والے اور اپنے ایمان کو مشروط کرنے والے ٹھوکر کھا جاتے ہیں۔ پچھلے نشانوں کو ترک کر کے آئندہ کے لئے سوال کرنا آیات اللہ کی بےحرمتی اور خدا تعالیٰ کے حضور سوء ادبی ہے۔ اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ لئن شکرتم لازیدنکم۔[1] اگر تم میری نعمت کا شکر کرو گے تو میں اُسے بڑھاؤں گا اور پھر فرمایا ولئن کفرتم ان عذابی لشدید۔[1] اور اگر انکار اور کفر کرو گے تو میرا عذاب بہت سخت ہے۔ اب بتاؤ کہ ان آیات الٰہی کی تکذیب اور ان کو چھوڑ کر جدید کی طلب اور اقتراح یہ عذاب الٰہی کو مانگنا ہے یا کیا؟

دیکھو میں سچ کہتا ہوں کہ تم خدا تعالیٰ کی آیات کی بے ادبی مت کرو اور انہیں حقیر نہ سمجھو کہ یہ محرومی کے نشان ہیں اور خدا تعالیٰ اس کو پسند نہیں کرتا۔ ابھی کل کی بات ہے کہ لیکھرام خدا تعالیٰ کے عظیم الشان کے موافق مارا گیا۔ کروڑوں آدمی اس پیشگوئی کے گواہ ہیں۔ خود لیکھرام نے اُسے شہرت دی وہ جہاں جاتا اُسے بیان کرتا۔ یہ نشان اسلام کی سچائی کے لئے اُس نے خود مانگا تھا اور اس کو سچے اور جھوٹے مذہب کے لئے بطور معیار قائم کیا تھا۔ آخر وہ خود اسلام کی سچائی اور میری سچائی پر اپنے خون سے شہادت دینے والا ٹھہرا۔ اس نشان کو جھٹلانا اور اس کی پرواہ نہ کرنا۔ یہ کس قدر بے انصافی اور ظلم ہے۔ پھر ایسے کھلے کھلے نشان کا انکار کرنا تو خود لیکھرام بننا ہے اور کیا۔

مجھے بہت ہی افسوس ہوتا ہے کہ جس حال میں خدا تعالیٰ نے ایسا فضل کیا ہے کہ اس نے ہر قوم کے متعلق نشانات دکھائے جلالی اور جمالی ہر قسم کے نشان دیئے گئے۔ پھر اُن کو ردّی کی طرح پھینک دینا یہ تو بڑی ہی بدبختی اور اللہ تعالیٰ کے غضب کا مورد بننا ہے جو آیات اللہ

---

[1] ابراھیم : ۸

کی پروا نہیں کرتا۔ وہ یاد رکھے اللہ تعالیٰ بھی اس کی پروا نہیں کرتا۔ خدا تعالیٰ کی طرف سے جو نشان ظاہر ہوتے ہیں وہ ایسے ہوتے ہیں کہ ایک عقلمند خدا ترس ان کو شناخت کر لیتا ہے اور اُن سے فائدہ اُٹھاتا ہے لیکن جو فراست نہیں رکھتا اور خدا کے خوف کو مدنظر رکھ کر اس پر غور نہیں کرتا وہ محروم رہ جاتا ہے کیونکہ وہ یہ چاہتا ہے کہ دنیا دنیا ہی نہ رہے اور ایمان کی وہ کیفیت جو ایمان کے اندر موجود ہے نہ رہے۔ ایسا خدا تعالیٰ کبھی نہیں کرتا۔ اگر ایسا ہوتا تو یہودیوں کو کیا ضرورت پڑی تھی کہ وہ حضرت مسیح کا انکار کرتے۔ موسیٰ علیہ السّلام کا انکار کیوں ہوتا۔ اور پھر سب سے بڑھ کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اس قدر تکالیف کیوں برداشت کرنی پڑتیں خدا تعالیٰ کی یہ عادت ہی نہیں کہ وہ ایسے نشان ظاہر کرے جو ایمان بالغیب ہی اُٹھ جاوے۔ ایک جاہل وحشی سنت اللہ سے ناواقف تو اس چیز کو معجزہ اور نشان کہتا ہے جو ایمان بالغیب کی حد سے نکل جاوے مگر خدا تعالیٰ ایسا کبھی نہیں کرتا۔ ہماری جماعت کے لئے اللہ تعالیٰ نے کمی نہیں کی۔ کوئی شخص کسی کے سامنے کبھی شرمندہ نہیں ہو سکتا۔ جس قدر لوگ اس سلسلہ میں داخل ہیں ان میں سے ایک بھی نہیں جو یہ کہہ سکے کہ میں نے کوئی نشان نہیں دیکھا۔

براہین احمدیہ کو پڑھو اور اس پر غور کرو۔ اس زمانہ کی ساری خبریں اس میں موجود ہیں۔ دوستوں کے متعلق بھی۔ اب کیا یہ انسانی طاقت کے اندر ہے کہ تیس برس پہلے جب ایک سلسلہ کا نام و نشان بھی نہیں تھا اور خود اپنی زندگی کا بھی پتہ نہیں ہو سکتا کہ میں اس قدر عرصہ تک رہوں گا یا نہیں۔ ایسی عظیم الشان خبریں دے اور پھر وہ پوری ہو جائیں نہ ایک نہ دو بلکہ ساری کی ساری۔ براہین احمدیہ لوگوں کے گھروں میں بھی ہے۔ عیسائیوں اور آریوں اور گورنمنٹ تک کے پاس موجود ہے اور اگر خدا کا خوف اور سچ کی تلاش ہے تو میں کہتا ہوں کہ براہین کے نشانات پر ہی فیصلہ کر لو۔ دیکھو اس وقت جب کوئی مجھے نہیں جانتا تھا اور کوئی یہاں آتا بھی نہیں تھا۔ ایک آدمی بھی میرے ساتھ نہ تھا اس جماعت کی جو یہاں موجود ہے خبر دی۔ اگر یہ پیشگوئی خیالی اور فرضی تھی تو پھر آج یہاں اتنی بڑی جماعت کیوں ہے؟ اور جس شخص کو قادیان سے باہر ایک

بھی نہیں جانتا تھا اور جس کے متعلق براہین میں کہا گیا تھا نخان ان تُعان و تعرف بین النّاس۔ آج کیا وجہ ہے کہ وہ ہندوستان ہی میں نہیں بلکہ عرب، شام، مصر سے نکل کر یورپ اور امریکہ تک دنیا اس کو شناخت کرتی ہے۔ اگر یہ خدا کا کلام نہیں تھا اور خدا کے منشاء کے خلاف ایک مفتری کا منصوبہ تھا تو خدا نے اس کی مدد کیوں کی؟ کیوں اس کے لئے ایسے سامان اور اسباب پیدا کر دیئے؟ کیا یہ سب میں نے خود بنا لئے ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ اسی طرح ہر کسی مفتری کی تائید کیا کرتا ہے تو پھر راستبازوں کی سچائی کا معیار کیا ہے۔ تم خود ہی اس کا جواب دو۔

سورج اور چاند کو رمضان میں گرہن لگنا کیا یہ میری اپنی طاقت میں تھا کہ میں اپنے وقت میں کر لیتا اور جس طرح پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو سچے مہدی کا نشان قرار دیا تھا۔ اور خدا تعالیٰ نے اس نشان کو میرے دعویٰ کے وقت پُورا کر دیا۔ اگر میں اس کی طرف سے نہیں تھا تو کیا خدا تعالیٰ نے خود دنیا کو گمراہ کیا؟ اس کا سوچکر جواب دینا چاہیے کہ میرے انکار کا اثر کہاں تک پڑتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب اور پھر خدا تعالیٰ کی تکذیب لازم آتی ہے۔ اسی طرح پر اس قدر نشانات ہیں کہ اُن کی تعداد دو چار نہیں بلکہ ہزاروں لاکھوں تک ہے تم کس کس کا انکار کرتے جاؤ گے!

اسی براہین میں یہ بھی لکھا ہے یاتون من کل فج عمیق۔ اب تم خود آئے ہو۔ تم نے ایک نشان پُورا کیا ہے۔ اس کا بھی انکار کر دو۔ اگر اس نشان کو جو تم نے اپنے آنے سے پُورا کیا ہے مٹا سکتے ہو تو مٹاؤ۔ میں پھر کہتا ہوں کہ دیکھو آیات اللہ کی تکذیب اچھی نہیں ہوتی اس سے خدا تعالیٰ کا غضب بھڑکتا ہے۔ میرے دل میں جو کچھ تھا میں نے کہہ دیا ہے۔ اب ماننا نہ ماننا تمہارا اختیار ہے۔ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ میں صادق ہوں اور اسی کی طرف سے آیا ہوں۔

(الحکم جلد ۸ نمبر ۱۸ صفحہ ۲ مورخہ ۳۱ مئی ۱۹۰۴ء)